UNIVERSAL
LIBRARY

OU_224274

UNIVERSAL
LIBRARY

هادي گڈه منتهادي

جلد ۴ | بابت ماه مئي سنه ۱۹۰۹ ع | نمبر ۵

فهرست مضامين حصه اردو

۱ — پهلے اور آجکل کے نیک کام ... از مولوي حافظ احمد صاحب سب رجسٹرار مظفر نگر

۲ — کیا علم طب صحیح هی ؟ ... از مولوي محمد اسلم صاحب جیراجپوري

۳ — مورخ مکوي ... ایضاً

۴ — خلاصه منقوله ... از مرزا سلطان احمد صاحب بي اے - ایل - ایل - بي میانوالی

۵ — اشتهارات ...

ALIGARH MONTHLY.

Annual subscription: Rs. 4. Post free.

Advertisement Rates :

One page per year	... ...	Rs. 32	0 0
,, ,, ,, six months	... ...	,, 18	0 0
,, ,, ,, three months...	...	,, 10	0 0
,, ,, ,, one month	... ...	,, 4	0 0

Half page—Half the above rates.

شرح چھپائي اشتہارات حصہ اُردو

ایک صفحہ	واسطے ایک سال	۲۴ روپیہ
,,	واسطے نصف سال	۱۳ روپیہ
,,	واسطے تین ماہ	۷ روپیہ
,,	واسطے ایک ماہ	۲ روپیہ ۸ آنہ

نصف صفحہ کے لیئے مذکورہ بالا شرح کا نصف لیا جائیگا اور نصف صفحہ سےکم ہونیکي صورت میں بھي نصف صفحہ کي اُجرت لیجائیگي۔ اُجرت ہمیشہ پیشگی وصول ہوگي —

ولایت حسین انڈیري منیجر

علیگڑہ منتھلي مدرسۃالعلوم علیگڑہ

چیزیں مثل مشک۔ زعفران وغیرہ کے غربا کو تقسیم کرتے تھے۔ جدید تعلیم کے رواج سے اس دستور میں کمی ہی۔

(۴) پڑھانا۔ پہلے زمانہ میں بڑے بڑے معزز عہدہ دار اپنے قیمتی وقت میں سے چند گھنٹے نکالکر طلبہ کو باقاعدہ درس دیتے تھے اور اُنکے رہنے اور کھانے کا بھی کچھ انتظام کرتے تھے۔ اور اسے بہت ثواب کا کام سمجھتے تھے۔ اب غربا کو درس دینے کا دستور نہیں رہا۔ البتہ کالجوں میں وظائف دیکر پڑھانے کا دستور ہوتا جاتا ہی۔ مگر وظائف وغیرہ کے لیے جس مشکل سے چندہ وصول ہوتا ہی اُسکا حال وصول کرنے والے بتا سکتے ہیں

ایک خاص بات یہ ہی کہ سابق میں اکثر بھلے کام منفرداً کیے جاتے تھے اور مذہبی اور ثواب کے کام سمجھ کر کیے جاتے تھے۔ اب اُنھوں نے پنچایتی شکل اختیار کرلی ہی اور ایسے کام عام چندہ سے قومی اور ملکی مفاد کی غرض سے کیے جاتے ہیں۔ اس ذریعہ سے ملکر کام کرنے کا شوق بڑھتا جاتا ہی اور ملکر کام کرنے کی عادت ہوتی جاتی ہی۔ ہر شخص اہم معاملات میں رائے زنی کرنے کی جرأت کرتا ہی اور اُسے زور کے ساتھ پیش کرتا ہی جو فی الجملہ انسانی ترقی کے لیے مفید ہی۔ مگر فی الحال اسمیں ایک نقص بھی ہی۔ وہ یہ کہ ہر شخص اخبارات کے ذریعہ سے پبلک کے سامنے نئی تجویزیں پیش کرتا ہی۔ اور چاہتا ہی کہ فوراً اُسپر عملدرآمد شروع ہوجاے۔ اور جب نہیں ہوتا تو معدودے چند لوگوں کو جو اپنا زیادہ وقت قومی کاموں میں صرف کرتے ہیں اور متفقہ تجاویز کو عملی شکل میں لانے کی دُھن میں دن رات لگے رہتے ہیں۔ بُرا بھلا کہتا ہی اور انھیں لیڈر کہکر چڑاتا ہی۔ اصل یہ ہی کہ ہر شخص کے دماغ میں خاص قسم کے خیالات اور خاص قسم کی تجاویز موجود ہوتی ہیں اور اس سے کوئی فرد خالی نہیں۔ یہ تجویزیں کچھ ذاتی اور کچھ قومی منفعت کی ہوتی ہیں۔ کثرت سے لوگ ایسے ہیں جو اپنے ذاتی مفاد کی تجاویز کو بھی عمل میں لانے کی قابلیت نہیں رکھتے اور دنیا سے اپنے خیالات اپنے ساتھ لیجاتے ہیں۔ اُن سے قوی تر وہ لوگ ہوتے ہیں جو اپنے ذاتی مفاد کی تجویزوں کو عملی صورتوں میں لاتے ہیں۔ مگر سب سے زیادہ قوی وہ لوگ ہوتے ہیں جو بنی نوع انسان کے فائدوں کی تجویزوں کو عملی شکل میں لاتے ہیں اور اپنی

قوت سے ایک بڑی جماعت کے دماغوں کو اپنا دماغ۔ اُنکے دلوں کو اپنا دل۔ اُنکے ہات پاؤں کو اپنے ہات پاؤں بنا لیتے ہیں اور اُنکے ذریعہ سے اپنے ارادوں کو پورا کرتے ہیں۔

دوسری بات یہ ہی کہ ہر شخص کو اپنی خاص تجویز سے قدرتی طور پر جو دلچسپی ہوتی ہی وہ دوسرے کو ہرگز نہیں ہوسکتی۔ ہر شخص کی تجویز مثیل اُس کی اولاد کے ہی۔ اسلیے جس طرح ہر انسان کا فرض ہی کہ اپنی اولاد کی پرورش اور تعلیم و تربیت کا انتظام بقدر امکان خود کرے۔ امکان سے باہر ہو تو البتہ مجبوری ہی۔ اسی طرح ہر مجوز کا فرض ہی کہ سب سے اول اپنی تجویز کو سرسبز کرنے کی کوشش کرے۔ اور خود کچھ کیے بغیر دوسروں کی بے اعتنائی اور غفلت کی شکایت نہ کرے۔ موجودہ انقلاب سے جو جدید اثر اس ملک میں ہوا ہی عام بھلائی کے کاموں پر غور کرنے۔ اُنپر بحث و مباحثہ کرنے۔ کام کرنے والوں کی غفلت پر ملامت کرنے۔ گورمنٹ کے طرز عمل پر اعتراض کرنے کی عادت تو کافی سے زیادہ ہوگئی ہی مگر خود کچھ کرنے کی عادت اتنی بھی نہیں رہی جتنی اُن لوگوں کو تھی جنھیں اب ہم حقارت کی نظر سے دیکھتے ہیں اور جو ایسے زمانہ میں جبکہ محض مضمون نگاری سے ملک میں شہرت نہوسکتی تھی۔ اور جبکہ چندوں کا اعلان اخبارات کے ذریعہ سے نہوسکتا تھا۔ بھوکوں کو کھانا۔ مریضوں کو دوا۔ اور طلبہ کو سبق دیتے تھے۔ اپنے عزیزوں اور ہمسایوں کے ساتھ سلوک کرتے تھے۔ یہی وجہ ہی کہ مخلوق کی بھلائی کے چھوٹے چھوٹے کام جن کی اوپر تفصیل ہوئی اور جو ہر شخص بقدر امکان کرسکتا ہی بند ہوتے جاتے ہیں۔ ہر شخص چاہتا ہی کہ کام کرنے سے پہلے ملک میں اُس کی شہرت ہو۔ اُس کی تجاویز مقبول ہوں اُسکے نام سے کوئی اسکیم موسوم ہو اُسکے ہات میں کوئی مدہو اور ہر شہر میں بجز خاص اُسکے مسکن کے اُسکی شاخیں ہوں۔ یہ ایک ایسی غلطی ہی جس سے اسپنسر صاحب کے مقولے کے موافق ایک نہ ایک دن ہم ضرور نکلینگے۔ مگر جب تک نہیں نکلتے تب تک ہمارے پریشان اور ناکام رہنے میں کچھ شبہہ نہیں اسلیے ضرورت ہی کہ ہر شخص اپنی طاقت اور حیثیت کے مطابق تنہا یا ملکر کچھ کرے۔ یہ ضرور نہیں کہ ہر جگہ کوئی سوسائٹی قائم ہو یا کچھ لوگ ہم خیال ہوں تب ہی کوئی مفید کام ہوسکے۔ پہلے نیک کام اگر قابل ترمیم ہیں تو اُنھیں ترمیم کرو اور قابل منسوخی ہیں تو بیشک اُنھیں منسوخ کردو۔ مگر اُن کی جگہ

دوسرے چھوٹے چھوٹے قابل عمل کام ضرور تجویز کرو۔ یہ نہیں کہ قومی یونیورسٹی بنجانے اور گورنمنٹ میں کچھ رزولیوشن منظور ہوجانے اور چند خیالی تجاویز کے شکل پذیر ہونے کے انتظار میں ہاتھ پر ہاتھ رکھے بیٹھے رہو۔

یہ امر مسلم ہی کہ اس ملک کے ادبار کا باعث جہالت ہی جسکو دور کرنے کی ہر طرف کوشش ہو رہی ہی۔ مگر یہ خیال صحیح نہیں کہ اعلے تعلیم کے کاموں میں کوشش کرنے کے علاوہ اور کوئی ذریعہ ملک میں روشن خیالی پھیلانے کا نہیں ہی کسی متفقہ تعلیمی کام میں سال بھر میں کچھ چندہ دیکر یا دلا کر ہم اپنے قومی فرض سے سبکدوش نہیں ہو سکتے اور نہ قوم کو معتدبہ فائدہ پہنچا سکتے ہیں جبتک کہ اپنے عزیز وقت کا کچھ حصہ مثل اپنے بزرگوں کے بھلائی کے چھوٹے چھوٹے کاموں میں صرف نہ کریں اور اپنے سے کمتر لوگوں کی حالت بہتر کرنے کی کوشش نہ کریں۔

اُمرا اور غربا کے درمیان جو تفریق اس زمانہ میں ہوتی جاتی ہی وہ بھی ہماری ترقی میں ایک سدراہ ہی۔ پہلے زمانہ میں عبادت گاہوں۔ مذہبی مجمعوں۔ عُرسوں۔ مجالس عزا و میلاد شریف وغیرہ میں اُمرا و غربا کو اکثر یکجا جمع ہونے کی نوبت آتی تھی۔ مگر ان مجمعوں کے قائم مقام ملکی اور قومی مفاد کی غرض سے جو کانفرنسیں اور کانگریسیں قائم ہوئی ہیں اُن میں بجز خدمتگاروں کے عوام الناس کی شکل بھی نظر نہیں آسکتی۔

یورپ اور امریکہ اور دوسرے ملکوں میں جو اسوقت ترقی پر ہیں لباس اور طرز معاشرت کا چونکہ ایک معیار قائم ہوچکا ہی اور تعلیم یافتہ نوجوانوں کے لیے اس سے بہتر کوئی اور طرز معاشرت نہیں ہوتا جسے وہ اختیار کریں اور بجز زیادتی معلومات کے اور کسی امر میں وہ اپنے گردوپیش کے لوگوں سے مختلف نہیں ہوتے اس لیے اُن سے غیر مانوس ہونے۔ اُنسے ملنے جلنے اور تعلقات رکھنے سے گریز کرنے کی کوئی وجہ نہیں ہوتی اور قدرتی طور پر اُنکے علم و اخلاق اور صحبت سے اُنکے اہل ملک کو نفع پہنچتا ہی برخلاف اسکے ہمارے ملک کے تعلیم یافتہ اور اہل دول کے سامنے حکمراں قوم کا طرز معاشرت موجود ہوتا ہی جسمیں ہر اعتبار سے کشش ہی اور جس میں تعلیم کے زمانہ میں اُنکا نشو و نما ہوتا ہی

ایک مہذب قوم کا طرز معاشرت ہونے سے اگرچہ اُس میں خوبیاں ہیں اور اگرچہ وہ آگے چلکر ملک کے لیے مفید ثابت ہو مگر فی الحال اُس میں یہ نقص ہی کہ اُسے اختیار کرنے کے بعد ہمارے نوجوانوں اور عام لوگوں میں بہت کم باتیں مشترک رہجاتی ہیں۔ اور وہ اپنے حالات کے لحاظ سے ایسے پیشے اختیار کرنے پر مجبور رہیں جنکا تعلق سلطنت سے ہی اسلیئے وہ عوام الناس سے علیحدہ رہنے پر وہ جبری طور پر مجبور رہوتے ہیں۔ اور اپنے سے کمتر لوگوں کو کما حقہ فائدہ نہیں پہنچا سکتے۔ بلاشبہ یہ شکایت اُسوقت رفع ہوجائیگی جب ملازمتیں نہ ملنے سے دوسرے پیشوں میں بھی تعلیم یافتہ لوگوں کی کثرت ہوجائیگی مگر جب تک یہ نقص رفع نہو اور لکھے پڑھے لوگ مثل اپنے بزرگوں کے جاہل لوگوں کی حالت بہتر کرنے کی طرف متوجہ نہوں تب تک ہمارے ملک کے بدقسمت ہونے میں کچھ شبہ نہیں۔

یہ ضرور نہیں کہ پہلے لوگوں کی طرح ہم گھنٹوں طلبہ کے ساتھ مغززنی کریں اور انھیں جید عالم بنانے کی کوشش کریں۔ اس زمانہ میں اعلے تعلیم جسقدر گراں اور مشکل ہی ادنی تعلیم اُسیقدر ارزاں اور سہل ہی۔ عام واقفیت کی مفید باتیں دیسی زبانوں میں کثرت سے ترجمہ ہوگئی ہیں۔ کثرت سے چھوٹے چھوٹے مفید رسالے ملک میں رائج ہوگئے ہیں۔ دیسی زبان کے اخبارات ہر شہر سے نکلتے ہیں۔ ایک محض ناخواندہ شخص اپنی دیسی زبان کے حروف اور الفاظ سے چند مہینوں میں واقف ہوسکتا ہی اور اگر اس کی رہنمائی کیجاے تو مفید معلومات کی چھوٹی کتابیں پڑہ کر کام کا آدمی بن سکتا ہی

یورپ میں سُنا ہی کہ ہر پیشہ ور اور ہر مزدور کتابیں اور اخبار پڑہتا ہی وہ زمانہ کی ضروریات سے واقف ہی اُسے ترقی کا راستہ معلوم ہی۔ یہی وجہ ہی کہ اُس ملک میں ان ہی حرف شناس دوکانداروں مزدوروں اور کاریگروں میں سے ملک التجار اور بڑے بڑے موجد اور نامور لوگ ہوجاتے ہیں جنکے حالات بڑے شد و مد سے اخبارات میں مثالاً پیش کیے جاتے ہیں

مگر ہندوستان کے تیس کروڑ آدمیوں میں صرف دس بارہ لاکھ ایسے بیان کیے جاتے ہیں جو اخبارات اور کتابیں پڑہتے ہیں۔ نہیں یا وہ تعداد ایسے لوگوں کی ہی جو قانون پیشہ ہیں یا سرکاری

اور نجی ملازم ہیں اور اپنے دل و دماغ کو فروخت کر دینے کی وجہ سے بجز اپنے محکمہ میں ذاتی ترقی کرنے یا کبھی کبھی اخبارات میں مثل رائم کے خیالی تجاویز اور مضامین لکھدینے کے اور کسی طرح ملک کو فائدہ نہیں پہنچا سکتے۔ باقی رہا ملک کے دوکانداروں۔ کاریگروں اور کاشتکاروں میں جنپر ملک کی ترقی کا دارومدار ہے قطعاً کسی قسم کا علمی چرچا نہیں ہے۔ اُن میں کوئی حرکت یا ترقی کا خیال نہیں۔ انمیں کروڑوں کی تعداد میں ایسے ہیں جو مثل جانوروں کے تمام عمر یکساں قسم کی زندگی بسر کرکے مر جاتے ہیں۔ دوسرے ملکوں کی ترقی کے حالات پڑھ کر تعلیم یافتہ جماعت میں ایک تلاطم پیدا ہو گیا ہے اور اُنھوں نے اپنے شور سے نہ صرف اپنے ملک کو بلکہ انگلستان تک کو سر پر اُٹھا لیا ہے مگر افسوس کہ دوسری جانب اُن کی یہ آواز اُنکے ناخواندہ ہمسایوں تک بھی نہیں پہنچتی۔ یورپ کی بدولت ترقی کی راہ معلوم ہونے پر بجائے شکرگزار ہونے کے ہم اُن ہی کو اپنی بربادی کا باعث ٹھہراتے ہیں اور بجائے اپنے غریب بھائیوں کو ترقی کا راستہ دکھا کر اپنی جماعت اور قوت بڑھانے کے ہم ان لوگوں کو ناراض کرتا اپنے ملک کے لیے مفید سمجھتے ہیں جنھوں نے ہمیں تعلیم دیکر ترقی کی راہ دکھائی۔ جو ہم سے زیادہ ہمارے جاہل اہل ملک کی تعلیم میں ساعی ہیں اور جو اب بھی اگر تعلیم عامہ سے پہلوتہی کریں تو تمام ملک میں اندھیرا چھا جائے۔

بہرحال تعلیم یافتہ جماعت میں ہر شخص جو گھنٹوں محنت کرکے کوئی لکچر یا اسپیچ تیار کرتا ہے۔ یا کوئی عمدہ مضمون لکھنے میں دماغ سوزی کرتا ہے اگر اسوقت کا کوئی حصہ اپنے سے کمتر لوگوں کو مفید انسان بنانے میں صرف کرے اور مختلف اوقات میں پانچ آدمیوں کو بھی معمولی اخبار اور دیسی کتابیں سمجھنے کے قابل کردے تو چند دنوں میں ہم سے پانچ گونہ تعداد ایسے لوگوں کی پیدا ہو سکتی ہے جو ملک کی حقیقی ترقی میں حصہ لے سکیں۔ اپنے آلات کو ترقی دیں۔ اپنے پیشوں میں ترقی کریں۔ ہمارے استعمال کے لیے عمدہ عمدہ چیزیں بنائیں۔ مدتوں سے جو سرکار نے محکمہ زراعت قائم کر رکھا ہے اُس سے مستفید ہو کر ملک کی پیداوار بڑھائیں۔ اپنے گھروں کو صاف رکھکر وبائی امراض سے محفوظ ہوں۔ جھاڑ پھونک کی جگہ باقاعدہ علاج کی قدر جانیں۔ اپنے بچوں کی جو اب گلیوں میں آوارہ اور گالیاں دیتے پھرتے ہیں عمدہ تربیت

کریں اور انھیں زندگی کی کشمکش کے لیے تیار کریں۔

ہم تسلیم کرتے ہیں کہ اسوقت ترقی دادہ آلات رائج کرنے کی ضرورت ہی اور کپڑا بُننے کی جدید راہ استعمال کرنے کی ضرورت ہی مگر اُسی کے ساتھ اُن لوگوں کے تعصبات دُور کرنے اور اُنھیں جدید آلات سے فائدہ اُٹھانیکے قابل بنانے کی بھی ضرورت ہی۔ جدید آلات کے ذریعہ سے کام کرنے کے جو کارخانے قائم ہوتے جاتے ہیں اُن میں بھی زیادہ تر اُن ہی لوگوں کا نفع ہے جو سرمایہ دار ہیں اور جو اِن تجاویز کے محرک ہیں۔ غریب کاریگر محض اس تدبیر سے سرمایہ داروں کی غلامی سے نہیں نکل سکتے۔ وہ صرف اُسوقت نکل سکتے ہیں جبکہ انھیں پڑھا کر زیادہ سمجھدار۔ زیادہ عاقبت اندیش اور زمانہ کے حال سے زیادہ واقف بنایا جاے۔ مثل یورپ کے اپنی ترقی کیلیے وہ خود اپنی سوسائٹیاں بنائیں اور اپنی انجمنیں قائم کریں۔

ہر شخص کے پاس جسے قومی ترقی کا خیال ہی کوئی نہ کوئی دیسی زبان کا اخبار ضرور آتا ہی معمولی توجہ سے وہ اپنے اخبارات تھوڑے لکھے پڑھے دوکانداروں اور کاریگروں کو پڑھنے کے لیے دیسکتا ہی۔ نہ صرف دوکانداروں بلکہ بدقسمتی سے تمام ملک میں یہ غلط خیال پھیلا ہوا ہی کہ دنیوی کامیابی چالاکی اور عیاری سے حاصل ہوتی ہی۔ چنانچہ اسی بنا پر دھوکے بازی کا نام دوکانداری ہوگیا ہی۔ ایک دوکاندار اپنی پُرانی چیز ایک ناواقف کے ہاتھ پورے داموں فروخت کرکے اپنی ہوشیاری پر فخر کرتا ہی۔ جب اُس کی آمدنی بڑھ جاتی ہی تو وہ خریداروں کے ساتھ کج خلقی سے پیش آتا ہی۔ اور پھر اُسپر نازاں ہوتا ہی۔ ہوشیار کاریگر کی شناخت یہ ہی کہ وہ نہایت کج خلق۔ بدمعاملہ۔ وعدہ خلاف اور مفلس ہو اور اُسپر بھی اپنے فن میں کامل ہونے کی وجہ سے لوگ اُسے اُستاد اُستاد کہیں اور اُسکے سامنے شیرینی رکھیں۔ غرض کہ تمام ملک کو ایسے مضر خیالات نے برباد کر رکھا ہی۔ جو صرف اُن میں جدید علمی تذکروں اور اخلاقی نصیحت کی کتابوں اور دوسرے ملکوں کے کامیاب خوش معاملہ تاجروں اور کاریگروں کی سوانح عمریوں کے رائج کرنے سے دُور ہو سکتے ہیں اور اُنھیں کامیاب کرنے میں مدد دیسکتے ہیں۔

خلاصہ یہ کہ سرکاری مدارس کے علاوہ دیسی مکاتب قائم کرنا۔ جو قائم ہیں اُن کی نگرانی اور

اصلاح کرنا۔ قرآن شریف کے مکاتب میں دینیات کے اردو رسالے اور قرآن شریف کا ترجمہ رائج کرنا آوارہ بچوں کو سرکاری و نجی مکاتب میں داخل کرانا۔ بڑی عمر کے لڑکوں کو جو پڑھنے کے قابل نہیں اور جو امن عامہ میں خلل ڈالتے ہیں اور آگے چلکر جیلخانوں کو بھرتے ہیں کسی کام یا پیشہ میں لگانا۔ مزدوروں۔ کاریگروں کے لئے رات کی خواندگی کا انتظام کرنا۔ جو لوگ خواندہ ہیں انکا مذاق درست کرنا اور انہیں صحیح الخیال بنانا۔ ناول اور افسانوں کی جگہ انہیں قومی اور ملکی فائدہ کی کتابوں کی قدر سے آگاہ کرنا۔ اگر ممکن ہو اپنے پاس سے مفید کتابیں پڑھنے کو دینا۔ بازاروں۔ گذرگاہوں میں چھوٹے چھوٹے دارالاخبار بلافیس کے قائم کرنا۔ یہ سب ایسے کام ہیں جو ہر شخص کم و بیش منفرداً خواہ مشترکاً بغیر زیادہ اہتمام کے کر سکتا ہے اور جو حقیقی طور پر ترقی کی بنیاد ہیں۔

اکثر تعلیم یافتہ لوگ اس بات کے شاکی رہتے ہیں کہ انہیں کوئی خوش خیال اور ہمصحبت نہیں ملتا انکے گرد ہر طرف تاریک خیال لوگ رہتے ہیں اسلئے کوئی عملی کام نہیں ہو سکتا۔ مگر کتنے ایسے ہیں جو اپنے گرد و پیش کی تاریکی دور کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ اپنے ہمسایوں میں علم کی روشنی پھیلاتے ہیں اور اپنا ہمخیال بنانے کی کوشش کرتے ہیں۔ ہم لوگ اپنے علماء کی شکایت کرتے ہیں کہ وہ ایسے دیہات میں جہاں انھیں مرغن کھانا نہیں ملتا جاکر اصلاح نہیں کرتے۔ حالانکہ علماء نہ معاش سے فارغ البال ہیں اور نہ ضروریات زمانہ سے واقف ہیں۔ ہم لوگوں میں فارغ البال اور ضروریات زمانہ سے واقف ہونے پر کتنے ایسے ہیں جو ایک جاہل آدمی سے سیدھے منہ بات کرنا گوارا کرتے ہیں۔ کتنے ایسے ہیں جو کاشتکاروں اور دیہاتیوں کو فائدہ کی بات بتاتے ہیں۔ کتنے ایسے ہیں جو وبا کے زمانہ میں غربا کو کم قیمت دوائیں تقسیم کرنیکا خیال کرتے ہیں۔

غرضکہ ہم سب ایک بلا میں گرفتار ہیں۔ عالم اور جاہل۔ واقف اور ناواقف۔ طبیب اور مریض سب کسی نہ کسی مرض میں مبتلا ہیں۔ یا یہ کہ ہم سب کے سب ایک دلدل میں پھنسے ہیں جس میں جسکے زیادہ دھنستے جاتے ہیں جو اپنے کو ہوشیار سمجھکر زیادہ شور کرتے اور زیادہ ہاتھ پاؤں مارتے ہیں ممکن ہے کہ ہماری ہر حرکت کا نتیجہ بالآخر ترقی اور بلندی ہو مگر فی الحال تو ہم دلدل میں نیچے ہی کو چلے جاتے

ہیں۔ خدا سے دعا ہی کہ ہمارا یہ اندیشہ غلط اور اسپنسر صاحب کا فلسفہ جلد صحیح ثابت ہو۔ آمین۔

راقم۔ طفیل احمد

کیا علم طب صحیح ہی؟

یہ ایک ایسا انوکھا سوال ہی کہ شاید ابتک بہت کم لوگوں کے دل پر کھٹکا ہوگا۔ صدیوں بلکہ ہزاروں سال کے تقلیدی اعتقاد نے جو انسانی فطرت کا ایک خاصہ ہی لوگوں کے دماغ میں اس بات کی بہت ہی کم گنجایش چھوڑ رکھی ہی کہ اسکے متعلق وہ تحقیق کریں۔ مگر چونکہ اس زمانہ میں عام طور پر تحقیق کی طرف میلان پیدا ہو رہا ہی اسلیئے اسکے متعلق کچھ لکھنا نامناسب نہوگا۔

اس سوال کا جواب حکما راثبات میں دیتے ہیں یعنی انکا قول ہی کہ علم طب صحیح ہی۔ لیکن ہم سے کوئی پوچھے تو ہم اسکا جواب نفی میں دینگے۔

قبل اسکے کہ اسکے غلط ہونے کے دلائل بیان کئے جائیں پہلے صحت کے معنی پر غور کر لینا چاہیئے۔ جو فلسفی پہلو سے ہوگی نہ کہ منطقی۔

ہر ایک خبر۔ یا قضیہ۔ یا علم کے مسائل جو قضایا سے تیر کئے جاتے ہیں بحیثیت صدق اور کذب کے چار حیثیتیں رکھتے ہیں مثلاً زید مرگیا۔ یہ ایک خبر یا قضیہ ہی۔ سامع کے نزدیک اگر اس میں اثبات کا پہلو کمزور ہی اور نفی کا قوی یعنی اُسکے علم میں زید کا مرنا بہ نسبت اُسکے نہ مرنے کے کم وثوق کے قابل ہی تو اسکو وہم کہتے ہیں۔ اگر دونوں پہلو برابر کی حیثیت رکھتے ہیں تو شک ہی۔ اگر ایجاب کا پہلو قوی ہی اور سلب کمزور ہی تو ظن ہی۔ اور اگر ایجاب ہی ایجاب ہی تو یقین ہی۔ یعنی اگر زید کا نہ مرنا اُسکے خیال میں بھی نہیں آتا اور مرنے کا وثوق کامل ہی تو اُسکو یقین کہتے ہیں۔

منطقی لحاظ سے ظن۔ اور یقین دونوں تصدیق کے درجہ میں داخل ہیں۔ لیکن فلسفی لحاظ سے ظن تصدیق نہیں ہی یعنی اُسکو صحیح کامل نہیں خیال کر سکتے۔ اسکے اوپر میں شیخ قطب الدین رازی کی عبارت نقل کرتا ہوں وہ محاکمات میں لکھتے ہیں والصحیح المتیقن ما لا یشوبہ الظن فان الظن

لا یغنی من الحق شیئاً (یقینی صحیح وہ ہی جس میں ظن کا شائبہ نہو۔ کیونکہ ظن ذرا بھی حقیقت کے لیے مفید نہیں ہوتا) یہ قول اُس شخص کا ہی جو منطقیوں کا ایک امام تسلیم کیا جاتا ہی۔ اگرچہ اس میں شک نہیں کہ اُسنے فلسفہ کی حد میں کر یہ بات کہی ہی لیکن کسی چیز کی حقیقت سے بحث کرنا بھی ایک فلسفی مسئلہ ہی۔ اسلیے ظن کو ایسے مسائل میں کوئی دخل نہیں۔

حکماء نے جو علم طب کی نسبت صحت کا دعوی کیا ہی وہ صرف ظن تک محدود ہی۔ یعنی وہ کہتے ہیں کہ علم طب ظنّی ہی۔ اسکے مسائل میں اثبات کا پہلو قوی اور نفی کا پہلو کمزور ہی۔ اولاً تو ہمیں اسکے تسلیم کرنے میں بھی تامل ہی کہ علم طب ظنّی ہی۔ اور بالفرض ہم نے مان بھی لیا تو فلسفی لحاظ سے وثوق کامل نہیں ہوسکتا۔ اسلیے ہمارا یہ کہنا بالکل بیجا نہوگا علم طب صحیح نہیں ہی۔ کیونکہ فلسفہ کے لحاظ سے کوئی چیز صحیح اور حقیقی اُسیوقت تسلیم کی جاسکتی ہی جبکہ اُس میں نفی کی گنجایش باقی نہ رہے۔

مذہب بھی ایسی چیزوں کے اوپر اعتبار کرنیکا نام توہم پرستی رکھتا ہی۔ چنانچہ ان الظن لا یغنی من الحق شیئاً قرآن میں اللہ تعالے نے صاف صاف فرمادیا ہی۔

حکماء نے ایک اور بھی یقین کی قسم پیدا کی ہی یعنی تجربہ و مشاہدہ ہی جو چیز بارہا تجربہ میں آچکی ہو۔ اُس سے بھی یقین ہوجاتا ہی۔ ہم بیشک اسکو تسلیم کرنے کے لیے تیار ہیں بشرطیکہ تجربہ میں پوری خصوصیات کا لحاظ رکھا جائے۔ مثلاً ہر زمانہ۔ ہر زمین۔ ہر ملک میں خواہ وہ گرم ہو یا سرد ہر ایک قوم کے آدمیوں نے دیکھ لیا ہی کہ گیہوں سے گیہوں پیدا ہوتا ہی اور جو سے جو آم سے آم اور جامن سے جامن۔ اسلیے اسکے یقین کرنے میں ہمکو کوئی شبہ نہیں ہی۔

اگر تجربہ محض چند جزئیات کے دیکھنے کا نام رکھا جائے تو وہ کبھی یقینی نہیں ہوسکتا۔ مثلاً عام طور پر دیکھا جاتا ہے کہ آم اور جامن گرمی کے آخری موسم میں پھلتے ہیں۔ اگر اس سے یہ قاعدہ بنالیا جائے کہ آم جب پھلیگا تو گرمی کے آخر ہی میں پھلیگا تو یہ یقینی نہیں ہوگا۔ کیونکہ بہت سے آم بارہوں مہینے پھلتے رہتے ہیں۔ کوئی کوئی بارش کے آخر میں پھلتے ہیں۔ الغرض تجربہ یا مشاہدہ ایک استقرار ہی اور جس طرح استقرار کی دو قسمیں مکمل اور غیر مکمل ہوتی ہیں اسی طرح تجربہ بھی تام اور غیر تام

ہوتا ہے۔

اسکے بعد جب میں طبی تجربات کو دیکھتا ہوں تو صاف معلوم ہو جاتا ہے کہ اُن میں سے کوئی بھی تمام نہیں ہے۔ اور زیادہ تر اسکے تجربے جنپر خود طب کا دارومدار ہے محض چند حالتوں سے تعلق رکھتے ہیں جو بعض بعض اطبا کو پیش آئیں۔ ایسی حالت میں یہ کہنا بالکل صحیح ہوگا کہ طب کے اکثر اصول اعتماد کے قابل نہیں ہیں کیونکہ اُن کی بنیاد چند جزئی تجربوں پر ہے۔

یہی وجہ ہے کہ جالینوس اور بقراط کے زمانہ سے ابتک اسکے بہت سے اصول میں فرق پڑتا گیا مثلاً تیسری صدی ہجری کے اوائل تک لقوہ اور استرخا کا علاج گرم معجونوں سے کیا جاتا تھا۔ لیکن بغداد کے ایک طبیب نے ان امراض میں ٹھنڈی دوائیاں استعمال کرنی شروع کیں۔ اور اسکو بہت کامیابی ہوئی۔ تمام سرکاری طبیبوں نے اُسکے اصول کو قابل عمل تسلیم کیا۔ اور ان امراض میں عرقیات بارد اور بعض صورتوں میں دوسری دوائیاں بھی استعمال کرنے لگے۔ کچھ زمانہ کے بعد ہمیں اور بھی تبدیلیاں ہوئیں اسی طرح اور علاجوں کی کیفیت کو بھی سمجھ لیجئے۔

علم طب کی بنیاد ہی ایسے وہمی اصولوں کے اوپر قائم کی گئی جو ایک حقیقت میں شخص کی نگاہ میں بہت ہی ناقابل اعتبار ہیں۔

اس فن کی ابتدا اُسوقت ہوئی جب شام میں انسانی تمدن کا آغاز ہو رہا تھا۔ بابل میں جو ملک شام کا مشہور شہر اور دنیا کی پہلی سلطنت کا پایۂ تخت تھا اس میں ملکہ سمیراطوس کے زمانہ میں یہ قاعدہ لوگوں نے مقرر کیا تھا کہ جو شخص کسی عارضہ میں مبتلا ہو جاتا تھا اُسکو شاہراہ عام پر لاکر ڈالدیتے تھے۔ لوگ وہاں سے گذرتے تھے اور اُسکو دیکھتے تھے جب اتفاق سے کوئی ایسا آدمی گذرتا جو کہ اُسی بیماری میں مبتلا ہوا تھا اور اُسکو کسی خاص دوا سے فائدہ ہوا تھا تو وہی دوا اُسکو بتلا دیتا اگر وہ اُسے بھی فائدہ کرتی تو طب کے دیوتا کی ہیکل میں ایک تختی پر اُس دوا کا نام لکھکر لٹکا دیا جاتا اور لوگ وہی دوا اُس بیماری میں استعمال کرتے۔

عرصہ تک یہی عطائے وہمیات طب کا مکمل ذخیرہ خیال کی جاتی تھیں۔ جب اہل فنشیا نے

ترقی کی تو وہاں بھی اسی طریقہ سے عمل درآمد ہوتا رہا۔ لیکن ستاروں کی تحقیقات کی وجہ سے اُن لوگوں نے اُس میں نجوم کے اثرات کا ایک اور بھی توہم شامل کر دیا۔ الغرض فنشیا سے مصر اور مصر سے یہی طب یونان میں پہونچی۔ وہاں کے بعض لوگوں نے اسکے تجربے جمع کر کے اُنکے مختلف اُصول قائم کئے۔ اور یہیں سے طب نے علمی صورت اختیار کی۔ مگر یہاں بھی وہ توہم پرستی نجوم کے شامل تھی۔ دوا دینے اور پینے میں اُسکے اثرات کا خصوصیت کے ساتھ لحاظ کرنا پڑتا تھا۔ اہل روما نے بھی اس میں کچھ معتدبہ اضافہ نہیں کیا اور وہی طب اُنکے یہاں بھی رہی جو یونانیوں سے ورثہ میں انکو ملی تھی۔ مسلمانوں نے علم نباتات میں ترقی کی لیکن اُصول میں بہت ہی کم اختلاف کیا۔ کیمسٹری چونکہ بالکل غیر مکمل تھی اسلیے اُن کو بھی نباتات اور عناصر کی حالت زیادہ نہیں معلوم ہوسکی۔

اہل روما کے سوائے جنھوں نے بعض مدارس میں مُردوں کے ڈسیکشن کا بندوبست کیا تھا۔ اور طلبار کو تشریح پڑھانے کے لئے کئی صدی تک ایک آدھ لاشیں بعض بعض میڈیکل کالجز میں آتی رہیں اور قومیں تشریح سے بہت زیادہ بیخبر رہیں۔ یونانیوں کی تشریح تو بہت زیادہ نیدرول کے ڈسیکشن سے حاصل کی گئی ہے۔ مسلمانوں کو بھی اسکی طرف توجہ نہیں رہی۔ اکثر تشریح کے شوقین طالب علم مسلخ میں صبح کو پہونچ جاتے تھے۔ اور جب گائے بکریاں ذبح ہوتی تھیں تو اُنکے اندرونی اعضا کی ساخت پر غور کرتے تھے۔

طب کی سرسری حالت دیکھنے سے معلوم ہوسکتا ہے کہ کہانتک یہ علم وثوق کے قابل ہے یہی وجہ ہے کہ اطبار کے زیر علاج مرضا، اسی نسبت سے مرتے اور صحت یاب ہوتے ہیں جس نسبت سے وہ مرضار جو علاج نہیں کرتے۔ میں نے خود دیکھا ہے اور غالباً کوئی شخص اسکا انکار نہیں کرسکتا کہ اُن ممالک میں جہاں علاج بالکل نہیں ہوتا بہ نسبت اس ممالک کے جہاں اطبار کی کثرت ہے اور لوگ معالجہ کے عادی ہیں صحت کے لحاظ سے کوئی فرق نہیں ہوتا۔ حجاز کی حالت دیکھئے اور پھر اُسکا مقابلہ شام سے کیجیے نسبتاً حجاز میں تندرستی زیادہ ہے حالانکہ وہاں اطبار کی تعداد کم ہے

شام کے لوگ اُنسے کمزور ہوتے ہیں۔ آبادی کے لحاظ سے بھی کوئی فرق نہیں ہی۔

اسلیے میں سمجھتا ہوں کہ سوسائٹی کے لئے طب زیادہ مفید نہیں ہی۔ جبکہ بلا طب کے بھی کوئی نقصان نظر نہیں آتا۔ علاوہ بریں یہ امر غور طلب ہی کہ ایلوپیتھک (ڈاکٹری وطب یونانی) میں علاج بالضد ہوتا ہی۔ یعنی اگر مرض کسی گرم سبب سے پیدا ہوا ہی تو سرد دوا دیجاتی ہی اور اگر سردی سے پیدا ہوا ہی تو گرم۔ اسکے برخلاف ہومیوپیتھک میں علاج بالموافق ہوتا ہی۔ اور بھولی بھالی سوسائٹی دونوں کو اٹھائر کرتی ہی۔ اور بجائے خود ہر ایک کو مفید سمجھتی ہی۔ حالانکہ دونوں کا صحیح ہونا ایسا ہی محال ہی جیسے اجتماع نقیض۔ اور یہ وہ اصل الاصول ہیں جنپر ایلوپیتھک یا ہومیوپیتھک کا دار مدار ہی۔ اگر علاج بالموافق صحیح ہی تو طب یونانی و ڈاکٹری ایک طرف سے غلط ثابت ہوتی ہیں۔ اور اگر صحیح نہیں ہی تو ہومیوپیتھک غلط ہی۔

اسکے ساتھ ہی جب میں دیکھتا ہوں کہ جنتر منتر اور ٹوٹکوں سے علاج کرنے والے بھی اپنے زعم میں طبیبوں اور ڈاکٹروں سے کم کامیاب نہیں ہوتے تو اور بھی علم طب کی قلعی کھلجاتی ہی۔ ایک آرتھوڈکس پُرانے خیال کی بڑھیا مسجد کے مُلاں صاحب کے تعویذ سے جلد شفا حاصل کر سکتی ہی بہ نسبت طبی علاج کے۔ ایسی حالت میں ٹوٹکوں اور تعویذ گنڈوں سے علاج کرنے کو توہم پرستی قرار دینا اور طب کو حقیقی سمجھنا سخت ناانصافی ہی۔ میرے خیال میں طب بھی تو توہم پرستیوں کی ایک توہم پرستی ہی۔

بہت سے احباب میرے اس نئے خیال کو شاید پسندیدہ نگاہ سے نہ دیکھیں گے۔ لیکن اگر ایلوپیتھک اور ہومیوپیتھک کے طریقہ علاج اور اُنکے اصول پر غور سے نگاہ ڈالینگے تو آسانی سے اس نتیجہ پر پہونچ جائینگے جس نتیجہ پر میں پہونچا ہوں۔ کسی چیز کو اگر ایک دنیا کی دنیا تسلیم کرے تو اُسکے تسلیم سے یہ بات ثابت نہیں ہوسکتی ہی کہ وہ چیز حقیقی بھی ہی۔ طب ہی کی طرح ہندوستانی۔ یونانی۔ سریانی۔ کلدانی۔ قبطی۔ رومن۔ اقوام اور دیگر اہل یورپ و ایشیا علم نجوم کو صدیوں نہیں بلکہ ہزاروں سال تک یقینی اور صحیح مانتے چلے آئے تھے۔ لیکن آخر رفتہ رفتہ مسلمانوں کی تحقیق نے دنیا پر اس

بات کو ظاہر کر دیا کہ علم نجوم سراسر توہم پرستی ہی۔ اور اب موجودہ روشن خیال قومیں اُسکو لغو اور پوچ سمجھنے میں کوئی شبہ نہیں کرتیں۔ اسلیے کوئی تعجب نہیں ہے کہ طب بھی وہمی ثابت ہو جائے۔ جرمنی کے مشہور ڈاکٹر لوئی کہنے نے علم طب کو غلط ثابت کرنے کے لئے مختلف کتابیں لکھی ہیں وہ صرف طبیعت کے روک تھام کو اغذیہ و اشربہ کے ذریعے سے ضروری خیال کرتا ہی اور علاج کے لیے دوا استعمال کرنے کو بالکل توہم پرستی قرار دیتا ہی۔ یہ خیال کچھ اسکا ذاتی پیدا کیا ہوا نہیں ہی بلکہ اسلام کے بانی شرع نے بھی یہی خیالات ظاہر کیے ہیں۔ گو اُنکے مبارک زمانہ میں طب نے کوئی ترقی نہیں کی تھی اور نہ عرب میں زیادہ رواج تھا تاہم رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم اکثر انہیں چیزونکے خواص کی طرف لوگوں کی طبیعت کو مائل کیا کرتے تھے جو اغذیہ اشربہ سے تعلق رکھتی ہیں۔ ادویہ کی طرف اُنہوں نے کبھی سوائے چند حالتوں کے رجوع کرنے کے رائے نہیں دی۔ وہ چند حالتیں ایسی تھیں کہ بعض لوگ مرض میں مبتلا تھے اُنکو طبیبوں کے ساتھ بہت زیادہ اعتقاد تھا ایسے لوگوں کو آپ نے خیبر کے مشہور یہودی طبیب کی طرف رجوع کرنے کے لیے ارشاد فرمایا۔ کیونکہ آپ جانتے تھے کہ انسان کی صحت اور بیماری پر زیادہ اثر اعتقاد کا ہوتا ہی۔ اور در اصل اعتقاد ہی ایک ایسا امر ہی جسنے طب کو ابتک رائج رکھا ہی۔ طب میں تو ایک خارجی تاثیر ادویہ کی بھی شامل ہوتی ہی گو وہ موافق ہو یا مخالف مگر مسمریزم۔ ہپناٹزم۔ میگناٹزم۔ تعویذ۔ ٹوٹکے۔ جنتر منتر تو سراسر اعتقاد ہی سے تعلق رکھتے ہیں ورنہ ان خیالی امور کی حقیقت ہی کیا ہی۔ اسکے ساتھ ہی طب کی وہ شاخیں جو حقیقت سے تعلق رکھتی ہیں ہم اُنکو غلط نہیں کہتے مثلاً فزکس کیمسٹری۔ اناٹمی (جو حدیث العلم علماں۔ علم الادیاں و علم الابدان میں علم ابدان سے مراد ہی) اور اناٹمی ہم صرف معالجہ کو غیر صحیح بتلاتے ہیں۔ اور اسکا غیر صحیح ہونا انسانی علم کی کمی سے ہی۔ آپ ایک ڈاکٹر کے پاس جائیے وہ کچھ اور دوا آپکے لیے تجویز کریگا اور اُسی مرض میں دوسرے ڈاکٹر سے مشورہ لیجیے تو وہ کچھ دوسری دوا بتلائیگا۔ یونانی اطبا کے نسخوں میں تو اس سے بھی زیادہ اختلاف ہوتا ہی۔ اس سے خود ظاہر ہوتا ہی کہ مرض اور علاج بالکل حکیموں اور

ڈاکٹروں کے وہم پر مبنی ہی۔ اور حقیقت کو کوئی نہیں دریافت کرسکتا۔ اسکے علاوہ ایک ایم ڈی کے ڈگری یافتہ یا طبیب حاذق کا علاج بعض اوقات اسقدر مفید نہیں ہوتا ہی جسقدر پنجاب کے اشتہاری بازطبیبوں کی دوا حالانکہ ہر ایک شخص جانتا ہی کہ اشتہاری دوا طب۔ عقل۔ اور اصول کے کسقدر خلاف ہی۔ کیونکہ جبتک طبیب مرض نہ پہچانے اُسکے اسباب پر غور نہ کرے۔ موسم اور مزاج کے لحاظ سے اُسکے دفعیہ کی دوا نہ تجویز کرے اسوقت تک طبًا علاج ٹھیک نہیں ہوتا اور اشتہاری دواؤں میں ان میں سے کسی بات کا بھی خیال نہیں۔

الغرض طب ایک وہمی علم ہی۔ اُسکی غلطیوں کی پردہ پوش خاک ہی۔ اسی وجہ سے دنیا پر اُنکا اظہار نہیں ہوتا۔

اسلم جے راج پوری

سُورج مُکھی

کس طرح اس ننھے پودے سے نکل آیا ہی تو
سبز تہی ٹہنی سنہرا رنگ کیوں لایا ہی تو

دیکھنی منظور ہی کیا باغ عالم کی بہار
چشم بنکر جو ہمہ تن اس طرح آیا ہی تو

لوگ کہتے ہیں کہ تو پھرتا ہی اسکے ساتھ ساتھ
سچ تو بتلادے کہ سورج کا کوئی سایا ہی تو

جستجو کس کی ہی تیرے دیدۂ بیخواب کو
کیا نہیں تجکو نظر آتا جو گھبرایا ہے تو

ساغر جم۔ یا کنول ہی دل کا یا چشم پری
یا ہی یہ کوئی سنہرا جام صہبا۔ یا ہی تو

رات بھر اک پانوں پر رہتا ہی کسکا منتظر
کسکے نظارے کی خاطر اتنا للچایا ہی تو

قطرۂ شبنم ہی رخ پر منفعل۔ چہرہ اُداس
کونسی وہ چیز کھوئی جس سے پچھتایا ہی تو

کون ہی وہ جسکا سوز عشق پنہاں تجھ میں ہے
رنگ ہے کیوں زرد کیوں اسطرح مرجھایا ہی تو

کہہ رہی ہی تیری صورت سختیاں سہتا ہے تو
راز مخفی ہی کوئی لیکن نہیں کہتا ہے تو

دل ترا نورِ شعاعِ مہر کا کاشانہ ہے
جس میں صہبائے محبت ہو تو وہ پیمانہ ہے

ڈھونڈھنے نکلا ہے تو اُس مہرِ عالمتاب کو
جو ازل کا اک حُبابِ ساغرِ میخانہ ہے

طائرِ قبلہ نما کے ساتھ سرگرداں ہے تو
اُسکی اُلفت میں تجھے یہ جوشِ بیتابانہ ہے

سادگی تیری تمنا کی عجب ہے دلفریب
صبح تو بتلا وہ تیرا سورج کا تو دیوانہ ہے

چشمِ حیراں نے ترے سورج میں کیا دیکھی وہ بات
تو جو اس شمعِ جہاں افروز کا پروانہ ہے

کون ہے مستورِ سورج کے حجابِ نور میں
حُجلۂ زرّیں میں کس کا جلوۂ جانانہ ہے

دور کی سوجھی ہے تیرے دیدۂ بے نور کو
ہوشیارانہ تری لغزشِ مستانہ ہے

نام کو کہتے ہیں سب سورج کا سوائی ہے تو
کھل گیا راز حقیقت جسکا شیدائی ہے تو

آہ اے دردِ محبت ہر جگہ پنہاں ہے تو
کائناتِ دہر میں ساری بزنگِ جاں ہے تو

کونسا وہ دشت ہے جو وادیِ ایمن نہیں
ہر شجر میں مثلِ شمعِ طور کے سوزاں ہے تو

شادمانی ہو فدائی جس کی تو وہ درد ہے
عیش ہو قربان جسپر وہ غمِ پنہاں ہے تو

تو وہ کلفت ہے کہ ہو جسمیں نہاں کیفِ سرور
درد ہو جسمیں بھرا وہ عیشِ بے پایاں ہے تو

وہ جگر پھٹ جائے ہو جسمیں نہ کچھ تیری کسک
دل وہ جل جائے نہیں جسمیں شرر افشاں ہے تو

میرے دل سے کوئی پوچھے آکے کیفیت تری
ہر ہر ناسور زخمِ سینۂ بریاں ہے تو

رشتۂ وابستگی کائناتِ دہر ہے
روشنیِ شمعِ بزمِ عالمِ امکاں ہے تو

از جہاں زیبا نگاری وسعتے نابی مرا
گر بود حاصل بہ از ملکی و سبابی مرا

اسلم جراجپوری

خمسۂ تناسبہ

کائنات موجودہ میں صرف اربعہ یا اربعین عناصر یا اربعہ تناسبہ ہی نہیں پائے جاتے۔ ہر ہستی جداگانہ شاہد ہی کہ اس میں مختلف اقسام کے عناصر اور اربعہ تناسبہ کس کس مقدار میں پائے جاتے ہیں۔ پرانی تحقیقات میں ہوا۔ مٹی۔ آگ۔ پانی۔ اربعہ عناصر اور علت مادی۔ صوری۔ فاعلی۔ غائی۔ اربعہ تناسبہ کے نام سے موسوم ہیں۔ نئی تحقیقات میں اربعہ عناصر کی ہستی کے بجائے بیسیوں عناصر کی ہستی تسلیم کرائی جاتی ہی۔ چاہے یہ زوائد انہیں اربعہ عناصر کی ذریات میں سے ہوں اور چاہے انکے سوائے۔ لیکن اسکے ماننے میں علمی اعتبارات سے کوئی بھی استحالہ لازم نہیں آتا۔ کہ اور بھی عناصر یا تناسبات ہو سکتے ہیں۔

جیسے جسمانی اطبار اور حکمار کی تحقیقات میں عناصر اور اربعہ تناسبہ کی کیفیت قابل بحث چلی آتی ہی ایسے ہی ذہنی حکمار کے نزدیک ذہنی عناصر اور امور تناسبہ کی بحث بھی دلچسپی سے خالی نہیں۔ ماہرین فلسفہ (Philosophy) اور محققین سائی کولوجی (Psychology) نے بعض مواقع میں عناصر ذہنی کی تحقیقات اور بیان میں طب جسمانی سے بھی کام لیا ہی۔ لیکن اُس سے یہ نتیجہ نہیں نکالا جا سکتا کہ ان عناصر کا تعلق بمقابلہ ذہنیات[1] کے جسمانیات سے

[1] ذہنیات اور روحانیات میں بعض نے ایک نسبت تسلیم کی ہی۔ اور بعض کے خیال میں ان دونوں میں کوئی نسبت ہی نہیں ہی۔ اور ایک تیسرے فرقہ کی رائے میں دونوں الفاظ مترادف ہیں۔ انہیں حکمار ذہنیات سے تعبیر کرتے ہیں اور مذہب میں روحانیات سے تعبیر ہوتی ہی۔ جو لوگ تیسرے فریق سے ہیں۔ انکے خیال میں ذہنیات اور جسمانیات میں تبائن ظاہر اور مشتبہ ہی جو حالت جسمانیات سے متبائن ہی وہ سوائے اسکے اور کچھ نہیں کہ روحانیات سے ہی ہی اس بحث میں دو لفظ استعمال کئے جاتے ہیں۔

"لفظ ذہن" "لفظ روح"

یہ دونوں الفاظ غیر مادی طاقتوں کی تشریح یا مقدمہ میں یعنی نفس ذہن اور روح فی نفسہ متحد المفہوم ہوں۔ یا

زیادہ ہی۔ طبیب ہمیشہ اُن مواد سے بحث کرتا ہی جو جسمانیات سے متعلق ہیں۔ اور جہاں کہیں طبی بحث ذہنیات سے ٹکر کھاتی ہی وہ محض اوس رشتہ کے سبب سے ہی۔ جو جسمانیات اور ذہنیات میں مربوط اور موجود ہی۔

نوٹ بقیہ صفحہ ۱۹۴ یا متضاد المفہوم۔ عالم مادی کے ضد ہیں۔ فرق امتیازی نفس ذہن اور روح اور اجسام مادیہ کے درمیان یہ ہی کہ نفس ذہن یا روح کا کوئی تعلق ابعاد ثلاثہ سے نہیں ہی اور اجسام مادیہ ابعاد ثلاثہ سے متعلق ہیں۔ حکمار کا ان دونوں شقوں میں یہی اختلاف ہی۔ بعض کے نزدیک صرف وجود مادی ہی وجود نفس ذہن کوئی شے نہیں ہی کوایف باطنیہ کا ادراک جن کو ایف جسمانی کے زور یا اعتبار پر ہی۔ دوسرا اگروہ وجود مادی اور وجود نفس ذہن دونوں کا قائل ہی۔ اس فرقہ کے نزدیک دونوں حالتوں یعنی حقیقت مادہ اور حقیقت نفس ذہن میں بیّن فرق ہی۔ یا یہ کہ مادہ اور نفس ذہن ضدین ہیں۔ اور ان دونوں میں لا یجتمعان کی کیفیت پائی جاتی ہی۔ اور باوجود ان اعترافات کے بھی اس فرقہ کے نزدیک نفس ذہن مادہ پر انٹرڈالتا ہی۔ اور اسکی وجہ سے انواع واقسام کے آثار مادہ میں پیدا ہوتے ہیں جب نفس ذہن غیر مادی قرار دیا جاتا ہی۔ تو اسپر تعریف روح کی ہی صادق آتی ہی۔ کیونکہ روح بھی غیر مادی ہی۔ ان حالات میں تیسرے فرقہ کی رائے درست اور مرجح ہی۔ جو لوگ ان دونوں میں کوئی نسبت نہیں مانتے۔ وہ انکے افعال سے یہ نتیجہ نکالتے ہیں۔ نفس ذہن جسے وہ دوسرا نام قلب یا مائنڈ (mind) دیتے ہیں۔ وہ کیفیت رکھتا ہی۔ جو روح کے مغایر ہی۔ جو فرقہ ان دونوں میں ایک نسبت تسلیم کرتا ہی۔ وہ گویا قریب قریب تیسرے فرقہ کے ہی اسکے نزدیک بعض حالات میں اسے نفس ذہن کہا جاتا ہی۔ اور بعض میں روح۔ لیکن یہ فیصلہ ہی کہ مادیات سے اس شق کا کوئی تعلق نہیں ہی۔ گو بعض لوگ محض مادیات ہی کے قائل ہیں۔ الہ انکا استدلال واقعات موجودہ یا شواہد مبینہ کے خلاف ہی۔ یہانتک کہ بعض کا یہ بھی خیال ہی کہ مادہ بھی جبتک کہ اسمیں ذہنیات کا اثر نہو۔ کوئی حقیقت نہیں رکھتا۔ آنکھ ابعاد ثلاثہ کی ذیل میں آسکتی ہی۔ لیکن آنکھ کا فوریا بصارت اول تو کسیقدر اس تعریف سے باہر نکل جاتا ہی۔ دوسرے یہ کہ دراصل یہ آنکھ بھی سوائے ذہنی روابط کے پورے طور پر اپنا کام نہیں کرسکتی۔ اختلال حواس کی حالت میں بصارت بھی دگرگوں ہوجاتی ہی۔ جب ذہنیات کا زور یا رابطہ مرنے پر ختم ہوجاتا ہی۔ تو مادہ بالکل ناکارہ پڑجاتا ہی۔ نہ انمیں طاقت رہتی ہی اور نہ کوئی احساس۔ اس سے ہم انکار نہیں کرسکتے۔ کہ کسی نہ کسی حالت میں یہ کہنا ہی پڑتا ہی

ہم مان لیتے ہیں۔ کہ ہماری ہستی اربعہ عناصر کے ماتحت ہے۔ یا اس میں اربعہ عناصر موجود ہیں۔ یا یہ کہ بجائے ان اربعوں کے چالیس اور عناصر بھی پائے جاتے ہیں۔ لیکن اس سے یہ نتیجہ نہیں نکل سکتا ہے۔ کہ ذہنی عناصر یا تناسبات کا وجود نہیں ہے۔ یا نہیں ہونا چاہیئے۔ حواس ظاہری کے مقابلہ میں جیسے حواس باطنی کا وجود مانا جاتا ہے ایسے ہی عناصر اور تناسبات باطنی کا وجود بھی قابل تسلیم ہے۔ کسی حالت میں یہ قطعی طور پر نہیں کہا جا سکتا۔ کہ عناصر باطنی کسقدر اور کس مقدار میں تسلیم کئے جا سکتے ہیں۔ جبتک استقرای بحث باقی ہے۔ تب تک کوئی انحصار انسانی تحقیقات پر نہیں کیا جا سکتا۔ ممکن ہے کہ ایک ہی حالت کے مختلف نام ہوں۔ جیسے کہ بعض حکماء کا عقیدہ بھی ہے اور یہ ممکن بھی ہے۔ کہ ہر حالت بجائے خود جداگانہ یا متفرع ہو۔ یا یہ کہ حواس باطنی کے مختلف آثار اور جذبات ہی وہ مختلف کیفیتیں یا حالتیں رکھتے ہیں۔ اور ان مختلف آثار سے مختلف استدلال کئے گئے ہوں۔

انسان کی باطنی قوتیں حواس خمسہ سے تعبیر کیجاتی ہیں۔ محققین نے انہیں مختلف صوتوں اور مختلف جذبات سے ثابت کیا ہے۔ اور ہر ایک قوت کیواسطے جدا جدا کام مقرر کر رکھے ہیں جس طرح کان آنکھ کا اور آنکھ کان کا کام نہیں دیتی اسی طرح ایک حواس باطنیہ دوسرے حواس باطنیہ کا قائم مقام نہیں ہو سکتا۔ حس مشترک حافظہ کی جگہ نہیں لے سکتی۔ اور حافظہ حس مشترک کی قائم مقامی سے ہمیشہ کے لئے محروم ہے۔ ناک باوجود زبان کی ہمسائگی کے زبان کے افعال سے کوئی فعل بھی اپنے حصہ میں نہیں رکھتی۔

نوٹ بقیہ صفحہ ۱۹۵۔ کہ اس میں سے کوئی طاقت نکل گئی ہے۔ یا اس میں کوئی طاقت نہیں رہی۔ یا کم سے کم کوئی طاقت سلب یا جذب ہو گئی ہے۔ اس سے یہ نتیجہ نکلا کہ مادہ کے اندر ایک اور طاقت ہوتی ہے۔ جسکے ازالہ اور سلب سے اسکی حالت میں فرق آجاتا ہے۔

تیل کے ختم ہو جانے سے بتی عموماً ختم نہیں ہوتی۔ لیکن کچھ ضرور جاتی ہے۔ جب اور تیل اس میں ڈالدیا جائے تو پھر جلنے لگتی ہے۔ بیشک بعض دفعہ بتی ختم ہو جاتی ہے۔ اور تیل باقی رہجاتا ہے۔ لیکن اس صورت میں بھی تیل ہی مقدم ہوگا۔ کیونکہ بغیر تیل کے بتی وہ روشنی اور وہ کیفیت نہیں دیسکتی۔ جو بمعیت تیل دیتی ہے۔ خیر یہ ایک لمبی اور پیچدار بحث ہے۔ بحث مادہ میں اسپر فریدہ روشنی ڈالینگے۔ ۱۲۔

اسی طرح چشم افعال بینی سے کوسوں دور رہتی ہے۔ انسان اپنی زندگی میں جو کچھ حاصل کرتا اور سیکھتا ہے یا جس قسم کی ترقی اور عروج علمی یا عملی پاتا ہے۔ اسکی بنیاد خمسہ عناصر یا خمسہ تناسبات پر ہے۔ چاہے اس خمسہ تناسبہ کا تعلق حواس خمسہ باطنیہ سے رکھو۔ اور چاہے انھیں کوئی جداگانہ کیفیت قرار دو۔ مگر ان مدارج خمسہ سے گریز نہیں۔ ہم اس بحث میں اور حواشی یا تعلقات سے بحث نہیں کرینگے صرف یہ شق لیتے ہیں۔ کہ انسان کا علم کن کن خمسہ تناسبہ سے پرورش یا نشو و نما پاتا ہے۔ اور حواس خمسہ باطنیہ سے بھی بحث نہیں کرینگے۔ بلکہ اُنکے آثار یا اُن دیگر کیفیات سے جو ہمارے خیال میں خمسہ تناسبہ سے تعبیر ہو سکتی ہیں۔

انسان کے باطن یا اندرونہ میں پانچ تناسبہ حالتیں پائی جاتی ہیں۔ اور انہیں خمسہ حالتوں سے انسان کے علم اور ادراک کا پودہ نشو و نما پاتا ہے۔

وہم[1] خیال[2] قیاس[3] یقین[4] حقیقت[5]

ان ہر پانچ حالتوں میں فرق ہے۔ اور ہر حالت دوسری حالت سے ایک نسبت عملی رکھتی ہے۔ اور ہر حالت کا درجہ اپنی پہلی حالت کے درجہ سے دوسرے درجہ پر رہتا ہے۔ وہم[1] اور قیاس میں گو ایک عملی نسبت موجود ہے لیکن خیال ہر صورت وہم سے دوسرے درجہ پر ہے۔

[1] وہم اور خیال کے مقابلہ میں تصور یہی ہے۔ بعض نے ہر سہ کیفیتیں ایک ہی سمجھی ہیں۔ مگر یہ درست نہیں۔ ان ہر سہ میں فرق ہے۔ گو وہ فرق کیسا ہی باریک کیوں نہو۔ چونکہ یہ حالتیں ہمارے اندر پائی جاتی ہیں۔ اسواسطے ایک آسانی سے انہیں امتیاز اور فرق کر سکتے۔ اور یہ جان سکتے ہیں کہ انہیں سے ہر ایک کا کیا کیا تمیز ہے۔ بیشک وہم بھی ہمارے اندرونہ کی ایک حالت ہے۔ اور تصور بھی اس چشمہ کا قطرہ۔ لیکن پھر بھی ان دونوں میں فرق ہے۔ تصور صرف اُن مناظر ذہنی کا نام ہے۔ جنہیں ہر آنکھ پہلے کسی وقت دیکھ چکی۔ یا کان سُن چکے ہیں۔ وہم اُن مناظر کا خاکہ ہے۔ جن میں سے اکثر مناظر مناظر سابقہ سے کوئی لگاؤ نہیں رکھتے۔ تصور میں قصد لازمی ہے۔ خلاف اسکے وہم کا اکثر بالخصوص ابتدائی حصہ عموماً بے قصد اور بے گماں ہوتا ہے۔ یہ ضروری نہیں کہ اسکے سب اجزا ٹھیک نکلیں۔ لیکن تصور کے اکثر اجزا مطابق وقوع منظر ماسبق کے ہوتے ہیں اور اسے انسان پہلے سے ہی کچھ نہ کچھ سنتا ہوتا ہے۔ ۱۲

نہ باعتبار آثار اور تصرفات کے بلکہ باعتبار حدوث اور نشو و نما کے عملی حالتوں میں اسکے خلاف ہی۔ مثلاً ہمسے خیال کا درجہ برتر ہوگا۔ اور خیال سے قیاس فوقیت رکھیگا۔ قدرت نے ہر ہستی میں جسقدر چھوٹے بڑے پرزے رکھے ہیں۔ اُن سب کیواسطے جداگانہ ایک ایک کام یا ڈیوٹی مقرر کر دی گئی ہی۔ اگر کوئی پرزہ اس ڈیوٹی سے انحراف کرے تو سارے جسم میں ایک قسم کا انقلاب یا نقص آنے لگتا ہی۔ اسوقت تک جو چند در چند تحقیقاتیں یقین کا درجہ حاصل کر چکی ہیں۔ ایک تحقیقات بھی اُن میں سے ایسی نہو گی جسنے ایک قدرتی پرزہ سے کام لیا ہو۔ یہ جدا بات ہی کہ ایک پُرزہ کی حالت سے دوسرے پرزہ کا کام لیا گیا ہو۔ جیسے آگ اور پانی یا بجلی سے کام لینا۔

جب تک انسان کسی مفہوم یا کسی شے یا کسی وجود کا اچھی طرح سے مطالعہ نہیں کر لیتا۔ تب تک اُسکے مقابلہ میں ہر شے یا ہر وجود اور ہر مفہوم ایک خفا اور حجاب رکھتا ہی۔ پہلے انسان جب کبھی کسی وجود یا کسی شے یا کسی کیفیت کا مشاہدہ عینی یا احساس سمعی کرتا ہے (بشرطیکہ وہ اسکے ملاحظہ یا احساس میں پہلے نہ آیا ہو) تو اُسکے دل پر ایک دھندلا سا عکس یا سایہ پڑتا ہے۔ اسپر نہ تو کوئی حکم لگایا جا سکتا ہے۔ اور وہ ہی دل پر کندہ ہوتا ہے جب راہ جاتے کوئی نئی چیز جو ہم نے پہلے نہ دیکھی ہو دیکھتے ہیں تو بغور رویت ایک عکس سا اسکا دل پر پڑتا ہی۔ اس میں نہ تو کوئی زور ہوتا ہی۔ اور نہ کوئی کشش۔ یہ تو ایک صورت ہوئی۔ دوسری حالت میں صدہا منظر بے قصد بے تردد خطیر خاطر ہوتے رہتے ہیں۔ اگر ہم انکے پیدا ہونے اور بے نتیجہ گذر جانے کا ایک رجسٹر کھولیں تو ہمیں ثابت ہو جائیگا کہ صدہا کے مقابلہ میں کوئی دو چار ہی نشو و نما پاتے اور طبعی عروج حاصل کرتے ہیں۔ دنیا میں بچے ہی چھوٹی عمر میں نہیں گذر جاتے اطفال ادہام بھی صدہا ایک ایک منٹ میں رہ گرائے عالم عدم ہوتے ہیں۔ ایک مضغہ انسان میں تو جان بقدرت قادر کریم آسانی سے پڑ سکتی ہی۔ لیکن ایک مضغہ وہم کے قالب خیال میں آنیکے واسطے بہت کچھ چاہیئے۔ اگر اس مدت اور اس صعوبت پر نظر کیجائے۔ جو وہم اور خیال اور خیال یا قیاس اور قیاس اور یقین اور یقین اور حقیقت کے مابین درجہ بدرجہ واقع یا حائل ہی۔ تو پتہ لگ سکتا

ہی۔ کہ دنیا کی حقیقتیں اور تحقیقاتیں کن کن منازل سے ہوتی ہوائی اپنے اپنے مدارج پر پہونچتی ہیں۔ موتیوں کے لوگ فدائی اور تمنائی تو ہیں۔ لیکن کتنے ہیں جو غور کرتے ہیں کہ وہ قدرت کے ہاتھوں کن کن امواج اور سواحل نشو و نما سے گذر کر بایں آب و تاب قعر گمنامی سے منصہ ظہور میں آئے ہیں۔ اور کتنوں نے ان منازل سارہ پر عبور کیا ہی۔ جو ایک موتی اپنے پورے نشو و نما تک طے کرتا آتا ہی۔ لوگ اس بات کے تو بہت شوقین ہیں۔ کہ موتی مل جاویں۔ لیکن یہ بہت کم سوچتے ہیں۔ کہ اُن کی ہستی قعر بحر میں کیونکر جلوہ افروز ہوتی ہی۔ غواص بحر حقیقت خوشی میں حقیقت قبول تو کرتا ہی۔ لیکن یہ کم سوچتا ہی کہ وہ کن کن راہوں سے گذرتی ہوئی۔ اس تک پہونچتی ہی۔ اور اسکے مناسب اولیہ کیا کیا تھے۔

چونکہ وہم کی زیست یا ہستی بہت ہی کم ہوتی ہی۔ اسواسطے اسکی نسبت ہمیشہ بہت کم وثوق کیا جاتا ہی۔ اور یہ کہدیا جاتا ہی کہ یہ تو صرف ایک وہم ہی۔ یہ درست نہیں ہی۔ تمام اوہام باطل یا عدم پذیر نہیں ہوتے۔ اُنمیں سے چند وجود پذیر بھی ہوتے ہیں۔

جو اوہام وجود پذیر ہوتے ہیں۔ دراصل ہمارے تمام علوم اور فنون کی اساس یا بنیادی پتھر ہیں۔ اگر ایک بچہ کا مضغہ دیکھا جائے تو اُس سے کبھی بھی بادی النظر میں یہ خیال نہیں ہوسکتا کہ اس سے اس قسم کے حکیم اور فلاسفر پیدا ہونگے۔ اسی طرح ایک وہم بھی اُن حقایق کا یقین نہیں کرا سکتا کہ جو بعد میں اسکی بدولت وجود پذیر ہوتی ہیں۔ اوہام کی دوسری مثال حباب کی ہی۔ سینکڑوں نہیں بلکہ ہزاروں بلبلے اُٹھتے ہیں اور بیٹھ جاتے ہیں۔ لیکن اس سے یہ خیال نہیں کیا جا سکتا کہ دریا میں موجیں یا لہریں نہیں آتی ہیں۔ بلبلا بھی ایک چھوٹی ہستی کی لہر یا پیش خیمہ موج ہی۔ اپنی ہستی مٹاتے مٹاتے لہر یا موج کی ہستی کا دلچسپ نظارہ بھی کرا ہی دیتا ہی۔

وہم کا وجود دو نوع پر ہی۔

(۱) (الف) نوع اولیہ (۲) (ب) نوع ثانیہ۔

پہلے نوع میں وہ تمام اوہام داخل ہیں۔ جو عموماً منظر پیوستہ نہیں رکھتے۔ ان کی شاخ ہستی زمین طبیعت میں سے ہی پھوٹتی اور نکلتی ہی۔ گو مجموعہ مشاہدات میں اسکا کوئی مرکز یا محور ثانی

بھی ہوگا۔ لیکن ایک خاص سرزمین طبیعت میں ایسا نشو و نما بعض اوقات کسی ذریعہ ہی کے ہوتا ہی۔ بعض کا یہ قول ہی کہ انسان کے دل میں کوئی ایسا وہم پیدا نہیں ہوسکتا جسکا منظر پہلے سے موجود نہو۔ یا طبائع نے اسپر عبور نہ کیا ہو۔ اُن کی اسپر یہ دلیل ہی۔ کہ جب تک صورت تغذیہ نہو تب تک کوئی خلطہ بھی پیدا نہیں ہوسکتی۔

ہماری رائے میں یہ درست نہیں۔ اُس میں شک نہیں کہ بعض اوہام مناظر پیوستہ یا ملحقہ سے تعلق پذیر ہوتے ہیں۔ اور اُن میں نسبتاً جدت نہیں ہوتی۔ لیکن ایسے اوہام بھی ہیں جنکی ذات میں بالکل جدت ہوتی ہی۔ بیشک تولید اخلاط اغذیہ پر موقوف ہی۔ لیکن یہ کہاں سے ثابت کیا گیا ہی۔ کہ قوت واہمہ کی کوئی غذا نہیں ہوتی۔ یا ہمیشہ باہر سے ہی وہ غذا پاتی ہی۔ اگر ہم یہ تسلیم بھی کرلیں کہ قوت واہمہ ہمیشہ اغذیہ بیرونی ہی کی محتاج ہی تو اس سے یہ استحالہ لازم نہیں آتا کہ وہ جدت اوہام پر قادر نہو۔ جب ہم بعض اوقات دنیا و مافیہا سے ایک دم کے لئے الگ ہوتے ہیں۔ تو اسوقت بھی ہمارے دل میں اوہام کا تانا بانا لگا رہتا ہی۔ سینکڑوں پیدا ہوتے اور سینکڑوں نیست و نابود ہوتے جاتے ہیں۔ اور چند اُن میں سے زیست بھی پاتے ہیں۔ یہانتک کہ اُنسے صدہا شاخیں پھوٹتی اور پھل لاتی ہیں۔ اس سے کیونکر انکار کیا جاسکتا ہی کہ آخر قدرت نے بھی تو اس خلقت عظمیٰ کو نسبتاً سیراب وافر دیا ہی۔ جسکے اکثر اجزاء قدرتی اور خلقی ہیں۔

دوسری قسم وہ ہی۔ جو گویا اکثر معکوس اجزاء رکھتی ہی۔ انسان جو جو مناظر دیکھتا اور مشاہدہ میں لاتا ہی وہ بھی تحدیث اوہام کے موجب ہوتے ہیں۔ ان میں بھی گو ایک قسم کی جدت ہوتی ہی۔ مگر ان کی بنیاد مناظر پیوستہ پر ہی قائم ہوتی ہی اور ایک صورت میں اُن مناظر پیوستہ کے متعلق بھی اوہام پیدا ہوتے ہیں۔ اُن میں سے بعض اوہام جو باعتبار عمدگی اور خوبی کے وجود پذیر ہوتے ہیں۔ وہ بھی ایک خاص قسم کی جدت رکھتے ہیں۔ اگر جدت نہ ہو تو اُن سے صور جدیدہ صورت پذیر نہیں ہوسکتی ہیں۔

وہم سے اترکر دوسرا درجہ خیال کا ہی۔

جیسے یہ تسلیم کیا گیا ہی۔ کہ انسان وہم کی طاقت رکھتا ہی۔ ایسے ہی یہ بھی مان لیا گیا ہی کہ وہ خیال

گذرہ یا صاحب خیال بھی ہے۔ جب انسان وہم کے درجہ سے گذر جاتا ہے۔ تو اس کی قوت خیالیہ پر ایک خفیف سی ضرب لگتی ہے۔ جس سے قوت خیالیہ کا منہ کھلکر بدوستور وہم کیجانب منتقل ہوجاتا ہے۔ اس پردہ میں جاکر وہم میں ایک خاص قسم کی طاقت یا حرکت پیدا ہونے لگتی ہے۔ اور قوت خیالیہ اُسے اپنی گود میں لیکر پرورش کرتی ہے۔ یہانتک کہ وہ وہم کی صورت بالکل چھوڑ دیتا اور خیال کے وجود میں آجاتا ہے اور اُس حالت میں یہ کہا جاتا ہے۔ کہ انسان خیال کرتا یا صاحب خیال ہے۔ جبتک وہم کے منفلات تفویض قوت خیالیہ نہوں۔ تب تک ہم کوئی خیال کر ہی نہیں سکتے۔ تخیل کا یہ مفہوم نہیں کہ ہم بلا منتقلات قوت وہمیہ کوئی خیال کر سکتے ہیں۔ بلکہ یہ کہ جو کچھ ہمیں قوت وہمیہ دیتی ہے اسکی نسبت ہم خیال کرتے ہیں۔ یا یہ کہ اُسے بھی ایک اور صورت اور وجود میں لاتے ہیں۔

مثلاً ہم نے ایک شے دیکھی پہلے ہمارے وہم نے اسپر فوری تصور کیا۔ جب مشین وہم سے وہ شے نکلی تو مشین خیالیہ میں آگئی۔ ایک دوسری مشین میں آکر اسپر ایک مزید روشنی پڑنے لگی۔ یا تو اسکا ایک دھندلا سا سایہ تھا۔ اور یا خانہ خیال میں آکر ایک بت ساد کھائی دینے لگا۔ اور طبیعت نے اُس سے تمسک کرنا چاہا۔ اس خانہ میں بھی آکر بہت کم اوہام باقی رہنے میں آتی ہیں اور گذر جاتے ہیں۔ بعض اوقات اسی واسطے خیالات کی نسبت یہ بھی کہا جاتا ہے۔ کہ "ایک خیال ہی تھا"۔ یہاں خیال بھی وہم کے معنوں میں ہی لیا جاتا ہے۔ جو اوہام خانہ خیال میں رہ جاتے ہیں وہ بھی قسمیں رکھتے ہیں

،، خیال مستقل یا خیال سلیم

،، خیال عارضی یا خیال ہوائی

پہلی قسم کے وہ خیالات ہیں۔ جو مشین خیال میں جوش کھا کھا خیلے پختہ ہوجاتے ہیں۔ اور جنھیں زوائد اور حواشی سے پاک کیا جاتا ہے[1] جنکے خام اجزا خود بخود الگ ہوجاتے ہیں۔

کوئی خیال پہلے پہل ہی مستقل یا سلیم نہیں ہوتا۔ عموماً ہر خیال میں ایک خامی اور عجلت ہوتی ہے۔ رفتہ رفتہ ہی اُن میں ایک تازہ روح پھنکتی ہے۔ وہم ہی بسا اوقات ایک بے حقیقت ہستی نہیں ہوتا

[1] یہ ایک لمبی بحث ہے۔ ہمنے رسالہ مراۃ الخیال میں تخیل کے متعلق وضاحت سے ان امور کا بیان کر دیا ہے۔ — ۱۲

خیالات میں سے بھی صدہا خیالات وہم کے نقش قدم لیتے اور حباب آسا گذر جاتے ہیں۔ ایک دوری پختہ و پنہ کے بعد شین خیال سے خیال نشو و نما پاتا اور ایک خاص ہستی اختیار کرتا ہے۔ اگر ہم اپنے خیالات پر غور کرنے کی عادت سلیم ڈالیں اور یہ دیکھتے رہیں کہ کن کن خیالات کے بعد ایک وہم خیالی صورت میں آتا اور پھر اُس میں ایک سلامت روی اور استقلال پیدا ہوتا ہے تو ہمیں پتہ لگ جائیگا کہ ایک خیال کی سلامتی اور خوبی یا استقلال کیواسطے کیسیوں انقلابات کی ضرورت ہے۔ ہم نے آسمان پر ایک نیا ستارہ یا سیارہ دیکھا پہلے اس مشاہدہ کا وجود صرف تابع وہم تھا۔ بعد ازاں مشین خیالیہ میں اسکا حلول ہوا۔ اب ہم نے اسپر فرید غور شروع کی۔ یہانتک کہ ہم خیالی زور سے ہی علم ہیئت کے مبادیات یا اولیات تک پہونچ گئے۔ اور ایسے خیالات کا نشو و نما ساتھ کے ساتھ ہوتا گیا۔ آخیر پر وہی ایک چمکتا ہوا ستارہ یا سیارہ ہمارے قیمتی معلومات کا اُصول یا بنیاد قرار پایا[1] اور ہم نے استقرائی طریقہ کی مدد سے ایک وہم یا ایک خیال کی بدولت صدہا دیگر اشیا پر روشنی ڈالی۔ اور ہم نے اپنے دل اور دماغ میں چند ایسے اجزا پائے جو ہمارے واسطے ایک نئی حالت تھے۔

جب ایک خیال تذبذبی حالت سے گذر جاتا ہے۔ تو اسکا نام دوسرے الفاظ میں بجائے خیال مستقل یا خیال سلیم کے ایک رائے رکھا جاتا ہے۔ یا یہ کہ یہی حالت رائے سے تعبیر پاتی ہے۔ ایک رائے یا ایسا خیال قیاس اور خیال کے مابین ایک فاصلہ ہوتا ہے۔ پہلی حد میں ہکر وہ ایک خیال یا ایک رائے ہے۔ اور دوسری حد میں منتقل ہو کر ایک قیاس۔

---

[1] ہمارے محترم مرسل علیہ السلام حضرت ابراہیم خلیل اللہ نے ستاروں اور آفتاب اور ماہتاب سے ہی ذات باری پر استدلال کیا۔ اور اُسی استدلال سے بارثانی دنیا میں خالص توحید کی بنیاد پڑی۔ حضرت ابراہیم کا پہلا نظارہ صرف ایک وہم اور اُسپر نظر ثانی محض ایک خیال ہی خیال تھا۔ اگر قوت خیالیہ میں اس وہم کی پخت و پز نہ ہوتی۔ اور ہمیں چند انقلابات نہ آتے۔ تو حضرت ابراہیم کا اخیر پر مراحل توحید پر سے گذرنا اور ان شعاعوں سے اپنے قلب سلیم کو منور کرنا مشکل تھا

مسٹر نیوٹن کا ایک سیب کے گرنے سے مسئلہ کشش ثقل کا نکالنا اور سپہر حاشیہ چڑھانا ایک وہم اور ایک خیال ہی کی بنیاد پر تھا۔ فقیر بر ۔ ۱۲ ۔

دوسری قسم کے وہ خیالات ہیں۔ جو غیر مستقل عارضی یا ہوائی ہوتے ہیں۔ ان کی ہستی بھی کچھ نہ کچھ قیام اور ثبات رکھتی ہے۔ لیکن یہ حالت محض ایک نمایشی حالت ہوتی ہے۔ ایسی حالت کا قیام اور ثبات چند ایسے دلائل پر مبنی ہوتا ہے۔ جو بجائے خود کمزور اور عارضی ہوتے ہیں۔ یہ قسم اگرچہ ہر ایک طبیعت میں کچھ نہ کچھ پائی جاتی ہے۔ لیکن زیادہ تر اسکا ہجوم انھیں طبائع میں ہوتا ہے۔ جو فطرتاً کچی اور نمایشی ہوتی ہیں۔[1]

ایسے خیالات کا نشو و نما یا حدوث بے مصرف یا فضول نہیں ہے جب تک ایسے خیالات کا نشو و نما یا حدوث نہ ہوگا۔ اُن میں سے اچھے اور برجستہ خیالات کیونکر انتخاب پا سکتے ہیں۔ عام خلقت سے ہی خاص خلقت کے نمونے نکلا کرتے ہیں۔ پہلے ہر ایک خلقت بجائے خود ایک عمومیت ہی رکھتی ہے۔ یا یوں کہو کہ گو کوئی خلقت قدرت کے نزدیک مخصوص ہی کیوں نہو۔ منظر اُسکا عام ہی ہوگا۔ انسانی جماعتوں میں جسقدر حکیم اور فلاسفر یا شہیر زماں گذرے ہیں۔ اُن کی پہلی حالت عامیانہ ہی تھی۔ کوئی بھی ایسا حکیم یا فلاسفر نہوگا۔ جو بادشاہوں اور سلاطین کے گھر میں پیدا ہوا ہو۔ کوئی بھی دینی رہبر یا مذہبی ہادی محلات شاہی کا پروردہ نہیں تھا۔ ہر ممتاز کی ابتدائی حالت عموماً ناقابل خطاب ہوتی ہے۔ وہی لوگ مشاہیر زماں کی مقدس اور محترم سلک میں منسلک ہوتے آئے ہیں۔ جو کسی وقت میں زاویۂ گمنامی اور گوشۂ کس مپرسی کے ممتاز ممبر تھے۔

جو مستقل اور سلیم خیالات ہوتے ہیں۔ اُن میں وقتاً فوقتاً قوتِ متمیزہ دست اندازی کرتی اور

[1] جو لوگ اس بات کے قائل ہیں۔ کہ بعض طبائع دنیا میں ایسی بھی موجود ہیں۔ کہ جنکا کوئی وہم یا کوئی خیال ہی غیر مستقل نہیں ہوتا۔ ایک کمزور رائے کے حامی ہیں۔ ہر طبیعت میں ایک خامی اور ایک کمزوری مودعہ ہے۔ اور یہ خامی یا کمزوری بعض اوقات قدرتی سلسلوں کے مقابلہ میں ہوتی ہے۔ اور بعض اوقات موجودات کے مقابلہ میں۔ کچھ شک نہیں کہ انسانوں میں سے اکثر ہستیاں نسبتاً ارفع اور اعلےٰ ہیں۔ لیکن یہ کہنا کہ اُن میں پوری برجستگی اور مستقلال ہے۔ درست نہیں ہے۔ ہاں جو بعض ہستیاں قدرت کے کسی خاص مطلب یا اعلان قدرت کے واسطے موجود کی گئی ہیں۔ ان کی سرشت اور اُن کی حالت تمام مراتب موجودات سے ممتاز ہوتی ہے۔

انہیں پبلک انتخاب میں لاتی جاتی ہے۔ قوت خیالیہ دراصل خیالات کیوجہ سے ایک خزینہ ہے۔ اور قوت متمیزہ اسکی نقاد یا صراف جنھیں قوت متمیزہ اپنے مذاق کے مطابق انتخاب میں لاتی ہے۔ ان پر غور کرنے اور انھیں عمل میں لانے کا نام قیاس ہے۔ قیاس کے معنی اندازہ اور اندازہ کرنے یا برابر کرنے دو چیزوں کے ہیں۔ اور منطقی اصطلاح میں قیاس ایک ایسے ذو جملہ قول سے مراد ہے۔ جو مستلزم ایک نتیجہ کا ہو۔ خواہ کوئی سی تعریف اختیار کی جائے۔ قیاس سے مراد وہ حالت ہے۔ جو اپنی ذات میں ایک مستقل جدت یا فیصلہ کن اصول رکھتی ہے۔ جب ہم خیالات کے نتیجوں کی بحث پر آجاتے ہیں۔ تو اسوقت ہم گویا ایک خاص مرکز یا ایک خاص منزل پر پہونچ جاتے ہیں۔ ہمیں اس خیالی سفر کا انجام نظر آنے لگتا ہے۔ جو توسن طبع سے کیا گیا ہے۔ ہم ایک صاف منظر پر فائز ہوتے اور اسکی روشنی دیکھتے ہیں اُن حالات میں ہم یہ کہنے لگتے ہیں۔ کہ اس منظر کی بابت ہماری یہ رائے ہے۔ یا ہمارا یہ قیاس[1] ہے۔ (یہاں رائے سے بھی مراد قیاس ہے)

یہیں سے اُن علوم اور اُن فنون کی بنیاد پڑتی ہے۔ جو دنیا کی ترقی اور فرمدہ روشنی کا باعث

[1] یورپین حکماء کے نزدیک یہی خاص منزل نتیج باخذ نتیجہ کا نام تھیوری یا تھیوری کے قریب قریب تھیوری بھی اُس حالت کا نام ہے۔ جو حالت قیاس سے مستنبط ہوتی ہے۔ بعضوں نے تھیوری کا مفہوم اصول یا مسئلہ یا قاعدہ سمجھا ہے یہ اُسکا مفہوم نہیں ہے۔ بلکہ اُسکے لغوی معانی ہیں۔ لیکن اُنسے بھی وہی استدلال ہوتا ہے۔ جو قیاس سے ہوتا ہے۔ بعضوں نے تھیوری سے صرف قول مراد لیا ہے۔ اور اگر قول کا اطلاق مسلمہ مفہوم پر کیا جائے تو کوئی قباحت نہیں۔ لیکن قول کے مفہوم اور قیاس کے درمیان فرق ہے۔ قول میں دو مفہوم شامل ہیں۔ ایک قائل کی ذاتی رائے۔ اور ایک وہ استدلال جو مختلف ذرائع سے کیا گیا ہے۔ اور اکثر اقوال میں قائل کی ذاتی رائے کا زیادہ تر حصہ ہوتا ہے۔ قیاس میں ذاتی رائیں گو شامل ہوتی ہیں۔ مگر عموماً واقعات مبنیہ یا واقعات صحیحہ کا زیادہ تر حصہ پایا جاتا ہے۔ گو ذاتی رائے بھی کسی قائل کی کسی واقعہ یا کسی دلیل پر مبنی ہوتی ہے۔ مگر اسمیں اپنی طبیعت کا رجحان اسدرجہ تک ہوتا ہے کہ بعض واقعات و تہمات صحیحہ اور مسلمہ سے بعض اقوال محض خالی اور نسبتاً معرا ہوتے ہیں۔ کبھی انہیں صرف اسوجہ سے مانا جاتا ہے۔ کہ وہ ایک خاص شخص کے اقوال ہیں۔ اور کبھی اسوجہ سے کہ اپنی طبیعت اُنسے ایک مناسبت رکھتی ہے۔ خلاف اسکے قیاسات میں عموماً دلائل اور براہین کی بھرتی ہوتی ہے اور معرض تحقیق میں انھیں ایک خاص درجہ حاصل ہوتا ہے۔ انہیں صرف قائل کیوجہ سے نہیں لیا جاتا۔ بلکہ بوجہ اپنی خوبی اور وسعت کے۔

[1] تھیوری (Theory)

اور جن سے انسانی کمالات وابستہ ہیں۔ یہ علوم اور یہ فنون کیا ہیں۔ ایسے عام خیالات اور تھیوریز کا مجموعہ یا ایک خاص انتخاب کوئی سے علم اور کوئی سے فن لے لو۔ وہ سوائے اسکے کچھ اور نہیں ہوگا۔ کہ اسمیں چند چیدہ قیاسات اور منتخب تھیوریز پائی جاوینگی۔

قیاسات کی بھی دو قسمیں ہیں۔ (۱) قیاسات خاصہ (۲) قیاسات عامہ

قیاسات عامہ سے وہ قیاسات مراد ہیں جنکی بنیاد عام واقعات یا عام دلائل پر ہوتی ہے۔ اور جنکا مخرج سوائے خاص طبائع کے عام طبائع بھی ہیں۔ لیکن اس سے یہ لازم نہیں آتا۔ کہ خاص طبائع کے قیاسات ہمیشہ خاص ہی ہوتے ہیں۔ یا عام طبائع میں کوئی خاص قیاس نشو و نما ہی نہیں پا سکتا۔ بعض اوقات خاص طبائع نے بھی ایسے ایسے قیاسات کا اظہار کیا ہے۔ جو عامیانہ رنگ میں ڈوبے ہوتے ہیں۔ اور جنمیں کوئی خصوصیت نہیں ہوتی۔ اور بعض عامیانہ قیاسات بھی اپنی ذات میں ایک خصوصیت رکھتے ہیں۔ بعض فنون کی بنیاد عام طبائع سے پڑی ہے۔ ان طبائع نے خداداد اظہار کیا ہے۔ جو عام اور بلا خصوصیت نہیں۔ اکثر موجد ایسے گذرے ہیں اور ایسے گذرینگے کہ جنمیں سے کوئی بھی کسی کالج یا مدرسۃ العلوم کا تعلیم یافتہ نہیں تھا۔ یورپ میں جہاں فن ایجاد اور اختراع کی فی زمانہ گرم بازاری ہے۔ بیسوں ایسے موجد موجود ہیں۔ جو کسی کالج کے تعلیم یافتہ اور ڈگری[1] یافتہ نہیں ہیں۔ لیکن ان کی ایجادات سے ان کی اپنی مر۔ بوم کیا ساری دنیا اسوقت مستفیض اور مستفید ہو رہی ہے۔ ایسے لوگوں کی دلچسپ سوانح عمریاں پڑھو اور پھر کہو کہ نہیں

[1] ایک حکیم نے اس سوال کی یوں تشریح کی ہے۔ کہ فن ایجاد میں عموماً وہی طبیعتیں کامیاب ہوتی ہیں۔ جو بالخصوص اپنی ذات میں ایک خاص رجحان پاتی ہیں۔ چونکہ اعلیٰ طبیعتیں ہمیشہ اعلےٰ مذاق رکھتی ہیں۔ جیسے فلاسفر اور علم الٰہیات کے عالم اسواسطے وہ اس طرف بہت کم توجہ کرتی ہیں۔ یا یہ کہ ان کی توجہ اور میلان ہمیشہ اصولی امور کی بابت ہوتا ہے۔ بایں لحاظ وہ اس کوچہ سے جان بوجھکر دور رہتے ہیں۔ اور عام طبائع میں سے چند خاص مذاق کی طبیعتیں ہی ایسے کام اپنے ذمہ لیتی ہیں۔ اکثر فنون کی شاخیں اور فروعات چونکہ عام طبائع کا کسب ہوتی ہیں۔ اسواسطے ہی اعلیٰ مذاق کے لوگ اُنسے ابتداہی میں کنارہ گزین ہونے لگتے ہیں۔ اگر وہ اس طرف رجوع کریں۔ تو اُنکے مذاق اور مساعی یا مشاغل علیا میں فرق آتا ہے۔ فن فوٹوگرافی (Photography) اور فن تصویر کشی یا فن موسیقی ایک اعلیٰ درجہ کے فن ہیں۔ لیکن سوائے صُولی دقیقہ کے کوئی فلاسفر بھی ان میں خاص مشق یا توجہ نہیں رکھتا۔ اگر یہ لوگ ایسا کریں بھی تو عام طبائع کے واسطے کوئی خاص شغل باقی نہیں رہتا۔ ۱۲

سے کون کون سے موجد گری یافتہ تھے۔

اکثر ایسا بھی ہوتا ہے۔ کہ عامیانہ قیاسات سے خاص طبیعتیں اپنے مذاق اور زور طبیعت کے مطابق نتائج اور حقائق کا استخراج کرتی ہیں۔ اور پھر انھیں بھی قیاسات خاصہ میں جگہ ملجاتی ہے۔

قیاسات خاصہ وہ ہیں۔ جو خاص طبائع ہی کا حصہ بخرہ ہیں۔ یا قیاسات عامہ میں سے منتخب ہو کر اُس سلسلہ میں شامل ہوگئے ہیں۔ اور اُنکی ذات میں وہ اجزای پائے جاتے ہیں۔ جو حقائق الامور کا اعلیٰ جزو ہیں۔ قیاسات خاصہ سے ایک اُصول اور ایک مسلمہ قائم ہو کر تشعیب علوم اور تفریع فنون وقتاً فوقتاً عمل میں آتی رہتی ہے۔

Mr. Rees goes on leave at the beginning of this month for the usual period of six months. This year he is the only member of the English Staff to go to England.

The congested state of the Boarding House will be relieved for the time as most of the Intermediate, and Entrance candidates go home after their examination. In a few weeks also the Fourth Year will have left. Then will begin the rush of those wishing to join the College, and it will go hard with us if we cannot speedily find new and improved accommodation.

There was a closed competition in tent-pegging for members of the Riding School on Sunday, April 22nd. Bashir Beg came out first, and Ibn-i-Ahmad, the Captain, was second. The latter, however, was handicapped five points, which proved just too many for him to make up. An open competition is to be held on Sunday, April 29th, and we hear that there will be many competitors.

The College Financial Year closed on March 31st last. The accounts are now being audited by Mr. Hamilton of Messrs. Lovelock and Lewis, Calcutta. It is expected that in spite of heavy losses in some departments—notably the Dining Hall—the balance-sheet will prove fairly satisfactory.

The Aligarh Monthly

May, 1906.

College Notes.

Mr. Archbold did not after all go to the Educational Conference at Dacca, and the College was represented by the Nawab Mohsin-ul-Mulk who has just returned from his tour.

Sir Arundel Arundel paid a visit to the College on Saturday, April 14th. He stayed with Mr. Archbold for the day and visited all parts of the College, shewing a great interest in the working of the different departments.

Mrs. Archbold was 'At Home' to the combined Staff of College and School on Wednesday, April 25th. All who could attend accepted Mrs. Archbold's kind invitation and those who went had a very pleasant time.

There have been some rather lively discussions at the Union lately over private business matters. Both sides would do well to remember that opposition in debates and in discussions is not necessarily personal, neither is it necessary to carry away from any meeting any feeling of anger towards the opposing side.

There seems to be a "depression in the building trade" so far as the College works are concerned. Very little pro-

علی گڈھ منتھلی

جلد ۴ | جون ۱۹۰۶ء | نمبر ۶

جمع حدیث

جس طرح قرآن کے جمع کرنے میں اُس کی ایک ایک سورہ ایک ایک آیت مختلف سینوں۔ مختلف مقامات مختلف اشخاص سے تلاش کرنی پڑی اسی طرح بلکہ اس سے بھی زیادہ حدیث کے جمع کرنے میں دشواریاں پیش آئیں۔

قرآن کو تو آنحضرت کی وفات کے دو ہی ایک سال بعد حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے جمع کرادیا۔ جس میں کسی کو شک کی گنجایش نہیں ہے کیونکہ اُس زمانہ کے تمام مسلمانوں نے بالاتفاق اُسکو کلام منزل کا پورا مجموعہ تسلیم کرلیا تھا۔ بعد میں اگرچہ ایک آدہ فرقہ نے اُس میں شکوک پیدا کئے لیکن اُنکے رکیک شکوک سے قرآن کے تواتر پر کوئی اثر نہیں پڑا۔ بلکہ جو فرقے قرآن کو نامکمل کہنے میں خاص طور پر ممتاز ہیں اُنکے علماء محققین نے خود اس سے اختلاف کیا ہے اور صاف صاف لکھدیا ہے کہ "یہی قرآن جو میں الانام رائج ہے بالکل مکمل ہے" جن لوگوں نے اس میں کمی کا دعویٰ کیا ہے وہ بلکہ میں اُس زیادتی کے پیش کرنے سے عاجز ہیں جسکو وہ مانتے ہیں۔ اسلئے اُن کا قول پایۂ اعتبار کو نہیں پہونچتا۔

بخلاف اسکے علم حدیث کی پوری تدوین دوسری اور تیسری صدی ہجری میں ہوئی۔ اور ایک یا دو صدی کا زمانہ مخترعین مذہب کے لئے کافی عرصہ تھا جس میں اُنھوں نے حدیثوں میں بہت زیادہ گڑبڑ پیدا کردی۔

حدیث کی ضرورت مسلمانوں کو اُسوقت پیش آئی جب قرآن کی تفسیر کے لئے اُنھوں نے اقوال نبی کی تلاش کرنی شروع کی۔ علاوہ بریں چونکہ فتوحات اسلامی کا دائرہ بہت وسیع ہوگیا تھا اسلئے مختلف ممالک میں جزیہ اور خراج وغیرہ کی تشخیص کے لئے بھی اُن کو سابقہ اسلامی فتوحات کے حالات دریافت کرنے کی ضرورت پڑی اس بنا پر مغازی وغیرہ کے اخبار اُسکے متعلق احادیث کے جستجو شروع ہوئی۔

قرن صحابہ میں احادیث نبوی مختلف لوگوں کے سینوں میں محفوظ تھیں۔ اور وہ لوگ اسلامی سلطنت کی وسعت کی وجہ سے مختلف ممالک میں پھیل گئے تھے اور جنکے پاس جو حدیثیں تھیں وہ اُسی مقام پر روایت کرتے تھے جہاں پر وہ ہوتے تھے۔ اسلئے طالبان حدیث نے مکہ۔ مدینہ بصرہ۔ کوفہ۔ رے۔ مصر۔ دمشق اور صنعا وغیرہ میں سفر کرنا شروع کیا۔ جسقدر حدیثیں سنتے اُن کو یاد کرتے۔ اور اپنے شاگردوں سے روایت کرتے۔ تدوین حدیث کا سلسلہ سنہ ۹۰ ہجری میں شروع ہوا۔ ابن جریج پہلا شخص ہے جسنے اس فن میں ایک کتاب لکھی لیکن وہ ضائع ہوگئی۔ اور اسلئے ہمارے لئے اُسکا وجود کالعدم ہے۔ اُسکے بعد امام مالک نے مؤطا لکھی۔ اسکا صحیح سن تالیف کیا تھا۔ یہ بتانا دشوار ہے لیکن چونکہ امام مالک کی وفات سنہ ۱۷۹ ہجری میں ہوئی اسلئے یہ کہا جاسکتا ہے کہ دوسری صدی کے نصف میں ان کی کتاب لکھی گئی۔

چونکہ اس زمانہ سے عہد نبوی بہت ہی قریب تھا اور دو تین سلسلہ سے آنحضرت تک سند پہونچ جاتا تھا اسلئے کوئی شک نہیں ہے کہ مؤطا بہت زیادہ قابل وثوق ہے۔ علاوہ بریں یہ کتاب خاص مدینہ ہی میں امام مالک نے لکھی جہاں کہ نبوت کا مرکز تھا اسلئے یہ بالکل قرین قیاس ہے کہ اُن کو صحیح احادیث جمع کرنے میں نسبتاً زیادہ موقع حاصل تھا۔

امام مالک حدیث کے جانچ پرتال میں ایک اعلیٰ ملکہ رکھتے تھے۔ اُن کی تحقیق میں صرف تین سو حدیثیں صحیح اُترتی ہیں[1]۔ امام ابو حنیفہ جو اُنکے معاصر تھے اُنھوں نے تو صرف ۱۷ حدیثوں کو صحیح کہا ہے[2] لیکن اسکے ساتھ ہی ہم یہ کہنے کی بھی اجازت چاہتے ہیں کہ امام ابو حنیفہ کو حدیثیں بہت کم ملیں۔ کیونکہ اُن کو فقہ میں ایسا توغل اور انہماک تھا کہ حدیث کی طرف بہت کم میلان باقی رہا تھا۔ اسلیے جہ سے انکا شمار محدثین میں نہیں ہے۔

مؤطا کے بعد دوسری کتاب معتبر علم حدیث میں بخاری ہے۔ جو امام المحدثین محمد ابن اسمٰعیل بخاری کی تصنیف ہے۔ ان کی وفات ۲۵۶ھ میں ہوئی اسلئے بخاری تیسری صدی ہجری کی تصنیف ہے۔ اسکے بعد مسلم بن الحجاج نیشاپوری نے جن کی وفات ۲۶۱ ہجری میں ہوئی مسلم کو تصنیف کیا یہ دونوں کتابیں صحت کے اعتبار سے اعلیٰ پایہ کی خیال کیجاتی ہیں۔ ان کی ترتیب ابواب فقہی پر ہے اور اہل سنت والجماعت بلکہ اور اسلامی فرقوں میں بھی اُن کو عام مقبولیت ہے۔ پھر ابو داؤد جس کی وفات بصرہ میں ۲۷۵ھ میں ہوئی۔ ترمذی متوفی ۲۷۹ ہجری نسائی جس کی وفات ۳۰۳ھ میں ہوئی دار قطنی نے جنے بغداد میں ۳۸۵ ہجری میں وفات پائی اپنی اپنی کتابیں لکھیں۔

الغرض صحاح ستہ یعنی بخاری۔ مسلم۔ ابو داؤد۔ ترمذی۔ نسائی اور ابن ماجہ تیسری صدی ہجری میں اور اُسکے بعد لکھی گئی ہیں۔ اور علم حدیث پر ۳۵ھ ہی سے آفت آنی شروع ہوگئی تھی یعنی حضرت عثمانؓ کے قتل ہونے کے بعد۔ کیونکہ جبتک وہ زندہ رہے اسوقت تک اسلام ایک مطمئن حالت میں تھا اور تمام مسلمان ایک ہی خیال اور ایک ہی جھنڈے کے نیچے تھے۔ اُنکے قتل ہونے کے بعد ہی حضرت علیؓ اور امیر معاویہ میں لڑائی شروع ہوگئی اور اسلامی طاقت کے دو ٹکڑے ہوگئے۔ اُسوقت سب سے اہم عنوان جو اسلامی دنیا میں زیر بحث تھا وہ خلافت کا مسئلہ تھا۔ چونکہ اسکے ساتھ بہت سے پولیٹکل مقاصد تھے۔ اسلئے اپنے اپنے گروہ کے حمایت کے لئے کذاب اور وضاع حدیث نے جھوٹ کے میدان میں زبان کے گھوڑے سرپٹ چھوڑ دئے

(۱) تمدن الاسلام ج ۳ (۲) تمدن الاسلام ج ۳

اہل طمع اور صاحب اغراض اپنی ضرورت کے وقت بلا خوف تردید مُن گھڑت حدیثیں پڑھ دیا کرتے تھے جس سے اُنکے دعوی کی تائید ہو جاتی تھی۔ اور جو اُنکا مخالف ہوتا تھا وہ حدیث نبوی سے انکار نہیں کر سکتا تھا۔ مہلب بن ابی صفرہ بہت سی حدیثیں گھڑا کرتا تھا جو مسلمانوں کے موافق اور خوارج کے خلاف ہوتی تھیں[1] لیکن باوجود اسکے وہ نہایت متقی پرہیزگار خیال کیا جاتا تھا۔ کیونکہ اسکو لوگ ایک قسم کا خدعۃ الحرب سمجھتے تھے۔ ایسے ہی اور بہت سے لوگ تھے جنکا کام ہی یہی تھا کہ حدیثیں وضع کیا کرتے تھے اور اُنسے مختلف اغراض پر دسترس حاصل کرتے تھے۔ اسکے ساتھ ہی وہ ناخدا ترس وہی حدیثیں اپنے شاگردوں سے روایت کرتے تھے اور سلسلہ بسلسلہ اُن کو رواج دیتے تھے۔

بہت سی ایسی باتیں تھیں جنسے حدیث گھڑنے والے اپنے کانشنس کی تسکین ہی کر لیتے تھے۔ مثلاً خلیفہ کی حمایت کو وہ کار ثواب سمجھتے تھے۔ اب حمایت میں اگر وہ جھوٹی حدیثیں بھی بنا لیتے تھے تو اُنکے خیال کو تسکین رہتی تھی کہ یہ بھی کار ثواب ہے۔ کیونکہ اُسکو دفع مصلحت آمیز سمجھتے تھے۔ جب خلیفہ مامون نے متعہ کو حلال کرنا چاہا تو علماء کے گروہ میں ایک کھل بل سی مچگئی۔ آخر لوگوں نے اُس کی حرمت میں حدیثیں وضع کر کے اُسکو سنا دیں جس سے وہ اپنے ارادہ سے باز رہا[2]۔

اسی طرح ایک عالم نے قرآن کی تلاوت اور اس کی سورتوں کے فضائل میں ہزاروں حدیثیں وضع کر ڈالیں جو کشاف تفسیروں اور خاصکر بیضاوی میں نقل کی گئی ہیں۔ اُس سے جب پوچھا گیا کہ تم نے حدیثوں کے وضع کرنے کی کیسے جرأت کی تو اُسنے کہا کہ میں نے دیکھا کہ لوگ قرآن کی تلاوت سے غافل ہو گئے ہیں اسلئے اُس کی طرف مائل کرنے کے لئے نیک نیتی سے یہ حدیثیں بنائیں۔

جھوٹی حدیثیں اور روایتیں گھڑنے والے یوں تو بہت تھے لیکن چار شخص ان میں سے

(۱) ابن خلکان ج ۲ ص ۱۴۶ (۲) ابن خلکان ج ۲ ص ۲۱۸

خصوصیت کے ساتھ مشہور ہیں۔ ابن ابی یحییٰ مدنی۔ واقدی بغدادی مقاتل ابن سلیمان خراسانی
ندبن سعید شامی[۱]۔ واقدی نے جس کی مشہور کتاب فتوح الشام ہے ۲۰۷ھ ہجری میں وفات
پائی۔ اس کی کتاب خرافات سے بھری پڑی ہے۔ اکثر ایسا ہوتا تھا کہ جھوٹے کذاب وضعان حدیث
مرتے وقت اسکا اقرار بھی کر دیا کرتے تھے۔ ابن ابی العوجا رکوفہ کا مشہور محدث تھا۔ ۱۹۳ھ
میں امیر محمد سلیمان نے اُسکے قتل کا حکم دیا جب اُسکو یقین ہوگیا کہ اب ضرور میری جان جائے گی تو
اُسنے کہا کہ میں نے چار ہزار حدیثیں وضع کی ہیں۔ حرام کو تم پر حلال کر دیا ہے اور حلال کو حرام
روزے کے دن افطار کرا دیا ہے۔ اور افطار کے دن روزہ رکھوا دیا ہے[۲]۔ اسی طرح احمد جوباری
ابن عکاشہ کرمانی۔ اور ابن تمیم فاریابی کی نسبت سہل نے لکھا ہے کہ انھوں نے دس ہزار
حدیثیں وضع کیں[۳]۔ انھیں وجوہات سے حدیثیں مختلف ہوگئیں۔ صحیح اور غیر صحیح روایت کا تمیز
کرنا دشوار ہوگیا۔ اور اسلام کے الگ الگ کئی فرقے ہوگئے۔ سنی اور شیعوں میں بیحد تغایر ہوگیا
ورنہ اسلام صرف ایک مذہب تھا۔ اُسکے تمام پیروؤں کو مذہبی حیثیت سے ایک ہی خیال کا
پابند ہونا چاہیئے تھا۔

جب یہ فتنہ بہت زیادہ بڑھ گیا تو محدثین کی ایک تحقیق طلب جماعت نے صحیح موضوع ضعیف
اور قوی روایتوں کے دریافت کرنے کے لئے اصول اور قواعد مقرر کئے۔ اور یہ ایک مستقل فن
ہوگیا جس کی متعدد شاخیں تھیں۔ اس میں حدیثوں کے درجے مقرر کئے۔ صحیح۔ حسن۔
ضعیف۔ منقطع۔ مرسل۔ شاذ۔ اور غریب وغیرہ وغیرہ کی تفریق کی گئی۔ اور اُنکے درجوں کا
تفاوت بیان کیا گیا۔ راویوں اور روایت کی تحقیق کی گئی[۴]۔ اس فن کا نام اصول حدیث ہے۔
چونکہ مسلمانوں کے دین اور دنیا کا مدار حدیثوں کے اوپر تھا اسلئے اُنھوں نے اسکی
چھان بین میں دل سے کوشش کی لیکن اُسوقت اس قسم کی تحقیق میں کامیاب ہونا آسان کام
نہ تھا۔ کیونکہ حدیث کی کتابیں نہیں لکھی گئی تھیں۔ اور نہ راویوں کے حالات مدون کئے گئے

---

(۱) ابن خلکان ص۱۱۳ ج ۲ (۲) ابن اثیر ص۳ (۳) تحذیر المسلمین ص۴ (۴) ابن خلدون ص۳۶۸ ج ۱

تھے جس سے اُنکے ضعف اور ثقاہت کا اندازہ ہوسکتا ۔

اسکے لئے اس بات کی بھی ضرورت محسوس ہوئی کہ محدثین اور اُنکے طبقے مقرر کئے جائیں چنانچہ اس طرح پر یہہ طبقے مقرر کئے گئے کہ پہلا طبقہ صحابہ کا تھا ۔ پھر تابعین اور پھر تبع تابعین کا اسکے بعد وہ علما جو درجہ اجتہاد کو پہونچے ہوئے تھے ۔ پھر وہ لوگ جو حدیث میں مشغول تھے ۔ پھر اصحاب جرح وتعدیل یعنی روایت اور رواۃ کے پرکھنے والے اور صحیح وضعیف میں تمیز کرنیوالے اُسکے بعد شارحین وغیرہ ۔ [1]

ان طبقات کے بیان کرنے کے لئے بہت سی کتابیں بھی لکھی گئیں جو کتب اسماء الرجال کے نام سے مشہور ہیں اور حدیث کے روایت کرنے کے لئے یہ شرط ضروری قرار دیگئی کہ اسناد مسلسل کے ساتھ روایت کی جائے ۔ مثلاً زید نے بکر سے سنا ۔ بکر نے خالد سے سنا اُس نے فلاں صحابی سے اور اُنھوں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے ۔ اس شرط کے لگانیسے وہ جھوٹ اور کذب کا غبار جو علم حدیث کے مطلع پر چھایا ہوا تھا بالکل صاف ہوگیا ۔ کیونکہ روایت بالاسناد میں ہر ایک راوی کی جانچ ہوتی ۔ اگر کوئی راوی درمیان میں مجہول ۔ یا ضعیف یا جھوٹا ہوتا تو وہ روایت قابل اعتبار نہیں مانی جاتی ۔

ہر ایک مقام کے محدثوں کا طریقہ اسناد بالکل جداگانہ تھا ۔ اہل حجاز کا طریقہ بنسبت اور ممالک کے سب سے اچھا اور بہتر خیال کیا جاتا تھا ۔ کیونکہ وہ لوگ عدالت اور ضبط کے اصُول کے بڑی سختی کے ساتھ پابند تھے ۔ علاوہ بریں انکے اسناد میں صحابہ کے بعد امام مالک تھے جو ہر طرح پر معتبر تسلیم کرلئے گئے تھے ۔

مسلمانوں نے سلسلہ اسناد کو روایت اور خبر کے لئے اسقدر مفید اور ضروری سمجھا کہ نہ صرف حدیث کے لئے اسکو مخصوص کیا بلکہ تواریخ اسماء رجال اور مغازی میں بھی اُسکو کام میں لاتے تھے ۔ کسی عالم کے تذکرہ میں اُسکے علم کا سلسلہ اسناد واضع علم یا کسی مشہور ۔

(۱) ایجاد العلوم ص۸۵

محدث تک پہونچانا ضروری خیال کیا جاتا تھا۔ مثلاً ابن خلکان فخرالدین خطیب کے حالات بیان کرتے ہوئے لکھتا ہے کہ اُنھوں نے علم اصول اپنے باپ ضیاءالدین اور اپنے دادا علی القاسم انصاری سے پڑھا اُنھوں نے امام الحرمین ابی المعالی سے اُنھوں نے اسحاق اسفرائنی سے اُنھوں نے ابوالحسن باہلی سے اُنھوں نے ابوالحسن الشعری سے اُنھوں نے ابی علی جبائی سے حاصل کیا۔ علیٰ ہذاالقیاس غرض اسی سلسلہ اسناد میں تمام حدیثیں جکڑی گئیں۔ اور اسکے بعد راویوں کی ثقاہت اور ضعف اور روایت کی کیفیت دیکھکر اُسپر حکم لگایا گیا کہ یہ صحیح ہے یا ضعیف۔ اس تنقید میں یحییٰ بن معین کی کوششیں خصوصیت کے ساتھ ممتاز ہیں۔ اسنے اس فن کے متعلق سو کتابیں لکھیں۔ اور تین لاکھ احادیث کی جانچ پرتال کرکے اُن پر صحت اور ضعف کا حکم لگایا۔ اُسکے بعد امام بخاری نے اُس سے بھی زیادہ سخت شرایط کے ساتھ تنقید کی۔ اور چھ لاکھ حدیثوں میں سے اپنی صحیح بخاری کا مجموعہ منتخب کیا[1]۔ جس میں کل تعداد احادیث کی مع مکررات کے ۹۲۰۰ ہے۔ اگر مکررات چھانٹ دیجائیں تو صرف چھ ہزار حدیثیں رہجاتی ہیں۔ گویا امام بخاری کی تنقید میں سو حدیثوں میں سے صرف ایک حدیث صحیح ثابت ہوئی۔ اس کی وجہ یہ تھی کہ اُنھوں نے ایسے سخت شرایط مقرر کئے ہیں جنکے مطابق وہی حدیثیں صحیح اتریں جو درصل صحیح ہونے کے قابل تھیں۔ یہی حال مسلم کا بھی ہے اُنھوں نے بھی قدم بقدم اُنھیں شرایط کی پیروی کی ہے جن کی امام بخاری نے کی ہے۔ اُنکا مجموعہ مسلم کی تین لاکھ حدیثوں سے منتخب ہے[2]۔

مسانید میں شرائط میں پوری سختی نہیں برتی گئی۔ اسی وجہ سے اُس میں صحیح و سقیم قوی و ضعیف ہر قسم کی روایتیں بھری ہوئی ہیں۔ مثلاً مسند امام احمد بن حنبل میں پچاس ہزار حدیثیں ہیں جو دس لاکھ سے چھانٹی گئی ہیں[3]۔

صحاح ستہ کے مکمل ہونے کے بعد اور لوگوں نے نہیں کتابوں سے حدیث کی دوسری کتابیں تصنیف کیں اسلئے اُن کی نسبت تقریباً وہی راے قائم ہوگی جو صحاح ستہ کی نسبت قائم ہوسکتی ہے

(۱) ابن خلکان ص۴۵۶ ج ۱ (۲) ابن خلکان ص۴۹۰ ج ۱ (۳) ابن خلدون ص۴۹۹ ج ۱

صحاح ستہ کی روایتیں اُن اصول اور شرائط کے مطابق جن کی رو سے وہ صحیح کہی گئی ہیں بالکل قابل تسلیم ہیں اور یہی وجہ ہے جس سے امت نے اُن کو مقبولیت کا درجہ دیا۔ اب کسی تحقیق کے لئے اگر کوئی بحث کی گنجایش ہوسکتی ہے تو صرف یہی کہ وہ اصول جن کی بنا پر ان کتابوں کی نسبت صحت کا حکم لگایا گیا ہے کہاں تک قابل تسلیم ہیں۔ چونکہ یہ بحث خود بہت وسیع ہے اسلئے اسکو دوسرے وقت پر محول کرتے ہیں۔

اسلم جراجپوری

لبرل ترکوں سے اہل ہند کا سلوک

مولوی محمد حسین خانصاحب کے مضمون "ترکوں کی معاشرت اور اُسکے نقاد" نے میرے پکّے پھوڑے کو ٹھیس لگادی۔ مہدی حسن صاحب کا معقول ریویو علی گڈھ منتھلی" میں اور مرزا محمد سعید صاحب کا پر دلائل ریویو مارچ ۱۹۰۶ء کے مخزن میں مینے پڑھا اور پڑھکے انہیں دعائے خیر دی، کیونکہ ریویو کے بہانے اُنھوں نے وہ خیالات ظاہر کئے ہیں جو محمد حسین صاحب کا بس چلے تو تازیانوں کی سزاؤں سے روکے جائیں۔ اس مضمون میں مجھے اُن خیالات کے متعلق عرض کرنا نہیں ہے جو محمد حسن صاحب اور مہدی حسن صاحب اور مرزا محمد سعید صاحب میں مایہ النزاع ہیں۔ میں اُس سلوک کے بارے میں جو "ترکوں کی معاشرت" کے مؤلف نے آزاد خیال ترکوں کے ساتھ کیا ہے، یہ چند سطریں لکھتا ہوں۔

ترکوں کی معاشرت جیسا دلآویز مضمون، جسکے لئے ہندوستانی پبلک ہمیشہ پیاسی رہتی ہے، ایسے پاک اور مقدس مضمون میں خیریت طلب، وطن پرست، محب ملت عثمانیوں کا، نوجوان ترکوں کا، (معاف کیجیگا یہ الفاظ میرے قلم سے بیساختہ نکل گئے مجھے کہنا چاہئے دریدہ دہن، کورنگ، دشمن قوم، ینگ ٹرکش پارٹی کا) آہ و نالہ اُن کی فریاد کا ذکر، اگرچہ وہ اس پارٹی کے ممبر کے ایک کتاب کے ہی ترجمہ میں کیوں نہو ضرور نظرانداز کر دینا چاہئے۔

سلطان المعظم کی نسبت تو انھوں (خلیل خالد) نے خاصکر اسقدر لغو، بے سر و پا خامہ فرسائی بعض موقعوں پر کی ہے، کہ میں نے ترجمہ میں اُس عبارت کو بالکل ترک کر دیا ہے، اور محض اس وجہ سے کہ اگر میں اُسے رہنے دیتا تو مجھے اُس کی تردید میں بہت سا عزیز وقت ضائع کرنا پڑتا۔"

"خالد خلیل نے جو دریدہ دہنی سلطان المعظم کے بارے میں کی ہے وہ کسی طرح بعض یورپین اخبارات کے خلاف واقعات مشہور درشت کلامی سے کم نہیں میرے نزدیک کسی مسلمان کی حمیت گوارا نہ کرے گی کہ اس قسم کے بے اصل، و بے بنیاد خیالات کی اشاعت میں وہ ذرا بھی حصہ لے۔

یہی سبب خالد خلیل کے بعض ریڈیکل پولیٹیکل خیالات کے متروک کرنیکا ہے۔ اس لئے اس قسم کی بحث سے میں اپنا بعید سے بعید تعلق بھی ظاہر کرنا نہیں چاہتا۔"

ان فقروں میں، مولوی محمد حسن صاحب نے اُن بے یار، بے مددگار لوگوں کی نسبت اپنی راے کا اظہار فرمایا ہے، جو جلاوطنی کی حالت میں اپنی مصیبت بھری عمریں کاٹ رہے ہیں اور کس لئے، کس جرم میں، اُنھوں نے کسی کو قتل نہیں کیا، کسی کا مال نہیں کھایا، رشوت نہیں لی، بلکہ اس بڑے جرم کے مرتکب ہوئے کہ اپنے وطن سے محبت ظاہر کی، مساوات حقوق چاہے وہ جرم جسکے گریبالڈی اور مدحت پاشا، وغیرہ مجرم تھے۔

وطن اور وہ بھی ٹرکی جیسا نمونۂ جنت وطن، آسانی سے نہیں چھوڑا جاتا۔ پھر کیا وجہ ہے کہ سلطان المعظم کے داماد اور بھتیجوں سے لیکر، عام آدمی تک قطار در قطار لوگ بھاگے جاتے ہیں۔ بچوں کو چھوڑتے ہیں، مال و املاک چھوڑتے ہیں۔ اور عالم غربت میں زندگی بسر کرتے ہیں، آخر کوئی تو وجہ ہے جو اس خود اختیاری جلاوطنی کی محرک ہے۔

مگر نہ محمد حسن صاحب، نہ اُنکے ہم خیال پبلک اسکا باعث دریافت کرنے کی طرف مائل ہے یہ فرض کر لیا گیا ہے کہ سلطان المعظم کے خلاف جو ذرا سی بھی بات کہے، وہ کشتنی اور گردن زدنی ہے۔ ہائے! محمد حسن صاحب کس شاہانہ نخوت اور دلربایانہ لاپروائی سے کہتے ہیں،

"اس قسم کی بحث سے میں اپنا بعید سے بعید تعلق بھی ظاہر کرنا نہیں چاہتا۔"

بجا ہے۔

کوئی مرتا ہے کیوں بلا جانے ؎ ہم بہو بیٹیاں یہ کیا جانے ؎

میں طویل بحث نہیں کرنی چاہتا، صرف اتنا کہنا چاہتا ہوں کہ، ازیں سو راندہ، وزاں سو درماندہ نوجوان ترکی پارٹی، جو سلطان المعظم کی معتوب، اور یوروپ کی سلطنتوں میں غیر مقبول ہے وہ اگر آپ بنظر غور ملاحظہ کرینگے، تو آپ دیکھیں گے کہ اُن الفاظ کی ہرگز مستوجب نہیں جو اُس کی شان میں استعمال کئے جاتے ہیں۔

خالد خلیل نے "دریدہ دہنی" نہیں کی۔ بلکہ ایک مظلوم، ایک تنگ آمد بجنگ آمد شخص نے اپنی پرحدت، پرغصہ اور پر رنج کہانی سنائی ہے۔

خالد خلیل، سلطان المعظم کو تعلیم نسواں کا سخت مخالف بتاتا ہے، اور اس سے آپ بہت برافروختہ ہوئے ہیں اور فرماتے ہیں۔

اس کی تردید میں، بجائے کسی طول طویل بحث کے، اسقدر کہنا کافی ہے سنہ ۱۹۰۹ء تک لڑکوں اور لڑکیوں کی تعلیم کے لئے سلطان المعظم کے حکم سے پچاس ہزار مدارس قائم ہو چکے تھے، اور اب تو اُن کی تعداد اور بھی زیادہ ہو گی۔"

بیچارہ خلیل! شعر مرا بمدرسہ کہ برد۔ اُسے کیا خبر تھی کہ اس کی کتاب ہندوستان میں ترجمہ ہو گی، اور وہاں۔ وہاں جہاں قرآن شریف پڑھ لینا تعلیم نسواں سمجھی جاتی ہے، وہاں جہاں قرآن شریف پڑھنے والیاں بھی ابھی خیر سے کم ہی ہیں، وہاں جہاں اخباروں میں بحث کرنا، تعلیم نسواں کے لئے سب سے بڑی کوشش کرتا ہے، وہاں جہاں ابھی یہی طے نہیں ہوا۔ کہ لڑکیوں کے مدرسے ہونے چاہئیں یا نہیں، اور ہونے چاہئیں تو ہستانیوں کے لئے یا لڑکیوں کے لئے۔ وہاں اُسے جھوٹا قرار دیا جائیگا۔ بیچارہ، تعلیم نسواں کے وہ معنی لیتا ہے جو ممالک متمدنہ میں لئے جاتے ہیں۔ اُسے اس سے انکار نہیں کہ ٹرکی میں لڑکیوں کے مدارس ہیں، مگر نہ ٹرکی

میں، نہ اور جگہ (سوائے ہندوستان کے) ان مدرسوں کی پڑھی لڑکیاں، تعلیم یافتہ لڑکیاں کہی جائینگی۔ ان لڑکیوں کو وہ خطاب ملیگا جو ہماری اُردو میں "خواندہ" کے لفظ سے مفہوم ہوتا ہی۔

محمد حسن صاحب، خالد خلیل کی کتاب کا چاہے پورا ترجمہ کریں، چاہے اُسکے اہم صفحات کو چھوڑ دیں، میں انھیں نہیں روکتا، صرف اتنی عرض کرتا ہوں کہ اسکے خیالات ہندوستانی پبلک پر ظاہر کئے بغیر اُسے گالیاں دیں۔

جب وہ "او راڈوٹیر وطن" معاملات ٹرکی کے اسپیشلسٹ ہیں، تو ازراہ کرم لبرل ترکوں پر یہ الزام تو نہ لگائیں کہ یہ لوگ یورپ کے مضمون لی ٹرکی سے ملّی بغض رکھتے ہیں۔

خالد خلیل نے تو صرف دس صفحوں میں سلطان کے خلاف (بقول جناب محمد حسن صاحب) لغو اور بے سر و پا نامہ فرسائی کی ہے، لیکن علی حیدر مدحت بک نے اپنے مظلوم باپ مرحوم "مدحت پاشا" کے حالات زندگی میں (۳۰۰) صفحوں میں جو رونا رویا ہی۔ اور سلطان حال سے داد خواہی کی ہی۔ کیا یہ بھی بے سر و پا ہی، یہ بھی لغو ہی؟ نہیں یہ بے سر و پا نہیں ہی۔ مگر اس فریاد کو ہندوستان میں نہ کوئی سنتا ہی، اور نہ سننے کی خواہش کرتا ہی۔ وہاں بیٹھے، بیٹھے، اہل ہند کو، تعلیم یافتہ ترکوں کا بسمل کی طرح تڑپنا سمجھ میں نہیں آتا اور کیسے آسکتا ہی۔ ؎

تو اے کبوتر بام حرم چہ میدانی طپیدن دلِ مرغاں ز رشتہ بریدا

میں کیا۔ ساری دنیا سلطان عبدالحمید خاں کی قابلیت کی معترف ہی، وہ اپنے طرز میں ملک کی بھلائی چاہتے ہیں، لیکن اپنی رائے سے جو بھر بھی مختلف رائے سننا گوارا نہیں کر سکتے۔ تاہم جہاں سیکڑوں خود مختارانہ، جابرانہ کاموں کے لئے انسے بازپرس ہوگی، وہاں حجاز ریلوے، جیسے عظیم الشان، مفید اسلام و اسلامیاں کام کے بانی ہونے کے لئے ایک بہت بڑے دربار سے (جو زمین پر نہیں ہوگا) انہیں انعام ملیگا اور شاید یہی ان کی نجات کا باعث ہو۔ اسلئے میں

چاہتا ہوں کہ اس نیک کام کے اختتام تک، بہادر، خوبصورت، مگر بدبخت عثمانیوں کے امور کی باگ انکے ہاتھوں میں رہی۔

اُسکے بعد، اگر خدا نے چاہا تو پھر دوبارہ مجلس مبعوثاں (پارلیمنٹ) کا افتتاح ہی۔ اور حریت پسند، اور مشورت دوست، فخر ملک نوجوان عثمانیوں کا دور دورہ! انشاءاللہ انشاءاللہ۔

سجاد حیدر

عہد قدیم
اور
جغرافیہ

جغرافیہ بھی منجملہ اُنھیں علوم کے ہی جو مسلمانوں نے دوسری قوموں سے لئے ہیں مسلمانوں میں یہ علم نوایجاد ہی۔ انھوں نے عجمیوں سے لیکر اسکو وسعت دی اور بہت خوبی سے اسکو کام میں لائے۔ ہم اسباب میں جامعیت کے طور پر اس بحث کی دو قسمیں کرتے ہیں۔

(۱) پہلی بحث میں جغرافیہ کے وہ حالات بیان کرتے ہیں جو اسلام سے قبل تھی۔

(۲) دوسری بحث میں وہ کیفیت جو اسلام کے عہد میں ہوئی۔

الجغرافیہ قبل الاسلام

جغرافیہ ایک علم ہی جس میں زمین کی صورت اُس کی سطحوں کے اقسام اُسکے باشندوں کی قسمیں اُس کی پیداوار اور محاصل وغیرہ اشیاء سے بحث کیجاتی ہی۔

یہ ایک یونانی لفظ ہی جسکے معنی ہیں (زمین کی صفت بیان کرنا) اس لفظ کا یونانی ہونا اس کی دلیل ہی کہ یہ یونانیوں کی ایجاد ہی۔ ورنہ درحقیقت یہ انسان کی جستجو کا نتیجہ ہی جو قدیم

زمانہ سے اس کی طبیعت میں ودیعت چلی آئی ہی جب سے روے زمین پر انسان کا وجود ہوا اُس کی یہ عادت رہی کہ زمین کے جس حصہ میں وہ جا کر رہا اُسکے علاقہ قرب وجوار اور آس پاس کے مقامات کی جستجو کرتا رہا اُسکے پہاڑ اُسکے دریا اُسکے جنگل اُس کی نہریں سب کی اُسنے چھان بین کی اور اُسکو اپنی زمین مسکونہ اور اُسکے علاقجات اور ملحقات میں آمد و رفت کی وجہ سے وقتاً فوقتاً ان اشیاء کا حال معلوم ہوتا رہا۔ پس انسان اپنی ابتدائی آبادی کے زمانہ میں دور دراز حصوں میں سے صرف اُنھیں مقامات کو جانتا تھا جو اُسکے شکار کھیلنے کے لئے یا اپنے ہمسایوں پر لوٹ مار کرنے کے لئے مخصوص تھے۔ یا جو اسی طرح سے دوسرے مقاصد کے واسطے اُس کی گذرگاہ بنے ہوئے تھے۔ غرضکہ روے زمین کا وہی حصہ اس کی معلومات کے حد فاصل رہا جس میں کہ وہ رہتا تھا یا تھوڑے بہت قرب وجوار کے وہ مقامات جس میں کسی غرض سے اُس کی آمد و شد جاری تھی۔ پھر اُسکی محدود معلومات اُسیقدر وسیع ہوتی گئی جسقدر اُسکے تعلقات اپنے ہمسایوں سے بڑھتے گئے اُس زمانہ میں جیسی جیسی حاجتیں اور تمدنی ضرورتیں پیش آتی گئیں اتنا ہی انسان اپنی معلومات میں ترقی کرتا رہا یہ تو ظاہر ہی کہ سب سے زیادہ کثیر المشاغل اور وسیع التعلق تجار کا گروہ ہی اس فرقہ کو اپنے ہمسایوں سے داد و ستد اور ایک شہر سے دوسرے شہر میں بلکہ ایک ملک سے دوسرے ملک میں سامان و اسباب لیجانے کی زیادہ ضرورت ہوتی ہی۔ جیسے فنیقین وغیرہ جو تمدن میں قدیم مانے جاتے ہیں۔ لیکن یہ کہ زمین کو باقاعدہ مخروطی شکل میں کسنے ظاہر کیا اور اُسکے خطوط کسنے نمایاں کئے اس کی نسبت کہا جاتا ہی کہ یہ باتیں اگلے زمانہ میں ہنود نے ایجاد کیں۔ مگر وہ فقط ممالک ہندوستان۔ فارس تبت اور جزیرہ سیلان ہی کو زمین خیال کرتے تھے اسلئے کہ وہ اپنے ممالک اور آس پاس کے شہروں کے سوا زمین کی دوسری سطحوں اور میدانوں سے محض ناواقف تھے۔ قوم اسرائیلین کا بھی یہی حال تھا کہ وہ بھی اپنی مسکونہ زمین اور اُسکے حوالی ہی کو روے زمین خیال کرتے تھے اسی لئے طوفان کے واقعہ کو اُنھوں نے عالمگیر بیان کیا ہی۔ حالانکہ اس میں بہت بڑا اختلاف ہی کوئی کہتا ہی کہ قاطبۃً ساری زمین پر طوفان محیط تھا کوئی کہتا ہی کہ نہیں زمین

کے ایک حصہ کو وہ لے ڈوبا تھا۔ بعض مورخ لوگ یہ بھی کہتے ہیں کہ طوفان ساری زمین کو محیط تھا۔ اور وہ توریت کی ایک آیت سے سند لاتے ہیں لیکن وہ اس بات کو نہیں سمجھے کہ طوفان نے جس زمین کو غرق آب کیا وہ صرف ملک شنعار اور اُسکے قرب جوار ہی کی زمین تھی۔ اس زمانہ کے لوگ صرف اُتنے ہی قطعہ کو روے زمین خیال کرتے تھے۔

بعض مورخین کا خیال ہے کہ حکماے مصر نے پہلے زمین کے اوصاف اُسکے لئے خطوں کا مقرر کرنا۔ نصف النہار کا خط یعنی خط استوا وغیرہ جغرافیہ کی باتیں نکالیں۔ یہی کہا جاتا ہے کہ جس چیز نے مصریوں کو ان باتوں پر آمادہ کیا وہ دریاے نیل کے بہاؤ اور اُسکے منبع کا دریافت کرنا ہے۔ لیکن یہ ایک ظنی اور تخمینی بات ہے کوئی محققانہ امر نہیں ہے۔

حقیقی بات اور جس کی دلیل واضح ہے وہ تو یہ ہی ہے کہ حضرت موسیٰ صاحب شریعت بنی اسرائیل نے پہلے زمین کی صفت بیان کی اُسکا جغرافیہ نکالا اور اپنے پانچ سفروں کی کیفیت بیان کرنے میں بہت سے مقامات کا ذکر کیا اور انسان کی ابتدائی آفرینش سے اپنے زمانہ تک (دس قرن قبل میلاد مسیح) کے حالات متعلق تمدن و تقسیم قبائل اور انسانوں کا شاخ در شاخ ہونا اور اسی طرح دوسری باتیں سب سے پہلے بتائیں۔ پھر اُسی (قرن دہم قبل میلاد مسیح) میں موسیٰ علیہ السلام کے بعد ہومیرس یونانی شاعر ہوا اُسنے زمین کے اوصاف بیان کئے اور اُسوقت میں جتنے ملک اور مقامات مشہور تھے سب کے حدود اربعہ بیان کئے۔ لیکن وہی ملک یونان اور اُسکے قرب و جوار کے ممالک۔ اُسکا یہ خیال تھا کہ یونان کے جزیرہ تمام روے زمین کے مرکز ہیں۔

حضرت موسیٰ کے جغرافیہ میں زمین کی حدود اربعہ یہ تھیں۔ حد شمالی کوہ قاف۔ حد جنوبی بحر عرب اور بحر احمر۔ حد شرقی ارض شنعار۔ حد غربی بحر روم اور مصر کے غربی حدود۔ ہومیروس کا جغرافیہ یہی یونان کے جزیرے اور بحر روم کے احاطہ کئے ہوئے سواحل تھے اُسکا خیال تھا کہ بحر اسود۔ دریاے نیل اور بحر متوسط نے زمین کے دو حصے کر دئے ہیں۔ شمالی اور جنوبی۔ ان دونوں حصوں کا حکیم انکسیمندرس نے اپنے زمانہ میں یورپ اور ایشیا

نام رکھا تھا۔ اور ہومیروس شاعر اُسوقت مشہور شہروں کا حال لکھتے ہوئے ان دونوں حصوں کو ایلیا اور اودسا کے نام سے یاد کرتا ہے۔

ہومیروس شاعر کے بعد ایک یونانی مشہور سیاح ہیروڈوٹس پانچویں صدی یا یوں کہو کہ پانچسو برس پہلے مسیح کے گذرا ہے اُسنے ممالک یورپ۔ ایشیا۔ اور افریقہ کی سیاحت کی اُس کی تاریخ مشہور ہے۔ ان ممالک کے تمام حالات تم اُس میں دیکھ سکتے ہو۔ انصاف یہ ہے کہ ہیروڈوٹس اگلے زمانہ کے سب مورخوں کا پیشوا ہے اُس کی راے میں زمین کے جغرافیای حالت یہ تھی۔ حد شمالی ملک روس جیسا اب ہے۔ حد جنوبی بحر الہند اور دریاے اوقیانوس استریلیا والا جسکو بحر محیط بھی کہتے ہیں۔ حد شرقی ممالک ہندوستان اور حد غربی مغربی یورپ اُسکا خیال تھا کہ یورپ ایشیا سے زیادہ وسیع ہے۔

اس سیاحت کے باب میں اُسکی تاریخ قابل ملاحظہ ہے۔ اچھی اچھی باتیں بیان کی ہیں۔ اگر تمہیں دیکھنا ہو تو یہ تاریخ دیکھو اُسی کے نام سے مشہور ہے۔ عربی زبان میں ترجمہ ہو کر چھپ گئی ہے۔ بعض لوگ کہتے ہیں کہ چوتھی صدی قبل مسیح سکندر اعظم اور ہیروڈوٹس بجغرافیہ میں زمانہ سابق کی نسبت ایک بہت بڑا انقلاب واقع ہوا یہ بھی بیان کرتے ہیں کہ ایک امیر سیاح قرطجنیہ کا رئیس جسکا نام حانون ہے۔ چند دلیر آدمیوں کے ساتھ کشتی میں سوار ہو کر افریقہ کے گرد پھرا اُسکے پیچھے پیچھے ایک یونانی حکیم بھی تھا جسکا نام اسکیلاس تھا۔ اس واقعہ کے پچاس برس بعد کندیا کے رہنے والے ایک شخص نے اپنا سفرنامہ لکھا جسکا نام اُسنے (رحلۃ حول الدنیا) رکھا یعنی دنیا کے گرد گھومنے کا سفرنامہ۔ یہ کتاب نابود ہو گئی نہیں ملتی۔ اسی طرح اور بھی کئی ایک ایسے لوگ گذرے ہیں لیکن اُن لوگوں میں سب سے افضل حکیم زنیفون تسلیم کیا جاتا ہے۔ جسنے سفرنامہ مذکور کا خلاصہ کیا۔ حکیم ارسطو فیلسوف یونانی اور اُسکے شاگردوں نے بھی اس قسم کی بحثیں کی ہیں۔ غرض یہ سب جغرافیہ ولادت مسیح سے قبل آغاز چوتھی صدی اور اواسط پانچویں صدی میں ایجاد ہوا ہے۔

پھر اسکندر فیلقوس مقدونیہ کا بادشاہ ظاہر ہوا۔ جسنے عالم میں نمایاں فتوحات حاصل کیں۔

اور بہت سے ایسے مقامات کا استکشاف کیا جنکو اسوقت تک کوئی نہیں جانتا تھا خصوص ممالک ہندوستان اور اقلیم فارس میں بلندی کے ملک۔ اُسوقت میں زمین کا جغرافیہ بہت کچھ وسیع پیمانہ پر قائم ہوا۔ پھر اسٹرابوں حکیم ظاہر ہوا اُسنے ایک کتاب لکھی جسکی تحقیقات اُس زمانہ میں قدیم زمانہ کی نسبت وسیع مانی جاتی ہے۔ غرض یکے بعد دیگرے زمین کی معلومات کا ذخیرہ ہر زمانہ میں وسیع ہوتا گیا اور پچھلوں کا جغرافیہ اگلوں سے بڑھ چڑھکر ہی رہا۔ پھر روما تہہ والوں کی سلطنت کا آغاز ہوا اور انکا اوج موج شروع ہوا۔ بہت سی سلطنتیں اور دور دراز کے ممالک انکے قبضۂ تصرف میں آئے اُسوقت زمین کے اور بھی بہت سے حصے منکشف ہوئے اور جغرافیہ کی تحقیق بخوبی عمل میں لائی گئی۔ رومانیہ میں بڑے بڑے فاضل صاحب کمال گذرے ہیں۔ جن میں بلتیاس۔ اور طاقیتس اور ایراتستینس اور مارین صور یہ والا یہ سب اعلیٰ درجے کے جغرافیہ داں اور اس فن کے حکیم تھے۔

ولادت مسیح کے بعد دوسری صدی میں حکیم بطلیموس اسکندری ظاہر ہوا۔ جو بہت سے مفید فنون کا موجد مانا جاتا ہے اُسنے اپنے زمانہ میں اگلے سب جغرافیہ دانوں سے بہت زیادہ اس فن کو ترقی دی اور بالآخر وہ اس فن میں افضل المصنفین تسلیم کیا گیا۔ اسکی لکھی ہوئی کتابیں جو ہم تک پہونچیں وہ موجود ہیں۔ ابتدائے اسلام میں اہل عرب نے اپنے وہاں جغرافیہ اسی کی کتابوں سے نقل کیا ہے۔ بطلیموس کا جغرافیہ اگلے تمام حکماء کے جغرافیہ سے اپنے باب میں ایک نئی طرز کا ممتاز جغرافیہ ہے۔ اسلئے کہ علم ریاضی۔ فلکی پر اُس کی بنیاد رکھی گئی ہے۔ اور خطوط درجات اور دقیقہ ایجاد کئے گئے ہیں۔

دنیا اسکے نزدیک اپنی کروی صورت میں گھومتی ہے۔ اور زمین اپنی مخروطی شکل میں ان حدود پر ہے۔ یورپ اور ایشیا کے جانب شمال ملک روس اور جنوب کی طرف ادقیانوس بحر ہند اور افریقہ کے وسط میں جبال قمر۔ مشرق کی طرف ہندوستان کی آخری حدود اور مغرب کی طرف بحر خزر یا بحر غربی۔ غرض یہ کہ بطلیموس کو زمین کا تہائی حصہ دریافت ہوا تھا۔ یورپ نصف ایشیا اور نصف افریقہ ان تین حصوں کے سوا اور ممالک مثل امریکہ اور اسٹریلیا اور دیگر جزائر بحر محیط کے اُسکی دریافت سے محض مخفی رہے اور وہ ان سب سے ناواقف رہا۔ اور یہ جو اوپر کے صفحات پر ایک واقعہ بیان کیا گیا ہے۔ کہ ایک

سیاح افریقہ کے گرد گھوما۔ یہ بات ہمارے خیال میں بے اصل ثابت ہوتی ہے۔ اُسوقت تمام افریقہ دریافت ہی نہیں ہوا تھا۔ بہرحال اسلام سے پہلے جغرافیہ کی حالت موجودہ یہ تھی جو بیان کیگئی۔

(۱) الجغرافیۃ فی الاسلام

اہل عرب جاہلیت کے زمانہ میں اپنی ہمعصر قوموں کا حال (سوائے اُن ممالک کے جہاں وہ تجارت کا سامان لیجایا کرتے تھے مثل ہندوستان۔ فارس۔ مصر شام وغیرہ کے) بہت کم جانتے تھے۔ پس وہ لوگ کسیقدر بلاد ہندوستان۔ فارس۔ شام۔ دیار مصر۔ حبشہ اور تمام سواحل بحر احمر ہی سے واقفیت رکھتے تھے۔ اور جزیرۂ عرب تو اُن کی بود و باش ہی کی جگہ تھی پھر جب اسلام ظاہر ہوا اور ممالک فتح ہوے اور اُن کو فارس۔ روم۔ سریان وغیرہ قوموں سے ملنے کا اتفاق ہوا اور اُنکے دریاے فتوحات کی موجیں دور دراز مقامات تک لہراتی دکھائی دینے لگیں اُسوقت اُنکے خلفانے دولت عباسیہ میں اگلی قوموں کے علوم برآمد کرنے میں سخت اہتمام کیا جیسا ہم پہلے بھی کہہ چکے ہیں۔ ابتدا ہی سے اُن کا یہ قاعدہ رہا کہ جو گانوں جو شہر جو ملک فتح کرتے تو اُسکی اور اُسکے حوالی کے جغرافیہ علوم و فنون۔ صنعت و حرفت زراعت۔ تجارت اور سب طرح کی معلومات سے واقفیت حاصل کر لیتے تھے۔ خصوصاً دولت عباسیہ نے تو ان باتوں میں ایک طوفانی سیلاب کی طرح فوری ترقی حاصل کی۔ خاصکر جن چیزوں نے اُن کو علم جغرافیہ کی طرف متوجہ کیا وہ یہ ہیں۔

اول۔ خلفاے راشدینؓ کے زمانہ میں فتوحات کی روز افزوں ترقی کے سبب سے ہی اُن کو مختلف بلاد مختلف ممالک آباد اور غیر آباد ممکن الزراعت اور غیر ممکن اور ندی نالہ پہاڑ جنگل وغیرہ اقسام زمین کی تقسیم اور اُسکے بندوبست کی طرف اضطراری طور پر متوجہ ہونا پڑا۔ اسلئے کہ شریعت اسلامیہ میں جو ملک بزور شمشیر فتح ہوں یا جو صلح اور امن کے ذریعہ سے حاصل ہوں اُنپر خراج۔ جزیہ۔ محصول۔ عشر قائم کرنے کے لئے اور نیز جو مال غنیمت ہاتھ آئے اُسکی تقسیم اور

عطاے جاگیر اور کورٹ کرنے کے متعلق جدا جدا انتظامی احکام ہیں۔

دوم۔ اُنکے دائرہ تجارت کا وسیع ہونا۔ ان کی تجارت ہمیشہ اُنکے فتوحات ملکی کے حدود سے گذر کر دور دراز مقامات تک پہونچتی رہی۔ اہل عرب تجارت میں غیر قوموں سے بہت آگے رہے ہیں۔ ان کی برابر کسی نے تجارت میں ترقی نہیں کی۔ قوم عرب دنیا کے تمام اطراف میں تجارت کرتی تھی۔ کوئی معمورہ اُن کی تجارت گاہ سے خالی نہ تھا۔ ان کی تجارت کی متعدد راہیں تھیں جو فاس اور طنجہ سے شروع ہو کر انتہاے ممالک اشیا تک پہونچی ہوتی تھیں۔ اُن میں یہ چار راستے مشہور ہیں۔ پہلا راستہ اندلس یعنی اسپین اور یورپ کے ملکوں میں ہوتا ہوا دریاے خزر اور بلخ اور بلاد تفرغز تک پہونچتا ہے اور دوسرا خط شمالی کو طے کرتا ہوا۔ افریقہ۔ مصر۔ شام۔ کوفہ بغداد۔ بصرہ۔ اہواز۔ فارس۔ کرمان۔ سند۔ ہند میں گذرتا ہے باقی اور دو راستے بحر روم کو عبور کرتے ہیں۔ ایک تو شام اور خلیج عجم میں ہو کر گذرتا ہے اور دوسرا اسکندریہ اور بحر احمر میں ہو کر اور یہ دونوں راستے بحر ہند میں آکر ملجاتے ہیں۔ بات ایک ہے خواہ یوں کہو کہ عرب کی تجارت جزائر اشیا میں گذرتی ہوئی مشرق کی جانب چین تک بڑھی اور شمال کی طرف وسط اشیا میں ہوتی ہوئی اراضی قبائل اور بلاد صقالبہ یعنی روسیا اور بلطین کے کناروں تک پہونچی۔ اور جنوب میں افریقہ شرقی کے کنارے کنارے کسکر تک پھیلی۔ اور مغرب میں سوڈان کے منتشر بیابانوں اور متفرق آبادیوں میں گذرتی ہوئی بحر اوقیانوس اطلانطک کے کنارہ تک گئی۔

سوم۔ اہل عرب کے فروغ تجارت کا ایک بڑا سبب ہر سال حج کے لئے جانا ہے ہمیشہ سے لوگ دنیا کے دور دراز مقامات سے حرمین میں آتے ہیں اور اوقات معینہ میں بغداد قاہرہ اور دمشق میں جمع ہو کر حجاز کو جاتے ہیں (ہندوستان کے لوگ بھی بمبئی میں جمع ہو کر جہاز کی سواری پر عرب کو پہونچتے ہیں۔)

چہارم۔ حصول علم کے لئے اُنکے سفر اور سیاحی کا آغاز عہد خلفاے بنی عباس میں ہوا پھر تو اُنھوں نے علم کے ذوق میں دنیا کو روند ڈالا۔ یہ چار سبب ایسے ہی ضروری تھے جنھوں نے

اہل عرب کو توسیع علم جغرافیہ پر برانگیختہ کیا اسلئے کہ ان مختلف حالتوں کے پیش آنے سے اُن کو قریوں شہروں - ملکوں اور ہر قسم کے رستوں کے جاننے کی حاجت ہوئی - سیکڑوں سفرنامے لکھے گئے - کسی نے تو فقط آباد شہروں کا حال لکھا کسی نے علماے یونان کی طرح عمدہ طور سے ہر شہر کا جغرافیہ لکھا - اُسکے درجے اور دقیقے مقرر کئے - ایک شہر سے دوسرے شہر تک کی مسافت وغیرہ تحریر کی - اُن لوگوں میں مشاہیر یہ لوگ ہیں -

ابن خرداذبہ - احمد بن واضح - جہانی - ابن فقیہ - ابوزید بلخی - ابو اسحٰق اصطخری - ابن حوقل - ابوعبداللہ بشاری - حسن بن محمد مہلبی - ابن ابی عون بغدادی - ابوعبید البکری - قزوینی - یاقوت رومی حموی - شمس الدین مقدسی - ابوالحسن - علی الہروی - شریف ادریس ابوالفدا - ابوالعباس - احمد سرخسی - علی بن حسین مسعودی - مراکشی - عبدالرشید ناگوری ابوالقاسم شیرازی - شیخ ازری اسفرائنی - شیخ تقی الدین مقریزی - کچھ ایسے ہوئے جنھوں نے جنگلوں اور چٹیل میدانوں کا حال لکھا - عرب کی عادات اور اُنکے اشعار لکھے - اس قسم کے حالات لکھنے والے عرب کے ادیب لوگ ہیں - جیسے اصمعی اور ابوعبیدہ اور ہمدانی وغیرہ فضلا اور کچھ لوگ سیاح ہیں جنھوں نے عالم کی سیاحت میں دنیا کی جہات ستہ چھان ڈالی ہر ایک خرد و کل کو دیکھا نرم زمین ہو یا سخت پہاڑوں یا جنگل دریاہوں یا ندی نالہ سب کی سیر اور کوہستانی قوموں کا معائنہ کیا ان سب کے حالات مع اُنکے الف اور عادات اور وہاں کی پیداوار اور محاصل وغیرہ قلم بند کئے جیسے ابن بطوطہ اور علامہ ابن خلدون وغیرہ - عنقریب اسکی تفصیل آئے گی -

غرض اس تمام تحقیقات کا نتیجہ یہ ہے کہ عرب نے علم جغرافیہ کو بڑی وسعت دی اور وہ اس میں بڑے صاحب کمال ہوئے اسکے لئے علاوہ دیگر علوم کے خاص خاص مدارس جاری کئے اور اس فن کو بڑی ترقی پر پہونچایا - اتنا ضرور ہے کہ ان کی تمام ہمت بنوع خاص بلاد اسلامیہ کے جغرافیہ میں ہی مصروف رہی - اسلئے کہ اُن کو یورپ کے ممالک کی سیاحت سے ہمیشہ انکار رہا - اور ان لوگوں کے میل جول کو وہ نفرت اور حقارت کی نگاہ سے دیکھتے رہے - اسلئے مسلمانوں

نے جب کبھی یورپ کا حال لکھا۔ اُس میں غلطی کی اگر خیال کیا جائے تو اہل اسلام اس باب میں قابل مواخذہ بھی نہیں ٹھہرتے۔ کیونکہ وہ ایک تو یورپ کی زبان نہیں جانتے تھے دوسرے یورپ تک پہونچنے اور اُنکے ساتھ میل جول کرنے میں اُن کو سیکڑوں دشواریاں حائل تھیں۔ مگر یہ کہ اہل عرب نے زمین کا طول اور عرض کیونکر معلوم کیا اُس کی حقیقت اُسی طرح پر ہی کہ جیسے اور علوم اُنھوں نے اہل یونان سے لئے تھے اور اُن علموں کو ترقی کے حال تک پہونچایا تھا اسی طرح اسکو بھی یونانیوں سے لیا اور بہت کچھ ترقی دی۔ مشرق سے مغرب تک زمین کی ہفت اقلیم پر تقسیم کی انکے خیال کے مطابق اقالیم سبعہ کی یہ تفصیل ہم علامہ ابن خلدون سے لیکر یہاں بیان کرتے ہیں۔ قاضی ابن خلدون نے زمین کو ہفت اقلیم پر تقسیم کر کے اس طرح بیان کیا ہی۔

اقلیم اول مشرق سے مغرب تک ٹھیک خط استوا کے نیچے واقع ہی جنوبی سمت خط استوا سے محدود اور معین ہوتی ہی۔ خط استوا کے جنوبی سمت اُدھر چٹیل میدانوں اور ریگستانوں کے سوا آبادی کا بہت کم خیال کیا جا سکتا ہی۔ شاید ہو۔ اسی طرح شمالی جانب خط استوا کی اُس سے متصل ہی۔ یکے بعد دیگرے دوسری۔ تیسری۔ چوتھی۔ پانچویں۔ چھٹی یہانتک کہ ساتویں اقلیم ہی۔ پھر ساتویں اقلیم کے اُدھر غیر آباد اور خالی میدانوں پہاڑ جنگلوں کے سوا کچھ نہیں ہی۔ یہانتک کہ یہ خالی میدان پہاڑ اور جنگل بحر محیط تک منتہی ہوتے ہیں۔ چنانچہ جنوبی سمت میں بھی یہی حال ہی صرف اتنا فرق ہی کہ غیر آباد زمین شمال کی جانب کم ہی اور جنوب کی طرف بہت زیادہ ہی۔ پھر ان اقلیموں میں رات دن کے گھٹنے بڑھنے کا سبب بھی دائرہ معدل النہار سے سورج کا ہٹ جانا اور قطب شمالی کا اپنے افق سے اونچا ہو جانا ہی۔ پس لیل و نہار کا قوس اسی سبب سے متفاوت ہوتا رہتا ہی۔

اور اقلیم اول کے اخیر حصہ میں دن کا اندازہ اُس حالت میں اپنی کمال درازی کو پہنچتا ہے جب سورج برج سرطان کے ٹھیک سر پر آجائے۔ اسی طرح شب کی درازی جب تمام ہوتی ہی

کہ آفتاب جدی کے سر پر پہونچے۔ ان دونوں حالتوں میں رات اور دن دونوں تیرہ تیرہ گھنٹوں کے ہوتے ہیں۔ ایسے ہی آخر اقلیم ثانی میں جانب شمال جب سرطان کے سر پر آئے (یہی گرمی کا موسم ہے) دن ساڑھے تیرہ گھنٹہ کا ہوتا ہے اور ایسے ہی پلٹتے وقت جب سورج جدی کے سر پر پہونچے (یہ جاڑوں کی فصل ہے) رات بڑھکر اسی مقدار پر ہوتی ہے۔

اب کم سے کم دن اور کم سے کم رات کے لئے ساڑھے تیرہ گھنٹوں میں سے اتنا ہی بچتا ہے جتنا چوبیس گھنٹوں رومانیہ میں سے مجموع لیل و نہار کے لئے باقی رہتا ہے یہ سال بھر میں آسمان کا پورا ایک دور ہوا۔

اسی طرح آخر اقلیم سوم میں جانب شمال دن اور رات دونوں موسموں میں زیادہ سے زیادہ چودہ گھنٹہ تک بڑھتے ہیں۔ اور آخر اقلیم چہارم میں ۱۴ گھنٹہ تک اور آخر اقلیم پنجم میں ۱۵ گھنٹہ تک اور آخر اقلیم ششم میں ۱۵ گھنٹہ تک اور آخر اقلیم ہفتم میں ۱۶ گھنٹہ تک بس یہاں آکر آبادی کی انتہا ہے۔ ساتوں اقالیم میں زیادہ سے زیادہ طول رات اور دن کا آدھا گھنٹہ ہے۔ ہر ایک اقلیم میں جنوب کے شروع سے شمال کے آخر تک اس بُعد کے حصوں کے مطابق رات اور دن بڑھتے رہتے ہیں اب ان اقالیم میں کمی کا حساب بھی اسی طرح لگایا جاسکتا ہے۔

یہ تو ہفت اقلیم کے طول کا بیان ہوا اب دیکھنا ہے کہ عرض کن سے عبارت ہے اور وہ کیونکر دریافت کیا جاسکتا ہے۔ یاد رکھو کہ عرض بلد کہتے ہیں اُس بعد کو جو سمت الراس بلد اور دائرہ معدل النہار (جو سمت راس خط استوا سے ہے) کے مابین واقع ہو۔ اس بعد کے ٹھیک اور برابر ہو جانے پر قطب جنوبی اس بلد کے افق سے پست ہو جاتا ہے اور قطب شمالی بلند ہو جاتا ہے اور یہ برابر کے تین ابعاد ہوتے ہیں جو ملکر ایک عرض بلد کہلاتا ہے۔

اہل عرب نے ان ہفتگانہ اقالیم سے ہر ایک اقلیم کے مشرق سے مغرب تک کے طول کو برابر برابر دس حصوں پر تقسیم کیا ہے اور اس اقلیم کے ہر ایک حصہ میں جو جو نامی قصبہ اور شہر پہاڑ ندیاں اور جو مسافت کے درمیان ہوتی تھیں بیان کیا ہے چنانچہ جب انھیں کسی خاص شہر یا پہاڑ یا ندی کا پتہ دینا ہوتا ہے تو

کہتے ہیں کہ فلاں شہر فلاں ندی فلاں پہاڑ فلاں اقلیم کے فلاں حصہ میں واقع ہے۔ پس مصر اُن کی تقسیم کے موافق اقلیم سوم کے چوتھے حصہ میں واقع ہے۔ ملک شام پانچویں حصہ میں اور آستانہ علیہ یعنی قسطنطنیہ اقلیم پنجم کے چوتھے حصہ میں ہے۔ غرض اسی طرح قیاس کر لو۔

حکیم بطلیموس جغرافی کا قول ہے کہ اہل عرب حکیم کلمبس کے زمانہ سے بہت پہلے ملک امریکہ دریافت کرنے کے لیے بحر اوقیانوس میں مدتوں گھومتے رہے ہیں اور جو کمیشن اس کام کے لئے روانہ ہوا تھا مغروریں کے نام سے مشہور ہے (یعنی دھوکا کھائے ہوئے) غرض اہل عرب نے بحر ہند اور بحر چین میں بہت مفید اور اچھی اچھی معلومات دریافت کئے۔ حکیم بطلیموس جغرافی کی یہ بھی رائے ہے کہ یورپ والوں نے جغرافیہ کے باب میں خطوط مخروطی کی رسم بیشک کتب اہل عرب کی تقلید سے حاصل کی ہے۔ اور وہ لوگ ضرور اسی راہ چلے ہیں۔ اچھا اب علمائے اسلام کے نام سنو جو علم جغرافیہ میں مشہور اور نامی گذرے ہیں۔

(۱) تیسری صدی ہجری کے اوسط میں ابوزید بلخی نے ایک کتاب لکھی جسکا نام تقویم البلدان ہے۔ اصطخری کا ماخذ یہی کتاب ہے۔ لیکن ہمیں یہ کتاب نہیں ملی۔ البتہ مسعودی نے کچھ اسے نقل کیا ہے۔

(۲) ابواسحق اصطخری کتاب المسالک والممالک کا مصنف ہے۔ چوتھی صدی کے آغاز میں کتاب اُسنے تالیف کی۔ لندن میں چھپ چکی ہے۔ خدیوی کتب خانہ میں موجود ہے۔ تیسری صدی کے پچھلے دنوں میں اصطخری شہر اصطخر میں (ملک فارس کا ایک شہر ہے) پیدا ہوا اور طلب علم کے لئے بہت سے ممالک اسلام میں سیاحت کی اور ہر جگہ کے حالات اپنے چشم دید لکھے۔

(۳) محمد الجہانی کتاب المسالک فی معرفت الممالک کا مصنف ہے۔ ۳۳۱ھ ہجری میں اُس کی وفات ہوئی۔

(۴) ابوالفرج بغدادی کتاب التذکرہ کا مصنف ہے ۳۳۵ھ میں اُسکی وفات ہوئی۔

(۵) ابن حوقل کتاب المسالک والممالک المفاوز والمہالک کا مصنف ہے اُسنے ۳۶۶ھ

میں یہ کتاب تالیف کی پھر یہ کتاب فارسی میں ترجمہ کی گئی اور پھر فارسی سے انگریزی میں ترجمہ ہوئی اس میں تمام بلاد اسلام کے متعلق حالات ہیں - دیگر ممالک کا بھی بوجہ الاجمال کچھ مذکور ہے -

(۶) شریف الادریسی فرانس والے اسکو جغرافی النبوۃ کے لقب سے یاد کرتے ہیں - اسنے بادشاہ روس روجر اول کے واسطے ایک کتاب ۵۴۸ھ میں تیار کی نزہۃ المشتاق اسکا نام رکھا - شاہ روجر کے حکم سے ایک چاندی کا کرہ بنایا اور اس کتاب میں اُس کرہ کو زمین فرض کرکے اُس کی شرح لکھی - اس کتاب میں شریف مذکور نے زمین کے ہر ایک حصہ کے نباتات کا بھی ذکر کیا ہے -

(۷) یاقوت الحموی بن عبداللہ اس شخص کا اصلی وطن روم ہے - حموی میں پیدا ہوا - بغداد میں عسکر کی شہاب الدین کے لقب سے پکارا جاتا ہے - چھٹپن میں روم سے گرفتار ہو کر ایک بغدادی سوداگر کے ہاتھ فروخت ہوا - اُسنے اسے لکھنا پڑھنا سکھایا اور یہ بڑا ذی کمال عالم فاضل ہوا - جغرافیہ کی طرف زیادہ توجہ کی اور اس فن میں بہ ترتیب حروف تہجی کے ایک کتاب لکھی جسکا نام معجم البلدان ہے - ملک البانیا شہر لیپزگ میں طبع ہو چکی ہے - چھ جلدوں میں تمام ہوئی ہے - ایک اور کتاب لکھی جسکا نام المشترک وضعاً والمتفرق صقعاً ہے یہ کتاب شہر جوتنجن میں ۱۸۴۶ء میں طبع ہوئی کتاب المبدؤ والمآل اور کتاب الدول اور مقتضب فی النسب اور سوانح عمری مبنی شاعر وغیرہ اسنے کتابیں تصنیف کیں -

(۸) بغوی آٹھویں ہجری کے علما سے ہے جغرافیہ میں ایک کتاب تصنیف کی جسکا نام عجائب المولی فی وضعہ رکھا -

(۹) خلیفہ مؤید من اللہ سلطان عماد الدین ابو الفدا - مورخ اسنے ۷۳۲ھ میں وفات پائی جغرافیہ میں اسکی تصنیفات سے ایک کتاب ہے جو تقویم البلدان کے نام سے مشہور ہے - تمام روے زمین کو پورے طور پر خطوط کھینچکر دکھا دیا ہے - باعتبار اقالیم جدولیں کھینچیں اور ہر ایک کے درجے اور دقیقے مقرر کئے - ممالک اور بلاد کا طول و عرض وغیرہ قائم کیا - معلومات جغرافیہ

ظاہر کیں۔ ملک شام کو بالتخصیص ایک طرز خاص کیساتھ بیان کیا۔ کیونکہ یہ ملک اسکا وطن تھا۔ یہ کتاب شہر پیرس دارالسلطنت فرانس میں ۱۸۴۰ء میں طبع ہوئی۔

جہاں ہم نے علم تاریخ میں بحث کی ہے ہم لکھ آئے ہیں کہ اہل عرب مورخین اور جغرافین میں خلط ملط کر دیتے ہیں۔ یا تاریخ اور جغرافیہ اُنکے نزدیک قریب قریب ایک سے ہیں۔ ایسا بہت کم ہے کہ کسی نے ان دونوں میں سے ایک کا بغیر دوسرے کے التزام کیا ہو۔ ہم دیکھتے ہیں کہ اکثر مورخ لوگوں نے جنکا ذکر اوپر ہو چکا بشمول تاریخ جغرافیہ کا بھی ذکر کیا اور جو ممالک مسلمانوں نے فتح کئے اُن کی تاریخ لکھتے وقت اُن کا جغرافیہ بھی اُسی میں درج کیا۔ جیسے مسعودی مروج الذہب کا مصنف اور واقدی۔ مقریزی۔ ابن الوردی وغیرہ۔ ہمنے یہاں ان لوگوں کا ذکر صرف جغرافیہ کے متعلق کیا ہے ورنہ یہ لوگ مورخ بھی ہیں۔ انھیں میں سے ایک قزوینی ہے جو کتاب آثار البلاد واخبار العباد کا مصنف ہے۔ اس کتاب کا ایک قلمی نسخہ شاہی کتب خانہ مصر میں موجود ہے ایک بیرونی ہے جسکی وفات ۴۳۳ ہجری میں ہوئی۔ کتاب آثار الباقیہ عن القرون الخالیہ کا یہ مصنف ہے یہ کتاب بمقام لیپزگ ۱۸۷۶ء میں طبع ہوئی۔ شمس الدین مقدسی احسن التقاسیم فی معرفۃ الاقالیم کا مصنف ہے یہ کتاب بھی ۱۸۷۶ء میں لندن میں چھپی۔

جغرافیہ میں بہت سے سفرنامے بھی داخل ہیں۔ مسلمانوں میں بہت لوگ ایسے گذرے ہیں جنھوں نے ملکوں اور شہروں کی سیاحت کی اور اپنے چشم دید حالات سے کتابیں تصنیف کیں۔

ایک ابن فضلان ہے جسنے تیسری صدی ہجری میں ملک افریقہ کا سفر اختیار کیا اور وہانکے حالات عمدہ طور پر قلم بند کئے۔ ایک بیرونی منجم ہے جو ہندوستان کا سیاح ہے پانچویں صدی ہجری میں اسنے ہندوستان کی سیاحت میں ایک کتاب مستقل لکھی۔ ابن بطوطہ سیاح نے ساتویں صدی ہجری میں ممالک افریقہ اور ہندوستان اور چین اور روس وغیرہ کی سیاحت کی ایک حسن بن محمد قرطبی ہے۔ جو اسد افریقی کے نام سے مشہور ہے۔

اسنے تمام افریقہ کا اور کسیقدر ایشیا کا سفر کیا یہ فاضل دسویں صدی ہجری میں گذرا ہے۔ انکے سوا اور بھی بہت سے علما ہیں جنکا اکثر ذکر بحث فلک اور علم تاریخ میں گذر چکا ہے۔

ازالہلال۔ مترجمہ

صفی الدولہ حسام الملک نواب سید محمد علی حسن خانصاحب

لال باغ۔ روڈ حضرتگنج لکھنؤ

الطوتمیہ

کیا گمراہی اور باطل پرستی زمانہ کے اجزا تحلیلی کا جزو اعظم نہیں کہی جاسکتی۔ اس سوال کے جواب میں ہمکو صحیح اور درست کہدینے پر جو چیز مجبور کرتی ہے وہ واقعات کی شہادت ہے۔ جو اس سوال پر روشنی ڈالکر یہ جواب دلاتی ہے۔ کیونکہ اگرچہ گذشتہ زمانہ سے قطع نظر کرلیا جائے مگر آج بھی جبکہ زمانہ تقلید سے دور ہے اور ہدایت عقل کے قدم بڑھا رہا ہے۔ ہمکو متمدن ممالک میں وہم اور قدامت پرستی کی بکثرت مثالیں ملتی ہیں جو سراسر خلاف عقل ہوتی ہیں۔

حقیقت میں جوہر انسانیت جسکی وجہ سے اشرف المخلوقات کا مستحق انسان ہوا اس میں وہ ملکہ تھا جو رطب و یابس کا مدرک اور خذ ما صفا دع ما کدر کی تعمیل کا محرک ہوا۔ ذیل میں جس مضمون پر ہم قلم اٹھانیوالے ہیں اس میں آپ دیکھ لینگے کہ اس بدنصیب قوم کی تمام تر جہالتوں کا پیش خیمہ یہی خیال ہوا کہ ہم ادل ترین خلائق ہیں یہانتک کہ گھاس پھوس اور ہم میں وہ نسبت ہے جو معبود و عبد میں ہوتی ہے؛ اردو خواں جماعت کے لئے یہ میدان بحث بالکل نیا منظر ہوگا گو عربی اور یورپین زبانیں اس معرکۃ الآرا موضوع سے خوب روشناس ہیں کیونکہ یورپ کے مشہور فلاسفر ہربرٹ اسپنسر اور ڈاکٹر مکلنیاں نے اس عجیب و غریب فرقہ کی متعلق جو تحقیقات کی ہیں انکو تنقید سے زیادہ مضبوط کر دیا ہے؛ عربی بھی ان کے تراجم سے خالی نہیں۔ وہو ہذا۔

امریکہ اور آسٹریلیا میں طوتمیہ کے نام سے ایک رسم خدا پرستی جاری ہے۔ طوتمیہ انکے

یہاں ایک مغز مفہوم کی محل تعبیر ہے یعنی وہ نباتات یا حیوانات جنکو انسان ادہا دھند اپنی اظہار عبودیت کے لئے خاص کرلے، جسکے ساتھ اپنے بنانے اور بگاڑنے کے تمام اعتقادات قائم کردے۔ اور سچے دل سے اُسکو کریم کارساز تسلیم کرلے۔ اور اُسکی تقدیس اور کلمہ گوئی کو اپنی فلاح وبہبود کا ذریعہ سمجھنے لگے۔

مذکورۂ بالا دو مقامات کے علاوہ دنیا کے ان بڑے حصوں میں بھی یہ جہالت پائی جاتی ہے افریقہ۔ چین۔ سیبریا خط استوا پر اور جزائر محیط میں۔ فرق یہ ہے کہ امریکہ میں زور شور ہے اور ان ممالک میں اتنا تسلط نہیں۔ خود آپ کا بنگال اس سے خالی نہیں مگر چونکہ یہاں والے اپنے خاندان کو اپنی طوتمیہ کے نام موسوم نہیں کرتے اسلئے اُن کی زیادہ شہرت نہیں۔

طوتمیہ کے کئی درجہ ہیں، بعض وہ ہیں جو ایک خاندان کے قبلہ نما ہیں جسپر اُسکے بڑے چھوٹے سب ایمان رکھتے ہیں۔ اور وہ تمام اعتقادات جسکی مقتضی معبودیت ہے اُس سے متعلق کردیتے ہیں۔ بعض وہ ہیں جنکی حکمرانی خدا کا جلوہ نہاں مانکر طبقہ ذکور وانات میں سے کسی ایک خاص جنس پر ہوتی ہے اور بعض وہ ہیں کہ نہ اُنکے زیر فرمان کوئی قبلہ ہے اور نہ کوئی نئی جنس بشر ہے۔ بلکہ صرف ایک پوجاری اُنکی قدرت اور ربوبیت کا مدعی ہے اور وہی اُنکی کُل کائنات ہے۔

مذہبی حیثیت میں اہل طوتمیہ نے اسقدر افراط وتفریط کو دخل دیا ہے کہ اُسکا نباہ ایک عسیر الحصول امر معلوم ہوتا ہے۔ طوتمیہ کی تعظیم وتکریم کو اُنھوں نے محدود نہیں رکھا یعنی یہ کہ اگر وہ نباتات ہیں تو اُنکے کاٹنے اور روندنے اور لکڑیوں کے جلانے سے پرہیز کیا جائے۔ اور اُن کی نشو ونما کی جگہ کو معزز اور واجب التعظیم بنا دیا جائے اور اگر حیوانات ہیں تو اُن کو ایذا نہ پہونچائی جائے۔ طرہ یہ ہے کہ وہ کہتے ہیں اپنی طوتمیہ کو چھو مت، نگاہ اُن پر نہ ڈالو، اور زبان سے نام مت لو، بلکہ علامات خاص خاص متعین کرلو۔ جن سے اُنکے متعلق اگر گفتگو کرنی ہو تو کرسکو۔ چنانچہ امریکہ میں دولارس کے ہنود کے چند قبیلے جو پانے کو بھیڑیے اور جنگلی مرغ وغیرہ وغیرہ کیطرف منسوب کرتے ہیں اپنے ادائے مطلب کیواسطے یہ اشارے مخصوص کرلئے ہیں کہ جب پہلی کو بتلانا ہوگا

توچکر دیکر زمین پر قدم رکھیں گے اور دوسرے کو بے چبلانے کھانیوالے کے اشارہ سے ذہن نشین کرینگے۔ اور جو قبائل ہرن اور ریچھ اور سانپ یا بچھو یا اور حشرات الارض کی خدائی کے قائل ہیں اُن کی بھی مفہوم ایسے ہی متعینہ اشاروں سے ادا کرتے ہیں۔

طوطمیہ کی قدرت کے بارہ میں جو عقیدہ اُنکا ہی اُسکا اندازہ اس مان دان سے ہوسکتا ہی کہ طوطمیہ کے خلاف عظمت کام کرنے کو وہ اپنی تباہیوں کا پیش خیمہ سمجھتے ہیں، اپنی عورتوں کا بانجھ ہوجانا انکا پاس ادب نہ رکھنے کی ادنیٰ سزا سمجھتے ہیں۔ انکا عقیدہ ہی کہ اگر کوئی اپنی طوطمیہ کو کھالیتا ہی تو اسکا انجام موت ہی، کیونکہ اس جرم کی پاداش میں طوطمیہ اُسکے جسم کے ساتھ قائم ہوجاتی ہی اور اُسکو مار کر دم لیتی ہی، اُن کو بھوک کی شدت میں مرنا دل سے بھلا معلوم ہوتا ہے بمقابلہ اسکے کہ وہ اپنی طوطمیہ کا لقمہ بنادیں، کیونکہ اُسوقت مرجانا ایک وقتی امر ہوگا مگر یقین کے ساتھ جب اسکا انتظار کرنا پڑیگا تو ایک بڑی مصیبت ہوگی جو انتظار ہی میں قبل از وقت جان لے لیگی۔

باوجود اس غضب اور جبروت کے رحم اور احسان کی صفتوں کے بھی علیٰ وجہ الاتم ان میں پائے جانے کے قائل ہیں۔ جسکا اکثر اپنے عقیدہ کے موافق وہ تجربہ کرتے رہتے ہیں۔ وہ قبائل جو سانپ بچھو اور بھیڑیے ایسے موذی جانوروں کو اپنا معبود مانتے ہیں اُنکا دعویٰ یہ ہی کہ ہمارا طوطمیہ ہمکو ضرر نہ پہونچائیگا، اس موقع پر عجیب بات وہ یہ دکھلاتے ہیں کہ سانپ بچھو کو اپنے بدن پر ڈال لیتے ہیں مگر اُن کو کوئی ایذا نہیں پہونچاتے۔ چنانچہ اگر کوئی نیا شخص دعویٰ کرتا ہی کہ ہمارا طوطمیہ انھیں میں سے کوئی ہی تو اُسکی آزمایش یہی ہوگی کہ اُسپر اُسی کے طوطمیہ کو بلا روک ٹوک ڈال دینگے اگر بچگیا تو سچا ورنہ جھوٹا سمجھا جائیگا۔ وہ کہتے ہیں کہ طوطمیہ کی بخشش یہی نہیں کہ وہ ہمیں گزند نہیں پہونچاتے۔ بلکہ ہم پر احسان بھی کرتے ہیں، اگر کوئی مصیبت ہم پر آنیوالی ہوتی ہی تو اشاروں کے ذریعہ سے وہ ہم کو پہلے ہی متنبہ کردیتے ہیں بلکہ بعض اوقات اُس آفت کو ٹال دیتے ہیں۔ اس عقیدہ سے اُنکے معبودوں کے عالم الغیب ہونے کا عقیدہ بھی حل ہوجاتا ہی۔

ان عقائد کے علاوہ جو خدا کے شایان شان ہونے چاہئیں،، قطع نظر اس سے کہ خدا کون فرض کیا جاتا ہے،، اُنکے یہاں بہت سے عقائد تعجب خیز ہیں؛ اس مذہب کا ہر گروہ جو اپنا معبود ایک شی سمجھتا ہے اور اُسی کی طرف وہ منسوب کیا جاتا ہے۔ اس نسبت کا اصلی راز یہ بتلاتا ہے کہ ہماری منتہائے نسل اس حیوان یا نبات پر ہوتی ہے اور اُسکے متعلق اپنے دعوی کے اثبات میں ہر فرقہ باپ دادا سے سُنی ہوئی ایک روایت کی نقل کرتا ہے۔ جس میں اُسکا ثبوت ہوتا ہے کہ ہم کیونکر نباتیت یا حیوانیت سے منتقل ہو کر انسانی قالب میں آئے۔ چنانچہ سلحفاۃ کا قبیلہ جو کچھوے کی طرف منسوب کیا جاتا ہے اُسکا بیان ہے کہ ایک موٹے کچھوے پر جب اسکی پیٹھ کی ٹھیکری بار گراں ہو گئی تو اُسنے اتار کر پھینک دی۔ رفتہ رفتہ اُسنے تبدیل ہیئت کر کے انسانی جامہ پہن لیا۔ اسی طرح ہر گروہ اُصول ارتقاء سے اپنا سلسلہ اپنے معبود کی طرف منتہی کر دیتا ہے۔ مذہبی اُصول کی صورت میں اُنکا ایک "مضحکہ طلب" ضابطہ یہ بھی ہے کہ اپنی شریک طوتمیہ عورت سے مرد اور مرد سے عورت نکاح نہ کرے کیونکہ یہ مناکحت مضر صحت ہے نیز اسکے ارتکاب سے انسان مستوجب عذاب الیم ہوتا ہے وجہ اسکی یہ بتلاتے ہیں کہ ایک طوتمیہ والے آپس میں بھائی بہن کی حیثیت رکھتے ہیں۔ اس مذہبی قید کی زنجیر کو توڑنا اُنکے نزدیک چونکہ بڑا جرم ہے اسلئے وہ اس بدویت پر کاربند ہوتے ہیں کہ دوسرے خاندانوں کی لڑکیاں زبردستی یا نیم رضا سے لیتے ہیں اور اُنسے نکاح کرتے ہیں۔ اس موقع پر اس خاص مسئلہ ممانعت ازدواج سے انکے مذہب کی حقانیت کا معیار جانچا جا سکتا ہے، مذہب کی حقانیت کا عظیم الشان پہلو یہ ہے کہ اگر اُسکے ایک ہاتھ میں دینی پابندی کا تازیانہ ہو تو دوسرے ہاتھ میں عیش دنیا کے جواز کا فتوی بھی ہو؛ اگر مذہب اسوقت ایک جابر کی صورت میں بے نیازی سے حکومت کرے تو دوسرے وقت ہمارے دل لبھانے والے دنیا کے کام دہندہوں میں رفاقت کے بھیس سے اُسکو مشورہ دینا چاہیئے۔ دین اور دنیا کے اُمور میں اعتدال سے زائد مقدار کو کام کی بات سے اس طرح ممتاز کر دینا اُسکا فرض ہے کہ دودھ کا دودھ پانی کا پانی نظر آنا ہو

لہذا دنیا کی نعمتوں اور عیشوں کی اگر روح رواں کوئی چیز کہی جاسکتی ہی تو وہ نعمت لائق بیوی ہی بی بی انسان کی عزت و حرمت والی زندگی کی انگشتری کا وہ خوشنما نگینہ ہی جس میں تمام دنیاوی خوبیوں اور عزتوں کے نقش کندہ ہیں، حتے کہ ناصح با اثر ہی تو بی بی، اور کسی چیز کا پر تو طبیعت انسانی بلا اقرار اگر ٹھنڈے دلسے قبول کرلیتی ہی تو وہ بیوی ہی کے خیالات اور اعمال کا پر تو ہی۔ جب یہ کیفیت ٹھہری تو اس معاملہ میں مذہب کی طرف سے سختی بجز چند شرعی رکاوٹوں کے جنسے خود طبع انسانی محترز رہنا پسند کرتی ہی۔ آزادی اور اختیار کا خون کرنا یہ مفہوم رکھتا ہی کہ مذہب کی وجہ سے عیش زندگانی منغص کردو جس سے سارا نظام عالم ایک لغو اور ناجائز کا خانہ ٹھہر جاتا ہی اور خالق کی خلاقیت پر حرف آتا ہی، مذہب حق جسکو عقل کے قدم بقدم ہونا چاہیئے کبھی یہ نہیں کہہ سکتا۔ اس مذہب کے عجیب و غریب اُصول کا ایک قضیہ یہ بھی ہی کہ اولاد کا نسبی تعلق ماں سے ہوتا ہی باپ سے نہیں۔ اسی وجہ سے انتقال طوطمیت میں لڑکا ماں کا طوطمیہ اختیار کرتا ہی۔

انکے یہاں عبادت کے اور کسی طریقہ کا پتہ نہیں چلتا جس سے یہ بھی قیاس ہوتا ہی کہ شاید یہی ان کی عبادت ہو کہ وہ اپنی طوطمیہ (معبود) کی تشبیہ صوری پیدا کریں خواہ اُسکی کھال پہنکر یا اور کسی صورت سے کہ دیکھنے والے کا خیال طوطمیہ کیطرف رجوع کرجاے۔ کھال یا کوئی ٹکڑا طوطمیہ کا پاس رکھنا ہر فرد بشر اپنا فرض اور باعث برکت سمجھتا ہی، چنانچہ کسی شخص کا بازو یا گلا اس تعویذ سے خالی نہیں ہوتا۔

اسی طرح پیدائش اور شادی کے موقع پر جو رسمیں انکے یہاں تبرکاً جاری ہیں وہ ہر ایک کی علیحدہ ہیں۔ قبیلہ غزال احمر کا دستور ہی کہ پیدائش کے وقت مولود کی پیٹھ پر اپنی طوطمیہ کی تصویر کھینچ دیتے ہیں۔ اسیطرح قبیلہ بنی ذئب میں بلند آواز سے طوطمیہ کا نام لیکر اُس کی طرف لڑکے کا انتساب کرتے ہیں۔ شادی کے دن قبیلہ کلب احمر والے جو جاوا میں آباد ہیں سرخ کتے کی خاک خوشبودار تیل میں تبرکاً ملا کر دولھن کے سر میں لگاتے ہیں۔ یہ استعمال انکے یہاں شب عروسی

میں جوئی اور عطر سہاگ کا حکم رکھتا ہی؛

جب کوئی طوتمیہ کسی قبیلہ کا مرجاتا ہی اور کوئی شخص اُسکو کہیں مرا ہوا دیکھتا ہی تو وہ تمام ابناء قوم کو جمع کرتا ہی سب اکھٹا ہو کر گریہ وزاری کرتے ہیں اور بعد فراغت کے اُسکو انسانی مُردوں کی طرح دفن کرتے ہیں بعض قبیلوں میں یہ بھی رسم ہی کہ اظہار حُزن وملال کی غرض سے اپنی پیشانی کو خون آلود کر لیتے ہیں۔ غرضکہ یہ تمام اصل معتقدات وارکان ہیں جسپر اس مذہب کی بنا ہی تفصیلی واقفیت پر اُصول العمران اور اُصولِ تمدن مصنفہ ہربرٹ اسپنسر سے روشنی پڑسکتی ہی؛

"قیاس کن زگلستانِ من بہار مرا"

جواد علیخاں۔ محمد پوری۔ طالب علم دارالعلوم

اودہ

نیچری مذہب

The trophy presented to the Football Club by Sardar Maharaj Singh, to be held as a perpetual Challenge Trophy by the winning team in the Football League, has arrived and has been handed over to the First Year team, who were winners of the competition this year. The trophy was designed and made by Messrs. Boseck & Co., Silversmiths of Calcutta, and reflects great credit on their workmanship. In shape it is a shield of dark walnut wood, about 21 inches by 16 inches, In the centre is a large silver medallion on which the College arms are chased. Above the medallion is a silver scroll, inscribed "Maharaj Singh Football Trophy" and round the edges of the shield are silver discs for the names of the winning teams. Altogether the trophy is a very handsome piece of property aad the Football Club should treasure it with great care.

The open Tent-Pegging Competition which was held on Sunday, April 29th, produced eight competitors, and there was quite a keen contest. Abbas Mirza eventually won; Abdus Samad being second and Mohammed-bin-Mahmood third. The last-named had very bad luck as he was really the most consistent performer. Fortnightly competitions for monthly "aggregate" prizes are now being held, and attract very fair entries.

On Thursday, May 3rd, Mrs. Archbold gave away the prizes for the year 1905 to the School and College students. It was announced at the same time that the prizes for 1906 would be given in the autumn probably in November. One of the prizes given was a silver medal of enormous size. It was given to commemorate his marriage by Asaf Zaman through the Football Club to the best Football player in 1906 and was won by Ali Raza Bilgrami.

Mrs. Archbold left Aligarh for Simla on the same evening. Mr. Rees left for England on Friday, May 4th. We wish him a pleasant holiday. During Mr. Rees' absence Mr. Ashcroft officiates as Head Master.

The Aligarh Monthly

June, 1906

College Notes

Up to the present time no contributions have been received in answer to our offer of a prize of Rs. 10 for the best article suitable for publication in this Magazine. The offer is repeated and it is hoped that aspirants for literary fame will send in their articles in good numbers.

As most people have known for some time, the College and School have been suffering from excessive numbers. The crisis is now upon us, and by various means the number of new entries is to be kept down. The new First Year will have to be about half the size of that of 1905, in which year there were one hundred and fifty admissions.

It may sound well to be able to say "we now have more than eight hundred in the College and School," but for those who have to teach and to arrange for the accomodation of these enormous numbers the question is neither very easy nor very pleasant. The students also are bound to suffer; they are more crowded in their living rooms, and in their classes they cannot get so much individual attention and hence cannot be so well taught.

Since our last issue building and repairing have been progressing quietly. Some little structural alterations, chiefly with regard to means of ventilation, are being completed in the kitchens and the Dinning Hall. The Musjid is nearer

علیگڈھ منتھلی

جلد ۴ | جولائی ۱۹۰۶ء | نمبر ۷

حسان بن ثابت رض

جو لوگ صحیح مذاق رکھتے ہیں اور جنھوں نے عربی اور نیز مختلف زبان کی شاعری کو غور سے دیکھا ہے اُنکے نزدیک یہ امر آفتاب سے بھی زیادہ روشن ہے کہ عربی شاعری درصل حقیقی شاعری ہے اور دنیا کی کوئی شاعری اُسکا مقابلہ نہیں کر سکتی۔ جس وجہ سے یہ خصوصیت عربی شاعری کو نصیب ہوئی ہے وہ یہ ہے کہ ہمیشہ حقیقی اور نیچرل جذبات کے اوپر اسکا دار مدار رہا۔ اہل عرب نے کبھی غیر فطرتی خیالات کو اپنی شاعری میں داخل نہیں ہونے دیا۔ جس چیز کا حقیقی احساس نہیں موجود ہوتا تھا اُسی پر شاعری کرتے تھے۔ اسی وجہ سے اُنکے اشعار اُنکے اندرونی احساس کی اصلی تصویریں ہوتی ہیں۔ دوسری وجہ یہ ہے کہ عربی شاعری کے مقاصد نہایت اعلیٰ اور ارفع ہیں۔ مثلاً شجاعت۔ استقلال۔ خودداری وغیرہ۔ جس سے اُنکی شاعری اُنکے لیے بجائے آب حیات کے ہے۔ جسکی بدولت اُنکے یہ بلند اور عمدہ خیالات اور اوصاف زندہ رہتے ہیں۔

ہماری اُردو شاعری میں اصلی اور فطرتی جذبات کا لحاظ نہیں کیا جاتا۔ تصنع کے ساتھ بعید از عقل اور غیر واقعی خیالات کے موزوں کر لینے کا نام شاعری رکھا گیا ہے اور عام لحاظ سے

اُسکا مقصد مجنون عامری کی سنت کو تازہ کرنا ہی۔ اس مقابلہ کے بعد یہ صاف ظاہر ہوتا ہی کہ جس نسبت سے عربی شاعری نیچرل ہی اور اُسکے مقاصد اعلیٰ وارفع ہیں اسی نسبت سے ہماری اردو شاعری اُن نیچرل اور اُسکے مقاصد پست اور ذلیل ہیں۔ نئی پودہ نے اُردو شاعری کی اس کمزوری کو محسوس کرکے ایک حد تک اُسکو نیچرل بنانے کی کوشش کی ہی لیکن افسوس یہ ہی کہ وہ اصلاح کے دعویدار خود جو نمونہ اُردو شعرا کے سامنے پیش کرتے ہیں وہ اُن عیوب سے پاک نہیں ہوتا جسکے وہ اصلاح کرنے کے خواہمند ہیں۔

اسلیے یہ صورت بہت زیادہ موزوں معلوم ہوتی ہی کہ جس شاعری کو ہم پسند کرتے ہیں اور اپنی شاعری کو اُسی کی خوبیوں میں دیکھنا چاہتے ہیں خود اُسی کے نمونے پیش کریں۔

چنانچہ اسی خیال سے عربی شعرا (جو ابتک ہمارے شعرا سے انٹروڈیوس نہیں کرائے گئے ہیں) اور اُن کی شاعری کو اپنے اہل ملک کے سامنے پیش کرنے کے لیے منتھلی میں سلسلہ جاری کیا جاتا ہی جسکی ابتدا ایمنا حسان بن ثابتؓ سے کیجاتی ہی۔ اس سلسلہ میں شعرا کے تاریخی حالات سے بہت کم بحث کیجائیگی بلکہ اُن کی شاعری کی کیفیت کسیقدر تفصیل کے ساتھ بیان کیجائے گی۔"

حسان بن ثابتؓ اُن شعرا میں سے ہیں جنہوں نے جاہلیت اور اسلام دونوں زمانے دیکھے اور جو طبقات شعرا میں مخضرمین کہے جاتے ہیں۔ ساٹھ برس کا زمانہ جاہلیت میں گذارا اور ساٹھ برس اسلام میں۔ ایکسو بیس سال کی عمر میں وفات پائی۔

یہ عرب کے چوٹی کے شعرا میں سے ہیں یعنی انکا بھی فحول میں شمار ہی۔ ابو عبیدہ کہتا ہی کہ اہل عرب اس بات پر متفق ہیں کہ شہر کے باشندوں میں سب سے اچھی شاعری اہل یثرب کی ہی اور اہل یثرب میں حسان کی شاعری سب سے ممتاز ہی اسلئے حسان بہ نسبت تمام شہری باشندوں کے اچھے شاعر تھے۔ لیکن صرف اپنے زمانہ کے حسان کا ابتدائی زمانہ حیرہ کے بادشاہوں کے دربار میں گذرا تھا جہاں نابغہ ذبیانی وغیرہ بڑے بڑے شاعر تھے اور جو عرب اولیٰ کی شاعری

کے لیے بہترین سوسائٹی تھی۔ کیونکہ عرب میں شعراء کی قدردانی حیرہ کے حکمرانوں سے زیادہ کسی نے نہیں کی۔ اور اسی وجہ سے اُنکے درباروں میں شعراء کا مجمع غفیر رہتا تھا۔

کسی شخص اور خاصکر شعراء کے مشہور ہونیکے لیے ایک خاص چانس اور موقع ہوتا ہی جو اکثر ملک اور قوم کے انقلاب کی حالت میں خوش قسمتوں کو نصیب ہوجاتا ہی۔ کیونکہ انقلاب سے طبیعت کا جوش بڑہجاتا ہی اور اُسپر جو اثرات پڑتے ہیں وہ چونکہ نئے ہوتے ہیں اسلئے زیادہ کارگر ہوتے ہیں۔

دنیا کی تاریخ میں آپ جس اعلےٰ پایہ کے شاعر کو دیکھینگے وہ ضرور کسی انقلابی زمانہ کا شاعر ہوگا ہومر کو دیکھیے اُسکی الیڈ پڑہنے سے معلوم ہوتا ہی کہ اُس کی شاعری کی اسٹیم وہی جوش ہی جو ملکی انقلاب نے اُس کی طبیعت کے اندر پیدا کردیا ہی۔ اسی طرح انگریزی کے وہ شعرا جو فرانس اور انگلستان کے جنگ کے زمانہ میں گذرے ہیں مثلاً بائرن۔ شیلی وغیرہ اُنکا ثانی پھر انگلستان پیدا نہیں کرسکا۔ شاہنامہ یا مہابھارت کی شاعری اگرچہ خود اُس زمانہ کی نہیں ہی جس میں انقلاب ہوا لیکن یہ ضرور ہی کہ اُن شعراء کے دلوں میں اس انقلاب کا حقیقی احساس موجود تھا۔ خود ہندوستان میں دیکھو مسلمانوں کے معمولی قومی انقلاب نے مولانا حالی کو اُردو شاعری کا آفتاب بنادیا۔

حقیقت یہ ہی کہ شاعر کی طبیعت جسقدر زیادہ متاثر ہوگی اُسیقدر اعلیٰ پایہ کی اُس کی شاعری ہوگی۔ یہ ناممکن ہی کہ بلا حقیقی احساس کے کوئی شخص محض اپنے کمال شاعری کیوجہ سے اپنے اشعار کو پُراثر بنالے۔

انقلاب کے زمانہ میں طبیعتوں کے سامنے نئے جذبات کا گلزار کھل جاتا ہی۔ اور جو خوش نصیب سب سے پہلے ان باغوں میں سے عمدہ عمدہ پھول چنکر گلدستے سجادیتا ہی وہی نام پاتا ہی اور دنیا اُسی کی قدر کرتی ہی۔

حسان بن ثابتؓ بھی اُنہیں خوش قسمت شعراء میں سے ہیں جنکی شاعری نے مذہبی ملکی قومی انقلاب کے زمانہ کو پایا اور عروج حاصل کیا۔

شاعری کے اصول و فروع میں انکو اسلام کے پیشتر ہی کمال حاصل ہو چکا تھا۔ لیکن اُن کے سمند شاعری کا بھی جولانگاہ وہی میدان تھا جو اُنکے دوسرے ہمعصروں کا تھا یعنی مفاخرت مدح۔ شجاعت وغیرہ۔

جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ میں ہجرت کر کے تشریف لائے تو یہ بھی مسلمان ہو گئے۔ چونکہ اُنکے دل میں آنحضرت اور اسلام کی سچی محبت تھی۔ اسلیے کفار آنحضرت کی ہجو کرتے تھے وہ اُنکے دل پر بیحد کارگر ہوتی تھی اسلیے اُسکے جواب میں جب یہ اشعار کہتے تھے تو اُن میں حقیقی اثر ہوتا تھا۔ اور وہ تیر اور نشتر سے بھی زیادہ کفار کے دلوں پر کارگر ہوتے تھے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خود فرمایا کرتے تھے کہ بہادروں کے نیزے اور خنجر اُسقدر کارگر کفاروں پر نہیں ہوتے جسقدر حسان کے شعر۔

حسان میں وہ ملکہ شاعری کا تمام و کمال موجود تھا جو انکو اس اہم کام یعنی کفار کی ہجو کے جواب کے لیے موزوں ثابت کرتا تھا۔ اسلام میں تین شعرا خصوصیت کے ساتھ اس امر میں ممتاز ہیں۔ کعب۔ عبداللہ بن رواحہ اور حسان۔ پہلے کعب نے آنحضرت سے اجازت چاہی میں کفار کی ہجو کا مقابلہ کرونگا لیکن آپ خاموش رہے پھر عبداللہ بن رواحہ نے عرض کیا اُنکو بھی آپنے کچھ جواب نہ دیا۔ جب حسان نے اجازت مانگی تو نہایت خوشی سے منظور کیا اور فرمایا کہ جاؤ ابوبکر (رضی اللہ عنہ) سے قدیمی حالات پوچھو اور جواب دو کیونکہ آپ جانتے تھے کہ بلاواقفیت کے اگر ہجو ہوئی تو وہ زیادہ اثر نہ کریگی۔ چنانچہ حسان نے یہی کیا۔ آخر جب حسان کے شعر مکہ میں پہونچے تو لوگوں کو یہ نہیں معلوم تھا کہ یہ کسکے شعر ہیں۔ قریش نے اُنکو سنکر کہا کہ کیا ابوبکرؓ نے یہانسے جانے کے بعد شاعری شروع کر دی ہے؟ اور جب اُنکو معلوم ہوا کہ یہ ابوبکر کے اشعار نہیں ہیں تو یقین نہیں کیا۔ بلکہ وہ کہتے رہے کہ اَنَّ ھذا الشتم عاب عنہم ابی قحافۃ (یہ ایسی ہجو ہے کہ ابوبکرؓ اسکی شرکت سے بری نہیں ہیں)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حسان کی تعریف میں ایک نہایت ہی بلیغ فقرہ فرمایا تھا کہ "حسان تیرے ساتھ روح القدس ہی"۔ روح القدس عام اصطلاح میں جبریل کو کہتے ہیں۔ لیکن نعوذ باللہ جبریل شاعر نہیں ہی۔ اور نہ انکا یہ فعل ہو سکتا ہی کہ کسی شاعر کی شرکت کریں۔ بلکہ اس سے وہ پاک روح مراد ہی جو حسان کی شاعری میں مضمر تھی۔ اور نیز یہ کہ حسان کے دل میں وہی باتیں القا ہوتی تھیں جو سچی ہوتی تھیں۔ اور اسی وجہ سے وہ کفار کے دلوں پر توپ کے گولہ کا کام کرتی تھیں۔

حسان اور کعب کفار کی ہجو کا تر کی بہ تر کی جواب دیتے تھے۔ یعنی جس طرح وہ مسلمانوں کے گڑے مردے اکھیڑتے تھے پرانے وقائع۔ ایام اور ماثر کی یاد دلا کر اُن کی ہجو اور برائیاں کرتے تھے اور اپنے مفاخر بیان کرتے تھے اسی طرح یہ دونوں بھی اُنکے وقائع اور ایام بیان کر کے اُنکو شرم دلاتے تھے۔

ہجو کے لفظ سے ہمارے اُردو داں اصحاب شاید یہ خیال کرینگے کہ اُن میں فحش کا بھی کچھ حصہ شریک تھا لیکن حاشا و کلا عرب میں ہجو نے وہ صورت اختیار نہیں کی جو اُردو کی ہجو نے اختیار کی اُنکے لئے بڑی ہجو یہی تھی کہ اُنکے ایسے کام بتلائے جائیں کہ جو اُنھوں نے ایمانداری یا سوسائٹی کے خلاف کیے ہوں۔ یا بہادری اور مہمان نوازی میں اُنسے قصور ہوا ہو۔ یا عصمت عفت اور عدۃ کی اُنھوں نے محافظت نہ کی ہو۔ یہی امور اُنکے لیے گالیوں سے بڑھکر تھے نہ کہ اُردو شعرا اور خاصکر سودا کی طرح وہ ہجو کرتے تھے کہ اُنکا ایک ایک شعر فحش ہی اور نقل کرتے ہوئے ہمارا قلم لرزتا ہی۔

بخلاف اُنکے عبداللہ بن رواحہ کفار کو اُنکے کفر سے عار دلاتے تھے۔ اور اُنکی بت پرستی اور حماقت پر مضحکہ اُڑاتے تھے۔ اسلیے اُن کی ہجو کا اُن پر زیادہ اثر نہیں پڑتا تھا۔ کیونکہ وہ اپنے دین کو سچا سمجھتے تھے۔ لیکن جب اسلام لا چکے تو اُنھیں کی ہجو یں زیادہ گراں گذرتی تھیں۔

حسان نے اسلام لانے سے پیشتر خود آنحضرت کی ہجو کی تھی۔ لیکن بعد میں کفار کی ہجو کا

جواب دیکر اپنے سابقہ جرم کی کافی تلافی کر لی۔ آنحضرت فرمایا کرتے تھے کہ عبداللہ بن رواحہ نے کفار کی ہجو کی۔ خوب کی۔ کعب نے ہجو کی۔ خوب کی۔ لیکن حسان نے ہجو کر کے میرے دل کو ٹھنڈا اور کفار کے دل کو گرم کر دیا۔

حسان نے خود اسی مضمون کو ایک نعتیہ قصیدہ میں اس طرح پر بیان کیا ہے۔

ھجوت محمداً فاجبت عنہ	و عند اللہ فی ذاک الجزاء
میں نے محمد کی ہجو کی۔ پھر کفار کی ہجو کا جواب دیا	اللہ اسکا مجکو اجر دے گا

اسی قصیدہ میں کہتے ہیں۔

فان ابی ووالدہ وعرضی	لعرض محمد منکم وقاء
میرے باپ دادا اور میری آبرو	تم لوگوں سے محمد کی آبرو کی نگہبان ہیں

آنحضرت کے حسن صورت کی تعریف میں کہتے ہیں۔

کانک قد خلقت کما تشاء

گویا تم اپنے حسب منشا پیدا کیے گئے

کیا اس سے زیادہ موزوں الفاظ حسن صورت کی تعریف میں مل سکتے ہیں؟ بخلاف اسکے ہمارے شعراء کہیں آفتاب کو آسمان سے اتار لینگے کہیں ماہتاب سے سجدہ کرائینگے۔

حسان نے گو قریش اور نیز بنی ہاشم کے بعض بعض افراد کی ہجو کی ہے لیکن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور انکے متعلقین کو اس طرح اس سے بچایا ہے کہ ان کی طرف خیال بھی نہیں جاتا چنانچہ ابوسفیان کے ہجو میں جو بنی ہاشم کے بہت بڑے سردار اور آنحضرت کے سخت دشمن تھے۔ کہتے ہیں۔

وانت ھجین نبیط فی آلِ ھاشم	کما نبیط خلف الراکب القدح الغرد
تو ذلیل ہے اور تیرا تعلق بنی ہاشم کے ساتھ ایسا ہی ہے	جس طرح سوار کے پیچھے اونی مشکیزہ لٹکا دیتے ہیں

آنحضرت سے جب انھوں نے کفار قریش کی ہجو کی اجازت چاہی تھی اسوقت آپنے فرمایا تھا

کہ آخر میں بھی تو بنی ہاشم میں سے ہوں۔ حسان نے کہا کہ آپ کو میں اس طرح بچاؤنگا جس طرح خمیر سے بال کو صاف کھینچ لیتے ہیں اور یہ اُن کے شاعری پر کمال قدرت کی دلیل تھی۔ آخر ایسا ہی نباہا۔

آنحضرت اُنکے اشعار نہایت دلچسپی سے سنا کرتے تھے۔ ایک مرتبہ آپ کسی سفر میں جارہے تھے۔ رستہ میں حسان کو حکم دیا کہ تم اپنی سواری میرے قریب لاؤ۔ حسان قریب گئے اور اشعار سنانے لگے۔ آنحضرت نہایت غور سے سنتے جاتے تھے۔ یہانتک کہ آپ کی سواری بالکل اُن کی سواری سے ملگئی اور جب حسان سنا کر فارغ ہوئے تو فرمایا کہ واللہ یہ اشعار کفار پر تیر سے بھی زیادہ کارگر ہیں۔

آنحضرت کی وفات کے بعد مسجد نبوی میں حسان ایک مرتبہ اپنا نعتیہ قصیدہ نہایت جوش کے ساتھ پڑھ رہے تھے۔ حضرت عمرؓ نے منع فرمایا اور ڈانٹا انھوں نے کہا کہ میں اُس شخص کے زمانہ میں بھی یوں ہی پڑھا کرتا تھا جو آپ سے بہتر تھا۔ یعنی آنحضرت۔ حضرت عمر نے یہ سنکر اجازت دیدی۔

حسان کے اشعار ایک حیثیت سے مذہبی اشعار تھے اسوجہ سے صحابہ بھی اُسکی بڑی عظمت کرتے تھے اور نہایت غور سے سنتے تھے۔ ایک بار ایک مجلس میں وہ اپنے اشعار سنا رہے تھے سننے والے بہت زیادہ ملتفت نہ تھے۔ حضرت زبیرؓ کا اُدھر سے گذر ہوا وہ لوگوں پر خفا ہوے اور کہا کہ واللہ یہ وہ اشعار ہیں جنکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم غور سے سنا کرتے تھے۔

حسان نے فی البدیہ کہا۔

اقام علی عہد النبی وھدیہ	حواریہ والقول بالفعل اعدل
نبی کے پیمان اور ہدایت پر قائم رہا	اُنکا حواری (زبیر) اور اُسکا قول و فعل ایکساں ہے

آخر میں کہتے ہیں۔

فما مثلہ فیھم ولا کان قبلہ	ولیس یکون الدھر مادام یذبل
نہ اُسکا نظیر لوگوں میں ہے اور نہ پہلے تھا	اور نہ آیندہ ہوگا جبتک کہ زمانہ گذرتا جائیگا

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نعت میں حسان کے قصیدے پڑھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ

کسقدر صحیح اور سچی تعریف وہ کرتے ہیں ایک قصیدہ میں کہتے ہیں۔

شھدت باذن اللہ ان محمداً رسول الذی فوق السموات من عل

میں خدا کے حکم سے گواہی دیتا ہوں کہ محمد اُس خدا کے رسول ہیں جو آسمانوں پر ہے

آگے چلکر کہتے ہیں۔

وان اخا الاحقاف اذ یعذلونہ بقوم بدین اللہ فیھم فیعدل

جب اہل بادیہ اُسکو ملامت کرتے ہیں تو خدا کے پیچے مذہب کے رو سے عدل کرتا ہے

ایک دوسرے قصیدہ میں لکھتے ہیں۔

وابیض یستسقی الغمام بوجھہ ثمال الیتامیٰ عصمۃ الارامل

وہ گورے رنگ کا ہے جسکی برکت سے باران طلب کیجاتی ہے یتیموں کا ملجا اور بیواؤں کی عصمت ہے

ان اشعار سے کیسی سچی اور حقیقی خوبی آنحضرت کی معلوم ہوتی ہے بخلاف اسکے ہمارے اُردو اور فارسی کے شعرا کے نعتیہ قصیدے دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ کسقدر بعید از عقل اور سراسر فرضی خیالات اور اوصاف آنحضرت کی طرف منسوب کرتے ہیں۔ جس سے سالت کی خوبی کا کوئی اثر سامع کے اوپر نہیں پڑ سکتا۔ بڑا غضب تو یہ ہے کہ آنحضرت کا تو یہ قول ہو کہ مجھکو کسی گذشتہ نبی پر فضیلت نہ دو۔ اور یہ نہ کہو کہ میں ادریس بن متی سے بہتر ہوں۔ اور ہمارے شعرا آپ کی تعریف میں ملائکہ اور اولوالعزم رسولوں کی علانیہ تحقیر کریں۔

شہیدی صاحب فرماتے ہیں۔

شب و روز اُسکے صاحبزادوں کا گہوارہ جناں تھا عجب ڈھب کا تھا روح الامیں کو بھی خوشامد کا

اس غلو کی کوئی انتہا ہے کہ جبریل کو خوشامدی کہے جائیں اور اُن کی وہ ڈیوٹی ہو جو کہلائیونکی ہوتی ہے۔ نعوذ باللہ مولانا جامی صاحب کی گہر ریزی ملاحظہ ہو۔

بہار و نیش خضر و موسےٰ دواں مسیحا چہ گویم بمرکب رواں

خضر اور موسیٰ علیہما السلام چوبدار ہوئے اور حضرت عیسےٰ بال گیر۔ کیا موسےٰ اور عیسےٰ

جو اُن انبیا میں سے ہیں جن کی نسبت قرآن میں یہ حکم ہے "فبھدٰھم اقتدہ" (اُنھیں کی ہدایت کی پیروی کرو) اسی عزت کے مستحق ہیں جو مولانا جامی سے اُن کو عطا فرمائی ہے؟ افسوس تو یہ ہے کہ شاعر خود بھی اپنے دل میں انکی رسالت کا اعتقاد رکھتا ہے لیکن مجبور ہے کہ ایشیائی شاعری اسی ڈھب پر واقع ہوئی ہے۔ ادنیٰ رئیس کی تعریف میں دارا اور اسکندر اُسکے غلام بنائے جاتے ہیں۔ ارسطو اور افلاطوں اُسکے سامنے جاہل مطلق کا خطاب پاتے ہیں۔ اسلیے ایک حد تک ایسی باتوں کی ہماری سوسائٹی مجرم ہے نہ کہ جامی اور شہیدی وغیرہ۔

جس طرح حسان مدح میں حقیقت اور واقعیت سے تجاوز نہیں کرتے اُسی طرح ہجو میں بھی وہ جھوٹ۔ مبالغہ اور غلو سے پرہیز کرتے ہیں۔ جنگ بدر میں حارث بن ہشام جو کفار میں سے ایک سردار تھا اپنے بھائی ابوجہل ابن ہشام اور دوسرے قبیلہ والوں کو لڑتا ہوا چھوڑ کر بھاگ گیا عرب کے نزدیک اس سے بڑھکر اور کیا عار اور ننگ ہو سکتی ہے۔ حسان اپنے ایک قصیدہ میں اس طرح پر اُسکو شرم دلاتے ہیں۔

ان کنت کاذبۃ الذی حدثتنی — فنجوت منجی الحارث بن ھشام

جو کچھ تو نے مجھسے بیان کیا اگر وہ جھوٹ ہے — تو حارث بن ہشام کی طرح تو بھی نجات پائے

یعنی یہ بد دعا دیتے ہیں کہ تجکو بھی مقابلہ سے فرار کر جانے کی بیعزتی نصیب ہو جس طرح حارث بن ہشام کو ہوئی۔

ایک مرتبہ حارث بن عوف رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے کہ آپ چند مسلمانوں کو میرے ہمراہ کر دیجئے کہ وہ میرے پڑوسی قبائل کو اسلام کی دعوت دیں میں اُنکی مدد کرونگا۔ آنحضرت نے ایک انصاری کو اُنکے ہمراہ کر دیا۔ حارث بن عوف کے قبیلہ نے بیوفائی کی اور اُس انصاری کو قتل کر ڈالا۔ اُسکے بعد حارث آنحضرت کے پاس آئے اور معذرت کرنے لگے۔ حسان بھی پہونچگئے۔ اور اُس کی ہجو میں یہ قصیدہ پڑھنا شروع کیا۔

یا حار من یغدر بذمۃ جارہٖ ۔۔۔ صنکم فان محمداً لم یغدر

اے حارث جو لوگ بیوفائی کرتے ہیں اپنے پڑوسی سے وہ تم ہو اور محمد صلعم بیوفائی نہیں کرتے

ان تغدروا فالغدر منکم شیمۃ ۔۔۔ والغدر مینت فی اصول السکنخر[1]

اگر تم بیوفائی کرتے ہو تو وہ تمہارا شیوہ ہے ۔۔۔ اور بیوفائی بدگوہری سے پیدا ہوتی ہے

حارث نے یہ سنکر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا اللہ مجکو اس ..... سے بچائیے۔ یہ تو اپنے اشعار سے دریا میں طوفان پیدا کر سکتا ہے۔

حسان نابغہ ذبیانی کے پاس گئے۔ خنسار عرب کی مشہور شاعرہ اُسوقت نابغہ کو اپنے اشعار سنا کر اُسکے پاس سے جا رہی تھی۔ حسان نے بھی اپنے کئی قصیدے سنائے۔ نابغہ نے کہا واللہ انک لشاعر وان اخت بنی سلیم لبکاءۃ خدا کی قسم حسان تو شاعر ہے اور بنی سلیم کی بہن (خنسار) حد درجہ رونے والی ہے یعنی مرثیہ گو ہے)

ایک بار حسان کہیں اپنے اشعار سنا رہے تھے حطیئہ جو عرب میں ایک اعلےٰ پایہ کا شاعر اور مشہور ہجو گو گذرا ہے غور سے کھڑا ہو کر اُنکے اشعار سن رہا تھا۔ حسان کو یہ نہیں معلوم تھا کہ وہ حطیئہ ہے۔ پوچھا کہ کیوں یہ اشعار کیسے ہیں۔ کہا ایسے بُرے نہیں۔ حسان کو یہ جواب نہایت تلخ معلوم ہوا۔ کہا اس بڈھے کو دیکھتے ہو۔ پھر اُس سے اسکا نام پوچھا اُسنے کہا حطیئہ حسان نے فوراً سلام کیا اور کہا اللہ اکبر یہ فخر مجکو نصیب ہوا کہ حطیئہ میرے اشعار کو سنے اور کہے کہ ایسے بُرے نہیں۔

تمام اہل عرب میں حسان کو ایک خصوصیت ایسی نصیب تھی کہ غالباً کسی کو نصیب نہیں ہوئی ہوگی یعنی وہ حد درجہ کے بزدل واقع ہوئے تھے۔ خندق کی لڑائی میں آنحضرت نے مسلمان عورتوں اور بچوں کو ایک اُجاڑ گڈھی میں پیچھے رکھا تھا۔ اُنہیں عورتوں کے ساتھ حسان بھی اپنی بزدلی کے سبب سے رہگئے۔ ایسا اتفاق کہ لڑائی سخت ہوئی۔ مسلمان برابر بڑھتے چلے گئے اور گڈھی سے

[1] سکنخر۔ ایک ذلیل گھاس ہے جسکو جانور چرتے ہیں۔

بہت فاصلہ پر نکل گئے۔ اُس گڑھی کے قریب ہی ایک ٹیلہ تھا اُسپر ایک یہودی نظر آیا۔ حضرت صفیہ نے جو آنحضرت کی پھوپھی تھیں حسان سے کہا کہ اس یہودی کو قتل کر ڈالو ورنہ دوسرے یہودیوں کو جاکر خبر کر دیگا کہ یہاں صرف عورتیں اور بچے ہیں اور وہ ہمپر ٹوٹ پڑینگے حسان نے کہا کہ اگر میں اسی قابل ہوتا تو آنحضرت کے ساتھ ہی جاتا۔ آخر صفیہ نے خود ہی اُنکی تلوار لیکر یہودی کو پیچھے سے آکر قتل کر دیا۔ وہاں عورتیں اور بچے جمع ہو کر اُسکو دیکھنے لگے۔ حسان دوڑے ہوئے آئے اور گھبرا کر کہنے لگے ہٹو ہٹو عورتوں کے دل کمزور ہوتے ہیں۔ لاش دیکھکر تم لوگ ڈر جاؤ گی۔ اسپر عورتیں خوب ہنسیں۔ غالباً یہ فقرہ اُنھوں نے ہنسانی کے لیے ہی کہا تھا۔ کیونکہ اُنکے مزاج میں زندہ دلی بہت تھی۔

بڑھاپے میں ان کی ڈاڑھی برف کی طرح سفید ہو گئی تھی۔ اسلئے وہ مہندی کا سُرخ خضاب ڈاڑھی کی جڑوں اور مونچھوں کی لبوں پر لگایا کرتے تھے اور باقی حصہ سفید چھوڑ دیتے تھے۔ اُنکے بیٹے عبدالرحمن نے ایک دن پوچھا کہ آپ پوری ڈاڑھی میں خضاب کیوں نہیں لگاتے کہا میں چاہتا ہوں کہ میرا منہ ایسا معلوم ہو جیسے شیر کا منہ خون میں ڈوبا ہوا۔

آنحضرت کے سامنے ایک مرتبہ اپنا ایک فخریہ قصیدہ سنانا شروع کیا۔ جسکا پہلا شعر یہ ہے۔

لقد غدوت امام القوم منتطقا — بصارم مثل لون الملح قطاع

میں قوم کے سامنے تلوار کمر میں لگائے ہوئے گیا — جو چمکدار اور بُراں ہے

یہ سنکر آنحضرت مسکرائے۔ حسان کہتے ہیں کہ میں سمجھ گیا تھا جس وجہ سے آپ مسکرائے تھے۔ کیونکہ میری بزدلی سے خوب واقف تھے۔

حسان ۶۰ھ میں مرے۔ ہمنے قصداً اُنکی زندگی کے تمام واقعات چھوڑ دئے اور مختصر طور پر صرف اُنکی شاعری کی کیفیت دکھلائی۔ کیونکہ اس چھوٹے سے مضمون میں اس سے زیادہ گنجایش نہ تھی۔

اسلم جیراجپوری۔

انجام

نقطے دو ہیں -

ابتدائی نقطہ -

انتہائی نقطہ -

پھر وجود اور کیفیت محسوسہ میں یہی دو نقطے پائے جاتے ہیں - ابتدائی نقطہ کا دوسرا نام شروع اور انتہائی نقطہ اخیر کے نام سے موسوم ہی جو موقع ایک شے یا ایک وجود کے شروع ہونیکا ہی وہ ایک نقطہ ابتدائی ہی اور جہاں اُسکا خاتمہ ہوتا ہی وہ نقطہ انتہائی ہی[1] -

شروع اور خاتمہ میں ایک مسلسل نسبت ہوتی ہی - جسسے یہ دونوں نقطے پورا کرتے ہیں یا یہ کہ ایسی نسبت ان دونوں نقطوں میں متلازم رہتی ہی -

بعض کے خیال میں نقطہ سے مراد صرف منتہاے خط ہی ہوتا ہی اس تعریف سے نقطہ شروع نکلجاتا ہی اگر ہم منتہاے خط ہی نقطہ قرار دیں تو اس میں بھی قباحت نہیں مگر جہاں سے ایک خط شروع ہوتا ہی دراصل وہ بھی ایک نقطہ ہی ہی - اگر منتہائے خط سے ہم ایک دوسرا خط

[1] بعضوں کی یہ رائے بھی ہی کہ دراصل نقطہ کا کوئی وجود ہی نہیں اس دلیل سے کہ جہاں سے ایک خط شروع ہوتا ہی وہ درحقیقت خط ہی ہوتا ہی اور جہاں پھر ایک خط ختم ہوجاتا ہی وہ بھی خط ہی ہی - اگر ہم ایک خط کے اجزائے صغیرہ کرتے جاویں اور اُن کی مقدار کم سے کم رکھیں تو تمام ایسے اجزائے صغیرہ بجائے خود خطوط ہونگے اور جنہیں نقطہ قرار دیا جاتا ہی وہ بھی انہیں خطوط میں شمار ہوجاوینگے - فرض کرو ہم نے اس خط کو ۱۲ مساوی حصوں پر تقسیم کیا ۱۲ - ۱۱ - ۱۰ - ۹ - ۸ - ۷ - ۶ - ۵ - ۴ - ۳ - ۲ - ۱ - تو جیسے دو اور گیارہ نمبر کے خطوط صغیرہ ہیں - ایسے ہی ایک اور نمبر ۱۲ بھی خطوط ہونگے - کیونکہ ان دونوں خطوں کے شروع اور انتہا کے موہومی حد یا موہومی کیفیت بھی انہیں خطوط ایک اور بارہ میں شامل ہی - اگر یہ خط محو کردیا جاوے تو کوئی نقطہ بھی باقی نہیں رہے گا مثلاً

اس سفید جگہ کے ہر ایک حصہ میں انتہائی یا ابتدائی نقطے قائم ہوسکتے ہیں یا یہ کہ پہلے سے ہی موجود ہیں تخطیط یا کشش سے خود بخود اُنکا اظہار یا احساس ہوجاتا ہی - ۱۲

شروع کرینگے تو گویا ہمنے ایک انتہائی نقطہ سے دوسرا خط شروع کیا جو ثبوت اس امر کا ہوگا کہ ہر شروع میں بھی ایک نقطہ ہوتا ہی۔

اگر یہ مان لیا جاوے کہ ہر شروع یا ہر ابتدا بھی بجائے خود ایک منتہی حد ہی تو یوں کیا جائیگا کہ ہر منتہی حد باعتبار منتہاے نقطہ کے ایک ابتدائی نقطہ رکھتی ہی جسکا دوسرا نقطہ دوسری حد منتہائی ہوتی ہی۔ اگر ہم چند خطوط ایک ہی لین میں کھینچیں تو ثابت ہوجاویگا کہ دونوں نقطوں میں کس قسم کا تلازم پایا جاتا ہی مثلاً

۱ ۲ ۳ ۴ ۵

پہلے خط کا منتہائی نقطہ دوسرے خط کا شروع ہی علیٰ ہذا القیاس دوسرے۔ تیسرے۔ چوتھے اور پانچویں تک یہی سلسلہ برابر چلا جاویگا۔ اگر ہم ان پانچ خطوط کا سلسلہ آپس میں ملاویں تو تمام درمیانی ابتدائی انتہائی نقطے ایک ہی خط میں شامل ہوکر خط مسلسل بنجاویگا اور اُسوقت یہ نہیں کہہ سکینگے کہ اس خط کے درمیان میں بھی نقطے ہیں۔ سواے اسکے کہ ہم اس مذہب کے معتقد ہوں کہ۔

،، ہر خط چند نقاط سے مولف ہوتا ہی۔

،، یا یہ کہ جب چند نقطے ملادے جاتے ہیں تو ایک خط بنجاتا ہی اس مذہب کے قائلین کے خیال میں جس طرح ذرات سے اجسام مرکب ہیں اسی طرح خطوط بھی نقاط سے مولف ہیں اُنکے نزدیک مثلاً جب ان ..... نقطوں کو ملادیا جاتا ہی تو ——— خط بنجاتا ہی چونکہ نقاط مقدم ہیں اور خطوط مابعدی صورت اسواسطے کہا جاویگا کہ ہر خط کی بنیاد یہی نقاط ہیں۔ خواہ کوئی سی صورت ہو یہ مسلمہ ہی کہ ہر وجود یا ہر کیفیت محسوسہ کا ایک شروع اور ایک خاتمہ ہوتا ہی جیسے یہ تسلیم کیا گیا ہی ایسے ہی یہ بھی تسلیم کیا جاتا ہی کہ۔

،، ہر شروع محسوسہ کا حشر خاتمہ ہوتا ہی۔

جو وجود یا جو کیفیت ہمارے احساس میں آتی یا آچکی یا آنے والی ہی اگر اُسکا کوئی

شروع ہی تو خاتمہ بھی ہی عام اس سے کہ ہم اُس شروع یا خاتمے سے خود واقف ہوں یا نہیں ممکن ہی کہ ہم اشیاء یا کیفیات کے شروع تو جانتے ہوں لیکن اُنکے خاتموں سے ہمیں کوئی آگاہی نہو یا ایک وجود اور ایک کیفیت کا خاتمہ تو ہم جان سکیں لیکن اُسکے شروع[1] سے ناواقف ہوں۔ اور اکثر ایسے وجود یا ایسی کیفیتیں ہی ہونگی جنکے شروع اور خاتمہ سے ہم ابتک ناواقف ہیں۔ جیسے جیسے وجود اور کیفیتیں ہوتی ہیں ایسے ہی اُنکے شروع اور خاتمے بھی ہوتے ہیں وجود یا اشیاء مرئی کے شروع اور خاتمے بھی مرئی ہوتے ہیں اور اشیاء غیر مرئیہ کے غیر مرئی۔

دنیا کا جو مجموعہ ہی اُسکے درمیان جو کچھ پایا جاتا ہی وہ اُسکے اجزائے صغیرہ اور کبیرہ ہیں اس حساب سے یوں کہنا پڑیگا کہ

"دنیا اجزائے صغیرہ اور کبیرہ یا کیفیات صغیرہ اور کبیرہ سے مولف ہی یا انہیں اجزا کا نام دوسرے الفاظ میں دنیا ہی۔ ہم کیفیت کے شروع اور خاتمہ کے مقابلہ میں ایک اور سلسلہ بھی پاتے ہیں جسے جزی اور کلی کے نام سے تعبیر کرتے ہیں کوئی ایسی کیفیت نہیں کہ جسکا جز یا کل نہ ہو ہر جزو کے واسطے ایک کل ہوتا ہی اور ہر کل میں جزیات ہیں ہر جزی اپنے کل[2] کا ثبوت ہے

---

[1] بچہ ایک شروع رکھتا ہی لیکن وہ نہیں جانتا کہ اُسکا شروع کب ہوا تھا۔ اُسکی زندگی کا نقطہ صفحہ دنیا پر کھینچا جاتا ہے جسے وہ ہوش میں آکر محسوس کرتا ہی لیکن اگر اس سے پوچھا جاوے کہ تمہارا شروع کب اور کس طرح ہوا تو وہ آخر تک جواب نہیں دے سکیگا سوائے اسکے کہ اور بچوں کے شروعات دیکھکر اپنے شروع پر بھی نظراً استدلال کرے۔ ۱۲۔

[2] یہ بھی بحث کیجاتی ہی کہ

"کل مقدم ہی یا

"جزو مقدم ہی۔

یہ تو بالکل صاف ہی کہ جبتک کل نہو جزویات کا ہونا ناممکن ہی۔ لیکن یہ نہیں کہا جاویگا کہ پہلے کل کا وجود ہوا اور بعد ازاں جزیات کا خلاف اسکے یہ کہا جا سکتا ہی کہ

"جزیات سے کل بنتا ہی۔

ہم دنیا کی کیفیات محسوسہ میں صریحاً پاتے ہیں کہ ہر وجود اور ہر کیفیت کا شروع جزیات سے ہی ہوتا ہی

اور ہر کل اپنے جزیات پر شہادت ہر جزی اور ہر کلی میں ایک نسبت ہی۔

جزیات میں وہ تمام کیفیتیں بغیر کیفیت مقدور کے پائی جاتی ہیں جو اُسکے کل میں ہوتی ہیں کل میں بہیئت مجموعی وہ تمام کیفیتیں موجود ہوتی ہیں جو اُسکے اجزا میں مشاہدہ کیجاتی ہیں۔ پانی کے ایک قطرہ اور آگ کے ایک خفیف شعلہ اور مٹی کے ایک ذرّہ اور ہوا کے ایک جھونکہ میں وہ تمام کیفیتیں یا در کرلی جاوینگی جو اُنکے کل میں موجود ہیں۔

ہر کیفیت میں دو قسم کی کششیں پائی جاتی ہیں۔

" اثباتی۔

" منفی۔

اثباتی وہ کششیں ہیں جنسے ایک کیفیت یا ایک وجود ثابت ہوجائے اور منفی وہ جو ایک وجود یا ایک کیفیت کی نفی کرتی ہیں۔ تمام مادی شیئیں یا مادی کیفیتیں جو ہمارے اِرد گرد پائی جاتی ہیں اور جنہیں ہم محسوس کرتے ہیں وہ اثباتی اور منفی قانون کے تابع ہیں ہر مادی وجود یا محسوسہ کیفیت شروع اور خاتمہ رکھتی ہی۔ دنیا کے مجموعہ میں جسقدر مختلف قسمیں پائی جاتی ہیں وہ اس مجموعہ عظم کی جزیات صغیرہ اور کبیرہ ہیں۔ چونکہ ہم بوجہ اجزائے صغیرہ یا کبیرہ ہونے کے اپنے کیفیت تامہ سے پورے طور پر باہر نہیں ہیں یا نہیں ہوسکتے اسی واسطے مجموعہ عظم کے مقابلہ میں ہمیشہ اپنے اجزاے صغیرہ اور کبیرہ سے استدلال کرنا پڑتا ہی۔

جب ہم یہ کہتے ہیں کہ

" ہر جاندار کے واسطے قوت لازمی ہی۔

بقیہ صفحہ ۲۷۰ اجسام جو ذرات سے مرکب ہیں تمام کے تمام جزیات ہی ہیں۔ خیالی اور ذہنی کیفیتیں بھی جزیات سے ہی کیفیت کلی حاصل کرتی ہیں قدرتی سامان بھی اسپر شاہد ہی۔ گو ہمارے سامنے قدرتی مواد بہ حیثیت کل کے لایا گیا یا آتا ہی لیکن اُنکی تالیف اور ترکیب ہمیں یقین دلاتی ہی کہ وہ چند اجزا کا مجموعہ ہیں یہ منظم ہمیں اس بحث میں لیجاتا ہی کہ جزی کلی سے مقدم ہی۔ ۱۲۔

،، یا ہر کیفیت محسوسہ کا خاتمہ ہوجاتا ہی۔

،، یا سب کیفیات محسوسہ فانی ہیں۔

تو ہمارا یہ کہنا اس اعتبار سے نہیں کہ ہم نے کل جانداروں کو مرتے دیکھا ہی۔ یا تمام کیفیات محسوسہ کا ہمارے سامنے خاتمہ ہوا ہی۔ یا سب محسوسہ کیفیات کا اخفا ہمارے مشاہدہ میں آچکا ہی بلکہ بایں اعتبار کہ ہم نے اس مجموعہ عظم کے اجزاے کبیرہ میں ہر آن ایسا ہوتے دیکھا اور مشاہدہ کیا ہی اور اس دلیل سے کہ ہم جزی اور کلی میں ایک تلازمہ کے بھی مقر ہیں یہ تسلیم کرتے ہیں کہ۔

،، جب جزیات میں یہ انقلاب لازمی ہی تو

،، کلی یا مجموعہ عظم میں بھی لازمی ہوگا۔

ہم اپنی زندگی میں بہت سے کام کرتے ہیں ہمارے ہر کام کا جیسے شروع ہوتا ہی ویسے ہی ایک خاتمہ بھی ہوتا ہی۔ اسی طرح ہم اور کاموں کی نسبت بھی خیال کر سکتے ہیں ہم جو کام کرتے ہیں وہ ایک صورت میں ہمارے اجزا ہیں جیسے ہمارے اجزا باری باری ختم ہوتے جاتے ہیں ایسے ہی ہم بھی (جو بمقابلہ اُنکے مجموعہ اعظم ہیں) ایک وقت ختم ہوجاوینگے[1] ایک فلاسفر کہتا ہی۔

،، ہم پیدا ہونے کے ساتھ ہی مرتے جاتے ہیں۔

بالکل سچ ہی۔

---

[1] ہر وجود اور ہر کیفیت کا خاتمہ یا انجام اپنے شروع کی روش یا طرز کے تابع ہوتا ہی تمام وجودوں اور تمام کیفیات کا شروع بتدریج ہوتا آیا ہی اور بتدریج ہی ہوتا ہی چونکہ ہر شروع اور ہر ابتدا چند اسباب کے تابع ہی اسواسطے اُن اسباب کے مطابق بہ تدریج اُس میں ترقی ہوتی رہتی ہی۔ جیسے ایک شروع قانون تدریجی کا پابند ہی ایسے ہی ایک خاتمہ بھی ہی کوئی وجود اور کوئی کیفیت لے لو اُسکا انحطاط تک بھی دفعۃ نہیں ہوتا رفتہ رفتہ۔

جزیات کا انجام یا خاتمہ بھی رفتہ رفتہ ہوتا رہتا ہی۔ بڑھنے کے ساتھ ہی گھٹنے کی رفتار بھی جاری ہوجاتی ہے

زندگی یا وقت کا جو عرصہ گذرتا ہی وہ ہمارے مجموعہ زندگی میں سے کم ہو ہو کر ہمیشہ کیواسطے باعتبار اس دنیا کے مرجاتا ہی۔ جب تمام وقت گذر جاتا ہی تو ہم خود بھی اس موجودہ حیثیت میں باقی نہیں رہتے اسکا نام ہمارے مقابلہ میں موت اور فنا ہی جب ہم بہ تدریج مرتے ہیں تو تو اُسیکا نام موت صغرا ہی ۔

اور جب بہیئت مجموعی ہمارا وقت ختم ہوجاتا ہی تو اُسکا نام موت کبرا ہی۔

اس سے ہم اس نتیجہ پر پہنچ سکتے ہیں کہ جب ہمارے ہر ایک مجموعہ اعظم کے واسطے بتعیت اجزاے صغیرہ اور اجزاے کبیرہ کے ایک خاتمہ یا ایک انجام ہی تو پھر کسی نہ کسی روز ایک آخری مجموعہ عظم کے واسطے بھی کوئی نہ کوئی خاتمہ ہوگا یا ہونا چاہیئے (جسے خاتمہ اکبر کہا جاویگا)

بقیہ صفحہ ۲۷۲ ایک پودہ بڑہتے ہی جیسے ترقی کرتا جاتا ہی ویسے ہی تنزل میں بھی آتا جاتا ہی ایک بچہ پیدا ہونیکے ساتھ ہی بڑہتا اور نشو و نما پاتا ہی لیکن اُسکے ساتھ ہی بعض مواد اور کیفیات میں کمی بھی آتی جاتی ہی۔ پھر ترقی اور بیشی کے اسباب یا مواد ایک نمبر خاص پر پہنچکر ٹھہر جاتے ہیں اور انحطاط کا عمل ہونے لگتا ہی یہاں تک کہ تمام مادی کیفیتیں زائل ہوتے ہوتے ہر وجود فنا ہوجاتا ہے جب کبھی یہ کہا جاتا ہی کہ فلاں خاتمہ یکلخت ہوگیا تو اُسکا یہ مطلب نہیں لیا جاتا ہی کہ تدریجی انحطاط کوئی نہیں ہوا تدریجی انحطاط تو یوم پیدائش سے ہی شروع ہوجاتا ہی جو خاتمہ ہوتا ہی وہ تدریجی انحطاط یا تدریجی حاتمہ ہی کے ماتحت ہوتا ہی۔ اس صورت میں نہیں کہا جاسکتا کہ کون خاتمہ یکلخت ہوا ہی یا کوئی خاتمہ یکلخت بھی ہوسکتا ہی۔ ہر خاتمہ ایک مدت یا ایک عرصہ کا پابند ہی جسکا عمل بتدریج ہوتا رہتا ہی۔ ۱۲۔

۱؎ یہ بحث طویل اور دلچسپ ہے کہ قانون فنا سے جو اسوقت اس مجموعہ پر حاوی اور موثر ہی درحقیقت ہم فنا ہوجاتے ہیں یا کسی نہ کسی صورت میں باقی رہتے ہیں بہت سے لوگ یہ اعتقاد رکھتے ہیں کہ جو کچھ ہم محسوس کرتے یا پاتے ہیں یہ تمام فانی ہی۔ فنا کے عمل میں اسکے خلاف بہت سے لوگوں کا یہ عقیدہ ہے کہ کسی وجود اور کسی کیفیت کو فنا حقیقی لازمی نہیں ہی فنا مجازی ہوتی ہی جتنے مادی شیئ ہیں اُن سب کا کسی نہ کسی دیگر حالت میں استحالہ ہوتا رہتا ہی اصلی فنا لازم نہیں آتی۔ ہاں یہ ضرور ہی کہ ہم یہی استحالی کیفیتوں سے کماحقہ واقفیت نہیں رکھتے انسان کا جسم مادی ہی مرنے پر اُسکی شکل تحلیل پاکر بدل جاتی ہی۔

مجموعہ اعظم کا نہ تو ہم نے شروع دیکھا ہی اور نہ ہم اُسکے خاتمہ سے واقف ہیں لیکن جب اُس کی جزیات کا جنسے اور بھی بڑے بڑے اندرونی ضمنی مجموعے کے مرتب ہیں شروع اور خاتمہ ہوتا ہی تو اُس نظیر سے ہم اس نتیجہ پر آسانی سے پہنچ سکتے ہیں کہ اس مجموعہ اعظم کا بھی شروع ہوگا جب شروع ہی تو اُسکا خاتمہ بھی لازمی ہی ایک وجود کے شروع کے نہ جاننے سے ہم اُسکے خاتمہ سے انکار نہیں کر سکتے۔ اگر مجموعہ اعظم کا کوئی خاتمہ نہیں یا نہیں ہونا چاہیے تو ہمیں یہ استحالہ لازم آنے کا اندیشہ ہی کہ دنیا کے موجودہ اجزائے صغیرہ اور کبیرہ اس مجموعہ اعظم کے اجزا نہیں ہیں کیونکہ یہ لازمی ہی کہ جو کل کی کیفیت ہو وہی جزیات میں بھی پائی جائے

بقیہ صفحہ ۲۷۳ اور جسمانی ذرات کسی اور کیفیت کے ساتھ بلکہ کوئی اور صورت اختیار کرتے ہیں۔

کوئی سی کیفیت اور کوئی سے وجود لیلو پایا ایسا ہی جاتا ہی کہ اُنہیں فنا حقیقی نہیں ہی کیونکہ اگر فنا حقیقی ہو تو اور اشکال یا اور مواد میں مستحیل نہو سکیں حالانکہ ایسا ہر وجود کے ساتھ ستلزم ہی اس سے بعض نے نتیجہ بنی نکالا ہی کہ چونکہ فنا حقیقی کسی وجود کا خاصہ لازمی نہیں ہی اسواسطے یہ سلسلہ یوں ہی چلا جاویگا اور یوں ہی چلا آیا ہی۔ ہماری رائے میں تاویل درست نہیں ہی یہ ثابت ہی کہ جب جذبات میں ایسی فنا موجود ہی تو اُسکے مجموعہ اعظم کیواسطے بھی لازمی ہی یہ جدا بات ہی کہ اس فنا سے وہ مجموعہ اعظم کسی اور شکل میں تبدیل ہو جاوے لیکن یہ کبھی نہیں کہا جا سکتا کہ اس مجموعہ اعظم کا کوئی خاتمہ اور کوئی انجام ہی نہیں۔

افنائے اجزائے عالم سے جو تحلیل اور تبدیل ہوتی ہی وہ معلوم اور لامعلوم کیفیات میں منتقل ہو جاتی ہی ہم اس سے قیاس کر سکتے ہیں کہ جب مجموعہ اعظم کا خاتمہ ہوگا تو اُسکی کیفیت مستحیلہ اور مبدلہ بھی کسی اور ہی طریقہ اور نہج پر ہو جو کیفیت استحالہ اجزائے صغیرہ یا اجزائے کبیرہ مجموعہ اعظم میں پائی جاتی ہے کیونکہ اسکا بہت سا حصہ لامعلوم یا لاادراک ہوتا ہی۔ اسواسطے مجموعہ اعظم کی کیفیت مالی بھی اگر لامعلوم اور لاادراک خیال کر لی جاوے تو اس میں کوئی قباحت نہیں یہ ممکن ہی کہ جب مجموعہ اعظم کا خاتمہ ہو تو ہم بعض آلات اور بعض ذرائع سے کچھ نہ کچھ معلوم اور دریافت کر سکیں لیکن چونکہ اُسوقت ہم بھی بہ جہت اجزائے صغیرہ اُس مجموعہ اعظم کے دائرہ خاتمہ میں ہونگے اسواسطے ہمیں کسی کیفیت عاہدہ جدیدہ کا علم کافی نہیں ہو سکتا ہی۔ بیشک علم کافی یا ناکافی نہیں ہو سکتا ہی لیکن اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ یہی کوئی جدید عاہدہ کیفیت نہو یہ عدم علم شے مستلزم عدم شے نہیں۔

یہ تو مجموعہ اعظم کی کیفیت عاہدہ جدیدہ ہوگی ہم روز اسی عالم میں ایسے استحالے دیکھتے ہیں کہ اُنکی کیفیات عاہدہ جدیدہ کا علم بھی صدیوں کے تجربے اور مشاہدہ کے بعد ہوا ہی۔ ۱۲

جب کل کا کوئی خاتمہ نہیں ہی تو اجزا کا کس طرح ہو سکتا ہی حالانکہ ہم مشاہدہ کے ذریعہ سے یقین کیے ہوئے ہیں کہ اجزائے صغیرہ اور کبیرہ اس مجموعہ اعظم کا خاتمہ لازمی طور پر ہوتا رہتا ہی۔

یہ ثابت ہی کہ

،، جو کام ہم خود شروع کرتے ہیں کبھی نہ کبھی اُنکا خاتمہ ہوتا ہی۔

،، جو قدرتی کام شروع ہیں یا شروع ہوتے ہیں اُن میں سے بھی اکثر کا خاتمہ ہوتا ہے۔

یہ دونوں مشاہدات ہمیں اس طرف جانے کا اشارہ کرتے ہیں کہ جس مجموعہ عظم میں ہم رہتے ہیں وہ بھی پائدار نہیں ہی اُس میں بھی ایک خامی ہی جس طرح انسانی اجسام رفتہ رفتہ گھٹتے گھٹتے دائرہ موت میں آجاتے ہیں اسی طرح یہ کل مجموعہ عظم بھی اپنے اجزا کی تدریجی رفتار کا نقش قدم لیکر حیز خاتمہ میں آجاوے گا۔ موت اور خاتمہ صرف جاندار اجسام کے ساتھ ہی مختص نہیں ہی جو اجسام اور جو کیفیتیں بے جان کہی جاتی ہیں اُن میں بھی موت اور خاتمہ کا عمل جاری رہتا ہی اور بصورت خاتمہ کے اُن کی تحلیل اور تبدیل بھی ہوتی رہتی ہی۔ اُنکا بیجان ہونا انہیں اس مجموعہ عظم کے دائرہ سے باہر نہیں نکال سکتا ہی۔

حکمار کے نزدیک اس کلی خاتمہ کا نام خواہ کچھ ہو مذہب کی اصطلاح میں اسے پرلو یا قیامت سے تعبیر کیا گیا ہی۔ ہر مذہب میں یہ کہا گیا ہی کہ ایک نہ ایک وقت میں کسی نہ کسی ہیچ پرس دنیا کا خاتمہ ہونے والا ہی۔

مذہبی فلسفہ میں ایسا عقیدہ اس عقدہ پر روشنی ڈالتا ہی کہ حکما اور مذہب میں اصولی امور کے متعلق کہانتک اتحاد ہی قیامت کے معنی خاتمہ ہونے کے ہیں جسے دوسرے الفاظ میں ثابت اور روشن ہونے کے معانی میں تاویل کیا جا سکتا ہی چونکہ مجموعہ عظم کے خاتمہ سے کیفیت عائدہ جدیدہ کا کافی اظہار ہو جاویگا اسواسطے مذہب میں اسے مشاہدہ کامل سے بھی تعبیر کرتے ہیں جب ہم بانیان یا معتقدان مذہب کی زبانی یا الفاظ میں مجموعہ عظم کے خاتمہ کا ذکر سنتے ہیں تو ہمارے دلوں میں شکوک اور شبہات پیدا ہوتے ہیں اور ہم بجائے مزید

تحقیق کے جلد بازی سے معترض ہونا زیادہ تر پسند کرتے ہیں یہ جلد بازی درحقیقت اس امر کا نتیجہ ہے کہ ہم نے مذہب کی فلسفی پر غور نہیں کیا اور فلسفہ سے اُسے بہت دور سمجھا ہے

بعض وقت یہ خیال کیا جاتا ہے کہ مذہبی فلسفہ کی بنیاد صرف عقیدہ پر ہی ہے عقیدہ میں کوئی چون وچرا نہیں ہوسکتی بیشک مذہب چند عقائد کا مجموعہ ہیں لیکن یہ کہنا یا یہ مان لینا کہ اُن عقائد کی کوئی بنیاد نہیں ہوتی ایک وسیع بدظنی کرنا ہے ممکن ہے کہ ہر مذہب میں فلسفہ کی طرح چند عقیدے کمزور دلائل پر ہی مبنی ہوں لیکن یہ نہیں کہا جاسکتا کہ مذاہب کے سب عقیدے حدود دلائل سے باہر ہوتے ہیں۔

خاتمہ مجموعہ اعظم کا بھی ایک مذہبی عقیدہ ہے یہ ایسے ہی دلائل کے تابع ہے جیسی کہ اس بارہ میں حکیموں کا عقیدہ ہے بعض ہیئت دانوں نے زمانہ حال کے اس پر روشنی ڈالی ہے کہ آفتابی حدت میں دن بدن کمی آتی جاتی ہے اور کسی روز آفتاب کی حدت اور نوری طاقت بالکل گھٹ جاویگی مذہب پرست اگر یہ مسئلہ بیان کرتے تو اسکے تجربی اور مشاہداتی دلائل کے ساتھ اعمالی[1] اور جبروتی دلائل بھی لاتے۔ ایک یہ بھی فرق ہوتا ہے کہ فلسفہ مذہب میں ہمیشہ عام دلائل سے کام لیا جاتا ہے جن میں بہت کچھ اخلاقی فلسفہ کا مواد بھی ہوتا ہے نہ تو اُن میں منطقی بحث ہوتی ہے اور نہ طبعی استدلال لیکن جب انہیں محک علمی پر پرکھا جاتا ہے تو انکا اکثر حصہ کھرا نکل آتا ہے۔

---

[1] ہر فلسفہ کیواسطے استدلال کے طریقے جداگانہ ہیں اخلاقی فلسفہ میں اُن دلائل سے کام نہیں لیا جاتا جنسے نیچرل فلاسفی میں مذہبی فلسفہ میں عقائد کے بہت سے کل دلائل کا انحصار اور وثوق۔

،، خدا۔ اور

،، بانی مذہب۔

پر ہوتا ہے ہر عقیدہ کے ساتھ یہ شرط ہوتی ہے کہ اسے یوں ماننا چاہیئے یہ عمل قریباً ایسے ہی ہوتا ہے جیسے اخلاقی فلسفہ سکھاتا ہے گو اخلاقی فلسفہ میں یہ دو امتیازی جہتیں نہیں ہوتیں مگر مذہب کی طرح یہ کہا ضرور جاتا ہے کہ ایسا ہی ہونا چاہیئے یا یہ کہ اس فلسفہ میں بھی دلائل کا ایک خاص مرحلہ پر خاتمہ کردیا جاتا ہے جب کبھی اخلاقی فلاسفر یہ کہتا ہے کہ ،، ،، بُردباری خاصہ انسان کا ہے،، تو وہ درحقیقت ایک مختتم حکم دیتا ہے۔

اگر ہم تمام عقائد مذہبی اور اخلاقی تعلیمات کا مقابلہ کریں تو ہمیں پتہ لگ جائیگا کہ مذہبی عقائد کا اکثر حصہ اخلاق میں پایا جاتا ہے صرف ایک بانی مذہب یا خدا کے ماننے کا عقیدہ باقی رہجاتا ہے اور اگر بہ نظر امعان دیکھیں تو یہ مشکل بھی حل ہوجاتی ہے۔ اخلاقی فلسفہ اور پولیٹکل سائنس کی بحثوں میں یہ بیان کیا گیا ہے۔ کہ

"دنیا یا سوسائٹی کے انتظام اور اغراض تمدن کیواسطے لازمی ہے کہ من جملہ اجزاء متفرقہ کے کوئی جزو خاص بھی ہو یا کسی جز یا افراد خاصہ کے ہاتھ میں کل انسانوں کے امور متمدنہ تفویض رہیں۔

اس طریق عمل یا اس تعلیم سے تخصیص کی ضرورت تو ثابت ہے۔ رہی یہ بحث کہ انسانوں میں سے ہی ایسی تخصیص ہوسکتی ہے یا انسانوں سے کہیں باہر کسی اور اعلیٰ طاقت سے بھی کام لیا جاسکتا ہے۔ ہمیں انسانوں کی تاریخ وضاحت سے بتلاتی ہے کہ انسانی جماعتیں ہمیشہ اس بات کی تلاش میں رہی ہیں کہ کسکو یہ خصوصیت دیجاوے تو ہم پرستی بت پرستی سب اسی تلاش کے مقدمات تھے اور اگر وحدت کا مسئلہ درست ہے تو یہ اُن تحقیقاتوں کا خاتمہ ہے انسان متمدنی معاملات میں ہمیشہ نیچے سے اوپر جاتا اور اپنے ہی میں سے ایک یا چند افراد کی بعض امور کے واسطے تخصیص کرتا ہے بعض افراد نے کبھی کبھی کوشش اور یہ ہمت بھی کی کہ سب لوگ مطلق العنان ہوجاویں کوئی کسی کا پابند نہ رہے لیکن مابعد کے تجربوں نے ثابت

بقیہ صفحہ ۲۷۶ - مذہب کہتا ہے کہ میں تمہیں خدا کی جانب سے (جو علت العلل ہے) یہ حکم دیتا ہوں۔
اخلاق کہتا ہے کہ میں تمہیں اسواسطے یہ حکم دیتا ہوں کہ میں نے حقائق الاشیاء پر غور اور بحث کرکے تمہارے واسطے اسکی ضرورت ثابت کی ہے۔ مذاہب کی بعض وقت یہ بدقسمتی ہوتی ہے کہ لوگ اخلاقی حیثیت سے تو نہیں امور اور اعمال کی تصدیق کرتے ہیں جو مذہب سکھاتا ہے لیکن جب مذہبی رنگ میں اُنہیں عقیدے کے نام سے پیش کیا جاتا ہے تو لوگ منحرف ہوجاتے ہیں اگر ایک ایسی کتاب بنائی جائے جس میں ایک طرف اخلاقی تعلیمات اور دوسرے کالم میں مذہبی عقائد ہوں تو شاید بہت ہی کم اختلاف باقی رہجاوینگے۔ ہاں صرف ایک بانی مذہب اور خدا کے وجود کی قید انوکھی ثابت ہوگی۔ اور یہی مرحلہ آزاد آدمیوں کی گھبراہٹ کا باعث بھی ہے۔ ۱۲

کردیا کہ یہ روش مفید نہیں ہے بعض لوگ حکومتی پابندیوں سے تو گھبراتے ہیں لیکن جب اپنے خاندان کی چار دیواریوں میں جاتے ہیں تو پھر اُسی کے پابند ہو جاتے ہیں۔

لوگ روز دیکھتے اور پاتے ہیں کہ ہر شروع کا ایک خاتمہ بھی ہوتا ہے۔ ہر ہستی کے ساتھ فنا کی پخ بھی لگی ہوئی ہے لیکن جب مجموعہ عظم کی فنا اور خاتمہ پر آتے ہیں تو ان سب مشاہدات سے الگ ہو جاتے ہیں قانون جزی اور کلی کے ہر موقع پر معترف ہوتے ہیں لیکن جب اس مرحلہ پر آتے ہیں تو اُن تمام پہلے اور قریبی اعترافات سے منحرف ہو جاتے ہیں۔ ہم جزی انقلابات اور خاتموں سے صرف حسرت ہی کا سبق نہیں لیتے بلکہ ہمارے اخلاق پر بھی انکا بہت کچھ اثر ہوتا ہے۔ جب جزی انقلاب اور خاتمہ ہمارے اخلاق اور عادات پر موثر ہے تو مجموعی خاتمہ کا خیال اور ارادہ اس سے بھی زیادہ موثر ہو سکتا ہے۔

مذہب نہیں بلکہ حکیموں کا گروہ بھی (سوائے چند کے) ہمیں ان حادثات کے متعلق ہمیشہ اس دلیل سے توجہ دلاتا ہے کہ ہم اپنے اخلاق اور عادات کی اصلاح کریں اور سوچیں کہ ہماری ہستی کے جزویات اور اُسکا مجموعہ عظم کیا حقیقت رکھتا ہے اور یہ مادی اجزا کے مقابلہ میں روحانی کیفیتوں کا حشر کیا کچھ ہو سکتا ہے۔ بحث اور جھگڑا نہ کرو بلکہ ٹھنڈے دل سے دنیا کے دلچسپ منظر کا تماشا کرو۔

سلطان حمد

میاں والی پنجاب

حکیم فیثاغورث کے حالات

فیثاغورث کے باپ کا نام۔ منارسوس اور اُسکا وطن بلدۂ صور تھا۔ جو دریائے شام کے کنارے پر آباد ہے۔ اُس کی ولادت باسعادت۔ بلدۂ صور ہی کے درمیان پانسو نوے ۵۹۰

برس قبل مسیح کے واقع ہوئی - بعض مورخین نے حکیم موصوف کی جائے ولادت بلدۂ ساموس کو بیان کیا ہے - لیکن آگے چل کر خود بخود معلوم ہو جائیگا - کہ بلدۂ ساموس اُسکا مامن اور جائے پناہ تھا نہ مولد و جائے ولادت -

اُن دنوں اخشوروس (غالباً خسرو بابل) کے غلبے اور تاخت و تاراج کی وجہ سے اکثر صوبوں اور شہروں کی سرحدیں مخدوش اور خطرناک ہو رہی تھیں اور قریب قریب تمام ملک شام میں بدامنی پھیلی ہوئی تھی - چنانچہ بلدۂ صور کی غارتگری و تباہی پر - شام کی تمامی صحرائی قومیں (مثلاً - قبیلہائے لیمون - سعرون اور سقورون وغیرہ) اُٹھ کھڑی ہوئیں اور شہروں کو لوٹنا اور باشندوں کو نہایت سفاکی و بیرحمی سے قتل کرنا شروع کیا - سکنۂ شہر نے خوف جان سے جلاوطنی اختیار کی - اور جس سے جس طرف بن پڑا اُسی طرف بھاگ نکلا -

انھیں جلاوطنوں میں فیثاغورث کا باپ بھی تھا - اور اُسکے تینوں بیٹے بھی ساتھ تھے بڑے کا نام سوطوس - منجھلے کا طورسوس - اور فیثاغورث سب سے چھوٹا تھا -

الغرض آفت رسیدہ مینارسوس - بہ مجبوری اپنے وطن سے نکلکر پہلے ارض بحیرہ میں آیا - اور بعد ازاں بلدۂ ساموس کو گیا - اُس شہر کے مسافر نواز باشندوں نے اُن جلاوطنوں کی بڑی خاطر و مدارات کی اور اُنکے ساتھ نہایت تعظیم و تکریم سے پیش آئے - لیکن مینارسوس کو شہر انطاکیہ کی لطافتِ آب و ہوا کا حال سنکر وہانکی سیر کی ہوس دل میں پیدا ہوئی - اس لیے ساموس میں چندے رہکر اُس طرف کا رخ کیا اور منزل مقصود تک پہونچا تو سہی - مگر بیچارے کو اُس شہر مینو سواد کی سیر سے پوری سیری بھی نہ ہونے پائی تھی کہ اُسی بے امنی اور فتنہ و فساد نے (جسکے سبب سے اُسکو اصلی وطن چھوڑنا پڑا تھا) انطاکیہ کی خاطر خواہ قیام کو دشوار کر دیا - اور چار و ناچار غریب کو ساموس کی طرف لوٹ آنا پڑا -

چونکہ صانع باکمال کو - فیثاغورث کی شہرتِ قابلیت اور آوازۂ کمال سے تمام عالم کو معمور کرنا اور اسکے فیضان تعلیم سے ساری دنیا کو فیضیاب کرنا منظور تھا - اسواسطے اُسکے

حصول کمالات کے عمدہ عمدہ ذریعے اور وسیلے بھی پیدا ہو گئے۔ چنانچہ سامو س میں واپس آکر۔ مینارسوس نے اُس جوہر قابل کو حکیم اندرو ماوس کی خدمت میں پیش کیا۔ وہ دانشمند اُس ہونہار لڑکے کی ذہانت و فطانت پر عاشق زار ہو گیا اور اُسکو اپنا فرزند دلبند بنا لیا۔ اور علوم ادب اور موسیقی میں اُسے پوری پوری تعلیم دی۔ لیکن فیثاغورث کی علمی تشنگی۔ صرف انہیں دو ابتدائی علموں سے کب بجھ سکتی تھی۔ یعنی اندرو ماؤس سے دیگر علوم کی تحصیل کے لیے۔ سلیطون جانے کی درخواست کی۔ اگرچہ اُستاد کو اپنے پیارے شاگرد کی مفارقت شاق تھی۔ لیکن اُس شفیق نے عاقلانہ محبت سے کام لیا اور فیثاغورث کو سلیطون میں۔ ایسماندروس کے پاس بھیجدیا۔ جہاں اُسنے۔ علوم ہندسہ اور نجوم میں مہارت کامل پیدا کی۔ لیکن اُس شیدائے علوم کو اتنے پر بھی قناعت نہ ہوئی۔ وہ سلیطون سے بھی بابل کو روانہ ہو گیا۔ اور حکیم اریاطاے بابلی کی خدمت میں علم الہیات کی تحصیل میں مصروف ہوا۔

اُسوقت طبنداانتوں۔ اخشوروس کی طرف سے بابل کا حاکم تھا۔ اُسنے فیثاغورث کے حال پر بڑی عنایت و مہربانی کی۔ اور اُس کی ہر طرح کی مدد و معونت کرتا رہا۔ فیثاغورث علم الہیات میں کمال حاصل کرکے۔ بلدۂ دیلون میں آیا اور افار خودیس۔ حکیم سریانی کی خدمت میں۔ حقائق حکمت کی تحصیل کرنے لگا۔ حکیم سریانی کے انتقال کے بعد۔ جزیرہ سامو س میں پھر آیا۔ اس مرتبہ ازمواد قیطس اور ازمو دامانیس۔ ان دونوں حکماء کی خدمت میں۔ علوم مختلفہ اور فنون متنوعہ کی تحصیل میں مستعد و مشغول رہا۔ خصوصاً علوم ہندسہ۔ ریاضی اور ہیئت کی تکمیل کی۔

الغرض جمیع علوم و حکمت حاصل کرنے کے بعد۔ فیثاغورث کو کاہنان مصر کے علم سیکھنے کا شوق دل میں بے حد پیدا ہوا۔ اور چونکہ وہ لوگ اپنا علم۔ غیر شخص کو بتلانے میں۔ کمال اغماض کرتے تھے۔ اسلیے اُسکو بغرض سعی و سفارش۔ فولوافراطیس سے

التجا کرنی پڑی۔ جو اُن دنوں جزیرہ ساموس کا حاکم تھا۔ حاکم موصوف نے مسس کے نام ایک خط لکھدیا۔ جو اُس زمانے میں فرعون مصر۔ یعنی مصر کا شاہنشاہ تھا۔ خط میں فیثاغورث کی مناسبانہ الفاظ میں سفارش کی اور لکھا کہ کاہنان مصر کو حکم ہو کہ اس جوہر قابل اور جویائے علم وکمال کو اپنا علم تبلانے میں کسی طرح کا دریغ و اغماض نہ کریں۔

فرعون مصر یعنی مسس نے۔ فولوفراطیس کے مکتوب کی پوری پوری تعمیل کی۔ فیثاغورث کے ساتھ بہرابانی پیش آیا اور کاہنان مصر کے نام کے سفارشی خطوط اُسکے حوالہ کیے جن میں بڑی تاکید سے لکھا تھا کہ اپنے علم کی تعلیم میں۔ فیثاغورث کے ساتھ۔ ہرگز ہرگز بخالت کا برتاؤ نہ کریں۔ فیثاغورث اُن فرامین شاہی کو لیکر۔ مدینۃ الشمس میں آیا اور کاہنوں کو اُنکے نام کے فرمان دیے۔ وہ لوگ چونکہ حکم شاہی کو ٹال نہ سکتے تھے۔ اسلیے۔ قہراً و جبراً۔ فیثاغورث کو اپنے پاس ٹہرنے کے لیے جگہ دی۔ اور ایک مدت دراز تک۔ اُسکو کڑی کڑی اذیتیں اور تکلیفیں دیکر امتحان لیتے رہے۔ لیکن مستقل مزاج فیثاغورث نے۔ ساری مصیبتوں کو بڑی کشادہ پیشانی اور فراخ دلی سے جھیل لیا۔ اور اُن عارضی اور سخت امتحانوں میں پکا نکلا۔ جب حیلہ جو کاہنوں کو کوئی عذر باقی نہ رہا۔ تو بیچارہ فیثاغورث کو تحصیل علم کہانت کی غرض سے کاہنان منبق کے پاس جانے کی ہدایت کی اور خود اس علم کا شمہ تک نہ تبلایا۔

منبق والوں نے بھی اُسکے ساتھ ویسا ہی برتاؤ کیا جیسا کہ مدینۃ الشمس والوں نے کیا تھا یعنی ایک مدت مدید تک اُسکو کڑے کڑے امتحانات میں ڈالے رکھا۔ اور اُس ایذا رسائی کا بھی کوئی مفید نتیجہ اُسکے حق میں مترتب نہ ہوا۔ یعنی بیچارہ کو خود تو علم مطلوب کا ایک حرف بھی نہ تبلایا اور اُسی طرح کاہنان دیوسیونس کے پاس جانے کی رہنمائی کی۔

علیٰ ہذا القیاس۔ کاہنان دیوسیونس بھی بہت دنوں تک اُسکا سخت سخت کاموں میں امتحان لیتے رہے۔ لیکن جب اس محنت و استقلال کے پتلے۔ یعنی فیثاغورث نے اُن کی سب فرمایشوں کی تعمیل بلا عذر کی۔ تب اُن لوگوں نے یہ مشکل اور سخت بہانہ پیش کیا کہ تیرا دین و مذہب

ہمارے دین و مذہب سے بالکل مغائر اور جدا ہی اس لیے ہمارے علوم سینہ تجکو راس نہ آئینگے پس اگر تجھ کو ہم سے کچھ حاصل کرنا منظور ہی تو اپنے آبائی مذہب سے باز آ اور ہمارا دین اختیار کر اگرچہ یہ شرط بڑی کڑی شرط تھی اور فیثاغورث کے لیے (جو اپنے مذہب کا پکا اور نہایت متقی و پرہیزگار تھا) اس شرط کا پورا کرنا بیشک بڑی مصیبت کا سامنا تھا۔ لیکن اس موقع پر اُسکا علمی ذوق و شوق۔ اُس کی وضعداری پر غالب آگیا۔ یعنی فیثاغورث ترک ملت پر آمادہ ہوگیا۔ اور کاہنوں کی بات مان کر انھیں بالکل بے عذر کر دیا۔ جب بہانہ طلب کاہنوں کو حیلہ سازی کا کوئی موقع باقی نہ رہا۔ تو چار و ناچار انہیں جویائے علم۔ فیثاغورث کو اپنے علم کی تعلیم دینی پڑی۔

ظاہر ہی کہ جس شخص نے۔ کسی علم کی تحصیل کے لیے ایسی ایسی خلاف توقع مصیبتیں جھیلی ہوں وہ اس علم کے دقائق۔ حقائق۔ نکاتِ باریک۔ معانی بیگانہ وغیرہ وغیرہ کی تلاش و تجسس میں کیا کچھ نہ کریگا۔ چنانچہ فیثاغورث کو اُسکے شوق مالایطاق۔ اور دلی کاوشوں جانکاہیوں اور اعلیٰ درجہ کی قابلیتوں نے۔ علم کہانت کا ایسا عالم متبحر اور فاضل ماہر بنا دیا کہ مصر کے بڑے بڑے کاہن اُس کی فضیلت اور علمیت کے قائل ہوگئے۔

جب یہ خبر مسس۔ فرعون مصر کو پہنچی تو فیثاغورث کو فوراً طلب کرکے۔ سارے ملک کے کنیساؤں اور مندروں کا انتظام اُسکے سپرد کر دیا۔ حالانکہ یہ عظیم الشان خدمت ملکی کاہنوں کے ساتھ مخصوص تھی۔ اور کبھی کوئی غیر ملک والا۔ اس عہدے پر سرفراز نہ کیا جاتا تھا۔ فیثاغورث کے اس اعلیٰ رتبہ کو دیکھکر۔ مصر کے سارے کاہن مارے حسد کے جلگئے اور ہمیشہ اُسکی بربادی کی فکر میں رہنے لگے۔

جب مسس مرگیا اور گشتاسپ نے۔ لہراسپ۔ شاہ ایران کی طرف سے لشکر کشی کرکے۔ مصر کو تباہ اور مسخر کیا۔ اور ملک کے تمامی حصص میں ایک انقلاب عظیم پیدا ہوگیا۔

لہ زردشت آتش پرستوں کا پیغمبر انہیں بادشاہوں کے زمانہ میں پیدا ہوا تھا۔ صوبہ آذربائیجان کے شہر ارمیان کے درمیان۔

تو اُس دار و گیر میں۔ فیثاغورث کے حاسدین کا مطلب آسانی سے بر آیا۔ یعنی وہ جوہرِ قابل مصر سے چل کھڑا ہوا۔ اور عرصہ تک ایشیا کے مختلف ملکوں کی سیر کرتا رہا۔ اثنائے سیر و سیاحت میں وہ ہندوستان میں بھی آیا تھا۔ اور یہاں کے سادھ۔ سنتوں سے اور اُس سے۔ معاش و معاد کے معرکۃ الآرا مسائل میں خوب خوب بحثیں ہوئیں۔ منجملہ مسائل مبحوث فیہ کے۔ مسئلہ تناسخ یعنی اواگون بھی تھا۔ جسکا وہ مذہباً معتقد تھا۔ فیثاغورث تارکِ حیوانات بھی تھا۔ یعنی وہ مشرباً۔ گوشت خوری کو حرام سمجھتا تھا۔ میرا گمان ہی کہ شاید یہ دونوں باتیں (یعنی اعتقادِ تناسخ۔ اور تنفر از گوشت) اُنہیں سادھوؤں کی صحبت اور میل جول کے اثر سے۔ اُس میں پیدا ہوگئی ہونگی۔ کیونکہ ہندوستان میں۔ اعتقادِ تناسخ نہایت قدیم زمانے سے چلا آتا ہی۔ اور فیثاغورث کی سیاحت کے زمانے میں۔ شاکیہ منی گوتم بدھ نے۔ دونوں مسائل (یعنی اعتقادِ تناسخ اور امتناع گوشت خوری) کی از سرِ نو تجدید کی تھی۔ علاوہ اسکے ہندوستان۔ اور یونان کا باہمی تعلق بہت قدیم زمانہ سے پایا جاتا ہی۔ پس دونوں ملکوں میں۔ مذہب تناسخ کا توارد۔ کچھ تعجب انگیز بات نہیں ہی۔ بلکہ غالب رائے یہی ہی کہ فیثاغورث۔ مذہب تناسخ اور مشرب ترک حیوانات دونوں باتیں۔ ہندوستان ہی سے لے گیا تھا۔

سیاحی کے بعد۔ حکیم۔ اپنے اصلی وطن۔ یعنی بلدۂ صور کو واپس آیا۔ مگر جب اُس ملک کے عنان حکومت کو ایک غاصب سلطنتہ پالیقراطیس کے دستِ اقتدار میں پایا۔ تو وطن سے بیزار ہو کر۔ ملک اطالیہ کو چلا گیا۔ اور وہاں سے اپنے مامن قدیم۔ شہر ساموس کا رخ کیا۔ ساموس والوں نے۔ اپنے قدیم مہمان اور قابل احترام تازہ وارد کا استقبال بڑے تپاک اور "آؤ بھگت" کے ساتھ کیا۔ اور نہایت ہی تعظیم و تکریم سے اُس کی میزبانی کی۔ اور چند روز کے بعد۔ شہر کے باہر۔ اُسکے درس و تدریس کے لیے ایک عالیشان مدرسہ بنا دیا۔ حکیم موصوف وہاں مدتوں رہ کر۔ اشاعۃ علوم و فنون میں مصروف رہا۔

اطراف شہر اور نواحی ملک کے اُمرا رجوپائے علوم اور طلبائے شیدا رفنون کا اُسکی درسگاہ میں (جو شاہنشاہوں کی بارگاہ فلک پایگاہ کا تربہ رکھتی تھی) ہمیشہ ایک دلاویز مجمع اور دلچسپ جمگھٹا رہا کرتا تھا۔

فیثاغورث کے محسن قدیم۔ یعنی فولوافراطیس۔ حاکم موساس (جسنے اُسکو بادشاہ مصر کے نام سفارشی خط مرحمت کیا تھا) سنے اپنے متعلقہ ملکی کاموں کا سارا انتظام و انصرام کلیتاً۔ اُسی دانشمند کی رائے رزیں پر چھوڑ دیا۔

الغرض۔ فیثاغورث۔ بڑی عظمت و جلال کے ساتھ۔ مدت مدید اور زمانہ دراز تک ساموس میں درس دیتا رہا۔ بعد ازاں والی ساموس کے کام سے مستعفی ہوکر انطاکیہ کو اور وہاں سے فروطولیا کو چلاگیا۔ فروطولیا والوں نے بھی اُس باکمال کا استقبال بڑے جاہ و جلال کے ساتھ کیا۔ اور نہایت اطاعت و فرماں برداری سے پیش آئے۔ حکیم نے یہاں بھی آٹھ برس رہ کر۔ اُس گرد و نواح کے باشندوں کو مالا مال کر دیا۔ اُسکے فیضان تعلیم سے۔ اطراف و جوانب کے باشندوں کی طرز معاشرت میں ایک انقلاب عظیم واقع ہوگیا۔ یعنی سارا اطراف ملک منہیات سے تائب ہوکر مہذب بنگیا۔

اُسوقت اُس یکتائے روزگار کا شہرہ تمامی ملک یونان میں پھیل گیا تھا۔ اور بڑے بڑے اہل حکومت اور اعیان دولت کی گردنیں اُس کی بارگاہ کمال میں تعظیم و تکریم کے لیے جھکتی تھیں۔ چنانچہ ملک بربر کے اُمرا کا ایک گروہ (جنکو سابق میں علمی ذوق و شوق مطلق نہ تھا) تحصیل علوم و فنون کی غرض سے۔ اُس کی خدمت میں برابر حاضر رہنے لگا۔

اسی طرح شہر قانطورنیا کا والی سیما خوش نظروں۔ حکومت سے دستکش ہوکر اُسکے شاگردوں میں داخل ہوا۔ علیٰ ہذا القیاس۔ یونان کے بہت سے دولتمند اور اُمرا اور متعدد جزیروں کے حکام نے اپنے اپنے کارہائے متعلقہ کو چھوڑ کر۔ اُس دانائے روزگار کی خدمت بابرکت میں۔ ہمیشہ ہمیشہ کے لیے بود و باش اختیار کی۔ اور ہمہ دم

تحصیل علوم - ریاضت نفس - اکتساب اخلاقِ حمیدہ - احتصال اوصافِ پسندیدہ - سلوک طریق - تقویٰ وطریقت اور حصولِ دولت معرفت وحقیقت میں مصروف رہنے لگے -

فیثاغورث کے شاگرد - اُسکا بڑا ادب کرتے تھے - اور اُنھیں اُستاد کے ارشادات پر اسقدر وثوق تھا - کہ اُسکے ہر قول کو گویا - پتھر کی لکیر سمجھتے تھے - اُسکے شاگردوں میں بڑے بڑے مدبّرانِ مُلک - وزرا - سلطنت - قُضاتِ مملکت - وضعانِ آئین و قوانین - کاملانِ فن - عُلَما - متبحّر اور فُضَلا - ماہر - ہوگزرے ہیں - مقننوں میں ایک شاگرد اُسکا زلنکس نامی - مشہورِ روزگار ویکتائے زمانہ تھا -

فیثاغورث کی بہت سی تصنیفات - نظم ونثر - دونوں قسم کی ہیں - ایک نظم کتاب اُس کی نہایت عمدہ ہے - جس کو "فیثاغورث کی نظم زریں" کہتے ہیں -

فیثاغورث - اپنے مجوزہ امتحانات لیے بغیر - کسی کو اپنا شاگرد نہ بناتا تھا - امتحانات یہ تھے کہ ہر ایک امیدوارِ تلمذ سے اوّل اوّل - پانچ برس تک - علی الاتصال - خاموش رہنے کی فرمایش کی جاتی تھی - اور جب وہ اس کڑی شرط کو پورا کرلیتا تھا - تو اُسکو حکم ہوتا تھا کہ اپنا سارا مال ومتاع خزانہ عامرہ میں داخل کردے - یہ خزانہ عامرہ طلبا کے مصارف کے لیے قائم کیا گیا تھا - جو اُمیدوار - ان دونوں سخت امتحانوں میں کامیاب ہوجاتا تھا - وہ فیثاغورث کے حلقۂ شاگردی میں داخل ہونے پاتا تھا - باوجود ایسے ایسے سخت امتحانات کے - اُسکے شاگردوں کا مجمع - ایک خاصی فوج سے کم نہ تھا - حکیم موصوف کی قوت روحانی کا اندازہ اسی سے کرنا چاہیے کہ کیسی پُراثر تھی -

فیثاغورث ہی کی یہ اولین تحقیقات تھی کہ آفتاب مرکز عالم ہے اور زمین دیگر سیّارات کی طرح اُسکے گرد دورہ کرتی ہے - جس تحقیقات پر - کوپرنیکس - گلیلی وغیرہ حکماے یورپ

کو بڑا فخر و ناز ہی۔ اُس کی اوّلیت کا سہرہ۔ فیثاغورث ہی کے منہ پر کھلتا ہی۔
فیثاغورث پہلا شخص ہی۔ جسنے اپنے کو لفظ فیلسوف کے ساتھہ ملقب کیا ہی۔
Let us now move to the place where this most charming fair is held. Before giving a brief description of the place I should like to remark that nature has made the temperaments of the people of Dehli jovial and fond of natural beauty and scenery. In the ordinary overcast sky and after the fall of a slight shower of rain they go out directly to one of the many gardens such as the Kudsia and Roshan Ara gardens and other places of natural scenery. We shall soon notice how slight a pretext the people of Delhi seek for going in the rainy season to such a place as the Kutub or Mahroli.

The Kutub or Mahroli is situated at a distance of eleven miles from Delhi and is a very famous village. The reason of its being known as Kutub Sahib despite the tower of Shamsuddin Altamash is due to the tomb of a saint Khwaja Kutbuddin Babhtiar Kabi. Out of reverence for him this place is generally called the "Kutub Sahib." The Kutub should be regarded as the Delhi of Rai Pithora. It is not a place of interest for the Mussalmans alone but, it attracts the Hindus as well. The famous temple of Joga Maya is situated there. The natural scenery of this place is extremely fascinating. The chain of the Aravalli Mountains to the west of the Kutub augments its beauty In the rainy season the water of the pools passes through the Kutub plains to join the Jumna turning the desert into a verdant land.

A very big and grand looking tank was made by Shamsuddin Altamash around which the ruined buildings, the tombs of Saints, of Kings and of men of learning, afford deep

Papers of The Historical Society.

"THE DELHI FLOWER FAIR."

The famous floral fair is one of the surviving institutions of the Mogal Empire that are still celebrated with the zeal and energy of the past.

We are not aware that a fair of a similar sort is held in any other part of India, but Sheikh Abdul Kadir Sahib has compared it a short time ago with the "Battle of Flowers" held at Boulogne in France. The comparison, though far-fetched to a great extent, suggests a good point; and the point is this, that the Delhi Floral Fair must have sprung up at the time of entire peace, enormous wealth, and gross indulgence in pleasure. What France is now, Delhi once was. If the enormous wealth and ease-loving nature of the French gentry has resulted in instituting a fair known as the "Battle of Flowers," to appease their appetite for pleasure, it is not a matter for surprise that the gay dispositions of the Nawabs and Raises who rightly boasted to be the owners of incalculable wealth, should have given rise to a fair which would afford them pleasure to their hearts' content.

Therefore to investigate the approximate date of the fair is to find out the time of entire peace and immeasurable wealth.

But peace and wealth can very easily be found in the times of Shah Jehan and Aurangzeb and we can rightly guess that the fair might have originated in the times of one of those mighty Mogals. But the pages of history are utterly mute concerning the affair. And we know that the historians who then flourished were not bound to write one thing and omit another. If there existed such a fair as the "Floral fair" we should have had it mentioned in one history or another.

At the same time the orthodoxy and austerity of Aurangzeb are manifest to all of us. It was he who banished all dancing girls and musicians from out the boundaries of Delhi and prohibited them from coming in again on pain of death. This clearly indicates that the fair must have originated after the reign of Aurangzeb.

sunshine without excessive heat for several days together and that our nights remind us of Byron's "night of cloudless climes and starry skies," and your readers will understand the difference between early winter and early summer in England.

Thinking thus of the beauty amid which we live and of the glories with which kindly Nature each year afresh surrounds us, I cannot attempt to give you any account of our politics, for we are in the heat of a bitter controversy raised by the Government's Education Bill. I myself cannot understand, nor do I sympathise with either of the two sides to the religious quarrel, for it is not about education but rather about the kind of religious teaching to be given in our State Schools that the dispute really exists. There are so many different religions in this country that one would say the State should not allow any of them to be taught in the Schools. But none of the different religions will accept this solution of the problem. "Then" (the State might say to the religions) "come to some agreement among yourselves and that agreement shall be adopted as the solution of the difficulty." But the religious can't and won't agree among themselves. Hence the difficulty of finding some fair and workable scheme. But Time will tell. Magna est Veritas et praevalebit. I trust your readers will not think that religion in this country consists solely of quarrels. Let them if they have the chance read a book of short essays recently published by Mr. A. C. Benson, under the title "From a College window" and unless I am much mistaken they will agree with me in admiring Mr. Benson's quiet and kindly outlook upon life and they will understand that however much sects and ecclesiastical associations may fight and abuse each other, yet there are many men here to whom religion is a matter far above quarrelling about—to whom it means, in Mr. Benson's words, "the power, whatever it be, which makes a man choose what is hard rather than what is easy, what is lofty and noble rather than what is mean and selfish; that puts courage into timorous hearts and gladness into clouded spirits; that consoles men in grief, misfortune and disappointment; that makes them joyfully accept a heavy burden; that in a word uplifts men out of the dominion of material things and sets their feet in a purer and simpler region."

I am dear Mr. Editor,

Yours &c.

G. P. GOODALL.

school at Aligarh which is supported and controlled by the private enterprise of Mohamedan gentlemen from all parts of India..... .... Undoubtly such institutions must materially affect the formation of character in future generations."

I said that in two ways the College had been brought to our notice recently. My other reference is to an article published in the April number of the Quarterly Review and written by the late Head of the College, Mr. Morison. The title of his article is 'an Indian Renaissance,' and in it Mr. Morison gives an account of the ideals and aims of Sir Syed Ahmad, and of the way in which those aims have been and are being worked out in Aligarh. Of Sir Syed himself Mr. Morison says "neither in England nor in India have I met any man who inspired me with so strong a feeling of reverence." The publication of this article comes at a very opportune moment, when we have all been hearing so much of India because of the Prince's visit, and it is sure to be read by many people. The College is to be congratulated upon having Mr. Morison's pen at its service in England.

When I wrote my first letter to the 'Monthly' last November I remember that I painted a very gloomy picture of our English climate. I must now in fairness, just half a year later, say something on the other side ; for this present week and the next few weeks are the most beautiful part of the year. The trees, after their long winter without leaves, are now, one might almost say, hidden by leaves. The lovely may blossom with the laburnum, lilac, rowan blossom, and here and there a deep-coloured *rhododendron* makes a picture of so many beautiful colours and delicate shapes that one almost enjoys half an hour's walk as much as a week's holiday at any other time of year. Now too cricket, our great national game, is in full swing and it would perhaps be difficult for men of other countries to appreciate the extent to which the game is played and the still greater extent to which it rouses interest even with those who do not themselves play. Most people here follow in the newspapers the doings of the cricket teams representing their own counties. Other outdoor games have also started, tennis and croquet -and this year there seems to be a revival of Badminton. Add to all this that our days are about twice as long as in November, that very often we have bright

thank H. H. the Lieutenant-Governor for Rs. 20,000, half of which is to be devoted to the Library. This most acceptable grant together with the annual allowance in the College Budget should help us to put the Library in a very satisfactory condition indeed.

The Duty Society has arranged for five tours to be undertaken during the coming Vacation. The first deputation will tour in the Northern parts of the Punjab, Tasadduq Ahmad being the Secretary; the second in the Southern Punjab; Md. Jamiluddin being the Secretary for this tour. Sindh is to be visited by a third deputation under Ziaul Islam; while Mohammad Akram Khan is Secretary of the deputation which is to work in the Agra Division. Finally Gwalior and other states are to be visited and for this tour Zahur Ahmad is in charge of the arrangements

---

Letters from England, No. 4.

31st May, 1906.

DEAR MR EDITOR,

Let me first say how glad I am that during the last few weeks the College has in two ways been brought prominently to the notice of English people. Your readers will doubtless have heard through the newspapers of the reference made to the College by His Royal Highness the Prince of Wales in the speech he delivered in London at an entertainment given by the Corporation of that City to welcome the Prince and Princess upon their return to England. In the course of this speech, which was reported in all our newspapers and which would thus be very widely read, the Prince gave a most interesting account of his journeys in India and among other matters, which had attracted his attention, he referred to education. I will quote his words so that they may be preserved in the pages of the 'Monthly.'

> "Having seen several colleges and other educational institutions in different parts of India (said the Prince) I gained some slight idea of the efforts which are being made to place within the reach of all classes a liberal education Let me take as an example the great Mohamedan college and

stand the utter apathy and indifference which the young Mohammadan of to day shows. The absence of competitors for this prize is insignificant in itself, but it shews the prevailing tendency. On almost every hand we hear the same complaint, *viz*, that the students do not show that keenness in their work and in their recreations which those connected with Aligarh have grown accustomed to expect. There is a slackness—not by any means entirely due to the season—both physical and mental. Members of the College are far too fond of loafing idly about in the evening, or even of lying absolutely idle on their beds. A great and serious responsibility rests on the Aligarh student of to-day. On him the reputation of the College lies, and according as he is a credit to the College or the reverse so will the fame of the College wax or wane.

Again we have to record that the month has been very, very quiet so far as building has been concerned. A new temporary bungalow for school classrooms is our most crying need. Some bricks and kunkur have been piled on the site selected, but, although a crisis will occur in October if there is no more room than at present, absolutely nothing else has been done for a fortnight. We hope that the building Committee will not think it impertinent if we suggest that a "building programme" be drawn up, indicating the lines on which the College buildings should be increased and improved, and providing for a definite quantity of work to be taken in hand *and finished* each year. At present the zeal and energy shewn are great, but much effort is wasted because the programme is not definite and clear. There are many buildings which require finishing; there are others which require repairing, and there is future expansion to be allowed for, *e. g.*, more classrooms for the school, and more bungalows for the staff.

The teaching difficulty, like the poor, is ever with us. Again the numbers of the classes are increasing while the staff remains the same. Among the disadvantages of too large classes is the fact that the pupil cannot get good value for his money. The advantage possessed by the member of a small class is peculiarly noticeable. He makes more rapid progress and at the same time has a better knowledge of what he has been taught than his fellow in the large class.

The generosity of the Government of the United Provinces is again manifest. This time the College has to

The Aligarh Monthly

July, 1906.


College Notes.

The month of June rarely brings anything very exciting. So far dust storms have been the chief class of event, but they have come so often and remained so long that now they are looked upon as a regular event of the day, and are almost as much a part of the programme as the lectures. Luckily no great harm has been done by them, though on the night of June 11th a tree in the kachha court was blown down.

The Monthly 'Aggregate' Prize for Tent-pegging for May was won by Ghulam Akbar who rode well and took his pegs in good style. A distinct improvement in the riding and nerve of the ordinary competitor has been noticed already, and it is to be regretted that more do not take part in this kind of contest. The aggregate prize for this month will be given after three rounds, one of which will take place in July, in order that interest may be maintained to the end of the term.

The Hockey Team went on tour to the Hills at the end of May and seem to have had a very good time. A detailed account of their matches is published in this number.

The offer of a prize of Rs. ten for the best article on a subject of Mohammadan interest has drawn only one article. The author is Mohammad Hosain Khan, B. A. and his article is published in this number. It is hard to under-



جلد	اگست سنہ ۱۹۰۶ء	نمبر

مجنوں نمبر

ہمارے ایشیائی شاعروں کے فرضی عشق بازی کا سب سے بڑا نمونہ لیلےٰ اور مجنوں کا واقعہ ہے اور نوآموز سے نوآموز شاعر بھی اپنے اشعار میں انکا تذکرہ ضرور کرتا ہے۔ یوسف زلیخا۔ شیریں و فرہاد۔ عذرا، و وامق کے عشق کی داستانیں بھی اگرچہ بہت مشہور ہیں لیکن میاں مجنوں ان سب کے پیر مغاں مانے جاتے ہیں۔

اہل دنیا کا یہ ایک عام قاعدہ ہے کہ جب کوئی کسی بات میں کمال حاصل کرتا ہے تو اُسکے ثبوت کمال کے لیے اُس کی طرف ایسے قصے اور روایتیں منسوب کرتے ہیں جو بے بنیاد ہوتی ہیں۔ مثلاً ہندوستان کے جہانگیر اور نورجہاں کو ایک اعلیٰ درجہ کا ظریف سمجھکر اُنکی طرف عجیب عجیب روایتیں منسوب کرتے ہیں۔

کچھ ہندوستان ہی کی خصوصیت نہیں ہے۔ بلکہ ہر مقام پر دنیا میں ایسا ہی ہوتا آیا ہے۔ ہومر یونان کے مشہور شاعر نے الیڈ کی جب نظم لکھی تو وہ بیحد مقبول ہوئی۔ اُسکے بعد

لوگوں نے جو نظمیں جنگی جوش و خروش کی لکھیں اُسی کی طرف منسوب کر دیں۔ جسکی وجہ سے بعض لوگوں نے بعد میں بالکل انکار کر دیا کہ ہومر کوئی شخص ہی نہیں تھا۔ یہی حال عرب میں مجنون عامری کا ہوا۔ چونکہ اُسکے عشق کی عجیب غریب داستان سے بچہ بچہ آشنا تھا۔ اور سب کو دلچسپی ہوتی تھی اسلیے عشقبازی کا کوئی دلچسپ لطیفہ اگر کسیکو ملجاتا تو مجنون عامری کی طرف منسوب کر دیتا۔

یہی وجہ ہے کہ مورخین نے جب اُسکے بعض اخبار اور واقعات کو بالکل بے بنیاد پایا تو انکار کر دیا کہ مجنوں کوئی شخص ہی نہ تھا۔ لیکن اسکے سوا مجنوں سے انکار کرنے کی ایک خصوصیت اور بھی تھی۔ مجنوں نے عشقبازی میں چونکہ اپنی عمر بسر کی۔ اور ایک دشمن قبیلہ کی لڑکی پر وہ عاشق ہوا جو دونوں اعتبار سے بنی عامر کے سپاہیانہ قبیلہ کے لیے ایک ننگ و عار کی بات تھی اسلیے اُنھوں نے اپنی ننگ مٹانے کے لیے صاف انکار کر دیا کہ ہمارے قبیلہ میں مجنوں کوئی آدمی نہیں ہوا۔ اور "ہم لوگ سخت دل اور جگر رکھتے ہیں جسکے ملائم کرنے کی طاقت نسوانی حسن میں نہیں رکھی گئی ہے" مگر حقیقت اور واقعیت پر کہانتک کوئی پردہ ڈال سکتا ہے اور پھر ایسے واقعہ میں جو کہ عجائبات دنیا میں سے ہو۔ آخر یہ قصہ مشہور ہو کے رہا۔

میں یہ ضرور کہونگا کہ بعض روایتیں جو مجنوں کی طرف منسوب کی جاتی ہیں وہ لوگوں کی من گھڑت ہیں لیکن بیشتر ایسی بھی ہیں جو سچی معلوم ہوتی ہیں۔ میں عربی لٹریچر کی مستند اور تاریخوں سے اُسکے سچے اور واقعی حالات اور اشعار ذیل میں درج کرتا ہوں۔ جس روایت کی نسبت مجکو ذرا بھی شبہ ہوا ہے میں نے اُسکو چھوڑ دیا ہے۔

اس مضمون میں مجکو مجنوں کے تاریخی حالات سے زیادہ بحث نہیں ہے اور نہ میں اُسکی سوانح عمری لکھنا چاہتا بلکہ صرف یہ دکھانا چاہتا ہوں کہ اُس عاشقوں کے پیر مغان اور رشید ابو کے گرو گھنٹال نے اپنے سچے اور حقیقی عاشقانہ جذبات اور خیالات کو کس انداز سے ادا کیا ہے اور ہمارے لٹیائی شعرا اپنی فرضی عشقبازی کے خیالات کو کس انداز سے ادا کرتے ہیں

یہ افسوس ہی کہ عربی اشعار کے ترجمہ سے اُن کی اصلی کیفیت نہیں معلوم ہوسکتی۔ اور نہ اُن کی خوبیوں پر کافی روشنی پڑسکتی ہی۔ صرف اتنا معلوم ہوجائیگا کہ شعر کا مضمون یا مطلب کیا ہی بہت سی خوبیاں شعر میں ایسی ہوتی ہیں جو خصوصیت کے ساتھ زبان ہی سے وابستہ ہوتی ہیں۔ اور جب غیر زبان میں اُسکا ترجمہ کیا جاتا ہی تو اُس کی یہی کیفیت ہوجاتی ہی جیسے کسی حسین عورت کے زیورات اُتار لیے جائیں۔ خود اُردو میں دیکھئے۔ داغ کا شعر ہی۔

ڈھلا سارا بدن سانچے میں گویا ذرا اُترا نہیں ظالم کہیں سے

اس شعر میں خوبی صرف اُترا کے لفظ میں ہی۔ اگر اسکا ترجمہ دوسرے لفظوں میں کردیجئے تو کوئی بات ہی شعر میں نہیں رہجاتی۔

لیکن خوش مذاق لوگ صرف مضمون کو دیکھکر اسی طرح اسکا اپنی شاعری سے مقابلہ کرسکتے ہیں۔ جس طرح کہ اضافی زیب و زینت سے قطع نظر کرکے مختلف مقامات کے حسن کا مقابلہ کیا جاسکتا ہی۔

افسوس کہ ہم مجنوں کے واقعات زندگی کو اس مضمون میں پورا نہیں لکھ سکتے۔ کیونکہ اُسکے لیے ایک طولانی دفتر درکار ہی۔ صرف چند واقعات کو لکھیں گے جنسے اُس کی شاعری پر روشنی پڑسکتی ہی۔

مجنوں یا قیس کے نام سے ہم میں سے کون شخص ہی جو آشنا نہیں ہی۔ لیکن غالباً یہ امر بہت کم لوگ جانتے ہونگے کہ وہ بہت بڑا شاعر بھی تھا۔

شاعری ایک عمارت ہی جس کی بنیاد انسان کے فطرتی جذبات پر قائم ہی۔ جس شخص کے جسقدر جذبات قوی ہونگے اُسیقدر اُس کی شاعری کی بنیاد پائدار ہوگی۔ مجنوں چونکہ عشق کے انتہائے درجہ فنا فی المعشوق تک پہونچگیا تھا۔ اسلیے اُسکے عاشقانہ جذبات نہایت بلند ہیں۔ اور اُسکے اشعار اُسکے عشقیہ خیالات کی اصلی تصویر معلوم ہوتے ہیں۔ بخلاف اسکے ہمارے

یہانکے فرمائشی غزل گو جو مشاعرہ کے لیے مرے دل سے اشعار کہکر لاتے ہیں چونکہ اُنکے عشق کا جذبہ بالکل مصنوعی ہوتا ہی اسلیے اُنکے اشعار بھی مصنوعی معلوم ہوتے ہیں اور واقعیت کا شائبہ بھی نہیں رکھتے۔

مجنوں کا اصلی نام قیس ہی۔ اسکے باپ کا نام ملوح تھا جو قبیلہ بنی عامر کا ایک معزز سردار تھا قیس کو چونکہ لیلےٰ کے ساتھ بہت ہی گہرا عشق تھا جس میں وہ مستغرق رہتا تھا۔ اس لیے اُسکو مجنوں کہنے لگے ورنہ دراصل وہ مجنوں نہ تھا۔ بلکہ ایک عقلمند اور بہادر نوجوان تھا۔

لیلےٰ بھی اسی کے قبیلہ کی دوسری شاخ کی ایک حسین لڑکی تھی۔ اُسکے باپ کا نام مہدی تھا جو اپنے کنبہ کا سردار تھا۔ اور قیس کے باپ ملوح کے ساتھ اسکا مقابلہ رہا کرتا تھا۔

لیلےٰ کا حُسن غیر معمولی نہ تھا۔ لیکن نہیں معلوم قیس کو کیا بات اُس میں نظر آگئی تھی جو اسدرجہ تک اُسکا عشق پہونچا۔ سچ ہی۔

یہ سب بالکل غلط ہی حور اچھی ہی پری اچھی　　بشر کے دل میں جو صورت سما جائے وہی اچھی

عرب میں چھوٹے لڑکے لڑکیاں بھیڑ بکریاں چرایا کرتے تھے۔ اور یہ ایسی عام بات تھی کہ امیر غریب کی اس میں امتیاز نہ تھی۔ چنانچہ بچپن میں قیس اور لیلےٰ بھی ساتھ ہی بکریاں چراتے تھے اُسیوقت سے اُنکے دلوں میں عشق کا بیج پڑا۔ مجنوں بعد میں اُس زمانہ کی یاد تازہ کرکے اکثر رویا کرتا تھا۔ اُسکا ایک شعر ہی۔

صغیرین نرعی البھم یالیت اننا　　الی الیوم لم نکبر ولم تکبر البھم

ہم دونوں بچپن میں چوپائے چرایا کرتے تھے کاش　　ہم ابتک نہ بڑے ہوتے اور نہ چوپائے

ایک بار کا قصہ ہی کہ چند نوجوانوں نے مجنوں کو تنگ کیا کہ وہ اذان کہے۔ مجبوراً بیچارہ اذان کہنے کھڑا ہوگیا۔ تو جہاں حیی علی الصلوٰۃ (نماز کے لیے آؤ) کہنا چاہیے وہاں حی علی البھم (چوپایوں کے چرانے کے لیے آؤ) کہا۔ جب لوگوں نے اعتراض کیا تو معذرت کی اور کہا کہ کیا کروں بے اختیار زبان سے نکل گیا۔

مجنوں ایک شریف پاکباز اور سچا عاشق تھا۔ عشق نے جہاں انسانی خوبیاں اُس سے چھین لی تھیں وہاں طبعی بُرائیوں کو بھی اُس سے سلب کر لیا تھا۔ اور تمام روحانی اور طبعی جذبات کو مار کر عشق نے خود اپنا تسلط جما لیا تھا۔

عام گفتگو خواہ کسی قسم کی ہو اُسکو بھلی نہیں معلوم ہوتی تھی۔ لیکن جسوقت لیلےٰ کا تذکرہ کوئی کرے تو بڑے شوق سے متوجہ ہوتا تھا۔ اور اُس کی عقل بالکل ٹھکانے ہو جاتی تھی۔ چنانچہ بعض لوگ کہتے تھے کہ یہ بنا ہوا ہی مجنوں نہیں ہی۔ ورنہ کیا وجہ ہی کہ ہر حال میں اسکو جنون رہتا ہی اور لیلےٰ کے ذکر میں اچھا خاصا عقلمند ہو جاتا ہی۔ اُسکا جواب مجنوں نے ان شعروں میں دیا ہی۔

وقالوا صحیح ما بہ طیف جنۃ ۔۔۔ وما بھم الا افتراء التکذب

لوگ کہتے ہیں کہ وہ بالکل تندرست ہی اُسکو جنون نہیں ہے ۔۔۔ اور نہ رنج ہی بلکہ یہ سب جھوٹا افترا رہے

وشاھد وجدی دمع عینی وقبھا ۔۔۔ بری اللحم عن احناء عظمی ومنکبی

میرے عشق کا گواہ میری آنکھوں کا آنسو ہی اور محبت نے میری ہڈیوں اور بازوؤں کے گوشت کو گھلا دیا ہے

مجنوں کے عشق کی ابتدائی حالت میں لوگوں کو یہ گمان تھا کہ کسی سخت اندرونی مرض میں وہ مبتلا ہو گیا ہی۔ جسکی وجہ سے دن بدن اُسکی حالت خراب ہوتی جاتی ہی۔ بہت کچھ علاج معالجہ بھی ہوا۔ لیکن کیا فائدہ ہوا مجنوں نے کہا۔

وقالوا بہ داءٌ عیاء اصابہ ۔۔۔ وقد علمت نفسی مکانی وانما

لوگ کہتے ہیں کہ اُسکو کوئی سخت بیماری لاحق ہو گئی ہے ۔۔۔ آہ۔ اُسکا علاج خود میں ہی جانتا ہوں

مجنوں کے عشق کی حالت دیکھتے ہوئے یہ گمان ہوتا ہی کہ عشق کوئی نفسانی مرض نہیں ہی بلکہ ایک تقدیری امر ہی جو عاشق خدا کے یہاں سے اپنے ساتھ لاتا ہی۔ مجنوں کو بھی طعنہ زنوں نے کہا کہ اسکی عاشقی رگِ شہوانی کا جوش ہی۔ جسپر اُسنے ایک قصیدہ کہا جسکا پہلا شعر یہ ہی۔

الا ایھا القلب الذی لج ھائما ۔۔۔ ولیدا بلیلےٰ لم تعطع تمائمہ

میں لیلیٰ کے عشق کے بھنور میں اُسوقت پھنس گیا تھا جبکہ بچہ تھا اور میرے گلے کے تعویذ بھی نہیں کٹے تھے

اُسکے سچے عشق نے لیلےٰ کے دل میں بھی پورا اثر پیدا کیا تھا۔ وہ بھی اُسپر اُسیقدر فدا تھی جسقدر وہ لیلےٰ پر تھا۔ لیکن فرق یہ تھا کہ وہ مجبوریوں میں گرفتار تھی اور اپنے عشق کا اظہار نہیں کرسکتی تھی۔ ایک مرتبہ مجنوں کا اُسکے مکان کی طرف سے گذر ہوا۔ لیلےٰ اپنی کئی سہیلیوں کے ہمراہ بیٹھی ہوئی تھی۔ مجنوں کو اُسنے بلایا یہ جاکر بیٹھ گیا۔ اور باتیں کرتا رہا۔ اتفاقاً ایک شخص آیا لیلےٰ نے الگ اُٹھکر اُس سے کچھ دیر تک بات کی۔ مجنوں کو سخت ناگوار گذرا۔ کیونکہ اُسنے سمجھا کہ لیلےٰ کے دل میں شاید میری محبت کم ہے۔ لیلیٰ نے اُسکے چہرہ سے اُسکی حالت سمجھ لی۔ اور فی البدیہ یہ دو شعر کہے۔

کلانا مظہر للناس بغضا	وکل عند صاحبہ مکین
ہم دونوں لوگوں سے متنفر ہیں	اور ہر ایک کا دل دوسرے کے پاس ہے
تبلغنا العیون بما اردنا	وفی القلبین ثم ھوی دفین
ہماری آنکھیں پیغام رسانی کرلیتی ہیں	اور دلوں میں عشق مخفی ہے

مجنوں یہ معلوم کرکے کہ اُسکے معشوق کے دل میں بھی اُسکی محبت ہے بیہوش ہوکے گر پڑا۔ بعض مضامین مجنوں نے ایسے پیدا کیے ہیں جو ہماری شاعری میں بھی بڑی مقبولیت حاصل کیے ہوئے مثلاً اُسکا ایک شعر ہے۔

وانی لینسینی لقاؤک کلّما	یقتلک یوماً ان ابثک ما بیا
جب میں تجکو دیکھتا ہوں تو اپنے	اظہار حال کو بالکل بھول جاتا ہوں

تم دیکھوگے کہ اُردو شاعروں نے جابجا اس مضمون کو لیا ہے۔

جب مجنوں کی حالت زیادہ ردی ہوگئی تو اُسکے باپ کو لوگوں نے مشورہ دیا کہ تم اپنے بیٹے کو کعبہ میں لیجاؤ وہاں دعا مانگے تو شاید اللہ تعالیٰ رحم کردے۔ وہ مجنوں کو لیکر چلا۔ جب کعبہ میں آئے تو اُسکے ہاتھ میں کعبہ کا پردہ پکڑا دیا اور کہا کہ اللہ سے دعا کر کہ وہ لیلےٰ کی محبت تیرے دل سے دور کردے۔ مجنوں اُس پردے کو پکڑکے خوب رویا اور دعا کی کہ اے لیلےٰ کے

حسن پیدا کرنے والے تو اُس کی محبت کو میرے دل میں بڑھا دے۔ اور دن بدن میرے عشق کو زیادہ کرتا رہ۔ وہاں سے لوگ مایوس ہو کر نکلے رات کو کسی نے منزل پر ایک عورت کو جسکا نام لیلےٰ تھا زور سے پکارا۔ مجنوں یہ نام سنکر چونک اُٹھا۔ اور روتے روتے آنسو کے دریا بہا دیے۔ اسوقت لیلےٰ کی یاد میں اُسنے ایک پوری غزل کہہ ڈالی اُس میں سے ایک شعر یہ ہے۔

دعا باسم لیلےٰ غیرھا فکانما — اطار بلیلےٰ طائراً کان فی صدری

غیر کو اُس نے لیلےٰ کے نام سے پکارا — گویا میرے سینہ میں ایک چڑیا تھی جسکو اڑا دیا

یہ مضمون دلچسپ اور باریک ہے اور جس موقع پر کہا گیا ہے اُس کی اصلی تصویر سامنے پیش کر دیتا ہے۔

اسکے بعد مکہ کے پہاڑوں میں سرگشتہ اور آوارہ پھرنے لگا۔ اُسکے باپ نے جاکر کہا کہ چلو تم کو مدینہ میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر پر لیچلیں شاید وہاں سے مقصد براری ہو۔ مجنوں بہت خوش ہوا اور کہا کہ ہاں چلیے شاید وہاں نجد کی جانب سے نسیم لیلےٰ کی خوشبو لائے ایک مرتبہ آوارہ پھرتا پھراتا ایک پہاڑ پر پہونچا جو طائف کے قریب تھا۔ وہاں چند لوگوں نے اُسکو دیکھا اُن میں سے ایک صاحب نجد سے آئے ہوئے تھے۔ لوگوں نے مجنوں سے کہا کہ فلاں شخص نجد سے آیا ہے۔ وہ آکر اُس سے لپٹ گیا۔ نجد کے پہاڑوں میدانوں۔ محلوں۔ قبیلوں اور مکانوں کی ایک ایک کر کے کیفیت پوچھتا تھا۔ اور بیقراری سے روتا تھا۔ اُسوقت جو اشعار اُسنے کہے ہیں اُن میں سے چند شعر ہم نقل کرتے ہیں۔

الا لیت شعری عن عوارضتی قبا — بطول اللیالی ھل تغیرنا بعدی

کاش مجکو قبا کے دونوں کناروں کی حالت معلوم ہوتی کہ کیا بہت زمانہ گذرنیسے میرے بعد اُنمیں تغیر آگیا ہے

وھل جلرثانا باانشیل الی الحمی — علیٰ عھدنا ام لم تدوما علی العھد

کیا ہمارے پڑوسی نشیل سے حالک — اپنے عہد پر ہیں یا نہیں

وعن علویات الریاح اذا جرت بریح الخزامی ھل تھب علی نجد

بنی خزام کی جانب سے پہاڑ کی چوٹیوں پر سے جو ہوا آتی ہے کیا وہ نجد پر گذرتی ہے؟

اسی طرح ہر ایک چیز کو یاد کر کے وہ روتا ہے۔ یہی وہ اصلی خیالات ہیں جو ایک محبت بھرے دل میں جدائی کی حالت میں پیدا ہوتے ہیں۔

جدائی اور مفارقت کے مضمون کو عربی میں جس خوبی سے ابی قطیفہ نے ادا کیا ہے۔ اُس سے بہتر کوئی ادا نہیں کر سکا۔ اُسکے اشعار ہیں تو بہت سادے لیکن طبیعت پر اُن کا عجیب برقی اثر پڑتا ہے۔ ایک مرتبہ کا واقعہ ہے کہ بنی زہرہ کی ایک لڑکی بنی عبد شمس کے ایک نوجوان کے ساتھ بیاہی گئی۔ لڑکی کو شوہر نے اپنے وطن یعنی شام میں لیجانا چاہا۔ لڑکی راضی نہ تھی۔ وہ اپنے وطن کو چھوڑنا گوارا نہ کرتی تھی۔ لیکن اُسکے ماں باپ مجبور تھے۔ آخر اُن کو رخصتی کرنی پڑی۔ لڑکی بیچاری درد و غم میں بھری ہوئی اونٹ کے کجاوہ پر طرح طرح کے تفکرات کرتی ہوئی قافلہ کے ساتھ چلی مکہ سے نکلکر پہلی ہی منزل پر کسی نے ابی قطیفہ کے اشعار پڑھنے شروع کیے۔

الا لیت شعری ھل تغیر بعدنا جنوب المصلے ام کعھدی القرائن

کاش میں جانتا کہ میرے بعد مصلے کی سمتیں بدل جائیں گی یا بحال رہیں گی؟

آگے چلکر شعر ہے۔

اذا برقت نحو الحجاز سحابۃ دعا الشوق منی برقھا المتیامن

جب حجاز کی جانب کوئی بدلی چمکتی ہے تو میرا شوق اُسکی مبارک بجلی کا آرزومند ہوتا ہے

آخر میں کہتا ہے۔

احن الی تلک الوجوہ الصبابۃ کانی اسیر فی الاسلاسل راھن

میں محبت سے اُنکے چہرے کی طرف دیکھتا جاتا ہوں + گویا زنجیروں میں جکڑا ہوا چل رہا ہوں

یہ اشعار دردناک سُنکر اُس لڑکی پر ایسا اثر ہوا کہ بیہوش ہو کر گر پڑی۔ اور تھوڑی دیر

میں جان نکل گئی۔ یہ لڑکی عبدالرحمٰن بن عوف کی پوتی تھی اور اسکا نام حمیدہ تھا۔

اصمعی عربی کا مشہور ادیب بنی عامر کے ایک شخص سے ملا۔ کہا کہ اگر تم کو مجنوں کے کچھ اشعار یاد ہوں تو سناؤ۔ اُسنے دو چار شعر سنائے۔ کہا اور یاد ہوں تو سناؤ۔ اُسنے اور بھی دو چار سنادئے۔ پھر اصرار کیا۔ اسنے یہ دو شعر سنائے۔

لوان لک الدنیا وما عدلت بہ ۔۔۔ سواھا و لیلی حائن عنک بینہا

لکنت الی لیلی فقیرا و انما ۔۔۔ یقودالیہا ودّ نفسک حینہا

یعنی اگر ایک طرف دنیا اور اُس کی تمام دولت رکھی جائے اور ایک طرف لیلےٰ ہو تو میں فقر کو پسند کرونگا اور بڑی خوشی سے لیلی کو اختیار کرونگا۔

اصمعی نے اور بھی فرمایش کی۔ اُسنے کہا کہ بس ہمارے مجنوں کے یہ اشعار بہت کافی ہیں اور تمہارے سو عقلمندوں کے اشعار سے انکا پلہ بھاری ہے۔

ایک مرتبہ مجنوں کا قبیلہ وادی القریٰ کو جارہا تھا۔ مجنوں بھی ساتھ تھا۔ اُس زمانہ میں عشق آہستہ آہستہ جنوں کی طرف ترقی کر رہا تھا۔ رستہ میں نعمان کی دونوں پہاڑیاں نظر آئیں۔ لوگوں نے مجنوں سے کہا کہ یہ وہ مقام ہے کہ جہاں لیلےٰ کبھی کبھی اُترا کرتی تھی۔ اُسنے پوچھا بتاؤ اُسطرف سے کونسی ہوا آتی ہے۔ لوگوں نے کہا بادصبا (پچھوا ہوا) مجنوں نے کہا واللہ اب میں یہانسے نہیں جاؤنگا تاوقتیکہ نعمان کے پہاڑیوں کی بادصبا یہانسے نہ گذرے۔ آخر تین دن تک وہیں سارا قافلہ پڑا رہا۔ اور تیسرے دن جب بادصبا چلی تو وہانسے کوچ کیا۔ مجنوں نے اُس موقع پر جو اشعار کہے اُن میں سے دو تین شعر یہ ہیں۔

ایا جبلی نعمان باللہ خلیا ۔۔۔ لنسیم الصبا یخلص الی نسیمہا

اے نعمان کے دونوں پہاڑو ۔۔۔ بادصبا کو رستہ دیدو کہ اُسکی نسیم مجھ تک آئے

احد برد ھا او تشف منی حرارۃ ۔۔۔ علی کبد لم یبق الا صمیمہا

اُس سے مجکو ٹھنڈک ملے۔ اور میرے سوزِ جگر کو تشفی ہوجائے

فان الصبا ریح اذا ما تنسمت علی نفس محزون تجلت ھمومھا

کیونکہ صبا وہ ہوا ہے کہ جب غمگین لوگوں پر گذرتی ہے تو غم کو مٹا دیتی ہے۔

معشوق کی بے توجہی کا شکوہ عاشقوں کے لیے ایک لازمی امر ہے۔ خواہ وہ کتنے ہی مدارات کیوں نہ کرے۔ گو لیلےٰ اپنے حتی الوسع مجنوں کو فراموش نہیں کرتی تھی اور جب وہ جوش وحشت میں اُسکے قبیلہ کی طرف نکل جاتا تھا تو وہ ضرور بلاتی تھی۔ اور گھنٹوں شکوے شکایت کی باتیں ہوتی تھیں۔ مگر پھر بھی مجنوں نے اُسی کے سامنے ایک دن یہ شعر پڑھا۔

اطعتھا وعصیت الناس کلھم فی امرھا وھواھا وھی تعصینی

جس کی دوستی اور محبت میں میں نے سب سے دشمنی کی وہی مجھسے نفرت رکھتی ہے

لیلےٰ نے کہا کہ تم نے مجکو بدنام کر دیا ہے۔ تم کہتے پھرتے ہو کہ میں نے اُسکے لیے کھانا پینا چھوڑ دیا۔ گھر بار کو ترک کر دیا اور مجنوں ہو گیا۔ للہ تم اپنے حال پر نہیں بلکہ میرے حال پر رحم کرو۔ اور استقلال سے کام لو۔ لیلےٰ نے چند اشعار بھی پڑھے۔ آخری شعر یہ ہے۔

فلو کان قول یکلم الجلد قد بدا بجلدی من قول الوشاۃ کلوم

اگر کسی بات کا زخم جلد بدن پر ظاہر ہوتا تو ملامت کرنیوالوں کی باتوں کے بہت سے زخم میری جلد پر نظر آتے

یعنی تیرے عشق کیوجہ سے لوگوں نے مجھپر بیحد تیر ملامت کی بوچھار کی ہے۔ مجنوں نے کہا

قالت جننت علی الیش فقلت لھا الحب اعظم مما بالمجانین

اُسنے کہا تجکو کس بات پر جنوں ہو گیا ہے میں نے کہا کہ محبت جنوں سے بڑھکر ہے

الحب لیس یفیق الدھر صاحبہ وانما یصرع المجنون بالحین

عاشق کو کبھی افاقہ نہیں ہوتا اور مجنوں کا جنوں تو تھوڑی دیر رہتا ہے

شب ہجر عاشقوں کی کالی بلا ہے طرح طرح سے شعراء نے اسکی تکلیف کے مضامین باندھے ہیں۔ مجنوں نے کہا ہے

اقضی نھاری بالحدیث بالمنی ویجمعنی واللھو باللیل جامع

دن تو میں امیدوں اور باتوں میں گذار دیتا ہوں لیکن رات کو صرف میں ہوتا ہوں اور تیرا غم

شب ہجر کی درازی کی شکایتیں بھی شعراء کے ذائض میں داخل ہیں۔ ہم کیونکر کہہ سکتے ہیں کہ مجنوں نے اس ضروری امر کو چھوڑ دیا۔ لیکن اُسکے اشعار جو اُسکے دیوان اور مختلف کتابوں کی چھان بین سے مل سکے ہیں اُن میں شب ہجر کی درازی کا مضمون نہیں ملا۔ ایک بات اور بھی ہے کہ مجنوں کے تمام اشعار واقعات سے متعلق ہیں۔ غالباً اُسکو شب وعدہ کے انتظار کا موقع ہی نہیں ملا۔ ورنہ اُسکا شکوہ ضرور کرتا۔ امراؤ القیس عرب کے ملک الشعراء نے اس مضمون پر کیا اچھا ایک شعر کہا ہے۔

فیا لیت من لیل کان نجومہ　　بامراس کتان الی صم جندل

مطلب یہ ہے کہ شب ہجر کی یہ کیفیت تھی کہ گویا اُسکے ستارے کتان کے مضبوط رسوں کے ساتھ سخت پتھر سے باندھ دے گئے ہیں کہ اُن میں حرکت ہی نہیں ہوتی۔ اس شعر میں یہ خوبی ہے کہ اس سے انتظار کی وہ صورت صاف سمجھ میں آتی ہے جو شاعر کو تھی۔ وہ ستاروں کو بار بار دیکھتا تھا کہ اپنی جگہ سے کسقدر آگے بڑھے اور کب صبح ہوگی۔ لیکن جب دیکھا تو اُسی جگہ پر پایا۔ گویا وہ رسوں سے بندھے ہوئے ہیں۔

برخلاف اسکے ہمارے شعراء کہیں شب ہجر کا دامن قیامت سے ٹانکتے ہیں۔ کہیں خضر کی عمر سے بڑی بتاتے ہیں۔ کبھی مرتے ہیں کبھی جیتے ہیں۔ شب ہجر کی زلف سیاہ کے ساتھ تشبیہ بہت اچھی خیال کیجاتی ہے۔ لیکن جو لوگ تشبیہ کے اُصول سے واقف ہیں وہ جانتے ہیں کہ یہ تشبیہ کسقدر ناکمل ہے۔ رات زمانہ ہے اور زمانہ ایک تو ذہنی امر ہے۔ دوسرے متحرک۔ اُس کی تشبیہ غیر متحرک اور جسمی شئی یعنی زلف کیساتھ کہانتک موزوں ہوسکتی ہے معشوق کی جدائی کی خبر سنکر مجنوں کہتا ہے۔

کان القلب لیلۃ قیل یغدی　　بلیلی العامریۃ او یراح

قطاۃ عز ھا شرک فباتت　　تخاذبہ وقد علق الجناح

جس رات کو مجھے یہ خبر دی گئی کہ لیلےٰ کل صبح یا شام کو چلی جائیگی تو میرے دل کی یہ

حالت ہوگئی جیسے قطا چڑیا جال میں پھنسکر تڑپتی ہو۔ بھاشا شاعری کا بھی یہ مضمون کتنا پُر اثر ہے۔

سجن سکارے جائینگے اور نین مرینگے روئے
بدھنا ایسی رین کر وکہ بھور کبھو نہ ہوئے

اُردو کے شاعر کی گلفشانی سنیے۔

وہ جب جانے لگیں اُٹھکر تو اے دل تڑپنا لوٹنا فریاد کرنا

فارسی کا مشہور شعر

غرض دو گونہ عذابست جانِ مجنوں را بلائے صحبت لیلےٰ و فرقتِ لیلےٰ

خود مجنوں کے اس شعر کا صحیح ترجمہ ہے۔

فواللہ ما فی القرب لی منک راحۃ ولا البعد یسلینی ولا انا صابر

مجنوں کا عشق عجیب نتیجہ خیز ہے جس سے وہ لوگ بہت کچھ سچی محبت کا سبق سیکھ سکتے ہیں جو حسن مطلق کی شمع کے پروانے ہیں۔ بنی عقیل کا ایک شخص ہذیل تھا اُسنے مجنوں سے پوچھا کہ دنیا میں تم کو سب سے زیادہ پیاری چیز کیا ہے۔ اُسنے کہا لیلےٰ۔ کہا لیلےٰ کے علاوہ۔ کہا جب کوئی چیز مجکو اچھی معلوم ہوتی ہے اُسی وقت لیلیٰ یاد آجاتی ہے۔ اور فوراً اُس شے کی وقعت دل سے جاتی رہتی ہے۔ ایک مرتبہ میں نے ایک ہرنی دیکھی اُس کی آنکھیں دیکھکر مجھے لیلےٰ کی آنکھیں یاد آگئیں۔ میں اُس وحشی ہرنی سے بیحد محبت کرنے لگا۔ اتفاقاً اُسکے پیچھے ایک بھیڑیا پڑا ہرنی بھاگتی جاتی تھی اور پیچھے پیچھے بھیڑیا تھا۔ یہ دیکھکر میں بھی دوڑا۔ وہ دونوں میری نظر سے غائب ہوگئے۔ ایک جھاڑی میں پہونچکر میں نے دیکھا کہ بھیڑیے نے ہرن کو مار لیا ہے اور اُسکا گوشت کچھ کھا چکا ہے۔ میں نے فوراً اُسکو تیر سے مارا۔ اور اُسکا شکم چاک کرکے جو کچھ ہرنی کا گوشت کھایا تھا نکال لیا اور پھر اُس ہرنی کو مع اُس گوشت کے دفن کر دیا۔ مجنوں نے ایک قصیدہ میں اسکا تذکرہ بھی کیا ہے۔

فاذھب غیظی قتلہ وشفی جوی بقلبی ان الحرقد بلرث الوترا

اُسکے مار ڈالنے سے میرا غصہ فرو ہوگیا اور سوزش دل رفع ہوگئی بیشک جو امر اپنی آرزو پوری کیا ہے

مجنوں بیچارے کو لوگوں نے مجبور کیا کہ وہ نماز پڑھے۔ وضو کر کے کھڑا ہوا اور نجد کی سمت نماز پڑھنے لگا۔ لوگوں نے کہا کہ تم اللہ کے ساتھ تمسخر کرتے ہو۔ کہا کیا میں لیلےٰ کی طرف پشت کروں۔

اسکے محبت بھرے دل کو لیلیٰ کی یاد کا اُس سے کم خیال نہیں رہتا تھا جتنا کہ کسی زاہد کو خدا کا رہتا ہے۔ دن بھر اُسی کی یاد۔ رات بھر اُسی کی یاد۔ ایک دفعہ صبح کے وقت نیند آگئی۔ کبوتروں نے بولنا شروع کیا۔ اُن کی آواز سے بیدار ہو کر لیلےٰ کی یاد میں کوتاہی کرنے پر بیحد پشیمان ہوا۔ کہتا ہے۔

لقد غرقت فی جنح لیل حمامۃ علی انفھا تبکی وانی لنائم

صبح سویرے ہی سے کبوتر نے اپنے جوڑے کی محبت کا ترانہ شروع کر دیا اور افسوس میں سویا ہوا ہوں

کذبت وبیت اللہ لو کنت عاشقا لما سبقتنی بالبکاء الحمائم

میں جھوٹا ہوں۔ خانہ کعبہ کی قسم اگر سچا عاشق ہوتا تو رونے میں کبوتر مجھ سے سبقت نہ لیجا سکتا

تو باد ایک پہاڑی کا نام تھا جہاں بچپن میں مجنوں اور لیلیٰ ساتھ بکریاں چرایا کرتے تھے۔ جوشِ عشق کے زمانہ میں مجنوں نے اُسی کو اپنا وحشت خانہ بنا رکھا تھا۔ لیکن کبھی کبھی نکلتا تو جوشِ وحشت میں شام کے ملک میں پہونچ جاتا۔ وہاں نئی خلقت نئے لوگ دیکھتا تو اُنسے پوچھتا تو باد کا رستہ بتا دو میں وہاں جاؤنگا۔ وہ کہتے ہیں! تم یہاں کہاں آنکلے تو باد تو نجد کے قریب ہے۔ اچھا فلاں ستارے کی سیدھ میں جاؤ۔ وہاں سے بھٹکتا ہوا یمن میں پہونچتا۔ وہاں سے بھی لوگ رستہ بتا دیتے۔ الغرض مدتوں کے بعد جب تو باد نظر آتا تو اُسکو سلام کر کے خوب لیلیٰ کی یاد تازہ کرتا اور پھروں اُسی کی دُھن میں روتا۔

اسکے قبیلہ کے لوگوں نے ہر چند کوشش کی کہ لیلےٰ کے ساتھ اُس کی شادی ہو جائے لیکن لیلےٰ کے قبیلہ نے انکار کر دیا۔ بعض دوسرے معزز سرداروں نے بھی زور دیا لیکن اُن لوگوں نے کہا کہ مجنوں سے لیلےٰ کو بیاہ دینا ہمارے لیئے ننگ ہے۔ اور کسی طرح رضی نہ ہوئے

بنی عقیل کے قبیلہ میں سے ایک شخص وردبن محمد تھا۔ اُسکے ساتھ لیلےٰ کی شادی اُسکے قبیلہ والوں نے جبراً کردی لیلےٰ راضی نہ تھی۔ آہ مجنوں کے لیے یہ خبر کیسی ہوش ربا تھی۔ سننے کے ساتھہ ہی اُسپر غشی طاری ہوگئی۔ اور جب افاقہ ہوا تو ایک آہ سرد کھینچی۔ اور کہا۔

دعوت الٰھی دعوۃ ما جھلتھا ورب بما تخفی الصدور بصیر

میں نے خدا سے ایک دعا مانگی ہے اور میرا خدا خود دلوں کی حالت سے واقف ہے

لقد شاعت الاخبار ان قد تزوجت فھل یاتینی بالطلاق بشیر

یہ خبریں شائع ہورہی ہیں کہ اُسنے نکاح کرلیا کیا طلاق کی خوشخبری بھی میرے پاس کوئی لائیگا

رات بھر اسی رشک و سوز میں مبتلا رہا۔ جاڑے کے ایام تھے صبح اُٹھتے ہی لیلےٰ کے قبیلہ میں پہونچا۔ دیکھا تو اُسکا منحوس شوہر آگ جلائے ہوئے تاپ رہا ہے۔ اُس سے یہ سوال کیا۔

برب ھل ضممت الیک لیلےٰ قبیل الصبح او قبلت فاھا

تجھے خدا کی قسم ہے کہ کیا صبح کے پہلے تو نے لیلےٰ کو سینے سے لگایا ہے یا اسکے منہ پر بوسہ دیا ہے

وھل رفعت علیک قرون لیلی رفیف الاقحوان انتہ فی مداھا

کیا تیرے اوپر لیلےٰ کی زلفیں لہرائی ہیں جس طرح کہ گل بابونہ بہار میں لہراتا ہے

اُسنے کہا کہ تو نے چونکہ قسم دیکر پوچھا ہے اسلیے میں کہتا ہوں کہ ہاں؟

یہ سنتے ہی مجنوں کے دل پر بجلی کوند گئی۔ دونوں ہاتھ میں اُسکے آگے سے انگارے اُٹھالیے اور افسوس سے اُنکو زور سے ملنے لگا یہانتک کہ بیہوش ہوکر گر پڑا۔ اور دونوں ہاتھ کی گوشت پوست جلکر خاک سیاہ ہوگیا۔ اُسکے بعد بہت زیادہ عرصہ تک وہ زندہ نہیں رہا۔ اُسکے گھر کے لوگ دوسرے تیسرے اُسکی خبر گیری کرتے رہتے تھے۔ ایک دن جو جاکے۔ دیکھتے ہیں تو پہاڑ کے ایک دامن میں وہ مجسم عشق ایک نعش کی صورت میں پڑا ہوا ہے۔ اُسکا خاکی جسم خاک کے اوپر ہے لیکن اُس کی عشق اور محبت کی پلی ہوئی روح خدا کے عرش کے سائے میں

پہونچ چکی ہے۔

اُس سچے شریف۔ جانباز عاشق کا زمانہ نے ناکامی کے ساتھ خاتمہ کر دیا ہے۔ لیکن نہیں

ہرگز نہ میرد آنکہ دلش زندہ شد بعشق ثبت است بر جریدۂ عالم دوام شاں

عشق کا یا تو خاصہ ہے ناکامی یا عشق ناکامی ہی تک منحصر ہے۔ بہرصورت جو کچھ بھی ہو سچے عشاق کا خاتمہ ہمیشہ ناکامی ہی کے ساتھ ہوا۔ اور اُن کی روح کو زمانہ نے ناکامی ہی کے زہر کا گھونٹ پلایا۔ ہم اب اپنے اس مضمون کو مجنوں کے اس آخری شعر پر ختم کرتے ہیں جسکا مرنے سے کئی دن پہلے سے اُسنے وظیفہ کر رکھا تھا۔

قضاھا بغیری وابتلانی بھا فیالیتھا من غیر لیلے ابتلانیا

خدا نے لیلے کو دوسرے کے حصہ میں کر دیا اور اُس کی محبت میں مجکو مبتلا کیا کاش میں کسی دوسری شے کی محبت میں مبتلا ہوا ہوتا۔

اسلم جیراجپوری
مدرسۃ العلوم۔ علی گڈھ

کرزن نامہ
نمبر ۶
ریل اور نہر

ریل اور نہر کے فوائد میں باہم ایسی رقابت ہے کہ ایک دوسرے کو اپنے اوپر غالب نہیں آنے دیتی آپس میں ہمیشہ برابری اور ہمسری کا دم بھرتے ہیں بس نہیں چلتا کہ ایک دوسری سے آگے بڑھجاوے۔ ریل کی ماں آگ ہے نہر کا باپ پانی ہے جیسی ان ماں باپ میں ایک کو دوسرے پر ترجیح دینی حماقت ہے۔ ایسی ہی انکے بچوں میں ایک کو دوسرے پر فوقیت دینی سفاہت ہے۔ اس باب میں ہم تین باتیں لکھتے ہیں۔ اول ریل اور نہر میں باہم مناظرہ اور اُسکا نتیجہ

دوم دونوں کی تاریخ جو ہندوستان سے متعلق ہے۔ سوم لارڈ کرزن نے جو ریل و نہر کے باب میں دانشمندانہ کام اور انتظام ترقی کیے۔ انہوں نے جن بارہ سوالات کے حل کرنیکا بیڑا اٹھایا تھا اُن میں سے دو ریل اور نہر بھی تھے۔

ریل اور نہر کا مناظرہ

ریل کہتی ہے کہ میں دل افروز ہوں آشوب گاہ دنیا میں چراغ آسایش روشن کرتی ہوں کس آسایش و آرام سے ملکوں کی سیر کراتی ہوں اور دنیا کے مناظر فطرت کو دکھلا کے محظوظ لوگوں کی ارزاں چیزوں کو دور دور لیجا کر گراں فروخت کر کے مالکوں کے دامنوں کو دولت سے پُر کر کے خوش کرتی ہوں۔ جب لوگ قحط سے بھوکے مرتے ہیں تو جھٹ پٹ دور دراز فاصلوں سے جا کر اُن کی خوراک لاتی ہوں اور اُن کو کھلا کر زندہ دل بناتی ہوں میں جیسی دوستوں کی دل افروز ہوں ایسی ہی دشمنوں کی جاں سوز ہوں۔ شورنجتوں کے خس و خاشاک کو سوخت کرتی ہوں۔ ادھر کسی دشمن نے منہ دکھایا نہیں کہ اُدھر میں سپاہ اور اسباب حرب لیکر فوراً اُسکا منہ جھلسنے کو پہنچی نہیں۔

نہر نے ریل سے کہا کہ تم یہ کام کرتی ہو مگر اسکے ساتھ تم ہندوستانیوں کی جانسوزی اور خانماں ویرانی بھی کرتی ہو کہ ہندوستانیوں سے اُن کی دولت ناحق کھینچے لیے جاتی ہو اور ان کو یہ دکھاد کھا کر جلاتی ہو اور مفلس اور قلاش بناتی ہو۔

ریل نے یہ سنکر نہر سے کہا کہ یہ امرا اور بہتان مجھپر کیوں باندھتی ہو میں اتنی دولت ہندوستان سے لے نہیں جاتی جتنی کہ دے جاتی ہوں۔

نہر نے کہا تم میں میری سی کیا خوبیاں ہیں کہ میں خشک سالی میں سرسبستان آفرینش کو اپنی آبیاری سے طراوت دیتی ہوں۔ زراعت کے لیے امرت بنتی ہوں خراب ویران زمینوں کو سرسبز و شاداب کر کے ہزاروں آدمیوں کو رزق پہنچاتی ہوں۔

ریل نے نہر سے کہا کہ تم یہ اپنی توبڑائیاں مارتی ہو مگر یہ نہیں کہتی کہ جب میں اپنی پانی کی

قیمت مانگتی ہوں اور زمین کے مزروعہ کرنے سے سرکاری جمع کو اتنا بڑھاتی ہوں کہ اُسکے سرکاری تقاضہ پر اہل زراعت کہتے ہیں کہ کاش تم عنایت انکے حال پر کرو۔

نہر نے کہا یہ شکایت میری بیجا ہی نہیں اپنے پانی کی قیمت گراں مانگتی ہوں نہ سرکاری جمع سخت کرتی ہوں میں تو زراعت کو نہال اور اہل زراعت کو مالدار کرتی ہوں وہ سمجھیں تو ان کی کوتاہی فہم ہی۔ بعد اس گفتگو کے دونوں نے سوچکر کے کہا کہ ہماری یہ بحث عبث ہی گو ہم دونوں رقیب ہیں مگر جیسے ایک دوسرے کے یار و مددگار ہمارے ماں باپ آب و آتش ہیں ایسے ہی ہم انکے بچے ہیں یعنی جیسے آگ اور پانی بغیر کوئی دخانی انجن نہیں چل سکتا ایسی ہی ہم دونوں کی باہمی اعانت کے بغیر ہندوستان کی آسودہ حالی و بہبودی کا انجن نہیں چل سکتا۔ مناظرہ دونوں کا اسپر ختم ہوا کہ دونوں میں کوئی ایک دوسرے پر ترجیح نہیں رکھتا ملک کی نفع رسانی میں دونوں برابر ہیں۔

دوم نہر یعنی آبپاشی کے کاموں کی تاریخ

ہندوستان ایسا ملک ہی کہ اسکے بعض حصوں میں مینہ بہت برستا ہی اور بعض میں تھوڑا برسات کا حال ہمیشہ یکساں نہیں کبھی شدت سے ہوتی ہی کہ پن کال کا اندیشہ ہوتا ہی کبھی قلت سے ہوتی ہی یا نہیں ہوتی کہ خشک سالی ہوتی ہی اور قحط پڑتا ہی۔ اس سبب سے گورنمنٹ کا یہ اول فرض ہی کہ وہ ہندوستان کے ہر حصہ میں اسکے حسب مناسب حال آبپاشی کرے کہ خلقت زندہ رہے۔ ہر حصہ میں آبپاشی کی ضروریات جداگانہ ہوتی ہیں۔ دریا گنگ و دریا سندھ کے ہاسنوں میں آبپاشی کے لیے دریاؤں سے نہریں کاٹنے کی ضرورت ہے اور جو زمینیں ان دریاؤں سے دور ہوں اُن میں کنوؤں کے بنانے کی ضرورت ہی۔ بنگال میں مینہ بہت برستا ہے کم عمق تالوں اور کنڈوں کے بنانے کی ضرورت ہی۔ اور وہ پہلے زمانہ کے بہت موجود ہیں اور بعض ان میں سے بہت بڑے ہیں۔ مدراس اور دکن میں زمین بڑی ناہموار اونچی نیچی ہی اور اس میں پہاڑیوں کے سلسلے واقع ہیں وہاں آبپاشی کے لیے بندہ باندھکے کنڈ اور تال بنانے چاہئیں کہ پہاڑوں کے ڈھلانوں پر سے پانی ڈھلکر اُن میں جمع ہو اور پھر اُنسے نالیاں کاٹ کر

زراعت میں پانی پہنچایا جائے۔ ہر حالت میں آبپاشی کے سرمایہ میں روپئے خرچ کرنے کی ضرورت ہے جسکے سبب سے زراعت میں سرسبزی ہوتی ہے اور اس میں سرمایہ لگانے والے کو اس سے زیادہ فائدہ ہوتا ہے جو اس سرمایہ کے سود سے ہوتا ہے۔ اس سرمایہ کا لگانا زراعت کا بیمہ کرنا ہے کہ وہ قحط کی آفت سے محفوظ رہے۔ مگر یہ یاد رہے کہ یہ ضرور نہیں ہے کہ جس جگہ آبپاشی کے کام میں سرمایہ خرچ کیا جائے تو وہ قحط سے بالکل محفوظ رہے یہ سمجھنا غلطی ہے مگر اس سرمایہ کا خرچ کرنا عمدہ ترین تدبیر قحط سے بچنے کی ہے۔

جب برسات دو تین سال تک متواتر اچھی نہیں ہوتی تو بارانی زمینوں سے کاشتکار کو پیداوار کے ہونے سے بالکل مایوسی ہوتی ہے۔ مگر جہاں آبپاشی ہوتی ہے وہاں پیداوار کی امید ہوتی ہے۔ قحط زدہ زمینوں اور بن قحط زدہ زمینوں میں آبپاشی صد فاصل بناتی ہے جو ایک طرف خشک سالی کو اور دوسری طرف خوش حالی کو تبلاتی ہے۔ یہ یاد رہے کہ ریل کو تو جہاں چاہو بنا لو مگر نہر ہر جگہ نہیں بن سکتی۔ نہر تو وہاں بن سکتی ہے جہاں انجینیرنگ (نہروں کا بنا) کا معاون نیچرل لا یعنی قانون فطرت ہو جس میں کبھی تغیر نہیں ہوتا۔ انجینرنگ (فن تعمیر عمارت) وہاں کام کر سکتا ہے جہاں زمین کا لیول یعنی ہموار ی اُسکی ممد و معاون ہو یعنی صرف زرکچھ کام نہیں کر سکتا جب تک قانون قدرت اُسکے ساتھ معاونت نہ کرے۔ مرتفع زمین جس میں صرف بارش اعتدال سے ہوتی ہو اور چند برساتی ندی نالوں سے پانی پہنچتا ہو اور جسکے اندر پہاڑیوں کا سلسلہ حائل ہو اور قدرتی باسن بھی اُسکے اندر نہ ہو (باسن ایک انگریزی لفظ ہے جسکے معنی ملک کے اُس حصے کے ہیں جسکا سارا پانی بہ کر ایک دریا میں جاتا ہو) تو وہ موسموں کے انقلابات کی آفتوں سے محفوظ نہیں رہ سکتی۔

ہر مقام کی آبپاشی دو باتوں پر موقوف ہوتی ہے ایک پانی کے بہم پہنچنے پر دوسرے زمین کے لیول (ہموار) پر۔ وہ ریگستان جو راجپوتانہ کے کوہستان سے۔ سندھ کے باسن کے درمیان واقع ہے وہاں آبپاشی کا رستہ بند اس سبب سے ہے کہ وہاں بارش نہیں ہوتی

اور پہاڑ اور وادیاں گڈبڈ ہیں۔ اور زمین کی ہمواریوں پر کچھ بس نہیں چل سکتا۔ وادی سندھ میں مغرب کی طرف آبپاشی ممکن ہے جہاں نہایت استقلال اور محنت سے کامیابی حاصل کی گئی ہے

کل ملک سندھ میں اور پنجاب کے بعض اضلاع زیرین میں آبپاشی بالکل دریا رسندھ کی طغیانی پر موقوف ہے۔ ملک سندھ کو مصر اور دریا رسندھ کو نیل سے تشبیہ دی جاتی ہے لیکن مصر اور نیل کا حال بہ نسبت ملک سندھ اور دریا رسندھ کے اچھا ہے۔ سندھ میں کل سال میں اوسط بارش کا صرف ۱۰ انچ ہے زمین ریتلی خشک ہے جو سب قسم کی زمینوں میں بدتر ہوتی ہے۔ دریا محدود سواحل میں نہیں بہتا۔ بلکہ وہ ایک وسیع وادی میں اپنی مرضی کے موافق ڈانواڈول آوارہ گردی کرتا ہے۔ مصر کو جو فائدہ نیل کی طغیانی سے ہوتا ہے وہ ہندوستانیں دریا رسندھ کی طغیانی سے نہیں ہوتا۔ بلکہ بعض دفعہ فائدہ کے بجائے نقصان زیادہ ہوتا ہے۔

ملک سندھ کی آبپاشی

بغیر آبپاشی کے ملک سندھ میں کوئی فصل نہیں پیدا ہو سکتی۔ اس میں بیس لاکھ ایکڑ زمین ایسی ہے کہ وہ مصنوعی آبپاشی کی محتاج ہے۔ دریا کا پانی دو قسم کی نہروں میں جاری کیا جاتا ہے اول قسم انہار طغیانی ہیں جن میں دریا رسندھ کی طغیانی سے پانی پر ہوتا ہے۔ یہ نہریں اکثر پہلے فرماں رواؤں اور کاشتکاروں نے بنائی ہیں۔ دوسری قسم کی نہریں سالانہ ہیں جو بند ہوں کے باندھنے سے بنائی جاتی ہیں اور انکا پانی سال بھر کام آتا ہے۔ یہ نہریں جب سے بنی ہیں کہ ملک میں برٹش گورنمنٹ کا تسلط ہوا ہے۔

پنجاب کی آبپاشی

پنجاب کے بعض حصوں میں بہ نسبت سندھ کے کسی قدر آبپاشی کے کاموں کی ضرورت کم ہے۔ اس میں آب رسانی کے مخازن بہت ہیں۔ ہمالیہ پہاڑ کے نیچے جو شمالی حصے ہیں اور پانچوں دریاؤں کی وادیاں بالا ہیں ان کی ۱۰ فیٹ سے لیکر ۳۰ فیٹ تک زمین کھودنے سے کنوؤں میں پانی نکل آتا ہے۔ اور جنوب میں انہار طغیانی بکثرت ہیں۔ انہار طغیانی دریاؤں سے کاٹی

جاتی ہیں وہ جاڑے میں پانی سے اسلیے خالی ہوجاتی ہیں کہ دریاؤں میں اتنا پانی چڑھاؤ پر نہیں ہوتا کہ اُن کو بھرے۔ جب گرمی کے موسم میں پہاڑوں پر برف پگھلتا ہی اور پانی بنکر دریامیں آتا ہی تو وہ اپنی طغیانی سے اُن نہروں کو پُر کرتے ہیں اور جاڑے تک اُن میں پانی رہتا ہی۔ پنجاب کے جنوب مغربی حصہ میں زمین کی سرسبزی اور شادابی اُن ہی انہار پر موقوف ہی۔ یہ معلوم ہوتا ہی کہ پہلے زمانہ میں سب دریاؤں سے انہار طغیانی جاری تھیں۔ دیہات وقصبات وعمارات میں انکے جاری ہونے کی علامات ابتک پائی جاتی ہیں۔ جب پنجاب انگریزی عملداری میں آیا تو جو انہار طغیانی جاری تھیں۔ ان میں سے بعض کی غور پرداخت اور توسیع برٹش گورنمنٹ نے کی اور پانی کے بحال کرنے کے تخمینے اور تجویزیں ہوئیں مگر آبپاشی کی جو فنڈس تھے وہ مستقل نہروں کے بنانے اور بڑھانے میں صرف ہوگئے۔ انہار طغیانی کے لیے نہیں بچا۔

پنجاب میں ایسٹ انڈیا کمپنی کا بڑا کام باری دواب کی مستقل نہر بنانے کا ہی جو تقریباً ۴۵۰ میل طول میں ہی۔

ہندوستان بڑا ممنون احسان جان لارنس اور لارڈ ڈلہوزی کا ہی کہ جنکے حسن سعی سے یہ نہریں جاری ہوئی ہیں۔

جان لارنس ہمیشہ متواتر گورنمنٹ پر متقاضی رہتے تھے کہ سڑکوں اور نہروں کے بنانے کی اشد ضرورت ہی اور اپنا ذمہ لیتے تھے کہ انسے محاصل ملکی میں اسقدر افزائش ہوگی کہ جو روپیہ اس میں خرچ ہوگا اُس سے دس گنا زیادہ محصولوں سے وصول ہوجائیگا۔

لاہور کے بورڈ نے لکھا کہ اگر ہم یہ چاہتے ہیں کہ ان ہزاروں آدمیوں کی پرورش کریں جنکا بیکار ہونا تبدیلی گورنمنٹ کے لیے لازمی تھا تو کوئی تدبیر انکے جلد پرورش کرنے کی اس سے زیادہ نہیں ہی کہ نئی نہریں بنائیں اور پرانی نہروں کی مرمت کریں۔

لارڈ ڈلہوزی نے لکھا ہی کہ ہر مقام پر میں بڑے بڑے اراضی کے قطعات دیکھتا ہوں کہ زراعت کی قابلیت رکھتے ہیں مگر وہ ویران پڑے ہیں صرف وہ پانی کے محتاج ہیں

پانی اُن کو پہنچا نہیں کہ وہ زرخیز ہوئے نہیں

کورٹ وائر کو زنے بھی باری دوآب کی نہر بنانے کی منظوری بطیب خاطر دی کہ وہ کفایت شعاری کے ساتھ بنائی جائے۔ غرض یہ باری دوآب نہر بہت جلد تیار ہوگئی اس کی لاگت کا تخمینہ ایک کرور روپیہ اسکے منافع کا تخمینہ بارہ فیصدی تھا۔ پنجاب میں تین نہریں گورنمنٹ نے تیار کیں۔ مغربی نہر جمنا۔ نہر باری دوآب۔ نہر سرہند۔

ممالک مغربی کی آبپاشی

شمالی ہند میں نہروں سے آبپاشی کرنے کا موجد سلطان فیروز شاہ تغلق ہوا ہی جسنے پچاس بندہ دریاؤنکے باندھے تھے۔ جمنا کی نہریں جاری کی تھیں کہ اُنسے آبپاشی زرعت کے لیے کی جائے۔ اٹھارہویں صدی کے لڑائی جھگڑوں نے جہاں کی نہروں کو بند کردیا گورنمنٹ انگریزی نے ۱۸۳۰ء میں مغربی نہر جمن کی مرمت کر کے ۴۴۵ میل اسکو جاری کیا ۱۸۳۷ء کے قحط عظیم میں اس نہر کے پانی نے ڈیڑہ کروڑ روپئے کی مالیت کی فصل کو تباہ ہونے سے بچایا۔

پھر مشرقی نہر جمن ۱۵۵ میل درست کی گئی۔ اس نہر پر ایک عجیب دلکش نظارہ قدرتی نظر آتا ہی کہ نہر کے گرد دو رویہ چوڑی سڑکیں ہیں اور اُن پر درخت لگے ہوئے ہیں جو نہر کے آب رواں پر جھوم جھوم کر اپنا سر جھکاتے ہیں۔ نہر کے گرد سبز کھیت لہلہاتے ہیں۔ اور سیر ٹھہرنے کے مکانات و نیز بنگلے صاف و ستھرے بنے ہوے ہیں۔ جب جمنا کی نہروں سے گورنمنٹ کی آمدنی بہت بڑہی تو پھر اُسنے گنگا کی نہر بنانے کی تجویز کی اور اُسکو بنا کے انگریزوں نے اپنی قوم کا نام دنیا میں روشن کیا یعنی وہ کام کیا کہ دنیا میں ابتک اس توسیع کے ساتھ کسی قوم نے نہیں کیا تھا کہ نہر کا طول ۸۹۰ ½ میل ہی۔ وہ پینتالیس لاکھ ایکڑ زمین پر آبپاشی کرتی ہی اس سے پیداوار سات کروڑ روپیہ کی قیمت کا پیدا ہوتا ہی۔ اس نہر کے عجیب و غریب کام ہردوار اور رڑکی کے درمیان طلسم نما ہیں۔

ممالک مغربی میں بھاری بارش ہوتی ہے لیکن جب تک ان میں مصنوعی نہریں نہیں بنائی گئی تھیں تو خشک سالی میں بڑے ہولناک قحط پڑتے تھے۔ اسی ملک میں قحط کے مصائب کے گھٹانے میں بہ نسبت اور ملکوں کے گورنمنٹ زیادہ کامیاب ہوئی ہے۔ سندھ میں تو آبپاشی کرنی ضرور ہے۔ بنگال زیرین میں آبپاشی کے کام بنانا عیاشی ہے۔ ہندوستان بالا میں جس میں دریا کے بڑے باسن ہیں نہروں کے بنانے سے دو مطلب نکلتے ہیں۔ ایک تو وہ خشک سالی میں قحط کی آفتوں میں کمی کرتی ہیں۔ دوسرے زراعت کی پیداوار کو قیمتی اور عمدہ بناتی ہیں۔ اسی ملک میں جمنا اور گنگا کی نہروں کا بنانا گورنمنٹ کا بڑا کام تھا۔ دوآبہ میں چار نہریں ہیں نہر گنگ۔ شرقی نہر جمن۔ آگرہ کی نہر۔ گنگا کی نہر زیریں۔ اور چھوٹی چھوٹی نہریں دیرہ دون کی نہر۔ رہیلکھنڈ کی نہر بجنور کی نہر۔ بندیل کھنڈ کے آبپاشی کے کام۔ بیتوا کی نہر۔ یہ نہریں ایسے بنائی گئی ہیں کہ وہ قحط کی مصائب کا بیمہ ہیں۔

اودہ کی آبپاشی

اودہ میں گورنمنٹ نے ابتک کوئی آبپاشی کا کام نہیں شروع کیا۔ بارش اچھی ہوتی ہے۔ دریاؤں کی طغیانی ہوتی ہے۔

بنگال میں آبپاشی

خاص بنگال کے بڑے حصہ میں مصنوعی آبپاشی کی ضرورت نہیں لیکن گورنمنٹ نے اس ملک کے اُن مستثنےٰ حصوں میں آبپاشی کا کام شروع کیا ہے جہاں خشک سالی کے ہونے کا اور قحط پڑنے کا خوف رہتا تھا۔ گنگا اور برہمپتر کی وادیوں میں اکثر طوفان کی آفات آتی رہتی ہیں اسلیے پبلک ورکس نے انکے روکنے کے لیے بندھوں کی پشتہ بندی کا کام دو ہزار میل کا اپنے ذمے لے رکھا ہے۔

ملک اڑیسہ کی نہریں

بنگال زیرین میں بڑے کام آبپاشی کے دو باتوں کے لیے کیے جاتے ہیں ایک خشک سالی

کی آفات سے بچانے کے لیے دوسرے طوفان کی بلاؤں کی مصائب سے بچنے کے لیے۔

مدراس احاطہ میں آبپاشی

مدراس کے ضلاع میں بہت تھوڑے ایسے قطعات ہیں کہ جن میں نہروں کے ذریعہ سے آبپاشی بڑے پیمانہ کی ممکن ہے یہ قطعات بڑے بڑے دریاؤں گوداوری و کرشنا و کاویری کے ڈلٹا ہیں۔ ڈلٹا ایک یونانی حرف مثلث Δ کی شکل کا ہے۔ پس جو قطعہ زمین دریا کے دہانوں کے درمیان ہوتی ہے اُسے ڈلٹا کہتے ہیں۔ سر آرتھر نیوٹن نے اس ملک میں آبپاشی کی نہریں بنا کے اپنا نام ساری دنیا میں روشن کیا۔

بمبئی میں آبپاشی

بمبئی احاطہ میں سوا نربدا اور تاپتی کے بڑے دریا نہیں ہیں انھی سے چند ضلعوں میں آبپاشی ہوتی ہے۔ دکن کی بلند زمینوں میں آبپاشی زیادہ وسعت نہیں پا سکتی۔

ہم نے آبپاشی کا نہایت مختصر حال انڈیا کے ہر حصہ کا بیان کر دیا اب ریلوے کا بیان لکھتے ہیں جسکی تاریخ آبپاشی کی تاریخ سے جدا کیفیت رکھتی ہے۔

ہندوستان کی آمد و رفت چار وسائل سے ہوتی ہے (۱) ریلوے (۲) سڑکیں (۳) دریا (۴) نہریں۔

ریلوے کی تاریخ ۱۸۴۳ء سے ۱۸۷۱ء تک

ہندوستان میں جو ریلوے کا نظام ہے وہ لارڈ ڈلہوزی کے عہد حکومت سے شروع ہوتا ہے۔ ۱۸۴۳ء میں سر جیک ڈونلڈ اسٹیفن نے اول ہندوستان میں ریل کی لین بنانے کا منصوبہ کیا۔ بعد ازاں ایسٹ انڈین ریلوے کے بانی وہی ہوئے۔ انگلینڈ میں ریلوں کے واسطے اتنا روپیہ بہم نہ پہونچ سکا کہ وہ تیار ہوتیں۔ بمبئی کا شہر ایسا ہے کہ ریلوں کے بننے سے بہت فائدہ اُٹھا سکتا ہے۔ اس میں ۱۸۵۰ء میں ریل کے لیے پہلا ڈھیلا اٹھایا گیا۔ اور چند میل ریلوے تھانا تک ۱۸۵۳ء میں جاری ہوئی۔ دوسری سال میں

لارڈ ڈلہوزی نے اپنی بڑی فصیح یادداشت لکھی جسکے موافق ہندوستان میں ریلیں بنیں اور لارڈ میو نے ۱۸۶۹ء میں بہت سی نئی لینیں بنا کے اس کی توسیع کی۔

لارڈ ڈلہوزی کی ٹرنک لین (بڑی لین) اور لارڈ میو کی برنچ لین یعنی (چھوٹی لین)

لارڈ ڈلہوزی کی مجوزہ ریلیں ملک کے طول و عرض میں گذرتی تھیں اور تمام بڑے بڑے شہروں اور چھاونیوں کو ملاتی تھیں۔ یہ بڑی لینیں پرائیویٹ کمپنیوں نے بنائیں جسکو گورنمنٹ نے انکے خرچ شدہ سرمایہ پر کم از کم سود پانچ فیصدی دینے کی گارنٹی یعنی ضمانت دی۔ اور اس سود کے عوض میں انکو گورنمنٹ نے کسیقدر اپنا ماتحت بنایا۔ یہ نقشہ جو ریلوں کا کھینچا گیا تھا اسکے موافق ریلیں جھٹ پٹ تیار ہوگئیں۔ ۱۸۷۱ء میں بمبئی سے سیدھی ریلیں کلکتہ اور مدراس پریسیڈنسی تک تیار ہوگئیں۔ ۱۸۷۰ء میں لارڈ میو کے لیے یہ کام باقی رہا کہ ان اضلاع کے درمیان جن میں پیداوار خوب ہوتا ہے اُنمیں ریلیں جاری کردیں اور اس طرح سے کل ملک میں ریلوں کی آمد و رفت جاری ہوجائے۔ اس کام کا آغاز لارڈ میو نے اس طرح کیا کہ چھوٹی چھوٹی اسٹیٹ ریلوے چھوٹے گیج یعنی پیمانہ کی نہ وہ لینیں جو موجودہ ریلوں سے ارزاں بنیں۔

(باقی آیندہ)

ذکاء اللہ

کلیلہ دمنہ

حیوان ناطق اور غیر ناطق میں جو خواص حد فاصل واقع ہوئے ہیں اُن میں سے ان دونوں نوعوں میں آسانی سے امتیاز پیدا کردینے والا اخلاق ہے انسان کو عزیز و اقارب دوست و احباب، اہل وطن، اہل ملک، آقا تا بعداء، دشمن سے مختلف درجے کے علاقے

ہیں عزیز و اقارب میں بھی ماں، باپ، بھائی، بہن، بی بی، بچے، ماموں، چچا سے متفاوت المراتب رشتہ داریاں ہیں کیونکہ انسان فطرتی طور پر مانوس الطبع پیدا کیا گیا نیز کسی متمدن شائستہ انسان کی کوئی حاجت بغیر آپس کی مدد کے پوری نہیں ہو سکتی اسلیے انسان کو حسن معاشرت کی ضرورت پڑی اور معاشرت نے مختلف تعلقات پیدا کیے ان مختلف مدارج کے تعلقات سمجھنے اور اُنکے حسب مراتب اُن سے سلوک و معاملہ کرنے کا نام اخلاق ہے۔

یا فلسفہ قدیم کے مذاق کے موافق ہی سمجھو کہ نفس انسانی کے لیے باعث کمال دو چیزیں ہیں (۱) علوم (۲) اعمال۔ ان علوم کا تعلق اگر مادی چیزوں سے ہے تو وہ فلسفہ طبعی ہیں، اور اگر غیر مادی چیزوں سے ہے تو اُنھیں فلسفہ آلہی اور فلسفہ مابعد الطبعی کہتے ہیں۔

اعمال انسانی یا تو پبلک اور عام اہل ملک کو نفع رسانی کی غرض سے ہوتے ہیں یا صرف اہل خاندان و متعلقین کی مصالح پر مبنی ہوتے ہیں یا اُن افعال کے مفید اثرات صرف کرنے والے کی ذات تک محدود رہتے ہیں۔ اول کو سیاست مدنی اور دوسرے کو سیاست منزلی اور موخر الذکر کو تہذیب الاخلاق کہتے ہیں۔

ناظرین کو اوپر کے بیان سے اتنا ضرور معلوم ہوا ہوگا کہ تہذیب الاخلاق بھی فلسفہ قدیمہ کی ایک شاخ ہے، ابتدائے حیات فلسفہ سے دوسری صدی ہجری تک فلسفہ کے ضروری اجزا میں تہذیب الاخلاق بھی شامل تھی مگر جب دوسری صدی میں علوم و فنون کے مسلمانوں نے عربی میں ترجمے کیے تو فلسفہ تہذیب الاخلاق کے مباحث کو قلم انداز کر دیا البتہ شیخ بو علی سینا نے جو ارسطو کا قدم بقدم پیرو تھا چوتھی صدی ہجری میں فلسفہ کی تمام شاخوں پر بحث کرتے ہوے اُنسے پھر علم الاخلاق کو فلسفہ میں داخل کر دیا مگر اُسکے بعد کے مسلمان فلسفین مصنفین نے جب فلسفے پر کتابیں لکھیں تو فلسفہ اعمال کے تینوں اجزا کو اپنے تالیفات و تصنیفات کے موضوع سے خارج کرا دیا کیونکہ مذہب اسلام نے جو فلسفۂ تہذیب اخلاق کا دوسرا نام ہے اپنے پیروں کو فلسفہ اعمال کے وہ وہ اُصول بتا دئے

اور حکمت اخلاق کے ایسے مسائل کی تعلیم دی جنھوں نے مسلمانوں کو ہمیشہ کے لیے علم تہذیب الاخلاق کے ضخیم دفاتر سے مستغنی کر دیا۔ اسلام دنیا میں اسلیے آیا تھا کہ عالم کو وہ آپس کے تعلقات اور معاملات و اخلاق کا فلسفہ سکھا دے۔

خدا سے پاک جناب رسالت مآب کے سبب بعثت کو بیان کرتے ہوے فرماتا ہے۔

ویعلمھم الکتاب والحکمۃ یہ نبی لوگوں کو قرآن اور فلسفہ اخلاق کی تعلیم کرتا ہے۔

پھر دوسری جگہ آپ کی تعریف کرتے ہوے یوں ارشاد فرماتا ہے۔

انک لعلی خلق عظیم اے نبی تو اخلاق کے بلند ترین مدارج پر ہے۔

مؤطائے امام مالک کی تصنیفات میں ہے کہ جناب رسول اللہؐ اپنے مبعوث ہونے کی وجہ یوں بتاتے ہیں۔

بعثت لاتمم مکارم الاخلاق میں مکارم اخلاق کی تکمیل کو آیا ہوں۔

حدیث میں ہے

خیرکم خیرکم لاھلہ تم میں سے بہتر وہ ہے جو اپنے متعلقین سے حسن معاملہ سے پیش آتا ہو۔

ایک شخص جناب رسالت مآبؐ سے پوچھتا ہے کہ یا رسول اللہ اسلام کسے کہتے ہیں آپ فرماتے ہیں کہ حسن اخلاق کو، ہم خوف تطویل سے اُن کثیر التعداد احادیث و آیات کو چھوڑتے ہیں جو ہمارے دعوے کی شاہد ہیں یہ اسباب تھے جن کی بنا پر مسلمان فلسفیوں نے علم حکمت سے علم الاعمال کے تینوں مباحث کو الگ کر دیا گو شرعی حیثیت سے علما نے اس علم پر بڑی بڑی مفید تالیفیں کی ہیں جن میں احیاء العلوم، کیمیاے سعادت اخبار الاخیار مؤلفہ امام غزالی المتوفی ۵۰۵ھ اور اخلاق ناصری مصنفہ علامہ نصیر الدین طوسی المتوفی ۶۷۲ھ مشہور و مفید ترین تصنیفات ہیں۔ اخلاق جلالی اور کتاب الطہارت علامہ مسکویہ کی یہی اس باب میں عمدہ تصنیف ہے۔

جب سے انسان کو صنعت کتابت کا راز معلوم ہوا اس بحث پر ہزاروں کتابیں

لکھی گئیں مگر جہانتک ہم کو عالم کی تاریخ معلوم ہی اس فن میں سب سے زیادہ قدیم اور مشہور متداول اور دنیا کی کثیر زبانوں میں جلوہ گر ہونے والی کتاب کلیلہ دمنہ ہی۔

کلیلہ دمنہ کے موضوع پر اکثر علمائے مستشرقین نے مفید کتابیں لکھی ہیں خود ہمارے ہندوستان میں بھی لوگوں نے مفصلاً نہیں تو مجمل طور سے اسپر ایک آدھ مضمون لکھا اور لکچر دیا ہی۔ تمام یورپین مستشرق علما میں سے اس میدان کے مشہور شہسوار بارون[1] دی ساسی فرانسیسی اور جرمن کے دو نامور پروفیسر بونفی اور نولڈکی اور فولکرز ہاشندۂ انگلستان ہی۔

کتاب کلیلہ دمنہ ہندوستان کی تصنیف ہی۔ اسی باغ سے اس کی بو تمام دنیا میں پھیلی، بیدیا نامی ایک پنڈت نے سنسکرت زبان میں کچھ اوپر بیس صدیاں گذریں کہ راجہ دبشلیم پادشاہ ہندوستان کے لیے یہ کتاب[2] لکھی تھی۔ اس کتاب کی وجہ تالیف یہ ہی کہ فتوحات اسکندر کے بعد جب اس بادشاہ نے ہندوستان کی عنان حکومت اپنے ہاتھ میں لی تو جور وستم ظلم و بے انصافی سے تمام ہند کو ماتمکدہ بنا دیا عیش و عشرت سستی و غفلت نے سلطنت کے تمام اجزا مضمحل کر دے ایسے مشکل وقت میں ہند کے اولوالعزم ریفارمر ملک و قوم کی اصلاح کے لیے اُٹھ کھڑے ہوئے اور ٹھیک اُسی طرح جس طرح شیخ مصلح الدین سعدی شیرازی نے شاہان فارس کی درستی کے لیے گلستان لکھی ہند کے سعدی نے فرمانروایان ہند کی اصلاح کی غرض سے کتاب کلیلہ دمنہ وستان کی شکل میں جانوروں کی زبانی لکھیں۔

---

[1] ناظرین کو انکے صحیح نام بتلانے سے مجبوری ہی کیونکہ انکے نام اور انکی تحقیقات بابت کلیلہ دمنہ عربی سالالہلال سے ماخوذ ہی، سید

[2] اسوقت میرے پیش نظر جو نسخہ ہے اُسکے سیاق سے معلوم ہوتا ہے کہ بیدیا نے اسکو کتاب کی صورت میں نہیں تصنیف کیا بلکہ یہ بادشاہ کے حضور میں مودب بیٹھا ہی اور وہ بیدیا سے حکمت کی باتیں پوچھتا ہے اور وہ اُسکو جانوروں کی زبانی حکایت میں بیان کرتا ہی، شاید اسکے بعد بھیہ اسکو تحریری صورت میں لے آیا ہو، سید

مورخین کلیلہ دمنہ کا خیال ہے کہ کلیلہ کی طرز پر جو کہانیاں عام اہل دنیا بیان کرتے ہیں دراصل اُسکا ماخذ ہند ہے۔ کیونکہ جس طرح سے ہر فرد انسان کے ساتھ کچھ نہ کچھ خصوصیتیں ایسی ہیں جو دوسرے فرد انسان میں نہیں پائی جاتیں۔ اسی طور پر فطرتاً ہر ملک و قوم کی بھی الگ الگ خصوصیات ہیں جو دوسرے ملکوں کو نصیب نہیں جیسے ایران کی نفاست پسندی، روما کی قانون دانی، عرب کی فصاحت و بلاغت، یونان کی حکمت اور اٹلی کی مصوری۔

اس بنا پر ہند کو دو ایسی خصوصیتیں نصیب ہیں جس میں قدرت نے اوروں کو شریک نہیں کیا۔ اوّل ہندوستان کو علم ریاضی (جس میں علم حساب علم موسیقی علم الافلاک اور علم نجوم شامل ہیں) کے ساتھ ایک ایسا تعلق ہے جس کی وجہ سے ہندوستان کو علم ریاضی کا موجد کہا جائے تو نازیبا نہیں ہے بلکہ سچ یہ ہے کہ علم ریاضی کا بادل ہمالہ ہی سے اُٹھکر دوسرے ملکوں میں برسا ہے۔

دوسرے داستان و قصص کے پردے میں نتائج پیدا کرنا بھی ہند کی خصوصیتوں میں سے ہے اسی کا اثر ہے کہ دور از کار داستان سے اُن کی مذہبی کتابیں بھی خالی نہیں ہیں بلکہ اُنکے مذہبی لٹریچر کا عنصر زیادہ تر ایسی ہی کہانیاں ہیں۔

اسی وجہ سے پنڈت بیدیا نے بھی اپنی اس اخلاقی کتاب کے علت غائی قصوں کو بنایا اس کتاب کا اصل نام سنسکرت میں کرانکا و دمنا کا تھا۔ اس کتاب میں اکثر وہ اصول قصص سے بطور نتائج نکالے گئے ہیں جن کی انسان کو کشاکشہائے زندگی میں ضرورت پڑتی ہے۔ جیسے چغلخور اور فسادی لوگوں کی باتوں پر کان نہ دھرو، بُرے لوگوں کا سوء خاتمہ، دوستی کا فائدہ، دشمنوں سے بیخوف نہ رہو، غفلت اور سستی کے بُرے نتائج، جلد بازی کے نقصانات تجربہ کاری وغیرہ، ضمنی حکایات، کو چھوڑ کر اصل سنسکرت کلیلہ دمنہ میں بارہ باب تھے اور ہر باب میں ایک حکایت پھر حسب مذاق، مترجمین اس پر اضافہ کرتے گئے ہیں۔

(۱) بیل اور شیر۔ (۷) بادشاہ اور ایک پرند (فرہ نام)
(۲) کبوتر۔ (۸) شیر اور گیدڑ اور زاہد
(۳) اُلو اور کوّے۔ (۹) شیرنی اور گیدڑ اور سوار
(۴) بندر اور کچھوا۔ (۱۰) ابلاذ[1] و بلاذ و ابرفت
(۵) زاہد اور نیولا۔ (۱۱) سنار
(۶) چوہا اور بلی (۱۲) شاہزادہ اور اُسکے دوست

زمانہ حال میں علماے یورپ نے جب اصل سنسکرت نسخہ کا سراغ لگانا چاہا تو بجائے اسکے کہ وہ کلیلہ دمنہ کو ایک مستقل کتاب میں پائیں اُنھوں نے کلیلہ کے مختلف قصوں کو ہندو مذہب کی چند مقدس کتابوں میں منتشر پایا، خاصکر زیادہ تر اسکے اجزا مہابھارت باشاتنتر، ہلیتوپادیس ان تین کتابوں میں ملے اسی لیے پروفیسر یونیفی نے اس کتاب کے متعلق یہ رائے قائم کی ہے کہ کلیلہ دمنہ کوئی مستقل کتاب اصل میں نہیں بلکہ برزویہ نے فارسی میں اسکا ترجمہ کرتے وقت اُنھیں کتابوں سے انتخاب کرکے ایک مستقل کتاب کلیلہ دمنہ نامی بنائی لیکن ہمارے نزدیک یہ خیال صحیح نہیں ہے کیونکہ فارسی ترجمہ سے پہلے یہ کوئی مستقل کتاب نہ ہوتی تو اس کی شہرت ایک خاص نام سے نہ ہوتی اور حالانکہ نوشیرواں نے برزویہ کو اسی خاص کتاب کی نقل کے لیے ہندوستان بھیجا تھا۔ ہاں یہ ممکن ہے کہ کلیلہ دمنہ اپنے بے انتہا افادہ کے باعث مذہبی ہندو کتابوں میں بطور انتخاب شامل کرلیا گیا ہو اور ہندو قوم کی علمی بدمذاقی یا قدامت زمانہ کے سبب اُسکا اصلی نسخہ دنیا سے ناپید ہوگیا ہو۔ اسلیے پروفیسر یونیفی کو دھوکا ہوا کہ یہ کتاب کوئی مستقل نہیں بلکہ اُنھیں مذہبی کتابوں کا منتخب ہے۔

تبتی زبان میں ترجمہ

ہندسے باہر قدم دھرنے کے لیے سب سے پہلے اس کتاب کی صبائے شہرت ہمالہ کی بلند

[1] ابلاذ نام بادشاہ بلاذ نام وزیر ابرفت نام بادشاہ بیگم۔ سید

چوٹیوں سے ٹکرائی اور سب سے پہلے اس کتاب کا ترجمہ پہلوی زبان میں ہوا۔ ظن غالب ہے کہ ہند کے اور ہمسایہ ملکوں میں بھی اسکا ترجمہ ہوا ہوگا۔ مگر انقضائے مدت مدیدہ نے انھیں برباد کر ڈالا۔

فارسی ترجمہ

مذکورۂ بالا بیان سے اتنا معلوم ہوگیا ہوگا کہ نوشیرواں کو جب اس اہم اور مفید کتاب کا حال معلوم ہوا تو اُسنے اس کی نقل کرنے کے لیے برزویہ نامی ایک شخص کو ہندوستان بھیجا وہ ہندوستان آیا اور بڑی مشقت سے اس دُرمکنون کو ایک ہندو راجہ کے علمی خزانہ سے حاصل کر کے اس کی نقل لیکر فارس واپس آیا۔ نوشیرواں نے اس کتاب کو اپنے وزیر حکیم بزرچمہر کے حوالہ کیا تاکہ وہ اسے فارسی مذاق کے موافق ترتیب دے۔ حکیم بزرچمہر نے پسندیدہ طرز پر اس کی ترتیب دی اور اسپر دو باب کا اضافہ کیا۔ ایک میں بزرچمہر نے حکیم برزویہ کی مختصر لائف اُس کی درخواست کے موافق لکھی اور دوسرے میں اپنے حکیمانہ اقوال سے اس شراب کو علم دوست احباب کے لیے دو آتشہ فارسی کلیلہ بنایا[1]۔

شاہان فارس اس کتاب کی بڑی قدر کرتے تھے اور آئین سلطنت کا سنگ بنیاد اسے سمجھتے تھے۔ فارسی سے اسکا ترجمہ سریانی اور عربی زبان میں کیا گیا۔

ترجمہ سریانی

لوگوں کا پہلے خیال تھا کہ سریانی کلیلہ عربی سے منقول ہے لیکن تفتیش حال اور تحقیق قرینہ سے یہ امر بدیہی طور پر معلوم ہوگیا کہ سریانی کلیلہ بھی پہلوی (فارسی) ہی کلیلہ سے ماخوذ ہے کیونکہ ان دونوں کے مضامین، نام، ترتیب زیادہ تر آپس میں ملتی جلتی ہے۔ سُریانی زبان میں آکر اسکا نام قلیلج ودمنج رکھا گیا۔

عبدیسوع نامی ایک پادری اپنی سریانی کتابوں کی فہرست کرتے ہوئے لکھتا ہے کہ

---

[1] کشف الظنون جلد ثانی۔

بوذنامی سنہ ۵۷۰ء میں ایک صاحب علم تھا جسنے جرمن کے خلاف چند کتابیں بھی لکھی تھیں اور فارس و ہند کے نصاریٰ پر اُسے کامل اقتدار بھی حاصل تھا اُسنے کلیلہ دمنہ کا ترجمہ بھی سریانی زبان میں کیا تھا چنانچہ آجکل اُسکا ایک نسخہ بھی مل گیا ہی جو جرمنی زبان کے ساتھ ساتھ مقام لیسبک سے سنہ ۱۸۷۶ء میں شائع کیا گیا۔ اس کتاب میں بارہ باب کی جگہہ صرف دس باب ہیں ۔

ترجمہ عربی

اس کتاب کے جسقدر ترجمے ہوئے ہیں اُن سب میں سب سے زیادہ اہم اور تاریخی عربی ترجمہ ہی کیونکہ کتاب کلیلہ دمنہ کے مفید مضامین سے آج دنیا محروم ہوتی اگر یہ کتاب مسلمانوں کے علمی حسن مذاق کے باعث عربی ترجمہ کے قالب میں جنم نہ لیتی۔ آج مہذب اور زندہ زبانوں میں جتنے ترجمے موجود ہیں وہ بالواسطہ یا بلا واسطہ عربی ہی ترجمہ کے ممنون احسان ہیں۔

فارسی زبان سے عبداللہ بن مقفع خلیفہ ابوجعفر منصور عباسی کے میر منشی نے خلیفہ کے حکم سے دوسری صدی میں عربی میں ترجمہ کیا، ابوالحسن عبداللہ بن مقفع ایک فارسی شخص تھا جو فارسی، یونانی، عربی تینوں زبانوں میں پوری دستگاہ رکھتا تھا اسنے اپنی زندگی کے ابتدائی حصے سنہ ۱۵۰ھ سے پہلے تک بصرہ میں بسر کیے تھے جو علم ادب کا دارالسلطنت شمار کیا جاتا تھا اسی لیے عبداللہ بن مقفع کے ترجمہ میں زبان کی چاشنی موجود ہی۔ دوسری صدی کے نصف ثانی میں اسنے وفات پائی۔

ابن المقفع نے اس کتاب کے شروع میں ایک باب اور بڑہا دیا ہی جسکا عنوان عرض الکتاب ہی جس میں اُسنے عقل اور علم کی فضیلت تمثیلات کے ذریعے سے دکھلائی ہے اور حکایات کے پردے میں حکمت کی باتیں بتائی ہیں اور اس کتاب کے مطالعہ کا شوق دلایا ہی اس کتاب کی اشاعت جب ملک عرب میں ہوئی تو علمائے عرب نے بڑے جوش سے اسکو

خیر مقدم کہا اور بچوں کے کورس میں اسکو داخل کر دیا۔ فارسی زبان سے باخبر علماء نے ابن المقفع کی تالیف کی اس قدر و منزلت کو دیکھکر اُن کو بھی یہ خیال ہوا کہ ہم بھی اسکو پہلے ترجمے سے عمدہ ترجمہ عربی میں کریں ان لوگوں میں سے سب سے زیادہ پیش رو عبداللہ بن ہلال اہواز ی تھا جس نے یحیٰی بن خالد برمکی کے لیے اس کتاب کو فارسی سے عربی میں خلیفہ مہدی کے عہد خلافت میں سنہ ۱۶۵ھ میں ترجمہ کیا اور حکیم سہل بن نوبخت نے اسکو نظم کیا جسکے صلہ میں یحیی بن خالد نے اپنی خاندانی موروثی فیاضی سے اسکو ہزار روپئے انعام دیئے پھر خلیفہ ماموں کے لیے سہل بن ہارون نے کلیلہ دمنہ کا جواب لکھا ہے مگر ان تمام تالیفات اور تراجم کو عبداللہ ابن المقفع کے ترجمہ کے آگے فروغ نہ ہوا اور اُسکے آگے کسی کا چراغ نہ جلا اسوجہ سے بجز ترجمۂ ابن مقفع اور اُسکے عربی تراجم مفقود ہو گئے۔[1]

کلیلہ دمنہ عربی مترجمہ ابن مقفع کے پہلے نسخے میں ۱۲ باب تھے جس میں سے بعض تو ہندی الاصل تھے اور کچھ فارسی مترجم کے اضافہ کیے ہوئے اور کچھ ابن مقفع کے بڑہائے ہوئے باب تھے اس اجمال کی تفصیل یہ ہے کہ بارہ باب تو ہندی الاصل تھے اور ۳ فارسی مترجم کے بڑہائے ہوئے۔ برزویہ[1] کی لالیف، برزویہ کے ہند بھیجنے کی وجہ، چوہوں[2] کے بادشاہ کا بیان، اور چھٹا باب ایسے تھے جنکا پتہ عربی ترجمے سے پہلے نہ تھا۔ مقدمۃ[3] الکتاب جو یہنودین سحوان معروف بہ علی بن شاہ فارسی کی زبان میں مرقوم ہے ابن[4] مقفع کی گذارش، کلیلہ دمنہ[5] کی تحقیق، بگلا[6] اور بط، بگلا اور بط اور لومڑی، مہمان[7] اور زاہد۔

اسوقت ہمارے پیش نظر کلیلہ دمنہ کا جو عربی نسخہ ہے اس میں بعض وہ ابواب موجود نہیں ہیں جنکا پتہ ہمیں تاریخ دیتی ہے۔

سب سے پہلے عربی کلیلہ کا پہلا اڈیشن ہولنڈ کے ایک مستشرق شولٹنس نامی نے سنہ ۱۷۸۶ء

[1] کشف الظنون جلد ثانی۔

میں شائع کیا مگر یہ نسخہ بالکل نامکمل تھا صرف اس میں "لومڑی اور شیر" والا باب تھا کامل طور سے اس کتاب کے شائع کرنیکا فخر فرانس کو حاصل ہی، اس علم دوست اور قدردان عرب ملک کے مشہور مستشرق بارون سیلفسٹر ڈی سوسی نے اسکو پیرس میں چھپوا کر ۱۸۱۶ء میں مع ایک مقدمہ کے جس میں اس کتاب کی سرگذشت بیان کیگئی تھی شائع کیا اسکے بعد عام طور پر مصر کے مختلف مطابع میں چھپکر دست ناظرین تک پہونچی، مصری طبعات میں سب سے پہلے مطبع بولاق سے پہلی بار ۱۲۴۹ھ اور دوسری مرتبہ ۱۲۹۷ھ میں شائع کیا۔ مصری مطابع کی نقل ہندوستان عراق شام ممالک روس وغیرہ میں چھپی، مگران تمام اڈیشنوں میں سے سب سے زیادہ صحیح اور کامل وہ نسخہ ہی جسکو شیخ خلیل یازجی نے ۱۸۱۸ء میں بیروت سے شائع کیا تھا جس میں انھوں نے یہ بیان کیا تھا کہ "یہ نسخہ ایک قدیم نسخہ سے جو ۱۵۱۸ء میں لکھا گیا تھا اور پروفیسر ڈی ساسی کے شائع کردہ کلیلہ سے مقابلہ کرنے کے بعد بہ تصحیح تمام شائع کیا جاتا ہی، یازجی کے نسخہ کا چند بار اڈیشن شائع ہوا اور شائقین نے ہاتھوں ہاتھ خرید لیا۔ احمد افندی اڈیٹر رسالہ ثمرات الفنون نے اسکو نئی طرز سے چھاپا ہے اسکے مشکل لغات کا حاشیہ پر حل کر دیا ہی اور عام دلچسپی بڑھانے کے لیے موقع مناسب میں۔ جابجا تصویریں دیدی ہیں ان تصویروں کی مجموعی تعداد ۸۶ ہی، مصر نے جو اس کتاب کی قدردانی کی وہ اسی سے ظاہر ہی کہ بیسیوں بار اسکے اڈیشن شائع ہوے اور فروخت ہو گئے مگر مصر نے مزید براں اسکو علم اخلاق وادب کا اعلیٰ معلم خیال کر کے بچونکے نصاب تعلیم میں داخل کر دیا ہی۔

عربی سے غیر زبانوں میں اسکا ترجمہ ہونا

ابھی ابھی ہم نے یہ ذکر کیا ہی کہ تمام دیگر تراجم اس عربی سے منقول ہیں اسکا فارسی ترجمہ جو عہد نوشیرواں میں ہوا تھا شائع ہو گیا۔ اصل سنسکرت کا پتہ نہیں۔ سریانی ترجمہ برباد ہو گیا۔ تبت کی زبان میں جو اسکا ترجمہ ہوا تھا وہ بھی دستبرد زمانہ سے محفوظ نہ رہا۔

کلیلہ دمنہ کا وجود صرف عربی زبان میں رہگیا، تمدن اسلامی کا آفتاب جب پورے اوج پر پہونچا اور آس پاس کی قوموں پر اُس کی کرنیں چمکیں، تو مسلمانوں کے علوم و فنون کا ترجمہ غیر قوموں نے اپنی اپنی زبانوں میں کیا، اور اسلامی خزانہ سے ہر قوم اپنے جیب و دامن میں لعل و یاقوت بھر کر لے گئی۔ اُنھیں بیش بہا جواہر میں کتاب کلیلہ دمنہ بھی تھی۔

اُن تراجم کی تعداد جو بلا واسطہ عربی زبان سے کیے گئے ہیں دس ہیں (۱) سریانی تقریباً دسویں صدی عیسوی میں (۲) یونانی ۱۰۸۰ء میں (۳) فارسی ۱۱۲۰ء میں (۴) عبرانی پہلی مرتبہ (۵) عبرانی دوسری مرتبہ تیرہویں صدی عیسوی میں (۶) لاطینی تیرہویں صدی میں (۷) اسپین کی زبانیں ۱۲۵۱ء میں (۸) ملاکا (۹) انگریزی ۱۸۱۹ء (۱۰) روسی ۱۸۸۹ء پھر ان ترجموں سے دوسری زبانوں میں ترجمے ہوئے جیسے فرینچ، ایٹالین، سلاقونی، ترکی، جرمنی، انگریزی، ڈنمارکی، ہولنڈی وغیرہ۔ وہ تمام تراجم جو عربی سے بلا واسطہ یا بالواسطہ منقول ہیں وہ بیس سے کچھ اوپر ہی ہیں۔ ہم مذکورہ بالا ترجموں کا حال ذیل میں کچھ تفصیل سے لکھتے ہیں۔

(۱) سریانی ترجمہ۔ سریانی میں ایک بار پہلے بھی ترجمہ ہو چکا تھا مگر وہ ضائع ہو گیا یہ دوسرا ترجمہ ہے جو آٹھویں اور تیرہویں صدی کے درمیان عربی سے ہوا ہے اسکا مترجم ایک عیسائی کاہن ہے اسکے سوا اس بار اسکے ترجمہ کے متعلق کوئی بات نہ معلوم ہو سکی اس نسخہ سے کیت فالکونر نے ۱۸۸۵ء میں انگریزی میں اسکا ترجمہ کر کے انگلستان میں شائع کیا۔ اس کی ابتدا میں ایک تمہید بھی لکھی تھی جس میں اس کتاب اور اس کتاب کے تراجم کی تاریخ تھی۔

(۲) یونانی ترجمہ۔ سمعان بن شیث نے عربی سے تقریباً ۱۰۸۰ء میں یونانی میں اسکا ترجمہ کیا یہ نسخہ بھی ضائع ہو چکا تھا مگر بصر اس بولینوس نامی ایک عیسائی لیونتیوس کے کتب خانہ میں اتفاقاً یہ کتاب مل گئی اُسنے اسکا ترجمہ لاطینی زبان میں کیا پھر ایک اور

لاطینی ترجمہ ایک یونانی ترجمہ کے ساتھ ۱۶۹۷ء میں ایک دوسرے نسخہ سے ترجمہ کرکے شائع کیا گیا اس سے ایٹالین اور سلاقونی میں ترجمہ کیا گیا، یہ ایٹالین ترجمہ، ترجمہ قدیمہ کے لفظ سے بولا جاتا ہی تاکہ نئے تراجم سے اُسکو متمیاز ہوجائے، یہ قدیم ایٹالین ترجمہ ۱۵۸۳ء میں اور پھر ۱۶۹۷ء میں مقام پولونیا میں شائع ہوا اور سلاقونی ترجمہ قدیم روسی ترجمہ کہا جاتا ہی تاکہ جدید روسی ترجمہ سے یہ ممتاز ہوجاوے یہ قدیم ترجمہ ۱۸۷۸ء میں پیٹرسبرگ میں چھاپا گیا۔

(۳) جدید فارسی ترجمہ۔ پچھلی صدیوں میں چونکہ فارسی زبان بھی اسلام کی دوسری زبان تھی اسلیے، فارسی میں پہلے بھی کلیلہ دمنہ کے متعدد ترجمے ہوئے مگر سب کا ماخذ وہی عربی ترجمہ تھا، مگر قدیم تراجم کو چھوڑکر عہد جدید میں ابوالحسن نصر ابن احمد نے ہجرت کی تیسری صدی میں عربی سے فارسی میں اسکا ترجمہ کیا اور اُسی زمانہ میں ایک شاعر نے اس کتاب کے حسن مضامین کو دیکھکر اسکو نظم کرڈالا۔ بجز اسکے اس ترجمہ کے متعلق ہمیں کچھ نہیں معلوم ہوئے کہ صاحب کشف الظنون نے اسکا تذکرہ کیا ہی پھر ابوالمظفر بہرام شاہ بن مسعود غزنوی المتوفی ۱۱۵۱ء کے حکم سے ابوالمعان نصراللہ بن محمد بن عبدالحمید نے اسکا فارسی میں ترجمہ کیا۔ زمانہ حال میں جس شخص نے پہلے یہ دریافت کیا کہ یہ نسخہ ابتک موجود ہی وہ ڈی ساسی ہی۔ اُسنے کوشش بلیغ کے بعد اسکا ایک نسخہ پیرس کے کتب خانہ میں پایا۔

اس کتاب کو حسین بن علی واعظ کاشفی نے پندرہویں صدی عیسوی میں بطرز جدید مرتب کیا اور اُس میں وہ بہت سی حکایتیں بڑہائیں جنکا پتہ اس کتاب کے سوا اور کہیں نہیں ملتا اسکا نام انوار سہیلی ہی جو امیر سہیلی کی طرف معنون ہی۔ سولھویں صدی کے پچھلے حصے میں ابوالفضل ابن مبارک نے جو اکبر بادشاہ کا مشہور میر منشی تھا اسکو نئی ترتیب اور سہل عبارت میں ترتیب دی اور عیار دانش اسکا نام رکھا۔

۹۲۰ یا ۱۵۱۴ء میں علی بن صالح المعروف بہ علی چلپی اور الملقب بہ عبدالواسع

عیسی مدرسہ ادرنہ کے استاذ الفقہ نے سلطان سلیمان کے عہد میں انوار سہیلی کا ترکی زبان میں ترجمہ کیا۔ پھر اسی ترکی سے ۱۷۲۴ء میں فرنچ میں اسکا ترجمہ ہو کر پیرس سے شائع ہوا اور دوسرا ترجمہ ترکی سے اسپین کی زبان میں ہوا جو ۱۶۵۲ یا ۱۶۵۸ میں شائع ہوا۔

(۴-۵) عربی سے عبرانی میں اسکے دو ترجمے ہوئے پہلا ترجمہ بوئیل نے کیا۔ جس سے جان کیوا نے لاطینی زبان میں ۱۲۷۰ء میں ترجمہ کیا یہ ترجمہ

Directorium Humanae Vitae

کے نام سے مشہور ہے۔ اسی نسخہ سے یورپ کی بڑی بڑی زبانوں میں اسکا ٹرانسلیشن ہوا۔ اسکے متعلق کچھ زیادہ حالات معلوم نہیں ہیں لیکن اتنا یقین ہے کہ ۱۲۵۰ء سے ادھر کا ترجمہ کسی طرح نہیں ہے اسکا ایک نسخہ پیرس کے نسخہ میں دستیاب ہوا ہے جسکا ایک ٹکڑا ایسٹ ویسٹرن ریویو میں چھپا تھا اور پوری کتاب کو فرنچ اور لاطین کے ساتھ ساتھ ایک شخص یوسف نامی نے ۱۸۸۱ء میں پیرس سے شائع کیا تھا۔

عبرانی کا دوسرا نسخہ جسکو یعقوب ابن العازر نے عربی سے تیرہویں صدی میں ترجمہ کیا تھا اسکو بھی اسی یوسف کامل نے چھاپ دیا ہے اس نسخہ کا ٹرانسلیٹر عبرانی کا ایک مشہور اہل قلم ہے جسنے "سفر ہشام" کے نام سے ایک کتاب بھی تصنیف کی ہے۔ اس کتاب کا اصلی قلمی نسخہ کتب خانہ کمبرج میں ابتک محفوظ ہے۔

کلیلہ کا ترجمہ بسنہ جدیدہ میں

جان کیوا کا لاطینی ترجمہ اول اول پندرہویں صدی کے آخر میں چھپکر شائع ہوا اور سب سے اخیر اسکا اڈیشن ۱۸۸۴ء میں پبلشڈ ہوا اس لاطین ٹرانسلیشن سے یورپ کی کلیلہ کا بڑی بڑی زبانوں میں ترجمہ ہوا گراف ڈی وڑیز گ نے ۱۴۸۰ء میں جرمنی میں ترجمہ کیا۔ اور ایک دوسرے جرمنی عالم نے ۱۴۹۳ء میں اسپین کی زبان میں اسکا ترجمہ کیا اور ڈونی نے ۱۵۲۲ء میں ایٹالین لنگویج میں اس کا ترجمہ کیا اسکا بھی ایک نسخہ کتب خانہ کمبرج میں موجود ہے۔ جرمنی نسخہ سے ڈنمارک کی

زبان میں ۱۶۱۸ء میں اور ہالنڈ کی زبان میں ۱۶۲۳ء میں یہ کتاب نقل کی گئی اور ڈونی کے ترجمہ سے سر ٹوماس باشندۂ انگلستان نے اسکا ترجمہ انگریزی میں کیا جو ۱۵۷۶ء اور ۱۶۰۱ء میں چھپا بھی تھا۔ اور پھر اسپین کے ترجمہ سے ایٹالین لنگوئج میں ۱۵۴۸ء میں اسکا ترجمہ ہوا۔ اور چرائل نامی نے اس نسخہ سے اسکا دوسرا ترجمہ فرنچ زبان میں کیا جو ۱۵۵۶ء میں شہر لیڈن میں مطبوع ہوا۔ ان تراجم سے اور بہت سی زبانوں میں اسکا ترجمہ ہوا جن کی تفصیل مزید فائدہ نہیں بخش سکتی ہے۔

(۶) لوگوں کا خیال ہے کہ عربی سے لاطینی میں اسکو تقریباً تیرہویں صدی میں ایک شخص نے نظم کیا تھا۔ یہ نظم Baldo Alter Aesopus کے نام سے مشہور ہے۔

(۷) سیان نامی ایک شخص نے اسپین کی قدیم زبان میں اسکو عربی سے ترجمہ کیا تھا۔ جب وہ عربی علوم و فنون کا تیرہویں صدی کے وسط میں ترجمہ کر رہا تھا۔ اس زبان سے بھی لاطینی میں ۱۳۱۳ء میں کیا گیا تھا جو ریمانڈہ کے نام سے مشہور ہے۔ کتب خانہ پیرس کی محفوظ کتابوں کا ترجمہ کرتے ہوئے ڈی ساسی نے اسکا تذکرہ کیا ہے۔

(۸) مستقل طور سے بھی انگریزی میں عربی سے اسکا ترجمہ کیا گیا ہے اسکے تراجم پاوری ویندا ہیں جنہوں نے ۱۸۹۱ء میں آکسفورڈ سے شائع کیا گیا اور ۱۹۰۵ء میں پروفیسر اڈوارڈ فانڈیل نے اسکو چھپوا کر اپنے شاگردوں میں تقسیم کیا۔

(۹) فرنچ ٹرانسلیشن سے روسی زبان میں سب سے پہلی بار می نائیل نے ترجمہ کیا اور اسکو ۱۸۸۹ء میں طبع ہو کر شائع ہوا اور یہ فرانسیسی ترجمہ پھر اس عربی سے منقول تھا۔

(۱۰) لیڈن کے کالج میں ہندی تگلی زبان میں عربی سے ترجمہ کیا ہوا موجود ہے۔[۱]

[۱] میرے سامنے اسوقت جو کلیلہ کا نسخہ ہے وہ مطبع عثمانیہ مصر ربیع الاول ۱۳۰۶ھ کا چھپا ہے۔ گر فہرست طبع میں اسکا کہیں نام نہیں لیا گیا۔ سید

یہ تاریخ ہی کلیلہ دمنہ کے اُن اہم تراجم کی جنکا ماخذ عربی کلیلہ ہے۔ مذکورۂ بالا تراجم کے سوا اور چھوٹے چھوٹے ترجمے بھی ہیں جنکے متعلق ہمیں بہت کم معلوم ہی مزید تفصیل کے لیے ہم ان ترجموں کا نقشہ بھی کھینچے دیتے ہیں۔


آخر میں ہم اُن ناسپاس ہندو احباب سے یہ پوچھتے ہیں جو یہ کہتے ہیں کہ مسلمانوں نے ہندوستان پر حکومت کی اور اسکا خاتمہ بھی ہوگیا مگر ہندو لٹریچر کی طرف اُنھوں نے توجہ بھی نہ کی۔ اگر مسلمان اس جلیل القدر کتاب کلیلہ دمنہ کو عربی زبان کے دامن میں پناہ نہ دیتے تو کیا وہ یہ بھی بتا سکتے کہ اُنکے ایک ناصح قوم پنڈتنے اخلاق کی ایسی بہترین کتاب تصنیف کی تھی؟ ہم اُنکے اُن پنڈتوں کا نام بتا سکتے ہیں جنکے کمال اور وسعت علم سے اُنکے کان بھی آشنا نہیں ہیں۔

اور اگر اس مقدمہ کو ملاکر دیکھو" کہ مسلمانوں کو قرآن کے رہتے کسی اخلاقی کتاب کی حاجت نہیں ہی۔ مسلمان فلاسفر اپنے فلسفہ کی تصنیف میں تہذیب الاخلاق کے مسائل نہ بیان کرنیکی عموماً وجہ یہ لکھتے ہیں کہ

ان الشریعۃ المصطفویۃ	اسلام نے فلسفہ تہذیب الاخلاق کو اس خوبی
قد فقت الوطر عن بحثھا باکمل	اور تفصیل سے بیان کردیا ہی کہ اس مسئلہ میں
تفصیل واتم تفضیل۔	بحث کرنے کی اب ضرورت بھی نہ رہی۔

تو اچھی طرح ظاہر ہوجائے گا کہ باوجود عدم ضرورت صرف ایک عمدہ تصنیف خیال کرکے مسلمانوں نے اسکو کتنی وقعت کی نگاہ سے دیکھا اور اسے اپنے علمی خزانہ میں جگہ دیکر اس کی کتنی حفاظت کی۔ ؎

کس ندانست کہ آں یار کجا جلوہ گر است
گز فریاد و فغاں شور نہ برداشتے



سید سلیمان
از دار العلوم لکھنؤ

معیار تعلیم نسواں

ایک قدیم مثل زبان زد عام ہے کہ "زن - زمین - زر - تینوں لڑائی کا گھر" لیکن اب اس نئی روشنی کے زمانہ میں اس مقولہ کے جز واول نے کچھ تو پرانی روشنی والوں کی حماقت کی بدولت اور کچھ نئی روشنی والوں کی بلند پروازی کے طفیل میں ایک نئی صورت اختیار کی ہے اور اخباروں اور رسالوں کے صفحات میدان کارزار بنے نظر آتے ہیں۔ قیاس کو جس حد تک دخل ہے اُس سے جو کچھ نتیجہ اس کاغذی جنگ کا عملی صورت میں ظہور پذیر ہونیوالا ہے وہ یہی ہے کہ نئی روشنی کی جماعت اپنی فتحمندی کا جھنڈا گاڑ رہے گی اور پرانی جماعت پھسڈی رہجائیگی

نئی روشنی والوں سے جو کچھ شکایت ہے وہ یہ ہے کہ اُنکے خیال کے پردہ زنگاری کی آڑھ میں کوئی ایسا معشوق پوشیدہ ہے جسکے حسن ظاہر فریب کی شیفتگی نے اُنھیں اندھا مقلد بناڈالا ہے یعنی تعلیم نسواں سے ان کی غرض محض تحصیل علوم ہوتی تو وہ لوگ نہایت ہی قابل قدر ہوتے اور اُن کی باتیں موتیوں سے بڑھکر بیش قیمت مگر وہ تو یہ چاہتے ہیں کہ تعلیم کے بہانے عورتوں کو بے پردہ کرکے اُن کی عصمت و عفت کا ستیاناس کریں اور اُنسے وہ کام لیں جنکے لیے خدا نے اُنکو مخلوق ہی نکیا ہے۔ دوسری طرف پرانی روشنی والے یہ چاہتے ہیں کہ یا تو سرے سے عورتیں جاہل ہی رہیں یا محض معمولی ادنیٰ درجہ کی تعلیم پر انکے جوہر عقل کا خاتمہ کردیا جاوے۔ دونوں میں افراط و تفریط ہے۔ اسلیے میں چاہتا ہوں کہ اس بارہ میں کچھ اپنی ناقص رائے پیش کروں اور وہ یہ ہے۔

اس میں شک نہیں کہ تعلیم لڑکے اور لڑکیاں دونوں کے لیے مفید چیز ہے کیونکہ علم ہی ایک ایسی صفت ہے جو انسان اور حیوان میں مابہ الامتیاز ہے تو پھر یہ بڑا ظلم ہے کہ مرد تو انسان بنے اور عورت حیوان رہے۔ اسلیے میں تعلیم نسواں کا سچے دل سے موید اور حامی ہوں لیکن مجھے کلام ہے تو اس میں کہ مردوں اور عورتوں کی تعلیم ایک ہی معیار ایک ہی درجہ

ایک ہی قسم - ایک ہی طریقہ سے ہونی چاہیے -

عورتیں چند وجوہات سے - مردوں جیسی اور جتنی تعلیم حاصل کرنے سے مجبور و معذور ہیں ۱ حال میں جو مضمون الندوہ میں تحریر المسلمہ کے عنوان سے نکلا ہی وہ کافی طور سے ثابت کرتا ہی کہ مردوں کے قوائے دماغی و عقلی عورتوں کی بہ نسبت زیادہ قوی اور وسیع ہیں - تو بس شملہ بمقدار علم اور علم بمقدار پیمانۂ دماغ ہونا چاہیے - ایسا نہو کہ مقدار سے زیادہ ٹھوسنے سے پیمانہ بھی بیکار ہو جاوے تو کف افسوس ملکر کہنا پڑے کہ ع

ایں ہم اندر عاشقی بالائے غم ہائے دیگر - ۲ عورتوں کے مدارج زندگی پر نظر ڈالنے سے بھی مجکو اس نتیجہ پر پہونچنا پڑتا ہی کہ اُنکے پاس باعتبار مردوں کے تعلیم حاصل کرنیکا زمانہ کم اور محدود ہی - وہ سولہ برس کے سن تک بے روک ٹوک میدان علم میں تحصیل علم کا گھوڑا دوڑا سکتی ہیں اور اس سے آگے بڑھکر بہتیری قسم کے موانعات ان کی تحصیل علم کی چلتی گاڑی میں روڑے اٹکانے کو تیار رہیں اسلیے نہ اُن کو آگے بڑھنے کا موقع ہی اور نہ اسکی کوشش کرنی چاہیے - بلکہ اُن کو اپنی دوسری جائز اور ضروری ذمہ داریونکے انصرام میں مصروف ہو جانا چاہیے - جن کی عدم تعمیل پر وہ دین اور دنیا دونوں میں مورد الزام اور مستوجب سزا ٹھہرینگی ماہرین علم الانسان کی تحریروں سے بھی یہی پتہ چلتا ہی کہ لڑکیوں کے قوائے عقلی و دماغی سولہ برس تک روبترقی رہتے ہیں بعدہٗ ایک حالت پر ٹھہر کر روبتنزل ہو جاتے ہیں -

سولھواں برس وہ وقت ہی کہ جسوقت وہ کسی صاحب خانہ کی بیوی بنکر تاج عروسی سر پر رکھتی ہیں اور تجرد سے نکلکر تاہل کے خوشنما باغیچہ کی مالن بنتی ہیں اب انکے تعلق اس باغیچے کی درستگی و آرایش ہی - اسکے پھول اور پھل کی نگہداشت - اور اسی میں ان کو اپنا کمال دکھا کر دنیا میں نیک نام بننا ہی - کسی عورت میں امور خانہ داری کے انصرام کی قابلیت سے بڑھکر سچ پوچھیے تو اور کوئی وصف و خوبی قابل جستجو نہیں ہی - دومیسٹک اکانومی کی تعلیم اُن کو اعلیٰ درجہ پر دینی چاہیے - عورت کو مرد جیسی اور جتنی تعلیم دیکر مردوں کا کام لینا گویا گھوڑے کو

ہل میں چلانا ہی۔ اور قوت سے بڑھکر بوجھ لادنا ہی۔

عورتوں کو منطقی اور فلسفی تعلیم سے بڑھکر اخلاقی اور مذہبی تعلیم کی ضرورت ہی۔ کیونکہ انہیں کے گہوارے میں بچوں کا وہ زمانہ کٹتا ہی جس میں اُنھیں ہر قسم کی بات قبول کر لینے کی اعلیٰ درجہ کی قابلیت موجود ہوتی ہی بچوں کی بچپن ہی میں اخلاقی و مذہبی تعلیم نہیں ہوئیگا اور اُنکے آداب عادات کی درستگی نہیں کیے جائیگا ہی آج یہ نتیجہ ہی کہ دو حرف انگریزی پڑھ لینے پر آسمان کے قلابے ملائے جاتے ہیں اور مذہب سے گھن آنے لگتی ہی۔ اس سے یہ نتیجہ نہیں نکالنا چاہیے کہ میں عورتوں کے لیے صرف اور محض مذہبی تعلیم ہی کو کافی و وافی سمجھتا ہوں۔ نہیں ہرگز نہیں اُن کو کل علوم سکھائے جائیں مگر جس کی جتنی ہی ضرورت ہو ہاں اس سے میں ضرور ڈرتا ہوں کہ ہمارے فلاسفہ دان نوجوانان اپنی ہی سی اعلیٰ تعلیم عورتوں کو دیکر کہیں اپنی ہی طرح بلند پرواز اور گمراہ نہ بنا دیں۔

خلاصہ مضمون بالا یہ ہی کہ جبکہ صریحی و بدیہی طور پر بے پردگی کو خلاف عقل اور نقل بڑے بڑے علامہ وقت نے ثابت کر دکھایا تو تعلیم نسواں میں بے پردگی کا دُم چھلا لگانا سراسر ہٹ دھرمی حامی تعلیم نسواں کو ٹہرکانا، اور تعلیم نسواں جیسی مفید چیز کی چلتی گاڑی میں روڑے اٹکانا ہی ۳ عورتوں کو کیا بلحاظ وقت اور کیا بلحاظ ضرورت اخلاقی اور مذہبی تعلیم زیادہ دینا اعلیٰ دینا اور دلانا چاہیے۔ اور دوسرے علوم کی تعلیم محض رفع ضرورت کے انداز سے اُنکو ایک اعلیٰ درجہ کی خانہ دار بنانا چاہیے۔ مرد کے برابر نہ اُنکو تعلیم کی ضرورت ہی اور نہ وقت ہی۔ اعلیٰ و کامل تعلیم کی تو دونوں کو ضرورت ہی۔ کیونکہ ادنیٰ اور ناقص تعلیم تو بجائے سنوارنے کے بگاڑنے والی ہی۔ مگر دونوں کی تعلیم کے مدارج میں فرق ہونا ضروری اور لازمی ہے۔

ابو الکمال ڈیسنوی

ٹرکش مارٹ

حضرات ملک! حال ہی میں ہم نے یورپ سے ایک بہت بڑا لاٹ ٹرکی ٹوپیوں کا منگایا ہے۔ جو ہر رنگ، ہر سائز اور ادنیٰ و اعلیٰ ہر قسم کی اپنے اپنے طرز میں ایک دوسری سے بالکل نرالی اپنی نظیر آپ ہی ہیں۔ ان ٹوپیوں کا فیشن بھی ہم نے بڑے غور و فکر کے بعد تہذیب و ترقی کو مدنظر رکھکر تجویز کیا ہے۔ جسکا نمونہ غالباً کوئی اور کمپنی نہیں پیش کر سکتی۔ مزید براں قابل توجہ یہ بات ہے کہ ہمارے مشہور زمانہ یورپین میکر "زوکر" نے حسب فرمایش ان ٹوپیوں میں نفیس ریشمی استر پر ہمارا قابل دید اور بے نظیر اسلامی ٹریڈ مارک اور ہمارے مجوزہ پیٹنٹ نام مثلاً حمیدیہ۔ حبیبیہ۔ نظامیہ۔ عثمانیہ۔ اسلامیہ۔ علیگڈھ۔ حیدرآباد وغیرہ زریں حروف میں کندہ کر کے اپنا کمال دکھلایا ہے۔

لہذا مہربان قوم و تاجران ملک سے استدعا ہے کہ اپنی خاص توجہ مبذول کر کے بذریعہ خط کتابت استفسار رخ کریں یا کچھ مال نمونتاً روانہ کرنے کی اجازت دیں اور ہماری خوش معاملگی کو ملاحظہ فرماویں۔ ہمارے اسٹاک میں ولایتی۔ اطالین۔ آسٹرین۔ اور انڈین ساخت کی ترکی ہنگرین۔ بالدار۔ کشتی نما۔ مہاراجہ سائیکل کیپ۔ چھوٹی بڑی دیوار کی کم و بیش قیمت کی موجود ہیں۔ علاوہ اسکے چٹائی کے استر کی ٹوپیاں جنکا ملک کو ایک مدت سے انتظار تھا موصول ہوئی ہیں۔ عمدہ استنبولی پھندنے اور نفیس ولایتی بکس کیساتھ فیعدو ساڑھے چار روپئے۔

المشتہر

ٹرکش مارٹ نمبر ۱۶۳ بھنڈی بازار بمبئی

اشتہار

کارخانہ عطر مخزن شمیم

بفضلہ تعالیٰ ۴۰ برس سے یہ کارخانۂ عطرسازی بہ نیکنامی قائم ہی اور خریداروں سے خوشمعاملگی اسکا فرض منصبی ہی - اس کارخانہ میں ہر قسم کے عطریات و روغنیات اور عطردان ساختہ قنوج و کلکتہ و بمبئی و مدراس - ہاتھی دانت وغیرہ کے دشیشیاں ہر قسم کی خوبصورت رنگ برنگ کی موجود ہیں -

التماس - ایک مرتبہ امتحاناً تھوڑا مال طلب کرکے دوسرے کارخانونکے مال سے مقابلہ کیجئے - ویلیو پے ایبل یا نقد قیمت آنے پر فوراً تعمیل ہوگی - مفصل فہرست طلب کرنے پر روانہ ہوگی -

نام عطر	قیمت فیتولہ	نام عطر	قیمت فیتولہ	نام عطر	قیمت فیتولہ	نام عطر	قیمت فیتولہ
استنبول بصرہ	۱۰ سے ۱۰ تک	روح خس	۱۰ سے ۱۰ تک	دونہ وگل حنا	۱۰ سے ۱۰ تک	شمامہ العنبر	۱۰ سے ۱۰ تک
گلاب	۱۰ " " ۱۰ "	روح پاندری	۱۰ " " ۱۰ "	روح افزا	۱۰ " " ۱۰ "	گل یعنی مٹی	۱۰ " " ۱۰ "
کیوڑہ	۱۰ " " ۱۰ "	چمبیلی	۱۰ " " ۱۰ "	راحت روح	۱۰ " " ۱۰ "	زعفران	۱۰ " " ۱۰ "
موتیا	۱۰ " " ۱۰ "	پاندری	۱۰ " " ۱۰ "	مشک عنبر	۱۰ " " ۱۰ "	مدن مست	۱۰ " " ۱۰ "
حنا	۱۰ " " ۱۰ "	مولسری	۱۰ " " ۱۰ "	مشک حنا	۱۰ " " ۱۰ "	سہاگ	۱۰ " " ۱۰ "
روح گلاب	۱۰ " " ۱۰ "	خس و چمپا	۱۰ " " ۱۰ "	گیسندا	۱۰ " " ۱۰ "	اگر	۱۰ " " ۱۰ "
						پان	۱۰ " " ۱۰ "

تنبول بہار - پان میں کھانیکا مصالحہ ہی - اگر تنبول بہار پان میں کھاویں تو پان نہایت لذیذ اور خوشبودار ہوجاتا ہی اور بلا تمباکو کھانے والے بھی بخوبی کھا سکتے ہیں - فیڈ بیا ۴ رفید جن عطر - عطر کی ٹکیاں ۴ ر و ۶ ر روغن چمبیلی ۱۰ سے ۱۰ سیر تک نیز روغن بیلہ و حنا و کیوڑہ ۱۰ سے ۱۰ سیر تک -

المشتہر حاجی محمد حسن صاحب حسن جنرل مرچنٹ قنوج ضلع فرخ آباد

and truthfulness. He hated flatterers, and as he himself was not versed in the art of plotting and underhand dealings, he despised people of this type and therefore it was impossible for mean and cringing parasites to find any place under him His conversation was easy and sensible. He enjoyed light jokes and humorous sayings, but never indulged in ridicule. He was fond of music, poetry, and the fine arts, and valued much mathematics and history. Had he found time for study no doubt he would have become a profound scholar. All his time was occupied in affairs of State, and centralization was the great feature of his system of government.

There is a large number of politicians at the present day in India, but their reputation is merely Indian. Outside India they are known very little. But Sir Salar Jung's reputation is world-wide. We may have a great admiration for these politicians ; but it is by Sir Salar Jung and Sir Saiyed Ahmad Khan that we want "to be represented at the International congress of world-great men—by Sir Salar first and next Sir Syed."

SYED ALI RAZA.

tion *i.e.* the restoration of Berar he had no other ambition. And therefore in the hot weather of 1882 Sir Salar paid a brief visit to the Viceroy at Simla. Though he stayed there only for a short time his charming manners and civilities made him a host of friends. Especially did the Viceroy and Lady Ripon treat him with kindness. Thus he was able to obtain the Viceregal consent to make arrangements for H. H. the Nizam's visit to England in the following year. The objects of this intended visit must have been various, but it is said, that by this Sir Salar hoped to realize the aim which throughout his life seemed to be chimerical and by the warmth of his reception at Simla it was understood that the object of his Mission would have been attained if H. H. the Nizam had laid personally his claim to the districts of Berar before the English Parliament. "If he had been a European Statesman," writes the Times of India, "the only word that can describe his conduct throughout is that of patriotism, and a patriotism as devoted as that of Gambetta or Bismark."

The year 1883 is a memorable year in the history of Hyderabad. Arrangements were being made for H. H. the Nizam's visit to England. The programme was in preparation, according to which the party were to leave Bombay on the 6th April, spending some weeks on the continent and reaching England about the 20th of May ; when all of a sudden a terrible calamity befell the dominions. On the 5th of February Duke John of Mecklenburg-Schwerin arrived at Hyderabad on a short visit. Sir Salar who was known for his hospitality and kindness arranged about showing the Duke the principal sights of Hyderabad and a dinner was to be given on the 8th. of the same month. On the evening of 7th February the Duke was invited to a garden party at his palace near the Mir Alam Tank, and they spent a pleasant hour or two on the beautiful lake. The guests as well as the host parted with good hopes for the ensuing entertainment. Sir Salar returning to his palace as was his habit, worked till eleven in the night and then retired to bed. About two o'clock in the morning he was attacked with cholera, the disease to which there is only one end. By 5 o'clock in the evening of February 8th the great minister breathed his last.

Sir Salar Jung was a man of steady habits. No reform, however important, was carried out by him in raw haste. He loved conservatism, but if any good was to be derived from a liberal policy he was ready to modify his own views. He respected time-honoured principles and was always true to his word. His personal qualities consisted of justice, humanity,

their power; and I have full confidence that this alliance, which has existed for more than a century, will not only be maintained in the future as heretofore, but that as you rightly observe, the bond of amicable relationship between the people of England and India will be daily strengthened"

With this the ceremony was brought to a close and Sir Salar Jung, accompanied by the members of his suite, was escorted from the Guildhall by the Lord Mayor to the Mansion House, where a selected company had been invited to meet His Excellency at a dejeuner which was served in the Egyptian hall. The whole way from the Guildhall to the Mansion House was lined by an excited but well behaved crowd, anxious to catch a glimpse of the great Indian, and the reception accorded to Sir Salar Jung must have been extremely gratifying to him. The company invited to the dejeuner numbered about three hundred.

By reading his various replies to the addresses presented and the speeches delivered on these occasions it seems that Salar Jung was always actuated by one motive *i. e.* the welfare of his own master in particular and mankind in general. In whatever he accomplished during the trying days of the Indian Mutiny and after, he was guided by a spirit of patriotism and duty. In the month of August 1876 he left London for India and from his arrival at the capital till his death he was engaged in the performance of his heavy and responsible work.

Until the day of Lord Lytton he was always treated with the greatest confidence and esteem by the Government of India; but during this time he was trying for the restoration of Berar, and at the suggestion of the Secretary of State he made a fresh representation to the Governor-General. This had for a time caused a rupture between Sir Salar and the nobleman at the head of the Government in India. In 1878 when the present Nizam H. H. the Nawab Mir Mahboob Ali Khan Bahadur left Hyderabad for Delhi to attend the Imperial Proclamation Sir Salar was made to feel that he had offended the Viceroy. By this he was deeply hurt. The unpleasant and restrained relations continued till the arrival of Lord Ripon in India; and with the appointment of Sir Stuart Bayley to the Residency of Hyderabad he was restored to the same confidence and favour as of old. It was really the chief aim of Sir Salar that to crown his services he should get back those territories which were assigned to the British Government in Lord Dalhousie's time. His private life was very simple and he had nothing to gain by the change. Apart from this ques-

The Lord Mayor wore his state robes on the occasion, as did also the Sheriff, and the common councilmen appeared in their Mazarine gowns. The ceremony was graced by the presence of the Lady Mayoress, Miss Cotton, and other ladies. Shortly after 10 o'clock Sir Salar Jung, accompanied by the members of his suite, entered the council Chamber, escorted by the mover and seconder of the address conferring the Freedom, and took the place of honour assigned him on the dais as the guest of the day, the members of the court rising in a body to receive His Excellency as he walked up the floor to the place of honour. Mr. Monkton the Town Clerk at the request of the Lord Mayor having read the resolution conferring the Freedom, the Chamberlain of London, Mr. Benjamin Scott, who wore his official costume said, turning to Sir Salar Jung :— "It has not happened heretofore that the minister of an Indian ruler has received the honorary Freedom of this ancient city and its bestowal upon your Excellency, while it is intended as a personal compliment to yourself, is also the expression of a desire on the part of this corporation for a closer intimacy between this country and the independent native Princes of the East who are Her Majesty's valued allies. Among those native sovereigns none have been more faithful to the British Government than H. H. the Nizam of Hyderabad, and his father the late Nizam. H. H. The late Nizam and your Excellency, his enlightened adviser, not only adhered with the utmost strictness to treaty engagements contracted with the Honourable Company of Merchants of this city, who then ruled our Indian possessions, but your conduct inspired the British Resident with such convictions of your ascendency and fidelity that he was encouraged to despatch the Hyderabad contingent to aid the hard-pressed British forces, thus contributing materially in the suppression of a revolt which had it succeeded, might have arrested the progress of civilization and good Government in the East." The speech delivered in answer by His Excellency is long and elaborate, out of which I quote only the following few sentences. After thanking the corporation in the usual manner for the high distinction they had conferred on him, Sir Salar said, "It is a matter of peculiar satisfaction to me to learn the high value you attach to the loyalty of my master, the Nizam, as one of the Independent Native Princes of India who are the allies of Her Majesty, a closer intimacy with whom the city of London expresses a desire to cultivate.....
I am much gratified to have the opportunity of assuring you in this place that since the time when the connexion between the British Government and H. H. the Nizam was first established, the one desire on the part of the rulers of the State and their ministers has been to maintain the alliance in every way in

bad and on his return invited the minister pressingly to pay a visit to England as his guest. Sir Salar proceeded to England in April 1876. On his arrival in Paris on May the 13th he met with an accident by slipping on the stairs of the Grand Hotel. This caused him to break a thighbone. Though the bodily pain must have been terrible Sir Salar was not for a moment out of humour. He was only uneasy for the delay caused by this accident in reaching England. The party landed at Folkestone on the 1st of June. Among those who came to give him an honourable reception the Marquis of Tweeddale was also present. As he was still unable to walk on foot he "was carried ashore in an armchair by a party of English sailors" and replying to the address presented by the Mayor of Folkestone he apologized for not being able to rise. He received a most enthusiastic welcome from all classes and was invited to dinner both by the Prince and Her late Majesty the Queen Empress. The University of Oxford conferred upon him the degree of Doctor of Civil Law. He was next invited to dine with the Marquis of Salisbury. And in return he gave entertainments to their Royal Highnesses the Prince and Princess of Wales, and a good many noblemen. Then he paid a short visit to the North and saw some chief places of interest, staying as the guest of the Duke of Sutherland at his residence at Trentham and Dunrobin. During his sojourn in Great Britain he received a number of addresses from various institutions and classes, the most prominent of them being the following :— The East India Association, The Scottish Town Councils, The Manchester Corporation and Chamber of Commerce etc. Sir Salar Jung took great interest in Eastern ways and manners. For instance when he had the honour of entertaining the Prince of Wales at his residence in Piccadilly he held previous to the dinner a durbar according to the Eastern custom and offered a present of 101 gold mohurs to the Prince by whom it was touched and returned. Also at the time of his presentation to the Queen he had offered the same amount to her late Majesty. The presentation of the Freedom of the City of London to him is one of the happiest events which he was fortunate enough to enjoy during his visit to England. The manner in which this ceremony was performed is not only a new thing to us but it also throws light on the esteem in which he was held by the English nation.

On July 25th at a special meeting of the Court of Common Council, held at the Guildhall, the Lord Mayor presiding, the honorary Freedom of the city, in a gold box of exquisite workmanship, was presented to His Excellency. The ceremony was conducted in the Council Chamber and excited much interest.

boob Ali Khan Bahadur was a mere child of three years at that time. It was not strange that the regency of Hyderabad should devolve upon Salar Jung. The Nawab Shumsul Umara in whose kind memory the Principal's Hall of the M. A. O. College was erected, was appointed co-regent. Thus Sir Salar was now free to see the important places in the dominions and to adopt wise and useful measures for the welfare of the masses. He did away with the old-fashioned staff and replaced it by better men on large salaries from northern India and other places. The education of the young Nizam, which was an object of solicitude especially to the minister, was conducted on the soundest possible lines by means of tutors.

To improve the sanitation of the city which was a hot-bed of diseases he surveyed every nook and corner of Hyderabad. Old houses were pulled down, streets broadened and water-works were constructed. These reforms were not confined to the capital, but throughout the dominions, roads were made and railways introduced, irrigation works constructed on a large scale and water supplies were provided for the main cities. All these improvements were made in such a manner that the state can be truly said to *vie* with some of the advanced European countries. Among other notable reforms he organised Public Schools. His sole aim was to impart to the people an education and training of a high order so that the rising generation in general and the sons of the nobility and gentry in particular should be able to take an active part in the administration of the country.

In 1875 the minister with a few selected nobles of Hyderabad went to Bombay to represent the young Nizam on the occasion of the reception of H. R. H. the Prince of Wales. The Prince gave some presents both to Salar Jung and the Nizam. Those given to the minister "consisted of a sword with a silver scabbard, the belt studded with jewels, a massive gold ring, a large gold medal with a medallion of the Prince on one side and on the other three ostrich feathers, and the Prince's motto beneath them, and three large books bound in Morocco. The presents given to the minister for H. H. the Nizam were a finely-wrought silver flagon of the time of the Duke of Marlborough, a large gold medal attached to a broad blue ribbon, a massive gold ring, three finely finished rifles, and four books in red morocco with the Prince's monogram on the cover of each."

In January 1876 the Duke of Sutherland, one of the suite of H. R. H. The Prince of Wales, paid a flying visit to Hydera-

country began to improve by leaps and bounds. It was a great thing to re-establish the credit of the Government. He cut down many unnecessary export and import duties and consequently trade began to flourish. This period is also famous for the introduction of the Zillabandi system *i.e.* the division of the dominions into districts, abolition of payment in kind, and sundry other reforms. His earnest and sincere desire for the welfare of the country of which he was Prime Minister and his strict and honest conduct in the way of reform created him enemies. Several attempts were made on his life. Once in 1860 while he was conversing with the Resident in the Nizam's court and all the audience were waiting for His Highness', arrival a malcontent rushed on him with a drawn sword. But fortunately both the dignitaries were saved by the interference of some minister's men and the assassin was cut to pieces.

Previous to his regime the administration of the Nizam's Government was conducted on a different footing. The whole dominions were divided into two parts—Surfi Khas and Dewani. The administration of the former belonged to the Prince himself and the management of the latter corresponded to the modern form of civil administration. But Salar Jung made the distinction of the two divisions clearer and the management of the civil departments was raised on a firmer and sounder basis. In 1868 four ministers were appointed for the Judicial, Revenue, Police, and Miscellaneous departments. By these new regulations not only was the public treasury full but the income of the state exceeded the expenditure, and the credit of the Government was proportionately high. All this was due to the abolition of the old method of raising revenue which was indiscriminately based on the contract system in the following manner. Almost all the districts were assigned to contractors, some of whom held military posts, others did the work of bankers, and others were private persons. The practice was that these officers were made to hand over to the state what remained after the deductions made for their departmental expenses. The vice of this system is obvious. It was Salar Jung who, as I have mentioned above, appointed Government Officers to raise revenue on the same model as is in force in British India. In the same year, for these valuable services rendered to the state and his unswerving loyalty to the supreme Government he was made a K. C. S I. by the British Government.

In 1869 H. H. the Nawab Afzal-ud-Daula died and from that time opens the third chapter of Sir Salar Jung's brilliant career. The present Nizam, His Highness Nawab Mir Mah-

debtor by the law, the powerful creditor could commit any number of atrocities he liked. These unfortunate people were imprisoned in a Jamadar's house. Sometimes they were starved to death and sometimes they were fed on bread and water until they paid all the loans.

He was introducing both his administrative and physical reforms one by one and was contemplating a good many schemes for the regeneration of the most mismanaged Native State in India when all of a sudden the news of the Great Mutiny reached Hyderabad. A telegram was received by the Resident from the Governor of Bombay. He wired. "If the Nizam goes all is lost." Here I quote Mr. Saiyed Husain Bilgrami, "No one knew this better than the Resident and Salar Jung. To the latter the condition of affairs at this time has been well described as a "trial," the tension and force of which can never be understood by a European and a Christian." The position was a trying one. Had it not been for Salar Jung's loyalty to the British Crown and his wise measures which discouraged the unbounded fury of the Rohillas and other hot-headed persons Hyderabad would have taken part in the rebellion, and this undoubtedly would have set all Southern India in open revolt, as the people of Madras and Mysore were waiting for the example of the Deccan people. Major-General Hill who was a commander of the Nizam's troops at the time informed the Home Government in the following words. "These energetic measures saved South India, for had the people of Hyderabad risen against us, the Mohammadan population of Madras would, it was well known at the presidency, have followed their example, and it is but just to this distinguished man—Salar Jung—that the people of England should be informed how entirely the stability of British rule in South India was owing to the wise and energetic measures adopted at the crisis by Salar Jung." In spite of all these measures the Residency was slightly attacked and his own life was held in great danger during the gloomy months of the Mutiny. His noble conduct and faithful services also those of his master H. H. the Nawab Afzal-ud-Daula were rewarded by the British Government. In the beginning of 1859, Lord Canning sent a letter to the Nizam where he expressed on behalf of the Supreme Government his sincere thanks for the latter's unshakers loyalty during the critical period of the Mutiny, and His Highness was created a K. C. S. I.

Now opens the second chapter in the history of Sir Salar's life. The ceded districts, with the exception of Berar, were restored by the British Government, and the resources of the

پھرنے لگی۔ خبگل خبگل پھرتا تھا مگر اُسکے گناہ کی کالی بلا سایہ کی طرح ساتھ تھی اور سوتے جاگتے بھوت بنکر سر پر سوار رہتی تھی۔ انسان کا دل گویا کاغذ کے ایک سفید پرچہ کی طرح ہے جسپر افعال کے نقش کھنچتے جاتے ہیں۔ نیکی کی گلکاری بھی ہو رہی ہے اور بدی کے دھبّے بھی پڑ رہے ہیں۔ لیکن اگر یہ سیاہ دھبّے ندامت کے تیز آنسو اور استغفار کی ربڑ سے چھیلے نہ جائیں تو سارا کاغذ رفتہ رفتہ کالا ہو جائیگا اور گلکاری پر بھی پانی پھر جائیگا اور آخر سوائے اسکے کہ پارہ پارہ کرکے پھینک دیا جاوے اور کچھ نہیں ہو سکتا۔ قابیل کا حال بھی اسی طرح ہوا۔ بھائی کے خون سے ہاتھوں کو رنگ کر بجائے اسکے کہ توبہ اور استغفار کے پانی سے دھوتا اور اشک حسرت بہاتا اور بھی اکڑنے لگا۔ قلب کی سیاہی بڑھتی گئی۔ مقدس باپ کے فیض صحبت سے محروم ہو گیا۔ توفیق کا دروازہ بند ہو گیا۔ اور گمراہی کے تیرہ و تار جنگل میں بھٹکنے لگا۔ توریت کی کتاب پیدائش باب چہارم میں درج ہے کہ قابیل مردود درگاہ ہو کر مشرق کی طرف روانہ ہوا۔ اور وہیں ڈیرے ڈالدیئے اس کی بہت سی اولادیں ہوئیں جن میں سے ایک بیٹے انوخ کے نام سے اسنے پہلے پہل ایک چھوٹے سے شہر کی بنیاد ڈالی اور رفتہ رفتہ اُسکی نسل بڑھتی گئی یہانتک کہ پانچویں پشت میں مسمی ملک ایک خونخوار اور شورہ پشت شخص پیدا ہوا جسکے ایک بیٹے "ٹوبل کین" نے پہلے پہل لوہے اور تانبے کے اوزار اور ہتیار ایجاد کیے اور کشت خون کا بازار گرم ہونے لگا۔ قابیل کا گناہ گویا ایک چنگاری تھی جس سے اُس کی ساری نسل بھڑک اُٹھی۔ جدہر یہ لوگ گئے دھوئیں اڑا دیئے کسی جگہ ان کو قرار نہ تھا۔ قابیل کو جو بد دعا دی گئی تھی کہ تو عالم میں مارا مارا پھریگا اور کبھی چین سے نہ بیٹھے گا (کتاب پیدائش باب چہارم آیت ۱۲) اُسکا اثر اُس کی نسل میں باقی رہا۔ یہ خونخوار گروہ دشت قبیحاق۔ میدان گوبی اور کوہستان یورال اور التائی میں چھا گیا اور جب کبھی چھوٹ گیا خون کی ندیاں بہادیں اور عالم کو زیر و زبر کر دیا۔

الغرض قابیل مع اپنی اولاد کے دائرہ ایمان سے خارج ہوگیا۔ شامت اعمال کا بھوت سر پر سوار تھا۔ گناہ کی تاریکی گھیرے ہوئے تھی۔ دنیا کی ہر چیز اُسکو خوفناک نظر آتی تھی اور وحشت بڑھتی جاتی تھی۔ یہ کیا حالت تھی۔ عجائبات قلب کی ایک حیرت انگیز کیفیت تھی جسکے سمجھنے کے واسطے ایک مثال کی ضرورت ہے۔ ایک طالب علم جسنے اسکول کے سب درجوں کو قابل تعریف کامیابی کے ساتھ طے کرلیا ہو اور اب کالج میں ذوق شوق سے تکمیل علم کیواسطے قدم رکھا ہو ذرا اُس کی حالت دیکھنا۔ کلاس میں داخل ہوکر کسقدر مسرور نظر آتا ہے کس محویت سے لکچر سُن رہا ہے اور کس جوش سے نوٹس لکھ رہا ہے۔ گھر آکر رات کے وقت خوشی خوشی کس محنت سے کل کام کر رہا ہے اور مطالعہ میں مشغول ہے۔ سب سو رہے ہیں اور یہ لمپ کے سامنے بیٹھا ہوا مطالب پر غور کر رہا ہے۔ غرضکہ ہر وقت طالب علم کے نشہ میں سرشار ہے۔ جہاں علمی مذاکرہ سُنا دوڑا جارہا ہے اور بحث مباحثہ سے حظ حاصل کرتا ہے اور اس طرح اپنی معلومات کا دائرہ وسیع کرتا جاتا ہے کہ یکایک ایک دن سیر کرتے کرتے کسی زہرہ جبیں سے آنکھیں چار ہوگئیں نگاہوں کا جادو چل گیا اور دل ہاتھوں سے نکلکر محبت کے چاہ بابل میں قید ہوگیا۔ اب اسکی حالت دیکھنا۔ شام کو گھر آیا ہے مگر دل وہیں چھوڑ آیا ہے۔ کل کا سبق یاد کرنا ہے چند سوالات حل کرنا ہے لمپ لیکر بیٹھا مگر کچھ سمجھ میں نہیں آتا۔ دماغ چکر کھا رہا ہے ہوش بجا نہیں درد دل درد سر ہوگیا اور یہ وہیں دراز ہوگیا مگر نیند کہاں آخر خدا خدا کرکے صبح ہوئی یہ کالج چلا مگر بالکل کھویا ہوا۔ نہ لکچر سمجھ میں آتا ہے نہ نوٹس لکھ سکتا ہے۔ چہرہ سے پریشانی اور وحشت برستی ہے یہانتک کہ رفتہ رفتہ پڑھنا لکھنا سب بالائے طاق علمی مذاکروں سے کوسوں دور امتحان کا زمانہ آگیا یہ شریک تو ہوا مگر حضرت کی غیرت "شرکت غم" بھی نہیں چاہتی تھی انجام یہ ہوا کہ گزٹ میں نام ندارد مگر بدنامی کا سرٹیفکٹ مل گیا والدین کی نگاہوں سے گر گیا۔ اور ہر طرف ذلیل و خوار پھرنے لگا۔ سچ ہے معرفت کی راہ میں بھی انسان کے قلب پر ایسی ہی کیفیتیں گذرتی ہیں۔ کبھی طاعات و عبادات کا ذوق و شوق ہوتا ہے۔

ذکر فکر میں مزہ آتا ہی۔ شب بیداری اور سحر خیزی آسان ہوجاتی ہی۔ ایک عجیب سُرور ہوتا ہی اور ہر طرف نور ہی نور نظر آتا ہی۔ فیض کا دریا جوش مارتا ہی اور لطیفوں کی نہریں جاری ہوجاتی ہیں لیکن معاذاللہ اگر کسی سخت گناہ میں مبتلا ہوگیا۔ ظلمت چھاجاتی ہی انقباضی کیفیت پیدا ہوجاتی ہی نہ وہ انبساط ہی نہ وہ سرور نہ وہ ذوق و شوق ہی نہ وہ جوش و خروش اگر اس حالت میں توبہ و استغفار نہ کی اور خشوع و خضوع کے ساتھ متوجہ نہوا تو قلب سخت ہوجاتا ہی۔ لطیفے بند۔ فیض مسدود اور نسبت سلب اللھم احفظنا۔

بیشک قابیل کی وہ حالت ہوگئی تھی جسکو صوفیہ کرام سلب نسبت کہتے ہیں۔ اُسکی اولاد میں بھی وہی فاسد مادہ اُچھلتا رہا اور اُسی کے ایسے حرکات پیدا ہوکر وہم پرست ہوگئے دیوبھوتوں کو ماننے لگے اور باطل معبودوں کی پوجا ہونے لگی مگر اس کریم کارساز نے جسکی رحمت اُسکے غضب پر سبقت لیگئی ہی "ظلوم وجہول" انسان کی نسل کو برباد ہونے نہ دیا حضرت شیثؑ جو اپنے باپ کے سچے جانشین تھے۔ سیدھی سادی خدا پرستی کی جو ایک گلہ بان کی مرنجان مرنج زندگی کا جذبہ تھی لوگوں کو تعلیم دینے لگے۔ خدا نے اُن کی اولاد میں برکت دی۔ رحمت کا دروازہ کھل گیا اور فیض نازل ہونے لگا۔ اس طرح حضرت آدمؑ کی وفات کے بعد اُنکی اولاد دو مختلف طریقوں کی پابند ہوگئی جو انکی جداگانہ طرز معاشرت کے نتیجے تھے ایک سلیم الطبع چوپاں دوسرا خونخوار شکاری ایک حریم سینہ میں ذوق شوق کیساتھ یاہو کے نعرے لگاتا تھا اور دوسرا بیابان وحشت میں ہوہو کرتا پھرتا تھا۔ خوب ؎

دیر و حرم کا جبکہ جہاں میں نشاں نہ تھا عاشق کے دل سوا کوئی اُسکا مکاں نہ تھا

انسان اگر غور سے دیکھے تو معلوم ہوجاوے کہ مقصود اصل میں ایک ہی مگر وہانتک پہونچنے کے واسطے مختلف راہیں پیدا ہوگئی ہیں اور کچھ ایسی پیچدار ہوتی گئی ہیں کہ طالب اس بھول بھلیاں میں بھٹکتا پھرتا ہی اور رشتہ مقصود ہاتھ سے چھوٹ جاتا ہی۔ لیکن جس طرح تلاش مقصود انسان میں ودیعت ہی اُسی طرح مختلف راہیں پیدا ہونا فطری امر ہی۔

جب اختلاف فطری ٹھہرا تو ہدایت لابدی ہوئی ورنہ یوں بے سروپا چھوڑ دینا اور پھر اپنی طرف بلانا انصاف نہیں ہے۔ بیشک اسی سبب سے ہادیوں کی سخت ضرورت ہے اور ابتدا ہی سے ایسا انتظام شروع ہوگیا۔

حضرت شیث کی چھٹی پشت میں حضرت ادریسؑ پیدا ہوئے اُس زمانہ میں نسل انسانی کا چشمہ بڑھتے بڑھتے ایک دریائی مواج ہوگیا تھا اور دنیا کے مختلف حصوں میں بہنے لگا تھا۔ قابیل کی اولاد نے ہر جگہ طوفان مچا دیا تھا خود بھی گمراہ تھی اور اور اپنے ساتھ حضرت شیث کی اولاد کو بھی مل جل کر خراب کر دیا تھا۔ حضرت ادریسؑ ان گمراہوں کی ہدایت کے واسطے مبعوث ہوئے۔ منقول ہے کہ لکھنا اور سینا پہلے پہل آپ ہی نے لوگوں کو سکھایا آپ کے بعد آپ کے بیٹوں نے خاصکر متوشلح نے آپ کی تعلیم کو زندہ رکھا مگر تھوڑے ہی دنوں میں بت پرستی کا ظہور ہوا جس کی ابتدا حسب ذیل طریقہ سے ہوئی۔

انسانی طبیعت کا خاصہ ہے کہ اپنے ہمجنسوں میں جنکو خوبیوں سے آراستہ پاتا ہے اُس کی طرف قدرتی میلان پیدا ہوجاتا ہے اور دل میں اُس کی عظمت کا نقش بیٹھ جاتا ہے یہانتک کہ اس کی نہایت تعظیم اور توقیر کرنے لگتا ہے۔ یہ جذبات اسقدر پختہ ہوجاتے ہیں کہ اُس بزرگ کے مرنے کے بعد بھی نہیں مٹتے۔ اُس کی تصویر ہر وقت آنکھوں میں پھرتی ہے اور اُس کی یاد بیچین کرتی رہتی ہے مگر خیالی تصویر کے چھٹنے سے آتش فراق نہیں بجھتی آخر شوق نظارہ کے اصرار سے مرحوم کی کوئی نشانی پیش کرنا ہوتی ہے کہ کسیقدر سکون تو ہو۔ یہ نشانی مختلف اقوام کے مذاق کے موافق ہوتی ہے۔ کہیں تماثیل اور تصاویر کے رنگ میں۔ کہیں تبرکات کی طرز میں۔ اور کہیں بتوں کی صورت میں جلوہ گر ہوتی ہے اور رفتہ رفتہ یہ نشانیاں بطور خود واجب التعظیم ہوجاتی ہیں۔ انکے متعلق کہانیاں گڑھ لی جاتی ہیں حقیقت پر پردہ پڑجاتا ہے اور انسان کہیں سے کہیں ہو رہتا ہے اور اپنے ایک قدرتی جذبہ دل کے ہاتھوں

آپ ہی خراب ہوتا ہی۔ حضرت ادریس کے ہونہار بیٹوں نے لوگوں کو بہت سے دینی اور دنیوی نفع پہنچائے تھے۔ ملک میں امن وامان پھیلایا تھا وحشی جانوروں اور خونخوار انسانوں کا شر دفع کیا تھا۔ اور لوگوں کو نیک راہ بتائی تھی۔ انکی وقعت اُن کی عظمت اُن کی محبت لوگوں کے دلوں میں کیونکر ہوتی۔ ان بزرگوں کی وفات کے بعد لوگوں نے ان کی تصویریں بنائیں اور ایک پاک جگہ میں رکھیں اور چومنے لگے اور رفتہ رفتہ صنم پرستی تک نوبت پہونچ گئی۔ قاعدہ ہی کہ جہاں کوئی دل لگتی بات نکلے سب لوگ گرویدہ ہوجاتے ہیں اور پھر وہی بات رسم ہوجاتی ہی اور ہر جگہ جاری ہوجاتی ہے۔ اس طرح اس طریقہ نے عام قبولیت کا لباس پہنا اور نئے نئے رنگ میں ظاہر ہونے لگا اور عالم میں بتوں کا عمل ہوگیا۔ سچ پوچھیے تو لکڑی تانبے اور پتھر کے بت کوئی چیز نہیں اگر بت ہی تو خود ہمارا نفس ہی جسکو ہمنے حریم سینہ میں چھپا رکھا ہی۔ لاکھوں مورتیں پاش پاش ہوجائیں ہزاروں مندر مسمار کر دیے جائیں کیا ہوتا ہے جب تک کہ یہ بڑا بت نہ ٹوٹے سارا کرشمہ اسی کا ہی اسی کے شعبدے نظربندی کرتے ہیں۔ ایک چھنٹے ہوئے بہروپیے کی طرح یہی بھیس بدل بدل کر آتا ہی اور اچھے اچھوں کو دھوکا دیجاتا ہی۔ آجکل زندقہ اور دہریت کے لباس میں ظاہر ہوکر اسنے بہت سے بندگانِ خدا کی راہ ماری ہے۔ درحقیقت راہ معرفت میں ہمارا نفس ہی سنگِ راہ ہی۔

(باقی آیندہ)

الراقم

سید نواب علی نوتنوی

کرزن نامہ

بقیہ نمبر ۶

عطیات دینے کا ہی کہ صرف ہندوستانی ادنیٰ درجہ کے ملازم ہوتے ہیں۔ ان خرچوں کے بعد جو آمدنی بچتی ہی وہ ملک کے لیئے مبارک ہوتی ہی نتیجہ یہ ہی کہ ملک کی پیداوار میں سے ہندوستانی ریلوے کی نذر کرتے ہیں اسکا صرف ایک حصہ انکے پاس واپس آتا ہی کل واپس نہیں ہوتا۔ جیسا کہ اور ملکوں میں ہوتا ہی کہ صرف قرض کا سود دیا جاتا ہی۔ یہ کمی ہر سال پیداوار کی قابلیت کو گھٹاتی ہی۔ دادا بھائی نوروجی لکھتے ہیں کہ میں نے مسٹر جے ڈین ڈٹرس صاحب (ڈائرکٹر ریلوے) سے کہا کہ آپ ریلوے کی سالانہ رپورٹ میں ایک نقشہ ایسا بنائیے کہ جس سے یہ معلوم ہو کہ ہندوستان و انگلستان میں یورپین کی تنخواہوں اور اُنکے لیے ہر قسم کے خرچوں کی کیا مقدار ہی لیکن انھوں نے اسکا وعدہ کیا جسکو ایفا نہیں کیا۔ اگر اس قسم کی آگاہی ہوتی تو ہم کو معلوم ہوتا کہ کسواسطے انڈیا کو وہ فوائد حاصل نہیں ہوتے جو ریلوے سے اور ملکوں کو حاصل ہوتے ہیں۔ ریلوں پر ۳۶۰ انگریز ہندوستان میں ہیں اور باقی انگلینڈ میں ہیں انکے معلوم ہونے سے یہ دریافت ہوتا کہ جتنے وہ ہیں اتنے پیشہ ور ہندوستانیوں کو انکے قدرتی رزق سے محروم کرتے ہیں۔ اور ریلوے کی آمدنی کا کونسا حصہ ایسا ہی جسمیں سے ہندوستانی ایک پائی نہیں پاتے۔

اسوجہ سے یہ امر تحقیق طلب ہی کہ ریلوے کی دولت ہندوستان کی آمدنی یا پیداوار کو بڑھانے کی بجائے کتنا گھٹاتی ہی اور کتنا ہندوستانیوں کے کام میں لانے کے لیے واقعی باقی رہتی ہی۔ ریلوے کی آمدنی ملک کی پیداوار کا ایک حصہ ہی اور اس میں جو یورپین کھا جاتے ہیں اور اپنے ملک کو لے جاتے ہیں وہ ہندوستانی ملکوں کی وسائل آمدنی میں سے چھین لیتے ہیں۔

یہ بالکل تعجب کی بات نہیں ہی کہ یونائٹڈ سٹیٹس میں ۷۰۰۰۰ میل یا اس سے زیادہ ریلوے جاری ہی اور ہندوستان میں اُسکا دسواں حصہ ہی جس سے یہ ہندوستانی کچھ فائدہ نہیں اُٹھاتے باوجودیکہ انڈیا میں عجیب مخازن ہیں اچھی گورنمنٹ ہی کل برٹش دولت اُسکی

پشت پناہ ہے۔ خلاصہ یہ ہے کہ ہندوستان میں بالفعل جیسی ڈپارٹمنٹ (سررشتے) ترقی اور تہذیب اور پیش قدمی کے نام سے جاری کیے جاتے ہیں وہ زیادہ تر یورپین کی منفعت کے لیے ہوتے ہیں اور ہندوستان پر بارگراں ہوتے ہیں۔ ہم اپنے برٹش حاکموں سے التجا کرتے ہیں کہ ہمارے لیے ریلوے اور تمام قسم کے مفید پبلک ورکس بنائیں جنکے بنانے کے اسباب وہ رکھتے ہوں مگر ہم کو اُن کی قدرتی فائدے حاصل کرنے دیں۔ بھوکے آدمی کو خالی دعوت کی خوشیاں سنائیں (بھوکوں کا پیٹ خالی دیگوں کی ٹھنا ٹھن سے نہیں بھریگا) ہم یورپین کی ایسی تدابیر کے خوشی سے شکر گزار ہونگے جو قطعی کامیاب کام کے لیے ضرور ہیں لیکن خدا کیواسطے دیانت کے نام سے ان فائدوں کی باتیں نہ بناؤ جو ہم نے نہیں حاصل کیے بلکہ اسکے برخلاف ہم نے انکے لیے اپنی گرہ کا نقصان اُٹھایا ہے۔ معمولی ریلوے اور پبلک ورکس کے فائدے ایسی گورنمنٹ کے اندر اُٹھاتے جو قانونی منتظم وعادل ہے تو ہم صرف دو سو کرور روپیہ نہیں بلکہ بیس ارب روپیہ قرض لیتے اور اُسکا سود شکریہ کے ساتھ ادا کرتے اور اس سے فائدہ انڈیا کو اور انگلینڈ دونوں کو حاصل ہوتا اور ہم تجارت میں انگلینڈ کے سب سے زیادہ خریدار ہوتے پبلک ورکس کی نسبت سب سے بڑا مسئلہ یہ ہے کہ انکا موقوف کرنا نہیں چاہیئے بلکہ ان کو بنانا اس طرح چاہیئے کہ دونوں انڈیا اور انگلینڈ کو فائدہ حاصل ہو۔ انگلینڈ کے کارہائے عظیم کے ضروری حصے یہ ہونے چاہیئں کہ پبلک ورکس ہندوستانیوں کے فائدوں کو بروے کار ظاہر کریں نہ ان کی مضرتوں کو۔ وہ غلام ہمکو بنائیں اور کھائیں اور (پیسے کوئی پکائے کوئی آئے لوٹھے کھا گئے) میں نے اعتراضات دادا بھائی نوروجی کی ان برٹش رول آف انڈیا سے ترجمہ کیے ہیں۔

دادا بھائی بڑے نامی گرامی پولیٹکل میں ہندوستان کے بہی خواہ مشہور اور معروف ہیں وہ تاجرانہ زیادہ تر انگلستان میں رہتے ہیں۔ انہوں نے اپنی کتاب کا نام ان برٹش رول آف انڈیا رکھا ہے جسکے معنی یہ ہیں کہ انگلینڈ میں جو برٹش رول ہے وہ انڈیا میں نہیں ہے

اور اسکا ثبوت اُن روشن ضمیر و بلند خیال و عالی دماغ مدبرانِ ملکی کے اقوال سے دیا ہی جو برے رحم دل و عادل و ہندوستانیوں کے سچے ہمدرد و دلسوز ہیں ان ہی کے اقوال سے انڈیا کی برٹش گورنمنٹ کا ہندوستان کو مفلس بنانا اور اسکے افلاس کو روز بروز بڑہانا اور انگلینڈ کی برٹش گورنمنٹ کے ان دعووں کا ایفا نہ ہونے دینا۔ جو اُسنے ہندوستانیوں کے بہبودی اور فلاح کے لیے کیے ہیں بیان کیے ہیں - دادا بھائی کا اصل اصول یہ ہی کہ وہ انگلینڈ کی گورنمنٹ کو بڑا عادل اور رہبت باز جانتے ہیں - اور انڈیا کی گورنمنٹ کو اسکے برخلاف سمجھتے ہیں وہ انگلینڈ کی گورنمنٹ کے ایسے معتقد ہیں کہ اُسکو سلطنت الٰہی سمجھتے ہیں جس سے وہ اُن حقوق کی طلب کرتے ہیں جنکا عطا کرنا کبھی انسان کی خصلت میں داخل نہیں ہوا مگر ہاں خدا اُن کو عطا کرتا ہی - واللہ اعلم یہ انکا اعتقاد ہی یا مطلب حاصل کرنے کے لیے چاپلوسی ہی جو مخصوص اہل پارس کے ساتھ ہی کہ وہ اول بادشاہ کی مدح و ثنا مبالغہ کے ساتھ کرتے ہیں پھر اپنے مطلب نکالنے کے لیے التجا کرتے ہیں - وہ بھی انگلینڈ کی برٹش گورنمنٹ مدح سرائی کرکے اپنا عرض مطلب کرتے ہیں کہ اسنے جو انڈیا میں اپنی گورنمنٹ مقرر کی ہی وہ ہماری بڑی حق تلفیاں کیا کرتی ہی اور دونو انگلنڈ اور ہند کو نقصان پہنچاتی ہی اسکی خبر گیری کرنی انگلنڈ کی برٹش گورنمنٹ کا فرض ہی - یہ پرکہن سال مدت سے یہ سعی و کوشش کر رہا ہی مگر اس کی اُمید بر نہیں آئی - اسنے جو ریلوے پر اعتراضات کیے ہیں کہ وہ ہمکو مفلس بناتی ہی اور انگلستان کے حصہ دار اسکے ہم سے خراج لیتے ہیں - انگلینڈ نے ہندوستان میں کوئی پبلک ورکس اپنے سرمایہ زر سے جس طرح سے اُسکو بنانا چاہیے تھا نہیں بنایا -

اُنکا جواب یہ ہی کہ کوئی اشراف آدمی اپنی شرافت کے سبب سے اپنے مفلس ہمسایہ سے کہے کہ بھائی تم مجھ سے روپیہ قرض لو اور بنج بیپار کرو اس سے جو فائدہ ہو اُس میں تم اپنی محنت اور مزدوری کا لو باقی فائدہ مجھے دو تو اس میں اُسکا کیا گناہ ہی ؟ - انگلستان

امیر تھا ہندوستان مفلس اور غریب تھا اسنے اُسپر رحم اور ترس کھاکر کہا کہ میں تم کو روپیہ دیتا ہوں تم اس روپئے سے اپنے ملک میں ریلوے بناؤ جس سے تم کو اور تمہارے ملک کو بہت فائدہ ہوگا اور اس فائدہ سے تم اپنا حق السعی لو اور باقی مجھے میرا حق دو تو اس میں انگلستان نے ہندوستان کے ساتھ کیا بدسلوکی کی۔ پھر انگلستان نے ہندوستان سے کہا کہ شائد ہی تم نے ریل کا نام سنا ہوگا تم نہیں جانتے کہ اس کی دم کسطرف ہے اور سر اس کا کسطرف اس سے تم بالکل نابلد ہو اسلیے میں تم کو ریلوے بنانے کا مصالحہ دیتا ہوں۔ جس سے وہ بنتی ہے اور تمہارا ملک اسکا بنانا نہیں جانتا۔ میں اپنے ملک سے ریلوے کاموں کے لئے انجنیر اور کاریگر اور منتظم دیتا ہوں جو اس کام کو تمہارے لیے انجام دینگے وہ تمہارے ملک میں میسر نہیں وہ تم کو ریلوے کا کام سکھلاینگے اور جب تم کام سیکھ جاؤگے اور خاطرخواہ کرنے لگوگے تو وہ اپنا کام تم کو سپرد کردینگے غرض انگلستان نے تولادے لادینوالا ساتھ دے کام کیا کہ ہندوستان کو ریلوے بنانے کے لیے روپیہ دیا اور اسکے بنانے کا مصالحہ دیا اسکے بنانے کے لیے ایسے انجنیر دیے اسکے انتظام کیواسطے اپنے ملک میں ڈائرکٹر مقرر کیے۔ جسکے سبب سے ہندوستان میں ریلوں کا کارخانہ عظیم جاری ہوگیا۔ ہندوستان میں ہندوستانی اپنے سرمایہ کو ریلوں میں صرف کرنے کے لیے بڑے تنگ دل اور کم حوصلہ ہیں۔ انگلستان کے صرف ہونے سے ہندوستان میں یہ ریلوں کا جال بچھ گیا جس سے ہندوستان کا پیداوار بڑھنے لگا۔ تجارت کا بازار گرم ہوگیا۔ لاکھوں آدمی اسکی بدولت برسرکار ہوگئے ہندوستان کی قدرتی پیداوار جو کانوں میں مدفون تھی بروے کار ظاہر ہونے لگے۔ اگر انگلستان ریلوے کے بنانے میں ہندوستان کی استعانت نہ کرتا تو ملک ان سب اوپر کے نعمتوں سے محروم رہتا۔

اب دادا بھائی نوروجی جو یہ فرماتے ہیں کہ انگلستان نے ہندوستان کے فائدہ کے لیے یہ کام نہیں کیے بلکہ اپنے فائدہ کے لیے تو اسکے یہ معنی ہیں کہ ہم مفلس تھے اسلیے ہم کو روپیہ

انگلستان کو نہیں دینا چاہیئے تھا۔ ہمارے پاس ریلوے کے بنانے کا مصالحہ نہیں تھا وہ انگلنڈ سے نہیں آنا چاہیئے تھا ہم کو ریل بنانی اور چلانی نہیں آتی تھی اسلیے اسکے واسطے انجنیر اور ڈرائیور نہیں آنے چاہیئے تھے۔ ہم کو انتظام کرنا نہیں آتا تھا اسلیے انگلستان میں اسکے ڈائرکٹر منتظم نہیں مقرر ہونے چاہیے تھے۔ اگر یہ کام اسنے کیے ہوتے تو مفت یا اپنے قلیل فائدہ کے لیے روپیہ قرض بے سود یا ہوتا تو وہ قرض حسنہ سمجھا جاتا۔ انجنیروں ڈائرکٹروں و ڈرائیوروں کو تنخواہ نہیں لینی چاہیے تھی دادا بھائی کا یہ فلسفہ نرالا ہی کہ ہمارے بچے کی آنکھیں دکھتی ہیں سارے شہر کے چراغ بجھاؤ۔ ہم کو صنعت و حرفت و پبلک ورکس کا کام کرنا نہیں آتا ہمارے پاس اسکے بنانے کے لیے روپیہ نہیں اسلیے کوئی دوسرا اس کام کو نہ کرے۔ ہمارے پاس روپیہ نہ تھا جس سے ریل بناتے نہ ہم کو وہ صنعت و حرفت آتی تھی جس سے وہ بنتی۔ نہ اسکا وہ مصالح ہمارے ملک میں تیار ہو سکتا کہ جس سے وہ تعمیر ہوتی اسلیے انگلستان نے بڑا گناہ کیا جو یہ کام اسکے لیے کیے کہ ریلوے کی آمدنی کا بڑا حصہ وہ کھاے جاتا ہی۔ ہمکو اُس میں سے تھوڑی مزدوری مزدوروں کی سی ملتی ہی۔ دادا بھائی نے ریلوے کی آمدنی میں سے جو ہندوستان کو فائدہ ہوتا ہی اُسکے دیکھنے میں آنکھوں کے اوپر پٹی باندھ لی ہی۔ اسکی وہی مثل ہی کہ گدھے کی آنکھوں میں نمک ڈالا اُسنے کہا کہ میری آنکھیں ہی پھوڑیں۔ ریلوے کی آمدنی مسافروں کی آمد و رفت اور ٹریفک (تجارت) سے ہوتی ہی۔ ریل میں بہ نسبت اور سواریوں کے سفر بہت سستا اور جلد ہوتا ہی جس سے مسافروں کو روپیہ و وقت کی بچت ہوتی ہی جس سے ان کا سرمایہ بڑھتا ہی۔ ٹریفک میں اسباب تجارت کے منتقل کرنے میں باربرداری کے خرچ ریل میں سب سے زیادہ کم ہوتا ہی۔ بھاری اسباب تو کسی طرح بغیر ریل کے ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہو ہی نہیں سکتا۔ بس اس بچت سے بھی سرمایہ ملکی بڑھتا ہی۔ ملک کے جس حصہ میں کوئی پیداوار زیادہ پیدا ہو سکتا ہی وہ اسلیے بڑھایا جاتا ہی کہ دوسرے حصہ میں بذریعہ ریل پہنچکر اچھی قیمت پاتا ہی اسلیے ملک کی پیداوار کو ریل بڑھاتی ہی۔ دادا بھائی لکھتے ہیں کہ ریلوے

سے اور ملکوں کو جو فوائد حاصل ہوتے ہیں وہ ہندوستان سے مفقود ہیں۔ دادا بھائی کا یہ لکھنا جب سزاوار تھا کہ ہندوستان کی حالت وحیثیت اور لیاقت اور ملکوں سے ہوتی۔ آدمی نظیر و تمثیل دینے میں سب سے زیادہ بھاری غلطی کرتا ہے۔ دادا بھائی نے ہندوستان کی تمثیل یونائٹڈ سٹیٹس سے فقط یہ ادنیٰ مشابہت دیکھکر کہ دی ہے کہ دونو میں انگلنڈ سے روپیہ قرض لیکر ریلوے بنائی جاتی ہیں۔ پھر انسے نتائج نکالنے شروع کیے جسپر یہ مثل صادق آتی ہے کہ مارا گھونٹا پھوٹی آنکھ۔ یہ اُنھوں نے نہیں لکھا کہ ہندوستان یونائٹڈ سٹیٹس کی حالتوں میں زمین آسمان کا فرق ہے۔ ایک بالکل خود مختار سلطنت جمہوری ہے۔ دوسری کا حال یہ ہے کہ جیسے کوئی آدمی اپنے مکان میں رہتا ہو وہ اُسکو گروی رکھدے یا بیچڈالے یا کوئی زبردستی اُسپر قبضہ کرلے مگر ہر صورت میں وہ مکان سے نکالا نہ جاسے تو وہ شخص اُس مکان کو فقط اس سبب سے اپنا کہہ سکتا ہے کہ اس میں وہ رہتا ہے اگر وہ اپنے تئیں مالک سمجھے تو اُس کی نادانی اور بے حیائی ہے بس اسی طرح ہندوستانیوں کا کہنا کہ ہندوستان ہمارا ملک ہے جو غیروں کے ہاتھ میں ہے اور اس میں ہم اپنی اُنگلی نہیں ہلا سکتے۔ پس جبتک ہندوستانی ہندوستان کو اپنا ملک نہ بنائیں اُنکو یہ کہنا کہ یہ ہمارا ملک ہے بالکل غلط ہے دوسرے کی چیز کو اپنی چیز بنانا ناانصافی ہے۔ یونائٹڈ سٹیٹس کے اندر ریلوے کا مصالحہ موجود ہے۔ وہاں انجنیر ریل کے بنانے کیواسطے اور ڈائرکٹر انتظام کے واسطے موجود ہیں۔ یہاں ہندوستان میں سوا رمعدودے چند کے علی العموم بھیڑوں کی موافق ہیں جو آسانی سے مغلوب ہوگئی ہیں۔ گڈریوں کو اختیار ہے کہ جس طرح چاہیں ان کی شبانی کریں۔ یہ خداوند تعالیٰ کی عنایت اُنکے حال پر ہے کہ یہ گڈریے اپنی بھیڑوں کی پرورش کرتے ہیں۔

چند آدمی جنھوں نے انگریزی زبان میں لفاظی میں بڑی مہارت حاصل کی ہے مبالغہ سے یاوہ گوئی کرتے ہیں کہ ہندوستان کو ان مہذب ملکوں نے جو اپنے اوپر آپ فرماں روائی کرتے ہیں تشبیہ دیتے ہیں وہ بہت اترا اترا کر کہتے ہیں کہ انگلستان اور اُس کی کولونیز میں

یہ کام ہوتے ہیں یہاں کیوں نہیں ہوتے اگر ہندوستانی ان ملکوں کی سی حیثیت وحالت و لیاقت بہم پہونچائیں تو وہ کام یہاں خود بخود ہونے لگیں۔ ان یاوہ گوئیوں سے کچھ ہوتا نہیں برات عاشقاں بر شاخ آہو۔

اب میں بابو رومیش چندت صاحب کی تاریخ انڈیا ان وکٹوریا یج میں ریلوے ونہر وآبپاشی کے باب میں جو لکھا ہی نقل کرتا ہوں اور اُنکے اعتراضات کے جوابات جو دے گئے ہیں انکے بعد لکھتا ہوں۔

ریلوے ونہر آبپاشی کے کام

ہندوستان میں ریلوں کے جو کام شروع ہوے انکے انتظام میں بہ نسبت مسافروں کے آسائش وآرام کے فضول خرچی واسراف کو زیادہ دخل تھا۔ پرائیویٹ کمپنیاں کام کرتی تھیں جنکو یہ اطمینان تھا کہ ہم اپنا روپیہ خواہ دانائی سے یا نادانی سے جو خرچ کرینگے اُسکے سود دینے کی ذمہ دار گورنمنٹ ہی وہ ہمکو بہر نہج غالباً ملے گا۔ اگر ٹریفک کی کمیٹی کے سبب سے آمدنی ریل میں گارنٹی سود سے کمی ہوگی تو گورنمنٹ محاصل ملکی انڈیا کی آمدنی سے اس کمی کو پورا کر دے گی۔ اسوجہ سے جیسی اس ملک میں ریلوے کے بنانے میں فضول خرچیاں اور اسراف ہوے ویسے کسی اور ملک میں نہیں ہوئے۔ اس کی تصدیق پارلمنٹری کمیٹی منعقدہ ۱۸۷۱ء و ۷۲ء و ۷۳ء و ۷۴ء کی تحقیقات کرتی ہی جس میں بڑے بڑے جامعیت اعلیٰ درجہ کے آدمیوں سے شہادت لی گئی ہی۔ ہر گواہ کو یہ سمجھو کہ وہ بڑے پایہ کا آدمی تھا ڈین ڈرس گورنمنٹ ڈائرکٹر انڈین ریلوے نے شہادت دی کہ اس گارنٹی کے انتظام کے سبب سے بہت روپیہ رائگاں ہوا مگر اسکے ساتھ یہ بھی کہا کہ اگر یہ گارنٹی کا انتظام نہوتا تو ہندوستان میں اس زمانہ میں کسی اور انتظام سے ریلوے نہیں بن سکتی تھی۔ تھورنٹن صاحب نے اسکے خلاف کہا کہ اس گارنٹی انتظام نے کوئی کام ایسا نہیں کیا جو بغیر اسکے نہوتا اور یہ بھی کہا کہ مجھے یقین ہی کہ اگر گارنٹی نہوتی تو بھی ریلوے بنانے کے لیے انڈیا میں انگلنڈ کا سرمایہ جاتا۔

انگلینڈ میں دولت کی روز بروز افزائش ہوتی جاتی ہے کہ اس کی بڑی مقدار کے لگانے کی گنجائش انگلینڈ میں نہیں رہی اسلیے وہ جنوبی امریکہ اور اور ملکوں میں لگانے کے لیے جاتا ہے پس میں یہ خیال کرکے نہیں جانتا کہ انڈیا میں اسکے نہ لگانے کے اندر کیوں اصرار ہوتا اگر سرمایہ خرچ کرنے والے سخت غلطیاں کرتے تو وہ ان غلطیوں کا خمیازہ آپ بھگتتے۔ اسلیے وہ اپنے سرمایہ کو بڑی احتیاط اور ہوشیاری سے ریلوے بنانے میں کفایت شعاری اختیار کرتے لیکن جب ایک دفعہ کمپنیوں کو گارنٹی دیگئی تو پھر بغیر گارنٹی کے اپنا سرمایہ لوگ نہیں لگاتے یہ ایک شخص کی رائے ہے جسنے ایک فرضی صورت عرض کرکے فرضی نتیجہ نکالا ہے جو کوئی وقعت نہیں رکھتا اور اس بات پر ذرا خیال نہیں کیا۔ اور ملکوں میں سرمایہ کے لگانے میں جو انگلینڈ کے سرمایہ داروں کو اپنے روپیے کے لگانے میں اطمینان تھا وہ ہندوستان میں سرمایہ کے لگانے میں کبھی نہیں ہوسکتا۔ انگلنڈ کو اپنے کالونیوں پر اور امریکہ و آسٹریلیا وغیرہ میں سرمایہ کے صرف کرنے میں اسکے نفع حاصل کرنے کا جو یقینی اطمینان ہے وہ ہندوستان میں کبھی نہیں ہوسکتا۔ وہ گورنمنٹ کی گارنٹی بغیر کبھی انڈیا میں ریلوں کے اندر روپیہ نہیں لگا سکتے۔

صاحب ممدوح نے یہ بھی بیان کیا کہ یہ ایک لازمی نتیجہ اس طریقہ کا تھا کہ ریلوے کا بنانا اس معاہدہ پر شروع ہوا کہ ریلوے کی لاگت میں خواہ کتنا ہی روپیہ خرچ ہو گورنمنٹ اس روپیہ کے سود دینے کی ذمہ دار ہے کیا ریلوے بنانے والی کمپنی کو کفایت شعاری کیطرف کوئی رغبت کرنے کی وجہ نہیں رہی وہ جانتی تھی کہ ریل کے بنانے میں خواہ ہم کیسی ہی غلطیاں کریں اس سے کچھ ہمارے اس روپیہ کے فائدہ میں فرق نہیں آئیگا جو ہم خرچ کرینگے (مردہ دوزخ میں جاے یا بہشت میں ہم کو اپنے حلوے مانڈے سے کام)

لفٹنٹ کرنیل میسی مائی مین شل جرانڈیا نے کہا کہ ۱۸۴۸ء میں انڈیا میں ریلوے بننی شروع ہوئیں اول سٹاف انجنیروں کا انگلینڈ سے انڈیا کو بھیجا گیا اس زمانہ میں اُن کی عادت

میں یہ امر داخل نتھا کہ وہ اول اکونومی (اقتصاد) پر خیال کرتے۔ اُنھوں نے یہ بھی کہا کہ ایسٹ انڈیا کمپنی نے بہت زیادہ اگرچہ دوچند نہیں ریلوے بنانے میں بیفائدہ روپیہ خرچ کیا۔ ٹھیکہ داروں کے لیے کوئی وجہ نہ تھی کہ وہ اکونومی (اقتصاد) کی طرف توجہ کرتے انگلنڈ سے سارا سرمایہ آتا تھا اُسپر جب تک گورنمنٹ محاصل ملکی کے آمدنی سے پانچ روپیہ فیصدی سود دینے کی ذمہ دار تھی اسکو پروانہ تھی کہ یہ روپیہ جو اسنے قرض دیا ہی دریا بیگلی میں پھینکا جاتا ہی یا چونہ اینٹ میں خرچ ہوتا ہی۔ اسکا نتیجہ یہ تھا کہ بڑی بڑی رقمیں خرچ میں آگئیں ایسٹ انڈیا کمپنی کی فی میل ریل بنانے میں تین لاکھ روپئے خرچ ہوئے۔ میرے نزدیک جیسی اس کام میں فضول خرچیاں واسراف ہوے ایسے کسی اور کام میں نہیں ہوئے۔

سرجان لارنس وائسراے انڈیا نے پارلمنٹری کمیٹی کے روبرو ۱۸۷۳ء میں شہادت میں ریلوے بنانے کی فضول خرچیوں پر بڑی لعنت وملامت کی اُنھوں نے کہا کہ ریلوے میں جتنا روپیہ خرچ ہونا چاہیے تھا اس سے زیادہ خرچ ہوا ہی اس کی وجہ یہ ہی کہ پانچ روپیہ سیکڑہ سود جو اچھی شرح سود کی ہی سرمایہ داروں کو ملتی ہی وہ اس کی پروا نہیں کرتے کہ روپیہ کس طرح خرچ ہوا یا ہوتا ہی۔ ہم کامیاب ہونگے یا ناکامیاب۔ ہندوستانیوں کی شکایت چلی جاتی ہی کہ ریلوے پر انکے ساتھ اچھا سلوک نہیں کیا جاتا ہی۔ اس باب میں گورنمنٹ بہ نسبت کمپنیوں کے زیادہ موثر ہوسکتی ہی۔ گو کمپنی کے بیجا اختیارات کو حالات موجودہ میں روک نہیں سکتی۔

لارڈ لارنس نے ۱۶۔ اگست ۱۸۷۶ء کو اپنی ایک یادداشت لکھی ہی جس میں ہندوستانیوں کو ریلوے بنانے کے سبب سے۔ جتنا کل نقصان ہوا اسکا حساب یہ لکھا ہی کہ تخمینہ سے معلوم ہوتا ہے کہ جب ریلویوں کے بنانے میں جو بن رہی ہیں اکیاسی کروڑ روپیہ خرچ ہو چکے گا تو گورنمنٹ کا خرچ بہ تفصیل ذیل ہوگا۔ زمین کے اور کمپنیج (معاوضہ) کے نقصانات اور نگرانی کے خرچ کی بابت ساڑھے سات کروڑ روپیہ اور نقد آمدنی کی کمی کے سبب سے گارنٹی سود کے پورا

کرنے کے لیے ساڑھے چودہ کروڑ روپیہ اور گارنٹی سود کے ادا کرنے کے لیے جو روپیہ قرض لیا گیا ہے اُسکے سود کے ساڑھے چار کروڑ روپیہ۔ ان خرابیوں کے سبب سے گارنٹی انتظام آخر کو متروک ہوا۔ جسکا حال ہم اوپر بیان کر آئے ہیں کہ ریلیں کس طرح خریدی گئیں۔ یہ اعتراضات تو ریلوے کے بنانے پر کیے گئے ہیں۔ بڑا اعتراض ریلوے بنانے پر یہ کیا جاتا ہے کہ اگر اسکے بدلے میں آبپاشی کے کام بنائے جاتے تو ملک کو بہت کچھ فائدہ ہوتا۔

قحط سالی میں ریلوے خوراک کی بہم رسانی میں ممد و معاون ہوتی ہے مگر وہ فی نفسہ خوراک کی پیدائش میں اضافہ نہیں کرتی۔ آبپاشی کا کام یہی ہے کہ وہ پیداوار میں اضافہ کرے اور خشکسالی میں فصلیں تیار کرے۔

اسی وجہ سے ہندو مسلمان فرمانرواؤں نے اس کی طرف بڑی توجہ اپنی رکھی۔ ان کی یادگاریں ہندوستان کے شمالی حصے میں نہریں اور جنوبی حصہ میں کنڈ اور تالاب موجود ہیں برٹش گورنمنٹ نے بھی اس کام کو بتامل اختیار کیا اور اس سے جو فوائد حاصل ہوئے وہ پہلے بیان ہوئے۔ اہل انگلنڈ نہروں کی بہ نسبت ریلوے سے زیادہ واقف ہیں انکے ملک میں اس قسم کی آبپاشی کی ضرورت نہیں پڑتی جس قسم کی اس ملک میں حاجت ہوتی ہے اس لیے وہ جیسی ریلوں کی توسیع کے شائق ہیں آبپاشی کے شائق نہیں وہ ہندوستان میں آبپاشی کی قدر شناسی نہیں کرتے۔

سر آرتھر کوٹن آبپاشی کے بڑے حامی اور مددگار و خواستگار تھے۔ کاویری اور گوداوری کی نہروں کے بنانے میں کارہائے نمایاں کرنے سے اُنہوں نے اپنا نام دنیا میں روشن کیا تھا اُنھوں نے پارلیمنٹ کی کمیٹی کے روبرو شہادت دی کہ انڈیا کو پانی کے مرکبوں کی ضرورت ہے اُس میں ریلوے بالکل ناکام رہی ہے نہ وہ چیزوں کی مقدار مطلوبہ کو قیمت معینہ پر نہیں پہنچا سکتی انکے واسطے گورنمنٹ کو تین کروڑ روپیہ سالانہ خرچ کرنا پڑتا ہے اور ان کی غور و پرداخت کے لیے خرچ کی زیادہ ضرورت ہوتی جاتی ہے۔ ایسی نہروں کے بنانے میں جس میں خانی کشتیاں

چلیں ریلوے کی نسبت آٹھویں حصہ کا خرچ ہوگا۔ وہ چیزوں کی مقدار مطلوبہ کو قیمت معینہ پر جسقدر جلد چاہیں لے جائینگی اور خزانہ شاہی سے وہ کچھ نہیں مانگیں گے اور آبپاشی کے صیغہ میں شامل ہو جائینگی۔

سر چارلس ٹریولین نے کہا کہ ہندوستان میں آبپاشی ہمہ چیز ہے۔ پانی بہ نسبت زمین کے زیادہ قیمتی ہے اسلیے کہ زمین میں جب پانی کام میں آتا ہے تو اُسکا پیداوار کم از کم چھ گنا ہو جاتا ہے بلکہ عموماً اس سے بھی زیادہ۔ وہ اس زمینوں کو بارآور اور پھل دائل کرتا ہے جن میں اسکے بغیر کچھ خاک نہ پیدا ہوتا اور اگر پیدا ہوتا تو کچھ ایسا ہی۔

بیس برس تک آبپاشی کے بڑے حامی و مددگار لارڈ لارنس رہے وہ یقین کرتے تھے کہ ہندوستان کو ریل ویوں کی نسبت آبپاشی کی زیادہ ضرورت ہے۔ وہ کاشتکاروں پر یہ جبر کرنا پسند نہیں کرتے تھے کہ وہ نہر کے پانی لینے پر مجبور کیے جائیں انکے نزدیک تو نہروں کا نہ بنانا اس جبر کے کرنے سے بہتر تھا۔

انڈیا کے اکونومی (اقتصاد) کے جو معاملات ایسے ہوتے ہیں کہ انسے انگلنڈ کے تاجروں اور صناعوں کی اغراض متعلق ہوتی ہیں تو اُن پر انگلنڈ کے پبلک کمتر متوجہ ہوتے ہیں سر آرتھر کوٹن نے ہرچند وہاں کی پبلک کو سمجھایا کہ وہ انڈیا کی آبپاشی کے کاموں کی طرف متوجہ ہوں لیکن اس سمجھانے کا اثر کچھ نہیں ہوا۔ جان برائٹ جو پارلیمنٹ کے رکن عظم تھے سر آرتھر کی اس تجویز کی تائید کی کہ تیس کروڑ پونڈ میں سارے ہندوستان کے اندر ایسی نہریں بنجاویں کہ جن میں جہاز رانی ہو سکے۔ مگر انگلش میں "ستر کروڑ سے زائد جو ریلوے میں خرچ ہو چکا ہے بجا سمجھتا تھا لیکن آبپاشی کے کاموں کے لیے تیس کروڑ پونڈ کے خرچ ہونے کو وہ یہ جانتا تھا کہ محض بیفائدہ ہی انگلستان میں متوسطین بھی کل ہند کی آبپاشی کو ایسا جانتے تھے کہ اندھیرے میں ڈقند مارتی ہے۔

سر جارج ہملٹن تیس برس کے جوان انڈر سکرٹری انڈیا تھے انہوں نے اپنے اسپیچ

میں فرمایا کہ میں یہ دیکھکر کہ آبپاشی کے سارے کاموں میں ڈلٹا کے سوا ناکامیابی ہوئی ہے یہ خیال کرتا ہوں کہ وہ شخص بڑی غلطی کرتا ہے کہ گورنمنٹ پر زور ڈالکر اس آبپاشی میں خرچ کثیر کی تحریک عظیم کرتا ہے اور ان واقعات کو جو بدنام مشہور ہیں پیٹھ کے پیچھے ڈالتا ہے۔ مجھے افسوس ہے کہ سر آرتھر کوٹن کی پارلمنٹ کے اس بڑے رکن اعظم نے حمایت و تائید کی جس کی فصاحت بیان پبلک پر تاثیر کرتی ہے۔ یہ سنکر جان برائٹ نے کھڑے ہوکر یہ استفسار کیا کہ ایسی کمیٹی کسواسطے نہ مقرر کیجاے کہ جسکا مقصد اعظم یہ ہو کہ وہ انگلنڈ میں اور اگر ضرورت ہو تو ہندوستان میں ایسی شہادتیں بہم پہونچاے کہ جس سے معلوم ہو کہ کیا سبب ہے کہ انڈیا پر قبضہ ہوئے برسوں گذرے سو برس سے اس حصہ پر قبضہ ہے پھر بھی ہم اس سے آگے نہیں بڑہے کہ یہاں خشکسالی ہے وہاں قحط ہے۔ ہم نے سنا ہے کہ انڈیا میں آبپاشی کے اندر نوّے لاکھ یا ایک کروڑ ساٹھ لاکھ پونڈ خرچ ہوئے ہیں بھلا اس روپیے کی ہندوستان میں کیا حقیقت ہے (اونٹ کے منہ میں زیرہ ہے) یہاں میں چیسٹر پانچ لاکھ آدمیوں کی آبادی کا قصبہ ہے جس میں پینے کے لیے صاف پانی کے بہم پہنچانے میں ساڑہے پچاس لاکھ پونڈ خرچ ہوئے ہیں۔ انڈیا میں بیس کرور آدمی رہتے ہیں۔ برٹش گورنمنٹ کی مطیع ہیں مینہ کا پانی بافراط برستا ہے اور بڑے بڑے دریا بہتے ہیں میں خیال کرتا ہوں کہ آبپاشی کے وسائل وہاں بافراط موجود ہیں۔

ان کل مباحثوں کا حاصل یہ ہوا کہ ۲۲۔ جنوری ۱۸۷۸ء کو سلیکٹ کمیٹی مقرر ہوئی لارڈ جارج ہملٹن اسکے چیرمین مقرر ہوئے۔ اس کمیٹی کے روبرو بڑے بڑے منتخب دانشمند و تجربہ کار مدبران ملکی نے شہادت دی۔ سر آرتھر کوٹن نے اپنی آغاز شہادت میں ریلوں کی نسبت چند لفظوں میں بیان کیا۔

ریلوں کی کاموں کی لاگت	۱۱۲۰۰۰۰۰ پونڈ
زمین کی قیمت	۸۰۰۰۰۰۰ پونڈ

بالفعل قرض ..... ۵ پونڈ

میزان کل ..... ۱۷ پونڈ

اس روپئے میں ۷۵۰۰ میل ریل بحساب ۲۳۰۰۰ پونڈ فی میل تیار ہوئی ہیں۔ خزانہ شاہی کو سرمایہ کے حصہ داروں کو ۴۰ ½ لاکھ پونڈ اور زمین قرض پر ۴ فیصدی کے حساب سے ۳۰ لاکھ پونڈ سود دینا پڑتا ہے یعنی کل خرچ ۷۰ ½ لاکھ پونڈ کرنا پڑتا ہے۔ جس میں سے آمدنی ۴۰ ½ لاکھ پونڈ منہا کی جائے تو ۳۰ لاکھ پونڈ کا خسارہ اٹھانا پڑتا ہے۔ پھر اُنھوں نے نہروں کا حساب بیان کرکے بتلایا کہ گورنمنٹ کو پانچ لاکھ کا سالانہ نقد منافع ہوتا ہے۔

سر آرتھر کوٹن نے بیان کیا کہ ریلوے جو بنائی جاتی ہیں نہ تو وہ آفات قحط سے بچاتی ہیں۔ بمبئی مدراس و حیدرآباد میں چار کرور آدمیوں کی آبادی میں چالیس پچاس لاکھ آدمی قحط سے مرگئے۔ نہ وہ آدمیوں اور جانوروں کے لیے خوراک پیدا کرتی ہیں نہ وہ ٹریفک کے کل کاموں کو انجام دے سکتی ہیں نہ کچھ اُن کو ارزاں کرتی ہیں نہ وہ اپنی لاگت اور قرض کا سود ادا کرتی ہیں نہ وہ ملک کے پانی کا نکاس کرتی ہیں نہ آدمیوں کے واسطے پینے کا پانی مہیا کرتی ہیں۔ یہ سارے کام آبپاشی کے کاموں سے بخوبی ہو سکتے ہیں۔

سر آرتھر کوٹن کے سوال و جواب میں کہ آبپاشی کے کاموں میں گورنمنٹ نے کیوں غفلت کی یہ کہا گیا کہ صرف اس سبب سے کہ اُنکے بنانے میں ریلوں کا بنانا حماقت ثابت کرتا تھا۔

غرض کمیٹی کے روبرو ریلوں اور آبپاشی کے باب میں ایسی شہادتیں مخالف و موافق پیش ہوئیں جسپر کمیٹی نے یہ فیصلہ کیا کہ آبپاشی کے حق میں جو شہادتیں ہیں وہ تیرہ و تاریک اور بعض خیالی ہیں اسلیے وہ مسترد کیجاتی ہیں۔

بابو رومیش چندروت آخر میں لکھتے ہیں کہ دونوں ریلوے اور آبپاشی کے کاموں کی لاگت ایک ہی طرح سے ہندوستانی ادا کرتے ہیں اگر انسے اس باب میں صلاح و مشورہ لیا جاتا تو وہ اول سر ارتھر کوٹن کی اس تجویز کو پسند کرتے کہ سٹیٹ ریلوے اور گارنٹی ریلوے بنانی اور بڑھانی موقوف کیجائیں بڑی بڑی لینیں ان کی بن گئی ہیں۔ دوم نہایت احتیاط سے آبپاشی کے کام بنائے جائیں جو زراعت اور انسداد قحط کے لیے مفید اور بکار آمد ہوں۔

بیشک سر آرتھر کوٹن کی تدابیر تیرہ و تاریک اور خیالی اس سبب سے تھیں کہ لنڈن میں یہ تجویزیں جو کیسا ہی کوئی تجربہ کار ذہین طباع بتاتا یا وہ بالطبع اذیت رساں اور دق کرنے والی اہل انگلنڈ کی تھیں۔ لیکن جب انکا امتحان نہایت غور کے ساتھ کیا جاتا ہی تو معلوم ہوتا ہی کہ وہ عمل میں آسکتی تھیں اور بہت فائدہ پہنچا سکتی تھیں لیکن لارڈ جارج ہملٹن نے انکے مسترد ہونے کا فتوے دیدیا تھا اسلیے سر آرتھر کوٹن کی پیش بینی اور جان برائٹ کی کشادہ دلی کے ساتھ ہمدردی ہند کا دورہ پھر اس صدی میں نہیں آیا۔

بابو رومیش چندروت صاحب نے ریلوے پر یہ اعتراضات کیے۔ اول یہ انتظام خراب تھا کہ ریلوں کے بنانے کے لیے پرائیویٹ کمپنیوں کو اس سرمایہ پر جو وہ اسکے بنانے میں صرف کریں پانچ یا ساڑھے چار فیصدی سود دینے کی گورنمنٹ ضامن ہوئی۔ اسکا جواب یہ ہی کہ یہ گارنٹی سود نہ دیا جاتا تو ہندوستان میں ریلوں کا نام بھی نہ ہوتا۔ اسکا ثبوت یہ ہی کہ جب گورنمنٹ نے اس گارنٹی سود کو موقوف کر دیا تو پھر کوئی پرائیویٹ کمپنی ہندوستان میں ریل بنانے کے لیے نہیں کھڑی ہوئی ناچار گورنمنٹ نے پھر اپنا پہلا ہی طریقہ اختیار کیا مگر سود گھٹا کر تین فیصدی کر دیا۔ انگلنڈ کے سرمایہ داروں کو جو امریکہ و اسٹریلیا اور گولڈ تیز میں اس سرمایہ کے لگانے سے نفع اُٹھانے پر اطمینان ہی۔ وہ ہندوستان میں نہیں ہی اسلیے وہ ہرگز بغیر گارنٹی سود کے کہیں ریل نہ بناتے۔ اس گارنٹی ہی نے انڈیا میں ریلوں کو بنایا

دوسرا اعتراض یہ ہی کہ اس گارنٹی سود کا نتیجہ یہ تھا کہ ریلوں کے بنانے میں اندھا دھند

فضول خرچیاں ہوئیں اور اُن فضولخرچیوں کا ثبوت خاطر خواہ لکھا ہی - اسکا جواب یہ ہی کہ ان فضول خرچیوں کے ہونے میں تو کچھ شک و شبہ نہیں مگر ان فضولخرچیوں میں سے زیادہ تر نفع کا حصہ ہندوستان کے ہاتھ میں آیا - کیا بابو صاحب نے دیکھا نہیں کہ جب ریلیں بننی شروع ہوئی ہیں تو صدہا ہندوستانی ٹھیکہ دار لکھ پتی بن گئے اور ہزارہا آدمی نہال ہو گئے - ریلوں پر کیا موقوف ہی ہر پبلک ورکس میں گورنمنٹ کا روپیہ فضول خرچ ہوتا ہی - اس فضولخرچی کے انسداد کا ابتک کوئی علاج نہیں ہوا - وہ ایک لازمی برائی پبلک ورکس کی ہی روزمرہ اسکا مشاہدہ ہوتا ہی اس فضول خرچی میں ہندوستانیوں کے نفع کا بڑا حصہ ہوتا ہی - انکی اس فضولخرچی کی صرف یہ وجہ ٹھہرانی صحیح نہیں ہی کہ سرمایہ داروں نے اس فضول خرچی کی پروا نہیں کی کہ انکو اپنے سود سے غرض تھی جو انکو بہر نہج ملا جاتا تھا - اس کام کی ابتدا تھی جسکا یہاں تجربہ پہلے نہیں ہوا تھا - ایسی حالت میں روپیہ کا اکارت جانا لازمی تھا - انگریزوں کو ہندوستانیوں نے خوب لوٹا - ہندوستان نے جو سود دیا اُسکا ایک حصہ اس طرح واپس لے لیا - گو بُری طرح لیا -

تیسرا اعتراض یہ ہی کہ انگلنڈ کے آدمی انڈیا کی آبپاشی کی قدر نہیں کرتے تھے وہ ریلوں کو سمجھتے تھے کہ اسکے سبب سے انکا اسباب تجارت و صنعت ہندوستان کے ہر گوشہ و قطعہ میں آسانی سے پہنچنے لگے گا اسلیے وہ ریلوں کا بننا بہ نسبت آبپاشی کے کاموں کے زیادہ چاہتے تھے - اسکا جواب یہ ہی کہ یہ مقصد تو اُن کا ایسی نہروں کے بننے سے بھی حاصل ہوتا تھا جنمیں جہاز رانی ہو اسلیے اُنکے نزدیک یہ دونوں کام برابر تھے -

اب یہ ایک بحث ہی کہ ہندوستان کو ریلوں سے زیادہ فائدہ ہوتا ہی یا آبپاشی کے کاموں سے ان دونوں کی فوائد اور نقصانوں کی موازنت مدبران ملکی نے کی ہی مگر اس سے کچھ فائدہ نہیں ہوا - ایک گروہ کہتا ہی کہ ریل سے ہوا اور آبپاشی کے کاموں سے پیداوار کی افزائش ہو تو اس سے ملک کو کچھ فائدہ نہیں ہوتا - پیداوار کی افزائش سے

تو جب ہی فائدہ ہوتا ہی کہ اُسکے منتقل کرنے کے وسائل ہوں - ملک اڑیسہ میں قحط پڑا وہانکے اناج کے پہنچانے کے وسائل نہ تھے اسلیے لاکھوں آدمی مرگئے - اگر ریل ہوتی تو لاکھوں جانیں تلف ہونے سے بچ جاتیں - گو آبپاشی کی برابر ریلیں پیداوار کو نہیں بڑہاتیں مگر وہ بواسطہ بڑہاتی ہیں - لوگ اپنے ملک کی پیداوار کو اسلیے بڑہاتے ہیں کہ ریلوں کے ذریعہ سے وہاں منتقل کرنا جہاں اس سے فائدہ ہو آسان ہوتا ہی - جب سے ریلوں نے بندرگاہوں میں اناج کا پہنچانا شروع کیا ہندوستان سے اناج کی طلب بہت زیادہ ہوگئی ہی اور اسکے ہندوستان کے زمیندار مالامال نہال ہوگئے ہیں - اور اُنھوں نے اپنی کئی پیڑہیوں کا قرض چکا دیا ہی - ریل کے نقصان پہونچانے کی شن کو طول طویل بیان کرنا اور اُسکے فائدوں کے بیان کرنے سے قطع نظر کرنا جو بابو صاحب نے اپنی طرز تحریر میں اختیار کیا ہی - انصاف سے بعید ہی - ریل سے ملک کو جو دولت حاصل ہوئی ہی وہ سٹیشنوں کے دیکھنے سے معلوم ہوتی ہی - کوئی دہلی کو دیکھے کہ ریل سے پہلے اسکا کیا حال تھا اور اب ریلوں نے اسکو دولت سے کیسا نہال کیا ہی -

بابو صاحب کا یہ لکھنا کہ ریلوں کے نقصانوں کا پلّہ فوائد کے پلہ سے بھاری ہی غلط ہی جیسے آبپاشی کے کاموں میں فوائد کا پلڑا بہ نسبت اُسکے نقصانوں کے وزنی ہی ایسا ہی ریلوں کا حال ہی - آبپاشی کے بھی یہ نقصانات بیان کیے جاتے ہیں - کہ جمنا کی نہر نے ہزاروں ایکڑ زمین کو کلر بنا دیا - گنگا کی نہر بھی سوا ایکڑ زمین میں سے ایک ایکڑ زمین کی پیداوار کو اپنے کدر پانی سے ریتیلا بنا کے گھٹاتی ہی - ان نہروں کے سبب سے زمین کو فصلوں سے مہلت نہیں ملتی اسلیے زمین کا پیداوار گھٹتا ہی - جیسے آخر کو انکا وہی حال ہوجائیگا جو سونے کے انڈے دینے والی مرغی کا بیان کیا جاتا ہی - نہروں کا پانی کھیتوں میں ایسا بے تمیزی کے ساتھ لیا جاتا ہی کہ ان پر کیچڑ کی پپڑی خشک جم جاتی ہی کہ جس سے زمین کا پیداوار کم ہوتا ہے -

سر آرتھر کوٹن کی تدابیر آبپاشی کے کاموں کی جولارڈ ہملٹن کی کمیٹی میں تیرہ و تاریک اور محض خیالی سمجھی گئیں وہ بالکل عقل و تجربہ کے موافق تھیں۔ سر آرتھر کے یہ حسابات ایسے ہی تھے جیسے کہ بعض حساب کی کتابوں میں لکھے جاتے ہیں کہ افریقہ میں اگر ایک حبشی فلاں کیڑے کو اپنے کدال سے نہ مارتا تو ایک مدت کے بعد کل دنیا ساری کیڑوں ہی سے بھر جاتی۔ اگر خرگوشوں کو اور جانور نہ کھاتے اور آدمی نہ شکار کرتے تو وہ ایسے کثیر الاولاد ہوتے ہیں کہ ایک مدت کے بعد ساری دنیا خرگوشوں ہی سے پُر ہو جاتی۔

ہندوستان کی آبپاشی کے حسابوں کے بڑے طومار اخباروں میں لکھے ہوتے ہیں کہ ایک بڑے عالم محاسب نے یہ حساب لگایا کہ ہندوستان میں بارش کا اور دریاؤں کا پانی اتنا اکارت جاتا ہے کہ اگر اسکے کام میں لانے کا انتظام کیا جاوے تو ہندوستان کا پیداوار چودہ گنا بڑھ جاوے جس سے ہندوستان اپنے تئیں اور اپنے مثل اور تیرہ ملکوں کی پرورش کرنے لگے۔ غرض ایسے حسابات جیسے سر آرتھر کوٹن نے کیے پایہ وثاقت سے ساقط ہوتے ہیں۔ انسان کی عادت ہے کہ جب وہ کسی کام میں کامیاب ہوتا تو پھر وہ پھولا نہیں سماتا اپنی حد سے باہر قدم رکھتا ہے یہ سمجھنا غلطی ہے کہ سر آرتھر دکن کی نہروں میں کامیاب ہوے تو وہ سارے ہندوستان میں جہاز رانی کے قابل نہریں بنانے میں کامیاب ہوتے اور چراپونجی کے مینہ کے پانی کو جو نہایت کثرت سے ہوتا ہے۔ دکن کے سیراب کرنے میں کامیاب نہوتے اگر وہ اس کام میں قارون کا خزانہ بھی خرچ کرتے تو انکا مطلب حاصل نہیں ہوتا۔

خلاصہ یہ ہے کہ ۱۸۷۳ء کی رپورٹ میں جو نئی ریلوں کے بنانے میں روپئے کے بڑے خرچوں کے کرنے کی ممانعت کی گئی وہ فراموش کی گئی۔ سر آرتھر کوٹن کی تجاویز و تدابیر آبپاشی کے کاموں کی خواب پریشاں کی تعبیر سمجھی گئی۔ قحط کی کمیشن کی رپورٹ نے دفتر کی الماریوں میں خواب راحت کیا اسکا سبب بابو صاحب یہ بتاتے ہیں کہ انگلش میں ریلوے کو سمجھتے تھے اور انڈیا میں آبپاشی کی ضرورتوں کو نہیں جانتے تھے۔ انگلش صناع ریلوں

کی توسیع میں سمجھتے تھے کہ انڈیا میں دور دور کے بازاروں میں ہماری مصنوعی چیزیں گراں بہا ہو جائینگی۔ انگلش تجار اپنی تجارت کے لیے نئی آسانیاں چاہتے تھے جو انڈیا میں نئی لین کے کھلنے سے حاصل ہوتی تھیں۔ پارلیمنٹ میں ان تاجروں اور صناعوں کا بڑا اثر تھا اسلیے دونوں ہوس میں انگلنڈ میں آبپاشی کے کاموں کی ضرورت نہیں سمجھی گئی۔ ۱۸۹۷ء کے کمیٹی نے کہا کہ قحط سے بچانے کیواسطے زیادہ ریلوں کی ضرورت نہیں بلکہ قحط سے بچانے کے لیے آبپاشی کے کاموں کے بڑہانے کی زیادہ ضرورت ہے۔ ۱۹۰۰ء کے قحط کی کمیٹی نے یہ سفارش کی کہ رولنگ سٹوک بڑہایا جاے مگر ریلوں کے بڑہانے کی استدعا نہ کی ایک خاص کمشنر ولایت سے ہندوستان میں ریلوں کے دیکھنے کے لیے فی الحال آیا تھا اُسنے مان لیا کہ ہندوستان میں فی میل قبر میں اتنی ریلیں بن گئی ہیں کہ وہ یورپ سے باہر کے ملکوں کی ریلوں پر سبقت لے گیا ہے۔ باوجود ان سب باتوں کے ریلوں کا بننا موقوف نہوا اور آبپاشی کے کاموں کو ریلوے پر فوقیت نہیں دی گئی۔

انڈیا میں مارچ ۱۹۰۲ء تک آبپاشی میں ۲۴۰ لاکھ پونڈ خرچ ہوے اور ریلوں میں ۲۲۶۰ لاکھ پونڈ۔ یہ میں تفاوت رہ از کجاست تا بکجا۔ بابو صاحب نے جو یہ وجہ اس کی بیان کی ہے کہ ریلوں کو آبپاشی کے کاموں پر ترجیح اسلیے دی گئی کہ اس میں اہل غرض کی خودغرضی شامل تھی صحیح نہیں ہے اسلیے کہ لارڈ کرزن کے اسپیچوں سے معلوم ہوتا ہے کہ انگلستان ہی کے صدہا آدمیوں نے ہر ہفتہ میں اپنے خطوط میں تقاضا کیا کہ ہندوستان میں دریا بڑے بڑے ہیں انسے نہریں بنا کے آبپاشی کے کام بناؤ جس سے قحط سے بچ جاؤ۔ ان میں سے بعض نے اس طرح تحریر کیا ہے کہ گویا وہی موجد انڈیا میں نہروں سے آبپاشی کرنے کے تھے ان کو یہ معلوم نہ تھا کہ برٹش گورنمنٹ نے کبھی ان کاموں میں توجہ کرنے میں کمی نہیں کی۔ بابو صاحب کی محض بدگمانی اور خیالی پلاؤ ہے کہ انڈیا میں آبپاشی کے کاموں پر ریلوں کو اس سبب سے ترجیح دی گئی کہ انگلستان کے صناعوں اور تاجروں کو اس سے زیادہ فائدہ تھا۔

یہ بھی صحیح نہیں ہے کہ قحط سے بچانے میں آبپاشی کے کام ریلوں سے زیادہ تر مفید ہوتے ہیں اسکا بیان آگے کرونگا۔

سوم لارڈ کرزن نے ریلوں اور نہروں کے باب میں کیا کیا

اب میں لارڈ کرزن کا حال لکھتا ہوں کہ اُنھوں نے ریلوں اور آبپاشی کے باب میں کیا کیا کام کیے۔ انکے عہد ہفت سالہ میں پانچہزار میل ریل کا اضافہ ہوا جس میں گیارہ کروڑ روپیہ کے قریب صرف ہوا۔ یہ لینین بالکل سٹیٹ نے خریدلیں اور ریلوں کی آمدنی تقریباً ایک فیصدی بڑھ گئی۔ یعنی جو سرمایہ ریلوں میں خرچ ہوا تھا اُسپر آخر سال میں ۹۱ر۵ فیصدی نفع ہوا اس آمدنی سے دادا بھائی اور بابو رومیش چندروت کے یہ اعتراضات اُٹھ گئے کہ ریلوں کا سود ہندوستان کے محاصل ملکی کی آمدنی کو کھاے جاتا ہے۔ اب تو ریلوں سے محاصل ملکی کی آمدنی بڑھنے لگی۔ انڈیا میں کل ریلوں کا طول ۲۷۵۶۳ میل ہے اور اس میں ۳۵ر۳۵۶ کروڑ روپیے سرمایہ خرچ ہوا ہے۔ لارڈ کرزن کے عہد میں ریلوں کے بننے کا اوسط بڑھگیا۔ تیس برس پہلے کے قحطوں کو دیکھو اور اب کے قحطوں کو دیکھو تو معلوم ہوگا کہ ریلوں کے سبب سے کسقدر آدمیوں کی جانیں بچ گئیں ریلوے یہ کام کرتی ہیں کہ اہل زراعت اپنی پیداوار کو دور دور کے بازاروں میں بیچنے کے لیے بھیجدیتے ہیں اور نفع کماتے ہیں جب تک انتقال فصل کے لیے آمدورفت کے وسائل یا ٹرکیں نہوں تو نئی زمینیں اناج کے لیے بوئی نہیں جاتیں۔ انکے دور کے فاصلوں پر لیجانے میں باربرداری میں اسقدر صرف ہوتا ہے کہ اناج کی قیمت ایسی گراں ہوجاتی ہے کہ وہ بک نہیں سکتا۔ اسواسطے ہر ضلع صرف اپنی ضرورت کے موافق اناج پیدا کریگا اور جب مینہ نہیں برسے گا اور کوٹھیاں اور کھتیاں اناج سے خالی ہونگی تو قطعی پھر کھانے کے لیے کچھ نہیں ملے گا۔ معمولی سالوں میں اناج افراط سے ہوگا اور خشکسالی میں فاقہ زدگی ہوگی۔ ۱۸۷۶-۷۷ء میں کل انڈیا میں صرف ۷۰۰۰ میل ریل تھی۔ مدراس اور بمبئی میں ہر ضلع کے حصے ایک سو یا ڈیڑھ سو

میل کے فاصلہ پر ریلوے لین سے تھے۔ شمال میں ہزاروں مربع میل زمین ویران بے زراعت اس سبب سے پڑی تھی کہ وہاں سے اناج کی باربرداری کا خرچ قریب تر ریلوے سٹیشن تک لیجانے میں ایسا گراں تھا کہ وہ اناج فائدہ کے ساتھ نہیں بک سکتا تھا۔ اب ریلوے جاری ہونے کے سبب سے جو زمینیں ویران پڑی رہتی تھیں اُن میں اب ہرے بھرے کھیت لہلہاتے ہیں ان ریلوں ہی کے سبب سے کہتے ہیں کہ اصلی قحط نابود ہوگیا جسکے معنی یہ تھے کہ روپیہ مٹھی میں لیے پھرو اور اناج میسر نہو۔ اب ناممکن ہی کہ وہ اصلی قحط ہندوستان میں پڑے۔ صرف گراں خوراک کی اور اس روپئے کی جس سے وہ خریدا جاے تکلیف ہوگی۔

(باقی آیندہ) ذکاء اللہ

مضمون جمع حدیث کے دو حملے

رسالہ علیگڈھ منتھلی مطبوعہ ماہ جون میں ایک مضمون جمع حدیث کے عنوان سے مولوی محمد اسلم صاحب کا شائع ہوا ہی اُس میں ایک جگہ آپ تحریر فرماتے ہیں "جب خلیفہ ماموں نے متعہ حلال کرنا چاہا تو علماء کے گروہ میں ایک کھل بل سی مچگئی آخر لوگوں نے اُس کی حرمت میں حدیثیں وضع کر کے اُسکو سُنائیں جس سے وہ اپنے ارادہ سے باز رہا" فٹ نوٹ میں حوالہ ابن خلکان ج ۲ صفحہ ۲۱۸ کا دیا گیا ہی۔ خوش قسمتی سے کتاب ابن خلکان راقم کے کتبخانہ میں موجود ہی۔ اُسکو میں نے نکالکر دیکھا تو صفحہ ۲۱۸ میں قاضی یحییٰ ابن اکثم کا حال لکھا ہی لیکن یہ کہیں نہیں لکھا ہی کہ حرمت متعہ کے بارہ میں لوگوں نے حدیثیں وضع کیں۔ ہاں قاضی صاحب نے ایک آیت قرآن مجید کی اور ایک حدیث زہری کی روایت سے خلیفہ ماموں کو سُنائی تو حدیث کے بارے میں ماموں نے پوچھا کہ کیا یہ زہری سے محفوظ ہی؟ قاضی صاحب نے کہا ہاں اسکو ایک جماعت نے روایت کیا ہی جن میں سے ایک امام مالک بھی ہیں۔ ماموں نے یہ سُنکر حرمت متعہ کی منادی کرادی۔ نہیں معلوم مولوی صاحب موصوف نے کونسی

چھاپے کی تاریخ ابن خلکان دیکھی جس میں سے مذکورۂ بالا عبارت کا ترجمہ انہوں نے اپنے مضمون میں نقل کیا۔

مولویصاحب موصوف نے دوسری جگہ حضرت امام ابوحنیفہ کے بارمیں لکھا کہ "حدیث کی طرف بہت کم میلان باقی رہا تھا اسیوجہ سے اُنکا شمار محدثین میں نہیں ہی" فٹ نوٹ میں حوالہ تمدن اسلام کا لکھا ہی۔ معلوم نہیں یہ کونسی کتاب ہی؟ اسکا مصنف کون ہی؟ اور محققین کے نزدیک اسکا کیا رتبہ ہی؟ بہرحال تھوڑے تامل سے یہ بات ظاہر ہوتی ہی کہ یہ تحریر بالکل پایۂ تحقیق سے گری ہوئی ہی۔ اس میں شبہ نہیں کہ حضرت امام ابوحنیفہ سے کوئی مجموعہ احادیث کا مثل امام بخاری و امام مسلم وغیرہ کے یادگار نہیں ہی۔ لیکن اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ وہ محدث نہیں ہیں۔ زمانہ تابعین میں سے کسی کا مجموعہ احادیث اسوقت محفوظ نہیں ہی تو کیا اُن میں سے کوئی محدث نہیں تھا۔ حالانکہ کل محدثین انھیں کے خوان فیض سے بہرہ یاب ہوئے ہیں پس یہ خیال کرنا کہ امام اعظم سے کوئی مجموعہ احادیث یادگار باقی نہیں رہا یا اُنسے روایتیں کتب احادیث میں بہت کم ہیں اسلیے وہ محدث نہیں ہیں۔ بڑی غلطی ہی نہایت تعجب ہے کہ امام اعظم کا زمانہ تابعین سے بالکل قریب بلکہ متصل تھا اکثر کے نزدیک خود اُنکا شمار تابعین میں ہی اور اُنکا اجتہاد و تفقہ و انہماک فی استخراج المسائل الشرعیہ بلاخلاف از روے تواتر کے ثابت ہی وہ محدث شمار نہ کیے جائیں! اور جو لوگ اُنکے زمانہ کے بعد ہوئے ہیں وہ محدث سمجھے جائیں؟ مولویصاحب لکھتے ہیں کہ فقہ کی طرف زیادہ انہماک تھا تو کیا بغیر قرآن و حدیث کی واقفیت کامل کے کوئی شخص فقہ کی طرف توجہ کرسکتا ہی؟ اور اگر کرے تو اُسکا کیا نتیجہ ہوگا۔ جس شخص کو احادیث نبوی و آثار صحابہ سے ناواقفیت ہوگی وہ کیونکر مسائل استخراج و استنباط کرسکیگا؟ امام ابوحنیفہ کا بڑا فقیہہ اور مجتہد ہونا یہی دلیل اُنکے محدث ہونے کی ہی۔ امام ابوحنیفہ نے چار ہزار بزرگوں سے جو ائمہ تابعین اور اُنکے علاوہ اور بزرگ تھے اخذ حدیث کیا ہی اور اسی سبب سے علامہ ذہبی نے اُنکو حفاظ محدثین کے گروہ میں لکھا ہی۔ علامہ ابن حجر کی جو ایک مشہور مصنف ہیں تحریر فرماتے ہیں۔

انہ اخذ عن اربعۃ الاف شیخ من ائمۃ التابعین وغیرھم ومن ثم ذکرہ الذھبی وغیرہ فی طبقات الحفاظ من المحدثین یہ تعداد امام ابو حنیفہ کے اساتذہ کی ہے۔ اور جن لوگوں نے امام ابو حنیفہ سے اخذ حدیث و فقہ کیا ہے اُنکا تو انحصار ناممکن ہے۔ بعض متاخرین محدثین نے آٹھ سو لوگوں کو مع تفصیل نام و نسب کے لکھا ہے چنانچہ علامہ ابن حجر فرماتے ہیں۔

قد ذکر منھم بعض متاخرین المحدثین فی ترجمتہ فجمعتھم ثمانمائۃ مع ضبط اسمائھم ونسبھم بما یطول ذکرہ ناظرین اگر کسیقدر تفصیل سے دیکھنا چاہیں تو علامہ ابن حجر موصوف کی کتاب الخیرات الحسان ملاحظہ فرمائیں جو علامہ موصوف نے خاص امام ابو حنیفہ کے حال میں تالیف فرمائی ہے اور شمس العلماء مولانا شبلی نعمانی نے تو نہایت تفصیل و تحقیق سے امام ابو حنیفہ کے احوال میں کتاب موسومہ سیرۃ النعمان لکھی ہے جو چند بار چھپکر ملک میں شائع ہو چکی ہے۔ درحقیقت یہ کتاب اپنے فن میں لاجواب ہے اسکے ملاحظہ کے بعد پھر دوسری کسی کتاب کی اس بارے میں دیکھنے کی ضرورت باقی نہیں رہتی اور سب کتابوں سے انسان مستغنی ہوجاتا ہے فجزاہ اللہ خیر الجزا۔

پس اگر مولوی اسلم صاحب یوں لکھتے کہ امام ابو حنیفہ کو بوجہ انہماک استخراج و استنباط مسائل کثرت روائت کا موقع نہیں ملا اور روائت میں ورائت کا اُنکو زیادہ لحاظ رہتا تھا اسلیے اُنسے روایتیں کم ہیں تو صحیح ہوتا۔

راقم

محمد اعجاز حسن خاں

از رسول پور ترہت

---

۱ الخیرات الحسان فی مناقب الامام الاعظم ابی حنیفۃ النعمان مطبوعہ مطبع میمنیہ مصر صفحہ ۲۶۔

۲ ایضاً صفحہ ۲۶۔

ٹرکش مارٹ

حضرات ملک! حال ہی میں ہم نے یورپ سے ایک بہت بڑا لاٹ ٹرکی ٹوپیوں کا منگایا ہے۔ جو ہر رنگ، ہر سائز اور ادنیٰ و اعلیٰ ہر قسم کی اپنے اپنے طرز میں ایک دوسری سے بالکل نرالی اپنی نظیر آپ ہی ہیں۔ ان ٹوپیوں کا فیشن بھی ہم نے بڑے غور و فکر کے بعد تہذیب و ترقی کو مدنظر رکھکر تجویز کیا ہے۔ جسکا نمونہ غالباً کوئی اور کمپنی پیش نہیں کر سکتی۔ مزید براں قابل توجہ یہ بات ہے کہ ہمارے مشہور زمانہ یورپین میکر "زوکر" نے حسب فرمایش ان ٹوپیوں میں نفیس ریشمی استر پر ہمارا قابل دید اور بے نظیر اسلامی ٹریڈ مارک اور ہمارے مجوزہ پیٹنٹ نام مثلاً حمیدیہ۔ حبیبیہ۔ نظامیہ۔ عثمانیہ۔ اسلامیہ۔ علیگڈھ۔ حیدرآباد وغیرہ زریں حروف میں کندہ کرکے اپنا کمال دکھلایا ہے۔

لہذا مہربان قوم و تاجران ملک سے استدعا ہے کہ اپنی خاص توجہ مبذول کرکے بذریعہ خط کتابت استفسار نرخ کریں یا کچھ مال نمونتاً روانہ کرنے کی اجازت دیں اور ہماری خوشمعاملگی کو ملاحظہ فرماویں۔ ہمارے اسٹاک میں ولایتی۔ اطالین۔ آسٹرین۔ اور انڈین ساخت کی ترکی۔ ہنگیرین۔ بالدار۔ کشتی نما۔ مہاراجہ سائیکل کیپ۔ چھوٹی بڑی دیوار کی کم و بیش قیمت کی موجود ہیں۔ علاوہ اسکے چٹائی کے استر کی ٹوپیاں جنکا ملک کو ایک مدت سے انتظار تھا موصول ہوئی ہیں۔ عمدہ استنبولی پھندنے اور نفیس ولایتی بکس کے ساتھ فی عدد ساڑھے چار روپیے۔

المشتھر

ٹرکش مارٹ نمبر ۱۶۳ بھنڈی بازار بمبئی

اشتہار

کارخانۂ عطر مخزن شمیم

بفضلہ تعالیٰ ۴۰ برس سے یہ کارخانۂ عطر سازی بہ نیکنامی قائم ہی اور خریداروں سے خوش معاملگی اسکا فرض منصبی ہی - اس کارخانہ میں ہر قسم کے عطریات و روغنیات اور عطر دان ساختۂ قنوج و کلکتہ و بمبئی و مدراس - ہاتھی دانت وغیرہ کے شیشیاں ہر قسم کی خوبصورت رنگ برنگ کی موجود ہیں -

التماس - ایک مرتبہ امتحاناً تھوڑا مال طلب کرکے دوسرے کارخانونکے مال سے مقابلہ کیجیے - ویلیو پے ایبل یا نقد قیمت آنے پر فوراً تعمیل ہوگی - مفصل فہرست طلب کرنے پر روانہ ہوگی -

نام عطر	قیمت فیتولہ	نام عطر	قیمت فیتولہ	نام عطر	قیمت فیتولہ	نام عطر	قیمت فیتولہ
استنبول بہار	۱۰ سے ۱۲ تک	روح خس	۱۰ سے ۱۲ تک	دونہ و گل حنا	۸ سے ۱۰ تک	شمامہ العنبر	۱۰ سے
گلاب	۸ " " ۱۰ "	روح پانڈری	۸ " " ۱۰ "	روح افزا	۸ " " ۱۰ "	گل بینی مٹی	۸ سے ۱۰ تک
کیوڑہ	۸ " " ۱۰ "	چمبیلی	۸ " " ۱۰ "	رحت روح	۸ " " ۱۰ "	زعفران	۸ " ۱۰ "
موتیا	۸ " " ۱۰ "	پانڈری	۸ " " ۱۰ "	مشک عنبر	۸ " " ۱۰ "	مدن مست	۸ " ۱۰ "
حنا	۸ " " ۱۰ "	مولسری	۸ " " ۱۰ "	مشک حنا	۱۰ " " ۱۲ "	سہاگ	۸ " ۱۰ "
روح گلاب	۱۰ " " ۱۲ "	خس و چمپا	۸ " " ۱۰ "	گیسندا	۸ " ۱۰ "	اگر پان	۱۰ " ۱۲ "

تنبول بہار - پان میں کھانیکا مصالحہ ہی - اگر چاول برابر پان میں کھاویں تو پان نہایت لذیذ اور خوشبودار ہو جاتا ہی - اور بلا تمباکو کھانے والے بھی بخوبی کھا سکتے ہیں - فیڈ بیا ۴ رفید رجن ۸ عطر کی ٹکیاں ۴ روغن چمبیلی ۸ سے ۱۰ سیر تک - روغن بیلہ و حنا کیوڑہ ۸ سے ۱۰ سیر تک -

المشتہر حاجی محمد حسن احمد حسن جنرل مرچنٹ قنوج ضلع فرخ آباد

peaceful channel. It was no longer their ambition to hit on lucky rhymes, but to try their luck in the battlefield. However, even in these days of comparative decay of its poetry, Arabia can boast of at least two Masters,—Hassan and Ali. The collective (vii) writings of these two poets take rank among the classics, and are excellent specimens of that much abused variety of poetry, the didactic poetry.

Before the Arabs settled down again in Bagdad, on the one hand, and in Grenada, on the other, a new element had been introduced into Arabic poetry with the conquest of Persia. It lost much of its native vigour, seriousness and sincerity; and became more clever than true. A new epoch began: the epoch of Mutanabbi and Abu Nuwas, which, though bright in its own way, was lacking in some of the noble qualities of pre-Islamic days. The new poetry was no longer a "criticism of life," but was full of strained hyperboles, and meaningless figures of speech, and was made to administer to the whims and caprices of "Philistine" autocrats. However, we are not concerned with it here, and may safely dismiss the subject.

M. SAID.

(vii.) I deem it necessary to say that the authenticity of the so-called Diwan-i-Ali is questioned by some savants of repute. Of course my remarks apply to the writings which usually pass under his name.

its manifold manifestations. They had no other literature to read but the infinite book of nature, yet being uninitiated into its mysteries, they but opened it at the first page. There are some rude beginnings of a "natural" poetry, which could have heen developed by subsequent writers, had they chosen to do so. The *finale* of Amra-ul-Qais's immortal Qasidah is a brilliant description of lightning and rain. Sir Alfred Lyall has rendered that portion of it into English verse,(v) and I would have quoted it here but for fear of being indiscreet. I have the original before me, and I can assure my readers, that it is twice as beautiful as the translation. Some of the similies are weak, but all are extremely exquisite and truly poetical and the entire subject has been handled with fineness of perception and delicacy of touch.

But above all, the key-note of Arabic Poesy is its manliness. There is nothing effiminate or weak in it. It is the deep, sustained roar of a lion. Every poet was also a warrior and sang the bloody achievements of his clan and himself in his lyric lore.

The most interesting personality among the poets of Arabia is undoubtedly that of 'Amra-ul-Qais, who was not only a poet, but also a soldier, a lover, a prince by birth, and " who wrote for no man's fear and no man's pleasure." (vi)

He was the son of Hajat, a prince of the famous dynasty of Kandah, which ruled the greater part of Arabia for a considerable period of time. Amra-ul-Qais was deprived of his throne by Nauman the son of Munzar, who represented the rival house of Lakhm ; and had to spend the rest of his days in exile. He led a strangely wandering and romantic life, and finally came to a woeful end, as the consequence of an unfortunate love-intrigue with the daughter of the Byzantine emperor. The emperor sent him a poisoned garment, which caused his whole body to ulcerate, and gained him the opprobrious epithet of the " Man with the ulcers." So this soldier-poet perished, like another Hercules, with another " burning Nessus' shirt" for his Dijinera's sake.

With the rise of Islam, the progress of Arabic poetry was checked ; partly, because of the strong denunciation of poets in the Quran, and partly because the energies of the people were directed into another more useful, though less

(v.) In his specimens of Arabic poetry.

(vi.) Caliph Ali used these words in his praise.

It is an interesting study to find out what curious notions those half-savage people, with their minds but little enlightened with the muse's flame, had of feminine beauty and feminine loveliness, and we are astonished to find that those notions are not in the least barbarous, but, on the other hand, betoken some delicacy of perception and taste. Though to them, as to the Sanskrit poets, a certain degree of fatness was a necessary concomitant of beauty, yet they were loud in chanting the praises of delicacy and grace, and loved to liken their beloved to a fragile water-reed. They were fond of white, transparent complexion, with a tinge of yellow in it, "like the colour of the egg of an ostrich". A well-proportioned, dainty hand, with beautiful little, tapering fingers, a particularly short waist, and long unbound hair descending down to the hips and dressed high on the forehead, were things after their own heart. Again and again we find poets harping on these themes, and hence it is apparent that these things were liked not by this or that individual but by the nation as a whole. We can also pick up something, here and there, in these Qasidahs as to how ladies of quality lived and dressed in those days. It seems that they all wore something like the Indian *Pishwaz* which was fastened with a belt at the waist. Married women wore bodices and unmarried loose shirts, which were the only covering for the upper part of the body. Their head-dress was, undoubtedly, similar to that of the Indian ladies, and in some cases seems to have been both costly and gorgeous. It seems that the rich ladies of those days, lived in comparatively luxurious style, for we are told that the bed of one beauty was strewn with particles of odorous musk, while another had a bevy of handmaids to wait upon her. Their life was not trammelled by any purdah-system, and their manners were free and unreserved. They had full liberty to go abroad and used to go to the public baths, like the fashionable ladies of ancient Rome. These are the points of historical interest, on which the poems of those rugged, unlettered poets afford some information.

In addition to what has been said above, there are one or two important characteristics of ancient Arabic poetry, which deserve special mention. Unlike the Persian, the Hindustani, and the later Arabic poets they show some appreciation of natural phenomena, and what is more they try to be "metaphysical" on some occasions in a certain way. It is no wonder that they should do so, for they were there alone with nature, with very little to interest them outside

way, in which they treat of these creatures, the poet may be cited who says in bitter scorn of his enemy.

"Will he kill me! me, whose bedfellows are a sword, and arrows pointed like unto the fangs of ogres."

Camels and horses, especially the former, constantly figure in Arabic poetry. No poem is considered complete without some direct or indirect mention of these animals. Besides, they have supplied the poets with a range of metaphors of a distinctive sort. The habits and attributes of man are in more than one place likened of those of the camel. Even the sonorous, mellow tones of some fair one are compared by his enamoured swain to the soft wailings of a she-camel over her dead foal! Such is the respect of the Arab for the camel, that it scarcely holds an inferior place to that of man in his estimation.

In their spirit, the poems of pagan Arabia are very much akin to the chansons of the troubadours and the Provencal poets. This similarity has been noticed by Jean de Sisimondi in his "History of the Literatures of Southern Europe", but the comparison which he has drawn between Persian ghazals and Provencal poetry is, to me, more ingenious than true. All Persian ghazals are wanting in backbone, a taint from which the manly poetry of the troubadours is entirely free. And then to speak of Persian ghazals and Arabic Qasidahs in one and the same breath, as if they were very much akin to one another in spirit, shows a want of discrimination in matters concerning Oriental Literature.

The study of ancient Arabic poetry also possesses a Sociological interest for us; for, by studying some of the poems carefully we can catch a glimpse of the manners and customs of the Arabs in their days of ignorance and darkness. We can see for ourselves how debauched and corrupted they were, and what a deal of trouble the prophet of Islam had to undergo in reforming their moral character. All sorts of hideous vices were the fashion in those days; sin reigned supreme and lawlessness held the day. Their poetry is but a dim mirror in which we see a confused reflection of what they were and what they did, and the reflection is far from complimentary. If we were to sum up in one word all the chief characteristics of Arabic poetry, that word would be license,—unbridled license in thought and language.

merits and honour of his family above all praise, and has tauntingly flaunted the services rendered by him and his family to the forefathers of the King. The poem seems perfect in every respect and is truly a masterpiece in "Almafakhir" or "boastful literature", as the Arabs call it.

A fair was annually held at O Káz, where people gathered from different parts of the country to carry on the work of barter and sale. For the amusement of the public, poems were recited from memory, by different poets, and the poet who wrote the best verses of the year was crowned the laureate of the day. Seven of the "prize poems" have descended to us, and by a careful study of this collection we can have a fair idea of the way in which the art of poetry was carried on by the Arabs of those days. The more we read, the more the fact is borne in upon us that their greatest concern was with the selection of appropriate and choice words. They always aimed at brevity, and the writer who could express a world of thought in the fewest possible words was considered an ornament to his profession. When Antar bin Shadad could sum up all the three qualities of a gentleman(!) (*viz.* extravagance, excess in drinking and skilful gambling) in one couplet, he could exultantly claim to have done something worthy of praise. But besides the choice of words another feature is prominent. These poems are rich in metaphors and similies. The Arabs considered it pre-eminently poetical to liken one thing to another. This craze for metaphors sometimes makes the verses appear ridiculous in our eyes. The range of metaphors is very limited, and the same metaphors have been employed again and again by different poets. However, sometimes these metaphors and similies are very quaint and not wholly inappropriate, as for instance, when Amra-ul-Qais compares the face of his beloved to the far-off lamp of an anchorite as it glimmers in the twilight.(iv) Some of the similies are characteristic of the Arab people, and throw a vivid light on their notions, beliefs, and superstitions. The Arabs believed in the existence of ghouls and genii ; and whenever the poet wants to mystify or horrify his readers, he drags in these creatures although neither he himself nor his audience can have a clear notion of them. As an example of the

---

(iv.) تهزي الطندام بالعشى كانها مناده ممسل داسب متبتل

aib, we cannot help feeling a thrill of awe run through our bodies.

Though Mohalhil can claim to be the first genuine poet which Arabia produced, it was reserved for Khalil to lay down the rules for the correct use of metre and rhymes, and the rules laid down by him are to this day the only criterion of right and wrong in all matters of prosody. In laying down these rules, he was giving the law not only to the poetry of his own country, but also unconsciously, to two other poetries of totally diverse origin, *viz*, modern Persian poetry and Urdu poetry. Khalil, it seems, was a man eminently fitted by nature and education for the task ; his skill in music must certainly have been of great help to him in the formation of Arabic Prosody.

From what has been said above it will be apparent that Arabic Poetry, from its very nature, was neither refined nor laboured. Everywhere we find flaws in style and thought ; the poet's nature, especially his weaknesses, assert themselves at the end of every two or three lines, and most of the poems are such as can be wholly eliminated without our being in any way worse-off for losing them. Unlike Hebrew poetry it is devoid of all religious sentiment. The pious fervour and intense spiritual anguish of Ezekiel and Isaiah is nowhere to be found in the poetry of Pagan Arabia.

One thing may be said to the credit of those who rocked the Arabic poetry in its cradle, that they used the language in its pearly purity, and none among the moderns can even be compared with them in this respect. This fact has led some Arabic scholars to think, that since the rise of Islam Arabic poetry fell into decay and gradually vanished altogether ; but the present writer can never bring himself to believe that the poets of the Abassides in Bagdad, and of the Omayides in Spain, did not improve upon their predecessors at least in the matter of purity of thought.

Many of the most brilliant pre-Islamic poems are extempore, written by the author under the influence of some strong feeling of love or hatred, such as, for instance, the vigorous Qasidah of Amar ibn Kulsum,in the Sabaa Mualaqqa," (iii) written in a vain-glorious and rebellious vein against the King, Amar ibn Hiad, in which the poet has set forth the

(iii) A collection of seven famous Arabic poems. (see below.)

Besides, we have no evidence of the fact that any of the poets of Pagan Arabic possessed an intimate acquaintance with the works of Greek masters. It appears that, unlike Milton, they cared very little to apply themselves rigorously to the work of writing poetry, or to qualify themselves, by close study, for their vocation as a poet. Most of them were illiterate for aught we know : the use of paper was certainly unknown to them.

There was very little of intercommunication between the Arabs and the Greeks, and they did not think it worth while to visit each other's country. We are told that Amra-ul-Qais, the greatest Arabian poet, paid a visit to the emperor of Constantinople, but that was done in order to solicit the emperor to help the dynasty of Kandah to the throne of Arabia, and not because of any love for Greek learning and scholarship. Their poetry, like the Hebrew Psalms, was only a spontaneous out-flow of their passionate nature, made musical, because of the intense feelings which words were meant to express. In Arabic poetry, we should not look for beauty and grandeur of conception or for nobleness of execution; its only art is a judicious selection of words and a strict regard for the exigencies of metre and of rhyme. As the tradition goes, the first man who wrote verses in Arabic was (i) Yarub ibn Qahtan, who is designated by the title of "Aboul Arab" or the father of the Arabs ; but his poems have not been handed down to posterity. The oldest (ii) poems extant in the Arabic language are those of Mohalhil, whose noble elegy on the death of his brother Kulaib is considered one of the best of its kind up to this day. There is a simple pathos in the poem, which is very touching and quite inimitable. He does not philosophize over the death of his brother ; no hope of future reunion on some happy shore cheers the gloom of his sorrow. He gives full bent to his grief, and "gives sorrow words" in order to lighten the burden of his calamity. But there is nothing ignoble in this abandonment to passion, for with all this there is a manly reserve which saves the poem from the charge of lachrymosity. And when he vows dread vengeance against the murderers of Kul-

(i) It may be noted, en passant, that all the tribes, which inhabit Arabia, cannot claim a pure descent from Yarub. His direct descendants are known by the name of Arab-ul-Araba, (Arabs of the Arabs) in contradistinction to other tribes of mixed or totally diverse descent.

(ii) Of course the romance of "Antar" is as old as any poem of Mohalhil, but it is an entirely isolated poem, and occupies no place in the development of Arabic poetry.

work the Association did was to give young students and others fresh from India a warm and sympathetic welcome, and from personal experience he could speak of the great advantage this was.

Professor Syed Ali Bilgrami in proposing the health of the Chairman dwelt on his great services to the cause of Arabic learning.

Sir Charles Lyall briefly replied, humorously remarking that he had taken the chair with the greater pleasure because it had enabled him to play the part of audience. He rejoiced in the endowment of a chair of Arabic at Aligarh, for he felt that that College ought to take the lead in Arabic study.

Ancient Arabic Poetry.

Indians, even Mussalman Indians, seem to pay very little heed to the literature of the Arabs. The practical utility of classical learning may be questioned, but a knowledge of the classics is undoubtedly a necessary element in liberal education and culture. Seeing how little people care to form for themselves a true estimate of Arabic poetry, a brief account of the characteristics and development of the poetry of ancient Arabia, may prove of interest to some lovers of literature.

It is good to note, at the very outset, that the Arabs of the days of ignorance, as the Mussulman historians choose to call the pre-Islamic Arabs, modelled their poetry on that of Hebrew. Greek did not interest them much. Fury of temper, with sun in their veins, passion,—loud boisterous passion —was everything to them. They could not appreciate the calm and majestic ocean-like flow of Greek poetry, and were unable to understand that as great an art, if not greater, lay in the repose and repression of excited feeling as in its forcible expression. The "Aeolian Lyre" of Pindar, and the Ionian harp of Homer, seemed insipid to the ears of these inspired "barbarians," of whom also it may be said, "*que ils se passionent pour la passion meme.*" (Stendhal.) Even when they had assimilated the culture of the Greeks to that remarkable extent, which has raised them so much in the estimation of all students of history, they remained dead to the softer influences of the Doric lay.

Mr. Justice Tyabji first responded to the toast, remarking at the outset that his qualifications to do so were small,as he had never been officially connected with the College.

He quite agreed with Sir Thomas Raleigh that such institutions were required all over India. He felt that to raise Aligarh to the status of a university would be most advantageous as giving an educational centre for Mahomedan schools and colleges, and their pupils, all over India, and also, it might be, from other parts of the Mahomedan world. There was one branch of progress in which he ventured to think the Mussalmans of the north-west were not doing all they might, and that was in respect to female education. He was glad to notice that recently efforts had been made to remedy this state of things.

Major Syed Hasan Bilgrami, who also responded to the toast, referred to Sir Thomas Raleigh's remarks on the question of raising Aligarh to the status of a university. It was important to remember that if Aligarh was granted a charter it would not be a denominational university in the sense in which the word was used in England. The college was open to all, and secular and religious education were kept apart and distinct, attendance at the mosque services being only compulsory in the case of the Mahomedan students. The Arabic faculty had been placed on a sound footing, largely owing to the generosity of the aid afforded by Sir Digges La Touche, the Lieutenant-Governor of the United Provinces—(Cheers)—and the project of a well-endowed science faculty had been greatly advanced, thanks to the generosity of donors who wished in that way to celebrate the visit of the Prince and Princess of Wales.

A remarkable proof of vitality of Aligarh was that the whole Mussalman community was represented in the exertions made to raise funds for its work.

The toast of the M. A.-O. College Association was proposed by Mr. W. Coldstream, who said he was quite sure that its members did not require to be assured of the deep sympathy and admiration with which the English guests present regarded the work of the Association. Mr. Abdul Qadir responded to the toast, in which he pointed out that one good work of the association had been to make the work of the College much more widely known in England than was previously the case. Another good

that in these days scientific training is necessary for those who wish to hold their own. That, no doubt, was part of the idea that was in the mind of Sir Syed when he resolved to found the College. The difficulties in the early history of the College of which I have spoken are now in the past. Aligarh, as we hope, is established on a firm foundation. (Hear, hear.) But there is still a good deal to be done. I am not one of those who would ever identify the welfare of the College exclusively with the material resources which it possesses. The development of Aligarh means money; and the money must come not only from great gifts but also from the combined efforts of generation after generation of loyal graduates. (Hear, hear.) We do not think of a great college like Aligarh as a place which a man can leave when he has taken his degree saying, "Now I have got all I can out of this place, and I don't wish to look back to it any more." There are projects put forward by those who think Aligarh may one day develop into a Mahomedan University; and I have read these projects with great sympathy, because we must all feel who have given close attention to this subject that the type of university with which we have supplied India is not altogether satisfactory, that we cannot be satisfied with universities which simply amount to a loose federation of colleges scattered over a wide area, united only by the inhuman bond of examinations. (Laughter and cheers.) We want something better than that, and where you have a residential college so good as Aligarh, it is not surprising that men should talk and dream of a residential university. But we are a long way from that: it takes a long period to make even a great College; it takes a still longer period to get the resources which would justify the starting of a university. The grant of a Mahomedan university would mean an instant, and of course an irresistible, demand for a Hindu university, and other demands of the same kind. So that when you speak of a Mahomedan university you are not considering one experiment the result of which can be calculated beforehand; you are asking the Government to enter upon a new course of policy. We all heartily wish prosperity to the Aligarh College, and hope that it may continue to draw a succession of able students from all that is best in Mahomedan society in India; we hope that it may continue to draw to its service Englishmen worthy of their trust, such as was my friend Theodore Beck; and out of this co-operation we hope that the greatest benefits will result for all the people of India and for the Mahomedan community in particular. (Cheers.)

The speech of the evening was that of Sir Thomas Raleigh, who gave the toast of the College, and who in the course of his remarks said ;

My interest in the Mahomedan Anglo-Oriental College at Aligarh dates from a day more than twenty years ago when my friend Theodore Beck told me that he was going to India to be its Principal. It was he who first explained to me the great plans which Sir Syed Ahmed had formed for the good of his own community. At the same time he said that although he knew there would be difficulties he was not afraid of them. Theodore Beck's courageous temper made him exactly the man to be Chief of the Staff in the little army of Pioneers. (Cheers.) I came to have great faith in the future of the Mahomedan College. Therefore you will not be surprised to know that when the higher powers told me off for a period of service in India, Aligarh was the first station at which I halted on my way to Simla. In the College itself I found what one could wish to find in every part of India—the operation of that secret of good education and good administration ; a frank union between the East and the West ; friendly co-operation in a society in which men are valued according to their intellect and character, and a society in which intellect is not cultivated at the expense of character, as it is in some Indian Colleges, an educational institution which provides for the whole man, which turns out men and not merely machines for passing examinations. I never met a Mahomedan in India who was not well aware that our rules of open competition, and especially our rules in regard to competitive examinations, have not worked favourably for the community of which he is a member. (Hear, hear.) In the matter of appointments he gets less than his numerical share of the good things that are going. If that result is due in any degree to our own method of training and selection, tell us with the utmost plainness, and I am perfectly sure the Government of India stands ready to do whatever is fair and right. (Hear, hear.) But all your wisest men have told you that the Mahomedans themselves must bear a large share of responsibility for this result. Until Sir Syed Ahmed sounded his note of warning, the Mahomedans of India paid far too little attention to the education of their sons. They clung to the traditions of a fighting and governing race, and in that respect we can entirely sympathise with them. We Englishmen have not always been able to realise that we have been born into a different world to that of our forefathers, and

M. A.-O. College Association.

ANNUAL DINNER.

We are indebted to the "Pioneer" of Saturday, Aug. 4th, for the following account of the dinner; but we regret that we have not been able to publish the account in full.

ALIGARH COLLEGE DINNER.

Interesting Reunion in London.

ON 10th July a dinner was held in London in celebration of the name and fame of the Aligarh College, promoted by trustees, old pupils and friends of the institution, banded together, after the first dinner in 1901, as the M. A.-O. College Association. In the unavoidable absence of Lord Reay, the President, Sir Charles Lyall, the Vice-President, was in the chair. A pleasing feature of the gathering was the presence of the two Hindu gentlemen who distinguished themselves in the Cambridge Mathematical Tripos, Mr. Rajan, the bracketed Senior Wrangler, and Mr. Birendranath De, the 6th Wrangler. The Northbrook Society, which on the 12th instant gave a reception in honour of the Wranglers, was represented by Sir Mancherjee Bhownaggree, a Vice-President, Mr. A. N. Wollaston, the Chairman, and the two Secretaries, Colonel Loch and Dr. Kapadia. The other guests included Sir Curzon Wyllie, Mr. Didabhai Naoroji, Mr. Alan Cadell, Major General Dickson, Colonel Oswald FitzGerald, Dr. John Pollen, Mr. J. Kennedy, Mr. F. H. Skrine, Mr. J. Sime, Professor J. W. Neill, Mr W. Coldstream, Mr. F. W. Thomas (India Office Librarian), Mr. Melville Boardman, Mr. A. Yusuf Ali, Mr. F. H. Brown, and Mr. W. H. Foster; while the hosts included Shaikh Abdul Qadir, Shams-ul-Ulama Syed Ali Bilgrami (the Hon. Secretary), Nawab Bahadur Benazir Jung, etc.

Sir Charles Lyall briefly proposed the loyal toasts, dwelling particularly on the keen interest the Prince and Princess of Wales took in the Aligarh College on the occasion of their visit there, and the substantial financial result of the desire to commemorate the visit by the foundation of a school of science.

Mr. Archbold taking the chair in the absence of the Nawab Mohsin-ul-Mulk, whom illness kept away.

After dinner the loyal toasts were duly honoured and Aftab Ahmed Khan Esquire then proposed the health of the departing members of the College. He particularly emphasised the importance of their being true to the place of their training, and of their showing themselves honourable and true Mussulmans of the type that was the ideal of Sir Syed Ahmed himself. On Ross Masud and his future career the whole of Mussulman India looked with the earnest hope that he would shew himself a true Syed and a worthy successor to his glorious grandsire. Both Ross Masud and Abdul Raschid then replied in very graceful terms, thanking their friends for their good wishes; and the proceedings finished with cheers for those departing.

The Nawab Mohsin-ul-Mulk has not been to Bombay to no purpose. He addressed a large meeting in that city, during the latter half of July, and made some very vigorous remarks in the course of his speech. He took Indian Mussulmans sternly to task for their indifference to their real interests and their extravagance in unnecessary ceremonies and entertainments, saying that while they were ready to spend thousands of rupees on tamashas and ceremonies they fled from him, as if from the plague, when he approached to ask for help for Aligarh, the centre of Mussulman education.

As regards building in the College, Aftab Ahmed Khan Esq., the Honorary Secretary of the building committee, writes to say that building operations are getting along, though perhaps not so fast as he might wish. There has also been a "new departure" in this direction, a steam engine having been bought and set to work to grind lime for the building. This is the first time steam power has been brought directly to work in the College.

The report of the Football (2nd XI) tour has not yet arrived, hence we are compelled to go to press without it. The same remark holds good of the "Letter from England" which should have been published in this number. But as these notes are written five days' journey from a Post Office it is very likely that both the account of the Tour and the Letter may have been waiting at the Post Office. We hope to publish both in the next number.

The Aligarh Monthly

September, 1906.

College Notes.

The School closed for the Summer Vacation on July 13th and the College on the following day. The Nawab Mohsin-ul-Mulk left for Bombay on July 15th, by which date the College compound resembled a deserted city more than anything in the shape of a College.

The only people who had no pleasant thoughts of a holiday before them were the fifty-four candidates for the B. A. examination whose toils and troubles were to reach their climax in the period between July 16th and July 26th.

The great feature of the close of the College term was the dinner given by the trustees to say farewell to Syed Ross Masud, the grandson of the venerable Founder, and to Abdul Raschid, son of Colonel Abdul Majid Khan of Patiala. There was also a third Aligarh boy whose name has unfortunately slipped from the writer's memory, who was going to England about the sametime as Ross Masud, and Abdul Raschid, and for the same purpose, *viz*, to complete his education in that country. The dinner was very well attended considering that we were so near the end of term; about 300 sat down to dinner at 8-15 p. m., on Friday July 13th,

علیگڈھ منتھلی

جلد ۵ | جنوری ۱۹۰۷ء | نمبر ۱

الحجاب فی القرآن

(سورۂ نور، تفسیر آیت "غض بصر" مع حواشی از تفسیر کبیر)

تمہید

ہم ناظرین علیگڈھ منتھلی سے اس امر کی معافی چاہتے ہیں کہ آج ہم اُن کی خدمت میں ایک ایسا مضمون پیش کرتے ہیں، جو سراپا ملایانہ رنگ میں ڈوبا ہوا ہے، اور جس میں سر سے پیر تک تقلید ہی تقلید کی جھلک نظر آتی ہے، اور بجز روایت کشی و نقل آرائی متقدمین کے اور کچھ نظر نہیں آتا لیکن ہم یہ ڈھنگ اختیار کرنے پر مجبور کیے جاتے ہیں، اور ہمارے مدعیان مقتدائیت اسی قسم کے مضمون پیش کر کے ہمارا معیار دماغی گھٹاتے ہیں، اور ہم کو اجتہاد و تنقید کے میدان سے ہٹا کر تقلید و انسان پرستی کی گھاٹیوں میں ڈھکیلتے ہیں کیونکہ جب ہم نے ۱۹۰۳ء میں "علیگڈھ منتھلی" میں "مسلمانوں میں پردہ" کے عنوان سے ایک مضمون شائع کیا، اور صرف قرآن سے یہ دکھلایا کہ جن آیتوں کے الفاظ سے "حجاب" پر استدلال کیا جاتا ہے۔ اُنکے

"لغوی" اور تاریخی مفہوم میں اجنبیوں سے منہ کا چھپانا داخل نہیں ہے، اور اس قسم کی سب آیتوں کے ملانے سے، باصول تفسیر القرآن بالقرآن، "حجاب" کے معنی "لباس ساتر" کے قرار پاتے ہیں، اور اباحت کشف وجہ میں اجانب و غیر اجانب دونوں مساوی ہیں، اور آیات شعر "حجاب" کے علاوہ قرآن کی اور آیتوں سے بھی کشف وجہ نسا مسلمین کا تعامل اور جواز ثابت ہوتا ہے، تو اس مضمون کی اشاعت ایک عرصہ کے بعد "الندوہ" میں جسکا مقصد قوم میں دوبارہ "اجتہادی قوت" کا پیدا کرنا ہے، پردے کی حمایت میں ایک بہت پرانا، اور اپنے مقصد اولیٰ کے خلاف ایک مقلدانہ مضمون شائع ہوا جس میں صرف دو ایک تفسیروں سے منہ چھپانے پر استدلال کیا گیا ہے، اور بلا وساطت غیرے قرآن کی تہ تک پہنچنے کی کوشش سے اغماض کیا گیا ہے۔

یہ مضمون اب سے پندرہ برس پہلے، یا اس سے بھی کچھ زیادہ عرصہ ہوا "پردہ کی تاریخ" کے عنوان سے شائع ہوا تھا، جس میں صرف چند عربی اشعار سے پردے کے وجود پر استدلال کیا گیا تھا۔ اور اُسکے مذہبی پہلو سے بحث نہیں کی گئی تھی۔ ہمنے اس مضمون کی نقل اُسی زمانہ میں اخبار "سرمورگرٹ" ناہن میں پڑھی تھی۔ اور چند سال ہوئے کہ یہ مضمون حیدرآباد دکن کے رسالہ "معلم نسواں" میں بھی نقل کیا گیا تھا۔ البتہ اب حال میں جب یہ مضمون دوبارہ علامہ مضمون نگار کے نام سے "الندوہ" میں شائع ہوا۔ تو اُسکے اول و آخر میں کچھ ترمیم و ایزاد کی گئی۔ شروع میں سے اُسکے وہ فقرے نکال دیے گئے جن میں یہ دعویٰ کیا گیا تھا کہ مسلمان پردے کے موجد ہیں اور اُنہیں کو اسکا فخر حاصل ہے۔ اور آخر میں، پہلے اڈیشن کے مقابلہ میں، یہ ایزاد کی گئی کہ دو ایک تفسیروں کی عبارتیں توڑ موڑ کر نقل کی گئیں۔ اور ضمناً علامہ امیر علی کے مبلغ علمی و تاریخی پر بھی حملہ کیا گیا۔ اور اس تردید میں علامہ امیر علی کا وہ اقتباس نقل کیا گیا، جو ہمنے "مسلمانوں میں پردہ" کے عنوان والے مضمون میں نقل کیا تھا۔

جب پرانی کڑہی میں اُبال ہی آیا، اور پندرہ برس پہلے کا مضمون شائع کیا گیا تو چاہیے یہ تھا کہ اس مدت میں زمانے نے "عالم نسواں" پر جو کچھ روشنی ڈالی تھی۔ اُنکے متعلق جو لٹریچر پیدا کیا تھا، اور اُسکے مختلف پہلوؤں پر جو کچھ تحقیقات کی تھی، اور جو غلط فہمیاں قدیم سے پھیلی ہوئی تھیں اُنکے دور کرنے میں جو کچھ کوشش کی تھی، اور مذہب اسلام نے عورت کو جو کچھ پوزیشن دیا تھا اُس پر سے جہالت و تعصبات کے پردے اُٹھانے میں جو پیشقدمی کی تھی، اُن سب سے اُس مضمون کی دوسری اشاعت میں فائدہ اُٹھایا جاتا، اور بجائے مفسروں کی رائیں نقل کر دینے کے، حسب اقتضاء و مناسبت شان علامیت، قرآن کے مغز تک پہنچنے کی کوشش کیجاتی، اور لوگوں کو اس جادّے پر چلنے کا عادی بنایا جاتا، اور اُسکے الفاظ سے صراحت کے ساتھ پردے کی صورت و نوعیت اور وضع و قطع بتلائی جاتی، لیکن کیا گیا تو یہ کیا گیا، کہ جو دماغ قوم کو سطح اجتہادی پر لانا چاہتا ہے، خود اُسنے لوگوں کی رائے کو مشعل راہ ہدایت بنایا، اور اُن بہت سی نفرتوں کے محو کرنے میں، جو عوام انسان پرست اور قدامت پسند گروہ میں "ندوہ" اور "الندوہ" کی مذبوحی حرکت پیشقدمی پر پھیلی ہوئی ہیں، پردے کی حمایت کے مسئلے کو ربڑ کی جگہ استعمال کیا گیا، اور اس مسئلے میں عوام جہلا کی ہم زبانی سے کفارۂ معصیت کا کام لیا گیا، اور قوم کے نصف حصے کی خداداد پوزیشن کو دنیا سے نیست کر دیا گیا، یہ اُن دماغوں کی رفتار ہے جو احیاء علوم قدیمہ اور تطبیق فلسفۂ قدیمہ و جدیدہ کے پیرو ہیں، اور خود عوام پرستی کے گرداب میں ڈوبے ہوئے ہیں۔

ہم افسوس کرتے ہیں کہ ہم کو بھی اس مضمون میں، جو آج پیش کیا جاتا ہے، دہٹی ہنگ اختیار کرنا پڑا، اور بجائے اجتہادی طریقہ استدلال کے متقدمین علما اور مفسرین کی رائیں مسئلۂ "حجاب" کے متعلق ایک جگہ جمع کر کے عام مسلمانوں کے سامنے پیش کرنا پڑیں، اور یہ دکھلانا پڑا کہ اگر کوئی ایک آدہ مفسر یا عالم عورتوں کے مُنہ چھپانے کا قائل ہے تو دوسری طرف مستند علما اور مفسروں کا ایک جم غفیر ہے، اور انہیں میں فخر الاسلام

امام رازی بھی ہیں، ان سب کی رایوں کے دیکھنے سے بالاتفاق یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ اجانب سے عورتوں کا منہ چھپانا نہ قرآن کے لفظوں سے مستنبط ہوتا ہے۔ نہ جناب رسالت مآب کے زمانے میں کسی نے یہ سمجھا، نہ قرون اولیٰ کے تعامل سے یہ ثابت ہوتا ہے اور نہ مفسروں نے قرآن کے الفاظ سے یہ مفہوم نکالا ہے۔ ہمنے ان تمام پہلوؤں کو اپنے مضمون "مسلمانوں میں پردہ" میں نہایت وضاحت سے دکھلایا ہے، جو ۱۹۰۳ء میں "علیگڈھ منتھلی" میں شائع ہوچکا ہے۔

جو مضمون آج شائع کیا جاتا ہے، وہ علاوہ طویل ہونے کے، قدیم طرز استدلال کا ایک نمونہ ہے، کیونکہ یہ مضمون امام رازی کا ہے، جو اُن کی تفسیر کبیر سے لفظ بلفظ اور مسلسل ترجمہ کیا گیا ہے، اور ہم نے جہاں کچھ لکھنا ضروری سمجھا ہے، اُسکو بطور حاشیہ کے لکھا ہے، اور متن تفسیر میں بالکل دخل نہیں دیا ہے۔

یہ مضمون صرف سورۂ نور کی تیسویں اور کتیسویں آیت "غض بصر" کی تفسیر ہے، جس میں صرف "غض بصر اور استعمال خمار بر جیوب" کی ہدایت کی گئی ہے، امام رازی نے اس آیت کی تفسیر کے ضمن میں اور بہت سے فقہی مسائل بھی بیان کر دیئے ہیں، جن میں سے بعض کو نفس مسئلہ "حجاب" سے کچھ تعلق نہیں ہے، لیکن ہم نے اُن سب کو بجنسہ اُردو میں لکھدیا ہے، تاکہ حذف اور قطع و برید کا خدشہ نہ کیا جاسکے، اگرچہ انکے پڑھنے سے بہت سی طبائع منقبض ہونگی۔

آخر میں بطور ضمیمے کے اور مشہور مفسروں کی رائیں بھی "الا ما ظہر منہا" کے متعلق نقل کر دی گئی ہیں، تاکہ اس سبجکٹ پر اکثر مستند رائیں اس مسئلے کے طلبا کو ایک جگہ مسکیں یہ سب رائیں ملتی جلتی ہیں، بلکہ یہ دعویٰ کیا جاسکتا ہے کہ اور دوسری تفسیروں میں بھی اس آیت کے تحت میں انہیں کے ہم معنی مضامین ملینگے۔

ہمارا ارادہ ہے کہ قرآن میں جسقدر آیات "حجاب" ہیں اُن کی تفسیر قدیم مستند مفسروں

کی زبان سے کرائی جائے، اور پھر اُن پر محاکمہ کیا جائے تاکہ جو لوگ مذہبی اور منقولی پہلو سے اس مسئلہ کی اسٹڈی کرنا چاہیں، اُنکو اس سے پوری مدد مل سکے، کیونکہ ابھی تک اُن لوگوں کا ایک گروہ کثیر موجود ہے، جو تمام مسائل معاشرت کو بجائے محک اقتضاءات زمانہ کے مذہبی معیار پر پرکھنا چاہتے ہیں، اور صحیح مذہبی معلومات نہونے کی وجہ سے تمام سوشیل اصطلاحات میں سدراہ ہوتے ہیں۔

آیت

قُلْ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ يَغُضُّوْا مِنْ اَبْصَارِهِمْ وَيَحْفَظُوْا فُرُوْجَهُمْ ، ذٰلِكَ اَزْكٰى لَهُمْ ، اِنَّ اللّٰهَ خَبِيْرٌ بِمَا يَصْنَعُوْنَ ۔ وَقُلْ لِّلْمُؤْمِنٰتِ يَغْضُضْنَ مِنْ اَبْصَارِهِنَّ ، وَيَحْفَظْنَ فُرُوْجَهُنَّ ، وَلَا يُبْدِيْنَ زِيْنَتَهُنَّ اِلَّا مَا ظَهَرَ مِنْهَا ، وَلْيَضْرِبْنَ بِخُمُرِهِنَّ عَلٰى جُيُوْبِهِنَّ ، وَلَا يُبْدِيْنَ زِيْنَتَهُنَّ اِلَّا لِبُعُوْلَتِهِنَّ ، اَوْ اٰبَآئِهِنَّ ، اَوْ اٰبَآءِ بُعُوْلَتِهِنَّ ، اَوْ اَبْنَآئِهِنَّ ، اَوْ اَبْنَآءِ بُعُوْلَتِهِنَّ ، اَوْ اِخْوَانِهِنَّ اَوْ بَنِيْٓ اِخْوَانِهِنَّ ، اَوْ بَنِيْٓ اَخَوٰتِهِنَّ ، اَوْ نِسَآئِهِنَّ ، اَوْ مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُنَّ اَوِ التّٰبِعِيْنَ غَيْرِ اُولِي الْاِرْبَةِ مِنَ الرِّجَالِ ، اَوِ الطِّفْلِ الَّذِيْنَ لَمْ يَظْهَرُوْا عَلٰى عَوْرٰتِ النِّسَآءِ ، وَلَا يَضْرِبْنَ بِاَرْجُلِهِنَّ لِيُعْلَمَ مَا يُخْفِيْنَ مِنْ زِيْنَتِهِنَّ وَتُوْبُوْٓا اِلَى اللّٰهِ جَمِيْعًا اَيُّهَ الْمُؤْمِنُوْنَ ، لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ۔

(سورۂ نور ۲۴ آیت ۳۰ و ۳۱)

ترجمہ (اے پیغمبر) مسلمانوں سے کہو کہ اپنی نظریں نیچی رکھیں، اور اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کریں، اس میں اُنکے لیے زیادہ صفائی (قلب) ہے۔ (لوگ) جو کچھ بھی کیا کرتے ہیں اللہ کو (سب) خبر ہے۔

اور (اے پیغمبر) مسلمان عورتوں سے کہو کہ (وہ بھی) اپنی نظریں نیچی رکھیں اور اپنی شرمگاہوں

کی حفاظت کریں، اور اپنے (مواقع) زینت (مطلقہ یعنی ظاہری اور پوشیدہ) کو ظاہر نہونے دیں، مگر جو کچھ اُس میں سے (عادۃً) کھلا رہتا ہو (یعنی مُنہ اور ہاتھ) اور اپنے گریبانوں پر دوپٹے (کے آنچل) ڈالے رہیں، اور اپنی زینت (خفیہ) کو (جو آنچل سے چھپائی جاتی ہے) ظاہر نہونے دیں، مگر اپنے شوہروں پر، یا اپنے باپ پر، یا اپنے خاوند کے باپ پر، یا اپنے بیٹوں پر، یا اپنے شوہروں کے بیٹوں پر یا اپنے بھائیوں پر، یا اپنے بھتیجوں پر، یا اپنے بھانجوں پر، یا اپنی (جیسی[1] تمام) عورتوں پر، یا اپنے ہاتھ کے مال (یعنی لونڈی غلاموں) پر، یا متوسلین[2] مردوں پر کہ جو بلا (نیت) خواہش شہوت (ساتھ رہتے) ہیں، یا لڑکوں پر کہ جو عورتوں کی شرمگاہ[3] (کے افعال) سے (ابھی تک) آگاہ نہیں۔ اور عورتیں (چلنے میں ایسے) دھماکے سے اپنے پیر (زمین پر) نہ رکھیں کہ لوگوں کو اُن کی اندرونی زینت (یعنی زیور) کی خبر ہو۔ اور مسلمانوں! تم سب اللہ کی جناب میں (جاہلیت کی رسموں سے) توبہ کرو، تاکہ تم فلاح پاؤ (سورۂ نور ۲۴ آیت ۳۰ و ۳۱)

تفسیر۔ امام رازی اس آیت کی تفسیر اس طرح فرماتے ہیں کہ

جاننا چاہیے کہ خداوند تعالیٰ نے جس طرح مردوں کو "غض بصر" اور حفظ "فروج" کا حکم دیا ہے اسی طرح عورتوں کو بھی حکم دیا ہے، لیکن اُن کو اتنا حکم اور دیا ہے کہ وہ اپنی زینتیں سب پر ظاہر نہ کیا کریں، مگر خاص خاص مردوں پر۔

قولہ تعالیٰ "یغضوا من ابصارھم" اس جگہ چند مسائل ہیں۔

---

[1] آگے چلکر اسی آیت کی تفسیر میں تفسیر کبیر میں لکھا ہے کہ "المراد نساؤھن جمیع النساء وھذا ھو المذھب"۔ یعنی نساؤھن سے تمام جنس نساء مراد ہے، اور یہی مذہب ٹھیک ہے۔ اور جو عورتوں سے مسلمان عورتیں مراد لیتے ہیں وہ استحباب اولیت پر مبنی ہے۔ اختر

[2] مولوی نذیر احمد صاحب نے لفظ "تابعین" کا ترجمہ "خدمتیوں" کیا ہے۔ اور شاہ ولی اللہ صاحب نے "طفیلیاں" کیا ہے۔ گرہمنے لفظ "متوسلین" اختیار کیا ہے جو اپنی اصلی وسعت پر دلالت کرتا ہے۔ اور دونوں معنیوں پر حاوی ہے۔ خ۔

[3] شاہ ولی اللہ صاحب نے لفظ "عورات" کا ترجمہ "شرمگاہ" کیا ہے۔ خ۔

(۱) مسئلہ اول۔ (امام صاحب نے مسئلہ اول میں لفظ "من" کی نسبت صرف نحوی بحث کی ہے۔

(۲) مسئلہ ثانی۔ چھپانے کی چیزوں میں چار قسم کی نسبتیں ہیں، یعنی،

(۱) مرد کا ستر مرد سے،

(۲) عورت کا ستر عورت سے،

(۳) عورت کا ستر مرد سے، اور

(۴) مرد کا ستر عورت سے،

(۱) مرد کا ستر مرد سے

مرد کو مرد کا تمام بدن دیکھنا جائز ہی، مگر مقام ستر۔ (مرد کا مقام ستر) ناف اور گھٹنے کے درمیان ہی۔ لیکن خود ناف اور گھٹنہ داخل ستر نہیں۔ مگر امام ابو حنیفہ کے نزدیک گھٹنہ داخل ستر ہی، اور امام مالک کے نزدیک ران بھی ستر میں شامل نہیں۔ مگر دلائل اس بات کے موجود ہیں کہ ران بھی مقام ستر ہی۔ چنانچہ حذیفہ سے روایت ہی کہ جناب رسالت مآب مسجد میں اُن کے پاس تشریف لائے اور اُن کی (یعنی حذیفہ) کی ران کھلی ہوئی تھی۔ آپ نے فرمایا "اپنی ران ڈھک لو، اسلیے کہ یہ مقام ستر ہی" اور نیز آپ نے حضرت علی سے فرمایا کہ "نہ اپنی ران کھولو، اور نہ کسی زندہ اور مُردہ کی کھلی ہوئی ران کو دیکھو"

اگر مرد مرد کا چہرہ، یا تمام بدن کے دیکھنے میں شہوت کے برانگیختہ ہونے کا خوف کرے، مثلاً امرد کو دیکھکر، تو اُسکو بھی اُسکا دیکھنا درست نہیں۔ مرد کو مرد کے ساتھ ایک بستر میں لیٹنا بھی جائز نہیں۔ اگرچہ دونوں بستر کے ایک ایک جانب لیٹے ہوئے ہوں۔ ابو سعید خدری سے روایت ہی کہ جناب رسالت مآب نے فرمایا کہ "نہ مرد مرد کے ساتھ ایک کپڑے میں شب باشی کرے، اور نہ عورت عورت کے ساتھ ایک کپڑے میں شب باشی کرے (مواقع ہیجان طبع میں)

معانقہ اور مُنہ پر بوسہ دینا بھی مکروہ ہی، مگر یہ کہ اپنے بچہ کا پیار سے مُنہ چوم لے، یا اُسکو گلے

لگالے۔ لیکن مصافحہ مستحب ہے[۱]۔

حضرت انس سے روایت ہے کہ ایک شخص نے جناب رسالت مآب سے دریافت کیا کہ "جب ہم میں سے کوئی شخص اپنے بھائی یا دوست سے ملے، تو کیا وہ (تواضعاً) اُسکے لیے جُھک جایا کرے؟ آپ نے فرمایا "نہیں" پھر اُسنے پوچھا "کیا گلے لگا کر اُسکو بوسہ دیا کرے"؟ آپ نے فرمایا کہ "نہیں" پھر اُسنے دریافت کیا کہ کیا ہاتھ میں ہاتھ لیکر اُس سے مصافحہ کرے؟ آپ نے فرمایا کہ "ہاں"

(۲) عورت کا ستر عورت سے

عورت سے عورت کے ستر کا حکم بھی ایسا ہی ہے جیسا مرد سے مرد کا ستر۔ عورت کو عورت کا تمام بدن دیکھنا جائز ہے، مگر ناف اور گھٹنے کے درمیان کا جسم دیکھنا، اور مضاجعت جائز نہیں ہے۔

کیا عورت ذمیہ مسلمان عورت کا بدن دیکھ سکتی ہے؟ بعض نے کہا ہے کہ مسلمان عورت کی طرح ایک ذمیہ بھی مسلمان عورت کا جسم دیکھ سکتی ہے، مگر صحیح یہ ہے کہ جائز نہیں[۲]۔ اسلیے کہ وہ بحیثیت مذہب اجنبی عورت ہے۔ کیونکہ خدا نے (اسی آیت میں جہاں عورت کو عورت پر

---

[۱] بلکہ یہ کہنا چاہیے کہ بہایم طبع انسانوں کا تو انسانوں کی سوسائٹی تک میں آنا بھی کفر ہے، اسلیے کہ انسانیت کو اُن سے صدمہ پہنچنے کا اندیشہ ہے۔ چہ جائیکہ وہ لوگ جو انسانی ملاقات سے حیوانی ملاقات کے خواہشمند ہو جائیں، اُنسے تو ہاتھ ملانا بھی جائز نہونا چاہیے۔ اختر

[۲] عجیب تماشہ کی بات ہے کہ عورت ذمیہ کو جورو بنانا جائز، ماں بہن کے ساتھ گھر میں لاکر رکھنا جائز، مگر بدن کا دیکھنا ناجائز، اس بودے مسئلہ سے منافرت اخلاقی پیدا ہو کر تدبیر منزل میں جو مشکلات پیدا ہوں گی، اُن کا ذمہ دار کون ہوگا؟ اگر یہ باتیں ہوتیں تو اسلام ایک ذمیہ عورت کو خاندان کا رکن بنانے کی کبھی اجازت نہ دیتا۔ اور اگر بدن سے مواقع ستر مراد ہیں، تو اُن کا چھپانا ایک مسلمان عورت سے بھی اُسی طرح فرض ہے کہ جیسا غیر مسلمہ عورت سے۔

اختر

کشف بدن کی اجازت دی ہے، وہاں) نسائھن[1] فرمایا ہے، یعنی "اپنی عورتیں"۔ اور عورت ذمیہ بوجہ اختلاف مذہب ہم میں شمار نہیں ہو سکتی۔

(۳) عورت کا ستر مرد سے

(یعنی مرد کن صورتوں میں عورتوں کے کس حصۂ جسم کو دیکھ سکتا ہے)

(۱) عورت یا تو اجنبی ہو گی۔

(۲) یا محرم۔

(۳) یا متمتع (یعنی جسپر حق تصرف حاصل ہو)

(۱) اجنبی عورت کے احکام | اجنبی عورت یا تو آزاد ہو گی، یا باندی۔ اگر آزاد ہے تو اُسکا تمام جسم داخل ستر ہے اور مرد کو اُسکا مُنہ اور ہاتھ دیکھنے کے سوائے دوسرے حصہ جسم کا (بدون ساتر لباس کے) دیکھنا ناجائز ہے، اسلیے کہ عورت بیع و شری، اور لین دین کے واسطے اپنا مُنہ اور ہاتھ کھولنے کی محتاج ہے ہاتھ سے ہماری مراد، پہنچے تک، کف دست اور پشت دست ہے، اور بعض نے کہا ہے کہ پشت دست بھی ستر میں داخل ہے، جاننا چاہیے کہ ہمارے ان دونوں قولوں میں کہ (۱) حرہ اجنبیہ کے بدن کا کوئی حصہ (علاوہ مُنہ اور ہاتھ کے) دیکھنا جائز نہیں ہے۔ (۲) مگر اُسکا منہ اور ہاتھ دیکھنا جائز ہے، چند مستثنیات بھی ہیں۔

الکلام الاول ۔ عورت کا مُنہ اور ہاتھ دیکھنا جائز ہے، اسکی تین صورتیں ہو سکتی ہیں۔

(۱) اول یہ کہ اس دیکھنے میں نہ کوئی غرض ہو اور نہ فتنہ۔

---

[1] آگے چلکر خود امام صاحب لفظ "نسائھن" کی تفسیر میں "عام عورتیں" مراد لیتے ہیں، اور اسی کو صحیح مذہب قرار دیتے ہیں۔ خیر کوئی معنی ہوں، مگر ان دونوں صورتوں میں امام صاحب نے "حجاب" کے مسائل نہیں بلکہ "ستر" کے مسائل بیان کیے ہیں۔ اور بعض لوگوں نے عورت ذمیہ سے مسلمان عورت کے اُس حصۂ جسم کو چھپانے کی بھی رائے دی ہے جسکو وہ "صور مستثنیات فی القرآن" میں ظاہر کر سکتی ہے۔

پردہ کے مسائل تیسری اور چوتھی صورت سے شروع ہوتے ہیں، جس میں عورت و مرد کے باہم دیکھنے کا ذکر ہے۔ ختم،

(۲) یہ کہ غرض تو ہو مگر فتنہ نہ ہو، اور

(۳) تیسرے یہ کہ غرض اور فتنہ دونوں ہوں۔

(۱) پہلی صورت، یعنی جہاں نہ غرض ہو اور نہ فتنہ۔ اس صورت میں اجنبی عورت کے چہرے کی طرف قصداً بلا کسی غرض کے دیکھنا جائز نہیں، اور اگر دفعتاً نظر پڑ بھی جائے، تو اس الہامی فرمان کے مطابق آنکھیں نیچی کر لینا چاہییں کہ "قل للمومنین یغضوا من ابصارھم" بعض نے کہا ہے کہ اگر محل خوف نہ ہو تو ایک مرتبہ کا دیکھ لینا جائز ہے، امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے مگر دوبارہ نظر ڈالنا جائز نہیں، اسلیے کہ خدا فرماتا ہے "ان السمع والبصر والفواد کل اولئک عنہ مسئولا" یعنی "کان، آنکھ اور دل ان سب سے باز پرس ہوگی"۔ اور نیز جناب رسالت مآب نے فرمایا ہے کہ "اے علی! نظر کے بعد نظر مت ڈال، اسلیے کہ پہلی نظر تو تیری ہے، مگر دوسری نظر تیری نہیں"۔ (یعنی دوسری نظر شیطانی ہے) جابر سے روایت ہے کہ میں نے جناب رسالت مآب سے نظر فجاءۃ کا حکم دریافت کیا۔ آپ نے فرمایا کہ "میں اپنی نظر پھیر لیا کرو"۔ چونکہ غالباً نظر اولیٰ سے بچنا ناممکن ہے، اسلیے اختیاری اور غیر اختیاری دونوں نظریں معاف کی گئیں۔

(۲) دوسری صورت، یعنی جس جگہ غرض ہو اور فتنہ نہ ہو، اسکی بھی چند صورتیں ہیں۔

اول یہ کہ اگر کوئی مرد کسی عورت سے نکاح کرنا چاہتا ہے، تو وہ مرد اس عورت کا منہ اور ہاتھ دیکھنے کا مجاز ہے۔ حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ ایک شخص نے انصار کی عورتوں میں سے ایک عورت کے ساتھ شادی کرنا چاہی، جناب رسالت مآب نے اس شخص کو حکم دیا کہ "اس عورت کو دیکھ لے، اسلیے کہ انصار کی آنکھوں میں کوئی بات ہوا کرتی ہے"۔ اور نیز آپ نے فرمایا کہ "جب تم میں سے کوئی شخص کسی عورت سے منگنی کرے، تو اس مرد کو اس عورت کے دیکھ لینے میں کوئی قباحت یا عیب نہیں"۔ اسلیے کہ وہ صرف منگنی کے لیے اسکو دیکھتا ہے۔ حضرت مغیرہ بن شعبہ کہتے ہیں کہ میں نے ایک عورت سے منگنی کی، جناب رسالت مآب نے مجھ سے دریافت کیا کہ "کیا تو نے اسکو دیکھ لیا ہے؟" میں نے عرض کیا کہ "نہیں"۔ آپ نے فرمایا کہ "دیکھ لے،

کیونکہ یہ بات تم دونوں میں اُلفت قائم رہنے کیلئے نہایت ضرور ہی"

پس یہ تمام دلیلیں ہیں اس بات پر کہ اجنبی عورت کا مُنہ اور ہاتھ، بنظر شہوت، نکاح کی نیت سے دیکھنا جائز ہی، اور خدا کا قول بھی اس بات پر دال ہی، (جہاں اُسنے جناب رسالت مآب کو مخاطب کرکے فرمایا ہی) " لا یحل لک النساء من بعد، ولا ان تبدل بھن واو اعجبک حسنھن" یعنی "(اے پیغمبر! اسوقت کے) بعد سے (دوسری) عورتیں تم کو جائز نہیں، اور نہ یہ (جائز ہے) کہ اُن کو بدل کر دوسری بی بیاں کرلو، گو اُنکا حُسن (صورت) تم کو دکھتا ہی) اچھا (کیوں نہ) لگے" اور ظاہر ہی کہ عورتوں کا حسن، رسول اللہ کو، اُنکے منہ دیکھنے کے بعد ہی تعجب میں ڈال سکتا تھا۔

دوسرے یہ کہ مرد کو باندی کے خریدنے کے وقت، سوائے ستر کے، اُسکا تمام بدن دیکھنا جائز ہی۔

تیسرے یہ کہ بیع وشری کے وقت مرد آزاد عورت کے چہرے کو بنظر غور وتامل دیکھ سکتا ہے تاکہ وقت ضرورت اُسکو پہچان سکے۔

چوتھے یہ کہ مرد شہادت کے وقت مرد عورت کا صرف چہرہ دیکھ سکتا ہی، اسلیے کہ شناخت چہرے ہی سے حاصل ہوتی ہی۔

(۳) تیسری صورت، یعنی مرد شہوت کی نظر سے عورت کی طرف دیکھے۔ یہ ممنوع ہی۔ جناب رسالت مآب نے فرمایا ہی کہ "آنکھیں بھی زنا کرتی ہیں" جابر سے روایت ہی کہ میں نے جناب رسالت مآب سے نظر فجاءۃ کی نسبت دریافت کیا، آپنے فرمایا کہ "میں اپنی نظر پھیر لیا کروں" اور بیان کیا جاتا ہی کہ توراۃ میں یہ لکھا ہی کہ "نظروں میں شہوت بیج بوتی ہی، اور اکثر شہوتوں سے بُرا بھاری صدمہ پہنچتا ہی"

الکلام الثانی۔ اجنبی مرد کو اجنبی عورت کا بدن (مُنہ اور ہاتھ کے علاوہ) دیکھنا جائز نہیں، مگر چند صورتوں میں۔

(۱) پہلی صورت، طبیب اس معالجے کی غرض سے اجنبی عورت کا بدن دیکھ سکتا ہے جیسے ختنہ کرنے والوں کو مختونوں[1] کی شرمگاہ کا دیکھنا جائز ہے۔

(۲) دوسری صورت، تحمل شہادت زنا کے لیے، زنا کرنے والوں کی شرمگاہ کا نظر بالقصد سے دیکھنا جائز ہے۔ اور اسی طرح شہادتِ ولادت اور شہادت رضاعت کے لیے عورت کی شرمگاہ اور پستان کا دیکھنا جائز ہے۔

ابو سعید اصطخری کا قول ہے کہ مرد کو ان مواضع کا دیکھنا جائز نہیں، اسلیے کہ زنا کے صدمات پوشیدہ ہوتے ہیں، اور ولادت و رضاعت میں عورت کی شہادت قبول کیجا سکتی ہے، لہذا مرد کا شہادت کی غرض سے دیکھنا کچھ ضرور نہیں۔

(۳) تیسری صورت، اگر کوئی عورت پانی یا آگ میں گر پڑے، تو اُسکے بچانے کے لیے اُسکا بدن دیکھنا جائز ہے۔[2]

اگر اجنبی عورت باندی ہے، تو بعض کے نزدیک اُسکا ستر ناف اور گھٹنے کے درمیان ہے، سر، پنجے، پنڈلیاں، گلا اور سینہ ستر سے خارج ہوگیا۔ علیٰ ہذا، اَمَہ کی پشت و شکم اور پہنچوں سے اوپر کے حصہ بدن کے ستر ہونے میں بھی علماء کا اختلاف ہے، مرد کو کسی حال میں باندی کا بدن چھونا جائز نہیں ہے، اور نہ باندی کو مرد کا، یہانتک کہ حجامت و اکتحال وغیرہ کی غرض سے بھی لمس جائز نہیں، اسلیے کہ لمس (ہیجان شہوت میں) نظر سے بہت زیادہ قوی داعی ہے، اور اس کی دلیل یہ ہے کہ انزال بالمس روزہ کو توڑ دیتا ہے، اور انزال بالنظر نہیں توڑتا، لیکن امام ابو حنیفہ کا تو یہ قول ہے کہ اَمَہ کا وہ تمام حصہ بدن چھونا بھی جائز ہے جسکا دیکھنا جائز ہے۔

---

[1] یہ ملحوظ رہے کہ عرب میں عورتوں کی ختنہ کا بھی دستور تھا۔

[2] امام صاحب شاید چھونے کا ذکر بھول گئے، اسلیے کہ کسی شخص کو پانی یا آگ سے بچانا بدون ہاتھ کی مدد کے کیسے ہو سکتا ہے ہاں البتہ اگر مشین سے یہ کام لیا جا سکے تو صرف دیکھنے سے کام چل سکتا ہے۔ اختر۔

(۲) محرم عورت کے احکام | اگر عورت از روئے نسب، یا رضاعت، یا مصاہرت محرمات میں سے ہے تو اُسکا ستر، (اپنے محارم سے) مرد کے ستر کی طرح، ناف اور گھٹنے کے درمیان ہے۔ اور بعض علمأ نے کہا ہے کہ اُسکا ستر بدن کا صرف اسقدر حصہ ہے، جو کام کاج میں نہ کھل جایا کرتا ہو، یہ امام ابوحنیفہ کا قول ہے۔ اور باقی تمام تفصیل آیات ہذا کی تفسیر میں آگے آتی ہے۔

(۳) مستمتعہ کے احکام | اگر عورت مستمتعہ ہے، جیسے بیوی، اور باندی جس سے وطی جائز ہے، تو مرد اُسکا تمام بدن، حتیٰ کہ شرمگاہ بھی، دیکھ سکتا ہے، لیکن اُس کی شرمگاہ کا دیکھنا بھی ویسا ہی مکروہ ہے جیسا مرد کو خود اپنی شرمگاہ کا (بلا ضرورت) دیکھنا مکروہ ہے، اس کی وجہ یہ روایت کی گئی ہے کہ شرمگاہوں کے دیکھنے سے بینائی کو نقصان پہنچتا ہے۔ بعض علمأ کا یہ بھی قول ہے کہ عورت مستمتعہ کی شرمگاہ کا دیکھنا بھی جائز نہیں ہے۔

اس مسئلہ میں قنیہ (خالص لونڈی جس میں سوائے استرقاق کے کوئی اور حیثیت نہ پیدا ہوگئی ہو) اور مدبرہ (جس کی آزادی مالک کے مرنے کے بعد مشروط کر دی گئی ہو) سب یکساں ہیں لیکن اگر باندی مجوسیہ، یا مرتد یا بت پرست، یا مشرک، یا شوہر والی، یا مکاتبہ (جو باندی اپنے مالک سے ایک رقم معینہ کما کر دینے کے بعد اپنی آزادی کا معاہدہ کرلے) ہے، تو وہ اجنبی عورت کے مانند ہے۔ عمرو بن شعیب سے روایت ہے، جناب رسالت مآب نے فرمایا کہ "اگر کوئی شخص تم میں سے اپنی باندی کا نکاح اپنے غلام یا نوکر سے کردے، تو (نکاح کے بعد باندی کے) ناف اور گھٹنے کے درمیان کے جسم کو نہ دیکھے۔

(۴) مرد کا ستر عورت سے

(یعنی عورت کن صورتوں میں مرد کے کس حصہ جسم کو دیکھ سکتی ہے)

(۱) اجنبی کے احکام | مرد اگر اجنبی ہے، تو اُسکا ستر عورت سے ناف اور گھٹنے کے درمیان ہے۔ اور بعض نے کہا ہے کہ مرد کا تمام بدن، منہ اور ہاتھ کے علاوہ، (عورت کے حق میں) ستر ہے، جیسے عورت (کا تمام بدن منہ اور ہاتھ کے علاوہ) مرد کے حق میں ستر ہے، پہلا قول

زیادہ صحیح ہی۔

(یہ مسئلہ گذشتہ صوت "عورت کا ستر مرد سے" کے برعکس ہے، اسلیے کہ عورت کا بدن فی ذاتہ (علاوہ منہ اور ہاتھ کے) ستر ہی، اس کی وجہ سے کہ اگر عورت کا بدن کھلا ہوا ہو، تو اسکی نماز درست نہیں ہوتی، اور مرد کے بدن کا حکم اسکے برخلاف ہی۔ خوف فتنہ کے وقت عورت کو قصداً اور مکرر مرد کے چہرے پر نظر ڈالنا جائز نہیں، اسواسطے کہ حضرت ام سلمہ سے روایت ہے کہ میں اور میمونہ جناب رسالت مآب کے پاس تھیں کہ ابن ام کلثوم آئے، اور ہمارے پاس تک چلے آئے، آپنے فرمایا کہ "تم اُس سے چھپ کیوں نہیں جاتیں"؟ میں نے کہا کہ "یا رسول اللہ! کیا وہ اندھا نہیں جو ہم کو دیکھتا ہو؟" آپ نے فرمایا کہ "تم تو اندھی نہیں ہو کہ اُسکو نہ دیکھتی ہو"۔

(۲) محرم مرد کے احکام | اگر مرد عورت کا محرم ہی، تو اُس مرد کا ستر عورت سے ناف اور گھٹنے کے درمیان (کا حصہ جسم) ہی، اور اگر مرد عورت کا مالک یا شوہر ہی، جسکے ساتھ وطی کرنا بھی درست ہی، تو یہ عورت اُس مرد کا تمام بدن دیکھ سکتی ہی، بجز اسکے کہ شرمگاہ کی طرف دیکھنا مکروہ ہی، جیسے مرد کو بھی (اپنی مستمتعہ) عورت کی شرمگاہ کا دیکھنا مکروہ ہی، مرد کو خالی مکان میں (خود بھی) ننگا بیٹھنا جائز نہیں، اُسکو چاہیے کہ (ہر حالت میں) اپنا ستر ڈھکا رکھے۔ روایت ہے کہ ننگا ہونے کی نسبت جناب رسالت مآب سے دریافت کیا گیا، آپنے فرمایا کہ "اللہ (اس بات کا) زیادہ مستحق ہی کہ اُس سے حیا کی جائے"۔ آپ نے یہ بھی فرمایا ہی کہ "ننگا ہونے سے بچو، اسلیے کہ تمہارے ساتھ وہ (خدا) رہتا ہی جو تم سے جدا نہیں ہوتا، مگر پاخانے[1] میں جانیکے وقت یا اپنی بیوی سے صحبت کرنیکے وقت"۔ واللہ اعلم۔

(۳) مسئلہ ثالث۔ شبلی رحمۃ اللہ علیہ سے دریافت کیا گیا کہ "یغضوا من ابصارھم" سے کیا مراد ہی؟ انہوں نے کہا کہ "سر کی آنکھیں ممنوع چیزوں کے دیکھنے سے بچی رہنا چاہییں،

[1] اسکا مطلب یہ نہیں کہ ان اوقات میں خدا اپنے بندوں کے پاس سے علیحدہ ہوجاتا ہی بلکہ مطلب یہ ہی کہ ان ضروریات کے اوقات میں شرمگاہ کو ننگا کرنا خدا کے ساتھ بے حیائی کرنے میں داخل نہیں۔ مختصر۔

ورولگی آنکھیں ماسوا ذات باری سے"

قولہ تعالیٰ" ویحفظوا فروجھم" یعنی" مومنین اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کریں" حفظ فروج سے یہ مراد ہی کہ جو چیزیں حلال نہیں، اُنسے شرمگاہوں کی حفاظت کیجائے، ابوالعالیہ کا قول ہی کہ خدا نے جہاں جہاں قرآن میں" یحفظوا فروجھم" اور" یحفظن فروجھن" فرمایا ہی، اُن سب آیتوں میں زنا سے محفوظ رہنا مقصود ہے، مگر سورہ نور میں یحفظوا فروجھم" اور یحفظن فروجھن" سے یہ مراد ہی کہ شرمگاہوں کے دیکھنے سے بچنا چاہیے مگر یہ قول ضعیف ہے، اسلیے کہ اس آیت میں اس تخصیص معنی پر کوئی دلالت نہیں پائی جاتی، بلکہ آیت کا اقتضائے ظاہری تو یہ ہی کہ" حفظ فروج" سے وہ تمام چیزیں، مثل زنا، مس، اور نظر، (قصداً بلاضرورت) کے، مراد لی جائیں، جنکو خدا نے حرام کیا ہے۔ اور اگر" حفظ فروج" سے اُنکے دیکھنے ہی کی ممانعت مراد لیجائے تو" وطی اور مس" بھی بوجہ اپنی شدت وغلظت کے (لزوماً) آیت میں داخل ہوجائے گی۔

اگر نظر منصوص بھی کر دی جاتی، تب بھی آیت کے مفہوم میں" وطی اور مس" کے بچنے کا وجوب داخل ہوتا، جیسے" لاتقل لھما اف" میں (یعنی ماں باپ کی شان میں اُف تک نہ کہو) باقتضاء آیت" اُف" سے زیادہ سخت باتوں سب دشتم اور مارپیٹ کی ممانعت بھی داخل ہی۔

قولہ تعالیٰ" ذلک ازکی لھم" یعنی اس فرمان پر عمل کرنا مسلمانوں کے نفسوں کو بہت

لہ افسوس ہی ہندوستان کے مسلمانوں پر کہ انکا خدا تو صرف آنکھیں نیچی کرنے کو تزکیہ نفوس اور اعلیٰ درجہ شرافت انسانی پر پہنچنے کے لیے تجویز کرے، اور صیغہ تفضیل کے ساتھ" ذلک ازکی لھم" فرمائے جسکا مطلب یہ ہی کہ" غض بصر" تمہارے حق میں بدرجہا تم کو نفوس اور زینہ ہی" حفظ فروج" کا۔ مگر وہ خود پرست اور ناخدا پرست اس حکم کو ناکافی خیال کریں، اور جس دوا کو خدا نے اُنکے امراض قلوب کے لیے تشخیص کیا ہی اُسکو غیر کافی خیال کرکے، اپنی طرف سے اُس میں ناپاک ایزاد کریں، پھر کیا حال ہونا ہی ان ناخدا ترس مسلمانوں کا جو عورتوں کو اسلیے قید رکھتے ہیں کہ اُن پر جیسے بھی جائیں حسمانی اور روحانی عذاب تو نہیں اور اس پردہ کی بدولت اُن کی بازپرس نہ کیجا سکے، لہذا اُنکو کوئی ایسی شریعت بنانا چاہیے جو انکی من مانی ظالمانہ خواہشات کی حمایت کرتی ہو، اور جسکو وہ" اکملت لکم دینکم" کا مصداق ٹھہرا سکیں۔ اسلیے کہ وہ موجودہ شریعت اس ظالمانہ پردہ کی حمایت کرتی نہیں جسکی وجہ سے وہ اُسکو مکمل شریعت کہہ سکیں، اور جسپر انکو فخر ناز ہوسکے، اور جس میں خود اُن کو اپنے ہاتھوں سے اپنی شریعت میں اصلاح کرنے کی ضرورت نہ پڑا کرے۔ منہ

پاک وصاف کرنے والا ہی" اسلیے کہ یہی بات ہی جس سے اُنکے نفوس مزکی ہونگے، اور وہ ثنا و مدح کے مستحق ٹھہرینگے۔ اور یہ کہنا بھی ممکن ہے کہ خدا نے اس خطاب میں صرف مسلمانوں ہی کو مخصوص کیا ہی، اور یہ آیت اُن ہی کے تزکیۂ نفوس کے لیے ہی، اور کفار کے واسطے نہیں[1]۔

قولہ تعالےٰ" وقل للمومنات یغضضن من ابصارھن ویحفظن فروجھن"۔ یعنی "مسلمان عورتوں سے کہدو کہ وہ (بھی مردوں کی طرح) اپنی آنکھیں نیچی رکھا کریں، اور اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کیا کریں"، اس جگہ بھی وہی مسائل و مباحث ہیں جو اوپر مذکور ہوئے۔

اگر کوئی یہ سوال کرے کہ اس آیت میں "غض بصر" کو "حفظ فرج" پر کیوں مقدم رکھا گیا ہی؟ تو اسکا جواب یہ ہی کہ نظر زنا اور فسق و فجور کی قاصد ہی، جس میں لوگ شدّت اور کثرت سے مبتلا ہو جایا کرتے ہیں، اور مشکل سے بچ سکتے ہیں، (اسلیے آنکھ نیچی کرنے کو مقدم رکھا، تاکہ راستہ ہی مفقود ہو جائے)

قولہ تعالےٰ" ولا یبدین زینتھن الا ما ظھر منھا"۔ یعنی "عورتیں اپنی زینت کے مقامات کو ظاہر نہ کیا کریں، مگر جو کچھ (عادۃً) اُس میں سے کھُلا رہتا ہو"۔ یہ حکم علی الاغلبیت اسلیے کہا گیا کہ مردوں کو اجنبی عورتوں پر اپنے زیور اور لباس وغیرہ کی زینت کا اظہار ممنوع ہی، کیونکہ یہ بھی فتنہ سے خالی نہیں۔ اس جگہ چند مسائل ہیں۔

(۱) **پہلا مسئلہ**۔ زینت نساء میں علماء نے اختلاف کیا ہی۔ جاننا چاہیے کہ "زینت" ایک اسم ہی، جسکا اطلاق اُن دونوں زینتوں پر ہوتا ہے جو خلقۃً (انسان کے بدن میں) پیدا کی گئی ہیں، اور یا جنکو انسان خود از قبیل لباس و زیور وغیرہ بغرض زیبائش اختیار کرتا ہی، لیکن بعض لوگ اسکو تسلیم نہیں کرتے کہ "لفظ زینت" کا اطلاق

[1] اسلیے کہ تزکیہ نفوس اول اسلام سے ہونا چاہیے، اور پھر اُسکے بعد فروعات و جزئیات سے۔ اختر

محاسن خلقی پر کیا جائے، اسلیے کہ خلقی زینت پر یہ نہیں کہا جاتا کہ یہ عورت کی زینت ہی بلکہ زینت سرمہ اور خضاب جیسی اکتسابی چیزیں کہلائی جاتی ہیں، مگر قریب الفہم یہ ہے کہ "زینت" میں خلقی زینت بھی داخل ہی۔ اسکی دو دلیلیں ہیں۔

(۱) **پہلی دلیل**۔ اکثر عورتیں صرف محاسن خلقی ہی کی مالک ہوتی ہیں، اور وہ اُن تمام چیزوں سے محروم ہوتی ہیں، جن کو زینت خیال کیا جاتا ہے (جیسے زیور اور عمدہ لباس وغیرہ) پس جب ہم اس زینت کو خلقی زینت پر محمول کرتے ہیں، تو اس سے پورا حق عموم ادا ہوتا ہے (جیسا کہ قرآن کے ظاہر الفاظ سے نکلتا ہی) خلقی زینت کے علاوہ اس میں دوسری زینت کا دخل ہونا بھی کچھ ممنوع نہیں۔

(۲) **دوسری دلیل**۔ خداوند کا یہ قول "ولیضربن بخمرھن علےٰ جیوبھن"، اس بات پر دلالت کرتا ہی کہ "زینت" عام ہے، اور اس سے خلقی و اکتسابی دونوں آیتیں مراد ہیں۔ گویا خداوند نے۔ دوپٹوں سے چھپانے کا حکم دیکر، عورتوں کو زینت خلقی کے اظہار سے منع کیا ہی۔ اور جن لوگوں نے "زینت" سے زینت غیر خلقی مراد لی ہے، اُنھوں نے اسکو تین چیزوں میں منحصر کیا ہی۔

اول۔ صباغ، جیسے سرمہ لگانا، یا نیل سے بھوؤں پر خضاب لگانا، یا رخساروں پر کوئی رنگ لگانا یا ہاتھوں پیروں میں مہندی لگانا۔

دوم زیور مثل انگوٹھی، کنگن، پازیب، بازوبند، ہار، تاج، بدھی اور بالی وغیرہ۔

سوم لباس۔ خدا فرماتا ہی "خذوا زینتکم عند کل مسجد" یہاں زینت سے لباس مراد ہی۔

(۲) **دوسرا مسئلہ**۔ علماء نے اختلاف کیا ہی کہ "الا ما ظھر منھا"[1] سے کیا مراد ہی

---

[1] اکثر مفسرین اور فقہاء کاملین نے "الا ما ظھر منھا" سے عورت کا منہ اور ہاتھ مراد لیا ہے، اور صاف لفظوں میں یہ لکھا ہی کہ عورت کو اجنبی کے سامنے بلا ضرورت منہ کھولنا جائز ہی۔ احادیث صحیحہ اور تعامل زمانہ نبوی اور صحابہ سلف سے بھی اسکی تائید ہوتی ہی اور انسانی حریت اور اسکا شرف اسی میں ہونا بھی اسی بات کا مقتضی ہی کہ اسکو مقید و محبوس کرکے اسکی حریت کو صدمہ نہ پہنچایا جائے، اور ایک شریف مخلوق دوسرے شریف الخلقت سے باطمینان و امانت کام لے۔ چنانچہ ہم چند مستند تفسیروں کی عبارتیں "الا ما ظھر منھا" کے متعلق ناظرین کے اطمینان کے لیے درج کرتے ہیں۔

اور (کرتوں) کے گریبان سامنے ہونے کی وجہ سے اُن کی گردنیں اور ہار کھلے رہتے تھے۔ لہذا اُنکو حکم دیا گیا کہ اپنے دوپٹوں کے آنچل گریبانوں پر ڈال لیا کریں، تاکہ گردن، سینہ، اور اُنکے آس پاس کی چیزیں، یعنی، بال، اور گلے اور کانوں کے زیور، اور گھنڈی لگانے کی جگہ چھپ جایا کرے۔ لفظ "ضرب" سے آنچلوں کے ڈالے رہنے میں مبالغہ مقصود ہے، اور بخمر ہن میں بار الصاق ہے (یعنی دوپٹے ہر وقت گریبانوں سے ملے رہیں)

حضرت عائشہ سے روایت ہے کہ میں نے نساء انصار سے زیادہ نیک کوئی عورت نہیں دیکھی۔ جب یہ آیت نازل ہوئی، تو اُن میں کی ہر ایک عورت اپنی چادر کی طرف لپکی، اور اُسکو پھاڑ کر (فوراً) اوڑھ لیا، اور وہ ایسی ہوگئیں کہ گویا اُنکے سروں پر کوّے بیٹھے ہیں[1]۔

قولہ تعالےٰ "لا یبدین زینتھن"، یعنی "عورتیں اپنی زینت ظاہر نکریں"، جاننا چاہیے کہ خدا "زینت مطلقہ" کے احکام (پہلے "لا یبدین زینتھن میں) بیان فرما چکا، تو (اس دوسری "لا یبدین زینتھن" میں) "زینت خفیہ"[2] (یعنی جو چیزیں آنچل سے چھپانا فرض ہیں) کے متعلق احکام بیان فرمائے، جسکا اجانب کے سامنے کھولنا ممنوع ہے۔ اور بیان فرمایا کہ اس "زینت خفیہ" کا چھپانا سب سے واجب ہے، مگر بارہ صورتیں اس سے مستثنےٰ ہیں۔

---

[1] اہل عربی محاورہ "فاصبحن علیٰ رؤسھن الغربان"، ہے۔ اہل عرب اس ضرب المثل کو اس موقع پر استعمال کرتے ہیں۔ جب کسی کی حد درجہ کی اطاعت کا اظہار کرنا مقصود ہوتا ہے، یعنی: اُنکا سر تسلیم اسدرجہ جھکا ہوا ہے کہ گویا اُنکے سر پر کوئی جانور بیٹھا ہوا ہے، اور وہ اپنی ذرہی حرکت سے بھی اُس جانور کے اُڑ جانیکا خوف کرتے ہیں۔ اختر۔

[2] زینت خفیہ سے وہ حصہ بدن اور وہ چیزیں مراد ہیں، جن پر دوپٹے ڈالے رہنے کا حکم دیا گیا ہے، مثلاً سینہ، گردن، اور زیور وغیرہ۔ اور صرف یہی وہ زینت ہے جسکا اجنبیوں پر ظاہر کرنا منع کیا گیا ہے، اور ماں باپ، خاوند اور قریبی رشتہ دار اس سے بھی مستثنےٰ ہیں، اسلیے کہ مواقع ستر کا پوشیدہ رکھنا تو انسان کو اپنی ذات سے بھی فرض ہے اس میں اجانب اور محارم کی کوئی خصوصیت نہیں اور منہ اور ہاتھ کا اجنبیوں کے سامنے کھولنا قرآن سے ثابت ہے۔ اب صرف ایک چیز "زینت خفیہ" باقی رہگئی ہے جس کی اجانب کے سامنے

(۱) پہلی صورت ۔ عورتونکے خاوند ۔

(۲) دوسری صورت ۔ عورتوں کے باپ، اس میں باپوں کے باپ اور ماؤنکے باپ اور پھر اُنکے باپ سب شامل ہیں ۔

(۳) تیسری صورت ۔ شوہروں کے باپ ۔

(۴ و ۵) چوتھی اور پانچویں صورت ۔ عورتوں کے خود اپنے بیٹے، اور خاوندوں کے بیٹے، اس میں اولاد کی اولاد بھی داخل ہے، خواہ وہ بیٹوں سے ہو، یا بیٹیوں سے جیسے پوتے اور نواسے ۔

(۶) چھٹی صورت ۔ خواہ وہ باپ کی طرف سے بھائی ہوتے ہوں، یا ماں کی طرف سے، یا دونوں طرف سے ۔

(۷) ساتویں صورت ۔ عورتونکے بھتیجے ۔

(۸) آٹھویں صورت ۔ عورتونکے بھانجے ۔

بقیہ نوٹ صفحہ (۲۰) کھولنے کی ممانعت کی گئی ہے، اور صرف یہی وہ حکم حجاب ہے جسکے سمجھنے میں ہندوستان کے مسلمان مغالطہ میں پڑے ہوئے ہیں، اور افسوس ہے کہ بعض عالی دماغ اشخاص اپنی اس غلط فہمی کو فطرت اور سائنس کے نتیجے ثابت کرنیکی کوشش کرتے ہیں ۔ اول وہ یہ تو ثابت کریں کہ یہ موجودہ پردہ اصول اسلام میں سے ہے بھی، پھر شیریں مقالی اور شاعرانہ خیالات سے کام لیں ۔ ہم تو جب قانون ابداع خلق پر نظر ڈالتے ہیں، تو ہم کو صاف نظر آتا ہے کہ خدا نے ہر چیز کو خود پردہ سے باہر کیا ہے، اور بس ایک اُس کی ذات حقیقی پردہ میں رہی ہے، اور وہ بھی پردوں میں سے جھلک رہی ہے، اُس حقیقی بے پردگی پر، جو لفظ "کن" سے ہوئی ہے، کسی کو پردہ ڈالنے کا اختیار نہیں ہے، اسلیے کہ اشیاء میں باحث اصلی ہے، اور قیودات اتفاقی و مصلحتی عارضی ہیں، افعال کے حسن و قبح کو، جہانتک نیچر سے تعلق ہے، اُسکو کوئی نہیں جان سکتا، بجز اُسکے کہ اضافی حُسن و قبح کو جان سکیں ۔ اگر ایسا نہوتا تو آج تمام دنیا کی عورتیں ..... اس پردہ کے صدقہ میں زندہ درگور ہوتیں، اور دنیا کی تمام قومیں اس حبس دوام کا گیت گایا کرتیں حالانکہ ایسا نہیں ہے، اور دوسری اقوام کی عورتیں اپنی فطرتی آزادی پر ہیں ۔ اور اسلام نے بھی اتنی ہی روک تھام کی اجازت دی ہے، جتنی اضافی تہذیب سے تعلق رکھتی ہے، اور وہ یہ ہے کہ عورتیں مہذب (ساتر) لباس میں دنیا کی ہوا کھایا کریں، اور اُن کی اس فطری آزادی پر کوئی تعرض نہو ۔ ختم

وہ سب مرد جو ان آٹھوں صورتوں میں بیان ہوئے ہیں محارم ہیں۔ یہاں چند سوالات پیدا ہوتے ہیں۔

(۱) پہلا سوال۔ کیا محرم مردوں کو مملوکہ اور غیر مؤمنہ کا وہ حصۂ بدن دیکھنا بھی جائز ہی جو مؤمنہ کا نہیں دیکھا جا سکتا؟

جواب۔ اگر کوئی شخص کسی ایسی عورت کا مالک ہوجائے، جو اُس کی محرم ہی، تو اُسکا شکم و پشت دیکھ سکتا ہے، بنظر شہوت نہیں، بلکہ احتیاط ملک کی غرض سے، جو مختلف طریقوں سے کی جاتی ہے۔

(۲) دوسرا سوال۔ چچا اور ماموں کا کیا حکم ہی؟ (کیونکہ بظاہر وہ ان مستثنیات میں بیان نہیں کیئے گئے)

جواب۔ حسن بصری کہتے ہیں کہ بظاہر "چچا اور ماموں" سے بھی "زینت خفیہ" کے نہ چھپائے جانے میں تمام محارم کا سا حکم ہے۔ وہ اس کی دلیل یہ بیان کرتے ہیں کہ اس آیت میں "رضاعت" کا حکم بھی تو نہیں بیان کیا گیا، حالانکہ وہ بھی نسبت کا حکم رکھتا ہے۔ اور نیز سورۂ احزاب میں (جہاں خدا نے محارم کو گنایا ہی) وہاں لاجناح علیھن فی اباءھن، ولا ابناءھن، ولا اخوانھن، ولا ابناء اخوانھن، ولا ابناء اخواتھن، ولا نساءھن، ولا ما ملکت ایمانھن" کے ساتھ "شوہروں" اور "شوہروں کے بیٹے" کا ذکر نہیں کیا ہی، بلکہ اُن کا ذکر سورۂ نور میں کیا ہی۔ اور کبھی بعض کے ذکر سے تمام کا حکم معلوم ہوجایا کرتا ہی۔

شعبی کہتے ہیں کہ خدا نے "چچا اور ماموں" کا ذکر اس لیے نہیں کیا ہے کہ کہیں یہ "چچا اور ماموں" اپنی "بھتیجی" اور "بھانجی" کے حسن و جمال کی تعریف اپنے بیٹوں سے نہ کردیں (!!) اور اسکے معنی یہ ہیں کہ تمام (مذکورۂ بالا) رشتوں میں باپ اور بیٹے محرمیت میں یکساں شریک ہیں، مگر "ماموں" اور "چچا" اور اُنکے بیٹے" محرمیت میں برابر نہیں، باپ کے دیکھنے کے بعد یہ بات ممکن ہی کہ وہ اپنے بیٹے سے، کہ جو اُس عورت کا محرم نہیں ہی، اُسکی تعریف کردے،

اور بیٹے کے دل میں اُسکا ایسا تصور بند ہے کہ وہ اُسکے دیکھنے کا مشتاق ہو جاوے۔ یہ بھی پردہ میں وجوب احتیاط کی ایک بڑی دلیل ہے۔

لہ امام رازی نے سورۂ احزاب کی تفسیر میں "چچا اور ماموں" کو محارم میں اس طرح شمار کیا ہے کہ "آیت میں "چچا" اور "ماموں" کے مذکور نہ ہونے کی وجہ یہ ہے کہ ان کا حکم "بھتیجوں" اور "بھانجوں" پر غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے، اسلیے کہ "بھتیجوں" کے پھوپیوں کے حق میں محرم ہونیسے خود بخود یہ سمجھا جاتا ہے کہ "بھتیجیاں" چچا کے حق میں محرم ہیں، اور علیٰ ہذا ماموں کا حکم ہے"۔

لیکن اگر شعبی کی رائے کو کچھ وقعت دیجائے، تو معلوم نہیں کہ "بھتیجے" اور "بھانجے" جو اپنی "پھوپیوں اور خالاؤں" کے مسلمہ محرم ہیں، اُنکی نسبت اس امر کا کیا قطعی یقین ہے کہ وہ اپنے رشتہ داروں سے، جو اُنکی "پھوپیوں اور خالاوں" کے محرم نہیں ہیں، اُنکے حسن و جمال کو بیان نہیں کرینگے۔ علاوہ ازیں، عورتیں بھی تو حسن و جمال کا ادراک اُسی طرح کرتی ہیں جیسے مرد۔ پھر پھوپی اور خالہ سے کیا اطمینان ہوگیا ہے کہ وہ اپنے بیٹوں سے اپنی "بھانجی اور بھتیجی" کے حسن و جمال کا ذکر نہیں کرینگی؟ اور نیز "باپ اور بھائی" کی نسبت کیا اطمینان ہوگیا ہے کہ اگر وہ خود بھی اپنی "بیٹی یا بہن" کو کسی لائق و شریف اور دولتمند شخص کی بی بی بنانے کی غرض سے اُسکی لیاقت اور حسن و جمال کا تذکرہ کسی جنبی سے کردیں؟ اگر یہی احتمال پرستی ہے، تو آج شریعت اسلامی کے تمام اُصول "ہباءً منثوراً" ہوئے جاتے ہیں، اور تمام انسانی تمدن و تہذیب کی بنیاد اس احتمالی شریعت کے ہاتھوں برباد ہوئی جاتی ہے۔

لیکن علامہ ابوالسعود نے اپنی تفسیر میں "چچا اور ماموں" کے عدم ذکر کی ایک نہایت عمدہ وجہ لکھی ہے۔ وہ سورۂ احزاب کی تفسیر میں لکھتے ہیں کہ "چچا، اور ماموں، کا ذکر اسلیے نہیں کیا گیا کہ وہ دونوں تو مثل باپ کے ہیں، اور خدا نے خود چچا کو باپ کا نام دیا ہے، جہاں اُسنے (جناب رسالت مآب کو خطاب کرکے فرمایا ہے والہ اٰبائک ابراہیم و اسمعیل و اسحٰق یعنی۔ تمہارے باپ ابراہیم و اسمعیل و اسحاق کا خدا"۔ اور یہ ظاہر ہے کہ جناب رسالت مآب حضرت اسمعیل کی اولاد میں ہیں، اور حضرت اسحاق اُنکے سوتیلے بھائی ہیں، جو اس رشتہ آنحضرت کے چچا ہوتے ہیں، اور خدا نے اُن کی نسبت "باپ" کا لفظ استعمال کیا ہے، حیرت کی جگہ ہے کہ کیں باپ ہی اپنی بیٹیوں کے حسن و جمال کے قصے گاتے پھرا کرتے ہیں۔

ان سب باتوں کو جانے دو، اور ذرا قرآن میں غور کرو، تو وہاں "چچا اور ماموں" کی محرمیت کا ذکر صاف صاف لفظوں میں ملتا ہے، جہاں خدا فرماتا ہے "حرمت علیکم امھٰتکم، وبنٰتکم، واخواتکم، وعمّٰتکم، وخٰلٰتکم، وبنت الاخ وبنت الاخت الخ (سورۂ نساء، آیت ۲۳) یعنی (مسلمانو) تمہاری مائیں، اور تمہاری بیٹیاں، اور تمہاری بہنیں، اور تمہاری پھوپیاں، اور تمہاری خالائیں، اور بھتیجیاں، اور بھانجیاں، (یہ سب) تم پر حرام ہیں۔

خداوند تعالیٰ نے صاف طور سے "بھتیجیوں اور بھانجیوں" کو "ماموں اور چچا" پر حرام کیا ہے، اور یہ اُصول فقہ کا مسئلہ ہے کہ جن عورتوں سے کسی صورت میں نکاح جائز نہیں، وہ مردوں کی محرم ہیں، اور محرموں سے پردہ نہیں، (ختم)

(۳) تیسرا سوال - اُن مردوں کو (جو اس آیت میں مستثنےٰ کیے گئے ہیں) عورت کے مواقع زینت کا دیکھنا کیوں جائز ہے؟

جواب - اس جواز کی وجہ یہ ہے کہ اُن مردوں کو خصوصیت کے ساتھ، عورتوں کے پاس آنے جانے اور ملنے جلنے[1] کی ضرورت پڑتی ہے، اور نیز اسوجہ سے کہ اُن مردوں کی طرف سے فتنہ کا اندیشہ بھی کم ہے اور نیز اسوجہ سے کہ اجنبیوں سے خلا ملا کرنے میں ایک منافرت ہوا کرتی ہے، اور نیز عورت سفر میں، سوار کرانے اور اُتارنے کے لیے، ان مردوں کی معیت کی محتاج ہے۔

(۹) نویں صورت، "نسائھن" ہے۔ یعنی "اپنی جیسی عورتیں"۔ اسمیں دو قول ہیں۔

پہلا قول۔ "نسائھن" سے وہ عورتیں مراد ہیں جو اُن کی ہم مذہب ہوں، اکثر سلف کا یہی

[1] اگر ان مستثنےٰ صورتوں میں، عورت مرد کی بے تکلفی سے آمنے سامنے ہونیکی یہی وجوہ ہیں، جو امام رازی نے لکھی ہیں (اور فی الاصل یہی ہیں بھی) تو جہاں کہیں اُنکے بیان کردہ وجودی اور سببی وجوہ پائی جائیں وہاں حکم بھی یہی ہونا چاہیے لہذا اگر استنباطاً یہ کہا جائے کہ امام رازی کی یہ رائے ہے کہ اگر باقتضائے ضروریات اجنبیوں سے ملنا پڑے، یا اجنبیوں کی دیانت و تہذیب نفوس سے کسی شر کا اندیشہ نہو۔ طبیعتوں میں منافرت نہو، یا سفر کی ضرورتیں مجبور کرتی ہوں، تو اجنبیوں کے سامنے بھی اُسی بے تکلفی سے آنا جائز ہے۔ تعجب ہے اس آزاد مرد کی رائے پر!! بلکہ قرآن سے بھی صراحۃً یہی ثابت ہوتا ہے کہ ضرورت کے وقت اجانب کے ساتھ اسقدر آزادی سے ملنے کی اجازت دی گئی ہے، جیسے محارم سے۔ خدا نے ایسے اجانب کو، جنکو اپنی ضرورت سے عورتوں سے ملنا پڑے، یا جنسے عورتوں کو اپنی ضرورت سے ملنا پڑے، سلسلہ بیان میں محارم کے ساتھ ذکر کیا ہے۔ اور "او التابعین غیر اولی الاربۃ"۔ کو ذکر سلسلۂ محارم میں بیان کرنے سے صاف یہ مطلب ہے کہ جو اجانب "اربت فی النساء" کی نیت سے خلا ملا نہ رکھتے ہوں، اُنکے سامنے "زینت خفیہ" کے بے پردہ ہوجانے میں بھی کچھ حرج نہیں، جیسے باپ بھائی، بھتیجے بھانجے وغیرہ کے سامنے، کہ اُنسے بے تکلف ہوئے بغیر چارہ نہیں "تابعین غیر اولی الاربۃ" کو اصلی حق عموم تو یہ حاصل ہے جو ہم نے بیان کیا، اور خدمتگار یا طفیلی وغیرہ بھی اُس کی شاخیں ہیں، اسلیے کہ اگر کسی عورت کا لاکھ دو لاکھ تجارتی کاروبار ہو، اور سود و سو روپیہ ماہوار کے اُسکے ملازم اور ایجنٹ ہوں، تو ظاہر ہے کہ وہ اُسکے طفیلی یا ملازم یوزہ گر تو ہیں نہیں، بلکہ اُسکے "تابعین غیر اولی الاربۃ" ہیں، جو "اربت فی النساء" کی غرض سے اُس سے تعلق نہیں رکھتے، بلکہ ایک کسب حلال کی غرض سے اُس سے تعلق رکھتے، اور حساب کتاب سمجھانے کی غرض سے اُس سے مواجہ اور مکالمہ کی ضرورت رکھتے ہیں، تو اس قسم کی صورتوں میں عورتیں بے تکلفی کے ساتھ اجانب و دوں سے مل سکتی ہیں۔ اور "او التابعین غیر اولی الاربۃ" کا یہی مفہوم ہے۔ (ختم)

قول ہے۔ ابن عباس کہتے ہیں کہ مسلمان عورتوں کو ذمی عورتوں میں کپڑوں سے کھلی نہیں رہنا چاہیے، اور غیر مسلم عورتوں کے سامنے اتنا ہی حصۂ جسم (یعنی منہ اور ہاتھ) ظاہر کرے جتنا اجنبی مردوں کے سامنے ظاہر کر سکتی ہے، مگر یہ کہ وہ غیر مسلم عورت اُس کی باندی ہو، اسلیے کہ خدا نے (مستثنےٰ صورتوں میں) فرمایا ہے کہ "او ما ملکت ایمانھن" یعنی۔ عورت کو اپنے باندی غلام پر زینت خفیہ کا ظاہر کرنا جائز ہے۔

حضرت عمر نے ابو عبیدہ کو لکھا تھا کہ وہ اہل کتاب کی عورتوں کو مسلمان عورتوں کے ساتھ حمام میں داخل ہونے سے منع کریں۔

دوسرا قول "نسائھن" سے تمام (مسلمہ و غیر مسلمہ) عورتیں مراد ہیں، یہی ٹھیک مذہب ہے اور سلف کی رائے استحباب و اولویت پر محمول ہے۔

(۱۰) دسویں صورت۔ "ما ملکت ایمانھن" ہے۔ یعنی۔ عورتیں اپنے باندی و غلام پر زینت خفیہ ظاہر کر سکتی ہیں۔ ظاہر کلام باندی اور غلام دونوں کو شامل ہے، لیکن اس میں اختلاف ہے۔ بعض آیت کو اُسکے ظاہر الفاظ پر محمول کرتے ہیں، اور خیال کرتے ہیں کہ عورتوں کو اس بارے میں کوئی ممانعت نہیں ہے کہ وہ اپنے غلاموں پر اپنی اُس زینت کو ظاہر کریں جو محارم پر ظاہر کر سکتی ہیں، یہ قول حضرت عائشہ اور ام سلمہ سے مروی ہے، اور ظاہر آیت سے بھی اسی پر دلیل لاتے ہیں۔ اور نیز حضرت انس سے روایت ہے کہ جناب رسالت مآب حضرت فاطمہ کے پاس ایک غلام کو ساتھ لیے ہوئے، جو اُنکو ہبہ کر دیا تھا، تشریف لائے۔ حضرت فاطمہ (اسوقت) ایسی چادر اوڑھے ہوئے تھیں کہ اگر اُس سے سر ڈھکتی تھیں تو پیروں تک نہیں پہنچتی تھی، اور اگر پیر ڈھکتی تھیں تو وہ سر تک نہیں پہنچتی تھی، جب آپ نے یہ کیفیت دیکھی تو فرمایا کہ "اس (چادر سے بدن نہ چھپا سکنے) میں کوئی قباحت نہیں، اسلیے کہ ایک تمہارا باپ ہے، اور دوسرا تمہارا غلام ہے"۔ مجاہد سے روایت ہے کہ امہات المومنین اپنے مکاتب سے جسپر ایک درہم بھی باقی رہجاتا تھا، پردہ نہیں کرتی تھیں۔ حضرت عائشہ سے مروی ہے کہ

انہوں نے (اپنے غلام) ذکوان سے کہا کہ "جب تو مجھے قبر میں رکھکر باہر نکلے تو تو آزاد ہی" اور نیز مروی ہی کہ حضرت عائشہ کنگھی کرتی رہتی تھیں، اور غلام اُن کو دیکھتا رہتا تھا۔ ابن مسعود، مجاہد، حسن، ابن سیرین، اور سعید ابن مسیب کہتے ہیں کہ غلام اپنی سیدہ کے بال نہ دیکھے، امام ابو حنیفہ کا بھی یہی قول ہے۔ ان لوگوں نے کئی باتوں سے (اپنے قول پر) استدلال کیا ہے۔

اول۔ جناب رسالت مآب کا ارشاد ہی کہ "جو عورت خدا اور روز آخرت پر ایمان رکھتی ہی، اُسکو سوائے محرم کے دوسرے (مرد) کے ساتھ تین دن سے زیادہ سفر کرنا جائز نہیں"۔ اور ظاہر ہی کہ غلام اپنی سیدہ کا ذی محرم نہیں ہی، لہذا غلام کو اُسکے ساتھ سفر کرنا بھی جائز نہیں، اور جب غلام کو اپنی سیدہ کے ساتھ سفر کرنا جائز نہوا تو اجنبی آزاد مرد کی طرح اُسکے بالوں کا دیکھنا بھی درست نہوا۔

دوم۔ کسی غلام پر ملکیت ہوجانے سے عورت کو وہ باتیں اُسکے ساتھ جائز نہیں ہوجاتیں جو قبل ملکیت حرام تھیں۔ پس اگر عورتیں مردوں کی مالک ہوں تو یہ ملکیت مردوں کی ملکیت للنساء کے ہم مثل نہوگی۔ تمام علماء اسپر متفق ہیں کہ عورت کو حق ملکیت سے اپنے غلام کے ساتھ تمتع جائز نہیں، جیسے مرد کو حق ملکیت سے اپنی باندی کے ساتھ تمتع جائز ہوجاتا ہی۔

سوم۔ اگرچہ غلام کو اپنی سیدہ سے نکاح کرنا جائز نہیں، مگر یہ حرمت نکاح ایسی ہی عارضی ہی، جیسے کسی مرد کے نکاح میں چار عورتیں ہوں، اور اُنکی موجودگی میں پانچویں سے نکاح ناجائز ہو پس جب یہ حرمت نکاح دوامی نہیں تو غلام بھی (اپنی سیدہ کے حق میں) بمنزلہ دوسرے اجانب کے ہوا جب یہ ثابت ہوگیا تو صاف طور سے معلوم ہوگیا کہ "او ما ملکت ایمانھن" سے صرف باندیاں مقصود ہیں۔

(۱۱) گیارہویں صورت "والتابعین غیر اولی الاربۃ[1] من الرجال" ہے۔ یعنی۔

---

[1] الاربۃ الحاجۃ، والولوع بالشیء، والشھوۃ لہ، الاربۃ الحاجۃ فی النساء۔ الاربۃ العقل، ومنہ الاریب" "اُرب" کسی شے کی حاجت خواہش "اربۃ" حاجت فی النساء "اربۃ" عقل، اسی سے "اریب" بمعنی عقلمند ہی۔ واختر،

(عورتیں اپنی زینت خفیہ کو ایسے اجنبی) متوسلین مردوں پر (ظاہر کرسکتی ہیں)، جو بلا (نیت) خواہش شہوت (ساتھ رہتے) ہیں۔" اس صورت میں بھی چند مسائل ہیں۔

پہلا مسئلہ۔ بعض علماء کا قول ہے کہ "التابعین غیر اولی الاربۃ من الرجال" سے وہ مراد ہیں جو تمہارے فضل وجود کے امیدوار بنکر تم سے وابستہ رہتے ہوں، اور اُن کو عورتوں سے کچھ غرض واسطہ نہو۔ یا تو اسوجہ سے کہ وہ اپنی بلاہت اور سادگی سے عورتوں کی کسی بات کو جانتے نہوں، یا ایسے نیک مزاج پیر مرد ہوں کہ جب عورتوں کے ساتھ رہیں تو اپنی آنکھیں نیچی کرلیتے ہوں، اس بات کو سب جانتے ہیں کہ خصی، عنین (جو مرد وجوہ خارجی سے جماع پر قادر نہو) اور اُن جیسے مردوں کو نفس جماع کی طرف تو خواہش اور توجہ نہیں ہوتی لیکن اسکے علاوہ (دیکھ بھال اور تلذذ عیش کے) انتفاع کی قوی خواہش ہوتی ہے، (لہذا) اس قوت خواہش کی موجودگی کی وجہ سے ایسے مرد تو اس آیت میں مراد نہیں ہو سکتے، پس ضرور ہوا کہ آیت میں ایسے مرد مراد لیے جائیں، جن کی نسبت یہ معلوم ہو کہ وہ بجمیع وجوہ عورتوں سے تمتع کی خواہش نہیں رکھتے، یہ عدم خواہش فقدان شہوت کی وجہ سے ہو، یا سرے سے اس فعل سے وقفیت ہی نہو، یا فقر ومسکنت اسکا باعث ہو۔ ان تینوں وجوہ کو پیش نظر رکھکر علماء اس مسئلے میں باہم مختلف الرائے ہیں۔ بعض کہتے ہیں کہ "عورتوں سے خواہش نہ رکھنے والے مرد" فقراور محتاج لوگ ہیں، جنکو فاقہ نے ستا رکھا ہو، اور بعض کا قول ہے کہ وہ مفقود العقل اور مختل الحواس اور ابلہ اور لڑکے ہیں۔ اور بعض کی یہ رائے ہے کہ (غیر اولی الاربۃ) میں بوڑھے اور تمام وہ لوگ داخل ہیں، جو شہوت سے محروم ہوں (علاوہ ازیں) اس میں اس قسم کی اور تمام صورتیں داخل ہوسکتی ہیں[1]۔

---

[1] "او التابعین غیر اولی الاربۃ من الرجال" کے الفاظ پر غور کرنے سے، اور اس نظم کلام اور سلسلہ بیان پر غور کرنے سے کہ انکو محارم کے ساتھ بیان کیا گیا ہے، یہ معلوم ہوتا ہے کہ "غیر اولی الاربۃ" کے معنی شیخ فانی یا مفقود الشہوت کے نہیں ہیں، اسلیے کہ محارم مذکورہ فی الآیت اور تابعین غیر اولی الاربۃ پر کشف زینت خفیہ کی علت ایک ہے،

ہشام بن عروہ نے زینب بنت ام سلمہ سے، اور انھوں نے ام سلمہ سے روایت کی ہے کہ جناب رسالت مآب ام سلمہ کے ہاں تشریف لائے، ام سلمہ کے پاس (ہیئت نامی) مخنث بھی موجود تھا۔ اس مخنث نے ام سلمہ کے بھائی (عبداللہ بن ابی امیہ) کی طرف متوجہ ہوکر کہا کہ "عبداللہ! اگر خدا نے تم مسلمانوں کو کل طائف کی فتح نصیب کی، تو میں تمکو بنت غیلان دکھلاؤں گا، (وہ بنت غیلان جسکی صفت یہ ہے) کہ اگر سامنے پھر کر کسی کو دیکھتی ہے تو چار بل اسکے پیٹ میں پڑ جاتے ہیں، اور جب پیچھے پھر کر دیکھتی ہے تو پیڑو اور کولے میں آٹھ بل پڑ جاتے ہیں۔ آپ نے اس مخنث کے یہ الفاظ سنکر فرمایا کہ "(اب سے) یہ مخنث تمہارے پاس کبھی نہ آیا جایا کرے"۔

نوٹ بقیہ صفحہ (۲۷) اور وہ علت اقتضائے ضرورت و حاجت ہے، اسلیے کہ ان تمام افراد میں، جو بذریعہ حرف "او" بیان کیے گئے ہیں، ایک یہی علت مشترک نکل سکتی ہے۔ ورنہ جو بات خاوند کے ساتھ جائز ہو سکتی ہے، وہ باپ بھائی کے ساتھ جائز نہیں ہو سکتی۔ لہذا "تابعین" پر کشف زینت خفیہ کی علت "عدم اربت فی النساء" نہیں ہو سکتی، اسلیے کہ

(۱) یقیناً یہ کیسے معلوم ہوگا کہ ان تابعین کے دلوں میں چور نہیں، اور یہ عورتوں کو بنظر شہوت نہیں دیکھتے؟

(۲) اور اگر "غیر اولی الاربۃ" کے معنی مفقود الشہوت کے لیے جائیں، تو کیا اسپر طبی صداقت و شہادت کے بعد عمل کیا جائیگا؟ جو قریباً ناممکن ہے۔

(۳) اور یا جو "عدم اربت" فقر و مسکنت کیوجہ سے ہوگی، وہ ہمیشہ بحالہ قائم رہیگی؟ کہ پیٹ بھرنے کے بعد بھی ان کو عورتوں سے غرض نہ ہوگی۔

(۴) اور یا فقدان عقل و اختلال حواس کے بعد "اربت فی النساء" نہیں رہتی؟ حالانکہ ہزارہا مفقود العقل اور مختل الحواس لوگ صاحب اہل و عیال دیکھے جاتے ہیں۔

(۵) اور کیا محارم میں "اربت فی النساء" نہیں ہوتی، بلکہ ان کی "اربت فی النساء" تو محرمات تک پہنچ جاتی ہے۔ اور ہزارہا واقعات محارم کے محرمات کے ساتھ ملوث ہونے کے سنے گئے ہیں، جسکا نتیجہ لزوماً یہ ہونا چاہیئے تھا کہ "عدم اربت" کی وجہ سے جو بات اجانب سے رکھی گئی تھی، "وجود اربت" کی وجہ سے، اسکے خراب نتائج دیکھنے کے بعد، محارم سے وہ بات ناجائز کر دی جاتی، حالانکہ اس ثبوت بمحرمات کے بعد کسی مفتی نے محارم پر عدم کشف زینت خفیہ کا فتویٰ نہیں دیا۔

یہی وہ تمام صورتیں "عدم اربت فی النساء" کی ہیں، جو امام صاحب نے بیان کی ہیں، ان پر مذکورۂ بالا

جناب رسالت مآب نے عورتوں کے پاس اُس مخنث کا آنا جانا اُسوقت تک جائز رکھا، جب تک یہ خیال رہا کہ وہ از قبیل "غیر اولی الاربتہ" ہی، یعنی اُسکو عورتوں کی طرف میلان نہیں، مگر جب آپ کو اُس کی باتوں سے یہ مفہوم ہوا کہ وہ عورتوں کے اوصاف و احوال کو پہچانتا ہے، اور از قبیل "اولی الاربتہ" ہے تو اُسکو عورتوں کے پاس آنے جانے سے منع کر دیا[1]

خصی اور مجبوب (مقطوع الذکر) کے بارہ میں بھی تین مختلف رائیں ہیں،

(۱) بعض کہتے ہیں کہ خصی اور مجبوب دونوں کے سامنے زینت باطنہ (یعنی وہ مواقع زینت جن پر آنچل ڈالے رہنے کا حکم ہی) ظاہر کرنا جائز ہی۔

بقیہ نوٹ صفحہ (۲۷) جرح ہوسکتی ہی اسلیے ہم کو لازم ہوا کہ اس آیت کے الفاظ پر غور کریں، اور دیکھیں کہ یہ تمام صورتیں۔ فقدان شہوت، فقد و مسکنت، اور اختلال و فقدان عقل وغیرہ "غیر اولی الاربتہ" سے ہی نکلتی ہیں یا نہیں، تمام بحث لفظ "غیر اولی الاربتہ" پر ہے اور اسی پر غور کرنا چاہیے۔ لفظ "غیر" کے دو اعراب ہیں۔ (۱) مجرور بر بنائے وصفیت (۲) یا منصوب بر بنائے حال۔

(۱) مجرور ہونے کی حالت میں "تابعین" موصوف ہوگا۔ اور "غیر اولی الاربتہ" اُسکی صفت۔ لیکن یہ قید واقعی ہوگی نہ کہ احترازی جس سے "تابعین اولی الاربتہ" کا علیحدہ کرنا مقصود ہو، اسلیے کہ "تابعین" کہتے ہی اُنکو ہیں، جو اربت فی النساء" کی غرض سے ساتھ نہ رہتے ہوں، بلکہ دوسرے کاروبار اور ضروریات کی انجام دہی کے لیے اُنسے سابقہ ہو۔

(۲) اور منصوب علی الحال ہونیکی صورت میں یہ معنی ہونگے کہ جنکی معیت و تبعیت اس حیثیت اور غرض سے نہ ہو، کہ اُنکے دل نظر بازی اور تلذذ فی النساء اور شہوت رانی کے خیالات سے محلو ہوں، بلکہ اُن جنبیوں کا ملنا جلنا انجام مرام دنیاوی کے لیے ہو، اسلیے کہ شریعت اسلامی معاشرت دنیاوی کو تنگ کرنے والی نہیں ہے، اور نہ اُسمیں عورتوں کو دنیاوی کاروبار کرنے کی ممانعت ہی، اور نہ حفظ ناموس کا کیسی یہ طریقہ تبلایا گیا ہے کہ عورتوں کو محبوس رکھا جائے، بلکہ صرف تہذیب نفوس اور آنکھوں کی حیا کی تعلیم دی گئی ہی، اور اسی کو تزکیہ بخش نفوس کہا گیا ہی، جہاں خدا نے فرمایا ہی کہ "ذٰلک ازکی لھم"، ورنہ محبوس و مقید رکھنے کے بعد جو حفاظت ناموس کرائی جائے وہ شرافت انسانی کی معیار نہیں کہی جاسکتی، اسلیے کہ نہ اسمیں اطاعت حکم خدا ہوگی، نہ خاوند کے حقوق کی نگہداشت اُسکی علت ہوگی، اور نہ نفسہ اُسکی اخلاقی جرأت ہوگی، بلکہ نری بے بسی ہوگی، جسکی شرع میں کچھ عزت نہیں، اسلیے کہ اس سے اسلام کی تہذیب نفوس پر کچھ حکومت نہیں معلوم ہوتی، بلکہ اُس کی یہی مثال ہی جیسی غیر قومیں مسلمانوں کی بہت سی بے عنوانیوں اور درشتیوں کو دیکھکر یہ الزام لگاتی ہیں کہ مذہب اسلام بزور شمشیر پھیلایا گیا ہے، اسلیے کہ اگر اس میں کوئی خوبی ہوتی، تو وہ خود بخود لوگوں کے دلوں کو مسخر کر لیتا۔ مسلمانوں نے اسلام کو بہت بدنام کر لیا ہی، لہذا اب اُن کو چاہیے کہ اس جبس نسواں کو دور کر کے اسلام کے چہرے سے خونخواری کا دھبہ دور کرنے کی کوشش کریں۔ "خسته"

(۲) بعض کے نزدیک دونوں (خصی اور مجبوب) پر ظاہر کرنا جائز ہے۔

(۳) بعض کا قول ہے کہ خصی کے سامنے ظاہر کرنا تو ناجائز ہے، مگر مجبوب کے سامنے ظاہر کرنا جائز ہے۔

(۱۲) بارہویں صورت۔ قولہ تعالےٰ "او الطفل الذین لم یظھروا علیٰ عورات النساء" یعنی (عورتوں کو اپنی زینت باطنہ کے مواقع ایسے) لڑکوں کے سامنے (کھولنا جائز ہیں) جو عورتوں کی شرمگاہ (کے افعال) سے (ابھی تک) آگاہ نہیں۔ اس صورت میں بھی چند مسائل ہیں۔

پہلا مسئلہ (آیت میں لڑکوں کی نسبت جو "لم یظھروا" استعمال کیا گیا، سو یہ) "ظھور علی الشیء" دو قسم پر ہوتا ہے۔

(الف) "ظہور" کے معنی صرف کسی شے پر واقف ہونا ہیں، جیسے خدا کے اس (دوسرے) قول میں مراد ہیں "انھم ان یظھروا علیکم یرجموکم" یعنی "اگر وہ تمہیں جان لیتے، تو تم پر رجم کرتے" یہاں "یظھروا کم" بمعنی "یشعروا بکم" ہے۔

نوٹ متعلق صفحہ (۲۹) اہل عرب گداز عورت کو پسند کرتے ہیں، اور اُنکے ہاں خوبی شمار ہوتی ہے، اس مخنث نے بنت غیلان کے گداز ہونیکو ایک استعارہ میں بیان کیا ہے کہ جب وہ ادھر اُدھر ہلتی ہے، تو اُسکے پیٹ میں شکن پڑ جاتے ہیں۔ بنت غیلان کی شان میں یہ تعریفی الفاظ استعمال کرنیسے ہیت مخنث کی نسبت قطعی طور پر یہ نہیں کہا جا سکتا کہ وہ اولی الاربۃ میں داخل تھا، اسلیے کہ اپنے قومی اور ملکی مذاق سے بوڑھا، بچہ، اور مرد و نامرد ہر ایک شخص واقف ہوا کرتا ہے۔ علیٰ ہذا عورتوں کے حسن و جمال کی نسبت بھی اگر کسی قوم میں کوئی خاص مذاق قرار پا گیا ہو تو اُسکو روزمرہ کی تحریر و تقریر میں استعمال کرنیسے اُسی قوم کے کسی فرد کی نسبت یہ نہیں کہا جا سکتا کہ اُسنے عورتوں کے ان خاص اوصاف کو تلذذ شہوانی کی غرض سے استعمال کیا ہے۔ پس عورتوں کی نفس خوبی و حسن کے ذکر سے کسی مخنث کی نسبت یہ نہیں کہا جا سکتا کہ اُسکو عورتوں کی خواہش بھی ہے، بلکہ ہیت مخنث کو عورتوں میں آنے سے منع کرنے کی وجہ یہ تھی کہ زمانہ پُر آشوب تھا، ہر طرف سے لڑائی جھگڑے درپیش تھے۔ اور اُسکا حال تھا کہ وہ عورتوں کے حسن و جمال کے تذکرے کرتا پھرتا تھا، جو ایک حد درجہ کی بدتہذیبی تھی، اور جس سے بڑے فتنہ و فساد کا اندیشہ تھا لہذا اُسکی طبیعت کے جادہ کو مضر خیال کر کے جناب رسالت مآب نے اسکے ساتھ زیادہ خلا ملا کرنے سے منع کیا۔ شاہ ولی اللہ صاحب نے بھی حجۃ اللہ البالغہ میں یہی وجہ لکھی ہے۔ "اختر"

(ب) "ظہور علی الشئی" کے (دوسرے) معنی ہیں کسی چیز پر غلبہ اور صولت حاصل کرنا جیسے خدا کے قول "فاصبحوا ظاھرین" میں "ظاہرین" بمعنی "غالبین" ہے۔ یعنی وہ غالب ہو گئے"۔

پس بربنائے وجہ اول "عدم ظہور" کے یہ معنی ہونگے کہ ایسے لڑکے جو عورتوں کی شرمگاہ کے تصور سے خالی الذہن ہوں، اور بچپن کی وجہ سے یہ نہ جانتے ہوں کہ وہ ہیں کیا چیز۔ ابن قتیبہ کا یہی قول ہے۔

اور بربنائے وجہ ثانی یہ معنی ہونگے کہ ایسے لڑکے جو مجامعت کی طاقت و قوت نہ رکھتے ہوں یہ فرا اور زجاج کا قول ہے۔

دوسرا مسئلہ۔ جو لڑکا اپنے صغر کی وجہ سے عورتوں کی شرمگاہ کی باتوں سے واقف نہو تو عورتوں کو ایسے لڑکے سے ستر کے چھپانے کی کوئی ضرورت نہیں۔ اور اگر لڑکا مراہق (قریب البلوغ) ہے، اور عورتوں کی باتوں کو جانتا ہے، تو عورت کو ناف اور گھٹنے کے درمیان کا حصۂ بدن اُس سے چھپانا ضرور ہے۔ (مراہق سے) باقی حصۂ بدن کے چھپانے میں دو قول ہیں۔

(۱) عورت کو مراہق سے زانو اور ناف کے درمیانی حصۂ بدن کے علاوہ چھپانا غیر ضروری ہے، اسلیے کہ وہ غیر مکلف ہے۔

(۲) پورے مرد کی طرح مراہق سے چھپانا بھی ضروری ہے، اسلیے کہ اُسکو شہوت ہوتی ہے اور عورت بھی اُسکو دیکھکر مشتہات ہوسکتی ہے۔ اور یہی معنی ہیں "او الطفل الذین لم یظھروا علی عورات النساء" کے۔

لفظ "طفل" کا اطلاق محتلم ہونے تک ہوتا ہے۔ اور بوڑھے مرد میں اگر ابھی شہوت باقی ہے تو اُسکا حکم بھی جوانوں کے مثل ہے، اور اگر شہوت باقی نہیں رہی تو اُس میں بھی دو قول ہیں۔

(۱) ایسے بوڑھے مرد کے سامنے زینت باطنہ کا اظہار جائز ہی، اور (اس بوڑھے سے) مقام ستر صرف مابین زانو و ناف ہے۔

(۲) عورت کا تمام بدن علاوہ زینت ظاہرہ، یعنی منہ اور ہاتھ کے، ایسے بوڑھے سے چھپانا چاہیے۔

خدا نے جن جن مردوں پر اظہار زینت باطنہ کو جائز فرمایا ہے، اُن میں سے یہ آخری صورت ہے۔

حسن بصری کہتے ہیں کہ اگرچہ یہ تمام مستثنےٰ صورتیں جو اظہار زینت باطنہ میں مشترک ہیں مگر تاہم اُن میں تین مدارج ہیں۔

(۱) خاوند، جسکو عورت کے ساتھ وہ امور بھی جائز ہیں، جو دوسروں کو اُسکے ساتھ جائز نہیں۔

(۲) بیٹا، باپ، بھائی، دادا، نانا، خسر، اور تمام محرم اور رضاعی رشتہ دار، جو بمنزلہ نسبی رشتہ داروں کے ہیں، ان سب کو عورت کے بال، صدر، ساقیں، باہیں اور انکے ہم مثل دوسرے اعضاء کا دیکھنا جائز ہے۔

(۳) متوسلین مرد، جو عورتوں سے غرض نہیں رکھتے، اور علیٰ ہذا عورتوں کے غلام۔

جوان عورت کو، صرف قمیص اور باریک دوپٹہ سے بدون بالائی چادر کے، ان مردوں کے سامنے آنے میں کچھ قباحت نہیں، مگر ان مردوں کو یہ جائز نہیں کہ اُنکے بال اور بشرہ کو بلا ضرورت گھورا کریں، بہرحال ان سب سے (زینت باطنہ کا) چھپانا افضل ہی۔

جوان عورت کو، بڑی چادر اوڑھے بغیر (اُس اجنبی مرد کے سامنے آنا جو ان مستثنےٰ صورتوں میں داخل نہو) جائز نہیں۔

یہ ہیں وہ مختلف مدارج جو آیت میں مشترک لبیان ہیں۔

قولہ تعالیٰ "ولا یضربن بارجلھن لیعلم ما یخفین من زینتھن"، یعنی "عورتیں چلنے میں ایسے

ایسے دہماکے سے اپنے پیر (زمین پر) نہ رکھیں کہ لوگوں کو اُن کی اندرونی زینت (یعنی زیور) کی خبر ہو۔

ابن عباس اور قتادہ کہتے ہیں کہ نساء (جاہلیت) مردوں کے سامنے ایسے زور سے زمین پر پیر مار کر چلتی تھیں کہ اُن کی پازیبوں کی جھنکار سُنی جاتی تھی۔ اور ظاہر ہے کہ پازیبوں کی جھنکار ایک مغلوب الشہوت مرد کے حق میں ایک ایسے پکارنے والے کا کام دے گی جو عورتوں کے نظارہ کے لیے بلاتا ہو۔ خدا نے "زور سے زمین پر پیر نہ مارنے" کی علت "لیعلم ما یخفین" بیان فرما کر اس بات پر متنبہ کیا ہے کہ عورتوں کے دہمک کر چلنے سے اُنکے زیور وغیرہ کی زینت مردوں پر ظاہر نہ ہو جایا کرے۔

قولہ تعالیٰ "وتوبوا الی اللہ جمیعا ایہا المومنون لعلکم تفلحون" یعنی اے مسلمانو! تم سب خدا کی درگاہ میں (جاہلیت کی اُن تمام رسموں سے جنکی اصلاح اس آیت میں بیان کی گئی ہے) توبہ کرو، تاکہ تم کو فلاح و بہبود نصیب ہو۔

ابن عباس کہتے ہیں کہ "اُن باتوں سے توبہ کرو، جنکو تم زمانہ جاہلیت میں کرتے تھے، تاکہ دنیا و آخرت میں سعادت حاصل ہو۔" (تفسیر کبیر جلد ششم مطبوعہ مصر۔ از صفحہ ۳۷۴ تا صفحہ ۳۸۲)

اصل عربی	ترجمہ
(۱) فان قلت لم سوغ مطلقاً فی الزینۃ الظاھرۃ؟ قلت لان سترھا فیہ حرج۔ فان المرأۃ لا تتمکن من مزاولۃ الاشیاء بیدھا۔ ومن الحاجۃ الی کشف وجھھا فی الشہادۃ والمحاکمۃ والنکاح	(۱) اگر تم یہ سوال کرو کہ زینت ظاہری کے اظہار میں کیوں آسانی رکھی گئی ہے؟ تو ہم اسکا یہ جواب دینگے کہ اُسکے چھپانے میں حرج ہے اسلیئے کہ عورت اپنے ہاتھوں سے چیزوں کے لین دین پر مجبور رہے، اور شہادت و محاکمہ اور نکاح کے وقت منہ کھولنے کی محتاج

وتضطر الی المشی فی الطرقات وظہور قدمیہا وخاصۃ الفقیرات منہن۔ وھذا معنی قولہ تعالٰی "الا ما ظہر منہا" یعنی الا ما جرت العادۃ والجبلۃ علی ظہورہ والاصل فیہ الظہور۔ تفسیر کشاف صفحہ ۹۴۸

اور راستے میں چلنے کیوقت پیر کھولنے پر مجبور ہی اور خصوصاً محتاج عورتیں اور یہی معنی "الا ما ظہر منہا" کے ہیں یعنی جس چیز کے کھلے رہنے پر عادت اور جبلت جاری ہو اور اُس کا ظاہر رہنا اصل فطرت ہو اسکا مصداق سوائے ہاتھ اور منھ کے اور کوئی چیز نہیں ہوسکتی)

(۲) وقیل الزینۃ زینتان: ظاہرۃ وباطنۃ۔ فالظاہر لا یجب سترہا ولا یحرم النظر الیہا، لقولہ تعالٰی الا ما ظہر منہا" وفیہا ثلاثۃ اقاویل: احدہا ان الظاہرۃ الثیاب والباطنۃ الخلخالان والقرطان والسوار ان (عن ابن مسعود) وثانیہا ان الظاہرۃ الکحل والخاتم والخضاب فی الکف (عن ابن عباس) والکحل والسوار والخاتم (عن قتادہ) وثالثہا ان الوجہ والکفان (عن الضحاک وعطا) والوجہ والبنان (عن الحسن) وفی تفسیر علی بن ابراہیم الکفان۔ والاصابع (تفسیر مجمع البیان جلد ثانی، صفحہ ۱۶۱ مطبوعہ طہران)

(۲) زینت دو قسم کی ہے ظاہری اور باطنی، زینت ظاہری کا چھپانا واجب نہیں اور نہ اُسکی طرف دیکھنا حرام ہی اس میں تین قول ہیں۔

اول ابن مسعود سے روایت ہی کہ زینت ظاہری لباس ہی اور زینت باطنی پازیب، بالیاں، اور کنگن ہیں۔ دوم ابن عباس سے روایت ہی کہ زینت ظاہری سرمہ انگوٹھی، رخسارے اور ہاتوں کی سندی ہی۔ اور قتادہ سے روایت ہی کہ وہ سرمہ، کنگن اور انگوٹھی ہی۔ سوم۔ ضحاک اور عطا سے روایت ہی کہ زینت ظاہری مونھ اور ہات ہیں۔ اور حسن سے روایت ہی کہ وہ مونھ اور انگلیاں ہیں۔ اور تفسیر علی بن ابراہیم میں بھی ہات اور انگلیاں اُسکے مفہوم میں داخل کی گئی ہیں۔

(۳) "الا ما ظھر منھا" ارادیہ الزینۃ الظاھرۃ۔ واختلف اھل العلم فی ھذہ الزینۃ الظاھرۃ التی استثناھا اللہ تعالیٰ قال سعید بن جبیر والضحاک والاوزاعی ھو الوجہ والکفان۔ وقال ابن مسعود ھی الثیاب بدلیل قولہ تعالیٰ "خذوا زینتکم عند کل مسجد"۔ وارادبہ الثیاب قال الحسن الوجہ والثیاب قال ابن عباس الکحل والخاتم والخضاب فی الکف فان من الزینۃ الظاھرۃ جائز للرجل الاجنبی النظر الیھا اذا لم یخف فتنۃ وشھوۃ۔ فان خاف شیئاً منھا غض البصر وانما رخص فی ھذا القدر ان تبدیہ المرأۃ من بدنھا لانہ لیس بعورۃ۔ (تفسیر معالم التنزیل جلد ثالث صفحہ ۲۰۷ مطبوعہ بمبئی)

(۴) لایبدین زینتھن "الا ما ظھر منھا" وھو الوجہ والکفان فیجوز نظرہ لاجنبی ان لم یخف فتنۃ (تفسیر جلالین)

(۵) "الا ما ظھر منھا" عند مزاولۃ الامور التی

(۳) خدا نے "الا ما ظھر منھا" سے زینت ظاہری مراد لی ہے۔ علماء نے اس زینت ظاہری کی تعیین میں جسکو خدا نے مستثنیٰ فرمایا ہے اختلاف کیا ہے۔ سعید بن جبیر، ضحاک، اور اوزاعی کہتے ہیں کہ اس سے مونھ اور ہاتھ مراد ہیں۔ ابن مسعود بدلیل آیت "خذوا زینتکم عند کل مسجد" زینت ظاہری سے کپڑے مراد لیتے ہیں۔ حسن مونھ اور ہاتھ مراد لیتے ہیں۔ ابن عباس کہتے ہیں کہ زینت ظاہری سے سرمہ، انگوٹھی اور ہاتھوں کی مہندی مراد ہے، اجنبی مرد کو زینت ظاہری کا دیکھنا جائز ہے، بشرطیکہ شہوت اور فتنہ کا خوف نہو اور اگر کسی بات کا اندیشہ ہو (تو زیادہ سے زیادہ) آنکھیں نیچی کرلے۔ عورت کو اپنا بدن کھولنے کی اس لیے اجازت دی گئی ہے کہ مونھ اور ہاتھ داخل حجاب نہیں۔

(۴) "الا ما ظھر منھا" سے مونھ اور ہاتھ مراد ہیں اگر اندیشہ فساد نہو تو اجنبی مرد کو اجنبی عورت کا مونھ اور ہاتھ دیکھنا جائز ہے۔

(۵) "الا ما ظھر منھا" یعنی چیزوں کے لے دینے کے وقت عادۃ جو کچھ کھلا رہتا ہو،

لابد منها عادۃ۔ کالخاتم والکحل والخضاب ونحوہ فان فی سترھا حرجا بینا وقیل المراد بالزینۃ مواضعھا علی حذف المضاف او ما یعم المحاسن الخلقیۃ والتزینیۃ والمستثنی ھو الوجہ والکفان لانھا لیست بعورۃ (تفسیر علامہ ابو المسعود برحاشیہ تفسیر کبیر جلد ششم صفحہ ۳۵۹)

جیسے انگوٹھی، سرمہ، خضاب، اور اور اسی قبیل کی چیزیں، اسلیے کہ اُنکے چھپانے میں صریح تکلیف ہے۔ اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ بحذف مضاف مواقع زینت مراد ہیں، یا زینت خلقی اور اکتسابی دونوں مراد لیجائیں۔ اور مستثنےٰ منہ اور ہاتھ ہے، اسلیے کہ یہ داخل حجاب نہیں۔

(۶) فان کانت اجنبیۃ حرۃ فجمیع بدنھا عورۃ فلا یجوز لہ ان ینظر الی شئ منھا الا الوجہ والکفین لانھا محتاج الی ابراز الوجہ للبیع والشراء والی اظہار الکف للاخذ والعطاء۔ قال القفال ومعنی قولہ "الا ما ظھر منھا" الا ما یظھرہ الانسان علی عادۃ الجاریۃ وذلک فی النساء الحرائر الوجہ والکفان۔ (غرائب القرآن مشہور بہ تفسیر نیشاپوری)

(۶) مرد اجنبیہ کا تمام بدن داخل ستر ہے اجنبی مرد کو اُس میں سے کچھ بھی دیکھنا جائز نہیں، مگر مُنہ اور ہاتھوں کا دیکھنا جائز ہے، اسلیے کہ عورت بیع و شریٰ کے وقت مُنہ کھولنے کی محتاج ہے، اور لین دین کے وقت ہاتھ کھولنے پر مجبور ہے (اسی تفسیر میں دوسری جگہ) قفّال کا قول منقول ہے کہ "الا ما ظہر منہا" سے وہ حصہ بدن مراد ہے، جو عادت انسانی میں کھُلا رہتا ہو، اور حرہ عورتوں کی عادت میں منہ اور ہاتھ کھُلا رکھنا داخل ہے۔

(۷) قال ابن عباس وسعید ابن جبیر وابراھیم النخعی وھو احد قولی "الا ما ظھر منھا" الوجہ والکفان (تفسیر زاھدی)

(۷) یعنی ابن عباس، سعید ابن جبیر، اور ابراہیم النخعی کہتے ہیں کہ "الا ما ظہر منہا" سے مُنہ اور ہاتھ مراد ہیں۔

علامہ سیوطی نے، جو ایک بہت بڑے مفسر اور نامور محدث ہیں، اور جنہوں نے اپنی

تفسیر میں از سر تا پا یہ التزام رکھا ہے کہ قرآن کی تفسیر احادیث اور آثار و فقہاء صحابہ کی راے سے کی جائے، جو کچھ اپنی تفسیر میں "الا ما ظھر منھا" کے بحث میں لکھا ہے ہم اُس میں سے بھی یہاں نقل کرنا چاہتے ہیں۔ جس سے ناظرین کو یہ معلوم ہوگا کہ "الا ما ظھر منھا" سے مُنہ اور ہاتھ مراد لینا تفسیر بالراے نہیں ہے، بلکہ احادیث سے بھی یہی ثابت ہوتا ہے۔ اور اُس تمام قوم نے، جس کی زبان میں قرآن نازل ہوا، یہی معنی سمجھے ہیں، اور اُن کا تعامل بھی اسی پر رہا ہے، اور اب تک ہے۔

(۸) (الف) اخرج ابن المنذر عن انس فی قولہ تعالیٰ "لا یبدین زینتھن الا ما ظھر منھا" قال الکحل والخاتم۔

(۸) (الف) ابن منذر نے انس سے بیان کیا ہے کہ "لا یبدین زینتھن الا ما ظھر منھا" سے سرمہ اور انگوٹھی مراد ہے۔

(ب) واخرج سعید ابن منصور وابن جریر وعبد بن حمید وابن المنذر و البیھقی عن ابن عباس "ولا یبدین زینتھن الا ما ظھر منھا" قال الکحل الخاتم والقرط والقلادۃ۔

(ب) سعید ابن منصور، ابن جریر، عبد بن حمید، ابن المنذر اور بیہقی، ابن عباس سے بیان کرتے ہیں کہ "لا یبدین زینتھن الا ما ظھر منھا" سے سرمہ، انگوٹھی، اور بالیاں مراد ہیں۔

(ج) واخرج عبد الرزاق وعبد بن حمید عن ابن عباس فی قولہ تعالیٰ "الا ما ظھر منھا" قال ھو الخضاب الکف والخاتم

(ج) عبد الرزاق اور عبد بن حمید، ابن عباس سے بیان کرتے ہیں کہ "الا ما ظھر منھا" سے ہاتھوں کی مہندی اور انگوٹھی مراد ہے۔

(د) واخرج ابن ابی شیبۃ وعبد بن حمید وابن ابی حاتم عن ابن عباس فی قولہ "الا ما ظھر منھا" قال وجھھا وکفاھا و

(د) ابن ابی شیبۃ، عبد بن حمید اور ابن ابی حاتم ابن عباس سے بیان کرتے ہیں کہ "الا ما ظھر منھا" سے عورت کا مُنہ اور ہاتھ اور

الخاتم

(ہ) واخرج ابن ابی شیبۃ وعبد بن حمید وابن ابی حاتم عن ابن عباس فی قولہ "الا ما ظھر منھا" قال رقعۃ الوجہ وباطن الکف

(و) واخرج ابن ابی شیبۃ وعبد بن حمید وابن المنذر والبیھقی فی سننہ عن عائشۃ انھا سئلت عن الزینۃ الظاھرۃ۔ فقالت القلب والفتخ وضمت طرف کمیھا۔

(ز) واخرج ابن ابی شیبۃ عن عکرمہ فی قولہ "الا ما ظھر منھا" قال الوجہ وثغرۃ النحر۔

(ح) واخرج ابن جریر عن سعید بن جبیر فی قولہ "الا ما ظھر منھا" قال الوجہ والکف۔

(ط) واخرج ابن جریر عن عطا فی قولہ "الا ما ظھر منھا" وقال الکفان والوجہ

(ی) واخرج عبد الرزاق وابن جریر عن قتادۃ "ولا یبدین زینتھن الا ما ظھر منھا" قال المسکتان والکحل والخاتم۔ قال قتادۃ وبلغنی ان النبی صلعم

اور انگوٹھی مراد ہے

(ہ) ابن ابی شیبۃ، عبد بن حمید اور ابن ابی حاتم ابن عباس سے بیان کرتے ہیں کہ "الا ما ظھر منھا" سے مونھ کی ٹکیا اور ہتھیلی مراد ہے

(و) ابن ابی شیبۃ، عبد بن حمید، ابن المنذر اور بیہقی اپنے سنن میں حضرت عائشہ رض سے بیان کرتے ہیں کہ اُنسے زینت ظاھرہ کی نسبت دریافت کیا گیا اُنھوں نے جواب دیا کہ کنگن اور انگوٹھی زینت ظاہرہ ہیں اور ساتھ ہی اپنی آستینوں کے کنارہ کو بھی شامل کر دیا۔

(ز) ابن ابی شیبۃ، عکرمہ سے بیان کرتے ہیں کہ "الا ما ظھر منھا" سے مونھ اور گردن مُراد ہے۔

(ح) ابن جریر، سعید ابن جبیر سے بیان کرتے ہیں کہ "الا ما ظھر منھا" سے مونھ اور ہات مراد ہے۔

(ط) ابن جریر عطا سے بیان کرتے ہیں کہ "الا ما ظھر منھا" سے دونوں ہات اور مونھ مراد ہے۔

(ی) عبد الرزاق، اور ابن جریر، قتادۃ سے بیان کرتے ہیں کہ "لا یبدین زینتھن الا ما ظھر منھا" سے پازیب اور انگوٹھی مُراد ہے۔ قتادہ کہتے ہیں کہ مجھے آنحضرت کے اس ارشاد کی خبر پہونچی ہے کہ "جو عورت خدا اور روز آخرت پر ایمان

قال لایحل لامراۃ تؤمن باللہ والیوم الآخر ان تخرج یدھا الا ھھنا وقبض نصف الذراع۔

رکھتی ہو، اُسکو اپنے ہات کھولنے جائز نہیں، مگر یہاں تک، اور اُس کی تشریح آپنے اپنے نصف ذراع تک کی۔

(ک) واخرج عبدالرزاق وابن جریر عن المسور بن مخرمۃ فی قولہ "الا ما ظھر منھا" قال القلبین یعنی السوار والخاتم والکحل۔

(ک) عبدالرزاق اور ابن جریر، مسور بن مخرمہ سے بیان کرتے ہیں کہ "الا ما ظھر منھا" سے کنگن اور انگوٹھی اور سرمہ مُراد ہی

(ل) واخرج سنید وابن جریر عن ابن جریج قال قال ابن عباس فی قولہ "ولا یبدین زینتھن الا ما ظھر منھا" قال الخاتم والمسکۃ۔ قال ابن جریج وقالت عائشۃ القلب الفتخۃ قالت عائشۃ دخلت علی ابنۃ اخی لامی عبداللہ بن الطفیل مزینۃ فدخلت علی النبی صلعم واعرض فقالت عائشۃ انھا ابنۃ اخی جآءت فقال اذا عرکت المرأۃ لم یحل لھا ان تظھر الا وجھھا والا ما دون ھذا وقبض علی ذراع نفسہ۔ فترک بین قبضۃ وبین الکف مثل قبضۃ اخری۔

(ل) سنید اور ابن جریر، ابن جریج سے بیان کرتے ہیں کہ اُنھوں نے "ولا یبدین زینتھن الا ما ظھر منھا" کی تفسیر میں ابن عباس کا یہ قول بیان کیا ہی کہ اُس سے انگوٹھی اور پازیب مراد ہے ابن جریج یہ بھی کہتے ہیں کہ حضرت عائشہ نے کنگن اور انگوٹھی بیان کی ہی۔

حضرت عائشہ کہتی ہیں کہ مرے برادر مادری عبداللہ ابن طفیل کی بیٹی مزینہ میرے پاس آئی، اور پھر آنحضرت کے پاس گئی، تو آپنے مونھ پھیر لیا۔ حضرت عائشہ نے کہا کہ "یہ تو میری بھتیجی ہی" اور ابھی لڑکی ہی۔ آنحضرت نے فرمایا کہ جب عورت جوان ہوجائے تو اُسکو اپنا مونھ اور اُسکے سوا کھولنا جائز نہیں" (اسکے بعد) آپنے اپنی باہ پکڑی اور ہات اور گرفت کے درمیان ایک مٹھی کی جگہ چھوڑ دی (یعنی پہنچوں سے اوپر تک ہاتوں کا کھولنا بھی جائز فرمایا)

(م) واخرج ابن داؤد وابن مردویه والبیهقی عن عائشة ان اسما بنت ابی بکر دخلت علی النبی صلعم وعلیها ثیاب رقاق فاعرض عنها وقال "یا اسماء ان المرأة اذا بلغت المحیض لم یصلح الا ان یری منها الا هذا - واشار الی وجهه وکفه

(ن) واخرج ابو داود وفی مراسیله عن قتادة ان النبی صلعم قال "ان الجاریة اذا حاضت لم یصلح ان یری منها الا وجهها و یدیها الی المفصل" (تفسیر الدر المنثور للسیوطی جلد پنجم صفحہ ۳۹ و ۴۰، مطبوعہ مصر)

(م) ابو داؤد، ابن مردویہ اور بیہقی حضرت عائشہ سے بیان کرتے ہیں کہ حضرت ابوبکر کی بیٹی اسماء آنحضرت کے پاس باریک لباس پہنے ہوئے آئیں، آپ نے اُنکی طرف سے مُنہ پھیر لیا، کہ اے اسماء! جب عورت جوان ہوجائے تو سوا اسکے اُسکے بدن میں سے کچھ دیکھا جانا جائز نہیں" آپنے اس ارشاد کی تشریح اپنے مُنہ اور ہاتھ کی طرف اشارہ کرکے فرمائی۔

(ن) ابو داؤد نے اپنے مراسیل میں قتادہ سے جناب سالت مآب کا یہ ارشاد نقل کیا ہی کہ "لڑکی جب حائض ہوجائے تو اُسکا مُنہ اور پہونچوں تک ہاتھ انکے سوائے، اور کچھ دیکھا جانا جائز نہیں"

ان شواہد پر نظر ڈالنے سے معلوم ہوتا ہی کہ بعض نے "زینت ظاہری" سے مواضع زینت مراد لیے ہیں، اور بعض نے زینت اکتسابی مراد لی ہی جیسے سرمہ، مہندی، انگوٹھی اور لباس وغیرہ، مگر بادنی تامل معلوم ہوسکتا ہی کہ یہ اشیاء زینت داخل حجاب نہیں ہوسکتیں، اسلیے کہ اگر وہ داخل حجاب ہوتیں تو اُنکا بدن سے علیحدہ دیکھنا بھی ناجائز ہوتا، حالانکہ ایسا نہیں ہے۔

اشیاء زینت کا خارج از حجاب ہونا، اسکے صاف یہ معنی ہیں، کہ اُنکے استعمال کی جگہ داخل حجاب نہیں، گو بادی النظر میں "نفس زینت" اور "موضع زینت" دو چیزیں نظر آتی ہیں، مگر حجاب کا حکم اُنکے محل استعمال ہی سے متعلق ہی، اور انگوٹھی یا سرمہ کاجل وغیرہ زینتوں کا دیکھنا، بدون چہرہ اور ہاتھ دیکھنے کے محال ہی۔ اگرچہ ان چیزوں کی خیالی تصویر کا ذہنوں میں آنا ممکن ہو، اور شاعرانہ چابکدستی سے معشوق کے خیالی اسٹیج پر سجادی گئی ہوں۔ اور یار لوگ اس سے مزے لے رہے ہوں۔

راقم محمد مختار۔ حیدرآباد دکن۔

The College.

Ali Raza, l. b. w. *b.* Andrews	0	st. Gen. Spens, *b.* Andrews	6
A. Ali, *c.* Andrew, *b.* Cookson	31	*c.* Patterson *b.* Cookson	0
Salam, *b.* Andrews,	9	not out	83
Amir Ahmad, st. Gen. Spens, *b.* Andrews,	0	*c.* Turner, *b.* Patterson	20
Rahatullah ,,	5	*c.* Nairne, *b.* Patterson	6
Samad, *b.* Patterson,	6	did not bat	
Syed, not out	64	not out	20
Halim, *c.* Cookson, *b.* Hurt,	0	did not bat	
Ally Hasan, l. b. w. *b.* Nairne,	26	,,	
Shafqat, *b.* Cookson,	21	st. Gen. Spens, *b.* Turner	33
Razi, *c.* Andrew *b.* Cookson	0	did not bat	
Extras	16	Extras	12
Total ...	178	Total ...	180

BOWLING ANALYSIS.

	1st. INNINGS.				2nd. INNINGS.			
	W.	M.	R.	O.	W.	M.	O.	R.
Samad	3	3	75	16	nil	nil	2	10
Salam	4	2	88	23	4	3	11	30
Shafqat	...	...	...	...	6	2	12	61
Raza	nil	nil	51	10	...	...	...	...
Rahatullah	0	nil	29	4	...	...	...	...
Razi	1	nil	4	2	...	...	...	...

SALAMUDDIN,

Cricket Captain.

1906. The Home Team under the Captaincy of General Spens showed admirable combination, and did credit to the game. Turner and Cookson by their respective 63 and 48 pulled the score to 118 within nearly an hour and a half. General Spens followed and added 59 in his free, fine and faultless style. Captain Andrews also made 59 with his easy pulling. The innings closed for 260 runs. Our fielding was shocking altogether. All of us took share in leaving eleven chances, but it was rather owing to the cloudy weather and the nervousness of raw recruits. Though we were not so successful in our first innings, Shafqat, who could not bowl in the first innings, being away at Meerut because of his sister's illness, reached Bareilly in time for batting and changed the face of the play in combination with Syed who played a simply splendid and flawless game for 64 not out ; while Shafqat got 21. But more credit is due to Ahmad Ali who went in first and braved the opening attack for 31.

In the 2nd innings, however, we began more hopefully and Shafqat's bowling played havoc among the Home Team. General Spens making the highest score 30. Salam was most successful in his batting and bowling this time. He piled up 83 and was not out. Shafqat made the game spirited with his easy 33. Amir Ahmad and Syed got 20 each while the latter again retired not out. Our fielding was much better this time, Syed specially securing some fine chance at the wicket. As it was growing dark we had to retire with our five wickets not batting though we wanted only five runs to win.

The account of the runs of the two innings is given below.

Bareilly.

1st Innings.		2nd Innings.	
G. Cookson, *b.* Salam,	48	*b.* Shafqat	9
G. Hewett, *c.* Salam, *b.* Samad,	0	*b.* „	1
E. N. Turner, run out	63	*c.* Raza, *b.* Salam	4
R. G. Nairne, *c.* Syed, *b.* Salam,	1	*c.* Razi, *b.* Shafqat	13
Capt. Barlow, *c.* Salam, *b.* Samad,	13	*c.* Shafqat, *b.* Salam	0
Gen. Spens, *c.* A. Ali, *b.* Razi,	59	*b.* Shafqat	30
T. Hurt, *c.* Samad, *b.* Salam,	0	*c.* Syed, *b.* Shafqat	14
Capt. Andrew, *c.* A. Ali, *b.* Samad,	59	*b.* Salam	6
Capt. Patterson, run out,	2	*c.* A. Ali, *b.* Salam	8
N. F. Addes, not out,	0	*c.* Halim *b.* Shafqat	8
D. B. Grey, *b.* Salam,	0	not out	
Extras	13	Extras	8
Total ...	260	Total ...	101

Among the discoveries, made in the moghal period, one may mention the watermill invented by a Mohammadan in the reign of Jahangir. Noor Jahan's mother invented the distillation of rose-water. And Noorjahan herself showed remarkable originality in designing artistic and beautiful feminine ornaments and dresses. In short there was much that could be called original in India before the commencement of British rule in India.

But since the commencement of the westernization and Europeanization of the country, she has been rapidly losing her individuality ; and originality in the people is fast being killed. Europemania is the order of the day. We are imitating Europeans in every way. We like to dress like Europeans, walk like Europeans, talk like Europeans, shave like Europeans, eat like Europeans, and gesticulate like Europeans. Our arts are being coldly neglected. The noisy piano has taken the place of the sweet sitar. English games are rapidly bringing into disuse our Indian games. Western civilization has invaded our hearths and homes. The institution of *purdah* which contributes so much to the sweetnees and womanliness of woman has been shaken to its foundations. And the Indian ideal of womanhood is in great danger of deterioration by the influence of European civilization. Our interesting nursery tales, songs and folk-lore are fast being forgotten, while English Society novels are read with great avidity. We know little about the Mohammadan heroes of antiquity, but can talk a good deal about Cromwell and Napolean.

This slavish imitation of Europe has resulted in our intellectual sterility. The popularity of European literature has stopped the growth of Indian thought. There has not been written a single work of genius for the last hundred years. It is said that India is getting poorer. The statement is truer in the intellectual than in the material sense. If the poor are suffering from material poverty, the rich are suffering from intellectual poverty. The poor are poor in bread, but the rich are poor in ideas. In short India's intellectual mendicancy is appalling, and all this is due to the influence of European civilization. "SARA."

Cricket 1st XI at Bareilly.

The 1st XI played its first match of the season against the Bareilly Gymkhana on the 12th and 13th December,

came into contact, a new language, namely, Hindi came into existence. But Hindi was the language of the masses, and the Hindoo upper classes spoke and wrote Persian the language of their rulers. Thus the days of Hindoo greatness were practically over. And though under Mohammadan rule, they produced some books, they were written in Persian and there was very little original about them.

The first and most formidable fixture was with the Lahore Gymkhana of the Xmas season. But the experience of some old players and the bowling of Shafqat worked wonders, and we won the day by 9 wickets. Then we had to play the N.W.R. Europeans who were easily beaten by 45 runs and one innings. Our last fixture at Lahore was with the

The rain of the previous week laid the dust and freshened up all the foliage, so that the College and its surroundings were at their best.

His Majesty's special train reached Aligarh at about 10-30. At the station the Amir was received by the Commissioner, the Collector, the Principal, the President, the Honorary Secretary and several leading Trustees. The guard of honour was furnished by the XIXth Panjabis, and the escort by the VIIIth Bengal Lancers together with a detachment from the College Riding School.

At the Main Gate the remaining Trustees, with the College and School Staff were in attendance, and were presented to the Amir who conversed affably with many before proceeding towards the Strachey Hall between the lines of students and boys, who were drawn up on both sides of the road. The Old Boys were on the Strachey Hall steps and the College Guests in front of the Amir's room. On reaching the retiring room His Majesty gave an audience of one hour to Nawab Mohsin-ul-Mulk after which he breakfasted along with his chief Sirdars. Shortly before one o'clock the Amir began his inspection of the College, passing along the verandah of the Pakka Court to the Main Gate, whence he drove to the English House. On returning to the College he attended prayers and spent the rest of the afternoon till 4 o'clock in listening to one or two classes and particularly in examining several bodies of students on theology. At 4 o'clock His Majesty went to the Strachey Hall where on behalf of the Trustees Khan Bahadur Moazzamilullah Khan read an address. In his reply the Amir said that he had heard much against the College with regard to its slackness in religious matters, but now that he had heard and seen for himself, he would be able to silence such false allegations. (cheers) He was a strong advocate of western learning, always provided that due attention was paid to Mussulman learning also. In Kabul he had founded a College for the advancement of education in his country. It had given him great pleasure to inspect the College and as a sign of his satisfaction he would make a yearly grant in perpetuity to the College of six thousand rupees. Further he would make a donation of twenty thousand rupees at once. (Prolonged cheers). In conclusion His Majesty desired the audience to go to the Garden Party and to enjoy themselves, and invited about twenty five of the Trustees to to dine with him.

(The Amir's Visit.)

His Majesty, the Amir of Afghanistan, visited the College on January 16th last. Great preparations had necessarily to be made as the number of Sirdars and officials in the Amir's suite was very large. The whole line of buildings, between the Mosque and the Principal's Hall was, with one or two exceptions, given over to the Amir and his followers. His Majesty breakfasted and dined in the Lytton Library, and the Beck Manzil was his retiring room. The Chief Sirdars had the Asman Manzil and the Nizam Museum was also furnished for attachès. The Principal's Hall itself was used for the body guard and minor officials and a large number of tents were provided in the Kachha Court for Sirdars, officials and soldiers. The British Officers, including Sir Henry McMahon and Mr. Dobbs, the officer in charge of the tour, had other arrangements made for them.

In addition to the Afghan visitors there were also more than five hundred guests and Old Boys. Thirty-two Trustees were present—a record number. The majority of these guests were put up in the School buildings, the Arnold House, and in various students' rooms The College guests and Old Boys took their meals in the College Dining Hall, which was set apart for their exclusive use.

All food for His Majesty, his Sirdars and followers was prepared in a temporary kitchen, close to the Lytton Library. The Mohammadan Entertainment Committee had charge of these arrangements and one of the School Staff, Master Saadat Ali Khan, and two Old Boys, Syed Ain-ud-din B. A., and Mozaffar Mohammad Khan B. A., were deputed by the College and the Committee to superintend all preparations for food. The decorations for the Garden Party were undertaken by Mr. Beck and a committee of boys; Mr. Harrison managed the lighting and the illumination of the buildings, and Mr. Gardner Brown was for the last week in general charge of the preparations. Mrs. Archbold arranged for the breakfast for the British Officers and Mrs. Gardner Brown supervised the Garden Party. The building committee, headed by Sahibzada Aftab Ahmad Khan did excellent work; and Mir Wilayat Hosain Sahib was busy with work of every kind as usual.

that for some time to come the Education Question will continue to be the cause of considerable political controversy. I ought perhaps to repeat what I have already explained in a previous letter, that the phrase "Education Question" in England really means at the present time the question of how to arrange the religious teaching in the public elementary schools in such a way as to suit the numerous different religious sects into which Englishmen are divided.

Another political question, which so far is chiefly regarded as affording light amusement for newspaper readers has been much heard of lately. I refer to the Women's Suffrage Movement, the demand that women should be granted the vote for parliamentary elections on the same conditions as men. Certain women who support this proposal seem to have come to the conclusion that the best way for them to advance their cause is to advertise it largely. Now to pay for extensive advertisements would require much money, therefore these women adopt means by which they may obtain free advertisements. Their procedure is to obtain entrance to the Lobby of the House of Commons and there contrary to the rules, to make speeches. They are then at once requested to depart whereupon their speeches become disturbances and, as the policemen have to remove them, their gesticulations and resistance become assaults—with the result that they have to be brought up and charged in the Police Courts. They are convicted and fined a small sum of money, and as they generally refuse to pay the fines they have to go to prison instead. This is exactly what they want for the whole proceedings are reported in every newspaper and so the free advertisement is obtained and the imprisoned ladies pose as martyrs for their cause. But while we ridicule the methods which some of these women adopt we must remember that there are many people (both men and women) who quite seriously advocate the extension of the suffrage to women, and I believe that no inconsiderable number of Members of Parliament are in favour of the proposal. It may I think safely be said at present that the proposal is not yet supported by a majority of the women of this country, for most women consider themselves better employed in looking after their homes and nursing and educating their children than in devoting their attention to political questions. But the movement will probably grow and its early stages should not be regarded solely as matters for amusement.

I am, &c.,

G. P. GOODALL.

relations and functions of the two Houses of Parliament as illustrated by the course of the Bill. We find a Government supported by an immense majority in the elected Chamber, yet defeated by a very large majority in the other (non-elected) Chamber ; and as all legislation must receive the approval of both Chambers the Government is consequently unable to carry its proposals into effect. And yet there is no suggestion even on the part of the most bitter opponent of the Government that it is their duty to resign. This shows that the position of a Government (or Administrations in this country depends upon the support only of one Chamber—the elected House of Commons—which is the same thing as to say that it depends in the end upon the support of the electorate. So that it is quite possible that there might be an instance of a Government remaining in office and conducting all the administrative affairs of the country both Home and Foreign, and yet being quite unable to carry out any reforms or alterations in legislation. This would of course be a deadlock and some of our readers may wonder whether such a deadlock would have to continue indefinitely or whether there is any way out of the difficulty. In actual practice the difficulty is generally overcome after the Government have appealed to the country *i.e.* after a General Election If the two Chambers take different views and the Government after a General Election, come back to the House of Commons with a majority large enough, or under other circumstances clear enough to show that they are supported by the electorate in the particular matter which is the ground of conflict between the two Chambers then the House of Lords will generally withdraw its opposition, though there is no written rule on the point. But it may further be asked whether that does not exactly fit the position of the present Government which has so recently been victorious at a General Election. The answer of the House of Lords is that the Government's majority does not show that the Education Bill had the approval of the country, inasmuch as the actual proposals embodied in the measure were not before the country at the time of the Election, and the Education question (though admittedly it did contribute to the defeat of the late Government) yet was only one out of many contributing causes, and so (say the House of Lords) the Government cannot claim that they have the electorate behind them on this particular question. So stands the matter now and what the outcome will be I shall not attempt to prophesy, but there can be no doubt

In another direction too we have entered on a different course. Syed Wahid-ud-din Sahib, of Sasaram, Behar, retired Hospital Assistant, has taken over the duties of Dining-Hall Superintendent. He has had much experience of this kind of work, and we have every reason to hope that he will introduce many beneficial methods of management here.

Letters from England—Number 7.

December 1906.

DEAR MR. EDITOR,

The end of the year still finds us with the main political interest centered upon the same subject which has engrossed the energies and attention of politicians during the greater part of the year, namely, the Education Bill. After being passed by a large majority in the House of Commons the Bill was introduced into the House of Lords where it was altered considerably by numerous amendments. Then, following the ordinary procedure the Bill came back to the House of Commons for consideration of the Lords' amendments. The Government in the House of Commons adopted the unusual, but perfectly legitimate, course of asking the House to consider the amendments as a whole instead of one by one. This proposal was agreed to and the amendments were then rejected by a majority of over 300. Then back went the Bill to the House of Lords accompanied however by an intimation from the Government that they were willing to agree to some of the Lords' amendments and to make certain concessions with regard to others. There then followed two days of anxious waiting during which it was understood that the leaders of the Government and of the Opposition were negotiating privately in the hope of arriving at some mutual compromise, but this unfortunately could not be arranged and so the Bill was once more rejected by the House of Lords and there the matter ended. The Bill is dead and the law as to public elementary schools remains as it was.

The history of this unfortunate measure makes an interesting lesson in Parliamentary procedure and in the unwritten principles of the British Constitution. As to procedure I have perhaps said enough. As to the constitutional aspect of the matter it is of interest to observe the mutual

In addition to all these fixtures the Hockey Team played and defeated the IV Rajputs by 1-0, after an excellent game. The College Football XI for the Tournament played the 2nd Gurkhas on the 21st with an indecisive result ; and were beaten by the 7th Gurkhas on the 23rd after a really good game by 3 to 1. The College Team has itself to blame for losing this match, as the forwards failed to use their opportunities and wasted time in pretty but ineffective passing instead of attacking with real vigour.

The Annual Sports for College and School are to take place about the middle of this month. It is to be hoped that more will enter even than last year, and—more important—will do some training for the various races. There are many good runners in the College and very many promising athletes in the School too, but it is rarely that we see them do a really good performance ; and the reason is simply that they have not troubled to train themselves to produce that last great effort which distinguishes a good from an ordinary result.

Building was greatly interrupted in January, but the record of the month is that the Lytton Library and the adjacent room have been completely finished, as the stone flooring has been laid down and the Library adorned with the College crest. The Mumtaz House additions have been carried nearer a finish and the School House after many vicissitudes is beginning to show its final shape and to give an idea what it will be like.

On January 14th Dr. Horowitz, of Berlin University, the newly appointed Professor of Arabic in the College, arrived from Europe. He has had some Eastern experience before, having lived for a year or two in Syria and Egypt. The new Arnold House is to be Dr. Horowitz's residence for some time, at any rate. We wish the new Professor all success in his work here.

The "Prince of Wales Science School" in its temporary quarters (the Principal's Hall and adjacent rooms) is flourishing. A large consignment of scientific instruments and apparatus has lately arrived and Dr Harrison now has at any rate the beginnings of a good laboratory, together with a well-fitted workshop. For the latter the services of a trained mechanic have been secured. The future of the Science School seems distinctly rosy at present.

The Aligarh Monthly

February, 1907.

College Notes

The ordinary work of the College was very much upset by the preparations for the Amir's Visit. This of course was inevitable ; but the loss of practically a fortnight is a serious matter for all those whose examinations are near. Then the Eid-uz-zuha holidays, and in this month the closing of the College for Moharram make another gap in our working time. The curious thing to notice is that from March 1st to July 31st, *i.e.* for five months, there are very few holidays indeed. At no time of the year is a holiday a greater relief to the teacher and the taught than in the hot-weather. But for some years to come the lunar calendar will not be favourable to us in this respect ; and we shall continue to have the first half of the cold weather cut up by an endless series of short holidays, while the hot weather will be, as it were, a dreary desert of work.

The various clubs are having a busy time this season. The Cricket and Hockey Tours were a great success and all three clubs are engaged in the Western Circle of the University Tournament. The School teams went to Agra for the School Tournament on January 21st and following days.

علیگڑھ اسکول

جلد (۵) — مارچ ۱۹۰۷ء — نمبر (۳)

آریہ و اَن آریہ قومیں اور سنسکرت و پراکرت زبانیں

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ونصلی علیٰ رسولہ الکریم

پہلا حصہ آریہ اور اَن آریہ قومیں

آریہ قومیں

آریوں کی اصلیت اب سے بہت پیشتر (جس کی ابتدا کی کچھ خبر نہیں) وسط ایشیا کے غربی حصے میں (جو اب ترکستان کہلاتا ہے) بنی نوع انسان کے متعدد خاندان ادھر اُدھر پھرتے رہتے تھے جو اپنے کو آریہ کہتے تھے۔ اور کھیتی باڑی اور چوپانی سے بسر اوقات کرتے تھے۔

یہ لوگ۔ خوبصورت۔ خوش قیافہ۔ متناسب الاعضا۔ فراخ پیشانی۔ تنومند۔ اور قوی الجثہ ہوتے تھے۔ اور قد و قامت۔ رنگ و روپ اور دیگر اوصاف جسمانی و روحانی

میں دوسری قوموں سے نمایاں طور پر فائق و ممتاز تھے۔ خصوصاً اپنی ہمسایہ مشرقی قوموں سے جن کے چہرے چپٹے، رنگ زرد اور پیشانیاں تنگ اور سر پیچھے کو اُٹھی ہوئی ہوتی تھیں۔

آریوں کا اطرافِ عالم میں پھیلنا جیسے جیسے زمانہ زیادہ گزرتا گیا۔ اُن کی نسلوں میں روز افزوں ترقی ہونے لگی۔ اور آخر کو وہ اِتنے زیادہ ہو گئے کہ پرانی آبادیوں میں اُن کے لئے جگہ باقی نہ رہی اور ضرورتاً اُنھیں اپنے مرکز سے ہٹنا۔ اِدھر اُدھر پھیلنا اور اطرافِ عالم میں نقلِ مکان کرنا پڑا۔

چنانچہ مختلف گروہوں نے مختلف اوقات میں۔ دنیا کے مختلف قطعاتِ زمین میں جلاوطنی اختیار کی۔

ایرانی آریہ اُن میں سے کچھ لوگ تو پچھم کو چلے گئے۔ اور ممالکِ یورپ کو آباد کیا۔ کچھ دکن کی جانب بڑھ گئے۔ اور جنوبی ایشیا میں سکونت پذیر ہوئے۔ اور کچھ اپنے زادبوم سے ہٹ کر فارس ہی میں ٹھیر گئے، جو اُنھیں کی بود و باش کے سبب سے آخر کو ایران بولا جانے لگا۔ وہاں ملک کی سرسبزی۔ شادابی۔ آب و ہوا کی لطافت اور خوشگواری نے اُن کو تمدن کے اعلیٰ درجے پر پہنچا دیا۔

ہندوستانی آریہ ایرانی آریہ میں سے۔ اب سے ہزاروں برس پہلے (جسکا ٹھیک زمانہ معلوم نہیں) ایک قوم۔ افغانستان کی طرف نکل آئی۔ اور پھر وہاں سے۔ درۂ خیبر اور دوسری گزرگاہوں سے (جو اُتر پچھم کی جانب۔ ہمالیہ پہاڑوں میں واقع ہیں) ہندوستان کو بڑھ آئی

مہماں نوازِ سرزمینِ ہند نے۔ زبانِ حال سے۔ معزز مہمان کے خیر مقدم میں یہ شعر پڑھا

اے آمدنت باعثِ آبادیٔ ما ذکرِ تو بود مزمۂ شادیٔ ما

اور بطور پیشین گوئی یہ کہا۔

بر زمینے کہ نشانِ کفِ پائے تو بود ساالما سجدۂ صاحب نظراں خواہد بود

یہ تازہ وارد دین۔ مدتوں پنجاب میں۔ سرسوتی ندی کے ساحلی ملکوں میں (جو اُن دنوں۔ سپتا سندھو (سات دریا) کہلاتا تھا) بڑے سکھ چین سے زندگی بسر کرتے رہے۔ لیکن جب اُن کی اولاد کی تعداد۔ زیادہ ہوئی۔ تو پیشقدمی شروع کی۔ اور پیش پا اُفتادہ صوبوں اور ملکوں

میں ہوتے ہوئے برابر شمال مشرق کیطرف بڑھتے چلے گئے۔[1] *

سورج بنس اور کوشل راج یہاں تک کہ ایک کافی زمانے کے بعد ملک کے ایک بڑے حصے میں۔ (جو اُتر میں۔ گنگا سے بہت دُور تک۔ اور یورپ میں دریاے گنڈک تک پھیلا ہوا تھا۔) ایک زبردست سلطنت قائم کرلی۔ جسکا نام کوشل راج تھا۔ اور اُسکی راجدھانی اَجُدھیا تھی۔ بانیِ سلطنت کا نام اِکشواکو تھا۔ اور اُسکا شاہی خاندان تواریخ میں۔ سورج بنس کے لقب سے مشہور ہے۔

ہندو مؤرخوں کے قول کے مطابق۔ اِکشواکو کا زمانہ ست جگ میں تھا۔ جسکو کم و بیش چالیس لاکھ برس ہوتے ہیں۔

بانیِ سلطنت سے ستاون پشت کے بعد۔ اِس عالی دُودمان میں۔ مہاراجہ رام چندر ہوئے، جو جملہ اوصافِ حمیدہ کے بلاشبہہ ایک اعلےٰ نمونہ تھے[2]

مہاراجہ رام چندر کے بعد۔ راجہ سُمِتر تک۔ چھپن راجے اور اَجُدھیا کے تخت

---

[1] * بعض یورپین مؤرخوں کا خیال ہے کہ آریوں کی پہلی جلاوطنی یورپ کی طرف تھی۔ وہاں سے ایک جماعت اُن کی ایران میں آئی۔ پھر آپس میں۔ خانہ جنگی اور مذہبی جھگڑا پھیل جانے کے سبب سے۔ اُس جماعت کے ایک گروہ نے روٹھکر ہندوستان کا رُخ کیا۔ اِس خیال کی صحت و غلطی کا قطعی فیصلہ تو اِسوقت غیر ممکن ہے۔ لیکن ظاہر اطوفانِ نوح کا پانچ ہزار برس کا مختصر زمانہ (جس پر اہل یورپ۔ تمامی واقعاتِ عالم کا دار و مدار رکھتے ہیں) آریوں کی اِس ہیر پھیر کی جلاوطنی اور بعد ازاں ہندوستانی آریوں کی گذشتہ۔ اعلیٰ درجہ کی ترقیِ تمدن کے لئے کافی نہیں معلوم ہوتا۔ واللہ اعلم بالصواب۔

[2] رامائن کی لاثانی اور دلاویز نظم۔ سراسر انھیں کے کارناموں اور انھیں کی سوانح عمری میں لکھی گئی ہے۔ اوّل اوّل اِس کتاب کو۔ شری بالمیک نے نہایت شستہ اور فصیح و بلیغ سنسکرت میں وقوعِ واقعہ کے قریب ترہی زمانے میں تصنیف کیا تھا۔ بعد ازاں آج سے تقریباً تین سو برس پہلے گوسائیں تلسی داس نے زبانِ بھاشا میں۔ اس کا نظم ترجمہ کیا۔ اِن دونوں کے علاوہ اور بہت

پر یکے بعد دیگرے رونق افروز ہوتے گئے[۱]۔ اور مہابھارتھ کی خونریز لڑائی تک۔ (جس کے مزید حالات آگے بیان کئے جائینگے) سورج بنسی راجاؤں کی تعداد۔ توے سے سو تک مختلف بیان کی گئی ہے۔ راجہ سُمِتر۔ اَجدھیا کا آخری راجہ ہوا۔

اُجین کا راجہ۔ بکرماجیت (جسکا سمت ۱۹۶۳۔ آج تک ہندوستان میں جاری ہے) راجہ سُمِتر اُس سے کچھ روز پیشتر دنیا سے کوچ کر گیا۔

راجہ سُمِتر پر سورج بنسیوں کے کوشل راج کا خاتمہ ہوگیا۔ اور وہ سلطنت چندر بنسیوں کے قبض و دخل میں آگئی۔ اِسوقت سے دو سو[۲۰۰] برس، بلکہ زیادہ تک سورج بنس کے راجاؤں کے حالات نہایت تاریکی میں ہیں۔ اِس مدتِ مدید میں صرف نام چار راجاؤں کے بتلائے گئے ہیں اور اُنکا کچھ حال نہیں لکھا۔ معلوم ہوتا ہے کہ انقلابِ زمانہ نے انتزاعِ سلطنت کے بعد۔ گمنامی کی حالت میں اُنھیں اِدھر اُدھر پریشان رکھا۔

سمت ۲۰۱ میں سورج بنس کے ایک راجہ نے (جسکا نام گنگ سین تھا) بلبھی پور واقع گجرات میں ایک زبردست سلطنت قائم کی۔ اور تین سو اسّی[۳۸۰] برس، یعنی سمت ۵۸۱ تک اُس کی اولاد کے بائیس[۲۲] راجے وہاں برسرِ حکومت رہے۔

اس کے بعد سمت ۵۸۲ میں ایک قوی دشمن[۱] نے بلبھی پور پر چڑھائی کی۔ جس نے

شاعروں نے بھی اِن کے پاکیزہ حالات اور دلچسپ واقعات کے بیان میں طبع آزمائیاں کی ہیں۔ حتّٰی کہ عوام الناس کی زبانوں پر بھی اِن کا ذکرِ خیر۔ گیتوں، راگوں اور ضرب المثلوں کے پیرایہ میں ہمیشہ جاری ہے۔

[۱]۔ اِس حساب سے اَجدھیا کے کُل تخت نشینوں کی تعداد۔ ایک سو تیرہ[۱۱۳] ہوتی ہے۔ لیکن راج پرستی کے مصنف رنجھور بھٹ نے۔ سورج بنسی راجاؤں کی تعداد۔ اِکشواکو سے لیکر مہاراجہ رام چندر تک باسٹھ[۶۲] اور اُن سے لیکر راجہ سُمِتر تک ساٹھ[۶۰] لکھی ہے۔ اِس حساب سے کُل فرمانروا۔ ایک سو بائیس[۱۲۲] ہوتے ہیں۔ وَاللّٰہُ اَعْلَمُ بِالصَّوَابِ ۵

[۱] وہ قوی دشمن کون تھا اور کہاں سے آیا تھا۔ اِس بات میں بڑا اختلاف ہے۔ جس کی تفصیل کی

اُس سلطنت کو نیست و نابود ہی کر دیا۔

اُس وقت راج گدی پر راجہ کال بھوجا دت تھا۔ وہ ملک و مال کی حفاظت کے لئے آمادۂ پیکار تو ہوا، مگر آخر کو وہ اور اُسکا سارا خاندان مارا گیا۔ حُسنِ اتفاق سے ایک حاملہ رانی بچ رہی۔ جسکا نام پُشپاوَتی تھا۔ اُس نے نَتیاگر کی کھوہ میں پناہ لی، اور مدتِ معہودہ کے بعد ایک لڑکا جنی۔ جسکا نام پہاڑ کی کھوہ کی مناسبت سے گُہا پڑا۔ لیکن جب سنِ تمیز کو پہونچکر۔ انڈر میں ایک سلطنت قائم کر لی۔ تو گرہادت کے نام سے موسوم ہوا۔ اُدی پور کے رانا اِسی گُہا یا گرہادت کی نسل میں ہیں۔

بدیہہ راج اُسی زمانے کے قریب قریب۔ (جبکہ کوشل راج قائم ہوا) راجہ بدیہہ نے بدیہہ راج کی بنیاد ڈالی۔ یہ سلطنت بھی اُسوقت کے لحاظ سے ایک قوی سلطنت تھی جس کی وسعت دریائے گنڈک سے کوسی ندی تک پھیلی ہوئی تھی۔ اور مہاراجہ رام چندر کے وقت میں اُسکا تختگاہ جنک پور تھا۔

بدیہہ یا مَیتھِل راج کو تواریخ میں اسوجہ سے شہرت ہے کہ راجہ جنک (جو بدیہہ

یہاں گنجایش نہیں۔ ہنڈ و مؤرخین۔ کرنل ٹاڈ صاحب۔ کرنل واتھن صاحب۔ اِلفنسٹن صاحب مالکم صاحب وغیرہ۔ سب کے سب اِس بارہ میں مختلف الآرا ہیں۔ اور کسی کی بات دل کو چُبھتی نظر نہیں آتی۔ ہم۔ مالکم صاحب کے قول کو مان لیتے۔ جنھوں نے ایرانی مؤرخوں کے حوالے سے نوشیروانِ عادل کی فوجکشیِ ہند کا حال لکھا ہے۔ مگر بلبھی پور کی تباہی۔ نوشیرواں کی تخت نشینی سے چھ برس پہلے وقوع میں آچکی تھی۔ یعنی بلبھی پور سمت ۵۸۲ میں برباد کیا گیا تھا اور نوشیرواں سمت ۵۸۸ میں تخت نشین ہوا۔ پھر کس دلیل سے۔ بلبھی پور کی ویرانی کو اُس شاہ عالیجاہ سے منسوب کیا جائے۔ فرشتہ وغیرہ اکثر مؤرخوں نے ذکر کیا ہے۔ کہ میواڑ کے راجے نوشیرواں کی اولاد میں ہیں۔ لیکن وہ واقعہ کوئی اور ہوگا۔ اُس سے اِس سے کوئی تعلق معلوم نہیں ہوتا۔

خاندان کے چشم و چراغ اور کوشل راج کے لائق و فائق فرمانروا تھے) وہ مہاراجہ رام چندر کے سسر تھے۔

کاشی راج اِسی زمانے کے کچھ آگے پیچھے۔ ایک اور سلطنت کے قائم ہونے کا پتہ چلتا ہے، جسکا نام کاشی راج تھا، جو کوشل راج سے دکھن طرف واقع تھی۔ اور اُسکا دارالحکومت۔ بلدۂ کاشی تھا۔ جو اَب تک بڑے اوج و بہجت اور رونق کے ساتھ قائم ہے۔

زمانۂ حال میں کوشل راج کو اَودھ، بدیہہ راج کو ترہُت۔ اور کاشی راج کو ضلع بنارس کہتے ہیں۔

ایرانی آریوں کے اُصول ملک گیری آریہ مہاجرین یا تارک الوطنوں کی یہ پہلی کھیپ تھی جنھوں نے جنگی فتوحات کی نسبت۔ زیادہ تر اخلاقی فتحیں حاصل کیں۔ یعنی اپنی دلکش عادتوں۔ دلفریب چال چلن۔ دِل آویز حُسنِ اخلاق۔ اور دلپذیر حُسن برتاؤ سے تسخیر عام کا ایک پُر تاثیر جادو پھیلا کر خاص و عام کے دلوں کو مُسخر کر لیا۔

آبادیوں کا کچھ ذکر (ضمناً) گمانِ غالب ہے کہ مہاجرین کی یہ جماعت۔ اُن ایرانی آریوں کی ایک بارُد اور سایہ دار شاخ تھی۔ جن کو ایران کی تواریخ میں آبادیاں لکھا ہے۔

یہ مقدس گروہ۔ ملکِ ایران میں۔ دینی رسالت اور دُنیاوی حکومت۔ دونوں منصبوں سے ممتاز و سرفراز تھا۔ مورثِ اعلیٰ اُنکا مہ آبادتھا، جس پر آسمانی کتاب دساتیر نازل ہوئی تھی اِس کتاب میں۔ پندرہ ابواب ہیں۔ جن کو پیغمبروں کے پندرہ صحیفے کہہ سکتے ہیں۔ کیونکہ آبادیوں کا گروہ بھی پندرہ مشترک اشخاص سے مرکب ہے۔ جن میں کا ہر ایک دینی حیثیت سے پیغمبر اور دنیاوی حیثیت سے بادشاہ تھا۔ اور پندرھوں دین مہ آباد کے پیرو تھے۔ آخری پیغمبر و بادشاہ کا نام آباد آزاد تھا۔ اور مدتِ سلطنت آبادیوں کی ستوذاد سال کیوانی لکھی ہے۔ جس کے دس نیل برس ہوتے ہیں

آباد آزاد کے بعد کیومرث تک (جس سے ایرانی سلطنتوں کا تاریخی زمانہ

شروع ہوتا ہے) حکمرانوں کے تین خانوادے اور تختِ ایران پر ہو گزرے ہیں۔ جن کی تفصیل درج ذیل ہے۔ یہ لوگ بھی دینِ سہ آباد کے پیرو تھے۔

نامِ خاندان — مورثِ اعلیٰ کا نام۔ آخری حکمراں کا نام۔ مدتِ سلطنتِ ہر خاندان۔

۱۔ جیّان۔ جمّ افرام آزاد۔ جے آلاد۔ ایک اسپار سال کیوانی۔

۲۔ شائیان۔ شائی کلیو شائی مہول۔ ایک شمار سال کیوانی۔

۳۔ یاسائیان۔ یاسان۔ یاسان آجام۔ نو سلام سال کیوانی۔

آریاورت جسطرح آریوں کی مناسبت اسی سے ملکِ فارس کا نام ایران پڑگیا تھا اُسی مناسبت سے ہندوستان کے مفتوحہ حصّوں کا نام بھی آریاورت ہوگیا۔ اور اُسکی حدیں یہ تھیں:۔

اُتر۔ ہمالیہ پہاڑ۔ دکھن۔ بندھیاچل۔ پچھم۔ سندھ۔ پورب۔ بنگال۔

ایرانی اور ہندوستانی آریوں کا اتحاد اگرچہ۔ تقریباً۔ یہ سب باتیں قیاسی ہیں۔ لیکن ایرانی آریوں اور ہندوستانی آریوں کا۔ کسی زمانے میں ایک اور متحد ہونا صرف قیاسی ہی نہیں ہے۔ بلکہ اِس قیاس کی تائید میں بڑی بڑی دلیلیں پائی گئی ہیں۔ اور وقتاً فوقتاً ہنوز پائی جاتی ہیں۔

زند اور بید کی زبانیں۔ سنجملہ اور دلیلوں کے ایک قوی دلیل زبان ہے۔ علماء علم اللسان نے دونوں ملکوں کی مذہبی زبانوں (یعنی زند اور بید) کی مختلف خصوصیاتِ لسانی پر کامل غور و خوض کرنے کے بعد بالآخر یہ نتیجہ نکالا ہے۔ کہ کسی زمانے میں دونوں زبانیں۔ ایک تھیں۔ اگر وہ خود ایک نہ تھیں۔ تو دونوں کا مخرج ضرور ایک تھا۔

---

* اہلِ ایران۔ زمانہ کو اجرامِ سماوی کے بے حساب دوروں پر تقسیم کرتے ہیں۔ جن کی تفصیل یہ ہے:۔ دس لاکھ برس کا ایک سلام۔ سنو سلام کا ایک شمار۔ سنو شمار کا ایک اسپار۔ سنو اسپار کا ایک زاد۔ سنو زاد کا ایک آزادہ۔ سو آزادہ کا ایک زار۔ سنو زار کا ایک آزار۔ سنو آزار کا ایک بے آزار۔

ہندوستانی آریہ بلاشبہ ایران سے آئے یہ بات بھی قابلِ لحاظ، بلکہ قابلِ غور ہے کہ سنسکرت کسی دوسرے ملک میں ہندوستان کی عام زبان نہیں ہوئی* بلکہ ہمیشہ اِسکو مقدس درجہ حاصل رہا اور اُسکا رواج برابر اعلیٰ طبقوں ہی میں رہا۔ اِس سے ثابت ہوا کہ ضرور یہ زبان اور اِس کے بولنے والے غیر ملکی تھے اور جب یہ بات ہے، تو اُن کا آنا اُسی ملک سے زیادہ تر قرینِ قیاس ہو سکتا ہے، جسکا ایک اور متحد ہونا۔ مضبوط مضبوط دلیلوں سے ثابت ہے۔

اِتحاد کی مزید دلیلیں زبان کے علاوہ دونوں قوموں کے عقائد، مذہب۔ علوم و فنون، قوموں اور برنوں کی تقسیم، دوروں اور جگوں کی تطویل۔ رسم و رواج۔ الغرض بہت سی باتوں میں (جن کی تفصیل کی یہاں گنجایش نہیں) ایسی مطابقت پائی جاتی ہے۔ کہ خواہ مخواہ قیاس ہی نہیں۔ بلکہ یقین ہوتا ہے کہ دونوں قومیں ایک ہی باغ کے دو درخت، بلکہ ایک ہی درخت کی دو شاخیں ہیں۔

ترکستانی آریوں کا حملہ ہندوستان پر ہندوستان کا تعلق وسط ایشیا کے ساتھ یونانیوں سے بڑھتا گیا۔ اور مہاجرین آریوں کے لئے یہاں کی آمد و رفت کا رستہ زیادہ تر وسیع اور صاف ہوتا گیا یہاں تک کہ ایرانی آریوں یا سورج بنسیوں کے بعد آریوں کی ایک اور شجاع و دلیر (مگر جنگجو اور خونخوار) جماعت نے غالباً خاص ترکستان کی جانب سے اِس ملک پر حملہ کیا۔

پنجابی دیسیوں کے ساتھ لڑائی ایرانی آریوں کیطرح۔ یہ لوگ بھی۔ اوّل اوّل۔ پنجاب میں

* گو اُجین کے راجہ بکرماجیت۔ اور دھارانگر کے راجہ بھوج کے وقتوں میں (جن میں سے پہلے کا زمانہ بسنہ عیسوی سے ۵۰ برس قبل۔ اور دوسرے کا۔ گیارہ سو برس بعد تھا) اُن کی قلمروؤں کے اندر سنسکرت کو اعلیٰ درجے کی ترقی حاصل تھی۔ لیکن وہ ترقی مختص الافراد، مختص المقام اور مختص الوقت ترقی تھی۔ جسکا اثر خاص لوگوں کے درمیان، خاص جگہوں میں، اوقاتِ معین تک محدود تھا۔ عام زبان وہی ہو سکتی ہے جو ملک کے ہر گروہ کی روزمرہ کی گفتگو۔ اور عام کاروبار میں بے تکلف مستعمل ہوتی ہے۔

داخل ہوئے۔ مگر برخلاف اُن کے اِنھیں اُس مُلک میں سخت دِقتوں کا سامنا ہوا۔ یعنی وہاں کے باشندے (جو اور دیسیوں کیطرح کالے، مگر نسبتاً جری اور بہادر تھے) اِن کی پیشقدمی میں سخت مُزاحم ہوئے۔ اور نہایت جرأت و دلاوری کیساتھ مقابلے کو اُٹھ کھڑے ہوئے۔ اور جان توڑ کوششوں اور جانفشانیوں کے بعد۔ جب اپنے کو کھُلے میدانوں میں مقابلہ کرنے کے ناقابل پایا۔ تو ناچار چشموں اور دریا کی کھوہوں اور دوسرے دوسرے محفوظ مقاموں میں پناہ گیر ہو گئے اور اُنھیں پوشیدہ جگہوں سے لوٹ مار دوں کی۔ نوآبادیوں کو تاخت و تاراج کرتے رہے۔

موقع پاکر اُن کی مویشیوں کو چُرا لے جاتے، راہ باٹ میں اُنھیں لُوٹ لیتے۔ اُن کے گانوؤں کو ویران اور برباد کر ڈالتے، اُن کے مرتاض اور تپسوی رشیوں و مُنیوں کو (جو جنگلوں اور ویرانوں میں۔ عزلت نشین ہو کر۔ یادِ خالق میں خوش گزرانی کرتے تھے) طرح بہ طرح کے نقصان اور انواع و اقسام کے آزار پہنچاتے تھے۔ الغرض۔ اُنکو ہر طرح سے تنگ و دق کرتے تھے

اِس کے جواب میں۔ گورے، خوبصورت اور مہذّب آریہ بھی اُن کالے، بدہیئت اور وحشی دیسیوں سے دلی نفرت رکھتے تھے۔ اور ہر موقع پر بڑی بیرحمی سے اُن کو قتل کرتے اور ہمیشہ اُن کی جمعیت کو کم، بلکہ نیست و نابود کرنے کی فکر میں لگے رہتے تھے۔

وحشیوں میں گیاؤ* اور کرشن* دو مشہور ڈاکو تھے۔ جو نورسیدہ آریوں کو بہت ایذائیں دیا کرتے تھے۔ کرشن بڑی بڑی کوششوں سے آخرش پکڑا اور مارا گیا۔ لیکن گیاؤ ہاتھ نہ لگا۔ اور ہر موقع پر اُنھیں بہت تنگ کرتا رہا۔

آریوں کی طرف بھی دو بہادروں کے نام لئے گئے ہیں۔ جو بڑے شجاع اور پہلوان تھے۔ اُن میں سے ایک کا نام کُتس اور دوسرے کا سُدَاس تھا۔ کُتس۔ ایک زبردست دلیر۔ اور صاحب قوت پہلوان تھا۔ جس کی نسبت مبالغے کی زبان میں بیان کیا گیا ہے کہ

---

* آر۔ سی۔ دت۔ کی۔ انیشنٹ اینڈ ماڈرن ہسٹری آف انڈیا۔

اُسنے اکیلے پچاس ہزار کالے دشمنوں کو قتل کیا۔ سُداس بھی ایک مدبّر، بہادر اور فہمند سپہ سالار تھا۔ اور باسشٹھ اور وِشوامِتر رشیوں کا بمشہود حامی و مددگار تھا۔ یعنی کالے وحشیوں کے مقابلے میں اُن کی کماحقہٗ حمایت کرتا تھا۔ جو اُن متراض مہاتماؤں کو اکثر دُکھ دیا کرتے تھے۔

دیسیوں کا زیر ہونا صدیوں کی حاسدانہ اور رقیبانہ دشمنی کے بعد آخر کار اصلی باشندے پورے طور پر مطیع ہو گئے۔ یا ملک سے نکال باہر کر دیئے گئے۔ اور سارا پنجاب بلا آخر خشتے ترکستانی آریوں کی اطاعت و حکومت میں آگیا۔ لیکن یہ فتحیں ہنوز سندھ۔ ستلج۔ اور سرسوتی ندیوں کے اُسی پار تک محدود تھیں۔ اور صرف اِنھیں دریاؤں کے درمیانی ملکوں پر فاتحین کا قبضہ ہوا تھا۔

چندر بنس اور پریاگ راج جس اُولوالعزم اور ذی حوصلہ قوم نے پنجاب کو اس محنت و جانفشانی سے فتح کیا تھا، وہ صرف ستلج اور سرسوتی کے ساحلی ملکوں ہی پر کب قانع رہ سکتی تھی جلد ہی اُس نے اُن ندیوں سے پار ہو کر گنگا اور جمنا کے سرسبز و شاداب دوآبہ کو۔ اپنی کثیر التعداد اور قوت ور جماعتوں کی نوآبادیوں سے بھر دیا۔ اور ایک زمانے کے بعد وہاں اُن کی ایک نہایت زبردست سلطنت قائم ہو گئی۔ جس کی راجدھانی۔ گنگا اور جمنا کے اتصال پر۔ پریاگ یا پرتشٹھان پُری میں قائم ہوئی۔ جسکو اب الٰہ آباد کہتے ہیں۔

بانیِ سلطنت کا نام بُدھ تھا۔ جسکو۔ کوشل راج کے بانی۔ اِکشواکو کا داماد بتلایا گیا ہے۔ مگر واقعات پر غور کرنے سے حقیقت یہ معلوم ہوتی ہے کہ بُدھ۔ اِکشواکو کا اپنا داماد نہ تھا۔ بلکہ مدتوں بعد اُسکی شادی۔ سورج بنس کی کسی لڑکی سے ہوئی تھی۔ نہ کہ خود اِکشواکو کی لڑکی سے۔*

* کیونکہ۔ اِکشواکو سے۔ مہاراجہ رام چندر تک۔ سورج بنسی راجاؤں کی تعداد ۱۰۳ دن بیان کیگئی ہے۔ اور بُدھ سے راجہ جُدھشٹر تک۔ چندر بنس کے کُل چھیالیس ہی راجے بیان کئے گئے ہیں۔ اور جب بُدھ کو۔ اِکشواکو کا داماد بیان کیا جاتا ہے تو لامحالہ دونوں کا زمانہ۔ ایک ہی یا کچھ آگے پیچھے ہوگا۔ پس اس

تواریخ میں۔ یہ شاہی خاندان۔ چندر بنس کے خطاب سے مخاطب ہے اور سورث اعلیٰ اِس کا وہی بدھ تھا۔ مہابھارتھ کی جنگِ عظیم تک۔ اِس خاندان کے نامی گرامی راجاؤں کی تعداد چالیس سے پچاس تک۔ مختلف بیان کی گئی ہے۔

کرو اور پنچال راج پھر اِسی ایک سلطنت سے دو اور پادشاہتیں قائم ہوگئیں۔ ایک کا نام کرو راج تھا۔ اور دارالسلطنت اُسکا ہستناپور۔ جو موجودہ دہلی سے پورب طرف واقع تھا۔ اِس شہر کو۔ راجہ ہستی نے واقعۂ مہابھارتھ سے پانچسو برس پہلے بسایا تھا۔

دوسری سلطنت۔ پنچال کے نام سے موسوم تھی۔ اور اُسکا دارالحکومت کمپلیہ میں تھا۔ جو موجودہ قصبۂ قنوج سے زیادہ دور نہ تھا۔

بعد ازیں۔ ہزار برس کے اندر ہی اندر۔ چند صدیوں کے عرصے میں چندر بنسیوں کی قوی قوی سلطنتیں۔ قریب قریب۔ تمام شمالی ہند میں قائم ہوگئیں۔ مثلاً:۔ بنگال۔ اُڑیسہ۔ مگدھ دیش۔ متھرا۔ مالوہ۔ گجرات۔ اُجین۔ وغیرہ وغیرہ۔

حتیٰ کہ مہابھارتھ کے زمانے تک (جسکا ذکر ابھی آتا ہے۔) سورج بنسیوں کے تحت میں۔ صرف تھوڑا سا ملک۔ گنگا سے اُتر اور ہمالیہ سے دکھن باقی رہ گیا تھا۔ باقی تمام شمالی ہند میں چندر بنسی ہی چندر بنسی۔ برسرِ حکومت نظر آتے تھے۔

مہابھارتھ کا محاربۂ عظیم مدتوں۔ چندر بنسیوں کا ستارۂ اقبال۔ ہمہ دم۔ معراجِ کمال کی جانب ترقی کرتا ہی گیا۔ اور فتح۔ نصرت۔ دولت۔ اقبال۔ زر خریدہ لونڈیوں اور غلاموں کیطرح ہر موقع پر۔ اُن کے سامنے دست بستہ حاضر رہتے تھے۔ لیکن "ہر کمالے را زوالے" آخر کار خود اُن کے گھر ہی میں۔ حسد، بغض، کینہ، رشک، خود غرضی۔ خود بینی۔ اور نفس پرستی کی چنگاریاں۔ دلوں کے اندر ہی اندر سُلگنا شروع ہوئیں۔ اور تھوڑے ہی زمانے میں ایک

حساب سے مہاراجہ جدھشٹر کا زمانہ مہاراجہ رام چندر سے بہت پہلے قرار پاتا ہے۔ اور یہ بالکل علما ہے گوتم بدھ رام چندر۔ ست جگ میں اور جدھشٹر دواپر میں تھے۔ اور دونوں میں لاکھوں برس کا تفاوت ہے۔

ایسی عالمگیر آتش فشانی کی صورت اختیار کی، جس کے شرر فشاں شعلوں نے سارے ہندوستان کے افق امن و امان کو غبار آلود کر دیا۔

تفصیل اس اجمال کی مختصراً یہ ہے:— راجہ* بیاتی۔ (جو چند رمنبیوں کے مورث اعلیٰ۔ بدھ کا پرپوتا تھا)۔ اُس کے تین بیٹے تھے۔ اُدُرو[1]۔ پُورُو[2]۔ اور جادُو[3]۔ پہلا۔ بیٹا۔ کچھ مشہور نہیں ہوا۔ باقی۔ پُورُو[2] اور جادُو[3] کی نسلیں بہت پھولی پھلیں۔ ہم اوپر لکھ آئے ہیں کہ ایک سلطنت پریاگ سے۔ ہستناپور اور کمپلیہ کی۔ دو زبردست سلطنتیں۔ اور قائم ہوگئیں۔ اِسپر۔ اتنا اور اضافہ سمجھ لینا چاہیے کہ جادُو[3] کی زبردست اور طاقتور اولاد نے مہابھارتھ کے واقعہ تک اِن دونوں سلطنتوں کے سوا۔ چھوٹی بڑی۔ چھپّن[56]۔ بادشاہتیں اور قائم کر لی تھیں۔

سری کرشن اور بلرام۔ دو بھائی۔ جادُو خاندان میں نہایت ہی نامی گرامی اور صاحبانِ سطوت و جلال ہو گزرے ہیں۔

محاربۂ مہابھارتھ کے متعلق۔ مناسب معلوم ہوتا ہے کہ اوپر کے تفصیلی قصوں سے قطع نظر کر کے صرف نہایت ہی ضروری واقعات بیان کئے جائیں کیونکہ تفصیل کی اِس مختصر میں گنجایش نہیں ہے۔

ہستناپور کا راجہ۔ وِچِتر۔ کوئی لڑکا نہ رکھتا تھا۔ مگر تین لڑکیاں۔ ان میں سے۔ پنڈیا اور امبکا۔ دو مشہور ہوئیں۔ اور دونوں کے ایک ایک لڑکا ہوا۔ پنڈیا کے بیٹے کا نام پانڈو اور امبکا کے لڑکے کا نام۔ دھرتراشٹر تھا، جو نابینا تھا۔

پانڈو کی شادی۔ راج کنیا۔ کُنتی سے ہوئی جو باسُدیو کی بہن اور سری کرشن کی پھوپھی تھیں۔ اور اُن کے پانچ بیٹے ہوئے۔ جو پانچ پانڈو کے نام سے مشہور ہیں اور اُن کے نام یہ ہیں:— جُدھشٹر[1]۔ بھیم[2]۔ ارجُن[3]۔ نکُل[4]۔ اور سہدیو[5]۔

* ترجمۂ مارش مین ہسٹری آف انڈیا۔

دھترا شٹر کے سو لڑکے تھے، جو کورو کہلاتے تھے۔ اور سب سے بڑا لڑکا دُریودھن تھا جو پانڈوں کا حریف، بلکہ حاسد تھا۔

پانڈو کے مرنے کے بعد حسب دستور خاندان۔ چھوٹے بھائی دھترا شٹر کو۔ راج گدی ملنی چاہیئے تھی۔ مگر نابینائی کی وجہ سے اُس نے انکار کیا اور بے نفسی اور ریاست کا برتاؤ یہاں تک کیا کہ اپنے بیٹے دُریودھن کو چھوڑ کر اپنے بھتیجے۔ جُدھشٹر کو تخت پر بٹھلا دیا۔

یہ بات۔ جوان طبع۔ پُرحوصلہ اور نفس پرست دُریودھن کو سخت ناگوار گذری۔ اور اُس نے۔ بہ زبردستی راج گدی پر قبضہ کر کے پانچوں بھائی پانڈوں کو نکال دیا۔ جو کچھ روزوں تک۔ ملک سندھ میں آوارہ پھرا کیے۔

اُن دِنوں کمپل نگر کے راجہ نے (جو جادو کی نسل میں تھا) اپنی حسینہ لڑکی دروپدی کی تقریب شادی میں اپنے یہاں سیمبر جگ۔ رچا تھا۔ جہاں دیش دیش کے نریش اُس مہ جبین کے اشتیاق ازدواج میں ڈیرے ڈالے ہوئے بصد تمنائے دلی اسیدوار تھے

تا دوست کرا خواہد و میلش بہ کہ باشد۔

پانچوں بھائی پانڈو بھی۔ اِسی غرض سے۔ پھرتے پھراتے وہاں جا پہنچے۔ ارجن کے بخت سعید نے یاوری کی۔ اور اُس نے امتحان تیر اندازی میں پورے طور سے کامیابی حاصل کر کے اُس مہ لقا کو جیت لیا۔ اِس فتحمندی سے پانڈوں کی شہرت و ناموری ہر خاص و عام میں بہت ہو گئی۔

صلح پسند اور دردمند دھترا شٹر نے۔ پانچوں بھتیجوں کو بلا کر رفع فساد کیلئے کُل راج کو بیٹوں اور بھتیجوں کے درمیان تقسیم کر دیا۔

ہستناپور تو بدستور۔ دُریودھن کے قبضے میں رہا۔ اور پانڈوں نے اپنا دارالحکومت اِندر پرست کو مقرر کیا۔ جو ہستناپور سے زیادہ دُور نہ تھا۔ اِس شہر نے پانڈوں

کے زیر سایہ بڑی رونق اور آبادانی حاصل کی۔ اور ہستناپور سے ہمسری کا دعوی کرنے لگا۔ پانڈوں کی روز افزوں ترقی۔ حاسد دُریودھن کے دل میں کانٹے کیطرح کھٹکنے لگی۔ اور جب زور و قوت سے اُن کی عزت و اقتدار میں۔ مزاحمت رسانی اور رخنہ اندازی سے اُسکو یقینی مایوسی ہوئی تو بزدلانہ چال بازی اور فریب کے حملے شروع کئے۔ یعنی قمار بازی اور جوئے کا ڈھنگ ڈالا۔ چنانچہ جدِ ہفتشتر سے اُسکا سارا راج تخت و تاج، مال و اسباب پیاری اور حسین رانی، دُرُوپدی۔ الغرض سب کے سب کو۔ ایک ہی داؤ میں جیت لیا۔ اور پانچوں بھائیوں کو، بارہ برس کی جلا وطنی پر مجبور کیا۔ جو زمانۂ موجود تک۔ تقریباً تمامی ہند میں سرگردان رہے۔ اور ہر جگہ اپنی۔ شجاعت، عظمت و جلالت کے آثارات قائم کرتے گئے۔

بارہ برس ختم ہو جانے پر۔ پانڈوں نے جمنا کے کنارے کسی مقام پر اگر اپنے ملک کا دعوے کیا۔ جسکا جواب اُن کو نہایت مایوسی بخش اور حقارت آمیز ملا۔ یعنی دُریودھن نے کہلا بھیجا کہ اب اُنکو۔ سُوئی کی نوک کی برابر بھی۔ زمین نہیں مل سکتی۔

اب جلا وطن و بے خان و مان۔ پانڈوں کو بجز اسکے اور کوئی تدبیر نہ سوجھی کہ بزدِ شمشیر اپنا حق حاصل کریں۔ چنانچہ اسی آخری بند و بست میں وہ مصروف ہوئے۔ اثناء سیاحت اور آوارہ گردی میں اُن کے بڑے بڑے صاحبانِ جاہ و حشمت۔ زور و قوت اور مالکانِ غیرت و حمیت دوست پیدا ہو گئے تھے، جن کو اُن کی بے بسی اور رحم آور حالت کیساتھ دلی ہمدردی تھی۔ اشارہ پاتے ہی سب کے سب جان نثاری اور جان سپاری کو اُٹھ کھڑے ہوئے۔ اِدھر دُریودھن کو بھی رشتہ داروں کی امداد و معاونت کے علاوہ اپنے زور و زور پر کم بھروسہ نہ تھا۔

الغرض۔ جانبین سے رزم آرائی اور معرکہ پیرائی کی ٹھن گئی۔ جادو کی چھپّن پشتوں کے سوائے (جن کا ذکر اوپر آچکا ہے) ہمالیہ سے راس کماری تک اور سرحد بنگال سے

بحیرۂ ہند اور بحیرۂ عرب تک کے کل راجے، مہاراجے۔ پہلوان۔ نبرد آزما، سُورے، بیر، شجاع اور بہادر، دو میں سے کسی ایک حریف کا ہاتھ بٹانے کے لئے آمادہ ہو گئے۔

کُرُوکشیتر کا میدان، اِس خونخوار اور خونریز لڑائی کے لئے بد آگیا۔ اور دونوں طرف کی فوجیں وہاں اکٹھی ہوئیں۔ طرفین کے سُوروں اور بیروں نے طرح طرح کی ہنر آزمائیاں اور جوہر نمائیاں شروع کیں۔ حتّٰی کہ مُروّجہ آلاتِ جنگ کے سوا۔ (جن کا استعمال اُس زمانے میں عموماً ہوا کرتا تھا) اِس لڑائی میں۔ لاٹھی۔ سوٹا۔ ڈھیلا۔ پتّھر۔ لات، گھونسا۔ دانت، ناخن۔ اِن سب چیزوں سے بھی۔ بے تکلف۔ بڑی ہنرمندی کیساتھ کام لیا گیا۔

یہ نمونۂ رستخیز۔ معرکہ۔ اور خونریز محاربہ۔ اٹھارہ روز تک۔ بڑی جلادی و بیدادی کے ساتھ برپا رہا۔ طرفین کے بیشمار آدمی مارے گئے۔ خون کی ندیاں بہ گئیں کُشتوں کے پُشتے لگ گئے۔ آخر کو دُریودھن مارا گیا۔ اور مہاراجہ جُدھشٹر کی جے ہوئی۔

لیکن جب اُنھوں نے، دوستوں اور دشمنوں کی لاشیں۔ (جو ایک ہی خون اور نسل سے تھے) خاک و خون میں، غلطاں و پیچاں پائیں۔ تو اِس عبرت انگیز نظارہ نے۔ اُس نرم، رقیق اور پُر درد دل پر حسرت و مایوسی کا گہرا اثر ڈالا۔

فتحمند راجہ کو اِس تمنّا اور آرزو کی نُصرت و ظفر کی مطلق خوشی نہ ہوئی۔ بلکہ منتوحہ شہر ہستناپور میں داخل ہو کر، دوستوں، دشمنوں، خصوصاً دُریودھن کی لاشوں پر اُنھوں نے نہایت رقّت اور درد و حسرت کیساتھ نوحہ و ماتم کیا۔ اور دنیائے ناپائدار

---

* - یہ وُہی میدانِ رزم ہے۔ جہاں۔ پرتھی راج کو۔ شہاب الدین غوری نے۔ ابراہیم لودی کو بابر بادشاہ نے۔ اور مرہٹوں کو۔ احمد شاہ دُرّانی نے۔ ہزیمت دی تھی۔

اِن واقعات سے۔ ایک ضعیف الاعتقاد اور کم زور دل میں۔ یہ خیال پیدا ہو سکتا ہے۔ کہ یہ میدان۔ ہندوستان کے صاحبانِ تاج و تخت کے حق میں نامبارک ہے۔ اگرچہ اِس خیال کو واقعیت اور حقیقت سے کچھ واسطہ نہ ہو۔

سے متنفر و دل برداشتہ ہوکر تخت و تاج ارجن کے پوتے پرکھیپت کو سپرد کیا۔ اور خود ہمالیہ کے برفستانی پہاڑوں میں ریاضت و تپسیا کی غرض سے چلے گئے۔ (باقی آئندہ)

۱۵۔ فروری ۱۹۰۸ء۔ خاکسار ویانت حسین عفی عنہ

انضباطِ تعلیم

حضرات۔! ایسوسی ایشن کی جانب سے جس مضمون پر قلم اُٹھانے کا مجکو حکم دیا گیا ہے غالب گمان یہ ہے کہ میں اُس سے عمدہ طور پر عہدہ برا نہو سکونگا۔ ایک تو اسلئے کہ میں پرانی طرز کا تعلیم یافتہ اور دقیانوسی خیالات کا بندہ ہوں جس طریق تعلیم و تربیت سے اس آخری زمانے میں مجھے فیضیاب ہونے کا موقع ملا ہے اُس میں جہاں تک میں نے دیکھا ہے اُستاد کی طرف سے کسی قاعدہ اور روش کی پابندی ضروری نہیں سمجھی جاتی تھی۔ وہ گو مختلف اطوار اور مختلف مزاج کے بزرگ ہوتے تھے۔ اور کسی خاص کمال کے سبب جسکو عوام الناس پسند کرتے تھے مرجع خلائق ہو جاتے تھے، اور طلبا نہ کسی جبر و تشدد یا کسی لالچ اور طمع سے بلکہ محض اپنے دلی شوق سے جس قسم کے کمال کو حاصل کرنا چاہتے تھے اُسی قسم کے صاحب کمال کیطرف سر کے بل دوڑتے تھے اور بصد آرزو اُستاد کی آستاں بوسی کو اپنی سعادت سمجھکر اُسکے آگے زانوئے تلمذ تہ کرتے تھے، اور اُستادوں کا یہ عالم ہوتا تھا کہ وہ اکثر اوقات شاگردوں کے ہجوم سے گھبراتے تھے، اور کبھی خلقی سے اور کبھی کسی حیلہ بہانہ سے اُس بھیڑ کو اپنے پاس سے ہٹانا چاہتے تھے۔ مگر طلبا جو طلب صادق رکھتے تھے، اُن کی کج خلقی کو دلربایانہ ادا سمجھتے تھے، اور اُنکی ناز برداری کرتے تھے، اور تمام تمام دن کی خدمتگزاری کے بعد اُستاد سے ایک نکتے کا حاصل کرنا اپنی عرق ریزی کا کافی معاوضہ سمجھتے تھے۔ اُس مجلس میں ضرورت ہی نہوتی تھی، کہ اُستاد

علاوہ علمی نکات بیان کرنے کے طلبا کے اطوار کو بھی دیکھتا رہے۔ اور اُن کی توجہ اپنی طرف منعطف کرنے کے لئے اور کھیل دنگا یا غفلت سے باز رکھنے کے لئے نظر کو ہر طرف دوڑائے اور مختلف سوالوں سے، فضول تکرار سے، یا چشم نمائی سے طلبا کو سبق کیطرف متوجہ کرے وہاں تو مینے اکثر بلکہ ہمیشہ وہی نقشہ دیکھا ہے، جسے عربی ضرب المثل میں کانما علی رؤسھم الطیر سے تعبیر کرتے ہیں، یعنی سب اِس انداز سے بیٹھے ہوتے ہیں کہ وہ بالکل جسم بے جان ہیں اور اُن کو بُت سمجھکر وحشی پرندے اُنکے سر پر آ بیٹھتے ہیں۔ اُستاد کی تقریر کا ایک لفظ بھی اُن کے کان تک نہ پہونچے تو اُسے ماں باپ کے ماتم سے زیادہ حسرت ناک سمجھتے ہیں اور اُسکا ایک فقرہ بھی اگر نہ سمجھیں تو اُسے اپنی موت سے زیادہ ناگوار جانتے ہیں۔ اُستاد گھبراکر اُن کو دفع کرنا چاہتا ہے اور وہ اُسوقت بھی ہمہ تن گوش ہیں کہ خفگی میں جو الفاظ اُستاد کی زبان سے نکل رہے ہیں شاید اُن میں بھی کوئی علمی نکتہ ہو جو ہم حاصل کر سکیں۔ اُستاد کسی مشکل مسئلے کے حل کرنے میں محو ہو رہا ہے اور وہ لوگ اُستاد کے سوالوں کا انتظار کرنیکے بغیر خود ہی مختلف اعتراض اور ہر پہلو پر سوال کرکے اُس مسئلے کو ذہن نشین کر رہے ہیں۔ اُستاد وقتِ مقررہ پر اپنی مسندِ ارشاد پر جلوہ افروز نہیں ہوا۔ مگر شاگرد وقت سے بہت پہلے موقعہ مناسب اور مسند کے قریب جگہ لینے کیلئے ایکدوسرے پر پیشدستی کر رہے ہیں۔ اُستاد کسی دن سبق ملتوی کرنے کے لئے حکم دیتا ہے اور وہ اُس خبر بد کو اِس حسرت سے سُنتے ہیں گویا اُن کی خانمان بربادی کی اطلاع ہے۔

صاحبان! وہ لوگ اکثر یہ قاعدہ مقرر کر لیا کرتے تھے۔ کہ جو شاگرد سب سے پہلے حاضر ہو جماعت میں سبق پڑھنے کا فخر وہ پائے۔ اور باقی طلبا سُنتے رہیں۔ اِسپر اکثر پیش آیا ہے کہ کوئی شوقین طالب علم رات ہی کو اُستاد کے دروازے پر آ بیٹھتا ہے کہ دروازہ کھلتے ہی اندر داخل ہو اور سب سے پیشتر آنے کی عزت پائے۔ اُن کے ہاں رجسٹروں میں نام لکھنے اور وقت پر پکارنے اور غیر حاضری پر جرمانہ کرنے کا دستور ہی نہ تھا۔ مگر

طالب علم ہو، اور وقت پر نہ آئے۔ اِس مضمون کے لئے اُن کے دماغ میں جگہ ہی نہ تھی۔ اُس زمانے میں یہ سخت احتیاط اور نہایت پابندی کیساتھ امتحان لینے اور سارٹیفکٹ دینے کا رواج نہ تھا۔ مگر پڑھنے والا اُستاد سے پڑھے اور نالائق رہے، ایسے جانور کا وجود ہی عنقا تھا۔ حضرات! آپکو اپنے علومِ جدیدہ، تحقیقاتِ بدیعہ مبارک ہوں۔ اُس زمانے والے اُنسے ناآشنا تھے۔ اور اِس زمانے کی برکتوں سے بلاشُبہہ محروم تھے۔ مگر اُس طرزِ تعلیم اور اُس طلبِ صادق کا یہ اثر یقیناً قابلِ رشک ہے، کہ وہ لوگ جو کچھ بھی سیکھتے تھے اُسکے سیکھنے والوں میں فیصدی ایک سچے معنوں میں عالم و فاضل کہلانیکا مستحق نہو تو نہ ہو مگر آپکے گریجوایٹوں میں معاف کیجیگا اگر کہوں کہ اسکے برعکس فیصدی ایک بیچلر آف آرٹس یا ماسٹر آف آرٹس کا خطاب پانیکا حقدار ثابت ہوگا۔ اُس زمانے میں اگرچہ کم مگر پھر بھی ہر دَور میں ایک یا چند علاّمہ محقق کا درجہ حاصل کر لیتے تھے۔ مگر آپکی تعلیم میں اپنے فن کا ڈاکٹر کم از کم اِس انڈیا میں تو آجتک غالباً کوئی نہیں نکلا۔

حاصل کلام اِس طرزِ تعلیم کا زمانۂ کمال تو میں نے دیکھا نہیں مگر جو کچھ بھی میں نے دیکھا ہے اُسکا مقابلہ اپنی حالت سے کرتے ہوئے میں سچ کہتا ہوں کہ مجھے اپنی حالت پر بے حد افسوس ہوا کرتا ہے کہ وائے قسمت ہماری عمر ہمیشہ نازبرداری ہی میں گذری۔ طالبِ علمی کے زمانے میں اُستاد ملے تو پُرانے زمانے کے ملے اور جب خود اُس درجے پر پہونچے جسپر اُن لوگوں کو دیکھکر عزت و توقیر کا خیال دل میں جاگزین ہوتا تھا یعنے اُستاد بنے تو شاگرد اِس بیسویں صدی کے ملے جو ناز اُٹھانے کی بجائے ہم کو ہی نازبرداری پر مجبور کرتے ہیں۔ وہاں وقت پر اُستاد کا شوق سے انتظار کیا جاتا تھا اور اُن کے برآمد ہونیکو عید کا چاند سمجھا جاتا تھا، اور یہاں ہم کو وقت سے پہلے حاضر ہونا ہوتا ہے کہ گھنٹہ بجتے ہی کمرے میں حاضر ہوں ورنہ شاگرد ہماری غیر حاضری کو عیدِ نوروز سمجھ کر اپنی آوارہ گردی کے لئے ایک معقول بہانہ پیدا کر لینگے۔ وہاں علم کو علم کے لئے پڑھتے تھے اور اُستاد کی

ہر ایک آواز کو ندائے ہاتف سمجھکر ہمہ تن گوش رہتے تھے۔ اور یہاں مدرسے کی حاضری کو قید بے زنجیر جانکر طلبا کی یہ خواہش رہتی ہے کہ ہماری نظر خطا کرے اور وہ باہم ہنسی مذاق اور دنگا فساد شروع کریں۔ وہاں سبکی نظر اُستاد کے چہرے پر رہتی تھی اور وہ خود سوال کرکے اُن کو مسئلے کے حل کرنے میں مدد دیتے تھے اور یہاں ہمکو تقریر کرتے ہوئے سب کی طرف نظر رکھنی پڑتی ہے، اُن کو دنگا فساد سے روکنا پڑتا ہے۔ وہ چاہتے نہیں مگر جبراً اُن کے کانوں تک آواز کو پہونچانا پڑتا ہے اور اُنکی توجہ اپنی جانب پھیرنے کے لئے طرح طرح کے سوال کرنے پڑتے ہیں۔ قسم قسم کے رُوپ بھرنے پڑتے ہیں۔ ابھی کرسی پر بیٹھے ہیں ابھی شرارہ کیطرح اُچھل کر کمرے کے دوسری طرف جا کھڑے ہوئے۔ کبھی سیڑھیوں پر ٹپک گئے ہیں اور کبھی بورڈ سے لٹک گئے۔ غرض اس زمانے میں ایک لائق اُستاد کو بلاشبہہ وہی کام کرنا پڑتا ہے جو تھیٹر میں ایک ایکٹر کرتا ہے۔ اور ان سب باتوں سے غرض یہ ہوتی ہے کہ یہ چند آوارہ مزاج جنکو غلطی سے طالب علم جیسے معزز خطاب سے پکارا جاتا ہے اور کسیطرح نہیں تو اُستاد کی حرکات ہی کو دیکھنے کے لئے اُسطرف نظر کریں۔ اور اُستاد اُن کی اس نظر عنایت سے فائدہ اُٹھاکر کسی دلکش طرز بیان سے جو جادو بھرے نغمہ و سرود سے مشابہ ہو یا خوش نما تحریر سے جو بورڈ پر ایک خوبصورت گلدستہ کا شبہہ ڈالے سبق کو دلچسپ بنائے جو طلبا کے نزدیک اپنی خشکی اور ناگواری میں جیل کی مشقت سے کم نہیں۔ یہ میں مانتا ہوں کہ تعلیم کو عام کرنا اور ہر کس و ناکس کو علم و ہنر کی چاشنی چکھانا جسکی آجکل ہر طرف چیخ پکار ہو رہی ہے وہ غرض موجودہ حالت میں اسیطرح حاصل ہو سکتی ہے کہ مان نہ مان میں تیرا مہمان بنکر یہ امرت پھل سب لوگوں کے حلق میں ٹھونسا جائے۔ مگر حضرات! سچ پوچھئے تو یہ لوگ جو کسی نہ کسیطرح محض رجسٹرار کا دستخطی بالشت بھر کا کاغذ لینے کے لئے بادل ناخواستہ مدرسے میں آتے ہیں انکو پڑھاکر آپنے علم کا دعوے کرنے والے بیشک بہت بنا دیے لیکن جسکا نام علم ہے اُسکو جاننے والوں کی تعداد اب بھی اگر ہوگی تو سو بسوے اُسی قدر ہوگی جتنی اِس

اشاعتِ علم کا ڈھول بجانے سے پہلے تھی۔

خیر یہ تو ایک جملۂ معترضہ تھا جو بات میں پہلے کہ رہا تھا وہ یہ تھی کہ جہاں گذشتہ زمانے میں صرف مسئلے کو واضح تقریر سے بیان کر دینا ڈیوٹی ادا کر دینے کے لئے کافی سمجھا جاتا تھا وہاں اب علاوہ اس کام کے اُستاد ہی کو یہ سب جھگڑے مول لینے پڑتے ہیں اور اُس محدود وقت کا جو ایک مضمون کے لئے معیّن ہوتا ہے، بہت بڑا حصّہ اِن فضول حرکات و افعال میں ضائع کرنا پڑتا ہے۔ قصّہ کوتاہ آج کل کی تعلیمی دنیا بلکہ اسکا نظامِ شمسی اُس دنیا سے بالکل نرالا ہے، جسمیں پرورش پانے کا مجھے موقع ملا ہے۔ اِس لئے میں بیجا عرض کرتا ہوں کہ اِس مضمون کو موجودہ ضرورت کے مطابق بیان کرنیکی قابلیت مجھ میں ہرگز نہیں۔

اور دوسرے عجیب اتفاق کہئے یا میری نادانی کہ غور کرنے کے وقت میں وہ لفظ ہی بھول گیا جو ہمارے اِس لکچر کا ہیڈنگ مقرر کیا گیا تھا خدا جانے وہ لفظ ڈسپلن تھا یا کچھ اور۔ مگر ہمارے پریسیڈنٹ نے وہ لفظ بولنے کے بعد لفظ نظام سے اُسکا ترجمہ کیا تھا اور نظام کا لفظ آفتاب اور اُسکے متعلقہ سیّاروں کی ترتیب پر بھی بولا جاتا ہے۔ اسلئے میری دوڑ دیکھئے کہ نظام سے نظامِ شمسی کا خیال آیا۔ تمہاتو یہ دماغی نقص کا اثر جو قوتِ متخیلہ پر قابو نہ رکھنے والوں کو اکثر حیران کیا کرتا ہے۔ مگر غور کیا تو مجھے بہت سی باتیں نظامِ شمسی اور نظامِ مدرسہ میں مشترک نظر آئیں۔ نظامِ شمسی میں ہزاروں سیارے ایک خاص ترتیب اور پابندی کے ساتھ اپنے مرکز یعنی آفتاب کے اِرد گرد جمع رہتے ہیں تو نظامِ مدرسہ میں بھی طلبا کی ایک تعداد کو اُستاد کے آس پاس خاص انتظام اور ترتیب سے بیٹھنا ہوتا ہے۔ نظامِ شمسی کا ہر ایک سیّارہ اپنی قوتِ ہاذبہ سے آفتاب سے دور جانا چاہتا ہے اور آفتاب اپنی قوتِ جاذبہ سے اُن کو اپنی طرف کھینچتا رہتا ہے۔ اور اسطرح دونوں کی بالمقابل طاقتوں کا اثر اُن کو دوری بیضوی

حرکت بخشتا ہے، جس سے کبھی وہ آفتاب کے قریب آجاتے ہیں اور کبھی نسبتاً دور چلے جاتے ہیں تو یہاں بھی طلبا، کی خواہش آزادی اور اُستاد کی طرف سے ضابطہ کی پابندی دائمی آمد و رفت کو مسلسل قائم رکھتی ہے۔ نظامِ شمسی میں آفتاب کی قوت یوماً فیوماً غالب آتی جاتی ہے اور سیاروں کو بتدریج اپنی طرف کھینچتی رہتی ہے اور نیز لارڈ کیلون کی تھیوری کے مطابق آفتاب کی حرارت خرچ ہوتی جانے کے سبب وہ خود بھی سکڑتا جاتا ہے تو یہاں بھی ضابطے کی پابندی دن بدن سخت ہو رہی ہے اور طلبا اور خصوصاً کالجیٹ طلبا کی بود و باش اور پرائیویٹ اسٹڈی کی آزادی کو بتدریج کم کیا جاتا ہے۔ اور نیز دوسری طرف بھی ضابطہ کی پابندی اُستاد کی ذمہ داریوں کو بڑھا کر اُن کی دماغی طاقتوں کو حرارتِ آفتاب کیطرح زیادہ خرچ کرتی جاتی ہے۔ وہاں آفتاب اپنے سیاروں میں حرارت اور حرارت کے وسیلے سے روشنی تقسیم کرتا ہے۔ جسپر اُن کے تمام مظاہر خلق و ایجاد منحصر ہیں۔ تو یہاں اُستاد اپنے طلبا میں علم اور علم کی وساطت سے عقل پیدا کرتا ہے جسپر اُن کی ہر طرح کی ترقی موقوف ہے۔ وہاں کبھی آفتاب میں داغ پیدا ہو جانے سے سیاروں کے موسمی آثار میں بہت کچھ اختلاف پیدا ہو جاتا ہے اور آفتاب کے داغوں کا سبب سیاروں اور سیارے کے رہنے والوں کے اختیار سے باہر ہے۔ کیونکہ وہ بہت کچھ آفتاب سے پرے کے دیگر نظام ہائے شمسی اور دوسرے عوالم کے اثر پر موقوف ہے تو یہاں بھی بعض اوقات اُستاد کے دماغ میں ناگوار خلقی اور غیر معمولی ضعف پیدا ہو جانے سے طلبا کی علمی رفتار میں بہت بڑا تفاوت آجاتا ہے اور اس نقص کو دور کرنا اس نظام میں رہنے والوں یعنی طلبا کے اختیار سے باہر ہوتا ہے کیونکہ یہ بھی بیشتر نظام مدرسے بالاتر طاقتوں اور دیگر تعلقات بیرونی کا اثر ہوتا ہے۔ غرض جسطرح آفتاب اور اُسکے متعلق سیاروں کا باہمی انتظام خوبی کیساتھ جبھی تک قائم رہ سکتا ہے کہ اُس نظام کا ہر ایک جزو اپنے موقع مناسب پر کام کرے اِسیطرح

نظام مدرسہ کی عمدگی بھی ارکان اور ارکان کی ہر ایک طاقت کے مناسب محل پر موقوف ہے۔ مگر حضرات! نظام شمسی اور نظام مدرسہ کی مشابہت ناقص رہجائیگی اگر میں ایک خاص فنامین کا ذکر نہ کروں، جو دونوں میں مشترک اور نظام پر بہت بڑا اثر کرنیوالا ہے۔ آپنے نظام شمسی کے ایک بڑے رکن یعنی دُم دار ستاروں کو دیکھا اور اُن کے حالات کو پڑھا ہوگا کہ اُن کی حرکت دوسرے سیّاروں سے بالکل جُداگانہ ہے اور اُن کا مدار حرکت اگرچہ بیضوی یا شکلِ تسبیحی ہوتی ہے، یعنی اُن کے خطِ رفتار کو اُس تسبیح یا مالا سے تشبیہ دی جاسکتی ہے جو لوگ وظیفے کیوقت ایک ہاتھ میں لٹکا لیتے ہیں۔ مگر ظاہر میں ایسا معلوم ہوتا ہے کہ وہ کسی نہایت ہی دُور و دراز فاصلے سے دیگر تمام سیاروں کے دائروں کو نیچے اوپر سے قطع کرتے ہوئے بہ خطِ مستقیم آفتاب کی جانب آتے ہیں اور جب آفتاب کے قریب پہونچتے ہیں یا اُسکی سطح سے ٹکراتے ہیں تو پھر بہ حرکت بازگشت فوراً واپس ہوتے ہیں اور دوڑتے ہوئے فضا میں غائب ہوجاتے ہیں اور سالہا سال کے بعد پھر اُسی حرکت سے آتے ہوئے دکھائی دیتے ہیں اور نیز ایسا بھی دیکھا گیا ہے کہ جب وہ اپنی رفتار میں کسی سیّارے کی فضا میں داخل ہوجاتے ہیں تو اُسکی کششِ ثقل کے سبب اپنے اصلی خطِ رفتار کو چھوڑ کر اُسکی طرف جُھک جاتے ہیں۔ غرض ان کی رفتار دیگر سیّاروں کی باقاعدہ گردش کے مقابل میں نہایت ہی بے ڈھنگی اور بدنما ہے۔ اگر کوئی شخص نظام شمسی کے پرے کسی ایسے مقام پر کھڑا ہو جہاں سے وہ تمام نظام کو دیکھ سکے تو وہ بیساختہ کہہ اُٹھیگا کہ جب تک یہ دُمدار ستارے اِس نظام میں داخل ہیں، اِس انتظام میں ہمیشہ ابتری رہیگی۔ اور اُسکو عمدہ اور قابلِ تعریف کہنا بیجا ہوگا۔

صاحبان! یہی منظر ہم کو نظامِ مدرسہ میں نظر آجایا کرتا ہے جب اتفاق سے کوئی ایسا شخص جماعت میں داخل کرلیا جاوے جو اِس جماعت کیساتھ چلنے کے قابل نہو وہ لوگ دیگر طلبا کی طرح اُستاد کی قابلیت اور ضابطہ کے زیرِ اثر ہو کر ہرگز باقاعدہ گردش

یا آمد و رفت قائم نہیں رکھ سکتے۔ بلکہ کبھی حد سے زیادہ جوش کیساتھ غیر معمولی تیزی سے اُستاد کی طرف آتے ہیں اور پھر اُسکی حرارتِ علم اور نورِ عقل کو اپنی برداشت سے باہر دیکھکر ضابطے کے خطوں کو توڑتے ہوئے واپس بھاگ جاتے ہیں۔ اور طویل غیر حاضری کے بعد پھر اُسی تیزی سے اُستاد کی جانب آتے ہوئے نظر پڑتے ہیں اور جو نوٹ کتابوں کی شکل میں دوسرے طلبا کے لئے ہالہ جیسا خوشنما نظر آتا ہے اُسکا پُشتارہ اُن کی پشت پر ایک فضول دُم سے زیادہ وقعت نہیں رکھتا۔ اور جسطرح دُمدار ستارہ دوسرے سیّاروں کے محور میں آکر اور اُن کی طرف متوجہ ہوکر نظام میں ابتری ڈالنے کا باعث ہوتا ہے۔ اسیطرح یہ لوگ شوقین طلبا کی طرف مائل ہوکر اکثر اپنی فضول حرکات اور آوارہ عادتوں سے اُنکے نظام میں خلل ڈالنے کا باعث ہوتے ہیں اور اِن دونوں کی تشبیہ ایک اور وجہ سے بھی قوی ہوتی ہے کہ سابقہ ہیئت دانوں کے نزدیک دُمدار ستارے سیّاروں کی قسم میں شمار نہیں ہوتے تھے۔ بلکہ اُن کو زمین کا بُخار سمجھا جاتا تھا اور نظر سے غائب ہوجانے پر خیال کیا جاتا تھا کہ وہ بُخار تحلیل ہوگیا۔ جسکے برخلاف موجودہ اسٹرانومی نے انکو بھی سیّارہ مانا ہے اور اُن کی رفتار کا ضابطہ ثابت کیا ہے، اسیطرح سابقہ طرزِ تعلیم میں بھی ایسے بے شوق اور نالائق لڑکوں کو طلبا کی فہرست سے خارج سمجھکر طلبا کی جماعت کو اُن کی آمیزش سے پاک رکھا جاتا تھا۔ اور آجکل فیس دینا اور رجسٹر میں نام لکھوانا طالب علم بننے کے لئے کافی سمجھکر ایسے لوگوں کو اِس معزز گروہ میں شامل کرلیا ہے۔ بلکہ عام تعلیم کے غدر نے انکو اِس گروہ کا ایک ممتاز رُکن بنادیا ہے۔ مگر حضرات! آگے چلکر تشبیہ میں نقص پیدا ہوتا ہے کیونکہ دُمدار ستاروں کی نسبت خیال ہے کہ یہ کسی دُور کی فضا اور کسی اور یونیورس میں سے حرارت اور قوت لاکر اس نظام میں داخل کرتے ہیں حالانکہ یہ وصف نالائق طلبا میں ہرگز نہیں اور اُن کیوجہ سے بہتری مدرسے کی حالت میں پیدا نہیں ہوتی اور اگر کھینچ تان کر اُن کی فیس کی آمد اور اُن کے سرپرستوں کی خوشنودی کو مدرسے کے لئے ایک غیبی امداد سمجھا جائے جیسی دُمدار سیّاروں کی حرارت اور قوت سے

پہونچتی ہے، تب بھی یہ ایسی ناخوش گوار امداد ہے جو کسیطرح نظام کے خلل اور نقص کا کفارہ نہیں ہوسکتی، اور جبتک ایسے طلبا اور ایسی امداد کا وجود اس نظام میں رہیگا، نظام مدرسہ ہرگز عمدہ اور قابلِ تعریف نہیں ہوسکتا۔ عزیز بخش۔ عفی عنہ۔

مصریوں کی ایجادیں

مصر ایک نہایت شاداب اور زرخیز ملک ہے، اسمیں پیداوار بہت کثرت سے ہوتی ہے۔ اسکی خوشگواری آب وہوا اور شادابی کا یہ اثر ہے کہ اسکے باشندوں کی طبیعتیں بہت ذکی اور ایجاد پسند ہیں۔ قدیم باشندگانِ مصر نے جو ایجادیں کی تھیں اُن سے اب تک ایک عالم حیرت میں ہے۔

اوّل اوّل وہ ستاروں کے حالات کیطرف متوجہ ہوئے۔ اور اُس میں اُن کو کھلی ہوا ہموار زمین اور صاف مطلع سے بہت مدد ملی اور اُنھوں نے ستاروں کی حرکات وسکنات کی بڑی تحقیقات کی اور بہت کچھ چھان بین کے بعد اپنے سال کو آفتاب کی گردش کے مطابق کرکے ۳۶۵ دن اور چھ گھنٹے کا سال مقرر کیا۔

دریائے نیل جو ایک عظیم الشان دریا ہے جب کبھی طغیانی پر آتا تھا تو سیکڑوں ایکڑ زمین غرق ہوجاتی تھی اور اس سے مالکانِ آراضی میں بہت جھگڑا ہوتا تھا، اس فساد کے رفع کرنے کے لئے اُن کو علم پیمایش کیطرف توجہ کرنی پڑی چنانچہ اُنھوں نے علم ہندسہ ایجاد کیا

مصریوں کی ایک ایجاد جو نہایت حیرت انگیز اور عجیب وغریب ہے، یہ تھی کہ اُنھوں نے ایک ایسا خوشبودار مصالحہ بنایا تھا کہ اُسکو مُردے کے جسم پر ملنے اور اندرونی اعضا کے چھاتی میں پہونچانے سے لاش برسوں اصلی حالت میں رہ سکتی تھی

جب کسی کا کوئی نہایت عزیز دوست یا رشتہ دار مرجاتا تھا تو وہ اُسکی لاش اُن عطریات اور خوشبودار مصالحوں کے ذریعے سے محفوظ رکھتے تھے، مگر اس ایجاد سے

ہر کہ دمہ مستفیض نہیں ہو سکتا تھا اسلئے کہ اُسمیں روپیہ بہت خرچ ہوتا تھا - ایک لاش پر اول درجے کے مسالحے کے واسطے تیرہ سو پچھتر روپے صرف ہوتے تھے -

قدیم باشندگانِ مصر چیزوں کے خواص اور تاثیرات معلوم کرنے میں بہت مصروف رہتے تھے اور اسمیں اُنھوں نے کچھ اپنی ذکاوتِ طبع اور کچھ ہوا اور دھوپ کے صاف ہونے کی وجہ سے بہت کمال حاصل کیا - اور فنِ طبابت کو ایجاد کیا - مگر بعض مورخ کہتے ہیں کہ فنِ طبابت کے موجد مصری نہیں ہیں بلکہ اُنھوں نے اُسکو ترقی دی ہے - جو کچھ ہو لیکن اسمیں شک نہیں کہ اُنھوں نے اِس فن کو اِسقدر چمکایا اور اسمیں ایسی ایسی ایجادیں کیں کہ یہ معلوم ہوتا تھا کہ اس سے پہلے اِس فن کا نام تک بھی نہ تھا - وہ بیمار کی اِسقدر حفاظت کرتے تھے کہ اُسکو صرف طبیب ہی کی مرضی پر نہ چھوڑ دیتے تھے کہ جسطرح چاہے علاج کرے بلکہ طبیب کو بھی اُنھیں قاعدوں کی پابندی کرنی پڑتی تھی جو تجربہ کار حکیموں نے مقرر کر دیے تھے، اگر طبیب اُن قواعد کی خلاف ورزی کرتا تھا تو اُسے مریض کے شفایاب نہونیکی جوابدہی کرنی پڑتی تھی اور اُسکے اچھے نہونے کی عوض میں طبیب کی جان لی جاتی تھی - اِس قانون سے یہ فائدہ تو ضرور ہوا کہ مریض نیم حکیم کے زیرِ مشق رہنے سے بچ جاتے تھے اسواسطے کہ اُن کو جان کے خوف سے اسمیں دست اندازی کرنے کی جرأت ہی نہوتی تھی - لیکن یہ بہت بڑا نقصان ہوا کہ یہ نفیس فن درجۂ کمال کو نہ پہونچ سکا - مگر پھر بھی مصریوں نے پہلے کی نسبت اُسے بہت ترقی دی -

ایک مؤرخ کا بیان ہے کہ مصری حکیموں نے جو فنِ طبابت کو ترقی دی اُس کی ایک وجہ یہ بھی تھی کہ ایک حکیم ایک ہی بیماری کا علاج کیا کرتا تھا اور اُسکی ہی ترقی میں ہمہ تن مصروف رہتا تھا - مثلاً ایک حکیم آنکھ کا علاج کرتا تھا، دوسرا دانت کا - قس علیٰ ہذا -

اسکے علاوہ مصریوں نے فنِ عمارت، نقشہ کشی، سنگتراشی اور رنگ آمیزی میں بھی بڑا کمال حاصل کیا تھا - مصر میں ابتک ایسی ایسی عمارتیں موجود ہیں، جنکو دیکھکر عقل دنگ

رہ جاتی ہے کہ وہ کیسے ہاتھ ہونگے جنھوں نے انکو تعمیر کیا تھا اور وہ کیسے دماغ ہونگے جنھوں نے اُن کیواسطے ایسے عجیب وغریب نقشے تجویز کئے ہونگے۔ اہرام مصری بھول بھلیاں مندر وغیرہ اعلےٰ درجے کی صنعت کا نمونہ ہیں، جو اسقدر زمانہ گذرنے کے بعد بھی اپنی خوبصورتی اور چمک دمک سے دنیا کو حیران کئے ہوئے ہیں۔

اہل مصر کی جدت پسند طبیعتیں اُنھیں اشغال کو پسند کرتی تھیں جنمیں دماغ سے کام لینا پڑے، یا جسمانی صحت کے مفید ہوں۔ رقص وسرود اور کھیل تماشوں کو وہ بالکل لغو سمجھتے تھے۔

راقم

حامد حسین قادری۔ از بجھراؤں

فن موسیقی اور اُسکے بعض حالات

حکما، قدیم نے فلسفہ کی تعریف کرتے ہوئے حکمۃ کی دو قسمیں کی ہیں، حکمۃ نظری، حکمۃ عملی، پھر حکمۃ نظری کو جو علم حکمۃ کا ایک مہتم بالشان علم ہے، تین قسموں پر منقسم کیا ہے۔ الٰہیات طبعیات، ریاضیات، فن ریاضی کی بھی چار قسمیں کی ہیں، حساب، ہندسہ، ہیئت، موسیقی حکماے قدیم کا جب تک دَور دَورہ رہا، اُسوقت تک ان سب علوم سے بحث ہوتی رہی اور حساب وہندسہ اور ہیئت وموسیقی کے متعلق بیشمار تصنیفیں کیگئیں اور ہر ایک کے اُصول وضوابط نہایت بسط کیساتھ جدا جدا قائم کئے گئے، لیکن دفعۃً حکماے قدیم کا دَور ختم ہوتے ہی چند بے سروپا باتوں کی بنیاد پر بڑے بڑے مفید علوم نظر انداز ہوگئے، چنانچہ انھیں بیش بہا علوم میں سے ایک فن موسیقی بھی ہے۔ اِسیوجہ سے مسلمانوں میں اب تک اِس فن کا کوئی ماہر نظر نہیں آتا، مگر خدا کا شکر ہے کہ یورپ نے عین اُسوقت جبکہ اِس فن کا نام ونشان صفحۂ دُنیا سے مٹ رہا تھا، بڑے زور کے ساتھ اسکی دستگیری کی، اور

اُسکے متعلق مختلف درسگاہیں کھولیں، جہاں بڑے اہتمام سے یہ فنِ لطیف سکھایا جاتا تھا، اور بڑے بڑے ماہر فن اُسکی تعلیم کے لئے مقرر کئے گئے، موسیقی سُریانی زبان کا لفظ ہی۔ اِسکی تحلیل دو جزو کی طرف ہوتی ہے موسی بمعنی ہوا سیقی بمعنی گرہ، چونکہ اِس فن میں آواز کے مدّ و جزر سے بحث ہوتی ہے اور آواز کو ہوا سے بہت بڑا تعلق ہے، اِس مناسبت سے اِسکا نام موسیقی رکھا گیا۔ علم موسیقی اُس علم کا نام ہے، جسمیں آواز کی جوڑ توڑ اور اُسکے مدّ و جزر سے بحث کیجائے اور اُسکا اصلی مقصد یہ ہے کہ تالیف الحان کی کیفیت معلوم ہو جائے، مختلف راگوں کے مجموعے کا نام اِس اصطلاح میں لحن ہے، اِس بنا پر قاریوں کی خوش الحانی بھی داخلِ لحن ہے۔ مگر بعض لوگوں نے اِسکی تعریف میں سنفونیت اور موازنت کی بھی قید لگادی ہے، اِس لحاظ سے قاریوں کی خوش خوانی داخلِ لحن نہیں۔

اِس فن کے ایجاد کا سلسلہ حکیم فیثا غورس سے شروع ہوا، اور درحقیقت اُس کی شہرت کا سب سے بڑا ذریعہ یہی علم ہوا۔ حکیم مذکور کے اِس فن کے ایجاد کرنے کے متعلق ایک صحیح واقعہ یوں لکھا ہے کہ حکیم موصوف نے تین شب متواتر خواب دیکھا کہ کوئی شخص کہ رہا ہے کہ تو فلاں دریا کے کنارے پر جا، اور وہاں ایک علم سیکھ، حکیم مذکور روز صبح کو حسبِ ہدایتِ غیبی دریا کے کنارے جاتا تھا، لیکن بدقسمتی سے ناکامیاب واپس آتا، حکیم موصوف سخت متعجب تھا کہ کونسا علم ودیعت کیا جائیگا، چوتھی بار پھر اُسنے خواب دیکھا، اور صبح ہوتے ہی دریا کے کنارے پر پہونچکر بیٹھ گیا، تھوڑی دیر گذری تھی، کہ اُسنے سُنا کہ لوہار اپنے ہتوڑے کو سندان پر مارتے ہیں اور اُس سے مختلف رنگ کی دلکش آوازیں پیدا ہوتی ہیں، اُسنے اُسکے گھٹاؤ بڑھاؤ کو اچھی طرح ذہن نشین کرلیا، اور اُسکے گرنے اور اُٹھنے کی دفعات کو اچھی طرح سمجھ لیا اور وہاں سے واپس چلا آیا، اور ایک آلہ نہایت دلکش و دلفریب ایجاد کیا، جسکی آوازیں لوگوں کو اپنا گرویدہ بنالیتی تھیں، یہانتک کہ یہ حکیم اس ایجاد کی بدولت اِسقدر مشہور ہو گیا کہ دُنیا کے گوشہ گوشہ سے جوق جوق لوگ اسکے پاس آتے تھے، اور

سارے عالم میں اسکی دھوم مچی ہوئی تھی، اب کیا پوچھنا تھا، اس آلہ کی اسقدر قدر ہونے لگی کہ خود حکما نے اسکو ایسی عجیب وغریب چیز سمجھا، کہ اسپر فخر کرنے لگے اور حکیم فیثاغورس ایک لائق حکیم اور کامل الفن مشہور ہوگیا، کبھی کبھی یہ حکیم خود اپنے احباب سے بیان کرتا کہ میں آسمان کی حرکت سے دلغریب آواز سنا کرتا ہوں۔ اور ان نغمات نے میرے دل میں جگہ کرلی ہے۔ اسکے بعد اس حکیم نے اس فن کے قواعد واصول قائم کئے۔ اور کچھ مفید اضافہ بھی کیا۔ اسکے بعد نوبت بہ نوبت یہ فن ارسطاطالیس تک پہونچا، اسنے اسمیں غور کرنے کے بعد اپنی عقل ودرایت سے ایک آلہ جسکا نام ارغنوں[1] ہے، ایجاد کیا، اور بعض حکما کا یہ بھی بیان ہے کہ بعد فیثاغورس کے چند حکما نے غور کرنے کے بعد دریافت کیا کہ جسوقت آفتاب ایک برج سے دوسرے برج کیطرف تحویل کرتا ہے تو اس سے چند قسم کی آوازیں مرغوب ودلکش نکلتی ہیں، اور بعضوں نے لکھا ہے کہ حکیم فیثاغورس نے اس فن کو اصواتِ فلکیہ سے استنباط اور اخذ کیا ہے، اور بعضوں نے لکھا ہے کہ اس فنِ موسیقی کا ماخذ ایک مرغ ہے جسکا نام قفنس وموسیقار ہے۔ جسکی چونچ میں صدہا سوراخ ہیں، اور ان سب سوراخوں سے رنگ برنگ کی آوازیں نکلتی ہیں، حکما نے اس مرغ سے فنِ موسیقی کو اقتباس واستنباط کیا، شیخ فریدالدین صاحب عطار اس واقعہ کو یوں بصورتِ نظم لاتے ہیں۔

ہست قفنس طرفہ مرغی دلستان	موضع این مرغ در ہندوستان
سخت منقارے عجب اردر دراز	ہمچو نے در وے بسے سوراخ باز
قرب صد سوراخ در منقار اوست	نیست جنبش طاق بودن کار اوست
ہست در ہر ثقبہ[2] آوازِ دگر	زیر ہر آوازِ او رازِ دگر
چوں بر ثقبہ بنالد زار زار	مرغ وماہی گرد وازوی بیقرار

[1] ارغنون ایک یونانی ستار ہے ۱۲۔ [2] ثقبہ بمعنی سوراخ ۱۲۔

جملۂ درّندگاں خامش شوند — در خوشیِ بانگِ او بیہش شوند
فیلسوفی بود دسازش گرفت — علمِ موسیقی زآوازش گرفت
سالِ عمرِ او بود قُربِ ہزار — وقتِ مرگِ خود بنالد آشکار
چوں بیرّد وقتِ مرگش دل زجوش — ہیزم آرد او خود از صد خرسہ بیش
درمیانِ ہیزم آید بیقرار — در دہد صد نالۂ خود زار زار
پس بداں ہر ثقبہ از جانِ پاک — نوحۂ دیگر برآرد دردناک
چوں بدان ہر ثقبہ ہمچوں نوحہ گر — نوحۂ دیگر کند نوعِ دگر
درمیانِ نوحہ از اندوہِ مرگ — ہر زمان برخود بلرزد ہمچو برگ
از نفیرِ[1] او ہمہ پرّندگان — وز خروشِ او ہمہ درّندگان
سُوئے او آیند چوں نظّارگی — دل ببرّند از جہان یکبارگی
از غمش آنروز در خونِ جگر — پیشِ او بسیار میرد جانور
جملہ از زاریِ او حیران شوند — بعض از بے قوّتی بیجان شوند
پس عجب روزی شود آنروزِ او — خون چکد از نالۂ جانسوزِ او
باز چوں عمرش رسد بر پنجہ بس — بال و پر برہم زند از پیش و پس
آتشے بیرون جہد از بالِ او — بعد ازاں آتش بگردد حالِ او
زود در ہیزم فتد آتش ہمے — پس بسوزد ہیزمش خوش خوش ہمے
مُرغ و ہیزم ہر دو چوں اخگر شوند — بعد اخگر نیز خاکستر شوند
چوں نماند ذرّۂ اخگر پدید — قفقنسے آید ز خاکستر پدید
آتشِ آن ہیزم چو خاکستر کند — از میان قفقنس بچہ سر بر کند
ہیچکس اندر جہان این وقت — کو پس از مردن بزاید یا بزاد

[1] یعنی آواز۔

مگر افسوس کہ فنِ موسیقی کو اس زمانے کے لوگوں نے بُرا فن سمجھ لیا ہے حالانکہ اس فن کو حکمائے یونان نے تمام علوم و فنون پر ترجیح دی، اور اُسکے عمدہ نتائج اور نادر فوائد کو کتابوں میں قلمبند کیا ہے، افلاطون نے کہا ہے کہ علمِ موسیقی میں فتور و خلل ڈالنا سلطنت کے نقصان و فتور کا باعث ہے، اور بعض لوگوں نے کہا ہے کہ فنِ موسیقی انسان کی عفت و بدکاری اور اُسکی نکوہیدہ شعاری کو ظاہر کرتا ہے، ارسطو نے اگرچہ افلاطون کی اکثر باتوں میں اختلاف کیا ہے، لیکن وہ افلاطون کا اس قول میں کہ (فنِ موسیقی میں خلل ڈالنا سلطنت میں خلل ڈالنا ہے) ہمزبان ہے، بولی نیوس ایک نامور یونانی حکیم کہتا ہے کہ جبتک کہ انسان فن موسیقی سے واقف نہو کسی زبان کے ادب میں کامل مہارت پیدا نہیں کرسکتا۔ حکیم مذکور خود تمام فنون پر خصوصاً فنِ ادب پر فنِ موسیقی کو ترجیح دیتا، اور جب فنِ ادب کی تعلیم دیتا تو پہلے پہلے موسیقی کچھ نہ کچھ ضرور سکھا لیتا۔ و نیز حکیم فیثا غورس نے خود اس فن کو تمام فنون پر ترجیح دی ہے۔ بعض حکما اس فن کو دوائے صحتِ جسمانی و روحانی قرار دیتے ہیں، کتاب خلاصۃ الانبیا میں لکھا ہے کہ حضرت داؤد علیہ السلام کو اُن کے تمام معجزات میں ایک معجزہ خوشخوانی و خوشنوائی الحانی کا بھی دیا گیا تھا جسوقت آپ توریت یا زبور پڑھا کرتے تھے، جملہ وحوش و طیور، چرند و پرند، جن و انس، آپکے اردگرد جمع ہو جاتے تھے۔ درخت کی پتیاں زرد ہو جاتی تھیں۔ پانی جاری ٹھہر جاتا تھا، پتھر شل موم کے ہو جاتا تھا۔ کوہ ہادر خشبش میں آجاتا تھا۔ حضرت داؤد علیہ السلام توریت کو بہتر عنوان سے پڑھا کرتے تھے۔

امام غزالیؒ اپنی کتاب احیاء العلوم الدین میں لکھتے ہیں کہ سماع کی تاثیر قلب میں محسوس ہوتی ہے، جس شخص کو سماع سے حرکت نہو تو اعتدال سے مائل ناقص اور روحانیت سے دور ہے اور اُس سے بڑھکر کوئی غلیظ الطبع و کثیف الطبع نہیں ہو سکتا۔ امام غزالی صاحب دوسری جگہ فرماتے ہیں کہ بعض وقت سماع کشف کا سبب ہو جاتا ہے اسلئے کہ وہ

نفس میں اُتر جاتا ہے۔

ونیز دوسری جگہ فرماتے ہیں کہ انسان کا حُسنِ صوت سے متأثر ہو جانا یہ بھی ایک دقائق علوم مکاشفات سے ہے، اور جو شخص کہ پلید الطبع اور قسی القلب ہے وہ سماع کی لذت سے محروم رہتا ہے اور وجد و اضطراب و التذاذ مستمع کی حالت سے تعجب کرتا ہے (اُسکی مثال امام غزالی رح صاحب نے کیا عمدہ دی ہے) کہ جسطرح بہیمہ تعجب کرتا ہے لذتِ بادام سے، وعنین تعجب کرتا ہے لذتِ مباشرت سے، صبی تعجب کرتا ہے لذتِ حکومت سے، اور جاہل تعجب کرتا ہے لذتِ معرفتِ الٰہی سے۔

ونیز امام غزالی صاحب دوسری جگہ فرماتے ہیں کہ کیفیات کا قلب میں حاصل ہونا اسرارِ الٰہی میں سے ایک سِرّ ہے، خصوصاً کیفیاتِ نغمہ۔

ونیز دوسری جگہ فرماتے ہیں کہ جس شخص کو سماع کی کیفیت سے کچھ حرکت نہو تو وہ جمیع بہائم و طیور سے بھی بدتر ہے اسلئے کہ عالمِ وجود میں کوئی ایسی چیز نہیں ہے جو نغماتِ موزوں کو سُنکر وجد میں نہ آجائے، حتیٰ کہ بہائم اور طیور یہ بہت ہی ارذل عالمِ وجود کی اشیاء سے گنے جاتے ہیں، وہ بھی جسوقت آوازِ خوش سُنتے ہیں، وجد و اضطراب میں آجاتے ہیں۔ امام صاحب کا یہ فرمانا ایک حد تک درست بھی معلوم ہوتا ہے، اسلئے کہ ہم لوگ سانپ کو اچھی طرح مشاہدہ کر چکے ہیں، اور اُس سے بڑھکر موذی اور زہریلا جانور کوئی نہیں، لیکن جسوقت کہ مداری اپنی پونگی کو سانپ کے سامنے عمدہ طور پر بجاتا ہے۔ تو اُس وقت سانپ وجد و اضطراب میں آجاتا ہے اور جھومنے لگتا ہے۔

رسالۂ ترجمۃ العوارف میں لکھا ہے کہ فنِ موسیقی کا اہل تحقیق کے نزدیک بہت بڑا اعتبار ہے اور جو شخص اچھی اور بھلی آواز سے لذت نہیں اُٹھاتا ہے، تو اُسکا دل مُردہ ہے، اور اُسکی سمع باطن خراب ہو گئی ہے۔

حضرت جُنید بغدادیؒ سے لوگوں نے سوال کیا کہ کیوں جناب؟ جسب انسان

اچھی اور بھلی آواز سُنتا ہے تو کیوں وجد میں آجاتا ہے، آپ نے فرمایا کہ جس وقت ذُریاتِ بنی آدم کو اللہ تعالےٰ نے اَلَسْتُ بِرَبِّکُمْ سے خطاب کیا، تو یہ آواز اُن کو بہت ہی بھلی معلوم ہوئی، اور اُس آواز نے اُس کے دِل میں جگہ کرلی، اور اب جب انسان اچھی اور بھلی آواز سُنتا ہے تو اُس کے دل میں وہی تاثیر اور وہی لذت معلوم ہوتی ہے جو کہ خطاب اَلَسْتُ بِرَبِّکُمْ سے حاصل ہوئی تھی، اور وجد و اضطراب میں آجاتا ہے۔

اور بعض روایت میں مذکور ہے کہ جب رُوح کو اللہ پاک نے قالبِ آدم میں جانے کا حکم کیا، تو رُوح نے اِنکار کیا۔ اور قالبِ انسانی میں جانا قبول نکیا، تب باری تعالیٰ نے ملائکہ کرام کو خوش الحانی سے پڑھنے کیواسطے کہا، ملائکہ کرام نے بموجب حکم باری تعالےٰ کے بڑی خوش الحانی سے پڑھنا شروع کیا، اور رُوح سُننے لگی، اور جب رُوح وجد میں آگئی تو ملائکہ کرام نے اُسکو قالبِ انسانی میں بند کردیا۔

اِس مضمون کو ایک شاعر نے یوں لکھا ہے ؎

آنروز کہ روحِ پاک آدم بہ بدن
گفتند درآ نمی درآمد در تن
خواندند فرشتگان بہ لحنِ داؤد
در تن در تن در آئی در تن در تن

محمد سعید دسنوی۔ بہاری
از لکھنؤ۔ دارالعلوم۔

سیرتِ نبویؐ پر ایک نئی کتاب

انگلستان کے مشہور مستشرق ڈاکٹر مرجلیوث* نے انگریزی زبان میں ایک کتاب آنحضرت صلعم کی سوانح عمری پر تحریر کی ہے، چنانچہ اُسی کتاب کے دیباچے میں لکھا ہے کہ "میں محمدؐ (صلعم) کو دنیا کے بہت بڑے لوگوں میں شمار کرتا ہوں۔ اُنھوں نے قبائلِ عرب سے ایک عظیم الشان سلطنت قائم کرکے بہت بڑی پولٹیکل گتھی کو سلجھایا۔ اور میں اُن کی کماحقہٗ تعظیم و تکریم کرتا ہوں۔ لیکن میرا مقصد اِس کتاب کی تالیف سے مسلمانوں یا بعض عیسائیوں کی طرح اُن کی حمایت یا جانب داری نہیں ہے۔ نہ میری یہ غرض ہے کہ دینِ اسلام کی دوسرے دینوں پر فضیلت ثابت کروں۔ اور نہ یہ چاہتا ہوں کہ اُسکے عیوب گناؤں۔ اور اُسپر اعتراضات کی بوچھار ڈالوں"۔

بعض لوگوں کو شاید یہ گمان ہوگا کہ یہ مصنّف اِتنی عربی جانتا ہوگا کہ یورپ بھر میں کوئی اُس سے لگّا نہ کھاتا ہوگا۔ اور مسلمانوں کی بہت سی کتابیں اُس نے پڑھی ہونگی۔ اور نکات و تاریخ اِسلام پر بہت کچھ عبور حاصل کیا ہوگا۔ لیکن اُس کی کتاب کے بعض مطالب پڑھنے سے حقیقت کھُل جائیگی، اور یہ گمان دُور ہو جائیگا۔

اِسلام اور اُس کی تاریخ کے سمجھنے اور اہلِ یورپ کے مابین چند امور حائل ہیں۔ اوّل یہ کہ یورپ والے اسلام سے نفرت کرتے اور مسلمانوں کو حقیر جانتے ہیں۔ اور یہ باتیں روز پیدائش ہی سے اُن کے دِل پر ایسی نقش ہو جاتی ہیں کہ اُنکا اثر مدت العمر زائل نہیں ہوتا۔ دوسرے اُن کے مسلمانوں کے ساتھ مصالحِ ملکی وابستہ ہیں۔ اور وہ از راہِ حرص مسلمانوں کا ملک اُن سے چھیننا چاہتے ہیں۔ اِسلئے اپنے مسلمان پڑوسیوں کی جانب سے اُن کے سینوں میں آتشِ حسد بھڑکتی رہتی ہے۔ غرض یہ سب باتیں ملکر محاسنِ اسلام کیطرف سے

* یہ معرب نام ہے اصلی نام معلوم نہیں ۱۲ مترجم۔

اُن کی آنکھوں پر پٹی باندھ دیتی ہیں۔ بایں ہمہ اُن میں ایسے لوگ بھی ہیں جو تقلید کی بندشوں کو توڑ ڈالتے ہیں۔ مذہبی یا سیاسی تعصب سے متاثر نہیں ہوتے اور تحقیق کے رستے پر چلتے ہیں لیکن ایسے بہت ہی تھوڑے ہیں۔ تیسرے مسلمان اِس زمانے میں بدحال ہو رہے ہیں۔ اور اہل یورپ اُن سے دولت میں، علم میں اور آبادی میں بڑھ گئے ہیں۔ جسکا نتیجہ یہ ہے کہ خود مسلمان اپنی ذات اور اپنے مذہب کے خلاف گویا ایک حجت بنے ہوئے ہیں۔ چوتھے علمائے یورپ ایک امر جُزئی سے کُلیات کو مستنبط کرنے۔ غیر محسوس قرائنِ ضعیفہ سے بڑے بڑے مسائل حل کرنے، اور مجرّد عقل و فہم کے زور سے واقعات کے اسباب و علل کا کھوج لگانے میں بڑے دلیر ہوتے ہیں۔ پانچویں وہ عربی زبان اور فنونِ شرعیہ کی تعلیم کسی ماہر اُستاد سے حاصل نہیں کرتے بلکہ اجتہاد سے کام لیتے ہیں۔ نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ ایسی ایسی غلطیاں کرتے ہیں کہ اُستاد سے پڑھا ہوا کودن سے کودن شخص بھی نہیں کر سکتا۔

ایک بار ایک یورپین مستشرق نے جو بہت بڑا عربی دان اور مسائلِ اسلام سے واقف سمجھا جاتا تھا، میرے سامنے بیان کیا کہ "مسلمان حدیث کو قرآن پر فوقیت دیتے ہیں"۔ مجھے یہ سُنکر سخت حیرت ہوئی اور اُس سے اِس خیال کی تائید چاہی۔ جس کے جواب میں اُس نے حضرت علی رض کا قول نقل کیا، جو اُنھوں نے حضرت ابنِ عباس رض سے اُنھیں خوارج کے مقابلے میں بھیجتے وقت فرمایا تھا۔ اور وہ یہ ہے :—

لا تخاصمهم بالقرآن فان القرآن حمال ذو وجوه تقول ويقولون ولكن حاجهم بالسنة فانهم لن يجدوا عنها محيصا الخ ۔	اُن کے مقابلے میں قرآن سے استدلال نکرنا کیونکہ تم قرآن کے کچھ اور معنی لگاتے ہو اور وہ کچھ اور سمجھتے ہیں۔ بلکہ سُنّت کو حجت قرار دینا کیونکہ اُس سے وہ ہرگز گریز نہیں کر سکینگے۔

میں نے کہا کہ یہاں "سُنّت" سے مُراد فقہا اور محدثین کی اصطلاحی "سُنّت" نہیں ہے بلکہ نبی صلعم اور صحابہ رض کا فعل مقصود ہے۔ اور یہی ایسی چیز ہے جس سے مفر نہیں ہو سکتا۔

کیونکہ اُس میں تاویل کا مطلق احتمال نہیں ہے۔ بخلاف حدیث قولیہ کے کہ اُس میں قرآن کی طرح بلکہ اُس سے زیادہ قیل و قال کی گنجایش ہے۔

خلاصہ کلام یہ کہ یورپ کے مصنف کے لئے یہ امر سخت دشوار ہے کہ وہ فنون عربیہ اور اُن کے متعلق کتابوں سے محض مطلع ہو کر اسلام کو حق فہم سمجھ سکے۔ اور خصوصاً ایسی حالت میں جبکہ وہ مصنف نہ مصنف بھی نہ ہو۔ اور جیسا کہ آپ ہماری تنقید میں دیکھینگے، ڈاکٹر مرجلیوث کی اکثر غلطیوں کا سبب بھی یہی ہے کہ جسطرح کھنڈروں اور مُردہ الفاظ سے وہ فن دفنین کو کام میں لاکر متقدمین کی تاریخ کا پتہ لگاتے ہیں، اسیطرح اس کتاب میں مصنف نے قیاسات کو بہت دخل دیا ہے۔ ورنہ یوں وہ بہت بڑا عالم اور اعتدال پسند ہے۔ اور زبان کے نہ سمجھنے سے جو غلطیاں ہوئی ہیں وہ بہت تھوڑی ہیں۔ اب ہم اُس کے اُن اقوال کو لیتے ہیں جو اوّل من الصواب ہیں۔

یہ تو ہم کہہ ہی چکے ہیں کہ اُس نے دیباچے میں آن حضرت صلعم کو دنیا کے برگزیدہ ترین لوگوں میں شمار کیا ہے۔ اور قبائل عرب میں ایسی عظیم الشان سلطنت کی بنیاد ڈالنے پر حیرت ظاہر کی ہے۔ لیکن اسکے علاوہ دو اور بہت بڑے کاموں کو حضرت رسالت پناہ سے منسوب کیا ہے۔ اوّل تو یہ کہ لڑائی کے بغیر بھی عربوں میں جو کشت و خون ہوا کرتا تھا اُسے یک قلم موقوف کر دیا۔ دوسرے یہ کہ جب اُن میں جنگ چھڑ جاتی تھی تو اُس کا سلسلہ سالہا سال جاری رہتا تھا۔ آپ نے اُسکی بھی بندش کر دی اور اگر جنگ کی ضرورت پڑی تو اُس کا نتیجہ جلد سے جلد حاصل کر لیا۔ اور بے فائدہ اس کا کبھی اعادہ نہیں کیا۔ (ص ۵۵)

اُس نے اعتراف کیا ہے کہ "نبی (صلعم) شعر اور سجع سے دلی کراہت رکھتے تھے اور شاید اسکا سبب یہ تھا کہ اُنھوں نے اِن فنون کی تعلیم نہیں پائی تھی اور عربوں میں سوائے ان کے انشا کا اور کوئی اسلوب موجود نہ تھا" (ص ۶۰)۔ لیکن اُس نے (سر ولیم) میور کا یہ قول بھی نقل کیا ہے (ص ۵۵) کہ عرب کے بادیہ نشین فن بلاغت کے سیکھنے میں بڑا اہتمام

کرتے اور بات چیت میں طلاقتِ لسان کا بہت لحاظ رکھتے تھے۔ اِس لئے کچھ بعید از قیاس نہیں ہے اگر پیغمبر (صلعم) نے بھی اِس فن میں کمال حاصل کیا ہو"۔ میں کہتا ہوں کہ اگر رسول اللہ صلعم نے اِس جانب توجہ یا اس فن کی ممارست کی ہوتی تو لوگوں کو یہ معلوم ہو جاتا۔ اور سنِ شباب میں اُن کی زبان پر اس کا اثر ہوتا۔ لیکن نبوت سے پہلے کی اُن کی کوئی ایسی بات منقول نہیں ہے، اور نہ فصاحت و بلاغت میں اُن کی تعریف کی جاتی تھی۔ البتہ سچّائی، امانت اور محاسن اخلاق سے وہ بدرجۂ اتم متصف سمجھے جاتے تھے۔ اِس لئے (بخلاف سر ولیم میور کے) مصنف کا قول بالکل درست ہے۔

ایک جگہ (ص ۶۳) تعریف اور نکتہ چینی کو خلط ملط کر دیا ہے اور لکھا ہے کہ "نبی (صلعم) نے اپنی قوم سے نہایت تاکید کے ساتھ فرمایا کہ کسوف و خسوف کسی فرد خاص کے لئے واقع نہیں ہوتے، خواہ وہ کتنا ہی عالی منزلت ہو لیکن پھر بھی اِن دونوں واقعات کو نہایت مہتم بالشان امر سمجھکر اُن کے لئے نماز مخصوص کی ہے"۔

مصنف کے اِس قول میں نہ صرف ایک امر واقعی کا بیان ہے بلکہ اُس میں خوبی کا بھی ایک بہت بڑا پہلو نکلتا ہے۔ اور وہ یہ ہے کہ آن حضرت صلعم نے لوگوں کی عقلوں کو وہموں سے پاک کرنے کی کوشش کی اور یہ پسند نہیں کیا کہ اشاعتِ باطل کے ذریعے سے اپنی شان بڑھائیں چنانچہ جس روز آپ کے فرزند ابراہیم علیہ السلام نے رحلت فرمائی اُس روز سورج گرہن پڑا تھا۔ پس لوگوں کو شبہہ ہوا کہ سورج اِسی حادثہ کیوجہ سے گہنایا ہے لیکن آپنے صاف فرما دیا۔

ان الشمس والقمر آیتان من آیات اللہ وانہما لا یکسفان لموت احد ولا لحیوتہ ۵	چاند سورج خدا کی (بے شمار) نشانیوں میں سے دو نشانیاں ہیں۔ اور کسی کے مرنے جینے سے نہیں گہنا سکتے۔

کسوف و خسوف کیوقت نماز کا حکم اس وجہ سے دیا ہے کہ دینِ اسلام کی سب

بڑی غرض یہ ہے کہ خدا کی قدرت و حکمت کا ذکر کیا جائے۔ اور شکر و دعا کے ذریعے سے دل کو اُسکی طرف متوجہ کیا جائے۔ اور یہ غرض بظاہر قدرت کے واقع ہونیکے وقت بوجہ احسن حاصل ہوتی ہے۔ اور یہی بات پنجگانہ نماز میں ملحوظ رکھی گئی ہے۔ کیونکہ آفتاب کا طلوع ہونا پھر ڈھلنا پھر قریب بہ غروب ہو کر غائب ہو جانا یہاں تک کہ اُسکی روشنی کا ذرا بھی باقی نہ رہنا خدا کی قدرت کے قوی اور کامل ترین نمونے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ نزول باران کے وقت ذکر الٰہی کی تعلیم فرمائی ہے۔ اسلام لوگوں کو ہدایت کرتا ہے کہ اُسکی قدرت و حکمت کے ہر نئے کرشمے کے ظاہر ہونے کے وقت اُسے یاد کیا جائے۔ تاکہ بندے اُسے بھول نہ جائیں اور اسکا نتیجہ یہ ہو کہ اُن پر حیوانیت غالب ہو جائے اور وہ ایک دوسرے کو پھاڑ کھانے لگیں۔

ڈاکٹر مرجلیوث نے نبی صلعم کے خصائص کا اعتراف کیا ہے۔ لیکن اپنی طرف سے بہت کچھ زور لگانے پر بھی اِس کی وجہ سمجھنے سے قاصر رہا ہے۔ چنانچہ ص ۶۳ میں کہتا ہے کہ "اسرار کے معلوم کرنے کے اُن (صلعم) کے پاس ایسے وسائل موجود تھے، جن کی حقیقت دریافت کرنے سے ہم عاجز ہیں۔ یہ بات تجربہ سے ہرگز حاصل نہیں ہو سکتی۔ بلکہ اُنھیں طبیعت ہی ایسی ودیعت کی گئی تھی، جس پر رشک کیا جا سکتا ہے۔ اور جس کے ذریعے سے وہ لوگوں کی طبیعتوں کو جانچنے میں بہت کم بلکہ کبھی غلطی نہیں کرتے تھے"۔ ہم کہتے ہیں کہ خدا نے اُنھیں ایسی طبیعت اِس لئے بخشی تھی تاکہ لوگوں کی ہدایت میں وہ اُس سے مدد لیں۔ اور نبوت کیا ہے؟ نبوت بھی ایک تخصیص الٰہی ہے۔ جس کی غرض و غایت یہ ہوتی ہے کہ لوگوں کو سیدھے رستے پر اور تاریکی سے روشنی میں لایا جائے۔ پس اِس میں تعجب اور حیرت کی کون سی بات ہے۔

اِسی قبیل سے ایک اور عقدہ ہے جس کے حل کرنے سے ڈاکٹر مرجلیوث باایں علم و فضل سخت عاری ہے۔ یعنی یہ کہ آن حضرت صلعم کے دعوی نبوت کے آغاز کا سبب کیا ہے؟ خود مصنف کے الفاظ یہ ہیں "مشہور ترین لوگوں کی تاریخ سے پتہ چلتا ہے کہ اُن کے

کارہائے عظیمہ کے آغاز کے ضرور ایسے اسباب تھے جو اُس کے محرک ہوئے۔ لیکن اِس پیغمبر (صلعم) کی نسبت مطلق معلوم نہیں کہ اُن کے دعوی نبوت کی شروعات کا سبب کیا تھا" (ص ۷۲) اِس کا جواب ہمارے پاس یہ ہے کہ اگر یہ کام ایسا ہوتا جیسا ملکوں کے فتح کرنے یا سلطنتوں کے قائم کرنیکا ہوتا ہی تو یہ بات غیر ممکن تھی کہ کوئی عقلمند آدمی بغیر قدرتی اسباب کے مہیا ہوئے جن سے کامیابی کا یقین یا گمان ہو سکے، اُسکا اقدام کرے لیکن نبی صلعم اگر ایک ایسے عظیم الشان کام کیلئے (جو ملک گیری اور ملک داری سے کہیں بڑا ہی) بغیر کسی سامانِ قوت اور قدرتی اسباب کے (جیسے دولت و جمعیت، یار و مددگار) جن سے کامیابی کی امید بندھ سکے کھڑے ہو گئے۔ تو اِس میں ذرا بھی تعجب کا موقع نہیں۔ کیونکہ آپ کو اُس ذات پر بھروسا تھا جو سبب اور مسبب کا مہیا اور آسمان و زمین کا پیدا کرنیوالا ہی۔ جس نے اُنھیں دعوتِ اسلام کا حکم دیا، اور اُن کی مدد کی۔ بلکہ یہی آپ کی سچائی اور من جانب اللہ ہونے کی بہت بڑی اور کافی دلیل ہے۔ مصنف کہتا ہی (ص ۷۴) کہ "پیغمبر (صلعم) کی عظمت کے دو سبب ہوئے۔ اوّل تو وہ تاڑ گئے۔ کہ قوم عرب کو ایک پیغمبر کی ضرورت ہی۔ دوسرے یہ کہ اِس ادراک کو اُنھوں نے پُر اثر بنایا" لیکن نبوت کے معاملے میں اس قسم کے کسی سوچ بچار اور عمل و تدبیر سے کام نہیں لیا گیا۔ کیونکہ ایسا ہوتا تو اِس سے یہ بات لازم آتی تھی کہ قدرتی اسباب سے فائدہ اُٹھایا گیا۔ مگر اسکا ابھی ذکر ہو چکا ہے کہ یہ صورت ہرگز پیش نہیں آئی۔

مصنف لکھتا ہے (ص ۸۰) کہ "دو سوال ایسے ہیں جنکا جواب دیا جانا ممکن نہیں۔ اوّل یہ کہ اِس عربی نژاد شخص محمدؐ (صلعم) کو نبوت کا خیال کیسے پیدا ہوا۔ اُن کے سوا اور لوگوں کو کیوں پیدا نہ ہوا؟ دوسرے یہ امر متحقق ہے کہ اُن کے اندر صبر، عزم اور قوتِ ارادی اعلیٰ ترین درجے کی تھی۔ پس یہ اوصاف اُنھیں کیسے حاصل ہوئے؟ اور یہ ویسی ہی بات ہے جیسی کارلائل ٹیوبل کین کی نسبت کہا کرتا تھا کہ پانی پہلے بھی کھولتا تھا اور لوہا قدیم سے موجود تھا۔ مگر ایسا کوئی نہ ہوا جو بھاپ کی کلیں ایجاد کرتا" بھاپ کی کلیں ایجاد کرنے اور نبوت میں بہت

بڑا بل ہی جسے مصنف معلوم نہیں کر سکا۔ مثلاً جس شخص نے اوّل یہ خیال کیا کہ بھاپ ایک ایسی قوت ہے جسے چیزوں کے اُٹھانے اور پھینکنے کے کام میں لایا جا سکتا ہے، یہ بات اُس کے وہم و گمان میں بھی نہ ہوگی کہ آیندہ اِس کے ذریعے سے انسان خشکی و تری پر سفر کرنے لگینگے۔ البتہ اگلوں کی ایجادوں پر اضافہ کرتے کرتے پچھلے اِس نتیجے پر پہونچ گئے۔ لیکن نبوت کی حالت پر غور کیجئے۔ ایک ہی شخص (صلعم) نے دعوے کیا۔ اُسی نے شریعت بنائی پھر اُسی نے اُس شریعت کو کتاب اور عمل کے ساتھ مستحکم کیا۔ اور لوگوں کو ایک غیر معمولی اور دُور از فہم کشش کے ساتھ اپنی طرف کھینچا۔ یہاں تک کہ اُس کا دین مکمل ہو گیا۔ اور ایک قوم پیدا ہو گئی۔ جس نے اُس کی ہدایتوں پر چلکر عظیم الشان سلطنت کی بُنیاد ڈالی اور بڑے بڑے شہر بنا کر کھڑے کر دیئے۔

ایک جگہ اُس نے لکھا ہے کہ "وہ اس حملہ کے لئے بہت سی فکر و تدبیر کے بعد آمادہ ہوئے تھے۔ اور لوگوں سے تعلیم حاصل کرتے اور اُن کے علم سے فائدہ اُٹھاتے تھے۔ اور جو کچھ اسطرح سیکھ لیتے تھے۔ اُس کی نسبت دعوے کرتے تھے کہ یہ اللہ کی طرف سے وحی ہے"۔ لیکن دوسری جگہ (ص ۱۴۴) لکھا ہے۔ کہ "نبی (صلعم) دل سے اِس بات پر یقین رکھتے تھے کہ انبیاے بنی اسرائیل کی طرح میں بھی ایک نبی ہوں"۔ (سچ ہے حق بر زباں جاری)۔

ایک اور بات ہے جس کے سمجھنے سے وہ قاصر رہا ہے اور لکھا ہے (ص ۱۴۸) کہ "نبی (صلعم) کے پاس کچھ ایسے مخفی وسائل تھے، جن کے ذریعے سے وہ چیزیں عجیب و غریب سُرعت کے ساتھ حاصل کر لیا کرتے تھے"۔ اِس سے مصنف کی مُراد سرور کائنات (صلعم) کے وہ اقوالِ شریفہ ہیں جو آپ وحی و الہام کے ذریعے سے فرماتے تھے۔ اگر آپ کے پاس ایسے پوشیدہ ذرائع ہوتے تو ممکن نہ تھا کہ اُن کثیر التعداد ذکی و ذہین لوگوں سے چھپے رہتے جو ہر وقت آپ کے ساتھ رہتے تھے

اور اگر یہ لوگ اِس قسم کی کسی بات کی بھنک بھی پا لیتے تو یہی ایک سبب اُن کی کنارہ کشی کے لئے کافی ہو جاتا اور وہ آپ کی دعوت پر یوں ٹوٹ کر نہ گرتے۔


صفحہ ۴۵۸ میں اِس پر بے حد مدح و ثنا کی ہے کہ "نبی (صلعم) نے ظلم و ستم اور تمثیل (ناک کان کاٹنا) سے پہلے ہی منع کر دیا تھا۔ حالانکہ یورپ نے اِن باتوں کو حال ہی میں ناجائز قرار دیا ہے۔" یورپ نے اپنے ہاں اِسے اسوجہ سے ممنوع ٹھیرا دیا کہ قوم قوی ہو جائے۔ لیکن کبھی کبھی غیر ملکوں میں تو اب بھی اِسے مباح سمجھا جاتا ہے اور اگر وہ ایسا نہ کریں تو جو عظمت اُنھیں اِس وقت حاصل ہے وہ سب خاک میں ملجائے۔ (ترجمۂ المنار)

محمد مقتدیٰ خان شروانی بلونوی۔

معروضات

۱۔ چونکہ خریدارانِ منتھلی میں سے بیشتر اصحاب اپنے تبدیلِ مقام سے مطلع نہیں فرماتے اور دو چار اشاعتوں کے بعد رسالہ کی عدم یا دیر رسی کی شکایت کرتے ہیں، حالانکہ یہ غلطی کارکنانِ دفتر کی نہیں بلکہ اُنھیں حضرات کی عدم توجہی کا نتیجہ ہے جنھوں نے رسالے کے ٹھیک وقت پر پہنچنے کا خیال مدِّنظر نہیں رکھا۔ لہٰذا بجملہ قدر دانانِ منتھلی کی خدمت میں التماس ہے کہ آیندہ سے اِس امر کا خاص طور پر لحاظ فرمائیں تاکہ عین وقت پر تبدیلی ایڈریس کی اطلاع دفتر میں پہنچ جانیسے رسالہ کے بدیر وصول ہونیکی شکایت کا موقعہ نہ آئے۔ ۲۔ رسالۂ علی گڈھ منتھلی کے رجسٹر روانگی کا سال ماہ مارچ میں ختم ہوتا ہے اور ماہ اپریل سے تمام رجسٹر صاف کر کے نئے سرے سے ترتیب دیا جاتا ہے۔ لہٰذا تمام معزز معاونین اپنے اپنے اسمار گرامی اور پتے وغیرہ ملاحظہ فرمالیں۔ اگر نام یا ایڈریس میں کچھ غلطی ہو تو اُسکی تصحیح کیلئے بہت جلد دفتر کو ہدایت کریں۔ نیز اپنی خریداری کا تبدیل شدہ نمبر ملاحظہ فرما کر آیندہ خط و کتابت (بالخصوص تبدیلی پتہ کے موقعہ پر) میں اسکا حوالہ دینا نہایت ضروری سمجھیں۔ واضح ہو کہ پیشانی ایڈریس پر جو رجسٹر نمبر 23 A درج ہے وہ ڈاکخانہ کا نمبر ہے اُس سے حضرات خریدار انکو کچھ واسطہ نہیں۔ خریدار یکا نمبر وہ ہے جو اُن کے نام کے شروع میں درج ہوتا ہے۔ العارض محمد امین خان سب ایڈیٹر

AN UNPRECEDENTED SUCCESS
IN THE
HOCKEY TRADE.



THE NUMBER OF
HOCKEY CLUBS THAT
PATRONISE OUR

HOCKEY STICKS

Has this year gone up to 576 as against 469 last year.

They Consist of

45 BRITISH INFANTRIES.
6 BRITISH CAVALRIES.
114 NATIVE INFANTRIES.
17 NATIVE CAVALRIES.
72 BATTERIES OF ARTILLERY.

And Numerous

Station Clubs, Native States, Hill Depots, Police Clubs, Railway Clubs, Volunteer Clubs, Frontier Clubs, and European Schools.

BESIDES HUNDREDS OF
Individual European Civil and Military Officers and Private Gentlemen.
Hundreds of Highest Testimonials
RECEIVED FROM ALL PARTS OF INDIA.

PRICES

The **Oriental**, solid all cane handle, with leather sewn on, each **Rs. 5.**
The **Rustum**, solid all cane handle, with black twine binding, each **Rs. 4**
The **Khalsa**, Regulation size, shaped and polished, tape bound handles, each **Rs. 2-8.**
Balls : The **Oriental**, gut sewn, painted white, each **Re. 1-8.**

Illustrated Sports Catalogue Post Free.

GANDA SINGH UBEROI & CO.

Largest Manufacturers of Sports in the East.
PUNJAB SPORTS WORKS, SIALKOT CITY.
When ordering please mention this paper.

Such terrible disasters however only form an occasional blot on what every climber will unhesitatingly describe as the "finest sport in the world" !

The joys of the Alps, or indeed of any mountain, are quite peculiar, and the remembrance of blizzards, and frozen feet, of ropes stiff with ice, or of anxious moments at nasty corners, is quite swallowed up by the many happy memories which crowd the mind of any lover of the Eternal Hills.

ascending that treacherous peak the Dent Blanche, from a side which up tothat time had hardly ever been attempted—and the technical difficulties were particularly great, even for such a well-found party. An hour or so below the summit, they were all bunched together on a small rock slab with a big drop on one side, and a rock buttress about 10 feet high in front. Jones was standing on the leading guide's back, trying to reach the top of the buttress, while the guide himself was bent double, and leaned on his axe. Apparently the supporting axe slipped—and with it the guide. Jones was shot out into space. The rope instantly jerked the 3rd man from his narrow ledge, and in an instant was tant between him and the last man as the rope—a Mr. Hill of London. By extraordinary good fortune for him, Hill had previously taken a turn of the rope round a projecting mass of rock, and thus when the jerk came it fell entirely on the rock, and not at all on Hill. With 3 bodies falling free, and perhaps 20 feet between each, the strain was terriffic ; the rope instantly parted, and left Hill *alone* on the Dent Blanche, three quarters of the way up a new and dangerous route with not the vaguest possibility of descent. His only chance was to try to reach the summit and come down by the ordinary way. After hours of incredible toil, and shaken by the tragedy he had witnessed, Hill succeeded in finishing the ascent—and immediately began to descend. Comparatively speaking things were easy now, although he had to move with excessive caution, and very very slowly indeed. But to add to the horror of the situation bad weather came on, and he was enveloped in a blinding blizzard of snow and ice spicules. He sheltered in a small ice covered cave, and as it was now too dark to continue the descent he was forced to spend the whole night crouching in this rocky hollow, at the mercy of the snow and wind.

At dawn, the snow stopped, and the frozen man began to descend again. His difficulties were almost insuperable, as now all tracks of parties who had ascended the mountain on the previous day were obliterated and he had practrically to evolve a route for himself. On one occasion he lost his axe, and had to spend an hour or more descending from the arête to recover it. As dusk came on he reached safe ground, and staggered along over the many weary miles of moraine and grass descent, to Zermatt. During the whole of the time since the accident Hill had had nothing to eat except 5 or 6 raisins and a thimbleful of whisky. No wonder he sank down utterly exhausted on the grass 500 yards in front of the hotel door. I believe he was only found by some chance-passer by.

and Mr. Hadow flying downwards; in another moment Hudson was dragged from his steps, and Lord F. Douglas immediately after him. All this was the work of a moment. Immediately we heard Croz's exclamation, old Peter and I planted ourselves as firmly as the rocks would permit; the rope was tant between us and the jerk came on us both as one man. We held; but the rope broke midway between Tangwalder and Lord Francis Douglas. For a few seconds we saw our unfortunate companions sliding downward on their backs and spreading out their hands, endeavouring to save themselves. They passed from our sight uninjured, disappeared one by one and then fell from precipice to precipice on to the Matterhorngletscher below, a distance of nearly 4,000 feet in height....So perished our comrades !.....For the space of half an hour we remained on the spot without moving a single step..... ...at last old Peter summoned up courage and changed his position to a rock to which he could fix the rope .... For more than two hours afterwards I thought almost every moment would be my last; for the Tangwalders, utterly unnerved were.....in such a state that a slip might have been expected from them at any moment :..... several times old Peter turned with ashy face and faltering limbs and said with terrible emphasis *'I cannot'!* About 6 p. m. we arrived at the snow upon the ridge descending towards Zermatt, and all peril was over."

"We frequently looked.....for traces of our unfortunate companions, but in vain .....and too cast down for speech, silently gathered up our things preparatory to continuing the descent. When lo! a mighty arch appeared rising above the Lyskamm, high into the sky. Pale, colourless and noiseless, but perfectly sharp and defined except where it was lost in the clouds, this unearthly apparition seemed like a vision of another world; and, almost appalled we watched with amazement the gradual developement of two vast crosses one on either side..... Our movements had no effect on it. The spectral forms remained motionless. It was a fearful and wounderful sight; unique in my experience and impressive beyond description, coming at such a moment."

Of more recent accidents, I think that which involved the death of Mr. Jones and two others on the Dent Blanche is most worthy of record. Mr. O. G. Jones, a master at the city of London School was perhaps the most brilliant amateur rock climber there has ever been. He and his party were

are sometimes troublesome but real mountain sickness, apart from the sickness caused by exhaustion is probably never experienced in the alps. They are not high enough.

It may not be without interest to give an account of one or two of the more sensational ascents in the alps. The Alpine disaster always has a peculiar fascination for the climber as well as for those who have not experienced the joy of attaining their first first-class summit. This is by no means meant to imply that climbing as a sport is dangerous; hardly an accident is recorded in which some one of the fundamental precautions of mountaineering was not neglected. Parties have been lost in bad weather, it is true; but so have ships on the sea—and the man who ventures guideless on the high alps is simply courting disaster. The Swiss guide is a man apart. His peculiar instinct of direction, knowledge of weather signs, and intuition as to what will prove a feasable route under bad conditions raise him to a stage above that to which any amateur can hope to attain,—while constant practice and observation all the year round in his mountain home give the best guides a knowledge of snow and ice craft which has hardly ever been equalled by the non-professional.

There are very few tragedies which have surpassed the celebrated Matterhorn disaster of July 1865. This mountain rises magnificently 14,700 feet high and towers alone above the glaciers which flow away from iton all sides. It is the most imposing and impressive peak in the alps and for years defied every attempt to scale it.

Mr. Whymper with Lord Francis Douglas, Mr. Hadow, Mr. Hudson and two guides of repute, Croz and Peter Tagwalder together with a son of the latter guide after great difficulty had succeeded for the first time in reaching the summit. Whymper had been trying the peak for four years, and the exultation of the party can well be imagined. The horrible smash came during the first part of descent, and I cannot do better than quote from Mr. Whymper's own account of the affair.

".....Michel Croz had laid aside his axe and in order to give Mr. Hadow greater security; was absolutely taking hold of his legs, and putting his feet one by one, into their proper positions.....Croz was in the act of turning round to go down a step or two himself; at this moment Mr. Hadow slipped, fell against him, and knocked him over. I heard one startled exclamation from Croz, then saw him

is reached the lantern is left concealed under some boulder, and then still rising slowly, you strike the moraine and feel the first peculiar chill of the glacier wind. Soon afterwards comes the first halt and some welcome breakfast—meat and country wine. A person new to the mountains will often have absolutely no desire for food at this stage, particularly if there has been fresh snow on the peaks and the wind is cold. It is then that a good guide will first exert his authority—by insisting on that person taking some food. If he did not there would be difficulties later on when the cold became more intense and the hard work began. Exhaustion resulting from a refusal of food at the beginning of a climb is one of the chief causes of the sickness which almost inevitably follows. After breakfast on goes the rope with first guide leading and second guide or best amateur bringing up the rear, and you step out on to the crisp snow which covers blue ice beneath, threading a winding path between enormous crevasses, gingerly crossing snow bridges and always mounting steadily—while the sun just tips the surrounding peaks with rose, and all below is still in shadow, and icy after the night. In general the party would not consist of more than four and the rope is kept tant between each man so that in the event of anyone disappearing into a crevasse he does not fall far, but is hauled safe but undignified out of the crack.

When the rocks begin it is sometimes wise for only one man to move at a time, the others "making fast" and bracing themselves against a possible slip—but as often as not the little party progresses slowly but continuously unless "blue ice" is met with when the leader cuts steps with his axe and the ascent goes on more slowly still. Each individual has his own particular difficulties on the mountains. Some hate descending steep ice slopes and do slowly and clumsily what another man who perhaps might be an indifferent rock climber would come down with easy and security. Others hate knife-edge arêtes, and can hardly obey the unwritten climber's law of "always upright," but pine to clasp the icy ridge with legs and arms. Difficulties of this kind usually vanish however with practice and experience, and are as nothing compared with the real difficulties which may arise in bad weather, or in the case of accident. As to the constant remark of the non-climber about giddiness, this is probably never felt when he is once well on the peak. He may feel very nervous at the beginning but directly the work begins he has far too much to think about, to spare any time to feeling giddy. Nose bleeding and bad headache

general level of mental ability. For such an immeasurable blessing a slight loss of skill is but a small price to pay.

Printing then took away some good from us, but in return it has given us far more than we lost. A change from the old conditions was both necessary and inevitable; and it is idle to regret that which could not be avoided, especially when the advantages more than counterbalance the evils gained thereby.

A plea for the Mountaineer.

The pleasures of peak-scaling are almost always called in question by those who have confined their ascents to the Monument or to Primrose Hill and in point of fact it is by no means an easy task to convince the biassed inhabitants of the second dimension of the joys of an excursion into the third. To such critics we can only reply, 'Try it, and find out.' Probably however a clue to the well known mountain mania is found in the continuous excitement of an ascent, and the extraordinary sense of physical fitness which is felt by all who climb when their bodies are in reasonable training and their lungs are acclimatised to the rarefied Air. Besides this there is always the View for the Aesthetic, and continual difficulties and checks for the Obstinate or Impatient. Whatever may be true in the saying that a man is himself in his cups, he is certainly always himself on the mountains. And that alone should be sufficient excuse for the egoist.

The progress of a typical ascent in the alps may be divided into three parts. The tramp in the dark and the dawn through pine woods and over grass boulders and moraine to the glacier snout; the passage up the glacier to the bergschrund or huge crevasse which marks where the ice has broken away from the main rocky buttress of the mountain; finally, ascent over bare or ice-covered rock, varied by the traverse of an ice-conloir or a snowy arête to the summit. The first portion is often fatiguing but is always beautiful since the wonderful effects of dawn on the mountains then become evident. You mount the steep turf steadily tramping upwards behind the stalwart guide with a flickering candle-lantern as your only light, marvelling at the stillness and speculating on the weather and the chances of success. Gradually as the east grows bright, and the flat grassy plain (locally called an alp)

patience and pride in work which was then so wonderfully shewn.

Moreover man's best life is not the conglomeration of artificial falsehoods, which go to make up our life now, but a simple "country" life. The peasant-farmer, working under fair conditions, represents the happy man. His life is purer, healthier and more peaceful than that of the dweller in towns, to whom printing is an absolute necessity. To pore over books is unnatural; it is "a weariness of the flesh," for "of the making of books there is no end."

Lastly, granted that education is necessary to the full development of our many-sided nature, the ancient world shewed that this could be attained quite well. Yet there was no printing then. Printing has simply multiplied books; it has brought into light much that is useless. The very ease with we can "rush into print" is demoralising; if every word had to be copied carefully, more thought would be spent on literary efforts.

On the other hand it may be questioned whether printing has not really assisted to preserve eyesight in good condition; because when printing was still unknown reading was constantly becoming more necessary through the changes which inevitably came over the mode of living. Even poor printing is preferable to good writing. Also long sight is not necessarily strong sight. It must be allowed, however, that the memory is not so good now as it must have been of old. It may also be granted that the old artistic taste, skill and patience have been lost. Yet the invention of printing has led to the discovery of many other arts and has opened up the road to learning to many who would otherwise wallow in the mud of ignorance.

The idyllic state of the peasant-farmer, who tills a little plot of fertile land, is impossible. Such a life is out of the question altogether, when a country becomes at all congested. There is no room for the "self-sufficing man"—the man who can supply his own wants. Men are interdependent, and this utopian country life is altogether incompatible with solidarity.

Further we may fairly infer that such an existence is not warranted to bring out the best points in either the mental or the moral character of man. Printing, by bringing near to all the means of acquiring knowledge, has raised the

The men of to-day are just as prone to these regrets as were their predecessors in the world of letters. It may be a feeling of genuine regret with some; with most, however, it is more probably mere affectation. Such people have perhaps been reading of "merrie England" in the time of "good queen Bess"; they promptly and unthinkingly assume that because England and the English have changed they have therefore deteriorated.

Again the more contemplative of men, who, had they lived six hundred years ago, would have made excellent monks, find themselves somewhat out of place amid the bustle and the turmoil of modern times. They are disturbed by the march of invention and by man's restless energy; and they think it were better had such things never been. Unpractical, vain dreamers as they seem, there is nevertheless something to be said for their view.

Men now a days live at very high pressure. Life is more wearing than formerly and sometimes under all this stress and strain men are inclined to neglect some of the better part of their nature. It was possibly some reflection of this kind that prompted Disraeli to say "the greatest misfortune that ever befel man was the invention of printing." At first this sounds absurd, but when it is more closely examined it will be seen that there is much truth in the words.

In the first place there is not the slightest doubt that the faculty of memory has deteriorated very considerably since printing relieved men of the necessity of remembering. It may further be said that eyesight among book reading peoples has become poor, and is likely to become still worse, owing to the weary work which a multiplication of books has brought on us. The untaught villager can see miles further than the reader of books. The latter's eyes have grown weak by constant strain,—often indeed by heredity,—and he can see neither far nor clearly.

When we inspect the old manuscripts in libraries and museums or the old firmans in private houses, we are forced into admiration for the skill and patience with which the writing and the illumination have been carried out. There is on those pages something more than clever work; they have the love of work and the pride of doing it well, as it were, imprinted on them. There is great reason to fear that now this skill is lost; and certainly it is very hard to find the

your affairs, but will be directed to ascertain whether there are any causes beneath the surface which have led the students to take up an attitude wholly inconsistent with the relations which should exist between them and their teachers. It is not necessary for me to impress on you the need for dealing firmly with the question. You have already told me of your intentions to do so, and for removing root and branch any defect that you find to exist in the present organisation of the College. If your Committee conducts its enquiry faithfully, and without fear of consequences, as I have no doubt it will, and if you will take action to remove any defects which the Committee's enquiry discovers, I hope that out of evil good may come, and that your College may emerge from the trouble that has recently occurred into an era of even greater prosperity than it has hitherto enjoyed."

He was pleased with the new developments—the Schools of Science and Arabic—and he would be glad to give what help he could to further sound education. With regard to the Library he agreed with what the Trustees had said as to its importance and he hoped to be able to help the College in this respect also. In conclusion His Honour expressed his general willingness to aid the Trustees whenever they asked for his advice and counsel.

After replying to the address Sir John Hewett saw the Trustees and Staff privately and had some discussion with them.

In the afternoon a garden party was given at the English House, on the cricket ground of which a match was played between the Tenth and Ninth Classes and the Rest of the School, the latter winning easily. Both His Honour and Lady Hewett were present.

The Nawab Faiyaz Ali Khan gave a large dinner party in honour of the Lieutenant Governor's visit and shortly after ten the guest of the evening and his party left *en route* for Meerut.

Printing an Evil to Men.

Since the world has had a history, men have been fond of sighing for the " good old days." Homer himself speaks of stones which bygone heroes could throw about with one hand whereas in his time five men could barely lift them.

In the address respectful congratulations were offered to Sir John Hewett on the assumption of the post of Lieutenant Governor. Then the recent troubles were mentioned "while safeguarding the religious, moral, intellectual and physical needs of our students, we regard the maintenance of discipline as absolutely necessary in the interests of the students themselves, and nothing can make us depart from this time honoured and sound principle."..... ....." We are going to institute a searching enquiry into the cause and circumstances of the late troubles and will deal with the situation as the interests of the College will require."

The address then touched on the new Science and Arabic Schools and expressed a hope that His Honour's sympathy would be given to these new undertakings.

After mention had also been made of the new School buildings and Houses the Trustees drew attention to the weakness of the College with regard to the Library, emphasising the need for creating a "learned society" in India and the impossibility of attaining this result without a good library. The address concluded with the assertion that the aims of the Trustees were simply to carry out the noble design of the Founder and to fit the students "to play their part manfully in the India of the future, so full of difficult and perplexing problems."

In reply His Honour thanked the Trustees for their congratulations, and said that when in 1879 he visited Aligarh at the invitation of Sir Syed Ahmad he little thought that one day it would be his lot to visit the College again as its patron. He then referred to the recent Royal visits to the College and to the interest taken in the institution and its aims.

With regard to recent events His Honour said "I am glad to learn that you are undertaking a searching enquiry into the causes of the trouble that has recently occurred here. Having been educated at the oldest of the English public schools, and at the University of Oxford, it is only natural that I should attach the highest value to the maintenance of discipline in a College like this. You cannot do better than follow in your management of the College, the principles laid down by Sir Saiyed Ahmed, which you have referred to in your address. Your enquiry no doubt will extend not only to the actual occurences, which to the outward eye may seem to have led to the crisis that has recently occurred in

pal's orders was disobeyed by this student who naturally had to be sent away from the College in the interests of discipline. He thus brought his final punishment on his own head.

Much excitement had existed all through the week with regard to this affair and the sending away of this student was the signal for an extraordinary outbreak on the part of all others. Meetings were held, morning, noon and night, and the general ground of complaint alleged as the cause of the unpleasantness was that the members of the Staff did not now show the same kindliness towards the students as in the days of old. On Friday night February 15th there was a good deal of noise and disturbance of so grave a character that the College authorities, both Trustees and Staff, were inevitably bound to take serious notice of the whole affair.

The impasse lasted until Saturday, February 23rd, in spite of the efforts of Trustees, Old Boys and others to bring about a conciliatory settlement. On that day the Trustees ordered the closing of the College till further notice, and this took effect from Sunday evening, February 24th.

The School was very little affected by all this and re-opened on March 2nd after the ordinary Moharram and Holi holidays.

The affair, though serious enough, has perhaps been magnified in the Press, which has treated it at some length. As has been said above we make no comments now, save to express our regret at the whole business. The College and the students have both suffered. May the damage done be small!

The Visit of the Lieutenant Governor.

On Thursday, March 7th, His Honour Sir John Prescott Hewett, the newly appointed Lieutenant Governor of these provinces visited the College. He was entertained by the Nawab Faiyaz Ali Khan during his stay in Aligarh.

His Honour arrived at the College at about 11-30 and was received by the Trustees and Staff at the Main Gate. He went round the College buildings and saw the new Mumtaz Boarding House, after which he came to the Strachey Hall where an address was read on behalf of the Trustees by Aftab Ahmad Khan Esq.

of the game was fairly even, as our team could not show their real form on grass. In the second half, however, they adapted themselves to their conditions and eventually won by six goals to one. H. H. the Lieutenant Governor, watched the game.

We also won the Hockey, defeating Muir Central College by two to one. In this match, according to the account of the Hockey Captain, we were favourd by furtune, as Muir Central College were unlucky enough to lose one of their best players through an accident.

Thus the teams returned to Aligarh after a triple triumph, bringing with them the Cricket Shield, the Hockey Cup and the Football Trophy.

Unhappily the memory of these successes seems only too likely to be lost in the sullen gloom of the trouble that followed, a trouble which has resulted in the closing of the College from February 16th to March 20th, a period far longer than the ten days holiday, given for Moharram and Holi.

It would be inadvisable as well as improper at this stage to pass any comments on the affair; for "lis sub judice est,"—a commission of Trustees is to sit in the middle of this month to enquire into the matter. Hence a brief statement of what happened will have to suffice for the present. Before beginning the account it should be mentioned that by a most unfortunate coincidence the Hon. Mr Gokhale gave a lecture in the College the very day previous to the disturbance. His lecture was on "Education" and from its very title it will be perfectly clear that nothing in that lecture must be connected with this most unfortunate business.

We should not mention this coincidence at all, were it not for the fact that newspaper readers, not knowing all the facts, would naturally be inclined to connect the two events together. Instead of being connected they should be kept distinct and separate.

On Saturday, February 9th, at the District Fair there was a collision between the Police and some students. This matter could not be allowed to remain without enquiry. The District Superintendent of Police asked that one student should be punished severely or that he should stand his trial in the usual way. The Principal inflicted a punishment and the student wrote an apology. One of the Princi-

In Tennis the Agra pair were the winners. They were quite well together and outplayed their opponents in every match. Aligarh did not do well. But one good effect of their defeat will be that more serious attention will in future be paid to the encouragement of this game. The College pair was selected or rather was the result of a competition held on the previous day. A pair, produced under such conditions, could scarcely be called the best representative pair from the College. The two players did their best and did very well indeed under the circumstances to get as far as the semi-finals ; but there is no doubt that they would have done better with practice.

As for Cricket there is very little to be said. The College was far too strong for any opponents that it met and had a very easy time.

In Football there were two good games, both between St. John's Agra and Aligarh. The former possessed a pair of good backs and an excellent goal keeper. The other games were of a quiet and less exciting kind, though mention should be made of the very creditable show made by Bareilly College. St. John's Agra drew with Aligarh on Wednesday, January 30th, the score being love all, even after playing extra time. This was a very good match to watch though the College forwards should have done better than they did.

The Agra goal-keeper gave a wonderful exhibition and saved several times in a marvellous way. His backs also were fired by his example and showed a very sound defence. On the following day the game was replayed and the result was this time absolutely decisive. The Agra defence was bustled throughout the game and the final score was 3 to love in favour of Aligarh.

The Hockey matches were not very good. Meerut played Aligarh and gave a very useful object lesson in the way to play a losing game. Nobody, watching them towards the end of the match, would have thought that they were six goals behind. They played a good hard game to the very end. Bareilly after beating Agra College in the first round scratched to Aligarh in the semi-final.

The Finals also were all won by our teams. The cricket was won quite as easily as in the earlier round. The football was played against Canning College, Lucknow. The first half

The Aligarh Monthly

March, 1907.

College Notes.

Before beginning any account of the recent trouble in the College, it will perhaps be best to deal with the usual items of College news.

The School Teams did not fare very well in their Tournament at Agra. They put up a good fight but obviously "it was not their day." They lost both in Cricket and Football to the ultimate winners of the Tournament.

The College Teams, on the other hand, had an easier task in their Tournament. The preliminary rounds were played in Aligarh, while the Finals for both the Eastern and Western Tournaments were held at Lucknow.

The Tournament began here on Monday, January 28th and was finished by Thursday January 31st. Mr. Gardner Brown was Local Secretary. The visiting teams were provided with lodging by the College. The entries were as follows; for Cricket; Meerut, Agra and Agra St. John's together with Aligarh; for Football; Agra, Bareilly, Agra St. John's and Aligarh; for Hockey, Bareilly, Agra, Meerut and Aligarh, while for Tennis there were five entries, all the competing Colleges, above named, sending in a pair.

علی گڑھ میگزین

جلد (۵)	اپریل ۱۹۰۷ء	نمبر (۴)

تجرّد اور ازدواج

آج کل اکثر نئی روشنی کے نوجوانوں میں مجرّد رہنے کی خواہش زیادہ پائی جاتی ہے۔ اس سے ایک تو لڑکیاں کنواری بیٹھی رہتی ہیں۔ دوسرے خود اُن نوجوانوں کو اس تجرّد سے نقصان پہونچتا ہے۔ جب کوئی اُن سے اِس تجرّد کا سبب دریافت کرتا ہے، تو بعض یہ کہتے ہیں کہ ابھی ہماری آمدنی میں اتنی گنجایش نہیں، جس سے بیوی بچّوں کی پرورش کر سکیں۔ اور اکثر نوجوان یہ عُذر پیش کرتے ہیں کہ تعلیم یافتہ اور ہم مذاق بیوی کا ملنا دشوار ہے اور جاہل عورت کے ساتھ ہم اپنی زندگی عمدگی سے بسر نہیں کر سکتے، اِس لئے ہم تجرّد کو ایسے ازدواج سے اچھا جانتے ہیں۔

بجز نقصان شادی سے نہیں کچھ ہند میں حاصل
مزا کیا گھر میں رہنے کا جو ہم صحبت نہ ہو عورت

سُنا کرتے تھے گھر میں دُور ہو جاتی ہے سب کلفت
ہوا معلوم اب تو یہ کہ گھر ہی خانۂ وحشت

پہلا عذر شادی نہ کرنے کے لئے کافی نہیں ہے۔ البتہ دوسرا قابلِ لحاظ ہے اور اُسکے پُورا کرنے کی ہر طرح کوشش کیجاتی ہے۔ لیکن یہ مسئلہ آجکل میں طے ہونیوالا نہیں اسکو ابھی کئی سال چاہئیں۔ پس ایسی صورت میں تعلیم یافتہ نوجوانوں کا تجرد کو ازدواج پر ترجیح دینا ملک اور قوم کے لئے نہایت ہی خطرناک ہے۔

اِس چھوٹے سے مضمون میں مختصراً تجرد کے نقصانات اور شادی کے فوائد بیان کئے گئے ہیں اور یہ بتلایا گیا ہے کہ ہم کو کسطرح اور کس عمر تک شادی کرلینی چاہیے۔ اور بعد میں کن امور کا لحاظ رکھنے سے زندگی خوشی اور خرمی سے بسر ہو سکتی ہے۔

تجرد کے نقصانات

مردم شماری کی رپورٹ سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ مجرد آدمی بہ نسبت متاہل کے زیادہ بیماریوں میں مبتلا رہتے ہیں اور نیز اِن کی اموات بھی بہ نسبت متاہلوں کی اموات کے زیادہ ہیں۔ چنانچہ پچیس ۲۵ اور پینتالیس ۴۵ برس کی عمر میں فیصدی ۴۸ مجرد مرتے ہیں، ۱۸ متاہل۔ اگر ۴۸ برس کی عمر تک پہونچیں تو صرف چالیس ۴۰ مجرد اِس عمر تک پہونچتے ہیں۔ اگر ہم اور آگے جائیں تو نتیجہ اس سے بھی زیادہ حیرت ناک نظر آتا ہے۔ مثلاً فیصدی اگر ۴۸ متاہل ساٹھ ۶۰ برس کی عمر تک پہونچیں تو صرف ۲۲ مجرد اُس عمر تک پہونچتے ہیں۔ علیٰ ہذا اَسّی ۸۰ برس کی عمر تک فی صدی ۹ متاہل اور صرف ۳ مجرد پائے جاتے ہیں۔ عورتوں کے حق میں شادی مردوں سے زیادہ مفید ہے۔ اگرچہ زچگی خطرناک سمجھی جاتی ہے۔ تاہم بہ نسبت مجرد عورتوں کے بیاہی عورتیں بہت کم بیماریوں میں مبتلا رہتی ہیں، یہ امر بھی قابلِ غور ہے کہ سو خودکشی کرنیوالوں میں سے ۶۷ مجرد ہونگے اور ۳۳ متاہل۔ اور ۱۰۰۰ پاگلوں میں سے ۹۸۰ مجرد ہیں اور

۴۶ ستاہل۔

یہ سچ ہے کہ بہت سے آدمی باوجود شادی نہ کرنے کے مجرد نہیں رہتے، لیکن ایسے لوگ یا تو عیاشی میں پڑجاتے ہیں یا افعال خلاف وضع فطری اِن سے سرزد ہوتے ہیں اور یہ دونوں سخت مضرت رسان ہیں۔

تجرد اور ازدواج کے متعلق بعض لوگوں کی رایوں میں اختلاف ہے۔ قدیم زمانے سے آجتک جن لوگوں نے انسان کی زندگی کے مختلف حالات پر غور کیا ہے، اُن کی یہ راے ہے کہ شادی خود اُس شخص کے لئے جو کرتا ہے اور اُس انسانی سوسائٹی کے لئے جس کے ساتھ اِس شخص کا تعلق ہے بہ نسبت تجرد کے نہایت مفید ہے۔

بعض حضرات جو انسان کے انجام کو سوچا کرتے ہیں وہ اگرچہ ازدواج کو بُرا نہیں جانتے لیکن تجرد کو پاک، شریف، اور اعلیٰ ترین زندگی خیال کرتے ہیں۔ مگر عموماً مقنّن، سوشیالوجسٹ مدبّر، فلاسفر اور فزیالوجسٹ، پہلی راے سے اتفاق کرتے ہیں اور سنیاسی، زاہد و عابد وغیرہ دوسری راے سے۔

مختلف ممالک کے مقنّنوں نے اپنے وقت میں تجرد کو بذریعۂ قانون روکا ہے۔ چنانچہ آج کل بھی بعض مہذب ممالک میں جہاں تجرد کی طرف لوگ زیادہ مائل ہیں۔ وہاں اُسکے روکنے اور ازدواج کے ترغیب دلانے میں ہر طرح کی کوشش کی جارہی ہے۔

حال کی علم الاعداد کی رپورٹوں سے واضح ہوتا ہے۔ کہ ستاہل اپنی زندگی کا حصہ بہ نسبت مجرد کے زیادہ مسرت سے بسر کرتے ہیں۔

تجرد کے نقصانات کی تاریخی مثالیں | بوسوبر (Beaussire) اپنی تاریخ کرٹیک ڈی سیانی کرم (Histoire Critique de manichéisme) کے تیسرے باب میں ایک عجیب بات بیان کرتا ہے کہ۔

"قدیم عیسائیوں کا یہ عام خیال تھا کہ اگر حضرت آدم خدا کی نافرمانی کیوجہ سے زمین پر

نہ پھینکے جاتے تو وہ ہمیشہ تجرد کی پاک زندگی بہشت میں بسر کرتے اور جنت معصوموں سے بھرا رہتا۔ اُن عیسائیوں کے خیال میں ازدواج حضرت آدمؑ کی نافرمانی کا نتیجہ تھا اور اُس عتابِ الٰہی کا داغ ازدواج کی صورت میں آدم کی اولاد میں آجتک نمایاں ہے۔ جس ناپاک اور پُر از گُناہ کام کو انسان استقلال کے ساتھ روا رکھتا ہے، اِس سے باز رہنا اُن عیسائیوں کے خیال میں بہت بڑا تقدس اور رضائے الٰہی کا عین منشا سمجھا جاتا تھا۔"

یورپ میں جہاں مذہباً تجرد اچھا سمجھا جاتا ہے، اور جہاں قدیم زمانے میں امیر و غریب کی شادیوں کے رسومات گرجا کے دروازے پر ادا کئے جاتے تھے، اور اُسوقت جن کا خیال تھا کہ گرجا جیسے مقدس مقام کو ایسے بُرے اور شرمناک کام میں استعمال نہ کرنا چاہیے، جس کیوجہ سے مرد اور عورت آزادی کیساتھ ہم بستر ہو سکتے ہیں۔ چنانچہ سنہ ۱۵۵۹ء میں اِسی اصول کے موافق ہنری دوم شاہ فرانس کی بیٹی ایلزبتھ کی شادی۔ فلپ دُوم شاہ اسپین سے ہوئی۔ جس کے رسومات عقد کو پیرس کے بشپ نے نوٹرڈیم کے گرجا کے دروازے پر ادا کیا تھا۔ مگر وہی لوگ تجربے سے اب تجرد کو بُرا اور ازدواج کو نہایت ضروری سمجھتے ہیں۔ تاریخ کے دیکھنے سے ہمکو تجرد کے نقصانات اور ازدواج کے متعلق عجیب و غریب قوانین معلوم ہوتے ہیں۔ چنانچہ یونان کے مشہور مقنن لی کرگس (سنہ ۳۹۵ ق م) نے تمام مجرد اشخاص کو سیول اور فوجی خدمات سے محروم کر دیا تھا اور اُنکا شمار بداطوار آدمیوں میں کیا جاتا تھا۔ بعض مقدس تیوہاروں میں عوام سے اُنکی تحقیر کرائی جاتی تھی، شاہراہوں پر اُن کی ہنسی اُڑائی جاتی تھی۔ اور عورتیں اُن کے چہرے نوچتی اور ایک چھوٹے چابک سے اُنھیں مارتی تھیں۔

بقراط نے ایک نوجوان شاہزادے کی زندگی صرف شادی کرانے سے بچائی تھی۔ اِس شادی کا مختصر واقعہ یہ ہے کہ یہ شاہزادہ ایک لڑکی پر عاشق تھا اور سوائے اُسکے دوسری عورت سے شادی نہ کرنے کا مصمم ارادہ کر لیا تھا۔ اِسوجہ

سے اُسکی صحت روز بروز خراب ہوتی جاتی تھی۔ آخرکار لوگوں کو اُسکی زندگی سے مایوسی ہوگئی تھی، مگر شادی ہوجانے سے وہ اچھا ہوگیا۔

اِسیطرح جالینوس نے بھی ایک لڑکی کو موت کے پنجے سے شادی ہی کراکے چھوڑایا تھا۔

تاریخ اِسپارٹا میں ایک بوڑھے مجرّد آدمی کا یہ عجیب واقعہ درج ہے کہ ایک مرتبہ ایک لڑکے نے کسی بُوڑھے آدمی کو سلام نہ کیا۔ لڑکے کی اِس حرکت سے اُس بُوڑھے نے ضلیش میں آکر مجسٹریٹ کے سامنے اُسکی شکایت کی۔ کیونکہ اُن دنوں اُس ملک کی یہ تہذیب تھی کہ ہر شخص اپنے سے زیادہ عمر کے آدمی کی پُوری تعظیم کرے اُسکے خلاف کرنے پر اُسکو سزا ملتی تھی۔ اِسی بنیاد پر اُس بُوڑھے نے شکایت کی تھی۔ جب مجسٹریٹ نے لڑکے کو طلب کرکے پُوچھا کہ تم نے کیوں سلام نہیں کیا؟ تو لڑکے نے جواب دیا کہ مُیرے سلام نہ کرنے کی وجہ یہ ہے کہ یہ بُوڑھا اب تک مجرّد ہے۔ اور جب یہ مرجائیگا تو اسکی کوئی اولاد نہ ہوگی جو میری ضعیفی میں مجکو تعظیم دے"۔ لڑکے کا جواب معقول تھا اِسلئے وہ بُوڑھا عدالت سے نہایت ذلّت کے ساتھ نکالدیا گیا۔

رومۃ الکبریٰ کے باشندوں سے کسی معاملے میں رائے لینے سے قبل یہ سوال کیا جاتا تھا کہ کیا تم متأہّل ہو۔ اگر اِسکا جواب نفی میں ملتا تو اُسکی رائے نہیں سُنی جاتی تھی جولیس سیزر (Julius Ceasar) اور دوسرے شاہانِ روم کے عہد میں مجرّد آدمی کو سزا ملتی تھی۔ اور متأہّل کو جزا۔ رومۃ الکبریٰ اور یونان میں تجرّد کے خلاف نہایت سخت قوانین رائج تھے اور جو مجرّد رہتے تھے اُن کو بے حد تکلیفیں پہونچائی جاتی تھیں تاکہ دوسرے اِن سے عبرت حاصل کریں۔

حقیقت میں تجرد جیسا ایک شخص کے لئے مضر ہے اسیطرح ایک سوسائٹی کے واسطے بھی سخت نقصان رسان ہے۔ کیونکہ اس سے ہر طرح کے خراب

امراض ملک میں پھیلتے ہیں۔ اور عیاشی کا بازار ہمیشہ گرم رہتا ہے۔ اور یہی اسباب ملک کی تباہی کے پیش خیمہ ہیں۔ یہ بات اظہر من الشمس ہے کہ جو قوم عیاشی اور بدکاری میں مبتلا رہتی ہے اُس میں ضرور ازدواج سے نفرت پیدا ہوجاتی ہے اور یہ علامات اُس قوم کی تباہی اور زوال کے ہیں۔ چنانچہ سلطنت روما کے زوال اور یونانی خاندانوں کی تباہی کے بھی یہی اسباب بیان کئے گئے ہیں۔

مسلمانوں۔ ایرانیوں۔ ہندوؤں۔ چینیوں۔ اور یہودیوں کی مقدس کتابوں میں تجرد کے بے حد نقصانات بیان کئے گئے ہیں۔ ہندوؤں کے مذہب کا تو یہ اصول ہے کہ جو شخص مجرد مرجاتا ہے اُسکی رُوح جنت میں نہیں داخل ہوتی۔ اور ہمیشہ دنیا میں بھٹکتی رہتی ہے۔ اِسی لئے اکثر ہندوؤں میں مُردے کی شادی قبل جلانے کے کیجاتی ہے تاکہ اُس کی رُوح بہشت میں داخل ہوسکے۔

ڈاکٹر سٹرال کا بیان ہے کہ امریکہ کی اکثر نوجوان لڑکیاں اور لڑکے شادی کے نام سے نفرت کرتے ہیں اور یہ کہتے ہیں کہ ہم اسیطرح مجرد رہینگے۔ ڈاکٹر صاحب کی رائے ہے کہ ایسے خیالات سے سوسائٹی ضرور بداخلاق ہوجائیگی۔ اور امریکہ کے مردوں اور عورتوں کی سوشل حالت نہایت خراب اور شرمناک ہوجائیگی۔

شادی

شادی کی عمر۔ کسی نے سچ کہا ہے کہ نوجوان کے لئے شادی ایک ضروری امر ہے اور قانونِ قدرت کا خاص منشا بھی یہی ہے۔ یعنی بغیر شادی کے انسان کی زندگی عیش و آرام کے ساتھ ہرگز بسر نہیں ہوسکتی۔

شادی کی عمر ہر قطعۂ دنیا کے لئے ایک ہی قرار نہیں دیجاسکتی کیونکہ ہر ملک کی آب وہوا مختلف ہوتی ہے۔ اور اُس کا لحاظ رکھنا ضروری ہے۔ اگرچہ بعض قوموں نے شادی کی عمریں معین کی تھیں لیکن آخر میں وہ سب بے اصول اور خلافِ فطرت ثابت ہوئیں

مثلاً - یونانیوں نے ازدواج کی عمر عورت کیلئے ۳۰ اور مرد کیلئے ۳۵ سے ۴۰ سال قرار دی تھی افلاطون کے قانون سے مرد ۳۵ اور عورت ۲۵ سے ۳۰ سال تک مجرد رہ سکتی تھی۔

قدیم اہل جرمنی کے ہاں مرد کو ۲۵ اور عورت کو ۲۱ سال سے قبل شادی کرنے کی قطعی ممانعت تھی۔ اُن کا یہ خیال تھا کہ ایسے قوانین سے بچے قوی اور زبردست پیدا ہونگے۔ اور بڑی عمر تک زندہ رہ سکینگے۔ شاید اُس زمانے کے لحاظ سے یہ خیالات درست ہوں۔ کیونکہ اُسوقت ماں کی گود ہی سے جسمانی ورزش شروع ہوجاتی تھی۔ اور سوائے اسکے دوسری طرف بہت کم توجہ کی جاتی تھی۔ غذائیں معمولی تھیں اور لباس سادہ تھا۔ اور موجودہ زمانے کی تہذیب کے موجبات ترغیب نہ تھے۔ اس وجہ سے اُن قواعد پر عمل کرنا ممکن ہوگا۔ لیکن آجکل اُن کی پیروی ہر حصۂ دنیا میں بہت مشکل ہے

ڈبلیو۔ ایچ۔ ڈیون پورٹ آڈمس (W. H. Davenport Adams) اپنی کتاب سیکرٹ آف سکسس (Secrets of Success) میں سن بلوغ کی شادی کے فوائد میں بیان کرتے ہیں کہ:-

"ہم اس امر کو نہایت ضروری سمجھتے ہیں کہ ہر نوجوان خواہ وہ آیندہ تجارت کرنا چاہے یا مذہبی خدمت انجام دینے کی تمنا رکھتا ہو، یا انجنیر، یا وکیل، یا مصور، یا منشی غرضکہ جو کچھ بھی بننے کی خواہش رکھتا ہو اُسکو چاہیے کہ کسی اچھے گھرانے میں اوائل عمر میں شادی کرلے۔

اوائل عمر کی شادی کے خلاف جو زور دیا جاتا ہے وہ ہمارے خیال میں ضرور کسی بدنیتی یا خودغرضی۔ ظاہرداری اور عیاشی پر مبنی ہے، جس نے ہمارے تمدن کو تباہ کردیا ہے۔ ہم اپنے برسوں کے تجربے اور زمانۂ دراز کے مشاہدے سے یہ کہہ سکتے ہیں کہ اوائل عمر کی شادی نوجوانوں کی سچی خوشی کا بیمہ ہے۔ ہم کو یقین ہے کہ ایسی شادی حیوانی خواہشات کو اعتدال پر لاتی اور نہایت دیانت داری اور ایمانداری

سے حصولِ معاش کیطرف نوجوانوں کو حرکت دیتی ہے۔ حسین اور نیک لڑکی سے شادی کرنا اور اُس سے محبت کرنا خود ایک عمدہ تعلیم اور اصلی خوشی کا ذریعہ ہے۔

اوائل عمر کی بعض شادیوں کے نتیجے بُرے بھی نکلتے ہیں لیکن اکثر بڑی عمر کی شادیوں کے نتیجے بھی اچھے نہیں نکلتے۔ اور اسی طرح ہر شادی کے نتیجے جو محض دنیوی اغراض کے لئے کی گئی ہوں یا جن میں جوڑے غیر موزوں ہوں کبھی اچھے نظر نہیں آتے جو حقیقت میں شادی نہیں، بلکہ ایک تجارتی معاہدہ ہے"

ایشیائی ممالک، جہاں کے عادات اور تمدنی حالات مغربی ممالک سے بالکل جُدا ہیں اِس لئے یہاں کے ازدواجی قوانین میں بھی بہ نسبت اُن ممالک کے اختلاف ہے۔ وہاں ازدواج میں تاخیر نقصان کے حد تک پہونچی ہوئی تھی۔ تو یہاں ضرورت سے زیادہ جلدی مضرت پہونچا رہی تھی۔ اور ابتک یہ نقص زیادہ تر اہل ہند میں پایا جاتا ہے۔ جو اکثر چھوٹے چھوٹے اور کم عمر بچوں کی شادیاں کر دیتے ہیں۔

امریکہ کے ایک مشہور ڈاکٹر کا بیان ہے کہ جس عورت کی شادی ۲۸ سال تک نہیں ہوتی وہ اکثر خطرناک امراض میں مبتلا ہو جاتی ہے۔ اور جب وہ اُس مدت کے آخری حصے میں بیاہی جاتی ہے تو زچگی کے وقت نہایت خطرہ میں ہوتی ہے۔ اکثر محققین اور ڈاکٹروں کی رائے ہے کہ ہندوستان میں لڑکی کی شادی ۱۵ سال سے ۲۱ سال تک ہو جانی چاہیئے۔ اور سب سے بہتر عمر ۱۸ سال ہے مگر علاوہ عمر کے لڑکی کی صحت اور قوائے جسمانی وغیرہ کا بھی خیال ضرور رکھنا چاہیئے۔ مرد کے لئے ۲۰ سے ۲۵ سال تک شادی کی عمر معین کیگئی ہے۔ اگرچہ اس سے پہلے بھی ممکن ہے مگر اولاد کے حق میں مضر ہے

امریکہ کے مشہور ڈاکٹر ہالک اپنی ایک کتاب میں ایک شخص کا واقعہ اِسطرح لکھتے ہیں کہ۔

" ایک وکیل جس کی عمر ۳۵ سال کی تھی اور جسکے قوٰے اور عام صحت ظاہر میں اچھی

نظر آتی تھی، اپنے میں دفعتاً چند غیر معمولی علامات دیکھکر گھبرایا ہوا میرے پاس آیا۔ مجکو دریافت کرنے پر معلوم ہوا کہ وہ ابھی تک مجرد ہے اور اِس بات پر اڑا ہوا ہے کہ جب تک ایک معقول رقم جمع نہ ہو جائے جس سے بیوی بچّوں کی آسانی سے پرورش ہو سکے، شادی نہ کریگا۔ اور اُس نے اپنی حیوانی خواہشات کو اتنک پوری کوشش سے روک رکھا تھا۔ اُسوقت اُسکے دماغ کی حالت خراب ہو رہی تھی۔ خاصکر اُسکے حافظے نے جواب دیدیا تھا اور اُسکا دل کسی کام میں نہیں لگتا تھا حالانکہ پہلے اُسکو کام کرنے میں لطف آتا تھا۔ مگر وہ ہمیشہ کسی سوچ میں لگا رہتا تھا۔ اور کبھی کبھی اختلاجِ قلب کا بھی دورہ ہو جاتا تھا۔ اِن علامات سے خائف ہو کر وہ میرے پاس آیا تھا۔ اُسکا پورا احوال دریافت کرنے کے بعد میں نے کہا کہ اصولِ فطرت پر عمل نہ کرنے سے ایسا ہی ہوتا ہے۔ میری رائے میں تم فوراً شادی کرلو، سوائے اسکے تمھارے لئے کوئی دوسرا علاج نہیں ہے، لیکن اُس نے میرا کہنا نہ مانا اور مجھ سے رخصت ہو کر چلا گیا۔ نو مہینے بعد وہی وکیل پھر میرے پاس آیا اور اُس نے بیان کیا کہ میری حالت روز بروز خراب ہوتی جاتی ہے اور میری آمدنی میں بجائے اضافے کے کمی شروع ہو گئی ہے۔ کوئی کام مجھ سے نہیں ہو سکتا۔ خیالات بالکل پراگندہ رہتے ہیں۔ حافظہ بھی خراب ہو گیا ہے۔ اب آپ جیسا مناسب سمجھیں میرا علاج کریں۔ میں نے کہا کہ اب بھی تمھاری حالت صحت پذیر ہونیکے قابل ہے۔ تم فوراً شادی کرلو۔ چنانچہ اُس نے میرے کہنے پر عمل کیا۔ اب وہ بالکل تندرست اور صاحب اولاد ہے، اور اُسکی وکالت بھی اچھی چلتی ہے۔

بے جوڑ شادی | یہ کسقدر نامناسب بات ہے کہ ایک آدمی جس نے اپنا عالمِ شباب عیاشی اور بُرے حرکات سے خراب اور پژمُردہ کر دیا ہو، وہ ایک نوجوان لڑکی سے بیاہا جائے جو ابھی موسمِ شباب کی بہار دکھا رہی ہے۔

یہاں یہ امر قابلِ غور ہے کہ جو لوگ اوائل عمر کی شادی کے خلاف ہیں وہ اپنی

عمر کے مقابلے میں عورت کی عمر کا کچھ لحاظ نہیں کرتے اور کبھی اس پر راضی نہیں ہوتے کہ ایک چالیس سالہ مرد کو اپنی ہم عمر یا اپنے سے کچھ کم عمر کی عورت سے شادی کرنی چاہیے، اُن کے خیال میں مرد کو پوری آزادی حاصل ہے کہ وہ دولت کے زور پر خواہ اُسکا دل دُنیوی بُرائیوں میں کتنا ہی ڈوبا ہوا ہو، اور اُسکا عالمِ شباب عیش و عشرت میں برباد ہو چکا ہو، کسی بیچاری کم سن کنواری لڑکی سے شادی کرلے، جس نے ابھی اپنی عمر کے خوش گوار حصے میں قدم رکھا ہے ایسی شادیوں میں سچی ہمدردی اور دلی محبت میاں بیوی میں بہت ہی شاذ پائی جاتی ہے۔ اور یہ بات بھی صرف عمر کے تفاوت ہی کا نتیجہ ہے کہ ایک طرف تو اُسکے شوہر کا دل ہر طرح کی خواہشاتِ جوانی سے سیر ہو چکا ہے اور دوسری طرف اُسکی نوجوان بیوی میں شباب کی اُمنگیں اور جذبات موج زن ہیں مگر ایک کی دوسرے کو خبر نہیں۔

بیوی کا انتخاب

یہ بات ضروری ہے کہ انسان کو اپنی آیندہ رنج و راحت کی شریک اور ساتھی بیوی کے انتخاب کرنے میں کم از کم اتنا خیال رکھنے کی ضرورت ہے جتنا کہ ایک دوست کے انتخاب کرنے میں۔ مزاج اور چال چلن کے دریافت کرنے میں کوشش کرے اور اس امر کے معلوم کرنے میں سعی کرے کہ اس لڑکی کی طبیعت اُس سے ملتی ہے یا نہیں۔ اگر اپنے رُتبے سے کم درجے کے آدمی سے دوستی رکھنا بُرا اور معیوب ہے تو اپنے رُتبے سے کم درجے کی لڑکی سے شادی کرنا نہایت ہی معیوب اور خلافِ عقل فعل ہے۔ کیونکہ شریف کا ساتھ شریف ہی دے سکتا ہے۔ ہمارا مطلب یہاں امیر غریب سے نہیں، بلکہ شریف اور رذیل سے ہے۔ اور یہ ظاہر ہے کہ ان دونوں کے خیالات جذبات اور خواہشات میں زمین آسمان کا فرق ہے۔

مسئلۂ انتخاب زوجین جو آجکل نئی روشنی کے نوجوانوں میں بڑے زور سے چھڑا ہے اور جسپر خوب بحثیں ہو رہی ہیں حقیقت میں غور طلب ہے۔ جیسی جیسی مغربی تعلیم

اور تہذیب ہم میں زیادہ ہوتی جائیگی۔ یہ مسئلہ بھی زیادہ نازک ہوتا جائیگا۔ فی الحال اگرچہ اُن نوجوانوں کی تعداد بہت ہی قلیل ہے جو آزادیِ نسوان کے حامی اور انتخاب زوجین کے مؤید ہیں۔ لیکن زمانہ پکار کر کہہ رہا ہے کہ وہ دن قریب ہے جبکہ ہندوستان کے تمدن کی بالکل کایا پلٹ ہو جائیگی۔

پس بزرگانِ قوم کو اِن نوجوانوں کے خیالات اور مطالبوں کیطرف توجہ کرنی چاہیے حتی الامکان شرعی اور جائز آزادی خصوصاً شادی بیاہ کے معاملے میں انھیں ضرور دینی چاہیے

اکثر نوجوانوں کا خیال ہے کہ دوسرے مہذب اقوام کیطرح ہم بھی کورٹ شپ کے بعد شادی کریں، یا اپنی آیندہ رنج و راحت کی شریک کو قبل شادی دیکھ لیں۔ اور اُس کے مزاج اور چال چلن وغیرہ سے پوری واقفیت حاصل کرلیں۔ یا کم از کم تصویر ہی کے ذریعے سے ایکدوسرے سے تعارف پیدا ہو جائے۔ وہ اپنے اِن خیالات کی تائید میں اسلامی احکام پیش کرتے ہیں۔ گو یہ خیالات آج کل ایک محدود گروہ کے ہیں۔ لیکن رفتار زمانہ کے ساتھ یہی خیالات عالمگیر ہو جائینگے۔ اِن نوجوانوں کی یہ خواہش جس حد تک بجا یا بیجا ہے اُس کو ناظرین خوب سمجھ سکتے ہیں۔ اور خود زمانہ اُسکا فیصلہ کریگا۔ مگر ہم نے مروجہ مغربی کورٹ شپ کی نسبت جہاں تک غور اور تحقیق کی ہے، تو ہمکو اس طریقے میں نقصان زیادہ اور فائدے کم نظر آئے۔ کیونکہ جب نوجوان لڑکے اور لڑکیاں آپس میں ملتی ہیں خصوصاً ایسی ملاقاتوں سے اگر کوئی خاص غرض متعلق ہو تو اُن میں سے ہر ایک اپنے مطلوب سے اپنی بُرائیوں کے چھپانے اور بھلائیوں کے ظاہر کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ جوانی دیوانی تو مشہور ہی ہے۔ اِس عمر میں نظر زیادہ تر حُسنِ صورت پر پڑتی ہے۔ اور حُسنِ سیرت کیطرف بہت کم خیال جاتا ہے۔ لیکن شادی کے بعد ایکدوسرے کے اصلی چال چلن اور مزاج سے واقف ہوتے ہیں۔ اگر خوش قسمتی سے دونوں کے مزاج ایک سے ہیں تو خیر ورنہ آئے دِن کی نااتفاقی اور لڑائی کا سامنا رہتا ہے۔ علاوہ اِسکے خود مہذب اقوام کی اکثر

کتابوں میں اسکی بُرائی پائی جاتی ہے۔ چنانچہ ڈاکٹر جے بلفور اپنی کتاب سیریج اینڈ پیرن ٹیج (Marriage & Parentage) میں کورٹ شپ کی نسبت بیان کرتے ہیں کہ۔

"نوجوان اچھے لباس پہنکر خوبصورت لڑکیوں کی تلاش میں پھرا کرتے ہیں۔ اور لڑکیاں بھی اپنے حُسنِ ظاہری اور میٹھی میٹھی باتوں سے اُن کو اپنا گرویدہ کرلیتی ہیں۔ مگر ایک کو دوسرے کے اصلی خیالات کا پتہ نہیں لگتا۔ چند دنوں اس بناوٹی ملاقات کے بعد مرد اپنے تئیں شادی کا اُمیدوار ظاہر کرتا ہے اور عورت کو اکثر مجبوراً قبول کرنا پڑتا ہے۔ ہندوستانی شادیوں میں اس سے بھی بڑھکر نقص ہیں، جہاں والدین ہی اُن امور کا فیصلہ کردیتے ہیں جو لڑکا اور لڑکی کو خود طے کرنے چاہیئے تھے۔ اس قسم کی شادیوں سے کیا فائدہ متصوّر ہوسکتا ہے جو نتیجے کے لحاظ سے دونوں ایک سی ہیں"۔

ایک لیڈی لکھتی ہے کہ۔

"میں کبھی شادی نہ کرونگی۔ میں نے بہت تجربہ کیا ہے۔ مجھے ایک جوڑا تو ایسا دکھا دو۔ جسمیں میاں بیوی کے درمیان سچی محبت ہو۔ میں سینکڑوں ایسی مثالیں پیش کرسکتی ہوں۔ جہاں میاں بیوی میں درپردہ سخت نفاق ہے۔ گو وہ اپنے آپ کو لوگوں میں خوش و خرّم ظاہر کرتے ہیں"۔

پس ہم اپنی قوم میں ایسا طریقہ کیوں رائج کریں، جس سے خود وہ لوگ جن کے ہاں کورٹ شپ کی رسم جاری ہے، خوش نہیں ہیں۔ لیکن ہندوستان کی شادی بیاہ میں بھی اسی کے ہم پلّہ خراب نتائج نکلتے ہیں جہاں عموماً شادی کا دارومدار روپے پر ہے لڑکے والے ہمیشہ زیادہ جہیز لانے والی لڑکی کی فکر میں رہتے ہیں۔ اور لڑکی والوں کی نظر لڑکے کی آمدنی پر رہتی ہے۔ اور جب ان دونوں کی یہ آرزوئیں پوری ہوجاتی ہیں تو وہ اُس شادی کو نہایت ہی عمدہ خیال کرتے ہیں لڑکے اور لڑکی کے مزاج اور عادات سے کوئی واسطہ نہیں اور نہ ان باتوں کے دریافت کرنے میں کوئی زحمت گوارا

کی جاتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ عموماً ایسی شادیوں کے نتیجے کبھی نیک نہیں دیکھے جاتے۔ یہ بیوی میں محبت روپئے پیسے سے نہیں ہوتی۔ بلکہ مزاج اور عادات کے ایک ہونے سے محبت قائم رہ سکتی ہے ؎

سیر اور بز مزاج ہے اُنکا جُدا مزاج
پھر کسطرح سے ایک ہو اچھا بُرا مزاج

عشق و محبت بعض اوقات باوجود سخت پردے کے بھی لڑکے اور لڑکیوں میں عشق و محبت پیدا ہو جاتی ہے، اور جب لڑکی یا لڑکے کے ماں باپ پر اُن کی محبت کا راز کھلتا ہے تو وہ اِس جُرم کی سزا میں اکثر اُن دونوں کی شادی آپس میں نہیں کرتے۔ ایسا کرنا نہایت معیوب خیال کیا جاتا ہے۔ لیکن بہتر یہ ہے کہ جب لڑکی یا لڑکے کے ماں باپ کو اِسکی اطلاع ملے تو وہ نہایت ہی تامّل سے کام لیں۔ اِسکے متعلق اور حالات دریافت کریں اگر درحقیقت اُن دونوں میں سچی محبت پائیں تو سوائے کسی خاص سبب کے اُنکی شادی آپس میں کر دیں

ناظرین! ہم عشق و محبت کو طوالت کے ساتھ بیان کرنا نہیں چاہتے۔ کیونکہ یہ وہ جذبہ ہے جو ہر انسان میں موجود ہے۔ یہ وہ رحمتِ الٰہی ہے، جس کا اگر اچھا برتاؤ کیا جائے تو انسان کو شریف، بہادر، رحمدل، سنجیدہ، خوش خُلق اور عالی ہمت بنا دیتا ہے۔ لیکن ہماری سوسائٹی میں اوّل تو اسکا وجود ہی نہیں۔ اور اگر کہیں اتفاق سے ہو بھی جاتا ہے تو اُسکا اِستعمال بوجہ جہالت کے نہایت ہی مذموم اور شرمناک طریقہ پر کیا جاتا ہے۔ جو صرف عیاشی یا حظِّ نفس سے تعبیر کیا جا سکتا ہے۔ اِس بُرائی کے متعلق لڑکے اور لڑکیوں کو چند باتیں بتلا دینا ضروری ہیں جو شاید کسی وقت مفید ثابت ہوں۔

سب سے پہلے آجکل کے عاشق مزاج نوجوانوں کو یہ خیال رکھنا چاہیئے کہ یہ دنیا دارُالمکافات ہے۔ یہیں ہر انسان کو اُسکی بُرائیوں کی سزا اور بھلائیوں کی جزا ملجاتی ہے۔ اور یہ خوب یاد رکھو جو جیسا کریگا ویسا بھریگا۔

اگر کوئی شخص کسی کی لڑکی یا بہن یا بیوی وغیرہ پر بدنظر ڈالے اور چالاکی یا دولت کیوجہ سے اپنے اُس بُرے منصوبے میں کامیاب بھی ہوجائے۔ اور یہ راز کسی پر فاش بھی نہ ہو تب بھی اُس شخص کو یاد رکھنا چاہیئے کہ وہ دیر سویر ضرور اپنی زندگی میں اپنے بوئے ہوئے بیج کا پھل پائیگا۔ یعنی منتقمِ حقیقی اُسکو بغیر سزا دیئے اِس دنیا سے نہ اُٹھائیگا۔ پس ایسے بُرے کام سے بچو۔ اور اِس سچے قانونِ قدرت سے ڈرو ؎

گندم از گندم بروید جو ز جو۔
از مکافاتِ عمل غافل مشو۔

اِس سے ہمارا یہ مطلب نہیں ہے کہ دُنیا سے عشق و محبت بالکل اُٹھ جاے یا یہ بدترین فعل ہے، اِس رائے کو کوئی عقلِ سلیم رکھنے والا شخص ہرگز پسند نہ کریگا۔ کیوں کہ جب تک انسانی سوسائٹی دنیا میں قائم ہے عشق و محبت کا وجود بھی لازمی ہے ؎

فروغِ عشق سے ہی روشنی جہاں کیلئے
یہی چراغ ہے اِس تیرہ خاک داں کیلئے

مگر اسکی خوبی اور بُرائی اور فائدہ یا نقصان اسکے استعمال پر منحصر ہے۔

اگر کسی لڑکے کو کوئی لڑکی اچھی معلوم ہو اور رفتہ رفتہ اُن دونوں میں محبت بھی ہوجائے تو لڑکے کو اِن تین باتوں کا خیال رکھنا چاہیئے۔ پہلے اُس لڑکی کے چال چلن کو مختلف ذریعوں سے دریافت کرے۔ دوسرے خود اُس سے پاک محبت رکھے اور تیسرے اپنی سوشیل حالت پر غور کرے کہ اُس کی شادی اُس لڑکی سے ہونا ممکن بھی ہے یا نہیں۔ اگر یہ تینوں باتیں پوری نہ ہوسکتی ہوں تو بہتر یہی ہے کہ اُس لڑکی کو بھلادے۔ اور یہ باتیں سب سے پہلے سوچ لے۔ تاکہ بعد میں رنج و ندامت نہ اُٹھانا پڑے۔ لڑکی کو چاہیئے کہ اگر کسی پر اتفاق سے اُسکا دل آئے یا کوئی شخص اُسکو محبت کی نظر سے دیکھتا ہو تو پہلے یہ سوچے کہ اُس شخص میں کونسی خوبی ہے جس پر

اِس کا دل آیا ہے۔ یا وہ شخص کس نیت سے عشق ظاہر کرتا ہے۔ کیونکہ بہت سے مرد اکثر ناسمجھ اور بھولی لڑکیوں پر جھوٹی محبت جتا کر اُن کے دل اپنی طرف مائل کر لیتے ہیں۔ اور اپنا مطلب حاصل کرنے کے بعد اُنکو اُنکی قسمت پر چھوڑ دیتے ہیں۔

اے لڑکیو! تم یہ خوب یاد رکھو کہ تم اپنی عصمت کی آپ ہی پاسبان ہو، اس کی حفاظت نہ تمھارے ماں باپ کر سکتے ہیں اور نہ تمھارے شوہر۔ اِسی سے تمھاری عزت ہے اور اِسی کی بدولت تمھاری قدر و قیمت ہے یہ ایک ایسا انمول موتی ہے جسکی دیکھ بھال تمھارے ہی قبضے اور اختیار میں ہے۔ اور اسکے بغیر تم میں کتنی ہی خوبیاں کیوں نہ ہوں اور تمھارے پاس ساری دنیا کی دولت ہی کیوں نہ ہو لیکن تم اچھی نظر سے سوسائٹی میں نہیں دیکھی جاؤگی، اور نہ کوئی شریف تمھیں اپنی بیوی بنائیگا۔

دنیا میں ہر شخص کی طبیعت ایک سی نہیں ہوتی۔ بہت سے مرد محض آزمانے کی غرض سے تم سے بُرے تعلقات پیدا کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ اور جب تمھاری اخلاقی کمزوری اُن پر ظاہر ہو جاتی ہے تو وہ تم سے کنارہ کشی اختیار کرتے ہیں۔ لہذا ان دھوکوں سے بچنا تمھارا پہلا فرض ہے۔

مرد سے زیادہ تمکو اِس عشق و محبت کے معاملے میں احتیاط رکھنا چاہیئے۔ کیونکہ وہ تمھاری ہر بات کی خبر رکھ سکتے ہیں۔ لیکن تمکو بوجہ پردے اور دوسرے موانعات کے اُن کے حالات کی بہت کم اطلاع ملسکتی ہے، اگر تم واقعی کسی شریف اور نیک مرد سے دلی محبت رکھتی ہو اور اگر وہ بھی تمھارا رشید ہے تو کسی ذریعے سے اپنے ماں باپ کو اِس امر کی اطلاع کر دو کہ وہ بھی اُس شخص کے مزید حالات دریافت کرنے کے بعد تمھاری شادی اُس سے کر دیں۔

مشّاطہ ہندوستان میں عموماً لڑکے اور لڑکی کی نسبت مشّاطہ کے ذریعے سے ہوتی ہے، جو ایک خطرناک اور مذموم طریقہ ہے۔ کیونکہ اس قسم کا پیشہ نہایت

ہی ادنےٰ طبقے کے لوگ کرتے ہیں، جن کو سوائے اپنے فائدے کے دوسرے سے مطلق ہمدردی نہیں ہوتی اور نہ بوجہ جہالت کے اِس اہم کام کو عمدہ طور پر انجام دینے کی قابلیت رکھتے ہیں۔ پہلے تو مشاطہ کے ذریعے سے نسبت ٹھہرانا اور اُس کے ہر بیان کا یقین کر لینا ہی بڑی غلطی ہے۔ اگر فی الحال اُن کی ضرورت محسوس کی جاتی ہے، تو کم از کم اُنکی اصلاح کی طرف توجہ کرنی چاہیئے۔ کیونکہ اکثر اِن میں خود غرضی، مکاری، دھوکا۔ فریب۔ اور جھوٹ کوٹ کوٹ کر بھرا ہوتا ہے۔ کیسا ہی چالاک مرد ہو اُسکو اپنا مُرید بنا لینا اِن کا معمولی کمال ہے۔ اور اُن کا دعوےٰ ہے کہ جس نسبت میں یہ حصّہ لینگی اُس میں ضرور کامیاب ہو جائینگی چنانچہ اگر لڑکے کی طرف سے کوشش کرتی ہیں تو بدصورت کو یوسفِ ثانی، مفلس کو شہنشاہ ہفت اقلیم، ضعیف و ناتوان کو رستمِ دوران، رند کو پارسا، جاہل کو عالم، حتیٰ کہ بُوڑھے کو جوان تک بنانے کی کوشش کرتی ہیں۔ اور اگر لڑکی کی جانب سے ساعی ہوں تو کالی کو سہ پارہ۔ بُوڑھی کو جوان، بلکہ کم سن مفلس کو امیر، اور اَن پڑھ کو پڑھی لکھی ظاہر کرتی ہیں۔

یہ لوگ اِس فن میں کچھ ایسا کمال رکھتے ہیں کہ سَو میں سے شاید ہی دو تین خوش قسمت اِن کے دامِ تزویر سے بچ سکتے ہیں۔ جن لوگوں کو بسببِ ضرورت اِس فرقے سے پالا پڑا ہے اُن کے ذاتی تجربے قابلِ عبرت ہیں۔ ہم کو بھی اِن کے بعض کُشتگانِ زُور و مکر کی بدبختی اور خانہ بربادی کا ذاتی علم ہوا ہے۔ جن کی شادیاں اِن مشاطاؤں کے ذریعے سے ہوئی تھیں۔ اُنھوں نے اِن بدبختوں سے جو کچھ قبلِ شادی بیان کیا تھا۔ اُسکا دسواں حصہ بھی سچ نہ نکلا۔ اور یہ بیچارے کفِ افسوس ملتے رہ گئے۔ ہمارے خیال میں اِن مشاطاؤں کا جادو زیادہ تر اُن بیچاروں پر چلتا ہے جو کسی دوسرے شہر میں جہاں اُنکا کوئی رشتہ دار نہیں ہوتا، شادی کرتے ہیں۔ مشاطاؤں کے دھوکا دہی کی دو ایک مثالیں بیان کی جاتی ہیں

ایک لڑکی کے ہاتھ پر جُذام کے علامات تھے، اِس عارضہ کی وجہ سے اُس کی نسبت کہیں قرار نہیں پاتی تھی۔ مگر صرف ایک مشاطہ کی چالاکی سے اُسکی شادی ہو گئی

اُس مشّاطہ نے ایک نوجوان ایرانی سے اُس لڑکی کے حُسن و جمال کی اِسقدر تعریف کی کہ وہ لڑکا گرویدہ ہوگیا۔ منگنی کی رسم کے وقت لڑکے کی ماں نے مشّاطہ سے پوچھا کہ اِس لڑکی کے ہاتھوں میں یہ سُرخ تھیلیاں کیوں پنہائی گئی ہیں۔ تو اُس نے فوراً جواب دیا کہ بیگم صاحب! یہ ہندوستان کی ایک رسم ہے، شاید آپ کے ملک میں نہ ہو۔ مشّاطہ کا یہ فقرہ چل گیا۔ اور وہ لڑکی اُس بیچارے ایرانی کے سر منڈھ دیگئی۔

دوسرا واقعہ بھی کچھ کم دلچسپ نہیں ہے، ایک مشّاطہ کسی گاڑی بان کی داشتہ تھی۔ ایک روز اُس گاڑی بان نے اپنی داشتہ سے کہا کہ تو اور بہت سوں کی نسبتیں ٹھہرایا کرتی ہے، اگر میری نسبت بھی کسی بڑے گھر میں ٹھیرادے تو میرا افلاس دُور ہو جائیگا اور میں تیرا ہمیشہ ممنون رہونگا۔ چند مہینوں کی کوشش میں اُس مشّاطہ نے دھوکے سے ایک دولتمند لڑکی کا عقد اُس گاڑی بان سے کرادیا۔ لطف یہ ہے کہ لڑکی کے ماں، باپ، بھائی اور دوسرے رشتہ دار روپیٹ کے بیٹھ رہے، اور کچھ نہ کرسکے۔

یہ ہیں ادنےٰ کمالات اُن مشّاطاؤں کے جن کے ہاتھ میں قوم کے نوجوان لڑکوں اور لڑکیوں کی قسمت کا فیصلہ دیا جاتا ہے۔ اِس لئے ضروری بلکہ لازمی ہے جیساکہ اوپر بیان کیا گیا ہے کہ ہرگز ہرگز اِن کی معرفت کوئی ناتا رشتہ نہ جوڑا جائے اور اگر پردہ یا دوسرے موانعات اِس قسم کی براہِ راست تحریک کے مانع ہوں تو کم از کم اِسمیں کچھ اصلاح ہونی چاہیئے۔

قرابت کی شادی اگرچہ اکثر علماءِ طب اس رائے پر متفق ہیں کہ اجنبیوں اور دور کے رشتہ داروں میں تعلقاتِ زوجیت قائم کرنا چاہیئے۔ کیونکہ تاریخی شہادتوں اور تحقیقاتِ طبّی سے یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ ہمیشہ ایک ہی محدود دائرے میں ازدواج ہوتے رہنے سے اولاد کمزور اور امراض خاندانی میں مبتلا ہوگی۔ لیکن بعض رائیں اِس طرف بھی ہیں کہ اگر لڑکے اور لڑکی کی صحت کے متعلق

پورے طبی اطمینان کے بعد قریبی رشتہ داروں ہی میں شادی کی جائے گی تو بُرے نتائج کا پیدا ہونا کچھ ضروری نہ ہوگا - ہماری سوسائٹی کی موجودہ حالت مجبوراً اس دوسری رائے پر عمل کرنے کی صلاح دیتی ہے، کیونکہ یہ بات بوجہ چند پُر اثر اُصول معاشرت کے ہماری دسترس سے باہر ہے - کہ غیر خاندانوں میں سے عمدہ لڑکیاں یا لڑکے انتخاب کئے جا سکیں - چنانچہ امریکہ کے مشہور ڈاکٹر ہالک اپنی کتاب میرج گائیڈ (Marriage Guide) میں بیان کرتے ہیں کہ -

"میری رائے میں قرابت کی شادیوں سے اچھے نتائج پیدا ہو سکتے ہیں - کیونکہ قرابت کیوجہ سے لڑکے اور لڑکیاں بچپن سے ایکدوسرے کے مزاج اور چال چلن وغیرہ سے اچھی طرح واقف ہوتے ہیں اور ان کے میل جول میں کسی قسم کا تصنع نہیں ہوتا - اب تک لوگوں کا یہ عام خیال تھا کہ قرابت کے رشتہ داروں میں شادی کرنے سے اولاد کمزور پیدا ہوتی ہے - اور خاندانی بیماریوں کو زور ہوتا ہے لیکن حال کی تحقیقات نے اس خیال کو بالکل غلط ثابت کر دیا ہے، کہ محض قرابت کیوجہ سے اولاد کمزور نہیں ہوتی - اور نہ کوئی بیماری پیدا ہوتی ہے - بلکہ یہ نقص بے جوڑ شادیوں سے ظاہر ہونا ممکن ہے - مثلاً ایک شخص کے خاندان میں اگر کوئی خاص بیماری ہو اور وہ کسی ایسی لڑکی سے شادی کرے، جس کے خاندان میں بھی وہی خاص بیماری ہو تو نتیجہ یقیناً بُرا نکلیگا - یا اگر لڑکا اور لڑکی دونوں کمزور ہوں تو اُن کی اولاد بھی کمزور ہوگی - غرض صرف قرابت سے کوئی نقص پیدا نہیں ہوتا"

شادی خواہ اپنوں میں کی جائے یا غیروں میں، ہماری رائے میں بحالتِ موجودہ انتخاب، کا یہ عام طریقہ شاید کچھ بُرے نتائج سے محفوظ رکھ سکے - کہ لڑکے کی ماں بہنیں یا اور رشتہ دار عورتیں جس لڑکی کو انتخاب کرنا چاہیں - تو ایک مناسب مدت تک بغیر اپنا اصل مطلب لڑکی والوں پر ظاہر کرنے کے لڑکی کے مزاج چال چلن کو بغور

دیکھیں اور پھر یہ فیصلہ کریں کہ اس لڑکی کا مزاج اُس لڑکے سے ملتا ہے یا نہیں۔ اگر اُس کی مرضی کے موافق ہو تو نسبت کریں ورنہ چھوڑ دیں۔ ہمیشہ تعلیم یافتہ لڑکی کو جاہل پر ترجیح دینا چاہیے۔ کیونکہ خود تعلیم ہزار خوبیوں کی ایک خوبی ہے، ہندوستان کی عورتیں بوجہ کم علمی اور جہالت کے اس طریقے کو بالکل نظرانداز کر دیتی ہیں اور بجائے اسکے صرف لڑکی کی آنکھ، ناک، رنگ رُوپ دیکھنے اور جہیز وغیرہ دریافت کرنے کے بعد فوراً منگنی کر دیتی ہیں۔ جسکے بعد ہی لڑکی دُولھا کی کُل رشتہ دار عورتوں سے پردہ کرنے لگتی ہے یہانتک کہ دولھا کے ہاں کی ماماتک سے بھی چھپا دی جاتی ہے۔ شاید اسکی علت غائی یہ ہو کہ لڑکی کی بُرائیوں اور بھلائیوں دونوں پر پردہ پڑ جائے۔ اور کوئی رائے قائم کرنے کا موقع ہی باقی نہ رہے۔ حالانکہ ضرورت اس بات کی ہے کہ شادی ہونے تک جانبین کو خواہ بواسطہ ہی سہی، ایک دوسرے کی پُوری کیفیت معلوم ہوتی رہے۔ لڑکی والوں کو بھی لڑکے کے چال چلن اور عام لیاقت کی پُوری حالت دریافت کر لینا چاہیے۔ اگر کوئی لڑکا پڑھا لکھا، شریف اور نیک چال چلن ہو تو اُسکو اُس دولتمند لڑکے پر ترجیح دینا چاہیے، جو محض جاہل اور ناخواندہ ہے۔

اِس کے علاوہ سب سے زیادہ ضروری یہ امر ہے کہ اس ہونے والے تعلق ازدواج کی نسبت لڑکے اور لڑکی کی رائے بھی ضرور دریافت کرنا چاہیے۔ اور اُنکو ایسے ذرائع علم پہونچائے جائیں کہ وہ بھی حتی الوسع اپنی رائے قائم کرنے کے قابل ہو سکیں۔ کیونکہ نباہنا تو ان ہی دونوں بیچاروں کو ہے، جن کی کوئی رائے ہی اس اہم معاملے میں نہیں لی جاتی۔

میاں بیوی کا باہمی برتاؤ

بیوی کا برتاؤ اپنے شوہر کیساتھ

یہ بات مسلّم ہے کہ مرد کی ترقی و تنزّل۔ عزّت و ذلّت۔ بہادری و بُزدلی، جُرأت

دلپستی وغیرہ عورت ہی کے قبضے اور اختیار میں ہے۔ وہ بُرے سے بُرے مرد کو نیک اور فرشتے کو شیطان بنا سکتی ہے۔ اِسلئے شادی کے بعد عورت یہ سوچے کہ مجکو اب کیا کرنا چاہیئے۔ مگر یہ خیال ضرور رکھے کہ جو بات اُس کے شوہر کے لئے مضر ہے وہ خود اُسکے حق میں بھی بُری ہوگی۔ سب سے پہلا کام جو عورت کو بعد شادی کے کرنا چاہیئے وہ یہ ہے کہ اپنی اصلی رائے جو شوہر کی نسبت قائم ہوئی ہو۔ اُسے وہ دل ہی دل میں اس طرح پوشیدہ رکھے کہ اُسکے شوہر کو کبھی نہ معلوم ہو سکے، مگر خفیہ طور پر اسکی اِصلاح میں کوشش کرتی رہے۔ یہ بات بہت مضرت رساں اور نقصان دہ ہے کہ بیوی اپنے شوہر کی ناکامیوں اور بُرائیوں پر اُسکو ملامت کرے۔ اُسکی غلطیوں کو بار بار دُہرائے اور اُسکی بُزدلی کو اُسکے مُنہ پر بیان کرے۔ بلکہ بیوی کو چاہیئے کہ وہ اپنے شوہر کو یہ یقین دلانے کی کوشش کرے کہ وہ اُسکو دنیا کا سب سے بڑا آدمی جانتی ہے۔ اُس کے سامنے ہمیشہ اُسکی جُرأت، ہمت، بہادری۔ اور لیاقت وغیرہ کا ترانہ گایا کرے اِس طرزِ عمل کا اکثر یہ نتیجہ نکلا ہے، کہ جب شوہر اپنے آپ میں وہ خوبیاں نہیں پاتا، جن کے ہونیکا اُسکی بیوی کو یقین ہے، تو وہ اُن بھلائیوں کو اپنے آپ میں پیدا کرنیکی کوشش کرتا ہے

اگر کسی عورت کا شوہر زمانے کے ہاتھوں معرضِ زوال و فلاکت میں آجائے اور اسوجہ سے اُسکے دل پر مایوسی چھا جائے۔ تو اُسکی بیوی کو چاہیئے کہ ہمدردی اور آیندہ کی اُمیدوں سے اُسکی ہمت بندھائے۔ اور جُرأت پیدا کرے۔ یہ وہ زینہ ہے جس سے اُسکا شوہر پھر بامِ عروج پر پہونچ سکتا ہے۔ اُس سے ایسی مایوسانہ گفتگو نہ کرے، جس کی بدولت وہ اور پست ہمت ہو جائے۔ بلکہ اُسکی ایسی دلجوئی کرے کہ وہ اور اولوالعزم ہو جائے۔

رسو (Rousseau) کے اِس عمدہ قول پر عورت و مرد دونوں کو عمل کرنا چاہیئے کہ "کیا انسان کے لئے یہ امر مشکل ہے کہ وہ کسی سے اِسلئے محبت کرے

کہ خود محبوب بن جائے، اور ہر دل عزیزی اسلئے اختیار کرے کہ زندگی خوشی سے بسر ہو اور دوسرے کی عزت اسواسطے کرے کہ لوگ خود اُسکی عزت کریں"

جس عورت میں سمجھ نزاکت اور نرمی ہوگی وہ ہر مزاج کے مرد کو خوش رکھ سکتی ہے۔

رسو (Rousseau) نہایت عمدگی سے بیان کرتا ہے کہ۔

"عورت کی سب سے پہلی اور سب سے ضروری صفت حلم اور ملائمت ہے۔ اکثر مردوں میں بہت سے عیوب ہوتے ہیں اور وہ عموماً تند مزاج پائے جاتے ہیں۔ اسلئے عورت کو چاہیئے کہ ابتدا ہی سے برداشت کرنا سیکھے۔ اگرچہ اُسکی حق تلفی اور ناانصافی ہی کیوں نہ کی جاتی ہو، شوہر سے جو قصور اور زیادتی ہو اُسکو بغیر شکایت کے برداشت کرے اس صفت سے مرد کو فائدہ نہیں پہونچتا۔ بلکہ یہ حلم خود عورت کے لئے مفید ہے"

عورت کی بدمزاجی اور خودسری سے سوائے گھر کی بُرائیوں میں زیادتی اور شوہر کی بدعادتوں میں ترقی ہونے کے اور کوئی فائدہ نہیں ہے۔ عورت کو سمجھنا چاہیئے کہ مرد پر فتح پانے کے یہ ہتیار نہیں ہیں، بلکہ اُسکی نرمی تند مزاج مرد پر ایک ایک روز ضرور فتح پائیگی۔ اور اُس کے مزاج کی اصلاح کریگی۔

یہ غلط خیال ہے کہ عورت اپنے حُسن کیوجہ سے اپنے شوہر پر حکومت کرتی ہے اور وہ اُسی تازیانے سے اُس کے ہر حکم کی تعمیل کرتا ہے، بلکہ سچ یہ ہے کہ حُسن کے ساتھ اُسکی نیک مزاجی اور محبت اُسکو شوہر پر بے روک ٹوک غالب کر دیتی ہے۔

شوہر کا برتاؤ بیوی کیساتھ

اگر کوئی شوہر اپنی بیوی کے ساتھ اچھا برتاؤ نہ کرتا ہو تو وہ زیادہ لائق ملامت نہیں ہے کیونکہ بچپن ہی سے اُسکو زوجہ کے حقوق کی تعلیم نہیں دی گئی ہے، وہ بیچارہ یہ جانتا ہی نہیں کہ بیوی کے کیا حقوق ہیں، اور اُسکے ساتھ کیا برتاؤ کرنا چاہیئے۔ اُسنے اپنے بچپن میں بطور قومی تعلیم کے بعض نیم مُلّاؤں اور جُہلا سے صرف یہ سُنا ہے کہ بیوی کے ساتھ

مثل کنیز کے برتاؤ کرو۔ وہ مرد کی قیدی ہے، اگر اپنی مہربانی سے مرد اُسکے ساتھ اچھا سلوک کریں تو بُرا نہیں ہے، جسوقت مکان میں داخل ہو، مرد کو چاہیے کہ اپنے آپ کو نہایت ہی غضبناک اور غصہ ور بنائے۔ نوکروں کو خوب ڈانٹے ڈپٹے اور ایسی حرکتیں کرے کہ جس سے اُسکی بیوی کے دل میں اُسکا رُعب اور دہشت بیٹھ جائے۔ شوہر کو چاہیے کہ اپنی بیوی سے کبھی ہنسکر بات نہ کرے تاکہ وہ گستاخ نہ ہو جائے۔

مختصر یہ کہ اسیطرح کی بہت سی باتیں اپنی شادی سے پہلے سُنتا اور بہت سے لوگوں کو اُن پر عمل کرتے ہوئے دیکھتا ہے۔ اور جب خود اپنی شادی ہوجاتی ہے تو وہ بھی اُن ہی اُصول پر کاربند ہوتا ہے۔ تعجب تو یہ ہے کہ اکثر نئی روشنی کے تعلیم یافتہ مرد بھی بہت نہیں تو تھوڑے اِن پُرانے اُصول پر عامل نظر آتے ہیں۔ اِس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ صرف بچپن کی ناقص تعلیم یا سُنی سُنائی باتوں کا نتیجہ ہے جو مغربی تعلیم کے اثر سے بھی پُوری طرح سے زائل نہ ہو سکا۔

اگر بچپن ہی سے لڑکوں کے دلوں میں یہ جما دیا جائے کہ بیوی شوہر کی کنیز یا قیدی نہیں ہے، بلکہ ایک سچی رفیق اور غمگسار دوست ہے تو اُمید ہے کہ وہ اپنے زمانۂ تاہل میں بہت کچھ اسپر عمل کریگا۔ اور ایک قدرتی حق کے طور پر وہ اُسکو عزت اور حُسنِ سلوک کا مستحق سمجھیگا۔

مرد کو چاہیے کہ اپنی بیوی سے محبت، دلداری۔ خوش کلامی۔ رحم دلی۔ قدردانی اور حوصلہ افزائی کے ساتھ برتاؤ کرے، کسی نے کیا خوب کہا ہے کہ شادی کے بعد عمدہ ترین زندگی تحمل اور تامل کے ساتھ بسر ہو سکتی ہے۔ کیونکہ یہ مثل ایک ایسی سلطنت کے ہے کہ جس پر مصالحت و مشارکت حکومت کی جا سکتی ہے۔

شوہر کو چاہیے کہ بیوی کو ہرگز تلخ اور ترش جواب نہ دے اور اُسوقت تک خاموش رہے جب تک دونوں کا غصہ فرو نہ ہو جائے اگر کسی کی بیوی تُند مزاج ہو

تو شوہر کو چاہیئے کہ اُس کے ساتھ نہایت ہی نرمی اور ملائمت سے برتاؤ کرے۔ جیسا کہ سُقراط اپنی تند مزاج بیوی سے پیش آیا کرتا تھا۔ اِس سے بہت جلد اُسکی بیوی کی تُند مزاجی کی اصلاح ہو جائیگی۔ یہ ایک سچا مقولہ ہے کہ "ایک نرم جواب غیظ و غضب کو ٹھنڈا کر دیتا ہے"

عورتیں عموماً اپنے کاموں میں مردوں کی مداخلت کو پسند نہیں کرتیں۔ اِس لیے شوہر کو چاہیئے کہ امور خانہ داری میں دخل نہ دے، اگر کوئی بات قابلِ اصلاح دیکھے تو اُسکو مشورے کے طور پر کسی مناسب موقعہ پر اپنی بیوی کو سمجھا دے

مرد کو کاہل الوجود نہ بنا رہنا چاہیئے۔ اور ہر وقت عورتوں میں گھسے رہنے کی عادت نہ ڈالے۔ کیونکہ یہ قدرتی بات ہے کہ کوئی متنفس ہر وقت کی بیجا حکومت کو بطیب خاطر گوارا نہیں کر سکتا۔

بیوی کے چال چلن کے متعلق بغیر کافی ثبوت یا شہادت کے بدگمان ہونا شوہر کے لیے نہایت ہی رنج اور تکلیف کا باعث ہے۔ اگر بدقسمتی سے کسی غلط فہمی کی بنا پر شوہر کے دل میں یہ شک پیدا ہو کہ اُسکی بیوی عاصمہ نہیں ہے تو ایسی حالت میں اُسکو بڑے صبر اور استقلال سے اُسوقت تک خاموش رہنا چاہیئے جبتک کہ اُسکا شک پایۂ ثبوت کو نہ پہونچ جائے۔ اِس میں شک نہیں کہ ثبوت ملنے پر اُس سے کنارہ کشی اختیار کرنا بہتر ہے کسی نے کیا خوب کہا ہے کہ "اگر کوئی شخص یہ چاہے کہ اُسکی بیوی بدکار نہ ہو تو سب سے پہلے وہ خود اپنی بُری عادتوں کی اصلاح کرے اور بدکاری سے بچے"

اگر کوئی شخص دنیا ہی میں دوزخ کا مزا چکھنا چاہے تو وہ ایک سے زیادہ بیوی کرے، جس سے دنیا میں اُسکو کبھی راحت نصیب نہ ہوگی۔

بیوی کے ساتھ بدکلامی کرنا اور مار پیٹ سے پیش آنا شوہر کے بدترین صفات میں سے ہے۔

ناظرین! اسیر مضمون ختم ہوچکا۔ اور اب میں آپ سے رخصت ہوتا ہوں۔ مگر مجھکو یہ اندیشہ ہے کہ اس مضمون کی بہت سی باتیں پرانے خیال کے حضرات کو بُری معلوم ہونگی۔ اور شاید بعض باتیں نئی روشنی کے نوجوانوں کو بھی ناپسند ہونگی۔ اس میں میرا قصور نہیں ہے۔ کیونکہ کوئی شخص دنیا میں سب کو خوش نہیں رکھ سکتا۔

ہمارے ملک میں دو زبردست پارٹیاں ہیں ایک نئے خیال کی دل دادہ، دوسری پرانے رسموں کی شیدا۔ ان دونوں کے حسب خواہش کوئی مضمون لکھنا نہایت ہی دشوار ہے۔ تاہم میں نے اس امر کی کوشش کی ہے کہ دونوں کے عیب و صواب پر بغیر کسی طرفداری کے نظر ڈالوں۔ میں نہیں سمجھتا کہ مجکو اس میں کہاں تک کامیابی ہوئی۔

یہ مضمون نہایت وسیع ہے اور اسپر بہت سی کتابیں لکھی گئی ہیں۔ لیکن ہر ملک کی حالت جُدا ہے۔ خصوصاً ہندوستان کا ملک جہاں مختلف اقوام کے میل جول سے مختلف صورتیں پیدا ہوگئی ہیں اس امر کا زیادہ تر محتاج ہے کہ ایسے ضروری اور دلچسپ مضمون کے ہر پہلو پر بحث کی جائے۔ اور اُن خرابیوں کی اصلاح کی کوشش کی جائے جو ہماری سوسائٹی کو گھُن کی طرح اندر ہی اندر کھائے جا رہی ہیں۔ میں نے مقدور بھر اس میں کوشش کی ہے۔ اگر ہمارے ملک کے کسی نوجوان مرد یا عورت کو اس میں سے کوئی بات پسند آئے یا اس سے کسی قسم کی مدد ملے تو میری محنت کا اس سے بڑھ کر کوئی صلہ نہیں ہوسکتا۔

سید محمد تقی

ترب بازار۔ جام باغ۔
حیدرآباد دکن۔ ۲۵۔ اگست ۱۹۰۶ء

وقت کا مناسب استعمال

ایک حکیم کا قول ہے کہ "دنیا میں جتنے لوگ ہیں، سب قلتِ وقت کے شاکی پائے جاتے ہیں، مگر نظرِ غائر سے دیکھا جائے تو وقت اُن کی ضرورت سے زیادہ اُن کے پاس موجود رہتا ہے" اُسی حکیم کا یہ بھی قول ہے کہ "ہماری زندگی کے دن تین طریقوں پر گذرتے ہیں نمبر ۱۔ کچھ بھی نہیں کرتے۔ نمبر ۲۔ یا کچھ بھی کام کی بات نہیں کرتے ہیں۔ نمبر ۳۔ یا وہ کام کچھ بھی نہیں کرتے ہیں جو مناسب حال ہو۔ ہم لوگ زبان سے تو یہ کہنے کے عادی ہیں کہ ہماری زندگی بہت تھوڑی ہے، لیکن ہمارے کام سے تو زندگی کے دن تمام ہونے کی طرف سے پورا اطمینان ٹپکتا ہے"

میں کہتا ہوں کہ ہم میں سے کُل تو نہیں مگر اکثر لوگ ایسے ہیں کہ جنکی زندگی اگر بیس حصوں میں تقسیم کی جائے تو کم سے کم اُنیس حصے ضرور خالی نظر آئینگے جنمیں [illegible] کسی قسم کی خوشی کے حصول کا کوئی نشان نظر آئیگا اور نہ کسی کام کے کئے جانیکا کچھ پتہ چلیگا۔

حاشا و کلا میں اس تخمینے میں اُن لوگوں کی زندگی کو شامل کرنا نہیں چاہتا ہوں، جو اپنے کام میں برابر مستعدی کے ساتھ مشغول رہتے ہیں، بلکہ میری مُراد اُن لوگوں کی زندگی سے ہے، جو زندگی کے اسٹیج پر کبھی یا برابر کام کرتے ہوئے نظر نہیں آتے ہیں اور میں اُمید کرتا ہوں اگر میں اُن کو اُن کی زندگی کے خالی حصص کو بھرنیکے لئے چند طریقے بتاؤں تو میرا ایسا کرنا کوئی غیر متوقع فعل نہوگا۔ وہ طریقے یہ ہیں۔

پہلا طریقہ تحصیلِ نیکی ہے، جس سے عام طور پر دوسروں کی بات سننے اور خوش عنوانی سے سمجھانیکا ملکہ حاصل ہوجائے، نادانوں کو نصیحت کرنا۔ حاجتمندوں کی حاجت برلانا، مصیبت زدوں کو آرام پہونچانا، یہ وہ فرائض ہیں جو ہماری زندگی کی راہ میں ہر روز واقع ہوتے رہتے ہیں۔ ایک آدمی کو اکثر ایک جماعت کی برہمی فرو کرنے

کسی مستحق کی حالت کیساتھ عدل برتنے، حاسدوں کے دلوں کو نرم بنانے، تحصیل کا غصہ ٹھنڈا، اور متعصب کے قلب کی صفائی کرنے کے مواقع پیش آتے رہتے ہیں۔ یہ وہ کام ہیں، جنکا سرانجام دینا بہت ہی ضروری اور مقتضائے عقل ہے، اور جو شخص اپنے کو ان کاموں میں عقل و شعور کے ساتھ مشغول رکھتا ہے اُسکو بہت بڑی تشفیِ خاطر حاصل ہوتی رہتی ہے۔

ایک اور دوسری قسم کی نیکی ہے کہ جسکا شغل اُن اوقات میں جب نہ کوئی ہمجلیس ہو اور نہ کوئی ہمکلام، بہترین شغل ہے، جس سے خلوت میں جلوت کا مزہ آتا ہے، اس سے میری مُراد وہ ربط و تعلق ہے جو ہر ایک ذی عقل مخلوق کو اپنے وجود کے بڑے موجد کے کیساتھ پیدا کرنا اور بڑھانا چاہیئے۔ وہ شخص جو ہمیشہ اپنے مالکِ حقیقی کا دھیان رکھتا ہے سدا شگفتہ خاطر رہتا ہے، اور اُسکو ایک ایسا پائدار سرور حاصل ہوتا ہے کہ جس کے سایہ سے افسردگی [illegible] بھاگتی ہے۔

یہ وہ نشہ نہیں جسے تُرشی اُتار دے

ایسے شخص کو ایسی مُسکّن قلب اور تشفی بخش خوشی حاصل رہتی ہے، جس سے اُس کو پیارے سے پیارے اور اچھے سے اچھے دوستوں کی صحبت کا مزہ آتا ہے۔ گھڑیاں کبھی اسپر سخت نہیں گذرتیں۔ محال ہے کہ اُس کے نزدیک تنہائی کی کلفت پھٹکے۔

میں نے یہاں پر آدمی کے نیک ہونے کی ضرورت صرف اس بنا پر بیان کی ہے کہ اسکو کوئی کام کرنے کے لئے ہاتھ آجائے، اور وقت رائگاں نہ جائے۔ لیکن اس سے بڑھ کر اگر یہ بات پیش نظر رکھی جائے کہ تحصیل نیکی کوئی وقتی تفریح نہیں ہے بلکہ اسکا اثر ہماری ذات کے ساتھ اُس عالم تک باقی رہتا ہے جہاں ہمیشگی کا پھریرا لہرا رہا ہے۔ اور جہاں ہم سب کو ایک دن ضرور جانا ہے اور یہ کہ یہاں ہم نے اپنے اوقات جسطرح کے اعمالِ نیک یا بد کے نذر کئے ہیں وہاں اسی کے

مطابق ہم کو نتائج بھگتنا پڑینگے۔ تو وقت کو مذکورہ بالا طریقے پر صرف کرنے کے دلائل اور بھی قوی تر ہو جاتے ہیں اور نیکی حاصل کرنیکی ضرورت سب پر مقدم اور مسلّم ہو جاتی ہے۔

فرض کرو کہ ایک آدمی کے پاس قلیل مقداریں راس المال بڑھانے کے لئے ہیں اور اُسکو اپنے کُل مال کو اچھے حساب میں تبدیل کرنے کے مواقع حاصل ہیں۔ تو بھلا ایسے آدمی کے بارے میں کیا خیال کیا جائیگا اگر وہ اِس میں سے اُنّیس حصّے یونہی بیکار پڑے رکھے اور بیسویں حصّے کو بھی ایسے کام میں لگائے جو اُسکی تباہی و فلاکت کا باعث ہو؟ لیکن چونکہ دماغ ہمیشہ اپنی سرگرمی کی حالت میں نہیں رہ سکتا ہے اور نہ ہمیشہ درجۂ اعلےٰ کیطرف کھینچکر مائل رکھا جا سکتا ہے۔ اِس لئے ضرور ہے کہ اِس کی حالتِ ادنےٰ کے مناسب حال بھی کوئی کام تجویز کیا جائے۔

اِس بنا پر استعمالِ وقت کا کوئی دوسرا طریقہ میرے خیال میں مفید و نا ممنوع تفریح اور کھیل ہونا چاہیے۔ مگر مجھے یہاں یہ بھی ظاہر کر دینا ضروری ہے کہ کُل ذی عقل مخلوقات کا ایسے کھیل میں منہمک ہو جانا جو ممنوع تو نہیں ہے مگر پسندیدگی کی کوئی بات اُس میں بجز اِسکے اور کچھ نہو کہ وہ نقصان سے مُبرّا ہے، بعید از عقل ہے کیا کوئی کھیل اِس ایک صفت سے بھی مُتّصف ہے؟ میں تو تعین نہیں کر سکتا۔ بلکہ مجھے تو نہایت ہی تعجب اُسوقت ہوتا ہے، جب میں دیکھتا ہوں کہ اصحاب عقل و فہم اپنے وقت کا ایک درجن گھنٹہ تاش کے اُلٹ پھیر اور تقسیم میں ضائع کر رہے ہیں اور اِس اِستغراق کے ساتھ کہ بجز اُس کھیل کے چند محاورات کے کوئی دوسری قسم کی گفتگو درمیان نہیں آتی اور نہ سوائے مختلف رنگوں کے اعداد فرد کا خیال ضبط رکھنے کے کوئی دوسرا خیال اُن کے دماغ میں سماتا ہے۔ اگر یہ لوگ زندگی کی کمی کی شکایت کریں تو کیونکر کوئی نہ ہنسیگا۔

یہ تماشا گاہ تفریح ملجح کے لئے سب سے زیادہ شریفانہ اور مفید دلبستگی کا ذریعہ ہوتی

اگر وہ موزوں و مناسب قواعد سے محصور ہوتی۔

لیکن دماغ اتنی رغبت سے کسی اور کام میں مشغول نہیں رہسکتا ہے جتنی سے کہ وہ کسی حمیدہ خصائل دوست کے سلسلۂ گفتگو میں۔ فی الحقیقت کوئی عطیۂ زندگی ایسا نہیں ہے جسکا مقابلہ اُس خوشی سے کیا جائے جو ایک سلیقہ شعار نیک دوست کی صحبت سے حاصل ہوتی ہے۔ ایسے دوست کی صحبت سے جو خوشی حاصل ہوتی ہے وہ دکھ آرام پہونچاتی اور دماغی بوجھ کو ہلکا کرتی ہے، قوتِ فہمیہ کو صاف کرتی اور ترقی دیتی ہے، علم اور خیال پیدا کرتی ہے، نیکی اور اچھے ارادوں کا بیج بوتی ہے، غصّے کو دباتی اور تسکین دیتی ہے۔ اور زندگی کے خالی از کار اوقات کے لئے شغل نکال دیتی ہے۔

وہ آدمی، جو، گانے، رنگ آمیزی، دستکاری، اور معماری کا مذاق رکھتا ہے ایک دوسری قسم کا صاحب فہم و دانش سمجھا جاتا ہے، جبکہ اُسکا مقابلہ ایک ایسے شخص کیساتھ کیا جاتا ہے جو اِن ہنروں میں سے کسی کا کچھ بھی مذاق نہیں رکھتا ہے۔ مالی، بونے والا، باغبان، کسان، اِن سب کو اُسی حالت میں جبکہ صاحب قسمت کے حق میں صرف اسباب تکمیل ہیں، ایک ملکی زندگی کے لئے سرچشمۂ امداد سمجھنا چاہئے۔ اور جن لوگوں کو ہر قسم کی خلاصی حاصل ہے اُن کے لئے بھی یہ لوگ بہت طرح سے مفید و کارآمد پائے جاتے ہیں۔

لیکن زندگی کے کُل اشغال تفریح میں سے مفید اور دلچسپ کتابوں کے مطالعے سے بہتر اور موزوں شغل فرصت کے اوقات کو بسر کرنیکیلئے کوئی بھی نہیں ہے۔ لیکن اِسکو میں یہاں پر صرف چھوکر چھوڑ دونگا کیونکہ یہ طریقہ تیسرے طریقہ متذکرۂ بالا کے حق میں بعض حیثیتوں سے دخل در معقولات کا مصداق ثابت ہوتا ہے، اِسلئے میں اسکو ایک خاص عنوان الگ قائم کرکے کسی وقت دکھلاؤنگا۔

مترجم۔ "ابو الکمال دسنوی"۔

"محنت اور عقل"

اگر اُن مشہور اصحاب قلم کے عادات مطالعۂ کتب کا ایک مختصر اور محققانہ خاکہ کھینچا جاوے، جنکی علمی محنت کے طرز کے ساتھ اکثر ہمکو گوں کو سابقہ پڑتا ہے تو ایک نہایت ہی کارآمد بات ہوگی، جب ہم یہ دکھا دینگے کہ بڑے بڑے شعرا، مقررین، مدبرین سلطنت، اور مؤرخین یعنی کُل اُن لوگوں نے جو جمعیلی اور شاندار لیاقت رکھنے والے ہیں، حقیقت میں ویسی ہی سخت محنت کی ہے جیسی لغت کے بنانیوالوں اور بہرست کتب طیار کرنیوالوں نے۔ اور سب سے زیادہ کُلی وجہ اُن کی دوسروں پر بزرگی حاصل کرنے کی یہی ہے کہ اُنھوں نے دوسروں سے زیادہ تکلیفیں اُٹھائی ہیں، تو عقل اور کاہلی کے بے جا و فاسد اجتماع کا بہت دور تک بُطلان ہو جائیگا۔ **گبن**[1] اپنے مطالعے کے کمرے میں، موسم سرما ہو یا گرما، چھ بجے صبح کو داخل ہو جاتا تھا۔ **برک**[2] - طبقۂ انسانی میں سب سے زیادہ محنتی اور اُن تھک تھا۔ **لیبنیز**[3] - اپنے کتبخانہ سے کبھی باہر نہیں ہوتا تھا۔ **پسکل** نے مطالعۂ کتب سے اپنی جان دی۔ **سالیسبرو**[4] - پڑھنے کی بدولت مرتے مرتے بچگیا، **ملٹن** - کتب بینی کا اُسیطرح پابند تھا جسطرح سوداگر اور وکیل اپنے پیشے کے ہوتے ہیں۔ اُسنے اپنے وقت کے کُل علوم پر پُورا عبور حاصل کرلیا تھا، **ہومر** کی بھی یہی حالت تھی۔ **رفیل**[5] - کُل ۳۷ برس زندہ رہا۔ اِس تھوڑے عرصے میں اُسنے فنِ نقاشی کو اُسکے

نمبر(۱) - ایڈورڈ گبن - ایک مشہور مؤرخ - (سالِ پیدائش سنہ ۱۷۳۷ء سنہ وفات ۱۷۹۴ء - نمبر(۲) ایڈمنڈ برک - ایک مشہور مقرر اور مدبر سلطنت - پیدائش سنہ ۱۷۲۹ء - وفات سنہ ۱۷۹۷ء - نمبر(۳) لیبنز - جرمن فلاسفر - پیدائش سنہ ۱۶۴۶ء - وفات سنہ ۱۷۱۶ء -

نمبر(۴) سالیسبرو - رومن مقرر - پیدائش سنہ ۶۰ قبل مسیح - وفات سنہ ۴۳ء -

نمبر(۵) رفیل - اطالین نقاش - پیدائش سنہ ۱۴۸۳ء - وفات سنہ ۱۵۲۰ء -

موجودہ وقت کے درجے سے اسقدر آگے بڑھا دیا کہ معلوم ہوتا ہے وہی ایک شخص ہی جو اپنے قائم مقاموں کے لئے نمونہ چھوڑ گیا ہے۔

دعوی مذکورۂ بالا کے خلاف بھی مثالیں ہیں مگر عموماً بڑے آدمیوں کی سوانح عمریں یہی پایا جاتا ہے کہ جو کچھ اُن کی ناموری ہوئی وہ محنت ہی کی بدولت ہوئی۔ اُن کی سوانح عمری کا مطالعہ کرنے سے ظاہر ہوگا کہ اُن لوگوں نے اپنی زندگی کا نصف اوّل حصّہ غربت و افلاس کی مکروہ تاریکی میں گذارا ہے، نہ اُنکا کوئی خبر گیراں ہے نہ مددگار۔ اُن سے ہیٹی عقل والے اُن کو حقارت کی آنکھوں سے دیکھتے ہیں۔ مگر وہ اپنی دُھن کے ایسے پکّے ہیں کہ اِن باتوں کو کچھ خیال میں نہیں لاتے۔ تم دیکھوگے کہ جب سب خواب استراحت میں ہیں تب وہ سوچ رہے ہیں، جب لوگ سرگرم عیش و عشرت ہیں تب وہ پڑھ رہے ہیں۔ معلوم ہوتا ہے کہ کوئی اندرونی اثر ہے جو اُن کی دل جوئی اِن لفظوں سے کر رہا ہے "گھبراؤ نہیں۔ تم ہمیشہ دنیا کے طبقۂ ادنےٰ پر نہ رکھے جاؤگے، بلکہ ایک دِن فخرِ روزگار بنوگے"۔ چنانچہ وہ وقت آیا اور موقع نے بھی ہاتھ بڑھایا تو ان لوگوں نے تاریکی سے نکلکر عامیانہ زندگی کے اُس میدان میں قدم رکھا جو عزت و تمکنت کی روشنی سے منوّر تھا۔ وہ تمکو غنیمت اوقات سے مالا مال اور دماغی جدّ و جہد اور محنت کے میدان کے قوی رہ نورد نظر آئینگے، لوگ ان میں سے کسی ایک کی علمی معراج کو دیکھکر پکار اُٹھتے ہیں "عقل کا اعجازی پُتلا" ہاں وہ عقل کا اعجازی پُتلا ہے اور کیوں نہو؟ وہ محنت کا بھی تو اعجازی پُتلا ہے، صرف اپنی ہی تدابیر دماغی پر بھروسہ کرنیکے بدلے اُسنے ہزاروں دماغ کو چھان مارا ہے۔ وہ پشتہا پشت کے فراہم کردہ سوادِ عقل سے فائدہ اُٹھاتا ہے اور اپنے کو اُس آخری خط یا حدّی پر پہنچا کر چھوڑنا چاہتا ہے جہاں تک کہ علم نے ترقی کی ہے کیونکہ اُسنے ہمیشہ اپنی زندگی کا مقصد یہی رکھا ہے کہ فطرت کے ہر ایک دماغی عطیہ کی مدد اُس ہر ایک تدبیر سے کرتے رہنا چاہیئے جسکا خیال علم کے ذریعے سے دل

میں پیدا ہوا اور جہاں تک محنت اجازت دے، اُس میں غور و فکر سے کام لینا چاہیے۔
اِسلئے اگر کسی نوجوان نے اپنی زندگی تحصیل علم میں مشغول کردی ہے تو اُسکو چاہیے کہ بلا خوف اور شک حصول نتائج اپنا کام کئے جائے۔ اُسکو علم کے ابتدائی ناخوشگوار مرحلے تاریکی، مشکلات، احتیاج، اور غم سے جو بعض وقت تحصیل علم کی چلتی گاڑی میں روڑے اٹکاتے ہیں، بھڑکنا نہیں چاہیے۔ بلکہ اُسکو اپنے محافظ فرشتوں کیطرح علم کا ساتھ نہیں چھوڑنا چاہیے، یہی علم آخرش اُسکو روزِ روشن دکھلائیگا۔ اور دُنیا دیکھیگی کہ وہ اکتساب کے خزانے کا مالک ہے۔ قوتِ متخیلہ سے مالا مال ہے، گنجینۂ تدابیر ہے۔ مباحثِ عقلی میں مستحکم و مضبوط ہے، اور عقل و وقوف میں اپنے ساتھیوں سے ممتاز ہے۔

"ابُوالکمال دیسنوی"

کیا عورتیں فطرۃً ناقص العقل ہیں؟

ہمارے وہ دوست جو آزادیِ نسواں کے دشمن اور رسم و رواج اور الف وعادت کے طوقِ غلامی میں اسیر ہیں، اور جنکو بیچارے فرقۂ نسواں سے للّٰہی بغض و عداوت ہے، ہمیشہ اِس بات پر نہایت زور دیا کرتے ہیں کہ عورتیں ناقص العقل ہیں اور اُن کے قُوائے دماغی مردوں کے قُوائے دماغی کے مقابلے میں بہت کمزور ہیں، اور عورتوں کے اِس سُقم و نقص کو اُن کی سلبِ حُرّیت کی وجہ ٹھیراتے ہیں۔ اگرچہ ہمارے دوستوں کا یہ دعوےٰ بلا دلیل بھی منجملہ اُن دیگر ابلہ فریب دلائل کے ہے، جنکو ہمارے فاضل دوست محض اپنے دلوں کو خوش کرنے کے لئے گڑھ لیتے ہیں، لیکن چونکہ ہماری قوم کے اکثر افراد عموماً اِس مرضِ متعدّی میں سرتاپا گرفتار ہیں کہ جب کوئی رسم و رواج کے سانچے میں ڈھلی ہوئی جھوٹی بات بھی اُن کے سامنے پیش کی جاتی ہے تو وہ بلا کسی تردّد اور بلا کسی پس و پیش کے اُسے فوراً مان لیتے ہیں۔ اور جب کوئی بندۂ خدا اُس کے خلاف کچھ بولتا ہے

تو وہ کبھی اسکی تکلیف گوارا نہیں کرتے کہ صدق و کذب کی جانچ کریں، اور اپنی قوتِ فیصلہ سے بھی کچھ کام لیں۔ اسلئے ہمارے دوستوں کو عوام الناس کی اس کمزوری سے فائدہ اٹھانے کا خوب موقعہ ہاتھ آیا اور سبھوں نے بنی نوع انسان کے اس نصف حصہ پر اپنی جھوٹی فضیلت قائم کرلی۔ بلا کسی استدلال کے مرد اعلےٰ اور عورتیں رذیل و ذلیل افراد انسانی تسلیم ہوگئے۔ اور اسلئے عورتیں مردوں کے مظالم و نفس پرستیوں کا تختۂ مشق قرار پائیں۔

لیکن اگر حقیقتِ امر پر غور کیا جائے، اور انصاف پسندی و راستبازی کو ہاتھ سے نہ دیا جائے تو صاف طور سے یہی ثابت ہوتا ہے کہ عورتیں قوائے دماغی میں دوں سے کسیطرح کم نہیں ہیں۔ ہم کو چاہیے کہ اس مسئلے پر رائے زنی کرنے سے پہلے اُن بڑے بڑے حکماء و علمائے فزیالوجی کے فیصلوں پر بھی غور کرلیں، جنھوں نے سالہا سال تک نہایت باریک بینی محنت اور جانکاہی سے عورت کے نیچر کی تحقیقات کی ہے۔ کیونکہ بغیر اسکے صرف اپنی قوتِ واہمہ سے کام لینا ہمکو صحیح نتیجے کے استخراج سے باز رکھیگا۔ ڈاکٹر **لبسکوف** کی تحقیق ہے کہ:—

"عورت کے دماغ کا وزن (۹۰) اور مرد کے دماغ کا وزن (۱۰۰) ہے مگر عورت کے جسم کا وزن (۸۳) اور مرد کے جسم کا وزن (۱۰۰) ہے"

ڈاکٹر **ویروڈ** کہتا ہے۔ کہ:—

"وزن جسم کے لحاظ سے عورت کا دماغ مرد کے دماغ سے وزنی اور بڑا ہے"

پروفیسر **مونٹی جازا** اپنی کتاب "عورتوں کی فزیالوجی" میں لکھتا ہے کہ:—

"اس بات پر بحث و مباحثہ کرنا کہ عورتوں کا دماغ مردوں کے دماغ سے چھوٹا اور وزن میں کم ہے اور اُسکے پردہائے محافظِ دماغ بہ نسبت اُن کے جو مردوں کے دماغ میں پائے جاتے ہیں، کمزور ہیں، بالکل بے سود اور عبث ہے۔ کیونکہ اس

اختلاف سے مردوں اور عورتوں کے قوائے عقلیہ کا اختلاف ثابت نہیں ہوتا.....

..... مرد کس قدر خود غرض اور مغرور ہیں کہ اپنی بڑائی کے زعم میں علم تشریح میں بھی مکر و فریب سے باز نہیں آتے اور صرف اس بات پر قناعت نہیں کرتے کہ عورتوں کی نسبت دنیا میں وہ نہایت ممتاز درجہ رکھتے ہیں بلکہ زبردستی سے اس بات کا دعوے کرتے ہیں کہ عورتیں اُن کے مقابلے میں ادنے صنف انسانی ہیں اور اُن کی اور بندروں کے درمیان ایک برزخ ہیں۔ اور اس دلیل کی بنا پر وہ عورتوں کے فطری حقوق کو غصب کرتے ہیں اور اس بات کو بھول جاتے ہیں کہ وہی ان کی مائیں ہیں۔ لیکن حقیقۃ الامر یہ ہے کہ علم تشریح کی رو سے مرد اور عورت میں کچھ بھی فرق نہیں۔ نہ عورتوں کی جسمانی ترکیب مردوں کی جسمانی ترکیب سے کمتر ہے اور نہ اس لحاظ سے مردوں کو عورتوں پر کوئی فضیلت و فوقیت ہے۔ اگر دونوں میں کوئی اختلاف ہے تو اسکا سبب اُن کے مختلف کام اور مختلف فرائض ہیں۔"

پروفیسر فرشلو کہتا ہے کہ:—

"میں نے ریاضی۔ علم الاخلاق اور فلسفہ کی تعلیم مدتوں لڑکوں اور لڑکیوں کو ایک ساتھ دی ہے۔ مگر میں نے اِن دونوں میں سے کسیکی لیاقت اور قابلیت میں کوئی فرق نہیں پایا۔ بلکہ دونوں کے درجوں کی نسبت ہمیشہ مساوی رہی ہے۔"

ایک نہایت ہی مستند کتاب "مین اینڈ ومین" میں لکھا ہے کہ:—

بہت سے بڑے بڑے مشہور و معروف ڈاکٹروں مثلاً کلین ونگ۔ ٹیڈمین۔ ریڈ۔ ویگنر، ولسیبیق وغیرہ جنھوں نے اپنی ساری عمر انسانی دماغ کی تحقیقات اور تشریحات میں صرف کی ہے، مرد و زن کے دماغی فرق کو صحیح طور سے دریافت کرنیکے لئے یہ طریقہ اختیار کیا ہے کہ مرد اور عورت کے دماغ کا وزن اُن کے جسم کے وزن کی نسبت سے جانچا جائے۔ واقعی یہ طرز استدلال زیادہ تر اصول منطق پر مبنی ہے

اِس مستحکم منطقی اُصول کیساتھ مرد و زن کے دماغ جانچنے سے یہ بخوبی ثابت ہوا ہے کہ مردوں کے دماغ کی بہ نسبت عورتوں کا دماغ یا تو زیادہ ہے، یا مساوی ہے۔ کئی سال ہوئے کہ اِس بات کو انگلستان، فرانس، اور جرمنی میں ڈاکٹر پارچینی، ڈاکٹر ٹیڈیمین، ڈاکٹر تھرنام، وغیرہ نے دریافت کیا تھا۔ حال ہی میں ڈاکٹر بسکوف نے بھی اپنی مبسوط کتاب میں، جو صرف دماغ انسانی کی بحث میں لکھی گئی ہے، یہ لکھا ہے کہ "عورت کے دماغ کا وزن (۹۰) اور مرد کے دماغ کا وزن (۱۰۰) ہے مگر عورت کے جسم کا وزن (۸۳) اور مرد کے جسم کا وزن (۱۰۰) ہے" ڈاکٹر ویروڈ نے بھی اسی طرح اِس امر واقعی کو دکھایا ہے اور لکھا ہے کہ "وزنِ جسم کے لحاظ سے عورت کا دماغ مرد کے دماغ سے وزنی اور بڑا ہے" لہذا اب یہ بات بخوبی پایۂ ثبوت کو پہونچگئی ہے کہ عورت کا دماغ یا تو مرد کے دماغ سے زیادہ ہے یا مساوی ہے"

غرض اِسیطرح کی بیسیوں دلیلیں بڑے بڑے حکماء اور علماء کی اِس بارے میں ملتی ہیں کہ مرد اور عورت کے قوائے دماغی میں کوئی فرق نہیں ہے بلکہ علم تشریح کی تحقیقات کی رو سے ہم یہ نتیجہ نکال سکتے ہیں کہ عورتوں کے دماغ مردوں کے دماغ سے کمزور نہیں، قوی ہیں۔ کیونکہ اِس بات کو ہر شخص جانتا ہے کہ سالہا سال سے عورتیں مردوں کی خطرناک غلامی میں گرفتار ہیں اور مردوں کا جابرانہ برتاؤ ہمیشہ اِن بیچاریوں کو ذلت کے اِنتہائی درجے میں رہنے پر مجبور کرتا رہا ہے اور کبھی ان کو اپنی خلقی اور طبعی قوتوں سے کام لینے کا موقعہ نہیں دیا گیا ہے۔ برخلاف اِسکے مردوں نے ہمیشہ اپنی فطری قوتوں سے کام لیا ہے اور میدان علم و عمل میں ہزاروں برس سے برابر دوڑ دھوپ کرتے رہے ہیں اِسلئے یہ بات لازمی تھی کہ اِن دونوں کے قوائے دماغی میں بہت بڑا بیّن فرق پڑجاتا لیکن جب ہم دیکھتے ہیں کہ عورتیں اپنی اِس گئی گذری حالت میں بھی جبکہ اِن کے نیچر میں انقلاب پیدا ہوگیا ہے اور اِن کی صحتِ جسمانی اور نظامِ اعصاب میں خرابی پیدا ہوگئی ہے

قوائے دماغی میں مردوں سے کسیطرح کم نہیں ہیں تو یہ صاف بات ہے کہ اگر ان کو اپنے قوائے عقلیہ سے کام لینے اور اُسکو ڈولپ کرنے کا موقعہ دیا جاتا تو اُن کے قوائے دماغی کی مردوں کے قوائے دماغی کے مقابلے میں کیا حالت رہتی؟ مصر کے ایک فاضل مصنف **عزت لوقا قاسم بک امین** نے اپنی بے نظیر کتاب "تحریر المرأۃ" میں عورتوں کی موجودہ حالت کے بارے میں لکھا ہے کہ:-

"عورتیں بھی مردوں کیطرح انسان کی جنس میں داخل ہیں۔ اگر دونوں کی جسمانی ترکیب پر غور کرو تو صاف معلوم ہوگا کہ اعضاء۔ حواس۔ عقل و فکر۔ جذبات و خیالات اور اُن تمام باتوں کے لحاظ سے جو انسان ہونے کے لئے درکار ہیں، دونوں میں کوئی فرق نہیں ہے۔ موجودہ حالت میں جسمانی اور رُوحانی قوتوں کے لحاظ سے مردوں کو عورتوں پر جو فضیلت اور فوقیت حاصل ہے، اُسکا سبب یہ ہے کہ مرد ہزاروں برس سے علمی اور عملی ترقیوں کے میدان میں برابر دوڑتا رہا ہے۔ اور عورت ان قوتوں کے استعمال سے محروم رہی ہے۔ اور ایسی پست حالت میں رہنے پر مجبور کیگئی ہے جو بلحاظ مختلف زمانوں اور ملکوں کے مختلف رہی ہے"

ہمارے اکثر دوست عورتوں کی متلون مزاجی۔ زُود اعتقادی۔ کوتاہ اندیشی، بیصبری، نا سعاملہ فہمی، اور جلد بازی وغیرہ کو اپنے دعوے کی دلیل کے طور پر پیش کرتے ہیں اور ان باتوں میں مردوں کے ساتھ ان کا مقابلہ کرتے اور ان کو ناقص العقل ٹھیراتے ہیں، لیکن ہم نہیں سمجھتے کہ عورتوں کی موجودہ حالت کب اس بات کی مقتضی ہے کہ اُن کا مردوں کے ساتھ تقابل کیا جائے۔ کیا ہم ایک ایسے بیل کی نسبت جو کولھو میں بندھا ہوا ہو اور ایک ہی جگہ گردش کرنے پر مجبور ہو یہ رائے قائم کر سکتے ہیں کہ اِس میں اپنے محور سے آگے چلنے پھرنے یا دوڑنے کی طاقت نہیں ہے؟ یا ایک شیر کے بارے میں جو پنجرے میں بند ہے، ہم کہہ سکتے ہیں کہ اسمیں آدمیوں پر حملہ کرنیکی

قوت نہیں ہے؟ یا ہم ایک چڑیا کو جو قفس میں ہے، اُڑنے کے ناقابل سمجھ سکتے ہیں؟ اگر ہم اس بیل اور شیر اور چڑیا کے حرکات و افعال کا مقابلہ ایک ایسے بیل اور شیر اور چڑیا سے کریں، جو بالکل آزاد ہیں، اپنے آپ مالک ہیں، حرکات و افعال اور ارادوں میں مستقل بالذات ہیں تو ہمارا یہ باہمی تقابل کسقدر قابلِ مضحکہ ہوگا۔ اسیطرح ہم کیونکر مقابلہ کر سکتے ہیں عورتوں اور مردوں کا جبکہ ہم دیکھتے ہیں کہ ایک نہایت ادنےٰ اور جاہل اور اَن پڑھ مرد بھی ایک بڑی معزز خاتون سے مقابلۃً اپنی حُرّیت سے کامل طور پر متمتع اور اگر اپنے قوائے عقلیہ کو علم کی ایک شاخ یعنی سطالعے سے مکمل پختہ نہ کر سکا تو علم کی دوسری شاخوں یعنی مشاہدہ اور تجربہ وغیرہ سے ڈولپ کر لیتا ہے۔ افسوس ہم عادت اور نیچر میں تمیز نہیں کر سکتے اور عارضی اسباب سے جو مصنوعی فرق پیدا ہو گیا ہے اُسکو طبعی اور خلقی فرق سمجھے ہوئے ہیں۔

اگر عورتیں فطرۃً ناقص العقل ہوتیں تو خداوند عالم جو عورتوں کے نیچر سے ہم سے زیادہ واقف ہے کبھی اُن کو قابلِ بازپرس اور اپنے کردار و افعال کا جوابدہ نہ ٹھیراتا۔ اُس حکیم مطلق کے احکام مرد و عورت دونوں کے بارے میں بالکل ایک ہیں۔ ناقص العقل عورتوں اور کامل العقل مردوں کے افعال کی جزا و سزا میں کوئی فرق نہیں رکھا گیا۔ یہ بات لازمی تھی کہ عورتیں اپنے نقص عقل کیوجہ سے نیک و بد کے ثواب و عذاب سے مستثنےٰ ہوتیں لیکن نہ تو کسی ربّانی قانون نے کوئی اس قسم کی مراعات عورتوں کے ساتھ کی ہے اور نہ کسی شرع میں عورتوں کی ذمہ داریاں مردوں سے کم ہیں۔ اور اگر انسانی قانون اور رسم و رواج کو دیکھا جائے تو عورتیں مردوں سے بھی زیادہ قابلِ بازپرس ہوتی ہیں۔ غرض دنیا میں کوئی ایسی حجتِ شرعی یا برہانِ منطقی نہیں ملتی جس سے عورتوں کا فطرۃً ناقص العقل ہونا ثابت ہو سکے۔ لہذا ہمارے دوستوں کا صرف بعض عارضی اسباب اور خاص خاص قسم کے تمدن اور معاشرت کیوجہ سے جو کچھ مصنوعی فرق پیدا ہو گیا ہے اسکی بنا پر عورتوں کو فطرۃً ناقص العقل کہنا کسقدر قابلِ مضحکہ ہوگا۔ ہم اپنے اس قسم کے

دوستوں کی خدمت میں فرقۂ نسواں کی طرف سے یہ چھوٹی سی نظم جو اُن کی موجودہ حالت سے بہت کچھ مناسبت رکھتی ہے عرض کئے بغیر نہیں رہ سکتے :—

وَھُوَھٰذَا

"

چاندی کی انگوٹھی پہ جو سونیکا چڑھا جھول	اوچھی تھی لگی بولنے اِترا کے بڑا بول
چاندی کی انگوٹھی کے نہ میں ساتھ رہونگی	وہ اور ہی میں اور، یہ ذِلت نہ سہونگی
میں قوم کی اونچی ہوں بڑا میرا گھرانا	وہ ذات کی گھٹیا ہے نہیں اُسکا ٹھکانا
میری سی چمک اُسمیں نہ میری سی دمک ہے	چاندی ہی کہ ہے رانگ مجھے اِسمیں بھی شک ہے
میری سی کہاں چاشنی، میرا سا کہاں رنگ؟	وہ مول میں اور تول میں میرے نہیں پاسنگ
اے دیکھنے والو! تمھیں انصاف سے کہنا	چاندی کی انگوٹھی بھی ہے کچھ گہنوں میں گنا؟
یہ سُنتے ہی چاندی کی انگوٹھی بھی گئی جَل	اللہ رے ملمّع کی انگوٹھی تری چھل بل
سونیکے ملمّع پہ نہ اِترا مری پیاری!	دو دِن میں بھڑک اِسکی اُتر جائیگی ساری
کچھ دیر حقیقت کو چھپایا بھی تو پھر کیا؟	جھوٹوں نے جو سچّوں کو چڑایا بھی تو پھر کیا؟
مت بھول کبھی اصل کو اپنی، اری احمق!	جب تاؤ دیا جائیگا ہو جائیگا مُنہ فق۔
سچّے کی تو عزت ہی بڑھیگی جو کریں جانچ	مشہور مثل ہے کہ نہیں سانچ کو کچھ آنچ
کھوٹے کو کھرا بن کے نکھرنا نہیں اچھا	چھوٹے کو بڑا بن کے ابھرنا نہیں اچھا

(ملمّع کی انگوٹھی)

جو لوگ ہمیشہ عورتوں کے فطرۃً ناقص العقل ہونیکو ثابت کرنے کے درپے رہتے ہیں اور سراسر بے اصل اور لاطائل دلائل سے عامۂ خلائق کو دھوکا دیتے، تعصب سے حق کو چھپاتے، بندگانِ خدا کو جان بوجھ کر بہکاتے اور گمراہ کرتے، لوگوں کے تعصب اور جہالت و ناواقفیت سے فائدہ اُٹھاتے اور اپنے حلوے مانڈے سے کام رکھتے ہیں، اُن کو چاہیے کہ یورپ و امریکہ ممالکِ متمدنہ کے عورتوں کی حالت پر غور کریں۔

پچھلے چند ہی سال میں اِن مقامات کی عورتوں نے جو ترقیاں کی ہیں وہ اِس بات کی کافی شہادت ہیں کہ عورتوں میں نیچرل طور پر نقصِ عقل نہیں ہوتا۔ مہذب و ترقی یافتہ ممالک میں کونسا ایسا شعبۂ علمی ہے، جس میں وہاں کی خواتین نے بے انتہا ترقی نہیں کی ہے۔ اِسی بنا پر بعض اہل الرّاے کہتے ہیں کہ اِس صدی کے اختتام تک عورتیں مردوں سے علم و کمال اور ترقی کے میدان میں ہزاروں میل آگے بڑھ جائینگی۔ اِس کے علاوہ خود ہمارے ملک میں اور ہماری اِس گئی گذری حالت میں کئی مثالیں اِسی قسم کی ملتی ہیں۔ پارسی اور ہندو عورتوں کو چھوڑ کر صرف مسلمان عورتوں ہی کو لیجئے۔ بعض نادر الوجود خواتین اِن میں بھی ایسی ہیں (بلکہ یوں کہنا چاہیے کہ گذشتہ چند سال سے آزادیِ نسواں اور تعلیمِ نسواں کی جو چیخ پکار کی جاتی ہے اُسکی بدولت پیدا ہوگئی ہیں) کہ اُن کا علم و فضل باوجود اِس کے کہ اِن کی تعلیم پردے کی بدولت غیر مکمّل رہتی ہے، اکثر تعلیم یافتہ مردوں سے کم نہیں ہوتا اِن کے علم و فضل، اِن کی لیاقت، اِن کی فراست و دانائی کا ثبوت اِس سے بڑھ کر کیا ہو سکتا ہے کہ اِن کے نہایت اعلےٰ درجے کے پاکیزہ مضامین کی نسبت جو وقتاً فوقتاً "خاتون" میں شائع ہوا کرتے ہیں، ہمارے اُن دوستوں کو، جن کے خیال میں عورتوں کا آئیڈیل بالکل انسان نما بندر کا ہے، یہ یقین ہے کہ ان کے لکھنے والے "داڑھی والی عورتیں" ہوتی ہیں — پس یہ کسقدر حیرت و استعجاب کی بات ہے کہ خود مشاہدہ پکار پکار کر کہہ رہا ہے۔ کہ عورتیں فطرتاً عقل میں مردوں سے کم نہیں ہیں۔ فرقۂ نسواں کو ناقص العقل کہنا بالکل جھوٹ اور سراسر بے اصل ہے، لیکن ہمارے انصاف پسندی و راستبازی کی ڈینگیں مارنیوالے۔ ہمکو کافر، مردود، مُرتد۔ ملعون وغیرہ کیا اور کیا کہنے والے، نہایت ایماندار و پاکباز، مذہبِ اسلام کے سچے حامی اور پیرو۔ برگزیدۂ بارگاہ خداوندی دوست اپنے اِسی بے سرے راگ کے الاپنے میں منہمک و مستغرق ہیں کہ عورتیں ناقصاتُ العقل ہیں۔ خداوندِ عالم نے اُنھیں ناقص العقل پیدا کر کے مردوں کا

محکوم بنایا ہے اور مردوں کو ان پر فضیلت دی ہے۔

بفرضِ محال اگر ہم عورتوں کو فطرۃً ناقص العقل مان بھی لیں تو سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ کیا ناقص العقلی سلبِ حرّیت کیوجہ اور فطری حقوق کے غصب کرنیکا باعث ہوسکتی ہے۔ اگر ایسا ہے تو کتنے مرد ایسے نکلینگے جو عقل و شعور میں عورتوں سے بدرجہا کم ہیں۔ پھر کیوں نہیں ان سے بھی ایسا سلوک کیا جاتا۔ اگر عقلوں کا اختلاف انسان کو آزادی سے محروم کرنیوالا ہے تو پھر ہمکو یہ بھی ضرور ماننا پڑیگا کہ اہل یورپ جنکی عقل کے کرشموں کا ایک عالم معترف ہے اور جنکی عقل کی ضیا ہماری آنکھوں کو خیرہ کر رہی ہے۔ اس بات کا ہم پر حق رکھتے ہیں کہ ہمکو اپنا غلام سمجھیں اور ہمیں حرّیت سے متمتع نہونے دیں۔ اسکے ساتھ ہی ہمکو یہ بھی تسلیم کرنا پڑیگا کہ ہمارے قوائے عقلیہ نہایت کمزور ہیں اور بمقابل ہمارے اہلِ یورپ کے قوائے عقلیہ نہایت قوی واعلےٰ ہیں لیکن جب ہم اہل یورپ کی کسی فضیلت و تفوق (من حیث الانسان) کے قائل نہیں ہیں تو پھر کس منہ پر اس بات کا دعوے کرسکتے ہیں کہ انہی امور کیوجہ عورتیں ہم سے کمتر درجہ رکھتی ہیں، اور ہماری محکوم ہیں۔

غرض کسی طرح یہ بات پایۂ ثبوت کو نہیں پہونچتی کہ عورتیں فطرۃً ناقص العقل ہیں اور ہم کو اُن پر کسی قسم کی فضیلت و برتری حاصل ہے۔

لہذا ہمارا موجودہ طرزِ عمل جس سے خدا کی مخلوق کی اتنی بڑی حق تلفی ہو رہی ہے جسکی بدولت بنی نوع انسان کے بہترین حصّے کا دن دہاڑے قتل ہو رہا ہے۔ محض ہمارے سراسر ظلم۔ تعصب۔ خود پسندی۔ خود غرضی۔ اور نفس پرستی پر مبنی ہے۔ پس اے ہمارے مہربان دوستو! خدا کے غضب سے ڈرو۔ اُس منصفِ حقیقی کے عدل و داد کا خیال کرو۔ یاد رکھو! تمھارا اسطرح آستینیں چڑھا چڑھا کر حامیانِ نسوان کی سچی باتوں پر اُلجھنا اُس قادرِ مطلق کی بارگاہ میں کام نہ آئیگا۔ کیا جواب دوگے؟ جب تم سے تمھارے ان کرتوت کے بارے میں پوچھا جائیگا کہ کیوں عورتوں

کو قید رکھا؟ اُنھیں ہر قسم کی جسمانی و روحانی مصائب میں گرفتار کیا؟ طرح طرح کی تکلیفیں دیں؟ اپنی نہایت جھوٹی اور بے اصل فضیلتیں ثابت کرکے انپر بیحد جابرانہ۔ ظالمانہ، اور وحشیانہ حکومت کی؟۔ اُن کے فطری حقوق غصب کئے۔ اور طرح طرح کے مظالم و زیادتیوں کا نشانہ بنایا؟ نظامِ عالم کو درہم وبرہم کرنے کی کوشش کی ——— ؟ شاید تمھارے دل میں یہ خیال ہوگا کہ اُسوقت عورتیں اپنی فطری فیاضی اور فراخ حوصلگی سے تمھاری تمام خطائیں معاف کردینگی، اور تمھیں خداوند تعالےٰ کے غضب وغصّہ سے بچالینگی، مگر کہیں اسی پر نہ پھول بیٹھنا۔ بیشک عورتیں رحمدل ہیں۔ لیکن اسکے ساتھ ہی وہ ایسی سرکش، نافرمانبردار، محسن کُش اور احسان فراموش نہیں ہیں کہ اُس منتقمِ حقیقی کے خلاف مرضی کوئی کام کریں۔

راقم
سیّد خورشید علی۔
حیدرآباد دکن۔

امام احمدؒ بن حنبلؒ

امام صاحب نے جس درجہ شہرت اور عام مقبولیت حاصل کی اسکا اندازہ اس امر سے ہوسکتا ہے کہ تعصب کے دائرے سے باہر ہونے کے بعد اس جامع شخص کی تمامتر علمی کوششوں کے زیر بار احسان ہونا پڑتا ہے، لیکن افسوس کہ ابتک اس نامور کی قابل قدر لائف سے بالکل لوگ بیخبر ہیں۔ اس بنا پر ہم اس آرٹیکل میں امام صاحب کے خصوصیات کو بیان کرتے ہوئے اُن کے چند اُصول اور مسائل بھی بیان کرینگے، جن سے امام صاحب کی علمی زندگی کا معیار بخوبی قائم ہوسکیگا۔

گو امام صاحب کی عام حالت بھی دلچسپی سے خالی نہیں لیکن اختصار مدِنظر رکھکر

اِس سے قطع نظر کرتے ہوئے اُن کی قابلِ قدر لائف کے بعض حیرت انگیز سبق کو بھی زیر نظر رکھینگے۔

نسب امام ابو عبداللہ احمد بن حنبل بن ہلال بن اسد بن ادریس بن عبداللہ بن حبان بن عبداللہ بن انس بن عوف بن قاسط بن مازن بن شیبان بن ذیل بن ثعلبہ بن عکابہ بن صعب بن علی بن بکر بن وائل بن قاسط بن ہنب بن اقصیٰ بن دلمی بن جدیلہ بن ربیعہ بن نزار بن معد بن عدنان الشیبانی المروزی ؛ ہذا ہو الاصح۔

گو امام صاحب کے نسب میں جس درجہ اختلافات کی بھرمار ہے اِس کے لحاظ سے کوئی قطعی فیصلہ کرنا ایک امرِ دشوار تھا لیکن تتبع و تلاش کا یہ ایک لازمی نتیجہ تھا۔

پیدائش امام صاحب کی والدہ شہر مرو سے بغداد گئیں۔ اور وہیں آپ ربیع الاول کے مہینے ۱۲۴ھ میں پیدا ہوئے[1] لیکن بعض روایتوں سے اِسکے برعکس ثابت ہوتا ہے۔

تحصیل علم کے لئے مختلف مقامات کا سفر و اساتذہ۔ امام صاحب نے اُسی قرب و جوار میں تحصیل علم کی۔ حدیث کی سماعت کے لئے وطن کو چھوڑ کر کوفہ، بصرہ، مدینہ، یمن اور شام کی سیاحت کی۔

امام صاحب سعید بن قطان۔ سفیان بن عیینہ۔ محمد بن اسمٰعیل۔ مسلم بن حجاج۔ جیسے اشخاص کے فیضان تعلیم سے زیادہ ممنون ہیں۔

مسئلہ خلق قرآن اور انتقال زمانے کی نیرنگیوں پر سرسری نظر ڈالنے کے بعد یحییٰ و ہمیت کا خیال نہایت سرعت کیساتھ دل میں جگہ پاتا ہے۔ امام صاحب جیسے شخص کا بغداد کی سرزمین سے اُٹھ جانا ایک غیر معمولی حادثہ سے کم نہ تھا لیکن یحییٰ و ہمیت کا تطابق بجز اِن تصریحات کے ممکن بھی نہ تھا۔ خلق قرآن کا مسئلہ ایک زمانے سے اثنا عشریہ و معتزلہ کے درمیان پیچ و تاب کھا رہا تھا اور اب تک وہ اپنی پرانی روش پر قائم تھا۔ خلفائے بنو عباس سے جبکہ مامون الرشید کا بغداد پر دور دورہ تھا یہ مسئلہ نہایت ہی نازو نعم سے

---

[1] دیکھو تاریخ ابن خلکان صفحہ ۳۰ قلمی۔ [2] از تاریخ ابن خلکان صفحہ ۳۰ قلمی۔ [3] دیکھو ابن خلکان صفحہ ۳۱ قلمی

قاضی احمد بن داؤد کی گود میں پرورش پائی تھا، قاضی صاحب نے رفتہ رفتہ خلیفہ مامون الرشید کو بھی اپنا ہم خیال بنا لیا جسکی وجہ سے قاضی صاحب کا پہلو اور بھی قوی ہوگیا۔ ۲۱۸ھ میں جبکہ مامون الرشید نے وفات پائی اور اُن کے بھائی معتصم باللہ دار الخلافہ کے متولی ہوئے اُسوقت مامون الرشید نے یہ وصیت کی کہ تم ہمیشہ قاضی احمد بن داؤد کے قدم بقدم رہنا اور اُن کی راے سے ہر کام کو انجام دینا۔

قاضی صاحب نے اپنے میں وسعت پاکر چاہا کہ دربارۂ حدوثِ قرآن تمام علما و مشائخ ہمارے مؤید اور ہم خیال بن جائیں، اس بنا پر ایک اعلان دیا گیا کہ جو شخص اس سے اعراض کریگا وہ فوراً تہ شمشیر کیا جائیگا۔

خلیفہ کی اس ظالمانہ حرکت نے بغداد میں ایک عجیب تہلکہ پیدا کر دیا، کسی کے ہوش و حواس قائم نہ تھے، اِدھر تو قتل کا خیال اودھر خدا کا خوف[1] غرض مُذَبْذَبِينَ بَيْنَ ذَٰلِكَ لَا إِلَىٰ هَٰؤُلَاءِ وَلَا إِلَىٰ هَٰؤُلَاءِ کا مضمون تھا۔

بعض علمانے تو موافقت ظاہر کی، اور بعض چھپ گئے۔ لیکن اکثروں نے اعراض کرکے شہادت کا درجہ حاصل کیا۔

علی سبیل البدلیت امام صاحب تک نوبت پہونچی، چونکہ امام صاحب دیندار آدمی تھے اسلئے اُن کو مخالفت کرنے میں ذرا بھی تامّل نہ ہوا، گو قاعدہ کے لحاظ سے امام صاحب کی موت کا وقت سر پر آچکا تھا، لیکن قاضی صاحب کی غیور طبیعت نے عین وقت پر امام صاحب کو بچا لیا جسکی علت غائی یہ تھی کہ احمد بن حنبل کا ہماری موافقت کرنا ایک بہت بڑے گروہ کا ہمارے ہم خیال بنا لینا ہے۔ لہذا امام صاحب محبوس کر دیے گئے امام صاحب نے اٹھائیس ۲۸ مہینے قید خانے کی مصیبت کو جھیل کر جمعہ کے دن ربیع الاوّل کے مہینے ۲۴۱ھ نبسوی میں ایک ہفتے کی بیماری کے بعد وفات پائی اس وحشت ناک خبر نے تمام بغداد میں

[1] علاوخلق قرآن کے ایسے مخالف تھے جیسے کوئی مسلمان مذہبی حیثیت سے کسی کافر کا جانی دشمن ہو ۱۲

ہل چل مچادی۔

باوجود اس بات کے کہ امام صاحب ۲۸ مہینے لوگوں کی نظروں سے غائب رہے، لیکن امام صاحب کیواسطے لوگ ماہی بے آب ہو رہے تھے۔ لوگ جوق کے جوق آتے تھے اور جنازے کی نماز بار بار ہوتی تھی۔ مُصلّین کی تعداد یہ ہے، مرد ۸/۱ لاکھ۔ عورت ۶۰ ہزار امام صاحب کے انتقال کے دن بیس ہزار یہود، مجوسی، نصاریٰ مسلمان ہوئے۔ امام صاحب باب حرب[۲] میں دفن کئے گئے۔

اس واقعہ کو مؤرخوں نے یوں بھی قلمبند کیا ہے کہ مامون قاضی احمد بن دواد کے عقیدے کے موافق کلام اللہ کے حدوث کا قائل تھا اور امام احمد بن حنبل قدیم مانتے تھے۔ خلیفہ کے حکم سے دونوں میں مُناظرہ ہوا۔ آخر ابن ابی دواد بحث میں غالب آئے امام احمد بن حنبل سے گو جواب نہ بن سکا مگر اُنھوں نے اپنی زبان سے حدوثِ قرآن کا اقرار نہ کیا، اپنے عقیدے پر قائم رہے۔ بلکہ اور ترقی ہوگئی۔ معتصم باللہ نے تازیانے لگانے کا حکم دیا تیس[۳] کوڑے لگائے گئے، اور قید خانے میں بھیجے گئے۔

قاضی احمد ابن ابی دواد نہ صرف مامون کے ہم خیال ہونیکی وجہ سے مقرّب بارگاہ تھے بلکہ اُن کی کارنمایاں ترقیوں نے جو دفعتًا حاصل ہوئی تھیں۔ خلیفہ کے دل میں اپنا سکّہ بٹھالیا۔ گو قاضی احمد بن دواد نے خلفاے بنو عبّاس سے مامون، معتصم، واثق، متوکّل چار خلیفوں کا زمانہ پایا تھا، لیکن اُنکا رسُوخ جو تدریجًا بڑھتا گیا وہ تحریر سے باہر ہے۔

احمد کو جس زمانے میں خلیفہ کا تقرب حاصل ہوا اُسکے پہلے دربار کے دستور کے موافق کوئی شخص گفتگو میں سبقت نہیں کرسکتا تھا، حاضرین خاموش منتظر رہتے تھے کہ خلیفہ گفتگو کا سلسلہ شروع کرے تو عرض معروض کیجائے۔ احمد کا یہ رسُوخ کہ بغیر پابندی جب چاہتے گفتگو کرتے تھے۔

[۱] دیکھو ابن خلکان۔ صفحہ ۳۰۔ [۲] وجہ تسمیہ باب المریم باب الحرب منسوب ہے حرب بن عبداللہ کی جانب (جو اصحاب ابی جعفر سے تھے) اور محلہ حربیہ بھی اُنھیں کیطرف منسوب ہے۔

اپنی ہستی حباب کی سی ہے یہ نمایش سراب کی سی ہے

شعرائے اُردو کے پیر حضرت میر تقی میر علیہ الرحمۃ کے مندرجۂ بالا شعر کو وہ قبول عام نصیب ہوا ہے کہ اسوقت لاکھوں زبانوں پر مذکور اور سینکڑوں کتابوں میں مسطور پایا جاتا ہے لیکن اگر اسکی زندہ سُنہ سے بولتی ہوئی شرح آپ دیکھنا چاہیں۔ تو جناب مرزا محمد سعید صاحب دہلوی ایم۔ اے۔ پروفیسر محمڈن کالج کے جدید ناول

خواب ہستی

میں ملاحظہ فرمائیں۔ جسے شائع کرکے مخزن نے اردو

ناول نویسی کی تاریخ میں ایک نیا روشن باب

کھولا ہے۔ اور ہندوستان کی مقبول و شستہ کر زبان کو فسانہ طرازی کے معاملہ میں السنۂ دلفریبہ کا ہم پلہ بنا دیا ہے۔ کہنے کو ناول ہے مگر معنیاً ہندی طرز معاشرت کا سچا مرقع۔ ملکی رسم و رواج کا آئینہ۔ اور طلبا کی تعلیمی خانگی اور خلوتی زندگی کا ہو بہو عکس ہے جسمیں روزمرہ کے واقعات کو الف کی طرح پھرتی تصویریں نظر آتی ہیں۔ پختہ کار رومیں "یادِ ایام" کے جذبات کو اُبھارتا ہے نوجوانوں کے معاملات کا ہو بہو نقشہ اُتارتا ہے۔ انگریزی تعلیم یافتوں کی زندگی کے اُس پوشیدہ مگر ضروری پہلو پر روشنی ڈالتا ہے جس کے حل کرنے میں اب تک ملک کے سارے مدبرین قاصر رہے ہیں۔ اسکے

ہر صفحہ میں محسوسات و جذبات کا دریا بہ رہا ہے

اور فقرہ فقرہ تمناؤں کے بچے پھوڑے کو چیرنے کیلئے نشتر بنکر نکلا ہے۔ ملک کی نئی نسل کے حق میں یہ ایک رفیق صادق ہے۔ جو اسکی ایام جوانی کی اُمنگوں اور

عالم اسباب کے ولولوں سے پوری ہمدردی

کرتا ہے۔ اور سخنہ کا عذر بیان کو اسکے خیالات کا عکس دکھاتا ہے جنھیں وہ خلوت و جلوت میں کہیں بیان سے نکالنے کی جرأت نہیں کرتے مگر جنکی خلش انھیں بیچین رکھتی ہے۔ ڈراما کے فن لطیف پر اسمیں ایک نئے لطیف پیرایہ میں بحث کی گئی ہے اور تعلیمیہ کے ہمت سے نازوردن پردہ عیاں ہوئے ہیں۔ المختصر یہ سوسائٹی کا کوئی طبقہ اور زمانہ حال کی کوئی تحریک ایسی نہیں ہے اسکے احاطۂ تحریر سے باہر رہگئی ہو۔ اور بزرگان صوفی مشرب، نوجوانان پاکباز، رندان خوش پرست میں کوئی ایسا نہیں جسکی دلچسپی کا سامان اس میں حیرانہ کیا گیا ہو۔ اسکی

ہر بات انوکھی اور ہر ادا نرالی

ہے۔ چھپائی، چھپائی، ترتیب وغیرہ میں بھی بڑی محنت، لاگت سے، وہ بات پیدا کی گئی ہے جو اب تک کسی ناول کو نصیب نہیں ہوئی، جسکا سُنہری سرورق بجای خود ایک تختۂ گلشن ہے۔ اور دیباچہ اپنی رنگینی کے اعتبار سے حسن چین ان سب پر طُرّہ ہے۔

تین ہاف ٹون عکسی تصاویر

ہیں جنھوں نے اسکے صفحات میں اہل بینش کے لئے ایک جنت نگاہ مہیا کی ہے اور دلاویزی نظر فریبی کی شان بہت کچھ بڑھا دی ہے۔ ہر تصویر گویا منہ سے بولکر صاحبان نظر سے داد طلب ہے، باین ہمہ دلستانی قیمت صرف عہ رکھی گئی ہے۔ تاکہ اردو کے تمام قدردان اس قابل قدر کوشش سے واقف ہونیکا موقعہ پائیں۔ دفتر مخزن لاہور سے طلب فرمائیے

Half Mile	(1) Rahat Ullah	(2) Amir Ahmad	(3) Syed Mehdi
Long Jump	(1) Ali Hosen	(2) Abbas Mirza	
High Jump	(1) Ali Hosen	(2) Syed Mehdi	
Quarter Mile Handicap	(1) Abbas Mirza	(2) Masud Alam	

Under 16

100 yards	(1) Abdur Rahman Ariff	(2) Aziz Khan	
Quarter Mile	(1) Abdur Rahman Ariff	(2) Sarfraz Ali	(3) Khurshid Alam
Long Jump	(1) Afzal Khan	(2) Tasiruddin	
High Jump	(1) Ibrahim Beg	(2) Abdur Rahman Ariff	

Under 14

100 yards	(1) Yasinuddin	(2) Azizullah Khan	
300 yards	(1) Yasinuddin	(2) Hosen Khan	(3) Mohd. Ibrahim

Under 12

100 yards	(1) Asad Ali	(2) Sher Bahadur

Under 10

100 yards	(1) Abul Qasim

The marks obtained in the House Competition were as follows:- Morison Court 41, Macdonnell House 37, Mumtaz House 35, English House 18, Zahur Ward 3.

for, is not what Budayun has been in the past—their interest lies in the fact that there are buried the mortal remains of a very pious saint, belonging to the Chistia sect of Sufism. His name is Qidavat-ul-Salkin, Sultan-ul Arfin. All over India, you will hear pious Mohammedans, repeating the names of all the saints in the Chistia sect in the genealogical order, as a religious exercise. Thousand of pilgrims come to see his tomb annually, when the time is spent in recounting the miracles of the saint, in deep meditation and prayers.

I have finished. Such is Budayun, such the part it has played in the history of India, and such the men it produced.

KARIM HYDER LODHI,

School Athletic Sports.

The School held Sports of their own this year which took place on March 18th and 19th. The meeting was quite a success, there were several exciting races, some good individual performances, and considerable enthusiasm over a House competition which was introduced. Every individual success counted so many points for the successful competitor's house and the closeness of the result—there were only six points dividing the three leading houses—was a gratifying feature of the competition.

With regard to individual contests, the open 100 yards and quarter mile, and the under 16 quarter all produced excellent finishes, the dead heat between Ghulam Akbar and Waiz Hosen being intensely exciting.

Mrs. Archbold kindly gave away the prizes at the end of the sports and the Head Master has presented medals to the members of the winning house team.

Appended are the detailed results :—

Open events.

100 yards	(1)	Syed Mehdi	(2)	Waiz Hosen	(3) Ghulam Akbar
Quarter Mile	(1)	Ghulam Akbar Waiz Husin-dead heat			(3) Syed Mehdi.

Deccan in the short period of 30 years. Well, Budayun also was attacked by that famous warrior king, Alauddin Khilji. After a short stay at Budayun, Alauddin left for Delhi. He gave orders to the Subha of Budayun, whom he left behind, to have some repairs carried out in the mosque, which had previously been the ancient temple of the Hindus. This mosque is a big one, very spacious and it contains the tombs of two famous men. One was Alauddin Seyed, of the Seyed Dynasty of the Afghan Rulers of India who chose Budayun as his place of retirement after he had been pensioned by Bahlol Lodhi, who was a governor of the provinces east of Delhi, and who subsequently usurped the place of the Seyeds. The other is Ildos, the governor of Ghazni, who died at Budayun while on a pilgrimage.

IV.—In the Moghul period Budayun was, as we learn from the historians of this city, given to Nurjahan's brother by Jahangir. But, in this period, Budayun is only known for the great men that it produced. One of them is the famous Mulla Abdul Qadir, the historian, who, as has been justly remarked by several authorities, was known for impartiality and accurate sifting of facts. He wrote the "Muntakhib-ul-Tarikh," a work dealing with the Moghul period. Mulla Abdul Qadir was the only man out of a host of court flatterers, who refused to sign the paper declaring Akbar's right to be the Prophet of God. Instead of signing his name, he wrote over hemstich in Persian, namely, حیف کہ در دین نبی رخنہ کرے پیدا شد meaning "Alas, that a schism-creator is born in the prophet's religion." Akbar was much displeased; the mulla left the court, took refuge in his native city of Budayun. Akbar sent his soldiers to arrest him. People would not open their doors to the mulla, for fear of incurring the king's wrath,—only the Seyeds of Budayun gave him shelter. The Seyeds were put to death, Mulla Abdul Qadir fled to Persia, the soldiers were only able to arrest his wife and children. They took them before Akbar but he pardoned them and after a short he allowed even the mulla to come back to India. He died shortly after his return. Such small incidents remind us that even a high-minded king, like Akbar was not free from something of a zealot's bigotry. Mention might be made here of two other men, the mullas Jamal and Kamal, the two famous Qazis in Aurangzeb's time. Budayun has not been wanting in poets also—the most famous of the whole number being Nawab Zahurullah Khan Nawa whose poetic name was Tooti-i-Hind. His works have been lost. But that which the orthodox Mohammedans care

was promised in a dream that he would be a king one day—I mean, Subukatgin. We also know the name of Jaipal who was the Raja of Lahore. It is not generally known that India was at that time divided into many states. Some states were as big as a modern province of India and the Rajas of these states, though not very friendly with each other during the internal wars, could yet combine in a common cause against a foreign foe. Of the many allies of Jaipal at the time when Subukutgin invaded the Punjab, one was the Raja of Budayun. The part that Budayun played does not end here. I have related the above in order to prepare you for what happened to Budayun afterwards. After the lapse of a few years when Jaipal had bound himself by an agreement to pay so much to the treasury of Ghazni, as tribute and to be always a firm and faithful ally of Subukutgin, Subukutgin sent some ambassadors to Lahore to enquire of Jaipal why he had not been regular in the sending of the tribute. Jaipal took these men prisoners and for greater security, sent them to the Raja of Budayun. This roused the anger of Subukutgin who sent his Chief Commander of the Forces, namely, Masud Salar-i-Gazi to punish Jaipal for his treachery. Musud over-ran the Punjab, crossed the Jumna and attacked Budayun. It is said that the general destroyed everything before him with fire and sword, was merciless, wherever he went but it may be mentioned here that one of the ambassadors had been a tutor of Masud in his younger days and when he came to know that the Raja of Budayun had the ambassabors put to death, he was still more cruel and relentless. He stormed the fort, massacred the inhabitants, looted the city, put the Raja to death with his own hands and having laid the city in ruins, returned to Ghazni. The site of this battle is still distinguishable by the ruins outside the walls of the city and by the graveyard which covers an area of two square miles. Some of the graves are very long and the popular legend about these is that they belong to men of gigantic stature, who at one time, during the days of the good old pious Brahmins, had defiled the sacred territory.

III.—Nothing is known of Budayun after this until we come to the Khilji Dynasty of Turkish descent, that ruled the provinces around Delhi, for a period of 30 years from 1290—1320 A. D. Very little is known of this dynasty though, judging from the part that this dynasty has played in the History of India, we should have expected greater attention paid to the kings who conquered the whole of

thought so myself. But I am inclined to think that our descendants will have the same feelings with regard to this present period and will perhaps envy us the stirring times in which we lived.

I am etc.,

G. P. GOODALL.

Papers of the Historical Society.

BUDAYUN.

I.—It might seem strange that a man from the very North of India should write about a city which he has not even seen and perhaps it might kindle a smile on your faces that of all the cities, I should have chosen Budayun for the subject of this paper. I shall feel amply rewarded if I in this paper am able to bring your attention to this much neglected city, which though it has not figured so prominently in the history of India, has still some claim on our attention. Budayun lies in the Rohilkhund Division of the United Provinces of Agra and Oudh. It is now a collectorate, with a population as large as that of Aligarh. It is a very old city. The scanty information that we have about it, does not help us very much in fixing the date of its foundation. There is no doubt that it was founded by the Hindus when they crossed the river Sarsawati and conquered the fertile plains, watered by the Ganges and the Jumna. We are sure also that Budayun was held as sacred as Benares by the Hindus. The "Budayan" is a corruption of the words "Ved-Maho," meaning, the Home of the Vedas. It is clear from this fact that Budayun has been at one time a seat of learning and though there are no records of its later history until we come to the Mohammadan Period, we can, with safety say that it attracted men from far and near to its schools where the sacred Vedas were taught. Beyond a temple which was converted into a mosque by Shams-ud-Din Altamash, and an ancient fort which has been built, destroyed and rebuilt several times, there is nothing more of the Hindu Period worthy of our attention.

II.—The first appearance of Budayun was at the time when the Mohammadan invasions began through the Khyber Pass. We know in history, the name of the soldier who was

in this matter tend much more to alienate the members of the party that has now been defeated. Of course I do not forget that in Germany there is nothing like so clear a division into two great parties as in England, and this may modify the Emperor's difficulties in the future, giving him the opportunity of a greater number of political alliances and the chance of more effectively playing off one party against the other. But the general principle is sure to operate to some extent, and the more the Emperor joins himself to political parties the less will be his influeuce with the nation as a whole. The comparison in this respect between Germany and the United Kingdom presented itself to all of us when we read the Emperor's speech. Here the King never shows any political bias to one party or the other. He is above all party controversies and divisions and both parties are alike in turn his loyal ministers. And this is surely a much stronger position for a Sovereign and a much sounder and more durable constitution for a country than what we have recently seen in Germany.

In the Transvaal we are certainly face to face with a remarkable position. Within a few years after the conclusion of a long and bitter war we have established representative Government in the country which was the seat of the war and one of the Generals who opposed us most strenuously is now the first Prime Minister of the new Government. What we must hope for is clearly this :—that the war shall be forgotten, its bitter memories buried in the past ; that all people in the new colony shall regard themselves as fellow-citizens of a common country, and that such country shall be governed with one sole object, the happiness and prosperity of its inhabitants, for this is the only legitimate object of any government.

I have referred to the new Russian Duma but its composition and future are still too unknown and too uncertain to justify any comments. Great forces are in operation in Russia as in so many other parts of the world. No one can complain that this is a dull or humdrum age, either in the sphere of action or of thought, though only the historian living in some future time will be able to see the real and full significance of what is now happening. We often think or feel in reading past history that such and such an age was the great age of new movements, of active impulses and fresh feelings among mankind. I have, at any rate, often

months ago I think I should say "Elections." During the corresponding period of last year the same subject was of course also paramount as we had our own Parliamentary General Election. But this year I am referring to four different elections—those for the London County Council—for the German Reichstag, for the Transvaal Lower House, and for the Russian Duma. The results of each of these elections have been awaited and received with great interest in this country. In London the contest was on the whole a plain one between two parties. Under the party which had a majority in the last Council the rates had steadily increased. This was made the great battle-cry against them and there is no doubt that it was t h i s which principally contributed to their defeat. Whether or not the new Council, in which the opposite party now has a majority, will effect any decrease in the rates remains to be seen. It is doubtful, just as it is doubtful whether the defeated party are to blame for the increase there has been. The change is another illustration of what we call the "swing of the pendulum"—the constant transfer of the confidence of the English electorate from one party to another and back again, sometimes, so far as one can judge solely on the principle (a characteristically English principle) of giving each side a turn. This "swing of the pendulum" certainly has its advantages, for it secures a frequent change of personnel in administrative work and affords a safeguard against any one particular method becoming stereotyped and incapable of adaptation as new needs or fresh circumstances arise. It does n o t follow that each change of method introduced is an improvement upon the previous one, but at any rate many methods are tried, and on the whole we are entitled to hope that the best ones will, by their own merits, survive.

The German Elections have been watched closely in this country. I will only refer to one point upon which it is instructive from a constitutional point of view to make a comparison between Germany and ourselves, I mean the attitude of the German Emperor. When the results of the elections were known, the Emperor made a speech in which he rejoiced at the victories of one party and referred to the defeated party as the opponents of himself and the country. Now if we may expect the "swing of the pendulum" to operate in Germany as here—and it seems to me that we may—what will be the position of the German Emperor after the next General Election if his so-called opponents happen to win a majority of the seats? And will not his attitude

The College buildings are progressing steadily. The new house for the School is near completion now and materials are being collected on the sites of the Prince of Wales' Science School and the new permanent School (in the Cadell Bagh).

No response whatever seems to have been made to the offer of a prize of Rupees fifteen for the best essay on a set subject. This is unfortunate. The Magazine suffers very greatly from the lack of literary support, at any rate so far as the English portion is concerned. The reason for the late publication of the last and the present issues is simply this, viz., that there has been immense difficulty in collecting enough matter wherewith to go to press. We make another appeal for help to all who are interested in the welfare of College institutions. Articles of literary, historical and of general Mohammedan interest will always be welcomed.

The Riding School had a Tent Pegging Competition which concluded on Sunday, March 31st. Aminullah was the winner. Only members of the Riding School were eligible. The next competition will be open to all members of the College and School.

It is with great pleasure that we announce the withdrawal of the Nawab Mohsin-ul-Mulk's resignation of the Honorary Secretaryship of the Trustees. At this particular time the experience of the Nawab Sahib will be invaluable and it would have been a great blow to the College if it had been deprived of his services. Similarly we cannot well afford to lose the zealous work of Aftab Ahmad Khan Esq., the Honorary Secretary of the Building Committee. He too has withdrawn his resigation. We hope that both of these zealous officers will have even more prosperous periods of office than in the past.

Letters from England—No. 8.

March 1907.

DEAR MR. EDITOR,

If I were asked to state in one word what had roused the greatest interest in England since I last wrote to you two

Staff Club gave a Garden Party "to meet the Old Boys." Saturday was, however, the great day. After lengthy meetings, there was a Garden Party in the Sir Syed Court, given by the present boys to the Old Boys.

The Annual Dinner took place in the evening in the Strachey Hall. It was attended by several Trustees, most of the Staff, about sixty Old Boys, and six hundred members of the College and School. The memorable part of the dinner was the speeches. Mr. Ehsan-ul-Haq and Mr. Ali Imam made most stirring appeals to the students, on whose behalf Abdur Rahman B. A. replied.

On Sunday, March 31st, there was a breakfast given by the present members of the College to the Old Boys. Again several excellent speeches were made, Mr. Ali Imam being even more effective than on the previous evening. Mr. Ghulam-us-Saqlain also spoke very well on the ideals of Sir Syed, and Mr. Mohammad Ali recited with great feeling a poem he had composed for the occasion.

Those of the Old Boys who spoke, and Mr. Ali Imam, laid great stress on the need there was for more frequent visits to the College on the part of the Trustees and the Old Boys. On the whole there can be no doubt that the Old Boys Association has done very good work in rallying so strongly to the support of the College and our most sincere thanks are due to those who worked so willingly and well on this occasion.

The Athletic Sports for the College had to be postponed on account of the closing. It is proposed to hold them in November next. The School Sports were held on Monday and Tuesday, March 18th and 19th. A short account of them will be found elsewhere in this number.

The League Matches both in Football and Hockey will be in full swing by the time this appears in print. There seems every chance of a really keen competition this year as the teams are very evenly matched.

Syed Mustapha Hosain Rizvi B. A. has been made a probationary Deputy Collector and has been posted to the Agra District.

The Aligarh Monthly

April, 1907.

College Notes.

The College re-opened on March 20th and nearly all the first and third year students rejoined. The second and fourth years were mostly absent owing to the near approach of their examinations. Since that time, however, a very fair number have rejoined, as the examinations have been postponed. The postponements are as follows; the Entrance and Intermediate examinations will begin on May 13th and that for the B. A. on August 5th.

The commission of enquiry into the recent disturbances finished its work on March 25th and their report has been submitted to the proper authorities. It is not yet known whether it is to be published or not.

On Thursday, March 28th, Sir Syed's Day, was celebrated in the usual way, a meeting being held in the Strachey Hall in the morning. Mr. Archbold, Aftab Ahmad Khan Esq., Dr. Ziauddin Ahmad and Maulvi Abdullah were the speakers. Later in the day sweets and alms were distributed to the poor in memory of the Founder.

Friday, March 29th, was Good Friday and on that day the old boys began to assemble for the Annual Meetings of the Old Boys' Association. The members of the

CHECKED. 1951

علیگڈھ منتھلی

جلد ۴ | مئی سنہ ۱۹۰۶ عیسوی | نمبر ۵

پہلے اور آج کل کے نیک کام

زمانہ ہمیشہ سے بدلتا رہا ہی اور بدلتا رہیگا اور اسکا بدلتا رہنا ہی اچھا ہی۔ مگر جدید تعلیم کے اثر سے جو انقلاب ہندوستان میں ہو رہا ہی وہ نئی قسم کا انقلاب ہی۔ دوسرے ملکوں کی طرز معاشرت۔ خیالات رسم و رواج و دیگر حالات دیکھنے اور کتابوں اور اخباروں میں پڑھنے سے ہمارے دلوں میں طرح طرح کے ولولے پیدا ہوتے جاتے ہیں اور نئے ولولوں اور نئی امنگوں کے ساتھ ہمارے بھلے اور برے کاموں کا معیار بھی بدلتا جاتا ہی۔ فاضل ہربرٹ اسپنسر کے اس مقولہ کا پہلا حصہ کہ "ایک غلطی سے نجات پاکر لوگ عموماً دوسری متضاد غلطی میں مبتلا ہو جاتے ہیں جس سے وہ آگے چلکر نکلجاتے ہیں"۔ ہماری حالت پر پوری طرح صادق آتا ہی۔ علم کی روشنی کے اثر سے ہم بہت سی مضر باتوں کو چھوڑتے جاتے ہیں اور اچھی باتیں اختیار کرتے جاتے ہیں اور اسی کے ساتھ اپنی بہت سی پہلی باتیں چھوڑتے اور دوسروں کی بری باتیں اختیار کرتے جاتے ہیں اور ایسا کرنے پر ہم مجبور ہیں اسلیئے کہ نئے علم کی روشنی نے ہماری آنکھوں میں چکاچوند پیدا کردی ہی اور فی الحال ہماری قوت امتیازی پوری طرح کام نہیں دیتی۔ اگرچہ یہ یقینی امر ہی کہ اس انقلاب میں ہمارا ہر قدم فی الجملہ بھلائی کی طرف بڑھ رہا ہی تاہم یہ اندازہ کرنا دشوار ہی

خالی نہیں کہ اس کشمکش میں ہمارے بھلے کاموں کا معیار رفتہ رفتہ کس طرح بدلتا جاتا ہی۔ کتنے بھلے کام ایسے ہیں جن کی جگہ دوسرے اچھے کام قائم ہو گئے ہیں کتنے ایسے ہیں جو بالکل متروک ہو گئے ہیں اور کتنے ایسے ہیں جو پہلے نہ تھے اور اب رائج ہو گئے ہیں۔ ذیل میں چند کام درج کیے جاتے ہیں جو پہلے زمانہ میں اچھے سمجھے جاتے تھے۔

(۱) ذوی القربیٰ۔ یتیموں۔ مسکینوں۔ مسافروں۔ سائلوں اور غلاموں وغیرہ کی مدد کرنا۔

ذاتی اخراجات اور نمود و نمایش کے سامان اسقدر بڑھ گئے ہیں کہ خاص اولاد کی تعلیم مشکل ہو سکتی ہی۔ اسلیے عزیز و اقربا کے اخراجات برداشت کرنے کا دستور بہت کم ہوتا جاتا ہی

یتیموں کے لیے صرف یتیم خانوں میں دیا جاتا ہی جن کی تعداد بہت کم ہی۔

مسکینوں مسافروں۔ سائلوں وغیرہ کو بلا امتیاز ضرورتمندی و غیر ضرورت مندی کے دیا جاتا تھا۔ اس میں اصلاح کی کوشش ہو رہی ہی۔ بہرحال اس قسم کی خیرات بھی بند ہوتی جاتی ہی اور جب تک کہ محتاج خانے جن میں تعلیم یافتہ لوگ اطمینان کے ساتھ دیسکیں قائم نہونگے اس خیرات کا زیادہ رواج نہوگا۔

(۲) پل و مسجد و چاہ و مہمانسرائے بنانا۔

پل گورنمنٹ اس کثرت سے بناتی ہی کہ پبلک کو اس طرف توجہ کرنے کی ضرورت نہیں ہوتی مسجدیں مسلمانوں کی آبادیوں میں حسب ضرورت موجود ہیں اور اگر ضرورت ہوتی ہی تو کم حیثیت اور کم تعلیم یافتہ مسلمان بنوا دیتے ہیں۔ اسلیے تعلیم یافتہ مسلمانوں کو اسطرف توجہ کی ضرورت نہیں ہوتی چاہ اور مہمانسرائے بنانے کا رواج بھی اب نسبتاً کم ہوتا جاتا ہی۔

(۳) مطب کرنا اور دوائیں تقسیم کرنا۔

پہلے زمانہ میں اکثر خوشحال اور با اثر لوگ بغیر کسی معاوضہ کے غربا کا علاج نیک کام سمجھ کر کرتے تھے اور باوجود دیگر ضروری مشاغل کے دن کے چند گھنٹے مطب کے لیے مخصوص کر دیتے تھے۔ اسکے علاوہ کثرت دواؤں کا ذخیرہ تقسیم کے لیے رکھتے تھے اور بعض لوگ زیادہ قیمتی



جلد (۵) | جون ۱۹۰۷ء | نمبر (۶)

تجرّد اور ازدواج

نمبر (۲)

ہمنے اپنے مضمون مندرجہ عنوان میں جو اپریل ۱۹۰۷ء کے علی گڈھ میگزین میں شائع ہو چکا ہے، یہ بیان کیا تھا کہ آجکل کی نئی روشنی کے تعلیم یافتہ نوجوان عموماً دو وجوہ سے تجرّد کو ازدواج پر ترجیح دیتے ہیں، یعنی بعض تو آمدنی کی کمی کا عذر پیش کرتے ہیں اور بعض ہم مذاق بیوی کے نہ ملنے کا۔ ہم بخوفِ طوالت اُن پر کافی بحث نہ کر سکے، مضمون کے شائع ہونیکے بعد ایک صاحب نے پٹنے سے بذریعہ خط مہربانی فرما کر ہمکو مضمون کے اِس پہلو پر روشنی ڈالنے اور اِس کمی کو پورا کرنے کی طرف توجہ دلائی ہے۔ ہم اُن کی اِس یاددہانی

کا شکریہ ادا کرتے ہیں۔ اور اس نمبر میں شادی نہ کرنے کے اُن دونوں اہم عذرات پر بحث کرنے کی کوشش کرینگے۔

آمدنی کی کمی کی وجہ سے شادی سے اجتناب

"میری آمدنی میں اتنی گنجایش کہاں، جس سے میں بیوی بچوں کی پرورش کا بار اُٹھا سکوں"، یہ شادی نہ کرنے کا ایک عام عذر ہے، جسکو آجکل کے نوجوان پیش کرتے ہیں، لیکن جب اِس امر پر غور کیا جاتا ہے تو یہ عذر اکثر بے بنیاد ثابت ہوتا ہے۔ کیونکہ جو لوگ شادی سے اجتناب کرتے ہیں۔ وہ اپنی آمدنی کا صحیح اندازہ نہیں کر سکتے، اور اسلئے گو اُن کی آمدنی کتنی ہی زیادہ کیوں نہو وہ اپنے آپ کو شادی کے قابل نہیں خیال کرتے۔ علاوہ اسکے مجرد اپنی اکیلی ذات پر بہت زیادہ خرچ کرتا ہے، اور جب متاہل ہو جاتا ہے تو اُسی آمدنی میں کئی نفوس کی پرورش ہو جاتی ہے، اور پہلے سے زیادہ خوش بھی رہتا ہے۔

ہمکو افسوس ہے کہ ہماری سوسائٹی میں ایسی فضول خرچی بڑھتی جاتی ہے، جس سے خوشی میں تو کوئی اضافہ نہیں ہوتا مگر جیب ہلکی ہو جاتی ہے، اس میں شک نہیں کہ اکثر مثالیں ایسی بھی موجود ہیں جہاں آمدنی کی کمی کی وجہ سے انسان شادی اور اُس کے متعاقب لوازمات کے بار کا متحمل نہیں ہو سکتا۔ لیکن اسکے ساتھ ہی قدرۃً یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ کسقدر آمدنی ہو تو ایک انسان شادی کر سکتا ہے؟ مگر اسکا اندازہ کرنا بہت مشکل ہے، کیونکہ آمدنی ایک اعتباری شے ہے ایک شخص کی آمدنی سو روپے ماہوار ہے اور وہ اُسے کم سمجھتا ہے، مگر دوسرا پچاس روپے ماہانہ آمدنی ہی کو بہت خیال کرتا ہے۔ ہر شخص کی حیثیت مختلف اور حالات مختلف ہیں، اسلئے کبھی ہمیں دوسروں کی ریس نہیں کرنی چاہیے، بلکہ ہمکو بجائے خود یہ دیکھنا چاہیے کہ ہم خوشی اور سادگی سے اپنی زندگی کسقدر آمدنی میں بسر کر سکتے ہیں۔ اگر یہ معیار پیش نظر رکھا جائے تو انسان تجرد کے اکثر مادی اور اخلاقی مصائب سے نجات پا سکتا ہے۔ تاریخ کے

دیکھنے سے بہت سی مثالیں ایسی ملتی ہیں جسمیں مرد کو اکثر بی بی کی بدولت دنیوی شہرت حاصل ہوئی ہے، اور دینی امور میں بھی عورتوں نے اپنے شوہروں کو بڑی مدد دی ہے۔

فیریڈے (Faraday) کہتا ہے کہ:-

"مجکو شادی کے بعد جسقدر عیش و آرام اپنی بی بی کی ذات سے نصیب ہوا، اور دنیوی کامیابیوں میں جسقدر میری بی بی نے مجکو مدد دی، کسی دوسری طرح پر اُسکا حاصل ہونا بہت مشکل ہے۔"

مصنف ہاؤ ٹو بی ہیپی وِد میرِیڈ {How to be happy though married}

ایک واقعہ لکھتا ہے کہ:-

"جب لارڈ ایلڈن کا تقرر خدمت لارڈ چانسلری پر ہوا تو بادشاہ نے اُسکو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ تم میری جانب سے اپنی بی بی کا شکریہ ادا کرو۔ لارڈ موصوف نے اِس عنایت و نوازش کے جواب میں کہا کہ حضور اس خصوصیت سے جو میری بی بی کا شکریہ ادا فرماتے ہیں، میں اُسکا مطلب نہیں سمجھا۔ بادشاہ نے جواب دیا میں ہی خوب جانتا ہوں کہ مجھے تمھاری بی بی کا کسقدر ممنون ہونا چاہیئے، کیونکہ تم اپنے آپ کو انگلستان کے کسی قصبے کا پادری بنانا چاہتے تھے، لیکن تمھاری بی بی ہی نے تم کو میر الارڈ چانسلر بنایا۔"

مولوی اسلم صاحب جیراجپوری اپنی کتاب "البیت" میں لکھتے ہیں:-

"آنحضرتؐ فرمایا کرتے تھے کہ میں جب کفار سے کوئی بات سُنتا تھا اور وہ مجکو ناگوار معلوم ہوتی تھی تو خدیجہؓ سے کہتا تھا وہ اِسطرح سمجھاتی تھیں کہ اُس سے میرے دل کو تسکین ہو جاتی تھی اور کوئی رنج مجکو نہیں ہوتا تھا کہ خدیجہؓ کی باتوں سے وہ ہلکا اور آسان نہو جائے۔" اِس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ خدیجہؓ کسقدر ثابت القلب اور مستقل مزاج تھیں کہ جن امور میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایسے اُولوالعزم اور بھاری بھرکم رسول کے پاؤں ڈگمگا جاتے تھے وہ ثابت قدم رہتی تھیں اور آپ کی ٹوٹی ہوئی ہمت

بندھایا کرتی تھیں۔ اسطرح پر وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نہ صرف زندگی کی شریک تھیں بلکہ رسالت کی کامیابی میں بھی ایک قوی اور زبردست بازو تھیں"۔ اکثر اوقات مرد کو بیوی بچوں کیوجہ سے اپنی ترقی کے لئے بڑی کوشش کرنی پڑتی ہے، اور جب کبھی وہ اپنی کوشش میں ناکامیاب ہونے کیوجہ سے مایوس ہوجاتا ہے، تو اُسکی بی بی اور بچے اُسکو مجبور کرتے ہیں کہ وہ اس دنیوی جنگ میں مثل ایک ہیرو کے مقابلہ کرے، اپنے لئے نہیں بلکہ اپنی بی بی اور بچوں کے لئے۔ کرین (Curran) کہتا ہے:۔

"جب میں پہلی مرتبہ عدالت میں تقریر کر رہا تھا اُسوقت اگر مجکو اپنی بی بی اور بچوں کا خیال نہ آتا جنکی پرورش میرے ذمہ تھی تو میں فوراً اُس مقدمہ کو چھوڑ دیتا اور پیشۂ وکالت سے دست بردار ہوجاتا"

کیا متموّل اور کیا کم آمدنی والے دونوں کو چاہئے کہ وہ بیوی کی دولت اور جہیز پر نظر نہ رکھیں بلکہ اُس میں وہ قابلیت تلاش کریں جسکی وجہ سے اپنی آمدنی میں ترقی ہو۔ کیوں کہ قابلیت ہی سب سے بڑی دولت ہے۔ اور وہی غربت کو امارت۔ اور امارت کو غربت کی شکل میں ظاہر کرتی ہے۔ لہذا درحقیقت سلیقہ شعار بیوی کا شوہر دولتمند اور بدسلیقہ بیوی کا شوہر غریب ہے۔ ورنہ اس فیشن ایبل دنیا میں حقیقی غربت و امارت کے حدود قائم کرنا مشکل ہیں۔ بلکہ درحقیقت بیوی کی موجودگی کے بعد ہی کسی کی غربت و امارت کا فیصلہ ہوسکتا ہے اور سلیقہ شعار بیوی کا خوش قسمت شوہر ہی یہ کہہ سکتا ہے کہ "میں اپنی بیوی کی کفایت شعاری اور سلیقہ مندی کی بدولت امیر بن رہا ہوں" اور بے سلیقہ بیوی کا بدقسمت شوہر ہی یہ کہہ سکتا ہے کہ "میں اپنی بیوی کی بدسلیقگی اور فضول خرچی کی بدولت مفلس ہو رہا ہوں"

دنیا میں کوئی انسان خواہ وہ امیر ہو یا غریب، ایسا نہ ملیگا جس کا دل دنیوی تفکرات اور روحانی صدمات سے خالی ہو۔ لیکن جو لوگ متاہل ہیں وہ اپنی بی بی کے پیار اور محبت کی

بدولت بہت کچھ ایثار نج دور کر سکتے ہیں۔ ڈبلیو۔ ایچ۔ ڈیون پورٹ آڈمس W. Devenport Adams اپنی کتاب۔ وُمنس ورک اینڈ ورتھ Women's worth and work میں کہتا ہے کہ۔

"مرد پر بہت سے روحانی اور دلی صدمات پیش آتے رہتے ہیں۔ جو قید خانے کی بلاؤں سے بھی زیادہ ناقابل برداشت ہوتے ہیں، مگر صرف پیاری بیوی کی ہمدردی ہی ایک ایسی چیز ہے جو مرد کو اس حالت میں بہت کچھ مدد دیتی ہے۔ بہت سے واقعات ایسے پیش آتے ہیں کہ مرد اپنی زندگی سے ہاتھ دھو بیٹھتا ہے، اور تفکرات دنیوی سے نجات حاصل کرنے کا خواہاں ہوتا ہے، ایسے نازک وقت میں بھی بی بی کا پیار اور محبت ہی اُسکے حق میں مسیحا کا کام دیتی ہے" علاوہ ان سب خوبیوں کے شادی اکثر مصائب اور آلام و امراض سے بچاتی اور راحت و مسرت کا باعث ہوتی ہے۔ اسلئے اگر ہم اُسکے لئے تھوڑی تکلیف بھی برداشت کرلیں تو کچھ ایسی بڑی بات نہیں۔ علاوہ ازیں بی بی بچوں کے وجود سے انسان میں ایثار کا مادہ پیدا ہوجاتا ہے۔ جو انسانی نیکیوں میں بہت قابل قدر ہے۔ غور کرنے سے معلوم ہوجائیگا کہ شادی نہ کرنے کے لئے جو آمدنی کم سمجھی جاتی ہے وہ اسوجہ سے کم نہیں کہ ہم اس میں زندگی بسر نہیں کر سکتے، بلکہ اسکی وجہ یہ ہے کہ ہم اپنی حالت کا مقابلہ اُن لوگوں سے کرتے ہیں، جو ہم سے زیادہ متموّل ہیں۔ ایسے موقعوں پر ہمیں ہمیشہ اُن لوگوں سے مقابلہ کرنا چاہیئے جو ہم سے متموّل تو کم ہیں مگر ہم سے زیادہ خوشی و خوبی کے ساتھ اپنے بی بی بچوں میں زندگی بسر کرتے ہیں۔ یہ اُصول انسان کو دنیا میں بہت سی تکلیفوں اور غلطیوں سے بچاتا ہے۔

بات یہ ہے کہ انسان ہر طرف دِقتوں اور مصیبتوں میں گھرا ہوا ہے۔ لیکن ہمارا فرض ہے کہ ہم اپنی کوشش اور تدبیر سے اِن دِقتوں کو کم کردیں نہ کہ اپنے اوہام اور خیالات

خام سے اُن کو اور زیادہ مشکل اور ناقابلِ برداشت بنالیں۔ ورنہ زندگی کا بسر کرنا سخت دشوار ہو جائیگا۔

مصنف ہاؤ ٹو بی ہیپی ڈومیریڈ (How to be happy though married) لکھتا ہے کہ:-

"اگرچہ متاہل زندگی بہت سی ذمہ داریوں اور تفکرات سے پُر ہوتی ہے لیکن کیا مجرّد آدمی ان سے بری ہے؟ مجرّد کا نہ تو کوئی ایسا دوست ہوتا ہے جس پر وہ پورا بھروسہ کر سکے، اور نہ اُسکے اخراجات ہی کسیطرح متاہل سے کم ہوتے ہیں اور اسپر بھی اُسکو بہت ہی کم راحت نصیب ہوتی ہے۔ وہ اپنی زندگی سے آپ بھی بہت ہی کم فائدہ اُٹھاتا ہے۔ اور سوسائٹی کو بھی اُس کے وجود سے کوئی مدد نہیں ملتی۔ بقولِ کابٹ (Cobbett)

"یہ بھی کوئی زندگی ہے کہ جب تک تم کسی کے گھر نہ جاؤ یا کسی کو اپنے پاس نہ بلاؤ کوئی بات کرنیوالا نہ ملے۔ تمہارے رنج و راحت کا کوئی شریک اور ساتھی نہ ہو اور اور کوئی تمہارا ایسا دوست نہ ہو جو ہر وقت تمہاری بہتری کا دم بھرتا ہو۔ تم ہی اپنے دُکھ درد کا علاج کرلو تو کرلو لیکن کوئی تمہارا سچا ہمدرد نہ ہو۔"

یہ کوئی نہیں کہہ سکتا کہ ازدواجی زندگی فکر اور تردّد سے مبرا ہے۔ لیکن کیا فکر اور تکلیف زندگی کے ہر حصے کیلئے لازمی نہیں ہے؟ جو شخص دنیوی تکلیفوں سے گھبراتا ہے اُسکو لازم ہے کہ وہ دنیا کو چھوڑ دے۔ ڈاکٹر اسمائلس کا قول ہے کہ۔

"ہر انسان کے لئے یہ بہتر ہے کہ وہ دنیا کے کاروبار کی سختی برداشت کرکے ہوشیار و بیدار ہو جائے۔ بہ نسبت اسکے کہ عیش و بے پروائی کی تاریک حالت میں اپنی زندگی بسر کرے۔ اگر دنیا میں مشکلوں کا وجود نہ ہوتا تو کوششوں کی بھی کوئی ضرورت نہوتی۔ اگر رنج و صعوبت ناپید ہوتی تو تحمل و استقلال بھی معدوم ہو جاتا۔

پس مشکلات و تکلیفات اور صعوبات کی وجہ سے کوئی نقصان اور ضرر نہیں ہوتا۔ بلکہ ان سے اصلاح کی قوت اور نیکیوں کے ذریعے پیدا ہوتے ہیں"

اگر ہم یہ مان بھی لیں کہ متاہل زندگی میں خوشی کم ہے اور رنج زیادہ۔ پھر بھی ازدواج کو تجرد پر ترجیح دینا پڑتا ہے، کیونکہ تجرد کی حالت میں صحبت اور لطفِ زندگی بہت کم نصیب ہوتا ہے۔

ہم مذاق بیوی کا نہ ملنا

ہم مذاق بیوی نہ ملنے کا عذر ایک ایسا عذر ہے کہ جسکو تسلیم کئے بغیر چارہ نہیں۔ اس کی کو پورا کرنے کے ذمہ دار لڑکی کے والدین ہیں، اُن کو چاہیے کہ وہ اپنی لڑکیوں کو زمانے کی رفتار کے موافق تعلیم دیں اور اُن کو اُن کے آیندہ شوہروں کے ہم مذاق بنانے کی کوشش کریں۔ اگرچہ ہندوستان میں تعلیم نسواں کے مسئلے نے اب کچھ کچھ عملی صورت اختیار کرلی ہے۔ لیکن پھر بھی اسکی رفتار بہت دھیمی ہے۔

نئی روشنی کے تعلیم یافتہ نوجوانوں کو اُن کے ہم خیال بیوی نہ ملنے کا ایک یہ سبب بھی ہے کہ لڑکیوں کے والدین قدرتی طور پر اسبات کے خواہشمند ہوتے ہیں کہ اُن کی پیاری لڑکیوں کی آیندہ زندگی راحت و آرام سے بسر ہو۔ اُنھوں نے غلطی سے اس مقصد کے حاصل ہونے کا یہ ذریعہ سمجھا ہے کہ لڑکیوں کو دولتمندوں کے پلّے باندھا جائے، اگرچہ اُن کی تعلیمی اور اخلاقی حالت کیسی ہی ذلیل اور خراب کیوں نہو۔ اسلئے وہ ہمیشہ دولتمند شوہروں کی تلاش میں رہتے ہیں اور اُن کو تعلیم یافتہ شریف نوجوانوں پر محض اُن کی دولت کیوجہ سے ترجیح دیتے ہیں، جس میں بسا اوقات تو اُن کی کوئی نہ کوئی خاندانی اغراض مخفی ہوتی ہیں، اور دوسرے درجے میں اس جاہلانہ خواہش کا پورا ہونا مقصود ہوتا ہے۔ لیکن یہ دقت ہمارے نوجوانوں کے راستے سے صرف اُسیوقت دُور ہوسکتی ہے، جب کہ خود لڑکیوں کے نفوس کو اعلےٰ تعلیم سے منور کیا جائے۔

جس سے وہ اس بات میں تمیز کرسکیں کہ حقیقی مسرت و راحت وہی ہوتی ہے جو علم اور اہلِ علم کی صحبت میں حاصل ہوتی ہے، اگر اسطرح لڑکیوں کا معیارِ مذاق بدل جائے تو پھر تعلیم یافتہ نوجوانوں کو تعلیم یافتہ بیوی کا ملنا کچھ دشوار نہ رہیگا۔ اور تعلیم یافتہ لڑکیوں کی مرضی کے خلاف اُن کے اولیا، اوصیا کو بھی اپنے ذاتی و خاندانی اغراض کے حصول میں اُن کے بھینٹ چڑھانے کی جرأت نہو سکا کریگی۔ اور تجرد کے نقصانات سے ہزاروں تعلیم یافتہ اور ہونہار نوجوانوں کی زندگی معرضِ خطر میں نہ رہیگی۔ اور اُسوقت اُن کی تعلیم سے ملک کو حقیقی فائدہ پہونچیگا۔ کیونکہ اُسیوقت اُن کے دلوں کو حقیقی راحت و سکون ہوگا۔ اور ایک خفیہ فرشتہ ہر وقت اُن کی مدد کو تیار ہوگا۔ لیکن اتنا فرض نوجوان تعلیم یافتوں کا بھی ہے کہ وہ بھی تعلیمِ نسواں کے پھیلانے اور اُسکو وسیع پیمانے پر جاری کرنے اور اُس کے راستے میں سے قوی سے قوی مشکلات کے ہٹانے میں کچھ نہیں بلکہ بہت کچھ حصہ لیں ورنہ لبِ شکایت بند کریں، اور جیسی بھی گھانس پات بیویاں ملیں۔ اُن ہی پر قناعت کریں اور تجرد اختیار کرکے سوسائٹی کی اخلاقی و جسمانی حالت کو صدمہ پہونچانے کے مجرم نہ بنیں۔ اگرچہ اسصورت میں اُن کو بچے پکائے لقموں کے ملنے میں کچھ دیر ضرور لگیگی، لیکن قوم کے حق میں اسکا نتیجہ عمدہ نکلیگا، اور کچھ نوجوانوں کو دورانِ انتظار ہی میں قومی شہادت کا درجہ حاصل ہوگا، لیکن دوسری پشت اُن کی سعی کا پھل کھائیگی۔ اور جو شجرۂ ممنوعہ اُن کے لئے حرام تھا، آئندہ نسلوں کے لئے وہ حلال ہوجائیگا۔

بعض لوگوں کا یہ بھی خیال ہے کہ بدچلن اور عیاش متموّل نوجوان کی حالت بعد شادی کے درست ہوجاتی ہے۔ اگر ایسا ہوتا بھی ہے تو بہت شاذ۔ ورنہ عموماً وہ اپنی دولت کو بدکاری میں لٹاتا رہتا ہے، اور کبھی ایک بی بی پر قناعت نہیں کرتا۔ اور اُسکی قابلیت کی قدر کرتا ہے، بعض لوگ تو یہ غضب کرتے ہیں کہ دولت کی خاطر اپنی لڑکیوں کو مُسن اور مُتاہّل اشخاص کے عقد میں دیدیتے ہیں۔ ہم اپنے بیان کی تائید میں

کئی مثالیں پیش کر سکتے ہیں لیکن ہم اسکی چنداں ضرورت نہیں سمجھتے کیونکہ اس قسم کی ہزاروں نظیریں ہر شخص اپنے گرد و پیش خود دیکھ سکتا ہے۔

ہم یہ نہیں کہتے کہ تمام دولتمند جاہل اور بدچلن ہوتے ہیں، یا تمام تعلیم یافتہ لائق شریف اور نیک ہی ہوتے ہیں۔ اس میں شک نہیں کہ نئی روشنی کے تعلیم یافتوں میں بھی بعض "پڑھے لکھے جاہل" اور بدچلن بھی ہیں، ہمارا مطلب یہ ہے کہ بحیثیت مجموعی ہمیشہ تعلیم یافتہ نیک رویہ اور ہونہار نوجوان کو ترجیح دینا چاہیے۔ اس اصول پر عمل کرنے سے ہماری قوم کی تمدنی حالت بہت جلد درست ہو سکتی ہے۔ ایسی حالت میں بھی ہمارے مجرد دوستوں کو نہیں چاہیے کہ بغیر جستجو اور تلاش کئے ہم مذاق بیوی کے نہ ملنے کا عذر پیش کر دیں، اور ہاتھ پر ہاتھ دھرے بیٹھے رہیں۔ یہ صحیح ہے کہ ہم مذاق بیوی مشکل سے ملتی ہے، مگر یہ نہیں کہ ملتی ہی نہ ہو۔ ایک بیوی ہی پر کیا منحصر ہے، جتنی اچھی اور قابلِ قدر چیزیں ہوتی ہیں وہ سب ہی مشکل سے ملتی ہیں، محنت اور جستجو شرط ہے، صرف اس خیال سے کہ ہم مذاق بیوی کا ملنا دشوار ہے، ہمیں ہمت نہیں ہارنی چاہیے۔ بلکہ یہ اس امر کی دلیل ہے کہ ہمیں معمول سے زیادہ تلاش اور محنت کرنی چاہیے، جب ہم دیکھتے ہیں کہ بہت سے لوگ اپنی بیویوں سے راضی اور خوش رہتے ہیں اور انھیں دل سے چاہتے ہیں تو کوئی وجہ نہیں کہ ہم اس نعمت سے محروم رہیں۔

چونکہ یہ معاملہ ہر ایک شخص کی مختلف حالت اور حیثیت پر موقوف ہے، اس لئے ہم اسپر زیادہ بحث نہیں کر سکتے، اس میں ہر صاحب کو اپنے فہم اور تمیز سے کام لینا چاہیے۔

ترپ بازار۔ جام باغ۔
حیدرآباد دکن۔ جون ۱۹۰۷ء

سید محمد تقی

عربی زبان کی فضیلتیں

عرصہ ہوا ہمارے کالج میں ایک سوسائٹی لجنۃ الادب قائم کیگئی تھی، جس کا مقصد عربی تحریر و تقریر کی مشق بڑھانا تھا۔ ڈاکٹر یوسف ہوروٹیس صاحب پروفیسر عربی نے پھر اُس سوسائٹی کو حال میں زندہ کیا ہے، اُن کی دلچسپی اور عربی کی اعلےٰ قابلیت سے بہت کچھ امید ہے کہ طلبا پر اچھا اثر پڑیگا۔ اور وہ بہت جلد عربی بولنے اور لکھنے لگینگے، یہ بھی ایک اتفاقیہ خوش قسمتی ہے کہ اُسکے آنریری سکریٹری مولوی حافظ محمد اسلم صاحب جیراج پوری ہیں، جو منجملہ اُن لوگوں کے ہیں، جنکی عربی دانی ہندوستان میں نمونتاً پیش کی جاتی ہے اور جو زمانہ حال کے انلائٹنڈ اور روشن خیال علما کیلئے قابل تقلید مثال ہیں۔

اس لجنہ کا پہلا اجلاس ۸۔ جون ۱۹۰۷ء کو ہوا جسمیں مولوی محمد اسلم صاحب آنریری سکریٹری نے بعنوان مندرجۂ بالا پر ایک مضمون پڑھا۔ چونکہ وہ مضمون بعض طلبا کی سمجھ میں نہیں آیا اسلئے اُن سے خواہش کیگئی کہ وہ اُسکا ترجمہ اُردو میں کردیں تاکہ ہر ایک کی سمجھ میں آجائے اور کوئی نفع سے محروم نہ رہے۔ ہم اُمید کرتے ہیں کہ ہمارے تمام ناظرین کیلئے بھی یہ مضمون نہایت دلچسپ ثابت ہوگا۔

اڈیٹر

زبان۔ اُن آوازوں کا نام ہے، جنکے ذریعے سے ہر ایک قوم اپنی اغراض کا اظہار کرتی ہے، اِن آوازوں کی نوعیت اور طرزِ ادا میں ہر قوم اور ہر ملک کے لوگوں میں لہجوں کے بدل جانے سے اِسقدر اختلافات واقع ہوگئے ہیں کہ جنکا شمار کرنا مشکل ہے۔ حال

کے محققین علم اللسان نے فلولوجی کے اصول سے ان تمام زبانوں کو بحیثیت اُن کی تہذیب کے مدارج کے دو قسموں پر تقسیم کیا ہے، مرتقی (شایستہ) اور غیر مرتقی (ناشایستہ)

غیر مرتقی۔ وہ زبانیں ہیں جنمیں الفاظ زیادہ صرف ہوں اور معانی کم ادا ہوں اس قسم کی حبشیوں کی زبان ہے، جو جنوبی افریقہ کے باشندے بولتے ہیں۔ نیز امریکن انڈینز کی زبان بھی ایسی ہی ہے، چین کی زبان بھی اسی طبقے میں ہے۔

غیر مرتقی زبانوں میں خاص صفت یہ ہوتی ہے کہ اُن کے تمام الفاظ جُدا جُدا ہوتے ہیں۔ اور اسم، فعل، اور حرف میں کسی قسم کا فرق نہیں ہوتا۔ اور جبکہ اُسکی طرف دوسرے الفاظ جو بذاتِ خود اپنے معنی پر بالاستقلال دلالت کرتے ہیں، مضاف کر دیے جاتے ہیں تو ایک ہی لفظ کبھی اسم ہوتا ہے، کبھی فعل، کبھی حرف۔

مرتقی زبانیں اپنی وسعت اور اسلوبِ ادا کے تعدد اور انواع تعبیر کے کثیر ہونے کی وجہ سے ممتاز ہوتی ہیں، اور اسمیں تمام اقوام اور ممالکِ متمدنہ کی زبانیں شامل ہیں، اب یہ متمدنہ اقوام کی زبانیں صرف اور اشتقاق کی قابلیت کے لحاظ سے دو قسم پر منقسم ہو جاتی ہیں۔ "منصرفہ" اور "غیر منصرفہ"

غیر منصرفہ کے تحت میں تورانی جسکی ایک شاخ ترکی بھی ہے، نیز تاتاری منغولی وغیرہ زبانیں داخل ہیں۔ غیر منصرفہ زبان کی خصوصیت یہ ہے کہ وہ ایسے جامد اصول سے مرکب ہوتی ہے، جنمیں تغیر قبول کرنے کی قابلیت ہی نہیں ہوتی۔ اُس میں اشتقاق کی صرف یہ صورت ہوتی ہے کہ آخر میں ایسے حروف بڑھا دیے جاتے ہیں، جنکے فی نفسہٖ کوئی معنی نہیں ہوتے۔

منصرفہ زبانیں وہ ہیں، جو اشتقاق اور تغیر قبول کرنیکا مادہ رکھتی ہیں خواہ اُن کے آخر میں کوئی حرف بڑھا دیا جائے، خواہ بیچ میں ڈال دیا جائے، ان منصرفہ زبانوں کی دو نہایت عظیم الشان قسمیں ہیں۔

(۱) آریہ - اسکا دوسرا نام "یافثیہ" بھی ہے یعنی یافث ابن نوحؑ کی طرف منسوب ہے کیونکہ آرین زبان بولنے والے تمام یافث کی اولاد ہیں - اُسکی بھی دو قسمیں ہیں - جنوبی زبانیں، مثلاً فارسی، افغانی، سنسکرت وغیرہ جو جنوبی ایشیا میں بولی جاتی ہیں اور شمالی زبانیں، جسمیں یوروپ کی تمام زبانیں ہیں -

آرین زبانوں کی امتیازی صفت یہ ہے کہ وہ ایسے اصول (اصلی الفاظ) سے بنی ہوں، جنمیں تصریف، اِدراج ہوسکتا ہے، اُنمیں اشتقاق اسطرح پر ہوتا ہے کہ آخر میں ایسے حروف یا الفاظ بڑھا دیے جاتے ہیں جو فی نفسہٖ معنی رکھتے ہیں - مثلاً انگریزی میں اُسکی مثال یہ ہے -

(Thank) شکریہ - (Thankful) شکرگزار -

(unthankful) ناشکرگزار (unthankfulness) ناشکری - ایسا ہی دوسری زبانوں میں بھی ہے -

(۲) سامیہ - اسکو سام بن نوحؑ کی نسبت کی وجہ سے سامیہ کہتے ہیں - اسمیں تین قسم کی زبانیں شامل ہیں -

(۱) آرامیہ - اسکی دو شاخیں کلدانی اور سُریانی ہیں - آرامی بابل کی قدیمی زبان ہے - اور سب سے پہلے دنیا میں یہی زبان علمی زبان تھی - کیونکہ ابتدا میں تمدن کا آغاز بابل ہی سے ہوا ہے - کئی صدی گذرنے کے بعد آرامی زبان اپنے اصلی مرکز سے ہٹ گئی، اُسکے بہت سے الفاظ بدل گئے وہی اُس کی بگڑی ہوئی شکل کلدانی کہی جاتی ہے، اور پھر کئی صدی گذرنے کے بعد کلدانی زبان نے ایک تیسری شکل اختیار کرلی، جو سُریانی کے نام سے موسوم ہوئی -

(۲) عبرانی - اس زبان کی دو شاخیں تھیں فینقیہ فینشیا میں اور قرطجنیہ کارتھیج میں بولی جاتی تھی - اب یہ دونوں زبانیں مُردہ ہیں، آجکل بنی اسرائیل کے بعض لوگ

جو عبرانی بولتے ہیں وہ اصل عبرانی نہیں ہے، بلکہ اُس میں بہت سے الفاظ آرامی (سُریانی، کلدانی) زبان کے ملے ہوئے ہیں، اور یہ اُسوقت ملے تھے جب اہلِ بابل نے انکو اپنے یہاں قید کر رکھا تھا۔

(۳) عربی۔ تمام سامی زبانوں میں یہی زبان سب سے بلند پایہ ہے۔ پہلے یہ جزیرہ نمائے عرب میں محصور تھی، یہانتک کہ اسلام کا ظہور ہوا۔ اُسیوقت سے اِس زبان کی ترقی بھی شروع ہوگئی۔ اور رفتہ رفتہ دنیا کے چاروں کھونٹ میں پھیلگئی۔ اِسلام کے ساتھ ساتھ یہ عالم میں دوڑتی رہی۔ ہندوستان سے مغرب الاقصےٰ اور جبلِ طارق تک اور بحرِ اسود سے بحرِ عرب تک پھیلگئی۔ اِسکے اوپر اللہ نے یہ ایک عظیم الشان احسان اور کردیا کہ اُسمیں قرآن نازل فرمایا، جو اسکے لئے نہ صرف ثبتِ دوامی کا پروانہ ہوا، بلکہ اُسکو تغیّر اور تبدّل سے محفوظ کردیا، اور ہمیشہ قرآن کے ساتھ اِسکی ترقی کا سلسلہ جاری ہوگیا۔

سامی زبانوں کی بڑی صفت یہ ہے کہ وہ زیادہ تر اُن الفاظ سے مرکّب ہوتی ہیں جو سہ حرفی ہوتے ہیں جنمیں اشتقاق ہوتا ہے، یعنی اُن میں کوئی حرف یا لفظ اشتقاق کے لئے بڑھانا نہیں پڑتا، بلکہ حرکات کے تغیّر پر اُنکا دارمدار ہوتا ہے مثلاً عربی میں "قَتَلَ" ہے، جو اپنے معنی مصدری پر دلالت کرتا ہے۔ اب صرف حرکات کے بدلنے سے متعدّد مشتقات اُس سے نکل آئینگے، اِسم بھی، فعل بھی، صفت بھی۔ جیسے قَتَلَ ماضی معروف، قُتِلَ ماضی مجہول۔ قَتْلٌ دشمن جنگ آور قُتُلٌ جمع قاتِلٍ، علیٰ ہذا قُتُلٌ۔ اِنھیں حرکات میں سے کبھی ایک کو کھینچ دیتے ہیں جیسے قَاتَلَ، قَاتِلٌ، قَتِیلٌ۔ مَقْتُوْلٌ، قَتَّالٌ۔ وغیرہ

اِن سامی زبانوں میں بہت سے خاصّے ہیں جنمیں یہ سب مشترک ہیں۔ اور تمام دنیا کی زبانوں سے وہ خاصّے اُن کو ممتاز کرتے ہیں۔ ایک خاصّہ تو یہ ہے کہ اِن میں

چند حروف ایسے ہیں کہ اِنکے سوا کسی دوسری زبان کا آدمی اُن کو اچھی طرح نہیں ادا کر سکتا، مثلاً- ح - ع - ق - ص - ط - وغیرہ-

دوسرا یہ ہے کہ اِن میں مؤنث اور مذکر کی، افعال اور ضمائر میں تمیز ہوتی ہے تیسری بات یہ ہے کہ صرف اِنھیں زبانوں میں ضمیریں فعل، اِسم اور حرف تینوں کے ساتھ مستقل ہوتی ہیں-

اَب اِس بات میں لوگوں نے اختلاف کیا ہے کہ ان سامی زبانوں میں کونسی زبان اصلی ہے، کیونکہ اسمیں کوئی شک نہیں ہے کہ عبرانی، سُریانی، کلدانی، عربی وغیرہ وغیرہ سب ایک ہی جڑ سے پیدا ہوئی ہیں-

قُدماء میں سے بہت سے لوگوں نے یہ کہا کہ اِن سامی زبانوں کی ماں عبرانی زبان ہے متاخرین کہتے ہیں کہ اصل سُریانی ہے اور عبرانی اور عربی اُس کی فرع ہیں- لیکن صحیح رائے یہ ہے اور یہی ہمارا دعوےٰ ہے کہ عربی تمام سامی زبانوں میں اصلی اور قدیم ترین زبان ہے، اگر یہ فرض کر لیا جائے کہ اصلی سامی زبان مٹ گئی تو عربی زبان اُس اصل سے بہ نسبت تمام زبانوں کے زیادہ قریب ہے، اِسکی بہت سی دلیلیں ہیں اُن میں سے چند ہم یہاں پر نقل کرتے ہیں-

(۱) پہلی دلیل یہ ہے کہ عبرانی اور سُریانی زبانوں میں بہت سے الفاظ پائے جاتے ہیں جنکی اصلیت کا پتا نہیں، اور اُن کی حقیقت بالکل مُبہم ہے- لیکن اُنکی اصلیت عربی میں ملتی ہے اِس سے معلوم ہوتا ہے کہ عربی اصل زبان ہے، جس میں اُصول اور فروع دونوں محفوظ ہیں، اور سُریانی اور عبرانی فرع ہیں-

(۲) وہ تمام الفاظ اصلیہ جو عبرانی اور سُریانی میں ہیں، اور جن سے یہ زبانیں بنی ہیں محققین علمائے تحقیق کر لیا ہے کہ سوائے چند کے وہ سب کے سب عربی میں پائے جاتے ہیں، اور عربی میں بہت سے الفاظ اصلیہ ایسے ہیں جنکا پتا نہ عبرانی میں ہے نہ سُریانی میں-

اِس سے صاف اِس امر کا ثبوت ہوتا ہے کہ اہلِ عرب نے جنکا حافظہ تمام دنیا کے نزدیک مسلّم ہی، اصل سامی زبان کو محفوظ رکھا، اور اُسکے تمام اصول اُن کے یہاں برقرار رہے۔ بخلاف اِسکے سُریانیوں اور عبرانیوں نے کچھ لیا اور کچھ چھوڑا اور جو لیا وہ بھی محفوظ نہ رکھ سکے، بلکہ اُسمیں بھی تغیّر و تبدّل کر دیا۔

(۳) تیسری دلیل یہ ہے کہ تمام عربی الفاظ سوائے دو تین کے ایک ہی قانون ایک ہی قیاس کے مطابق گردانے جاتے ہیں، اور قاعدہ جو مقرر ہے وہ کہیں نہیں ٹوٹتا۔ بخلاف اسکے سُریانی اور عبرانی میں شذوذ کثرت سے ہے، اسلئے یہ یقیناً ثابت ہوا کہ عربی زبان اصلی زبان ہے، اُسمیں شروع سے آجتک اُصولاً کوئی تغیّر و تبدّل اہلِ عرب نے نہیں آنے دیا۔

(۴) چوتھی دلیل یہ ہے کہ بعض الفاظ عربی میں ایسے ہیں جنمیں ضاد ہے وہی الفاظ عبرانی میں ہیں اور اُنھوں نے ضاد کو صاد بنا لیا ہے، وہی الفاظ سُریانی میں ہیں اُنھوں نے اُس ضاد کو عین بنا لیا ہے۔ مثلاً عربی میں ہے، ارض، ضاق، قبض، عبرانی میں ہی، ارص، صاق، قبص، سُریانی میں ہی، ارع، عاق، قبع۔ یہ ظاہر ہے کہ یہ الفاظ عربی میں عبرانی اور سُریانی سے نہیں لئے گئے ہیں، کیونکہ اگر عبرانی سے لئے جاتے تو عربی میں خود صاد موجود ہے، اہلِ عرب بھی اُسکو ارص، صاق۔ قبص بولتے۔ ضاد سے بدلنے کی کوئی وجہ نہ تھی۔ علیٰ ہذا سُریانی سے بھی نہیں لئے گئے ہیں کیونکہ عربی میں عین بھی موجود ہے۔ وہ ضاد سے کیوں بدل دیتے۔ آسانی سے ارع۔ عاق۔ قبع۔ پڑھ سکتے تھے، اسلئے یقیناً یہ الفاظ عبرانی اور سُریانی میں عربی سے لئے گئے ہیں، اور چونکہ اُن دونوں زبانوں میں ضاد نہیں ہے اِسلئے عبرانیوں نے ضاد کو صاد سے اور سُریانیوں نے عین سے بدل دیا۔

علامہ **موصلی** نے لکھا ہے کہ تاریخی شہادت **سفرِ ایوب** سے ملتی ہے کہ عربی

بہ نسبت عبرانی کے قدیم ہے کیونکہ عبرانی میں سب سے پہلی کتاب وہی لکھی گئی اور اُس میں ہزاروں عربی لفظ ہیں۔

اِن سب دلائل کے دیکھنے سے اِس امر میں مطلق شُبہہ نہیں رہتا کہ عربی زبان اصل سامی زبان ہے اور یہی عبرانی اور سُریانی کی ماں ہے، اور سب سے قدیم ترین ہے۔ اور اگر یہ فرض کرلیا جائے کہ اصل سامی زبان مٹ گئی تو یہ اس اصلی زبان سے بہ نسبت عبرانی اور سُریانی کے زیادہ تر قریب ہے، یہاں یہ خیال پیدا ہوسکتا ہے کہ عربی زبان بہ نسبت عبرانی وغیرہ کے کیونکر قدیم ہوسکتی ہے، عبرانی میں عربی سے سینکڑوں برس پیشتر کتابیں لکھی جاتی تھیں۔ علیٰ ہذا سُریانی بھی۔ بر شام۔ جزیرہ، عراق، مادی، فارس اور آرمینیہ میں جو سلطنتیں قائم ہوئیں، کئی نسلوں تک اُن کی زبان رہی، اور عربی تو اسلام کے بعد لکھی جانے لگی ہے، یہ کیسے اُن زبانوں سے قدیم ترین ہوسکتی ہے۔

اِسکا جواب یہ ہے کہ اِن سب باتوں سے صرف یہ ثابت ہوتا ہے کہ عربی میں اسلام کے پیشتر کتابیں نہیں لکھی گئیں اور یہ کہ اُسمیں علم نہیں تھا، ورنہ زبانِ عربی عرب برابر ہمیشہ سے اپنے ملک میں بولتے رہے، اشعار کہتے رہے خواہ لکھیں یا نہ لکھیں ہم تو یہ کہتے ہیں کہ عربی، سُریانی، عبرانی۔ سب کی اصل ایک ہی زبان یعنی سامی زبان تھی۔ اِسی زبان میں سُریانیوں اور عبرانیوں (یہودیوں) نے تغیّر اور تحریف پیدا کردیا۔ کیونکہ مدتوں تک وہ بوجہ اُن واقعات اور حادثات کے جو غیر قوموں کی سلطنت سے اُنپر واقع ہوتے رہے، ایک مقام سے دوسرے مقام کو بھاگتے رہے، اور اِن مصائب، تکالیف اور گردشوں کے اثر نے اُن کی اصل زبان کو خراب کردیا۔ اُنھیں زبانوں کا نام سُریانی اور عبرانی رکھا گیا۔ بخلاف اس کے اہل عرب اِن آفات سے ہمیشہ محفوظ رہے، وہ اطمینان کے ساتھ اپنے ملک اور اپنی زبان کی حفاظت کرتے رہے، نہ اُن کے اوپر کسی اجنبی قوم نے حکومت کی

نہ کبھی وہ کسی پر حکومت کرنے گئے اسلئے اصل سامی زبان اُن کے پاس محفوظ رہی۔

ایک صاحب نے یہ اعتراض کیا ہے کہ اہل عرب قحطان یا یقطان کی اولاد ہیں۔ جو عابر یعنی عبرانیوں کے باپ کا بیٹا تھا، اسلئے عربی زبان کا تعلق یقطان کے ساتھ ہی اور عبرانی کا اُسکے باپ عابر کے ساتھ۔ پھر عربی کیونکر قدیم ہوئی۔ اُسکا جواب ہم یہ دیتے ہیں کہ بے شک اہل عرب یقطان کی اولاد سے ہیں، لیکن یہ کہنا کہ یقطان کی زبان عربی تھی اور اُسکے باپ عابر کی زبان عبرانی تھی۔ ایک سخت نادانی ہے۔ یقیناً باپ بیٹے کی ایک زبان تھی۔ اور یہی وہ اصلی زبان ہے جسکو ہم سامی کہتے ہیں، کیونکہ عابر سام کے پوتے کا بیٹا تھا (توراۃ دسواں باب۔ سفر التکوین) لیکن یقطان کی اولاد نے اسکو زیادہ محفوظ رکھا اور دوسری شاخوں نے اُسمیں تغیّر و تبدّل کر دیا۔

ان سب دلائل کے دیکھنے کے بعد ہر شخص یقین کریگا کہ اہل عرب نے اصل سامی زبان کو نہایت محفوظ رکھا، اور نیز یہ کہ عربی زبان اُن اصلی اور اُمّہات لغات میں سے ہے جو ابتدا میں پیدا ہوئی تھیں جیسے یونانی، فارسی، جرمن زبانیں۔

ایک بات یہ بھی خصوصیت کے ساتھ قابل ملاحظہ ہے کہ عربی زبان نے عبرانی اور سُریانی بلکہ تمام سامی زبانوں کو دنیا سے نیست و نابود کر دیا اور اُن کے بجائے خود مستولی ہو گئی۔ بلکہ ایک عجیب بات یہ ہے کہ وہ سُریانی زبان جو مدّتوں تک مختلف سلطنتوں کی زبان رہی ہے اب اُسکا نام تک عربی نے مٹا دیا۔ اور کوئی قوم اور کوئی مقام ایسا باقی نہیں رہا جو سُریانی کے نام سے موسوم ہو۔ اِس زمانے میں سُریانی صرف ایک مشرقی عیسائیوں کے گروہ کا نام ہے نہ کہ کسی قبیلہ یا کسی قوم کا۔ یہ بھی اِس بات کی بڑی دلیل ہے کہ جب عبرانیوں اور سُریانیوں کو عربی زبان ملی جو اُن کی اصلی زبان تھی تو اُنھوں نے اپنی بگڑی ہوئی زبانوں کو چھوڑ دیا اور اُسکو اختیار کر لیا۔

اِن سب باتوں کے علاوہ عربی زبان کی اور بہت سی فضیلتیں ہیں، جنکو تمام

محققین علم اللسان متفق اللفظ ہو کر تسلیم کرتے ہیں۔

(۱) عربی زبان اسقدر وسیع ہے اور اُسکے الفاظ اُصولاً فروعاً اشتقاقاً کثیر التعداد ہیں کہ ہم بلاخوف تردید یہ کہہ سکتے ہیں کہ عربی زبان دنیا کی تمام زبانوں سے وسیع تر ہے کسی زبان میں ایک معنی اِتنے مختلف پیرایوں سے نہیں ادا ہو سکتا جسقدر کہ عربی میں ادا ہو سکتا ہے، انسان اِس زبان کا خواہ کتنا ہی بڑا عالم کیوں نہو مگر یہ ناممکن ہے کہ اُسکے تمام الفاظ کا اُسکو علم ہو۔ اور اُس کی باریکیوں اور دقائق سے کماحقہ واقف ہو۔ بہت سے الفاظ ایسے ہونگے کہ اُن کے لئے اُسکو ڈکشنری کا مطالعہ کرنا پڑیگا۔

(۲) عربی زبان کی ایک دلچسپ خصوصیت یہ بھی ہے کہ وہ تمام دنیا کی زبانوں کی بہ نسبت فطرتی اصول لسانی سے بہت نزدیک تر ہے۔ اُسکی عبارت سلیس اور گفتگو آسان ہوتی ہے اور ایک صحیح خیال کا آدمی باریک سے باریک اور پیچیدہ سے پیچیدہ مطلب کو نہایت صفائی اور خوبی سے عربی میں ادا کر سکتا ہے جسکو طبیعت آسانی سے قبول کر لیتی ہے اور اُسمیں تصنع اور تکلف کی ضرورت نہیں پڑتی۔ اور فطرتی قانون لسانی کی پیروی جس آسانی سے عربی زبان میں ہو سکتی ہے اُس آسانی سے اور کسی زبان میں نہیں ہو سکتی یہ خصوصیت اگرچہ اسمیں بعض اور بھی سامی زبانیں شریک ہیں لیکن یوروپ کی کسی زبان میں بھی پائی نہیں جاتی۔

علامہ شیخ احمد فارس نے اپنی کتاب **منتہی العجب** میں لکھا ہے کہ فرانسیسیوں کی زبان بحیثیت ترکیب اور سلاست کے ابتک بالکل بچپن کی حالت میں ہے، یعنی وہ ایک جملہ کہتے ہیں، پھر دوسرا جملہ بولدیتے ہیں اور حرف عطف یا ربط درمیان میں نہیں لاتے جس سے سلاست بالکل مفقود ہو جاتی ہے، اور کلام میں مناسبت اور ارتباط نہیں رہتا۔ بہت کم ایسا ہوتا ہے کہ اُن کا کلام منظم اور سلسلہ وار ہو۔ اسکی کئی وجہیں ہیں۔ ایک تو یہ کہ وہ سبب اور مسبب میں علاقہ پیدا کرنے کے لئے کوئی حاصل

حرفِ ربط نہیں رکھتے، دوسرے یہ کہ مطابقی معنی میں الفاظ کو کم استعمال کرتے ہیں، کبھی ایسا ہوتا ہے کہ ایک جملے کا حصّہ دوسرے جملے میں داخل کر دیتے ہیں، اور جملے آپس میں پنجہ کشی کرنے لگتے ہیں، کبھی مطلق کو مفید اور مفید کو مطلق بنا دیتے ہیں وغیرہ وغیرہ"۔

(۳) عربی جسطرح بولی اور پڑھی جاتی ہے اُسیطرح لکھی بھی جاتی ہے۔ اگر کوئی شخص اُسکے حروف اور حرکات سے واقف ہے تو وہ نہایت آسانی سے ہر ایک عربی عبارت کو جہاں سے چاہے پڑھ سکتا ہے، اُسکے رسم الخط کے وہی قوانین ہیں جو فطرتاً ہونے چاہئیں۔ اور شاید ہی کہیں اُن کی مخالفت ہوتی ہے۔ بخلاف اِسکے یوروپین زبانوں کو اگر کوئی شخص سیکھنا چاہے تو اُسکو ابتدائی نوشت وخواند سیکھنے کے بعد ایک ایک کلمہ پڑھنا پڑیگا۔ ورنہ خواہ وہ کتنا ہی بڑا عالم کیوں نہو وہ لفظ جو اُسنے کبھی نہیں پڑھا ہے مشکل سے صحیح لکھ یا پڑھ سکیگا، اِس عیب میں فرنچ اور انگلش حد سے زیادہ بدنام ہیں۔ اور باوجود اسکے کہ ترقی علوم وفنون کے لحاظ سے یہ دونوں قومیں آج آسمانِ علم کا تارا بنگئی ہیں، لیکن رسم الخط اِسقدر لغو ہے کہ بچوں کی ایجاد معلوم ہوتی ہے، انگریز اور خاصکر اہلِ امریکا تو اب اِسکی طرف متوجہ بھی ہوئے ہیں، لیکن فرانسیسیوں کو اِسکا کچھ خیال نہیں، اُنھوں نے آئی کیڈیٹ کے قواعد اور قوانینِ معاشرت تو اِس خوبی کیساتھ منضبط کر لئے لیکن تعجب ہے کہ ابتک اُن کو یہ نہ خیال آیا کہ اپنی زبان کے رسم الخط کو ٹھیک کریں۔

علامہ موصلی لکھتا ہے کہ "یوروپین زبانوں کا نقص دیکھو مثلاً ایک لفظ ہے۔ (Chaise) اٹلی کے لوگ اُسکو کوچا پڑھتے ہیں۔ جرمن خئس یا خئسا کہتے ہیں۔ فرنچ اِسکا تلفظ شوس کرتے ہیں، انگریز چوس یا چیوس بولتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ بہت سے عجمی الفاظ مثلاً ہندی، چینی، عربی، وغیرہ جب یوروپین زبانوں میں جاتے

ہیں تو اُن کی ساری ہڈی پسلی ٹوٹ جاتی ہے، اور وہ کچھ کے کچھ ہو جاتے ہیں۔ ہر ایک قوم اور ملک کے باشندے طرح طرح سے اُسکا تلفظ کرتے ہیں اور آخر وہ لفظ اِسقدر خراب ہو جاتا ہے کہ اگر اہل زبان کے سامنے اُسکو پیش کریں جس زبان کا کہ وہ لفظ ہے تو وہ ہرگز اُسکو پہچان نہ سکینگے۔

(۴) جن کلامی ضروریات کا انسان محتاج ہے، عربی زبان اُن سب کے لئے کافی ہے۔ اِسلئے اُسکو کسی امر میں کسی عجمی زبان کے لفظ کی حاجت نہیں ہے۔ اگر اہل عرب اِن چند الفاظ کو بھی جو خواہ مخواہ غیر زبانوں کے عربی میں داخل ہو گئے ہیں نکالنا چاہیں تو آسانی سے نکال سکتے ہیں۔ کیونکہ اسی معنی کے ادا کرنے کیلئے اُن کے یہاں خود الفاظ کا کافی ذخیرہ موجود ہے۔ یہاں پر یہ امر بھی قابل ذکر ہے کہ اہل عرب نے تمام علوم و فنون غیر زبانوں سے اور خاصکر یونانی سے لئے۔ لیکن تمام علمی اصطلاحوں کے لئے انکو خود اپنی زبان سے الفاظ ملگئے۔ منطقی اصطلاحات، تصور۔ تصدیق، جزئی، کلی، خاصّہ، فصل، وغیرہ وغیرہ سب عربی ہیں۔ طبعی اصطلاحات، سعدہ، ہوا۔ برودۃ شخص، غرض اور تمام امراض اور ادویہ کے نام عربی ہیں۔ علیٰ ہذا فلسفہ، طبعیات، معدنیات، فلکیات، غرض تمام علوم کی اصطلاحیں عربی سے ملگئیں۔ اسکے مقابل میں اگر یورپ کی زبانوں میں دیکھو تو وہاں وہی اصل لاطینی اور یونانی زبان کی اصطلاحیں توڑ موڑ کے رکھی ہوئی ہیں۔

(۵) سوائے علوم جدیدہ کے وہ تمام علوم جو آج سے دو یا تین صدی پیشتر تمام دنیا میں رائج تھے، اُن کا زیادہ تر ذخیرہ عربی میں ہے۔ میں مثالاً صرف ایک تاریخ کو پیش کرتا ہوں کہ آج ہمارے پاس عربی میں چودہ سو سے زائد تواریخ کی کتابیں موجود ہیں۔ یورپ میں ابتک مشکل سے سو دو سو کتابوں کا ترجمہ ہوا ہوگا۔ اِسلئے اِن علوم کی جستجو دانی باقی ہے اُسوقت تک دنیا کی کوئی زبان عربی سے دُنیا والوں کو مستغنی نہیں کر سکتی۔

اِسکے ساتھ ہی میں یہ بھی کہتا ہوں کہ عربی ہی قدیم زبانوں میں سے ایک ایسی زبان ہی جو برابر ترقی کرتی چلی جارہی ہے، کسی زمانے میں اِسکی ترقی رُکی نہیں، نئی زبانیں نئے علوم دنیا کی پُرانی زبانوں کو میٹتے چلے جاتے ہیں مگر عربی بڑھتی جاتی ہے اور اُسکے ساتھ یہ بھی خوبی ہے کہ عربی کی اصلی حیثیت میں تغیر تبدّل اور تحریف نہیں ہوتی نہ اُسکے الفاظ خراب کئے جاتے ہیں لیکن یہ احسان قرآن کا ہے، جس نے اُسکی اصلی حالت کو اِسطرح جڑ دیا ہے، جسطرح میخیں لوہے کے تختے کو جڑ دیتی ہیں۔ ذیل میں۔ میں عثمانی رپورٹوں سے نقل کرکے ایک جدول میں اُن لوگوں کے اعداد و شمار درج کرتا ہوں، جو اِسوقت عربی بولتے ہیں۔

ایشیا

ولایت حجاز۔	۳ و ۵۰۰ و ۰۰۰
یمن۔	۲ و ۵۰۰ و ۰۰۰
نجد۔ حضرموت۔ عمّان۔ بحرین وغیرہ۔	۶ و ۰۰۰ و ۰۰۰
ولایت دیار بکر۔	۴ و ۷۱ و ۴۶۲
الموصل۔	۳۰۰ و ۲۸۰
بغداد۔	۸۵۰ و ۰۰۰
ولایت بصرہ۔	۲۰۰ و ۰۰۰
حلب۔	۶۹۴ و ۶۰۴
سیریا۔	۷۰۰ و ۰۰۰
بیروت	۴۰۰ و ۰۰۰
منصرفیۃ القدس۔	۳۳۹ و ۰۰۰
لبنان۔	۲۵۰ و ۰۰۰

افریقہ

مصر۔	۷۰۰۰۰۰۰
سوڈان۔	۱۰۴۰۰۰۰
طرابلس غرب۔	۸۰۰۰۰۰
بنغازی۔	۵۰۰۰۰۰
جزائر الغرب۔	۴۱۲۴۰۰۰
مراکش۔	۵۰۰۰۰۰۰
تونس۔	۱۵۰۰۰۰۰
زنجبار۔	۲۰۰۰۰۰
ٹوٹل۔	۴۶۰۲۹۳۴۶

اِن کے علاوہ اِن ممالک کے پڑوسی اور بہت سے آمد و رفت رکھنے والے لوگ بھی عربی بولتے ہیں، اور یقیناً اِسوقت تمام دنیا میں عربی بولنے والوں کی تعداد پچاس ملین سے کسیطرح کم نہیں ہے۔

اسلم۔ جیراج پوری۔

مدرسۃ العلوم علیگڈھ۔

ہیزلٹ کا خط اپنے لڑکے کے نام

میرے پیارے! تمھارا قیام اب اسکول میں رہیگا اور غالباً تم اُسے دنیا میں داخل ہونیکا پہلا زینہ سمجھوگے، چونکہ میرے قویٰ اب جواب دینے لگے ہیں، اور شاید میری زندگی وفا نکرے اسلئے میری تمنا ہے کہ تمھارے آداب زندگی کے لئے میں چند نصائح بطور وصیت چھوڑ جاؤں، تاکہ وہ تمھارے کام آئیں، اور اس تقریب سے میری یاد تمھارے ذہن میں باقی رہے، اور کچھ نہیں تو میں اپنی غلطیوں سے تمھیں آگاہ کردونگا، تاکہ اُن سے تم حفظ ماتقدم کا کام لو۔

ہم لوگ جب تمھاری نئی جگہ پر گئے، تو تم نے تکرار کے ساتھ حقارت آمیز الفاظ میں کہا کہ "مجھے یقین ہے کہ وہ لوگ بیوقوف اور ناپسندیدہ مردوں میں سے ہیں" لوگ سے مُراد اسکول والوں سے تھی، اسمیں تمھارا سراسر قصور تھا۔ ہر شے سے اچھے توقعات رکھنا نہایت عمدہ اصول ہے۔ میرے پیارے! ہمیشہ ہر امر کو صحیح مانو جبتک تمکو اسکے خلاف کوئی ثبوت نہ ملجائے، اسپر بھی اُن سے آزردہ ہونے کی بجائے اُن کے برداشت کرنے کی کوشش کرو، اگر تم میں اسکی اصلاح کی طاقت نہیں ہے، تم نے کہا "مجھے یقین ہے کہ میں جہاں جارہا ہوں وہ جگہ نہایت ناپسند ثابت ہوگی"۔ یہ غلط تھا۔ دراصل دریں وقت تمھارا مطلب یہ تھا کہ تم گھر چھوڑنا نہیں چاہتے تھے، کیونکہ تم قبل از آزمایش کہہ نہیں سکتے تھے کہ اسکول تمھیں پسند آئیگا یا نہیں ورنہ تمھارا قبل از وقت یہ کہنا کہ ہم اسکو پسند نہیں کرینگے اسبات کا پتہ دیتا تھا کہ تمھارا ارادہ ہی پسند کرنیکا نہیں تھا۔ کبھی بُرائی کی پیشبینی نکرو یا چونکہ تمھارے مزاج کے موافق کوئی چیز نہیں ہوتی ہے اسلئے محض اپنی ضد اور

عداوت سے اُسکو اور بھی ناقابلِ برداشت بنا دو۔

اوائل میں تم اپنے ہم مکتبوں کیطرف کچھ توجہ نہیں کرتے تھے، بلکہ اُن کے خلاف رہتے تھے صرف اسوجہ سے کہ وہ اجنبی تھے، مگر وہ بھی تم سے اتنا ہی ناواقف تھے جتنا تم اُن سے، اور غالباً یہی وجہ اُن کی علٰحدگی کی بھی ہوئی ہوگی، جسکو تمنے ایک مصیبت خیال کیا۔ اسکو خوب ذہن نشین کرلو کہ ہرگز کسی کیطرف سے بُری رائے نہ قائم کرو۔ جب تم اُن کے بارے میں کچھ نہیں جانتے، اُن کو ہرگز بُرا نہ سمجھو جبتک انکا برتاؤ تمھارے ساتھ بُرا نہ ہو۔ پھر بھی اُن کی کمزوریوں کو نظر انداز کرنے کی کوشش کرو۔ اس سے اُن کی مخالفت توڑنے میں وہ مدد ملیگی، جو رنج یا شکوہ و شکایت سے نہیں ملسکتی

میرے خیال میں تم چند لڑکوں کے لباس پر نکتہ چینی کرنے پر آمادہ تھے۔ کسی کو اس بنا پر حقارت کی نظر سے نہ دیکھو۔ کہ فلاں چیز اُسکے مقدور سے باہر ہے۔ اُسکو غربت پر تو ہرگز ہرگز نہیں۔ البتہ میری یہ خواہش ہے کہ تم ظاہری صورت کو دنیا کے طعن و تشنیع سے محفوظ رکھنے کے لئے قائم رکھو مگر تم کو کبھی اُنپر فخر کرنے نہ دونگا، عام تعصبات و توہمات کا تمھیں میں بندہ نہیں ہونے دونگا۔ اس سے اعلیٰ نصیحت تو یہ ہوگی میں یہ کہوں کہ کسی کو حقارت کی نظر سے مت دیکھو، کیونکہ حقارت سے مُراد دوسرے کے نقائص پر تفاخر اور مسرت ہے، اسکے یہ معنی نہیں کہ تم دوسروں کی کمزوریوں اور بدقسمتیوں سے خوش ہو اور اپنے آپ کو مبارکباد دو، دوسروں کی کمتری کا احساس اگر اس میں خود پسندی نہ بھی ملی ہوئی ہو تکلیف دہ ہے، مسرت بخش نہیں۔

تم شکایت کرتے ہو کہ لڑکے تمپر ہنستے ہیں، فقرے چُست کرتے ہیں اور تمھاری پروا نہیں کرتے تمھارے ساتھ گھر کیطرح برتاؤ نہیں کرتے۔ میرے لال! یہی تو سب سے بڑی وجہ تمھارے اسکول بھیجنے کی ہوئی۔ قبل ہی سے اُن لاعلاج دُکھوں اور ناملائم سلوک کا تمھیں عادی بنانا مقصود تھا۔ جو تمھیں دنیا میں نصیب ہونگے۔ تم میرے ساتھ ہمیشہ تو

رہو گے نہیں، اور ہر شخص سے یہ توقع رکھنا کہ وہ میری ہی طرح تمھارا خیال کریگا، بعید از عقل ہے۔ ابتک تم نارت شدہ لڑکوں میں تھے۔ اور ہر کام میں اپنی ہی ہٹ رکھنے کے عادی تھے۔ کیا گھر میں اور کیا ساتھیوں کے ساتھ تمھیں افسر بننے کا از حد شوق تھا لیکن چونکہ تم نیک بخت اور سمجھدار ہو اسلئے اُمید ہے کہ ایک عرصے میں اس کمزوری پر غالب آجاؤ گے۔ تمھارے ساتھ اب ایسے لڑکے ہیں جو تمھاری برابری کے ہیں یا تم سے بڑے اور مضبوط ہیں، جنکو علاوہ تمھارے توہمات اور خیالات کی خاطر داری کے اور کام پر بھی توجہ کرنا ہے، اور تم اُنکی اس حرکت کو نفرت یا ناانصافی پر محمول کرتے ہو، پہلا سبق تمھیں یہ سیکھنا ہے کہ دنیا میں تمھارے جیسے اور لوگ بھی بستے ہیں، جس اسکول میں تم ہو وہاں اور بھی ایسے لڑکے ہیں جنکی تفریحات اور مشاغل (جو کچھ بھی ہوں) اُنکے لئے اتنا ہی قابل لحاظ ہیں، جتنا تمھارے، لہذا انکو بھی اُنکے لئے راہ دینی ہوگی۔ جتنا تم بنو گے اور لڑکوں سے الگ تھلگ رہو گے اُتنا ہی تم تنگ کئے جاؤ گے اور ستائے جاؤ گے۔ سچی ہمدردی ہی تو اصلی ادب اور عقلمندی ہے، پس ہمیشہ اسکو یاد رکھو کہ تم بہت سے میں شخص واحد ہو اور ہرگز تم سوسائٹی میں اپنی جگہ کو نہیں بھول سکتے۔ اپنے اپنے مکان میں تم اپنی مرضی کے مطابق کام کیا کرتے تھے مگر دنیا میں ہر قدم پر ایک رقیب پاؤ گے، تم بادشاہ کی اولاد ہو نہیں کہ لاکھوں کے سیاہ و سفید پر اختیار ہو۔ تم پس اسقدر توقع رکھ سکتے ہو کہ ان لوگوں کے نصیبے کے شریک دار رہو، اور اپنے بھائیوں کو دوستانہ طور سے ملے کرو۔ یہ سب باتیں تم اسکول میں پاتے ہو، میری خواہش یہ ہے کہ جہاں تک جلد ہو سکے اپنی حالت کو سمجھو اور اُسپر قانع رہو۔

میں دیکھتا ہوں کہ تم ہم مکتبوں کا ذکر ایک خاص طریقے سے کرتے ہو۔ [illegible] ایک اشتیاق، وہ جو ہے ایک کرم از ین قبیل۔ گویا ان لوگوں کو تم نے خاصکر اپنی لعنتوں کے لئے منتخب کر لیا ہے۔ یا یہ کہ تم انھیں اپنے لائق نہیں سمجھتے ہو۔ دوسروں کا

ذکر بے عزتی سے کرنا بُری عادت ہے کیونکہ اس سے رفتہ رفتہ تم تنگدلی سے انکو یاد کروگے۔
چند بار اگر خفیف طور سے چھیڑے بھی جاؤ تو مناسب یہ ہے کہ اخلاق، حلم اور نرم دلی سے کام لو، نہ یہ کہ بے صبری اور خفگی سے، دوسروں کے عیوب عموماً ہم لوگوں کی بدمزاجی سے پیدا ہوتے ہیں یا اگر وہ حقیقت میں ہیں تو اُن کی اصلاح ناراضی ظاہر کرنے سے نہیں ہوسکتی۔ اپنے ساتھیوں کے ساتھ ویسا برتاؤ کرو جیسا ہیملیٹ پلونیس کو بازیگروں کے ساتھ سلوک کرنے کی نصیحت کرتا ہے کہ "اُنکے ساتھ اپنے رتبے کے مطابق برتاؤ کرو نہ کہ اُن کی لیاقت کے مطابق"۔ اگر تم اُن کی ذرہ ذرہ سی باتوں پر جو تمھیں ناپسند ہوں آپے سے باہر ہو جاؤ گے، یا یہ خیال کروگے کہ وہ عمداً تمکو تنگ کرنیکے لئے تُلے ہوئے ہیں تو تم اپنے آپ کو اُنکی بدمزاجی، بدخُلقی اور وہم کا نشانہ بنا دوگے۔

قبل از وقت دنیا سے لڑنا مت شروع کرو، کیونکہ دنیا خراب سہی، لیکن عارضی قیام کی اعلےٰ سے اعلےٰ جگہ ہے، اگر ہزار کوئی دنیا کو اعلیٰ تر بنا سکتی تو کب نہ ترقی کے اعلےٰ طبقے پر پہونچ گئی ہوتی، مگر بالفعل اسکی توقع نہیں ہے لاچار ہم لوگوں کو خاموشی کے ساتھ زندگی بسر کرنا ہی ہوگا۔ دنیا کا سب سے بڑا نقص فیاضی کی کمی ہے، اور یہ کمزوری کسی کو ہر لحظہ بدمعاش یا احمق کہنے سے رفع نہیں ہوسکتی۔ یہ خیال کرو کہ اگر بدمعاشوں کی اور احمقوں کی اتنی کثرت نہوتی، جتنی کہ مشاہدے میں آتی ہے تو ایمانداروں کی اور عاقلوں کی نایابی کے باعث جو قدر و قیمت ہے، نہوتی۔ اور فلسفیانہ طریق سے اگر غور کرو تو بالفرض یہ تسلیم کرلیا جائے کہ یہ دنیا بالکل نکمی ہے تو یہ امر قابلِ تاسف ہے نہ وجہِ ملال۔ ہمیں اختیار ہے کہ لوگوں کے دیوانہ پن پر آنسو بہادیں، تمسخر کریں مگر ہمیں کوئی حق نہیں حاصل ہے کہ اپنے لئے یا اُن کیلئے اُنھیں بُرا کہیں، نوعِ انسانی سے نفرت کرنا فطرتِ انسانی کی تحقیر نہیں ہے بلکہ اپنی، یا یوں کہیئے کہ اپنے عیوب کو دوسروں کے

سڑ ڈالنا ہے، بہرحال جو کچھ میں نے اِس موقعہ پر کہا کبھی نہ بھولنا، میں نہیں چاہتا کہ موجودہ خرابیوں کی پردہ پوشی کرنے کی کمینی عادت ڈالو۔ یا بُری سے بُری چیزوں کو سُنکر انجان بنجاؤ۔ میری صرف یہ خواہش ہے کہ عام اور بے دھڑک ہجو کہنے سے کام نہیں نکلتا۔

دوسری طرف وہ لوگ جو خلق اللہ کی نسبت بڑے بڑے منصوبے قائم کرتے ہیں، اکثر اچھی مثال پیش نہیں کرتے، یا اُن کو پستی سے اُٹھانیکی کوشش نہیں کرتے۔ وہ صرف اپنے وہم کی تکمیل کے متمنی ہیں

تمھارے اِسکول کے سبق کے متعلق یہ کہنا ہے کہ تم لاطینی اور فرانسیسی زبان اور علم الرقص سیکھو، (آخری نصیحت ہندوستان کے طالبعلموں پر عائد نہوگی)۔ آخر الذکر نصیحت پر میں زیادہ زور دونگا۔ چونکہ اوّلاً اِسکیطرف لوگ بہت کم توجہ کرتے ہیں دوسرے دنیا میں یہ کامیابی کیلئے سب سے بڑا آلہ ہے۔ اور اِسکا انحصار (علاوہ شکل ظاہری کے جو اختیار کی نہیں ہے) دو چیزوں پر ہے لباس[1] اور طریقہ نشست[2] و برخاست جنکیطرف توجہ کرے تو ہر شخص حاصل کرسکتا ہے، یہ زندگی کے وہ ادنےٰ سکے ہیں، جنکی مانگ ہر گھڑی قائم رہتی ہے، اور شاید سال کے یا زندگی کے ختم پر تمھیں معلوم ہوگا کہ اِن ذری ذری باتوں کیطرف عدم توجہی کرنے کے باعث جو جو دِقتیں اور سرد مہریاں تمکو نصیب ہوئی ہیں اُن کی تلافی ہرگز اُس عزت یا مدح سے نہیں ہوسکتی جو محض تمھاری لیاقت کیوجہ سے ہوئی ہو، جب ہم عمداً اُن چیزوں سے غفلت کرتے ہیں جنکو ہم جانتے ہیں کہ دوسرو نپر عمدہ اثر ڈالینگی تو اس سے مراد یہ ہے کہ ہم اُنکی رائے کا خیال مطلق نہیں کرتے یا اپنے کو اس سے اعلےٰ اور ارفع سمجھتے ہیں جسکا خیال کرنا خالی از الزام نہیں ہے۔

اپنی ذات کی آرایش سے لاپروائی کرنا دوسرو نکی ذلت کرنا ہے یہ اکثر اچھی خصلت کی محتاجی کے باعث ہوتا ہے نہ ناسمجھی کے۔ وہ پرانی مثل کہ "خوش رکھنیکی کوشش کرو اور ہمیشہ تم اِس میں کامیاب رہوگے" کُل معاملات کو روشن کردیتی

ہے۔ آدمی عزم کرے تو بدسلیقگی پر ہر وقت غالب آسکتا ہے، لیکن خوش اسلوب چال کیلئے ابتدا میں عادت ڈالنے کی غرض سے اور بھی اکثر حالات میں رقاص کی تعلیم درکار ہے۔ میں ہرگز تمھیں کسی کے آستانے پر لڑکھڑا کر گرنے نہ دونگا، اگر تم باقاعدہ کسی کمرے میں داخل ہونا نہیں جانتے، کیا معلوم ہے، شاید اُن میں سے کسی کے ساتھ تمھاری آیندہ زندگی گزرنیوالی ہو۔ بدسلیقگی سے بڑھکر کوئی چیز بُرا اثر نہیں ڈالتی۔ جو شخص معمولی آداب جلسہ کے برتنے میں پریشان اور مرعوب ہوجاتا ہے، اُسکے حرکات ایک مجرم کے حمائل ہوتے ہیں یا یہ ظاہر ہوتا ہے کہ وہ اپنے میں کوئی خوبی قابلِ اطمینان نہیں پاتا، برخلاف اس کے راست بازی، آزادی اور خودداری دوسروں کو تمھاری طرف سے مطمئن کردیتی ہے، عورتوں میں ادا ایک حُسن ہے اور مردوں کے دِلوں پر جلد قبضہ کرلیتی ہے اور دیر تک قابو میں رکھتی ہے، یہ خوبیِ نفس کی ایک ظاہری علامت ہے۔ مردوں میں اسکی کمی مرد توں کے دِلوں میں جگہ بنانے میں بڑی سدِّ راہ ہے۔

دوسری بات جسکے خلاف تمھیں ہوشیار کرنا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ کتابوں میں انتہا ڈوبے رہو کہ خم ہوکر دوہرے ہوجاؤ۔ اسکی عادت ہوجانے سے ہرگز چھٹکارہ نہیں ہوسکتا اور یہ عادت سخت مضرت رسان ہوتی ہے، مونڈھوں کی خمی آدمی کو ہر خاص و عام میں بے رُتبہ بنا دیتی ہے، بالفعل تم میں کوئی نقص نہیں ہے، اور تمھاری چال میں آزادی کی جھلک ہے۔ کوئی حرکت ایسی نہ کرو بیٹھو جسکے باعث تمھارے اعضا معطّل اور تمھارے پٹھے کمزور اور بے دم ہوجائیں، تمامی مفاد کی غرض سے تمھاری چال اُسیقدر سیدھی اور مردانہ ہونی چاہیے جتنے تمھارے افعال۔

تم پڑھنے کے حد سے زیادہ شوقین معلوم ہوتے ہو، اس زیادتی سے بچنے کا ایک عمدہ طریقہ یہ ہے کہ کھانے کے وقت اور مجمع میں جب ادنے سے ادنے گفتگو ہوری ہو، مت پڑھو، ایسا بھی نہ ہونے دو کہ کھیل کے گھنٹوں کو اُسکے پیچھے کھو بیٹھو۔ کتابیں تو صرف ایک ذریعہ واقفیت حاصل کرنیکی ہیں۔ دماغ کے اور مسامات کو جسم کی مانند اور

جذبات کے حصول کیلئے چھوڑ دینا چاہیئے، میں بھی تمھاری عمر سے پڑھنے میں بہت غرق ہوگیا، جس سے مجھے ایسا نقصان ہوا جسکی تلافی مشکل سے ہوسکتی ہے، علم کی جو کچھ بھی قیمت ہو، تندرستی اور خوش طبعی کی اُس سے کہیں زیادہ ہے۔

چونکہ تم لاطینی اور فرانسیسی زبان جانتے ہو اور بول سکتے ہو، تمھیں یہ نہیں سمجھنا چاہیئے کہ تم اوروں سے علیحدہ خلقت کے انسان ہو۔ دوسرے لوگ بھی تم سے زیادہ واقف ہیں اور زیادہ کرسکتے ہیں، فرق اتنا ہے کہ تم مطالب کو مختلف الفاظ میں ادا کرسکتے ہو۔ پڑھنے کا بڑا مقصد یہ ہونا چاہیئے کہ وہ تنگدلی اور خودغرضی کیلئے تریاق ہو، اور دماغ کو معمولی توہمات اور تعلقات سے پاک کرکے عام مخلوق پر نظر ڈالنے کے لائق بنادے۔ یہ مت خیال کرو کہ وہ لوگ، جو تمھاری طرح ورجل اور ہومر سے واقف نہیں ہیں اور اس شہرت کو حاصل نہیں کرسکتے، حقیر ہیں، ورنہ تمھاری مثال اُس خدمتگار کی سی ہوگی جو بڑے گھر کا نوکر ہونے کی وجہ سے دوسرے نوکیطرف بنظر حقارت دیکھتا ہے۔ گو تم سیزر و اورلیشن پر کتنا ہی حاوی کیوں نہ ہوجاؤ، اسکو ممکنات سے سمجھو کہ ایک موچی بھی تم سے زیادہ گویا ہوسکتا ہے۔ "لیکن میں عالم ہوں اور وہ نہیں ہے" بہتر صاحب آپکو اُسپر یہ امتیاز حاصل ہے، مگر اس سے یہ کہاں ظاہر ہوتا ہے کہ دوسرے امتیازات بھی آپ ہی کے حصے کے ہوں، اسمیں شک نہیں، تم نے پہلے کی نسبت بہت کچھ ترقی کی ہے، مگر دوسرے بھی تمھاری برابر قدم اُٹھائے چلے جارہے ہیں، شاید تم استفسار کرو کہ پھر اسطرح تکلیف اُٹھانیکا نفع کیا ہے اگر تمکو عوام الناس پر فوقیت حاصل نہوئی۔ اسکا جواب یہ ہے کہ تم نے نکل معلومات کا مزہ خود لوٹا ہے اور علاوہ بریں اگر تم آگے نہ بڑھتے تو اتنک بہت پیچھے چھوٹ جاتے۔

کسی سے مغلوبیت، کسی کی ہمت نہ توڑو، کسی سے اپنے کو برتر نہ سمجھو۔ اُن کے نقائص تمھاری کمزوریوں کو بانٹ نہیں لینگے یا چونکہ تمھیں یقین نہیں ہے کہ کُل فوائد کا اجارہ ملجائیگا، اسلئے اپنی لیاقت میں جلو دینا تضیع اوقات نہ سمجھو۔ یہ ممکن ہے کہ تم اپنے

اُن شناساؤں میں سب سے زیادہ لائق ہو، جو اور باتوں میں، تم سے گوئے سبقت لیجا چکے ہیں، مثلاً- تندرستی میں محنت، مزاج، یا معاملے کی کامیابی میں، یا کسی اور لطیف اور مفید فن میں-

البتہ ایک یقینی کمزوری مدرسے کی نصابی تعلیم میں یہ ہے کہ اس قسم کی تعلیم انسان کو دنیا کے کام کا نہیں رکھتی، خیالی تصویر عملی سے بالکل جُداگانہ ہوتی ہے، ایک وہمی اور مجازی بات و نپر زیادہ توجہ کی عادت دماغ سے جوش اور مستعدی کو زائل کر دیتی ہے- خیالاتِ باطل اور طبعزاد باتوں میں ڈوبے رہنے سے ہلوگ نازک مزاج عیش پسند، مخالفت کے غیر متحمل اور اپنی غربت کو برداشت کرنے کے نالائق بنجاتے ہیں، باریک دلائل پر غور کرنیکے عادی ہونیسے ہم امور دنیاوی پر بطور ایک تماشہ بین کے نظر ڈالتے ہیں اِسلئے کسی قسم کا سرمایہ حوادث سے محفوظ رہنے کے لئے جمع نہیں کر سکتے- کوئی مستعدی یا تدبیر اِس موقع کے لئے ہر معاملے میں ارادہ کرنے سے پہلے سوچنا بھی ضرور ہے کہ اسطرح سوچتے ہی سوچتے وقت گذر جاتا ہے، جبتک ہم لوگ یہ سوچتے رہتے ہیں کہ فلاں مقصد کے حصول کا سب سے اعلےٰ طریقہ کون ہے، ہم دیکھتے ہیں کہ وقت ہاتھ سے نکلگیا یا اغیار نے اُسپر دستبُرد شروع کردی-

تم کیریکٹر کا حد سے زیادہ بلند معیار قائم کروگے تو اسکا نتیجہ یہ ہوگا کہ توقعات کی مایوسی کے بعد معیار حد سے زیادہ گر جائیگی .....

سنجیدگی آداب زندگی کی ایک اعلےٰ جُز ہے اور ہر شخص کیلئے کچھ نہ کچھ ناگزیر ہے بیوقوف بنکر شہرت حاصل نکرو، یا لوگوں کے فقرہ نکا نشانہ بنکر، کسی خاص معیار کے متمنی ہونے کے باعث تم لوگوں پر البتہ یہ ظاہر کروگے کہ تمھارا مذاق اعلےٰ اور سلیم ہے-

دنیا میں ایسے لوگ بھی ہیں، جو بے سوچے سمجھے اپنی خوبیوں کو کھو ڈالتے ہیں اسوجہ سے اُنکا کوئی خیال نہیں کرتا اور ایسے بھی ہیں جو خاموش رہنے کی وجہ سے عاقل

کہلاتے ہیں، ناصح بنکر سمجھاؤ میں گفتگو نکیا کرو بلکہ عام فہم طریقے سے اور آزادی کے ساتھ اُن باتوں کا اظہار کرو جس سے نہ تم کو اور نہ دوسروں کو تکلیف پہونچے، اور کچھ خیالات کو اپنے لئے بھی رکھ چھوڑو، لوگوں کی شکایتیں اُن سے دُہرایا نہ کرو، اگر تمھیں کچھ کہنا نہیں ہے تو مذاق کی باتوں سے لطف تو اُٹھایا کرو، اور عقل کی بات سے اتفاق تو ظاہر کیا کرو ورنہ تمکو گم سُم دیکھکر لوگ تم سے کھنچے کھنچے لگینگے۔ اگر کسی مسئلے سے تمھیں پوری واقفیت ہو تو بھی اُسپر کان دھرو یہ نہیں کہ خواہ مخواہ ہر گھڑی اپنے پسندیدہ خاطر مسئلے کیطرف گفتگو کا رُخ بدلنے کی کوشش کرو۔ اِس طریقے سے ممکن کہ تم گوئے سبقت لیجاؤ گے مگر لوگوں کے دلونپر قابو نہیں کر سکتے۔ مجھے خود اُس مسئلے پر مُنہ کھولتے شرم آتی ہے جسپر میں قلم اُٹھا چکا ہوں۔ اپنی اُپج سے کوئی بیہودہ بات چھیڑکر لوگونکو متحیر کر دینا اور ناسمجھونکو اپنی بڑائی باتوں سے پریشان کر دینا آسان ہے، مگر مشکل تو یہ ہے کہ ہر شخص سے اُس کی سمجھ کے مطابق باری باری گفتگو کی جائے۔ دلائل و بُرہان کے حد سے زیادہ دلدادہ نہ بنجاؤ، ورنہ تمھارے کلام سے چاشنی جاتی رہیگی، اگر تم یوں کہو کہ "فلاں مضمون کے متعلق یہ یہ باتیں میری سمجھ میں آتی ہیں" تو یہ بہتر ہے بہ نسبت اِسکے کہ دوسروں سے خواہ مخواہ کو اپنی۔ اے ہمنوا نیکی کوشش کرو، تم دوسرونکے ساتھ اجمالاً اتفاق ظاہر کرنے سے اِتنا سیکھ سکتے ہو جتنا کہ اُن سے مخالفت کرنیسے نہیں حاصل ہوتا۔ یہ مت سمجھو کہ تم اپنے کو لوگوں سے برتر دِکھلاکر اُنھیں دوست بنالوگے۔ تمھارے اِس خیال کو وہ ہرگز روا نہ رکھینگے، نہ تمھیں معاف کرینگے، جبتک کہ تم اُنسے قطعی طور سے اعلےٰ نہیں ہو۔ اِسپر بھی یہ خفیف الحرکاتی اور بھی قابلِ معافی نہیں رہتی۔

اپنے سے اعلےٰ درجے والوں کی یا بڑے پایہ والوں کی صحبت مت ڈھونڈو اِس حالت میں کبھی سچی ہمدردی پیدا نہیں ہو سکتی، پہلی قسم کے لوگ تمکو اپنے مشاغل کا مُخِل تصوّر کرینگے۔ یہ بھی پسندیدہ امر نہیں ہے کہ کسی مجمع میں تم ذی علم سمجھکر داخل

کیے جاؤ، اُسجگہ ہزاروں نامُلائم نظروں کے نشانہ بنجاؤگے، اگر تم وہاں کچھ نہ بولو اور سادگی سے پیش آؤ تو وہ سمجھینگے کہ تمھاری یہاں کوئی ضرورت نہیں ہے، اگر قصداً تم اپنی خوبیوں کا اظہار کرو تو اسکو شیخی سمجھینگے، اگر تمھاری خواہش ایک معمولی آدمی بنکر رہنے کی ہے تو تمھارے ساتھی تم سے نفرت کرینگے، اگر اُنمیں تم امتیاز حاصل کرو اور ظرافت اور خوش مزاجی کا ثبوت دو تو تم سے جلینگے، غرض تمکو کسی کروٹ چین نہیں ہے۔

ملائم نہیں، بلکہ یہ بُرائی ایسی مصائب پیدا کرنیوالی ہے کہ جسکے مقابلے میں تمام وہ بُرائیاں ہیچ ہیں جو انسان نے اپنی شرارت اور خباثت سے مصائب انگیز پیدا کی ہیں۔ یہ وہ بُرائی ہے، جسکا کوئی علاج نہیں الّا ایک ہی جس سے ابتک چشم پوشی کیگئی ہے۔ لیکن اب ایسا صاف صاف بیان کیا جاتا ہے کہ جو مسٹر ملتھس کے اصول کی بُرائی کو اُسکے مبدء تک پہنچا دیگا کہ تمام قوانین قدرت (لانڈ آف نیچر) خدا کے بنائے ہوئے ہیں وہ جو خیر محض ہے، یہ اُسکی شان سے بعید ہے کہ وہ ایسا شرارت آمود قانون بنائے کہ جس سے انسان کی اولاد تو بڑھے اور اُسکی پرورش کیلئے خوراک کا سامان نہ بڑھے۔ اس قانون سے خدائے تعالےٰ کے اوصاف اور ذات پر الزام عائد ہوتا ہے کہ وہ ایسا بُرا قانونِ فطرت بنائے۔ یہ مسٹر سیڈلر کا اعتراض لچر اور لغو ہے اسلئے کہ اس سے زیادہ کوئی امر متحقق نہیں ہے کہ دنیا میں اخلاقی اور مادّی بُرائی ہے، جیسے خدا کا خیر محض اور نیک ہونا مانا جاتا ہے، ایسا ہی دنیا میں بُرائی کا ہونا مانا جاتا ہے۔ اب مسٹر سیڈلر کا یہ کہنا بے معنی ہے کہ آبادی کی افزایش کی بُرائی کی صورت اور بُرائیوں کی صورتوں سے جو دنیا میں موجود ہیں جُداگانہ ہے۔ یہ بُرائی بڑی ہے اور بُرائیاں چھوٹی ہیں، جب وہ اس بات کے قائل ہیں کہ دنیا میں بُرائیاں ہیں تو پھر ان میں افزایش آبادی کی بُرائی کو بڑا اور اور بُرائیوں کو چھوٹا قرار دینا ایک بے معنی بات ہے جب خدا کے بنائے ہوئے قوانین میں بُرائی موجود ہے تو اُسکے چھوٹے اور بڑے قرار دینے سے خدا تعالیٰ کی شان بری الذمہ نہیں ہوسکتی۔ یہ کہنا کہ وہ قوانین فطرت۔ جو زلزلے، طوفان باد و باراں قحط و وبائیں جنسے بیشمار آدمی ہلاک ہوتے ہیں اور بعض اوقات ملک کے ملک ملیامیٹ ہوجاتے ہیں وہ خدا تعالیٰ کے تازیانے ہیں کہ جنسے انسان کی تعداد باقاعدہ مرتب ہوتی رہتی ہے اور احکم الحاکمین جب انسانوں کی بداعمالیوں کا انبار ہوجاتا ہے تو وہ اپنے قہر کو اُنکی صورت میں نازل کرتا ہے

کہ انسان متنبہہ ہوکر اپنی بدکرداری سے باز رہے، خدا تعالیٰ کی ذات کو الزام سے بری نہیں کرتا، اُصولِ آبادی بالطبع انسان کے لئے بُرائیاں پیدا کرتا ہے جسکا ظاہر میلان و رجحان ہمیشہ اس طرف ہے کہ آدمیوں کی تعداد ایسی زیادہ ہو کہ اُن کی پرورش کے لئے سامانِ خوراک مہیا نہ ہو سکے۔ لیکن کیا یہ قوانین فطرت خدا تعالیٰ کے بنائے ہوئے نہیں ہیں کہ جیسے زلزلہ طوفان بادوباراں خشکسالی قحط جنکے آنے سے بیشمار آدمی ہلاک ہوتے ہیں؟ ان کی نسبت یہ عذرات گھڑنے کہ وہ بعض حصّوں میں واقع ہوتے ہیں اور کبھی کبھی آتے ہیں اِنسے انسان کو بہت فائدے حاصل ہوتے ہیں۔ اگر ملتھس صاحب کے اُصولِ آبادی کیطرح زلزلہ مدامی ہوتا اور زمین ہمیشہ لرزتی رہتی۔ اگر طوفانِ بادوباران ہمیشہ مدامی ہوتے اور آسمان ہمیشہ پتیل کیطرح ہوتا کہ اسپر کبھی ابر قطرہ فشاں نہیں آتا۔ اِن قوانین مستقل کو خدا تعالےٰ کیساتھ منسوب کرنا اسکو بڑا ظالم و ستمگر قرار دینا تھا۔ کبھی ہم اُسکو رحیم و کریم نہیں کہہ سکتے، یہ اُسکی بڑی کریمی اور رحیمی ہے کہ وہ اِن حادثات کو کبھی کبھی بھیجکر ہمکو ہماری بداعمالی سے متنبہہ کرتا رہتا ہے۔ یہ ایک سُعمّا ہے۔ جو کبھی حل نہیں ہو سکتا۔ کہ خدا تعالیٰ تو خیر محض ہو، وہ انسان کو ایسا سرشت بنائے۔ کہ اسکی بداعمالی کے سبب سے اُسکو اپنے قہر کو زلزلوں اور طوفانوں، قحطوں و وباؤں کی صورت میں نازل کرنا پڑے۔ اصل یہ ہے کہ انسان میں خدا تعالےٰ نے کوئی استعداد اور قابلیت ایسی نہیں دی کہ وہ اِس امر کو تحقیق کر سکے کہ دنیا میں بُرائی کہاں سے آئی اور کیوں آئی۔ پس جیسی اور قوانین قدرت میں بُرائیاں ہیں ایسی ہی ملتھس صاحب کے قانون فطرت اصول آبادی میں بُرائی ہے۔ جیسے اور برائیوں کا ہونا قوانین فطرت میں کسی مذہب کے خلاف نہیں ہے اور نہ اُس سے کچھ خدا تعالےٰ کی ذات پر کوئی الزام لگایا جا سکتا ہے ایسے ہی ملتھس صاحب کے اصول کی بُرائی کی نسبت کہا جاتا ہے اِس سے خدا کے خیر محض ہونے پر اعتراض نہیں ہوتا۔

ہم لوگ جب ایسے حادثات ارضی و سماوی رونما ہوتے ہیں تو کہا کرتے ہیں کہ یہ قہر الٰہی ہمارے شامت اعمال کے سبب سے نازل ہوا ہے۔ یہ کہنا خدا کیساتھ بڑی گستاخی اور بے ادبی کرنی ہے کہ وہ خود خیر محض ہو اور انسان کو ایسا بدسرشت پیدا کرے جسکے سبب سے یہ مہلک حوادث پیدا کرنے پڑیں۔

اس تمہید کو یہ نہ سمجھنا کہ موئنجھیں داڑھی سے اور سینگ سر سے بڑھ گئے ہیں، مضمون بھی بڑا ہے جو کئی جزوں میں لکھا جائیگا۔

انڈیا کی افزایش آبادی

نیٹر صاحب۔ لکھتے ہیں کہ انگریزی عملداری سے پیشتر یہاں بادشاہوں اور والیان ملک اور حوالی و موالی کے پاس تو دنیا کا سارا سامان عیش و طرب و آسایش و آرام موجود ہوتا تھا، باقی رعایا پاس فقط وہی چیزیں جو ضروریات زندگی میں داخل ہیں ہوتی تھیں اور اسکے سوا سامان آسایش و آرام نہیں ہوتا تھا۔ آبادی بہت کم تھی۔ وہی زمینیں جو زرخیز ہوتی تھیں کاشت میں آتی تھیں۔ انکا پیداوار اس فراط سے ہوتا تھا کہ سب آدمیوں کا پیٹ بھر جاتا تھا اور بچ رہتا تھا اور اپنی احتیاجوں کے موافق اور اسباب بھی ہوتے تھے، رعایا سب کاشتکار تھی ۱۷۹۰ء میں گورنر جنرل نے اعلان کیا کہ تین برس میں بڑی تدقیق کے ساتھ تحقیق کرنے سے یہ معلوم ہوا کہ تہائی بنگال ویران اور غیر آباد پڑا ہے۔ اس حالت میں اُن ہی زمینوں میں زراعت ہوتی ہے جو سب سے زیادہ زرخیز و سیر حاصل ہیں۔ ان زمینوں کے زمیندار اپنے کاشتکاروں کے ساتھ بڑا نیک سلوک کرتے ہیں، ان میں رقابت ہمیشہ اس بات میں رہتی تھی کہ کاشتکار ہمارے پاس اچھے ہوں۔ اس زمانے کی طرح کاشتکاروں میں رقابت اس بات میں نہ تھی کہ زمین ہم کو ہاتھ لگے۔

پس ایسی حالتوں میں وسائل زندگی آسانی سے حاصل ہوتے تھے، صرف رعیت کی بہبودی و آسودگی کے لئے یہ محافظت کرنی پڑتی تھی کہ وہ لُٹ نہ جاے اور اُسکے سر پر تلوار نہ چل جاے۔ جب برٹش گورنمنٹ قائم ہوئی تو اُسنے رعیت کو لوٹ اور غارت سے اور اُنپر تلوار چلنے سے بچایا اور ان مصیبتوں سے بچانے کے سوا اور اور آفتوں قحط اور وبا سے بھی محفوظ کیا۔ جب مدعی وبائیں یہاں آتی ہیں تو اُن سے لڑنے کے لئے ہندوستانی و انگریزی ڈاکٹروں کا لشکر میدان جنگ میں موجود ہوتا ہے۔ کونین کا انبار لگا ہوتا ہے کہ وہ بخار کو دُور کرے۔ اور رعیت کی رسائی اس تک آسانی سے ہو۔ یہ تو گورنمنٹ کی قدرت سے باہر تھا کہ وہ قحط کا انسداد پوری طرح کرے، مگر اور مزاحمتیں جو افزایش آبادی کے لئے تھیں اُنکا انسداد کیا تو آبادی کی افزایش شروع ہوئی وہ تہائی نہیں بڑھی، بلکہ سہ چند۔ ۱۸۰۰ء میں جو قریب دو کروڑ دس لاکھ آدمیوں کو خوراک دیتا تھا اب وہ ۱۸۸۰ء میں چھ کروڑ تیس لاکھ آدمیوں کو غذا پیٹ بھر کے دینے لگا۔ پس اسلئے برٹش گورنمنٹ میں تنازع فی البقا کا بازار گرم ہوا۔

برٹش اضلاع کو جنکی آبادی ہندوستانی ریاستوں کی آبادی کی نسبتاً فی الحال سہ چند گنجاں تھی۔ اُسکا پیٹ بھرنا پڑا۔ عموماً برٹش انڈیا میں ۲۱۲ آدمیوں کی آبادی فی مربع میل ہے اور اگر صوبجات نو مقبوضۂ برہما اور آسام ملا لئے جائیں تو ۲۴۳ آدمیوں کی آبادی فی مربع میل ہے، ہندوستانی ریاستوں میں ۸۹ آدمیوں کی آبادی فی مربع میل ہے۔ مشرقی سرحد پر آسام کو اور سمندر پار برہما کو خارج کرو تو برٹش انڈیا میں تقریباً بحساب اوسط چند آبادی کو بہ نسبت ہندوستانی ریاستوں کے خوراک کھلانی پڑتی ہے۔

آئرلینڈ اور انڈیا کی آبادی کا مقابلہ

آئرلینڈ کے چھوٹے زمینداروں کی حالت بیان کی جاتی ہے کہ وہ بڑی خلاکت

میں رہتے ہیں، آخر مردم شماری کے موافق آئرلینڈ میں ۱۶۹ آدمیوں کی آبادی فی مربع میل تھی۔ شمالی انڈیا میں تیرہ ضلعے آئرلینڈ کی برابر ہیں جسمیں سے ہر ایک کو ۱۶۸ آدمیوں کی فی مربع میل پرورش کرنی پڑتی ہے یعنی ہر ایک آدمی کو ایک ایکڑ زمین پر اپنی بسراوقات کرنی پڑتی ہے۔ اس حساب میں وہ زمینیں بھی جو مرطوب اور ویران اور غیر قابل زراعت ہیں داخل ہیں، خارج نہیں۔ قحط کمیشن کی رپورٹ سے معلوم ہوتا ہے کہ بنگال کے دو تہائی کاشتکاروں میں سے ہر ایک کے پاس دو یا تین ایکڑ زمین ہے اگر ہر کاشتکار کے اہل وعیال چار ہوں تو دو کروڑ چالیس لاکھ آدمیوں کو ایک کروڑ چالیس لاکھ ایکڑ زمین پر نزاع فی البقا پر نوبت پہنچیگی۔ یعنی ہر ایک کو نصف ایکڑ پر، پس انڈیا کی مزروعہ زمین اس نزاع کی متحمل نہیں ہوسکتی۔ انگلش مین جو معجب انسان ہیں وہ یہ حسابات دیکھکر ایسے مضامین لکھتے ہیں جنکی پیشانی پر خوں آشامی زندگانی لکھا ہوتا ہے۔ آئرلینڈ میں مثل برطانیہ اعظم بہت سے شہر ہیں جو صنعت و حرفت کے مرکز ہیں اسکے برخلاف انڈیا میں کل آبادی کی گذر زندگانی زمین کی زراعت پر منحصر ہے۔ انڈیا میں صرف ۵ فیصدی آدمی قصبوں اور شہروں میں رہتے ہیں، یعنی بیسویں حصے سے زائد شہروں میں نہیں رہتے۔ نوے فیصدی آبادی سے کچھ کم وبیش زمین کی پیداوار سے اپنی بسراوقات کرتی ہے، پس انڈیا بالکل زراعتی ملک ہے، بہت سے قصبات ایسے بھی ہیں کہ وہ دیہات کے مجموعے ہیں، جنکے اندر ہل چلتے ہیں، اور مویشی چرتے ہیں اور سارے کاروبار زراعت کے ہوتے ہیں۔

آبادی کے بڑھنے سے خشکی میں جنگلی جانوروں کا اور تری میں مچھلیوں کا کم ہونا

پہلے ملک میں سے آبادی کی افزایش نے تمام قسم کے وحشی جانوروں کو خشکی

میں اور مچھلیوں کو تری میں گھٹا دیا ہے۔ بنگال میں اسّی فیصدی آدمی مچھلی کھاتے ہیں۔ کاشتکاروں کے لئے یہی سب سے اچھی خوراک ملسکتی ہے۔ مچھلیوں کی قیمت پہلے کی نسبت دوچند ہوگئی ہے۔ ایک وقت میں مچھوے بڑے دولتمند ہوگئے تھے انھوں نے دریاؤں اور تالابوں کو مچھلیوں سے خالی کردیا۔ اب مچھلی کے کھانے کی جتنی ضرورت ہے اُتنی پیدا نہیں ہوتی۔ جہاں تالاب اور دریا مچھلیوں سے خالی ہوگئے ہیں وہاں مچھوؤں نے اپنا پیشہ چھوڑ دیا ہے۔

آبادی کی افزایش سے ایسی جماعتیں بڑھگئی ہیں جنکے پاس زمین نہیں۔

اب آبادی ایسی بڑھ گئی ہے کہ ہر کاشتکار کو زراعت کیلئے کوئی ذرا سا قطعہ بھی کاشت کیلئے نہیں ہاتھ آتا، پس اسلئے بہت سے آدمی زراعت زمین کے کام سے خارج ہوگئے ہیں، اب وہ اور محنت و مزدوری کرنے لگے ہیں۔ اُن کی حالت بڑی خراب ہے، جب قحط پڑتا ہے تو سب سے زیادہ اُسکی بلا اُن کے سر پر پڑتی ہے۔

کاشتکاروں پر اس افزایش آبادی کے دو طرح کے اثر ہیں، اوّل اُنکو زمین اُن کی محنت کا معاوضہ اپنے پیداوار سے کم دیتی ہے اور اُن کو اپنی تھوڑی سی آمدنی کا بہت زیادہ حصہ نسبتاً زمیندار کو دینا پڑتا ہے آبادی کی افزایش کے سبب سے اُن زمینوں کو کاشت کرنا پڑتا ہے جنکا پیداوار اچھا نہیں ہوتا۔ جب ملک ویران سمجھا جاتا تھا تو اچھی سے اچھی حاصل زرخیز دیہات کی زمین اضلاع میں بوئی جوتی جاتی تھی اور باقی زمین ہندوستانی عملداری میں ویران محسوب ہوتی تھی۔ لیکن جب انگریزی عملداری میں آبادی کی افزایش ہوئی تو کم حاصل زمینوں کی بھی زراعت

کرنی پڑی تاکہ خوراک میسر ہو۔ اُن زمینوں پر سخت ریاضت کرنے سے بھی ثمرہ تھوڑا ملتا ہے۔ یہ امر واقعی ہے کہ بنگال کے صوبہ کا ایک تہائی ویران ہونا گورنمنٹ کی بدنصیبی تھی مگر اسمیں کاشتکار کے لئے کوئی سختی نہ تھی دیہات کی عمدہ زمینوں کو وہ کاشت کرتا تھا، اور ضلع کے عمدہ دیہات میں بوتا جوتتا تھا، باقی زمین ہندوستانی عملداری میں ویران محسوب ہوتی تھی، لیکن جب برٹش گورنمنٹ میں آبادی بڑھی تو اُسکو کم حاصل زمینوں میں کاشت کرنی پڑی۔ بہ تدریج اُسکو اپنی سخت محنت بڑھانی پڑی کہ اسنے زیادہ خوراک حاصل کرے۔

جب آبادی کی افزایش ہوئی تو زمینوں کو زراعت کے لئے فرصت نہیں دیگئی ہزاروں ایکڑ زمین پر ہر سال دو فصلیں بوئی جوتی کاٹی جانے لگیں۔ سوا اسکے آس پاس کے جنگل کاٹ کے ہل چلانا پڑا اور لکڑی کی جگہ گوبر کے اُپلے جلانے پڑے۔ پس اس طرح سے کھیت اچھی کھات سے محروم ہوئے، پہلے لکڑیاں جلاتے تھے، اُن کی راکھ کی کھات ڈالتے تھے اور گوبر کی بھی کھات کام میں لاتے تھے۔ پس جنگلوں کے کٹنے سے وہ دو طرح کی کھات سے محروم ہوئے، ایک لکڑی کی راکھ کی کھات سے دوم گوبر کے اُن اجزا کی کھات سے جو زراعت کو خوب نشوونما دیتے ہیں۔

جنگلوں کا کٹنا

بہت سے آزمودہ کار و تجربہ کار کہتے ہیں کہ انڈیا کے بعض قطعات میں جنگل اس کثرت سے کٹ گئے ہیں کہ اسکے سبب سے اُنکی آب و ہوا بدل گئی ہے جنگل اور اُسکے اندر جو اُگتا ہے وہ بارش کو پیدا نہیں کرتا، لیکن بارش کی کشش کرتا ہے۔ پہاڑ جسپر جنگل ہو وہ رطوبت و تری کو امانت رکھتا ہے، اگر اس پہاڑ پر سے جنگل کو اُڑا دیجئے تو وہ ایک چٹیل میدان ہو جائیگا اُسپر جو برسات کی بارش ہوگی تو اُسکے پانی کی رَو میں اور سیلاب

بڑی خطرناک رواں ہونگی، یہ خبر خشک زمین نہ نباتات کو اُگا ئیگی نہ رطوبت اور تری کو امانت رکھیگی، یہ بھی لوگ کہتے ہیں کہ اسی سبب بعض اضلاع میں قحط کی خشک سالیوں کی افراط ہوگئی ہے، قدیمی والیانِ ملک کاشتکاروں کو اُن جنگلوں کے کاٹنے کے لئے نوکر رکھتے تھے یا اب گورنمنٹ جو جنگل باقی رہ گئے ہیں اُن کی حفاظت کے واسطے ایک محکمہ جنگلات کا رکھتی ہے جسمیں روپیہ خرچ ہوتا ہے۔

مویشی کی چراگاہوں میں ہلونکا چلنا اور مویشی کا مریض ہونا

دیہات میں جو پہلے زمینیں مویشی کے چرنے کے لئے تھیں اب اُن میں زراعت کے لئے ہل چلنے لگے ہیں اور سبب سے اضلاع میں مویشی کی راس کافی خوراک کے نہ ملنے سے کمزور ہوگئی ہے۔ اب کھیتوں میں بیلوں سے اُتنا کام نہیں ہوتا جتنا کہ پہلے ہوتا تھا مویشی میں اب خطرناک وبائیں آتی ہیں اور اُسکے مُنہ اور پاؤں میں بیماریاں پیدا ہوتی ہیں جس نے بنگال میں ہزاروں مویشی کو مار ڈالا اور مجبوراً گورنمنٹ کو کیٹل پلیگ یعنی مویشی کی وبا کا تقرر کرنا پڑا۔ بنگال میں مویشی کے پاؤں اور دہانوں کی بیماریاں پھیل گئیں اب کسانوں کو مشقتِ شاقہ اُٹھاکر اپنا رزق اُن کم حاصل زمینوں سے حاصل کرنا پڑا جنکو وہ سو برس پہلے اُنگلی بھی نہیں لگاتے تھے۔ سیر حاصل زمینوں پر یہ آفت آئی کہ اُنکو وہ کھاد ملنا موقوف ہوا جس سے وہ خوب ہری بھری ہوتی تھیں۔ اُن میں متواتر کاشت ہونیسے اُنکی قوتِ نمو میں ضعف آیا، مویشیوں کو یہ مصیبت پیش آئی کہ اُنکی چراگاہوں میں کمی ہوئی جسکے سبب سے اُن کی توانائی اور تنومندی میں ضعف آیا۔ یہ ہمارا درد ناک بیان کُل انڈیا سے متعلق نہیں ہے بلکہ فقط اُن اضلاع سے متعلق ہے، جن کی زراعت کا رقبہ بڑھ گیا اور آبادی اتنی بڑھ گئی کہ اُن کے واسطے کافی خوراک اُن اضلاع کی زمینیں نہیں پیدا کر سکتیں، مگر اس ہمارے بیان سے اُن الم ناک عبرت انگیز

پیشیں گوئیوں کی کچھ تصدیق ہوتی ہے جو یہ کہہ رہی ہیں کہ انڈیا میں اصل خوف یہ نہیں کہ اس کے فائی نینشس (خزانہ) کا دوالہ تھوڑے دنوں کے لئے نکل جائے بلکہ سب سے زیادہ اصل اندیشہ یہ ہے کہ ہمیشہ کیلئے اُسکی زراعت کا دوالہ نکلجائے۔

۵- جولائی ۱۹۰۷ء۔ ذکاء اللہ۔

آریہ و اَن آریہ قومیں اور سنسکرت و پراکرت زبانیں

(نمبر ۲)

(سلسلہ کے لئے، ماہ مارچ ۱۹۰۷ء کا پرچہ علی گڈھ منتھلی ملاحظہ ہو)

مہابھارتھ کے بعد، کورو راج کے حالات

کورو راج (جو مصلحتاً، چند روز تک، دو حصوں میں منقسم ہو گیا تھا) پھر، بہ دستورِ سابق، ایک مستقل راج ہو گیا۔ اور بخت بلند نے، اُس عظیم الشان سلطنت کا مالک بے دردِ سر راجہ پریچھیت کو بنا دیا۔ دار الحکومتہ، اُس وسیع مملکت کا، ابتدا میں بہت زمانے تک تو، اندر پرست ہی بنا رہا، جو پانڈوں کا آباد کیا ہوا تھا اور اُن کے دَوْر دَوْرے میں، کمال رونق و آبادی اُس کو حاصل تھی؛ لیکن معلوم ہوتا ہے کہ زمانے کے ہیر پھیر سے، بعد کو شہرِ دِلّی میں منتقل ہو گیا، جو غالباً، کسی زمانے میں نیا آباد ہوا تھا۔ اور اب تک آگاہ دلوں کو عبرت دِلانے کے لئے بصد آن بان موجود ہے۔ فی زمانِنا بہشت آئیں اندر پرست کا صرف نام ہی نام رہگیا ہے؛

ستائیس پشت تک تو پریچھیت کی اولاد، بڑی شان و شوکت سے۔ اندر پرست میں راج کرتی رہی؛ مگر اُٹھائیسواں راجہ، کھیم راج، بڑا سُست و غافل ہوا؛ جسکو اُس کے وزیر نے قتل کر ڈالا، اور آپ راج گدّی کا مالک بن بیٹھا۔ اُس نمک حرام کا نام وِسَرَب تھا۔

دِسَرَب کے بعد، ایک دوسرے گھرانے میں اور دوسرے کے بعد، تیسرے خاندان میں، یکے بعد دیگرے یہ منصوبہ راج منتقل ہوتا گیا۔ اور تینوں مختلف گھرانوں* کے اڑتیس ۳۸ راجے مالکِ تخت وتاج ہوتے گئے۔ اڑتیسواں راجہ، یعنی تیسرے گھرانے کا اخیر فرمانروا راجپال ہوا؛ جو اُجّین کے راجہ بکرماجیت کا ہمعصر تھا۔

راجپال پر، کماؤں کے راجہ، سُکھونت نے بڑے زور شور سے حملہ کیا، اور اُسکو مار کر، اندرپرست یا دِلّی کی پُرانی سلطنت پر قبضہ کرلیا؛ لیکن یہ قبضہ اُسکا قائم نہ رہا۔ اور چند روز کے بعد ہی، مہاراجہ بکرماجیت نے ایک فوجِ جرّار سے چڑھائی کرکے سُکھونت کو نکال باہر کیا۔ اور کروؤں کے قدیم اور آبائی راج پر، پورا پورا تسلط کرکے، اُسے، اپنی زبردست قلمرو میں شامل کرلیا۔

اگرچہ سات سو برس تک، وہ سلطنت اُسی با اقبال اور نامور راجہ کی اولاد کے قبض وتصرف میں رہی، جن کی ماتحتی میں اُسکو ہر طرح کی ترقی وسرسبزی کی اُمید تھی مگر چونکہ قابضینِ سلطنت ہمیشہ خود اپنی پُرانی راجدھانی، اُجّین ہی میں رہا کرتے تھے، اِسلئے اُس زمانۂ طویل، یعنی سات سو برس تک دِلّی کا تخت خالی، سُنسان اور ویران پڑا رہا۔ عبرت! عبرت!! عبرت!!!۔

سات سو برس کے بعد، اِنقلابِ زمانہ نے ایک اور ہی خاندان کو تخت وتاج کا مالک بنایا، جو تواریخ میں تواریا تومر کے لقب سے ملقب ہے، اِن لوگوں نے تختگاہ دِلّی کو (جو مدت سے خالی اور ویران پڑا ہوا تھا) اپنے قدومِ میمنت لزوم سے از سرِ نو آباد و پُر رونق کیا۔

---

* غالباً، اِنھیں مختلف گھرانوں کے دورِ حکومت میں، سنہ عیسوی سے تقریباً، ساڑھے پانچسو برس پہلے ایران کے بڑے شاہنشاہ، دارائے اوّل نے اور دارا سے کم وبیش دوسو برس کے بعد، اسکندر اعظم یونانی نے، ہندوستان پر حملے کئے۔ ۱۲

اکیس ۲۱ پشت تک، تومر خاندان والے، علی التسلسل برسرِ حکومت رہے۔
اس کے بعد، ہندوستان پر اہلِ اسلام کا قبضہ ہوا۔ اور آریوں کی سلطنت کا خاتمہ ہوا
سچ ہے ؎ نہیں پادشاہی کچھ آخر خدائی
جو ہے آج اپنی تو کل ہے پرائی

مسلمانوں کے حملے تو، آٹھویں صدی عیسوی کی ابتدا ہی سے شروع ہو گئے تھے، جن کے مزید حالات، آگے چلکر معلوم ہونگے۔

لیکن یہ حملے، سب کے سب، صرف سندھ کی راہ سے ہوئے، اور اُن کی پامالی، فقط، سندھ، گجرات، چتوڑ وغیرہ تک ہی محدود رہی اور دِلّی (جسکو ہندوستان کا دروازہ کہتے ہیں) اور اُسکے سوا، اور شمالی سلطنتیں اُن کے برباد کُن اثروں سے اب تک بالکل محفوظ تھیں، کیونکہ قوم افغان (جس سے اور راجگانِ لاہور سے، دوستانہ معاہدہ تھا) بڑی دلیری سے غنیم کی سدِّ راہ ہوتی تھی، جس سے اِن اطراف کی سلطنتیں کافی طور پر محفوظ رہتی تھیں۔

لیکن تخمیناً ۹۷۳ء میں، سلطان محمود غزنوی کے باپ امیر ناصر الدین سبکتگیں نے، توڑ جوڑ کر کے افغانوں کو اپنا بنا لیا اور پلار وک ٹوک، چڑھائی کر کے پہلے ہی حملے میں ہندوستان کے کئی قلعے لیلئے اور بہت سا مالِ غنیمت لیکر، اپنے ملک کو لوٹ گیا۔

اِسکے جواب میں راجہ جے پال والی لاہور نے، لشکرِ کثیر کے ساتھ سندھ پار ہو کر خود سبکتگیں کے ملک پر حملہ کر دیا، مگر شکستِ فاش اُٹھائی۔ آخر کش اِس شرط پر صُلح ہو گئی کہ شاہِ ہند ایک مقررہ تعداد روپیوں اور ہاتھیوں کی، سال بسال امیر کو ادا کیا کریگا۔ اور چونکہ اُسوقت زرِ تاوان پُورا پُورا ادا نہ ہو سکا، اس لئے راجہ کی درخواست پر سبکتگیں کیطرف سے چند معتمد الیہم ساتھ کر دیے گئے۔ کہ اُنھیں کی

معرفت وہ موجودہ زریقیہ چلا آئے۔

لیکن گھر پہنچکر، بد اندیش مشیروں کی صلاح سے راجہ بدعہدی کر بیٹھا۔ اور اُن معتمدین کو قید میں ڈال رکھا۔ یہ خبر پاتے ہی سُبکتگیں ایک لشکر جرار لیکر جے پال پر طوفان کی طرح چڑھ آیا۔ باوجودیکہ یہ بلا خود جے پال کی بُلائی ہوئی تھی، مگر ہمسایہ سلطانوں نے اِس موقع پر، ہمدردی اور مآل اندیشی کا پُورا پُورا ثبوت دیا۔ چنانچہ اِدھر بھی دِلّی، اجمیر، کالنجر اور قنوج کی فوجیں، لاہور کی فوج کے ساتھ ملکر، ایک لشکرِ عظیم تیار ہوگیا۔ اور دونوں حریفوں، کنارۂ لغمان پر مقابلہ ہوا جسمیں ہندوؤں کو شکستِ کامل ہوئی سُبکتگیں سے تو پھر کوئی لڑائی ہندوؤں سے نہیں ہوئی۔ لیکن اُسکے بیٹے، سلطانِ محمود غزنوی کے بارہ حملے تواریخ میں مشہور ہیں جو ۱۰۰۱ء اور ۱۰۲۴ء کے درمیان میں ہوئے تھے، تواریخ کی تقریباً سب کتابیں، اِن حملوں کے بیان سے بھری پڑی ہیں، اسلئے اُن کے اِعادے کی ضرورت نہیں معلوم ہوتی؛ البتہ اِن دِنوں کے واقعات میں سے یہ امر قابلِ تذکرہ ہے۔ کہ سلطان کے متواتر حملوں اور نگرکوٹ، تھانیسر، اور متھرا کی بربادیوں سے متاثر ہوکر، قنوج کے راجہ کنوار رائے نے (جو خاندانِ گوڑ سے تھا) مصلحتاً، دشمن کی اطاعت اختیار کرلی، اِس پر آس پاس کے راجے، عموماً اور راجۂ دِلّی خصوصاً اُس سے اتنا ناراض ہوئے۔ کہ والی کالنجر نے غریب کو جان ہی سے مار ڈالا۔

اُسوقت سے ہند کے سربرآوردہ راجاؤں کے دو فریق ہوگئے۔ ایک میں، والیانِ قنوج اور گجرات شامل تھے۔ اور دوسرے گروہ میں دِلّی، اجمیر اور چتوڑ کے راجے داخل تھے۔ اور آپس میں سبھوں کے یہ معاہدہ ہوا کہ گاڑھے وقتوں میں، ہر ایک سلطنت اپنی دوست سلطنتوں کی معین و مددگار رہے۔

خیر یہ سب تو جملۂ معترضہ تھے، جو واقعاتِ آئندہ کے، بہ خوبی سمجھ میں آجانیکیلئے

معرضِ بیان میں آگئے، اب پھر ہم اصل واقعہ یعنی آریوں کے انتزاعِ سلطنت کی طرف رجوع کرتے ہیں۔

دہلی کے تومر خاندان کا بیسوان راجہ (جسکا نام انگ پال تھا) کوئی اولادِ نرینہ نہ رکھتا تھا۔ اُس کے صرف دو بیٹیاں تھیں۔ اُن میں سے ایک راجہ جے چند راٹھور*، والیِ قنوج کو بیاہی تھی اور دوسری کی شادی اجمیر کے قوی راجہ ہمیسور چوہان سے ہوئی تھی۔

آریوں کی سلطنت کا خاتمہ کرنیوالا، پرتھی راج، عُرف راجہ پتھورا اِسی بہادر چوہان کا بیٹا تھا، جسکو اُسکے نانا والی دِلّی نے اپنے بعد کی گدّی نشینی کے لئے گود لیا تھا۔

* راٹھور، اپنے تئیں مہاراجہ رام چندر کے دوسرے بیٹے، کُش کی اولاد بتلاتے ہیں۔ اسیطرح اُدے پور کے رانا، اُن کے بڑے بیٹے، لوَ، کی نسل میں ہونے کا دعوےٰ کرتے ہیں۔ جن کا گھرانہ ہمیشہ سے معزز چلا آتا ہے، ایسا کہ دوسرے راجاؤں کو مہارانا اُدے پوری، اپنے پیر کے انگوٹھے سے، پیشانی پر تلک دے کر، گدّی نشین کرتے تھے۔ قنوج میں راٹھوروں کی سلطنت کا بانی سری چندر دیو، ہوا جو جے چند راٹھور سے پانچ پشت پہلے تھا۔ قصّہ یوں ہے کہ جب کنور رائے مارا گیا تو قنوج کی راج گدّی کچھ روز خالی پڑی رہی۔ آخر کار، سری چندر دیو نے دکھن سے آکر، قنوج کو بزورِ بازو دخل کرلیا۔

بارھویں صدی عیسوی میں جب قنوج میں اہلِ اسلام کا عمل دخل ہوگیا تو راٹھور میواڑ کی طرف چلے گئے۔ لیکن وہاں برابر فاتحین کے دست و بازو بنے رہے۔ اور فتوحات میں اِن کی بڑی مدد و معونت کرتے رہے، بلکہ انصاف یہ ہے کہ ہند کی اسلامی فتوحات میں بڑا حصّہ انھیں کی جانفشانیوں کا ہے۔

چنانچہ حسب قرارداد، انگ پال کے بعد، اُسکا نوجوان ناتی، اُسکا جانشین، قرار پایا۔ اُسوقت اُسکی عمر صرف آٹھ برس کی تھی۔ لیکن بخت واتفاق سے، دِلّی واجمیر کی سی دو دو زبردست سلطنتوں کا مالک بن گیا۔

یہ بات، اُسکے قدیم حریف، راٹھور قنوج کو سخت ناگوار گذری، جو اماوی کی حیثیت سے، چوہان کے مقابلے میں تختِ دلّی پر مساویانہ داعیہ رکھتا تھا۔ اُس نے ایک کم عمر لڑکے کو دِلّی بلکہ سارے ہند کا، مہاراجادِہراج تسلیم کرنے سے، صاف اِنکار کردیا۔ بلکہ اِس معزّز لقب کا خود دعویدار ہوا۔ اور معاہدہ باہمی کے مطابق، گجرات کا راجہ بھی، اُسکا ہم آواز اور ہم آہنگ بنا والی قنوج نے اِس تقریب سے، سہو سیدجگ*، اور نیز اپنی دختر نیک اختر کی شادی کی تقریب سے، سُیمبر جگ†، ترتیب دینے کی تیاریاں کیں۔ اور اُن موقعوں پر قدم رنجہ فرمانے کے لئے ہندوستان کے کل راجاؤں کو دعوتیں دیں۔

شاید مجھ کو پرتھی راج کی وجہ غیر حاضری بتلانے کی ضرورت نہیں ہے، غالباً غور کرنیوالی طبیعتیں خود سمجھ جائینگی۔ دستور تھا کہ ایسے موقعوں پر، چھوٹی بڑی جلسے کی سب قسم کی خدمتیں والیانِ ریاست ہی کو، سپرد کیجاتی تھیں اِسی لئے جب پرتھی راج خود نہ آیا، تو اُس کی ایک سونے کی مُورت بنواکر بہ طور دربان کے ڈیوڑھی پر کھڑی کردی گئی۔

یہ ہتک آمود خبر پاتے ہی، پرتھی راج ایک سو آٹھ چیدہ بہادر سرداروں کو ساتھ لیکر بہ طور یلغار عین جشن کے روز قنوج جا پہنچا اور اُس لڑکی کو (جس کے لئے سُیمبر جگ رچایا گیا تھا) لے بھاگا۔ راٹھور نے تعاقب کیا اور اُن ایکسو آٹھ

* جلسۂ قربانی۔ † جلسۂ شادی۔

سرداروں میں سے چونسٹھ کو تہ تیغ کر ڈالا۔

اِسی باہمی نقاض کے زمانے میں، شہاب الدین محمد غوری نے ہندوستان پر ایک زبردست حملہ کیا۔ یہ حملہ سلطان محمود غزنوی کے حملوں سے تقریباً دو سو برس کے بعد ہوا، گو اس عرصۂ دراز میں ہندوؤں کی حالت بہت کچھ سنبھل گئی تھی، اور اگر وہ کوشش مشترکہ سے کام لیتے، تو اِس بلائے ناگہانی کا علاج اُن کے ہاتھ میں تھا، لیکن آپس کی نا اتفاقی نے اُن کو ایسے زور آور حملے کے روکنے کے قابل نہ رکھا۔

تُرکوں اور ہندوؤں سے کئی لڑائیاں ہوئیں اور طرفین کی بہادرانہ زور آزمائیوں* کے بعد آخرش ہندو راجہ مغلوب ہوا۔ اور مسلمان فتحیاب ہوئے۔ پس دہلی کے فتح ہوتے ہی ہندوستان میں اِسلامی سلطنت کی نیو پڑ گئی۔

چند ریاستوں کے مزید حالات۔ گذشتہ مارچ کی اشاعت میں، ہم لکھ آئے ہیں کہ کوشل راج، اَجُدھیا سے اُجڑ کر پہلے بلبھی پور میں قائم ہوا۔ اور تین سو اسّی برس کے بعد وہاں سے برباد ہو کر اِیدر میں منتقل ہو آیا۔

اِیدر میں آٹھ فرمانروا، اطمینان اور استقلال کے ساتھ، یکے بعد دیگرے حکمرانی کرتے گئے، مگر یہ اُن کے گھر ہی میں ایسی خانہ جنگی قائم ہوئی جس سے اُس راج کا نام و نشان ہی مٹ گیا یعنی آخری راجہ کو، خود اُسکے بیٹوں ہی نے اِتفاق

* اُن لڑائیوں کے حالات، پرتھی راج راسا میں مفصل مندرج ہیں۔ جس کا مصنّف چند بھاٹ ساکن کانگڑا ہے۔ یہ کتاب اُس زمانے کی زبان میں نظم لکھی گئی ہے۔ اور بہت صحیح ہے۔ اِتنے زمانے کے بعد اب اِس بات کا ملکرنا سخت مشکل ہے کہ وہ زبان ہندسے کس خطّے کی زبان تھی:۔

کانگڑے کی، یا دِلّی و قنوج کی، یا متھرا و آگرہ کی، یا راجپوتانہ کی؟

کر کے شکارگاہ میں مار ڈالا۔ بُرے کام کا نتیجہ بھی بُرا ہوتا ہے۔ اُن پدرکشوں کے آپس میں بھی اتفاق قائم نہ رہا۔ اور وہ ناخلف، تقریباً، سب کے سب، آپس ہی میں کٹ مرے۔ صرف اُن کا ایک چھوٹا سا بھائی (جسکا نام، باسپا یا باپا تھا) بھاگ کر، بھانڈیر گڑھ میں، پناہ گزیں ہوگیا، اور مدتوں وہاں گڑریوں کے ساتھ، اپنے منحوس دن گزارتا رہا۔

گڑریوں کی محنتی اور چالاک صحبت کی بدولت، اُس ہونہار کی خاندانی شجاعت میں، ایک غیر معمولی تحریک پیدا ہوئی۔ چنانچہ اِس افلاس اور آوارگی کے زمانے میں شجاعت اور بہادری کے عجیب عجیب قصّے اُس کی طرف منسوب کئے جاتے ہیں*۔

ایک روز، تذکرۂ، باپا کی ماں نے اُس سے کہا کہ مہاراجہ چتوڑ (جو پرمار خاندان سے ہیں) وہ تیرے قرابتی ہیں، یہ سُنکر اُسکی افسردہ اُلوالعزمی تازہ ہوگئی اور چوپانی کے ذلیل پیشے سے اُسکو دلی نفرت پیدا ہوگئی۔

جب اُنھوں نے اِس قصّے کو اپنے ہمجولیوں سے دُہرایا، تو وہ لوگ بھی آمَنّا وصَدَّقنا کہتے ہوئے اُسکے ساتھ ہوگئے، چنانچہ اُن جاں نثاروں کو ساتھ لیکر، وہ فوراً دربارِ چتوڑ میں جا دھمکا اور اپنی ساری رام کہانی کہہ سُنائی اور شرافت وعالی نسبی کے بڑے بڑے ثبوت پیش کئے۔ راجہ کو اس کی پُردرد اور عبرت انگیز داستان سُنکر اُسکی بیکسی وبے بسی پر کمال رحم آیا اور اُس مصیبت زدہ کی بڑی عزت وتوقیر کی،۔

---

* رنچھوربھٹ لکھتے ہیں کہ:۔ بابا تین سو پانچ گز لمبا دوپٹّہ، سر سے لپیٹتا تھا، سولہ ہاتھ کا چولہ پہنتا تھا۔ اُسکا کھانڈا ایک من سے زیادہ وزنی تھا۔ اور دُرگا جی کی پرستش کیوقت، دو بھینسوں کو برابر کھڑا کرکے، ایک ہی ضرب میں بلی دیتا تھا۔

اور چار بکروں کو اکیلے چٹ کر جاتا تھا۔ ۱۲

لیکن ارکینِ دربار کو، راجہ کے اِس بے محل مترحّمانہ برتاؤ سے براہِ حسد کمال رنج گزرا۔

اِتفاق یہ کہ چند روز کے بعد ہی ایک سخت دشمن نے چتّوڑ پر چڑھائی کی اور بڑی نبرد آزمائی کا وقت آیا۔ راجہ نے سب سرداروں کو اپنی اپنی ماتحت فوجیں لیکر مقابلے کے لئے طلب کیا۔ سبھوں نے بالاتفاق، حاضری سے اِنکار کر دیا۔ اور صاف صاف کہلا بھیجا کہ اُسی سے مدد مانگو، جسکو سر چڑھایا ہے۔

نازک مزاج باپا کو اِس طعن و تشنیع کی تاب کہاں؟ وہ فوراً، موجودہ شاہی لشکر کو ہمراہ لیکر، دلیرانہ و بیباکانہ اُس ہیبت ناک دشمن سے جا مقابل ہوا۔ اور نہایت پامردی سے لڑکر، اُسپر فتح نمایاں حاصل کی۔

یہ سخت دشمن کون تھا؟ یہ محمدؐ بن قاسم، افواجِ اسلام کا بہادر سپہ سالار تھا۔ جو خلیفہ ولید اموی کی طرف سے ہندوستان پر حملہ آور ہوا تھا۔

تفصیل اِس اجمال کی یہ ہے کہ عربوں کا ایک تجارتی جہاز بندرگاہ دیول میں ہندوؤں کیطرف سے گرفتار کر لیا گیا۔ مسلمانوں نے اسکا تاوان اور معاوضہ وہاں کے حاکم، راجہ داہر سے طلب کیا۔ اُسنے صاف انکار کیا۔

اِسی پر دمشق کے خلیفہ ولید نے محمدؐ بن قاسم کو چھ ہزار (۶۰۰۰) سپاہیوں کی جمعیت کیساتھ روانہ کیا۔ یہ واقعہ ۷۱۱ء کا ہے۔ اِسی زمانے میں مسلمانوں نے، جبرالٹر، واقع شمالی افریقہ پر بھی حملہ کیا تھا۔ اور سلطنتِ اُندلس (اسپین) کا بُنیادی پتھر، گویا اُسی وقت رکھا گیا تھا۔

الغرض! محمدؐ بن قاسم بڑی کامیابی سے، دیول، حیدرآباد، سندھ اور سیہوان کو مطیع کرتا ہوا، نہایت تیزی کے ساتھ الور تک گھس آیا۔ جو سندھ کا دارالحکومت تھا۔

وہاں ایک گھمسان لڑائی واقع ہوئی جسمیں ہندوؤں کو شکستِ فاش ہوئی۔ اور بہادر داہر، بڑی پامردی اور مردانگی سے لڑکر مارا گیا۔

داہر کے مارے جانے کے بعد اُس کی بیوہ بڑی دلیری اور استقلال کے ساتھ شہر کی حفاظت کرتی رہی، لیکن رسد اور سامانِ جنگ ختم ہو جانے کے سبب سے آخرش پس پا ہوئی۔

رانی خود تو گرفتار ہو گئی، مگر اور راجپوتنوں نے جوہر کیا، اور دیکھتے دیکھتے آگ کے شعلوں میں جل مریں۔

اُدھر، بیرونِ شہر سے عام باشندے تلواریں میان سے گھسیٹ کر لشکرِ اسلام پر ٹوٹ پڑے، لیکن آخر کار شجاعانِ عرب کے نیزوں کی تاب نہ لاسکے اور پوری ہزیمت اُٹھائی۔

بعد ازیں ملتان فتح کیا گیا۔ اور داہر کی ساری سلطنت مسلمانوں کے قبضے میں آگئی۔ اسلامی سپاہ، قنوج کا ارادہ رکھتا تھا۔ لیکن ایک ناگہانی آفت کے سبب سے یہ کام رُک گیا۔

الغرض محمد بن قاسم، سندھ اور گجرات وغیرہ فتح کرتا ہوا، طوفان کیطرح چتوڑ پر آگرا۔ اگرچہ سندھ اور گجرات کی فتوحات سے اُس کے حوصلے بڑھے ہوئے تھے۔ لیکن بہادر باپا نے اُسے شکستِ فاش دی۔ اور تعاقب کرتا ہوا اُسکو کبیے تک بھگائے گیا۔ جو غالباً، بلیچی پور کے متصل تھا۔

کبیے، باپا کے آبا و اجداد کا ملجا و ماویٰ تھا۔ محمد بن قاسم نے اُسپر قبضہ کرکے، اپنی طرف سے وہاں ایک حاکم مقرر کر دیا تھا۔ جسکا نام سلیم تھا۔

سلیم نے مصلحتاً اپنی لڑکی کی شادی کرکے باپا سے صلح کرلی۔ باپا کبیے سے واپس آکر شاہی خاندان کے مشورے سے (جو پہلے اُسکے برخلاف تھے)

پہلے راجہ، یعنی اپنے محسن کو تخت سے اُتار کر، خود راج گدی پر جلوہ افروز ہوگیا۔
اور جب ملک کا سارا انتظام حسبِ دلخواہ کرلیا، تو اپنے ملک و مذہب کو چھوڑ کر مسلمان ہوگیا اور اپنی مسلمان بی بی کے ساتھ (جو سلیم کی بیٹی تھی) خراسان کو چلا گیا اور وہاں بہت سی اولاد چھوڑ کر مرگیا
یہ طویل روایت، رشمین صاحب کی ہے، جسکی صداقت کا اُن کو دعوے ہے۔ لیکن پنڈت رنچھور بھٹ مصنفِ تاریخ راج پرستی اور مُلّا ابوالفضل مصنفِ آئینِ اکبری، دونوں باپا کی اقبالمندی، عروج اور سنجوری کو ہاریت رشی اور برنج نالی، رکھیشر کی بشارت اور دعاؤں کے نتیجے قرار دیتے ہیں اور لکھتے ہیں کہ انھیں بزرگوں نے خوش ہوکر اُسکے اچل راج یعنی سلطنتِ لازوال کی نسبت پیشیں گوئیاں کی تھیں۔
چنانچہ وہ بشارتیں پوری ہوئیں، اور باپا نے چتوڑ پر بہادرانہ حملہ کرکے، مَنوَراج موری کو شکست فاش دی اور اُس مضبوط قلعے کو اُس سے چھین لیا۔ اور خود راجہ ہوکر راول کا لقب اختیار کیا۔ اُسکے بعد اُس کی نسل کے اور اور راجے بھی اِسی لقب سے ملقّب ہوئے۔
مَنوَراج کے نام کے ساتھ (جو موری کا لفظ لگا ہوا ہے)
اِس سے پایا جاتا ہے کہ وہ مَوْرِیَہ خاندان سے تھا، جس کا مورثِ اعلیٰ مگدھ دیش کا طاقتور راجہ چندر گپت تھا۔
چندر گپت کا زمانہ سنہ عیسوی سے تین سَو برس قبل اور باپا کا کچھ زیادہ سات سَو برس بعد ہوا۔ اِس حساب سے دونوں کا درمیانی زمانہ ہزار برس قرار پاتا ہے۔
اِس عرصۂ دراز میں تختِ مذکور پر کتنے نئے نئے خاندان قائم ہوہوکر،

نیست و نابود ہو گئے ہونگے، بلکہ خود مگدھ راج کی راجدھانی، پاٹلی پتر (پٹنہ) ویران ہو گئی تھی۔

دیکھو! چین کے دو سیاح ہستمیان، فاہیان[1] اور ہاوا بن تسانگ[2] کے سفرنامے۔ پہلا ۴۰۰ء میں یہاں تیرتھ کو آیا تھا۔ اور دوسرے نے ۶۳۱ء میں، اس ملک کے اکثر حصوں کی سیر کی تھی، پاٹلی پتر کی نسبت، اوّل الذکر، حیرت و حسرت کے ساتھ لکھتا ہے کہ اُس کے حصار کی دیواریں گر پڑی ہیں، اُسکے عالیشان پھاٹک اور مضبوط کھڑکیاں بوسیدہ ہو کر زمین بوس ہو گئی ہیں۔ سنگتراشی اور بُت تراشی کی لاجواب صنعتیں (جو آدمی کے کام نہیں معلوم ہوتیں) اب خاک میں ملگئی ہیں۔ آخر الذکر کے وقت میں تو وہ عظیم الشان شہر بالکل ویران ہو گیا تھا۔

پس باپا کا منوراج موری کو شکست دینا، نہایت ہی قابلِ لحاظ اور غور طلب بات ہے۔ وَاللّٰہُ اَعْلَمُ بِالصَّوَابِ۔

خیر! کچھ ہو، باپا راول کے بعد، اُس کی نسل کے پچیس[25] راجے، چتوڑ کے تخت پر یکے بعد دیگرے جلوہ افروز ہوتے گئے۔

لیکن اُسکے عہد سے کچھ مدّت بعد تک، مسلمانوں نے کوئی اور حملہ ہندوستان پر نہ کیا۔ اور اِس راجہ کے بیٹے اور پوتے کی سلطنت میں کوئی واردات یاد رکھنے کے قابل واقع نہیں ہوئی، مگر اُسکے پر پوتے کھمین راول کو (جو بڑا بہادر تھا) تخت پر بیٹھتے ہی مسلمانوں سے زور آزمائیاں کرنی پڑیں۔ جس نے آٹھ سو بارہ[812] عیسوی سے آٹھ سو چھتیس[836] تک، چوبیس[24] برس تک حکمرانی کی۔

اِس مدّتِ فرمانروائی میں، اُسے خراسان کے دو، دو حاکم، محمود اور مامون الرشید سے بڑے بڑے مقابلے کرنے پڑے۔ لیکن وہ بہادر تقریباً سب میں کامیاب ہوا ماسوں، ایک بڑی فوج لیکر، چتوڑ پر چڑھ آیا۔ لیکن ہند کی سب

طاقتیں، جوشِ ہمدردی*۔ دُور بینی، اور مآل اندیشی میں اگر طاقتِ چتوڑ کی شریک ہوگئیں، اور بہادر اور اُولوالعزم عربوں کو شکستِ فاش دی۔

اِن فتوحات سے دوست و دشمن کے دلوں میں کمیمن راول کی شجاعت وہیبت کے سکّے بیٹھ گئے۔ یہاں تک کہ وقتِ پیکار ہندو سپاہیوں کے دلوں میں اُس کے نام سے تہوّر اور دلاوری پیدا ہو جاتی تھی۔

راول لقب، یعنی باپا کی نسل کا آخری راجہ، کرن سنگھ راول ہوا اور اُس کے باپ کا نام سمر سنگھ راول تھا۔ اِسی سمر سنگھ کو پرتھی راج کی بہن، پرتھا نامی بیاہی تھی۔ اور اِسی قرابت کی وجہ سے سمر سنگھ موصوف، بارہ ہزار چیدہ جوانوں کو ہمراہ لیکر، اپنے سالے، پرتھی راج کی مدد کو اُس لڑائی میں شریک ہوا تھا۔ جو اُس سے اور شہاب الدین غوری سے ہوئی تھی۔ اور جس لڑائی نے آریوں کی سلطنت کا خاتمہ کر دیا۔

تواریخی مواد کی کمی ہندوستان میں یہی دو شاہی خاندان قدیم سے صاحبِ حکومت چلے آئے ہیں۔ سورج بنسی اور چندر بنسی، اور انھیں دونوں سے اِس وسیع اور زرخیز جزیرہ نما میں وقتاً فوقتاً، چھوٹی بڑی سلطنتیں اس قدر قائم ہوکر برباد ہوتی گئیں، کہ اُن کی ایک مکمّل اور قابلِ اعتبار فہرست بھی تیار ہونی سخت دشوار ہے، اور ہر ایک کے تواریخی واقعات کو اوّل سے آخر تک، تفصیلوار قلمبند کرنا اور اُن واقعات سے قرینِ قیاس نتیجے پیدا کرنا اور ایک واقعہ سے دوسرے کا تعلق بتلانا تو سراسر محال اور غیر ممکن ہے۔

اِسکی وجہ یہ خیال میں آتی ہے کہ ہندوستان میں تاریخ کو ایک مہتم بالشان

* لکھا ہے کہ اِن لڑائیوں کے وقت ملک کے ہر حصّے سے راول کو کافی مدد میں پہنچیں، حتّٰی کہ عورتوں نے گہنے اُتار کر اور سوت کاتکر مدد بھیجی تھی۔ ۱۲

علم سمجھ کر، اُسکی تدوین و ترتیب کے لئے کبھی قوتِ متفقہ اور کوششِ مشترک سے کام نہ لیگیا، بلکہ بے پروائی سے یہ کارِ عظیم، پایۂ تخت کے ایک ادنے رکن، یعنی کمیشنروں اور بھاٹوں کے سپرد کردیا گیا، اور کبھی اُسکی تصحیح و تصدیق نہیں کیگئی۔

حقیقت یہ ہے کہ علم تاریخ کا، اہمیت کے لحاظ سے اُس زمانے میں وہ پایہ نہ تھا، جو فی زمانا اُسکو حاصل ہے۔ اور اِس بارے میں ہندوستان ہی کی تخصیص نہیں، بلکہ تقریباً پردۂ زمین کی سب مہذب قومیں اِس غفلت اور بے پرواہی میں شریک ہیں۔

سب سے بڑی دقت اِس ملک کی تواریخ نویسی میں یہ آن پڑی ہے کہ اگر یوگ دھوں کے سنوں کو (جنکا حساب، شاکیہ منی گوتم بدھ سے کیا جاتا ہے) چھوڑ دیں تو تعیین واقعات کے لئے، راجہ بکرم سے پہلے کوئی سن و سمت یہاں نہیں ملتا۔ مہاراجہ رام چندر اور مہاراجہ جدھشٹر دونوں کو ہندوؤں کی مذہبی انجمن میں، صدر نشینی کے درجے حاصل ہیں، لیکن تواریخی حیثیت سے، اُن مقدس بزرگوں کے کارناموں کے سنہ و سمت کا بھی پتہ ٹھکانا نہیں لگتا، تا بہ دیگراں چہ رسد۔

با ایں ہمہ، اگر کوئی بے تعصب دل اور صلح کل دماغ، انگریزوں کی سی قوائے تجسس و تمیز، اہل عرب کی سی سرگرمی اور عزم و ہمت، جرمن کی سی علم دوستی، اور ہندوستانیوں کا سا تحمل اور ٹھنڈا مزاج اور ساتھ اِن نعمتوں کے فرصت کافی اور اطمینان کا دل رکھتا ہو۔ تو اُسکے لئے اب بھی علم ادب، علمی اصطلاحات، مقامات اور اشخاص کے نام، ناٹک، ناول، مذہبی روایتیں، مقامی قصے، عام کہانیاں، کہاوتیں، کتبائیں، (ہر قسم کی) قصہ طلب جملے، حوالہ طلب فقرے گیت، راگ، گنوارو نظمیں، پرانے سکے، جیستھمبھ (ستونِ فتوحات)۔ کیرتستھمبھ (ستونِ نیکنامی)، دھرمستھمبھ (ستونِ مذہبی) عمارتوں کے کتابے مورتیں۔

الغرض اس قسم کے بہت کچھ مواد جمع ہیں، جن کی مدد سے وہ فی الجملہ ایک با اصول و باقاعدہ تاریخ ہند مرتب کر سکتا ہے۔ وہ ان ہی بوسیدہ، از کار رفتہ، اور منتشر و پریشان مصالحوں سے تواریخ ہند کا ایک ایسا عالیشان محل اٹھا سکتا ہے جس کا نظارہ ناظرین کے لئے باعث مسرت و شادمانی نہیں تو موجب عبرت و حیرانی ضرور ہو سکتا ہے۔

تاریخی زمانوں کی تقسیم۔ تسہیل بیان کے لئے مؤرخوں نے ہند کے کل تاریخی واقعات کو پانچ زمانوں پر تقسیم کیا ہے۔

(۱) ویدک ایج، یعنی زمانہ بید۔ (۲) ایپک ایج، یعنی رزمیہ شاعری کا زمانہ۔ (۳) رشنلسٹک ایج، یعنی زمانہ عقل و حکمت۔ (۴) محمڈن پیریڈ۔ یعنی زمانہ اہل اسلام (۵) انگلش پیریڈ، یعنی سلطنت انگریزی کا زمانہ۔

اول تین زمانے اس ملک کی نہایت ہی قدیم تاریخ اور خاص آریہ قوموں سے متعلق ہیں اور ہمارے مضمون کو بھی ان ہی زمانوں سے تعلق ہے۔

باقی اخیر کے دو زمانے، اس ملک کی تواریخ حال اور غیر ملکی فاتحین سے علاقہ رکھتے ہیں، اور ہمارے مضمون کو، ان سے کچھ تعلق نہیں۔

ہم اوپر بیان کر آئے ہیں کہ ویدک زمانہ میں، ایرانی آریوں نے ستلج اور سرسوتی کے ساحلی ملکوں، بلکہ تمامی پنجاب کو دخل کر لیا تھا۔ اور مدتوں وہیں بسر اوقات کرتے رہے۔

ہم یہ بھی بیان کر چکے ہیں کہ ایپک ایج میں، ان لوگوں نے پورب کی طرف پیش قدمی کی اور گنگا اور ہمالیہ کی درمیانی سرزمینوں اور وادیوں میں بڑی بڑی سلطنتیں قائم کیں مثلاً:—

کوشل راج، بدیہہ راج اور کاشی راج۔ وغیرہ

ہم یہ بھی لکھ آئے ہیں کہ اسی ایپک زمانے میں ترکستانی آریوں نے

گنگا اور جمنا کے دوآبے میں پریاگ راج قائم کیا۔ اور ایک مدت کے بعد اسی ایک سلطنت سے دو اور زبردست سلطنتیں قائم ہوگئیں۔ یعنی گرو راج، اور پنچال راج

اب ہم کو یہ بیان کرنا ہے کہ رشتیلیسٹک ایج، یعنی زمانۂ علم وحکمت میں ان لوگوں نے اپنے کو تمامی ہند میں پھیلا دیا۔

اس وقت یہ لوگ خلیج بنگالہ سے لیکر بحیرۂ عرب تک اور بندھیاچل سے لیکر راس کماری تک چھا گئے تھے، بلکہ راس کماری سے بھی آگے جزیرۂ سراندیپ تک بڑھ گئے۔

اور ان ملکوں میں صرف اپنی نوآبادیاں ہی قائم نہ کیں بلکہ وہاں انکی بڑی بڑی زبردست شاہنشاہیاں قائم ہوگئیں، جنکا ایک مختصر سا بیان ذیل میں کیا جاتا ہے:-

مگدھ دیش مگدھ دیش یا جنوبی بہار، ایپک ایج میں، مہابھارتھ کے پہلے ہندو تہذیب کے اندر پورے طور پر شمار ہونے کے قابل نہ تھا۔ لیکن رشتیلیسٹک ایج کے ابتدا ہی میں یہ ملک ہندو نوآبادیوں سے بھر گیا اور دیکھتے دیکھتے یہاں ایک ایسی زبردست پادشاہت قائم ہوگئی، جو کسی زمانے میں ہندوستان کی کل سلطنتوں سے فوجی قوت اور ملکی انتظام میں فردگنی جاتی تھی۔ اور ایک وقت میں ہند کی بڑی بڑی طاقتیں اس کی مطیع اور فرماں بردار تھیں۔

بنگال اور اڑیسہ انھیں زمانوں میں ہندو آریوں نے پورب کی جانب قدم بڑھا اور بنگال و اڑیسہ کو فتح کرکے وہاں اپنی نوآبادیاں قائم کیں۔

گجرات معلوم ہوتا ہے کہ گجرات میں بھی بہت پیشتر ہندو نوآبادیاں قائم ہوچکی تھیں، کیونکہ سری کرشن (جو ایپک ایج کے نامی بہادروں اور مہابھارتھ کی خونریز لڑائی میں شریک تھے) انھوں نے کسی مصلحت سے، جب اپنی پرانی

راجدھانی ستھرا کو چھوڑ کر گجرات میں سمندر کے کنارے دوارکا پوری بسائی تو اُس ملک کو ہندوؤں سے آباد پایا۔ کسی زمانے میں گجرات کی شاستر قوم ایک طاقتور ہندو قوم تھی۔

مالوہ۔ مالوہ بھی، ہندوؤں سے پہلے ہی آباد ہوگیا تھا۔ اور بودھوں کی مذہبی یادداشتوں سے ایسا دریافت ہوتا ہے کہ اُجین کے راجے ریشتیلیشک ایج کے پہلے ہی سے ہندو تہذیب میں اعلےٰ درجے کے ترقی یافتہ شمار کئے جاتے تھے۔

اندھرا راج ہندو نوآبادیوں اور فتوحات کی موجیں لہراتی ہوئی بہت ہی جلد، بندھیاچل کو ٹپ گئیں۔ اور نربدا اور کرشنا ندیوں کے درمیانی ملکوں میں اُن کی ایک نہایت ہی زبردست اور بہت ہی بڑی سلطنت قائم ہوگئی، جس کا نام اندھرا تھا۔

اِس جنوبی شاہنشاہی کا دارالحکومت موجودہ اُمراوتی کے متصل تھا۔

چند ہی صدی کے درمیان، قوم اندھرا، ہندوستان کی زبردست قوموں میں سے ہوگئی۔ اور تمامی سلطنت میں جگہ جگہ پر نیاے شاستر یعنی علم قوانین کے مدارس قائم ہوگئے، جہاں اس علم کی بخوبی تعلیم ہوتی تھی۔ یہ سلطنت، تخمیناً چار سو چھتیس[۴۳۶] عیسوی میں مٹ گئی۔

کرشنا کے آگے کی سلطنتیں۔ ہندو فتوحات کی موجیں لہراتی ہوئی آگے کو برابر بڑھتی گئیں۔ اور آناً فاناً کرشنا ندی کے آگے کی زمینیں اُن کی برکت سے سرسبز و شاداب ہوگئیں، اور اُس صوبہ کی ابتدائی دراویدین قوموں نے ہندو مذہب اور ہندو تہذیب کو خود بہ خود بہ خوشی قبول کرلیا۔

اور کچھ زمانے کے بعد انھیں مفتوحہ زمینوں میں، (جو کرشنا سے

راس کماری تک پھیلی ہوئی تھیں) ہندوؤں کی تین پُر زور سلطنتیں قائم ہوگئیں جن کے نام یہ ہیں :—

(۱) چول۔ (۲) چیرا۔ اور (۳) پنڈیا۔

جزیرۂ سراندیپ یا لنکا جزیرۂ سراندیپ بھی، ابتدا ہی میں ہندو سوداگروں کا گذرگاہ ہو گیا تھا۔ وہاں کی بیش قیمت پیداوار کی طمع اُنھیں وہاں کھینچ لے گئی۔ اور پھر عام لوگ بھی بتدریج اِس ٹاپو سے واقف ہوتے اور وہاں جاکر آباد ہوتے گئے

بنائے سلطنت کی نسبت یہ روایت بیان کی جاتی ہے کہ تقریباً سنہ ۵۰۰ء سے پانچسو برس پیشتر مگدھ دیش کے راجہ سنگھ باہو کا بیٹا (جسکا نام وجے تھا) کسی بے اعتدالی اور بے عنوانی کے سبب سے باپ کے حضور سے نکال دیا گیا تھا۔ وہ سمندر کی راہ سے جزیرۂ مذکور میں آیا۔ اور اُسکو فتح کرکے ایک شاہی خاندان کی بنا ڈالی

الغرض، سنہ عیسوی سے پانچسو برس پیشتر ہی تک سارا ہندوستان (جنگل اور پہاڑ چھوڑکر) پورے طور پر ہندوؤں سے آباد ہوگیا۔ اور صرف آباد ہی نہیں ہوا، بلکہ اُن آباد قطعات میں، اُن کی بڑی بڑی اور قوی قوی سلطنتیں قائم ہوگئیں۔

مگدھ دیش کے مزید حالات اِن سلطنتوں میں مگدھ دیش کی سلطنت طاقت و شہرت کے اعتبار سے، سب سے زیادہ ممیز و ممتاز تھی۔

یہاں کے راجے اکثر اوقات ہند کے بڑے بڑے زرخیز خطوں کے مالک رہے ہیں

یہاں کے حکمراں، ہندوستان کے اور اَور فرمانرواؤں کی بہ نسبت زیادہ تر، آزاد خیال، وسیع الاخلاق، روشن ضمیر، انسان دوست، زمانہ شناس،

مصلحت بین اور مآل اندیش ہوئے ہیں۔

اُن کو مغرب کی بہتیری نام برآوردہ سلطنتوں (مثلاً:۔ یونان اور بابل وغیرہ) کے ساتھ اکثر دوستانہ برتاؤ رہا ہے۔

پاٹلی پتر راجگڑھ تھا۔ اور پھر پاٹلی پتر (پٹنہ) کو منتقل ہوگیا، جن کے مزید حالات آگے چلکر معلوم ہونگے۔

ہم کو تاریخی حالات اِس سلطنت کے دوسری دوسری سلطنتوں کی نسبت کچھ زیادہ معلوم ہوئے ہیں جو ذیل میں لکھے جاتے ہیں۔

(باقی آیندہ)

سنڈا۔ پوسٹ آفس عطا سرائے پٹنہ
۳۱۔ جون ۱۹۰۷ء

خاکسار ویانت حسین عفی عنہ۔
وظیفہ خوار دولت انگلشیہ

کالج کے متعلق خبریں

نواب سر محمد فیاض علی خاں صاحب کو۔ کے۔ سی۔ آئی کا خطاب

ہمکو نہایت خوشی ہے کہ ہمارے کالج کے معزز پریسیڈنٹ اور اس ضلع کے نامور رئیس نواب سر محمد فیاض علی خاں صاحب سی۔ ایس۔ آئی رئیس پہاسو کو پچھلی سالگرہ کے موقعہ پر۔ کے۔ سی۔ آئی۔ ای کا خطاب ملا نواب صاحب موصوف کا خاندانی اعزاز اُن کی ذاتی خوبیاں اور قومی کاموں میں دلچسپی اور فیاضی اِسی کی مستحق تھی کہ گورنمنٹ کیطرف سے اِس قسم کی عزت افزائی ہو۔ ہم نواب صاحب موصوف کو اُن کے جدید اعزاز پر مبارکباد دیتے ہیں۔

حاجی عبدالشکور خاں صاحب کا انتقال پُر ملال۔

ہم نے نہایت افسوس کے ساتھ سُنا کہ کالج کے پُرانے ٹرسٹی اور اِس ضلع کے معزز رئیس حاجی محمد عبدالشکور خاں صاحب رئیس بھیکم پور نے ۲۰۔ جولائی ۱۹۰۸ء کو حج سے مراجعت کرتے ہوئے بمقام جدّہ

انتقال کیا۔ مرحوم ایک باوضع پرانے رئیس تھے۔ حکام اور اہل ضلع سب انکا احترام کرتے تھے۔ سرسید مرحوم اس ضلع کے رؤسا میں نواب سر فیض علی خاں مرحوم کے بعد اُن کی سب سے زیادہ عزت کرتے تھے، ہر کار خیر کے لئے اُنکا دست کشادہ تھا۔ اور مدرسۃ العلوم کے ابتدائے زمانہ سے بڑے معاون تھے خدا اُن کو غریق رحمت کرے۔ اور پس ماندوں کو اُنکا عمدہ جانشین ہونے کی توفیق دے

ڈاکٹر ضیاء الدین احمد کا دورہ۔ تعطیل گرما میں ڈاکٹر ضیاء الدین احمد صاحب روہیلکھنڈ و اودھ و بھوپال کا دورہ کرینگے اور کنڈر کارٹن سسٹم پر لکچر دینگے

گورنمنٹ کی امداد صیغۂ تعلیم نسواں کو۔ گورنمنٹ صوبہائے متحدہ آگرہ و اودھ نے زنانہ نارمل اسکول علیگڈھ کی تعمیر کے لئے مبلغ پندرہ ہزار روپیہ نقد صیغۂ تعلیم نسواں کو عطا فرمایا اور وعدہ کیا کہ اس سکول کا نصف خرچ مبلغ ۱۵۰ روپیہ ماہوار تک ادا کریگی

حضور بیگم صاحبہ بھوپال کی فیاضی بیگم صاحبہ بھوپال نے مبلغ پانچہزار روپیہ نقد صیغۂ تعلیم نسواں کو اس غرض سے عطا فرمایا ہے کہ تعلیم نسواں کے لئے سلسلہ وار کورس کی کتابیں تالیف کی جائیں بیگم صاحبہ موصوف جو نہایت علم دوست و روشن خیال فرمانروا ہیں اور اس صیغہ کو مبلغ سو روپیہ ماہوار کی امداد پیشتر سے دیتی ہیں، ہر طرح شکریہ کی مستحق ہیں۔

گرمی کی بڑی تعطیل۔ یکم اگست ۱۹۰۷ء سے کالج واسطے تعطیل موسم گرما بند ہوگا اور ۱۱ نومبر ۱۹۰۷ء کو کھلیگا۔ مسٹر ارچبولڈ پرنسپل اور مسٹر ریس ہیڈ ماسٹر ولایت تشریف لیجائینگے اور باقی یورپین پروفیسر بجز مسٹر لیسن کے جو بیمار ہو کر منصوری چلے گئے ہیں، کشمیر جائینگے۔

ڈیوٹی ڈیپوٹیشن۔ اس سال ڈیوٹی کیطرف سے ڈیپوٹیشن مذکون۔ ممالک متوسط اور صوبہائے متحدہ آگرہ و اودھ میں دورہ کرینگے۔

(مطبوعۂ ریاض ہند پریس علیگڈھ)

very nice game this day too. They made several attempts and in everyone of them when they were nearly to shoot a goal they were sent back by the referee being off side. At last in the end after very many unfruitful attempts from our opponents we lost one goal in their favour. Here we finished our matches in Calcutta.

In conclusion I must say that there our defeats were wholly and solely due to our usual disadvantage in having to play on grass. I can remark with a safe conscience that our game was in every way superior except in dodging but we could not beat them simply because we could not keep ourselves steady on the lawn.

On behalf of my team and myself I beg to lay our most hearty thanks before Prince Gholam Mohammed and Mirza Shojaat Ali Beg Sahib. We spent an excellent morning with the Prince at a breakfast and received a handsome donation from Mirza Sahib. I have also to thank our friend Moin-ud-Din Mirza for his nice entertainment. I would like to advise my successor to take the team again to Calcutta next year because we cannot find a better game elsewhere. In the end I again thank our hosts for their kind entertainment.

TASADDUQ AHMAD.

Captain.

C. C. M. Press,—Cawnpore.

ed by the club and partly by the kindness and generous help of some donors whose names with thanks I shall publish later on. Unfortunately five of our very good players left the College last year and thus we could not muster a very good team and leaving Aligarh on the 25th of May last we reached Calcutta on the 27th and put up there in a very nice and comfortable house of our host Haji Ahmed Karim Arif. Our most sincere and hearty thanks are due to him and his brothers Messrs Solaiman Arif and Yakub Arif whose fatherly care and friendly intercourse we shall ever remember. We could not play any game for two days. On the 30th we played our first match *vs.* Zanorion Association. The ground was covered with thick grass. They kicked off and in five minutes our centre scored one goal. The half time was called without any score from either side. After a few minutes in the second half our own men shot two goals one after another for our opponents which totally depressed our team. Masud tried up to the last to equalize but in vain. In this match our centre half Noorulla got severly hurt in the second half of the game. The next day we played against Muslims. This game was rather interesting. Both the sides were struggling hard but could not score and till when there were only 3 minutes to time, the referee blew the whistle for foul against us. Their left in put the ball right into the goal, our goalkeeper got hold of it but was pushed with it into the goal ; thus we lost the match by 1 to nil. In this match Raza and Karim were severely injured. On the 31st of May and 2nd of June our fixture was with the Medical and Sibpur Colleges respectively, but they could not play—Medical on account of some unforeseen circumstances and Sibpur on account of evening storm. On the 3rd of June we played with a stronger team E. B. S. R. and Telegraph combined. Our members made a very good show specially Masud, Raza, Iqbal and Mushtaq who not only in this match but throughout played a very nice game. Iqbal the conspicuous figure in the defence received a severe knock and could not play in the next match. Masud had a clear run from the centre and shot a goal but soon after they equalized and half time was called without any further score from either side. After a few minutes in the second half, Raza, scored a goal by a very nice put from the corner but unfortunately we lost this game too owing to two consecutive penalties against us. On the 5th we played against the Nationals. This was the strongest of all the teams we encountered there and to our great disadvantage our right half Abdur Rahman was seriously hurt as soon as the match began and could not play for the rest of the time. Raza and Masud played a

VOLUNTEERS.

Brett, *b.* Salam	...	0
Schaefer *b* Shafqat	...	4
Plomer *b* Shafqat	...	0
Capt. Barlow, *c.* Raza. *b.* Salam	...	8
F. Richardson, *c.* Taqi, *b.* Shafqat	...	6
Phipps, *b.* Salam	...	6
E. Blunt, *b.* Salam	...	24
Weston, *b.* Shafqat	...	0
O'Brien, *b.* Shafqat	...	3
Sevenoakes *not out*	...	0
McGinn, *run out*	...	0
Extras	...	7
Total	...	58

BOWLING ANALYSES.

		O.	M.	W.	R.
E. Blunt	...	19	nil	3	75
Phipps	...	19	nil	5	53
McGinn	...	5	nil	nil	20
Weston	...	7	nil	nil	19

M. A. O. COLLEGE.

		O.	M.	W.	R.
Salam	...	8	1	4	22
Shafqat	...	7	nil	5	29

SALAM-UD-DIN,
C. Captain.

The Football Eleven in Calcutta.

Our victory in Southern India last year led us to make a tour to Calcutta where it is said Association Football is at its best. Owing to the shortness of funds this our earnest desire was delayed till last May when we started partly support-

Syed Hasan,	*Run out*	... 18
Ahmad Ali,	*Run out*	... 34
Rahatullah, *c.* Barlow, *b.* Stockwell		... 5
A. Haleem, b. Walters		... 3
A. M. Taqi, *l. b. w. b.* Walters		... 0
Ishaque,	*Run out*	... 4
Samad,	*Not out*	... 35
Alay Hasan, *c.* and *b.* Walters		... 14
Extras		... 13
	Total ...	146

Did not bat.

BOWLING ANALYSIS.

NAINI TAL.

	1ST INNINGS.				2ND INNINGS.			
	O.	W.	R.	M.	O.	W.	R.	M.
Walters ...	16	3	61	nil	1	1	6	nil
Shipley ...	7	1	25	nil	...	...	...	...
Stockwell ...	4	1	18	nil	...	...	...	..
Wilson ...	9	nil	29	1	1	nil	4	nil

M. A. O. COLLEGE.

	1ST INNINGS.				2ND INNINGS.			
	O.	W.	R.	M.	O.	W.	R.	M.
Salam ...	14	5	15	3	14	2	22	4
Shafqat ...	15	5	34	2	19	4	34	4
Rahatullah ...	2	nil	2	1	4	1	9	1
Samad ...	1	nil	4	nil	8	2	26	nil

2ND MATCH.

M. A. O. COLLEGE.

Raza, *c.* and *b.* Phipps	...	4
Shafqat, *c.* and, *b.* Phipps	...	51
Salam-ud-Din, *c.* Weston, *b.* Phipps	...	6
Syed Hasan, *not out*	...	60
Ishaque, *c.* Weston, *b.* Blunt	...	14
Ahmad Ali, *l b. w. b.* Blunt	...	18
Haleem, *b.* Phipps	...	2
Rahatullah, *Run out*	...	10
Samad, *b.* Phipps	...	2
Taqi	...	did not bat.
Alay Hasan ...	...	did not bat.
Extras	...	18
Total	...	184

Our next fixture was a one day game with the Volunteers. This team was very weak. Only Mr. E. Blunt could make double figure getting 24 to his credit out of a total of 58 runs. Mr. Phipps bowled pretty well.

Of our players Syed and Shafqat played very well, scoring 51 and 60 not out. Our total was 184 for 8 wickets.

Before I conclude I think it my duty to thank most heartily Haji Ismail Khan Sahib Rais Datavli, for his very kindly arranging for our boarding and lodging. He did his best to make us comfortable. My specially thanks are due to Mrs. and Mr. Cairy who took special interest in us and very kindly entertained us to a tea party.

The following are the scores :

Naini Tal Gymkhana.

1st Innings.		2nd Innings.	
Capt. Strafford, *b.* Salam ...	0	*c.* Raza, *b.* Shafqat...	29
Capt. Wilson, *b.* Shafqat ...	10	*b.* Salam ...	0
Muttra Dutt *Not out* ...	18	*Run out* ...	27
Ram Lal, *b.* Salam ...	5	*c.* Taqi, *b.* Samad ...	4
Capt. Barlow, *c.* Samad, *b.* Salam ...	5	*b.* Samad ...	7
T. M. Holmes, *c.* Taqi, *b.* Salam	7	*b.* Rahatullah ...	3
Shipley, *c.* Taqi, *b.* Salam ...	0	*b.* Shafqat ..	6
R. F. Hibbert, *b.* Shafqat ...	0	*b.* Shafqat ...	0
P. Walters, *c.* Taqi, *b.* Shafqat	7	*Not out* ...	3
F. A. Walkins, *b.* Shafqat ...	0	*b.* Shafqat ...	4
L. C. Stockwell, Shafqat ...	0	Stumped (Syed) *b.* Salam	3
Extras .	7	Extras ...	9
Total ...	60	Total ..	95

M. A. O. College.

1st. Innings.		2nd Innings.	
Raza, *Run out* ...	4	*Not out*	6
Shafqat, *c.* and *b.* Shipley ...	1	*b.* Walters	5
Salam, *c.* Muttra Dutt, *b.* Walters ...	15	*Not out*	

manner, and with little gathering, as people are quite tired and very little energy is left in them.

It is important to note here that only the lower classes and common people have belief in these ceremonies. The middle class who are educated and many of the higher classes hold Majlises to recite elegies as it is done in these provinces also. It seems that these silly beliefs had their origin during the time of the rulers of the Golcunda kingdom. Many of these festivities and ceremonies are of the Hindu origin. This is perhaps the reason why the Hindus take part in these things equally as the Mohammadans.

It is a matter of great satisfaction to see that India is not the same as it was two centuries ago. The Mohammadans are showing signs of regeneration as their co-religionists are doing in other parts of the globe. People are benefiting themselves from Western ideas and education. We have peace and prosperity in the land. It is therefore not idle to think that these superstitions and beliefs will die out with the disappearance of ignorance and false notions from the minds of the people, and the true religion will shine out as it did in the first seven centuries of Hegira.

SYED MOHI UDDIN,

M. A. O. College,

13 June, 1907. *Aligarh.*

Naini Tal Tour.

We started on our hill tour on the 9th of June. Our first match was with the Naini Tal Gymkhana. Seeing the results of the Ranikhet week we expected a strong team to play us, but owing to press of business some of their best players could not turn up.

حُسنِ اتفاق سے، شیخ آذری کے پیر بھائی، سیّد نعمت اللہ کے مُرید مُلّا شرف الدین مازندرانی وہیں موجود تھے؛ مُلّا کو خوشنویسی میں ید طولےٰ تھا۔ اِن دونوں شعروں کو، بخطِ جلی، ایک بڑے پتھر پر نہایت خوشخط لکھا۔ اور تلنگانہ کے مشہور سنگ تراشوں نے کندہ کرکے اُس پتھر کو قصر کے دروازے پر لگایا۔ شیخ کی خوش قسمتی سے ایک دن بادشاہ کی نظر اُس کتبہ پر جا پڑی، پُوچھا "کس کے شعر ہیں"؟۔ شاہزادہ علاء الدین رکاب میں حاضر تھا، عرض کی "شیخ آذری کا کلام ہے"۔ احمد شاہ بہت خوش ہوا۔ شاہزادہ کو شیخ سے دلی خلوص تھا، اِس موقع کو غنیمت سمجھا، التماس کی کہ شیخ کو بمقتضائے حُبّ الوطن، وطن کی لَو لگی ہے۔ اُنکا بیان ہے کہ اگر حضور سے رخصت مرحمت ہو تو نصف حج اکبر کا ثواب نذر دینے کو طیار ہیں"۔ بادشاہ ہنس پڑا، شیخ آذری کو بُلوایا اور خزانچی کو حکم دیا کہ چالیس ہزار تنکہ سفید شیخ کے لئے حاضر کرو۔ تنکہ سفید ایک تولہ چاندی کے برابر ہوتا تھا۔ شیخ کی نظر جب اِن تنکوں پر پڑی، بولے لَا تُحَمِّلْ عَطَایَاکَ مَا لَا تُطِیْقُ مَطَایَاکَ۔ (آپکی بخششوں کو نہیں اُٹھا سکتے مگر آپ ہی کے باربرداری کے جانور) بادشاہ متبسّم ہوا، فرمایا کہ بیس ہزار تنکے راہ خرچ کیلئے اور دیے جائیں، پھر خلعتِ خاص اور پانچ پانچ غلام حبشی و ہندی مرحمت کئے اور اِذنِ رخصت دیا۔ شیخ نے شکریہ میں، عضائری کے قصیدے کا یہ مشہور قطعہ پڑھا ؎

صواب کرد کہ پیدا نہ کرد ہر دو جہان		یگانہ ایزد داد اد بے نظیر و ہمال	
وگرنہ ہر دو جہاں اکفِ تو بخشیدے		اُمید بندہ نماندے بہ ایزدِ متعال	

شیخ آذری جب بارگاہِ سلطانی سے رخصت ہوئے، وعدہ کر گئے کہ زندگی بھر بہمن نامہ کا تتمہ لکھتا رہونگا۔ چنانچہ سال بھر تک جسقدر لکھتے، ہر سال وطن سے دکن بھیجدیا کرتے تھے۔ اگرچہ شیخ کی زندگی ہی میں احمد شاہ کا انتقال ہوگیا مگر یہ جب تک زندہ رہے اپنے وعدے پر قائم رہے۔ چنانچہ بہمن نامہ بہمنیہ کے گیارہویں فرمانروا: ہمایوں شاہ بہمنی کے زمانہ تک شیخ آذری کی تصنیف ہے، اُسکے بعد سے اختتام دولتِ بہمنیہ تک اور شعرا: نظیری و سامعی وغیرہ کے ملحقات ہیں۔

شیخ کے انعامِ سلطانی پانے کا حال، اس مضمون میں، تذکرۂ خزانۂ عامرہ، مصنفۂ مولنا سید علی آزاد بلگرامی، سے لکھا گیا ہے۔ مگر اور اصحاب تذکرہ؛ مثلاً دولت شاہ سمرقندی، حاجی لطف علیخاں آذر وغیرہ لکھتے ہیں کہ احمد شاہ نے ایک لاکھ دکنی روپیہ، کہ پچاس ہزار درم کے برابر ہوتا تھا، شیخ آذری کو بطور انعام دیا اور چاہا کہ شیخ شکریہ میں بادشاہ کو سجدہ کریں، مگر شیخ نے نہ انعام لیا نہ سجدہ کیا۔ دونوں روایتوں کے تطابق کے لئے یہ ممکن سمجھا جاسکتا ہے۔ کہ سجدہ نہ کرنے اور انعام نہ لینے کا واقعہ کسی اور موقع پر ہوا ہو، وقتِ رخصت نہوا ہو، کیونکہ اِن اصحابِ تذکرہ نے موقعِ انعام کا ذکر نہیں کیا ہے، اور انعام کی تعداد میں بھی فرق ہے۔

بہرکیف، اِس میں شک نہیں کہ شیخ کے مزاج میں حرصِ جاہ اور طمعِ دنیاوی مطلقاً نہ تھی، قناعت اور بے نیازی بغایت تھی۔ ایک اور موقعہ پر جس کا اکثر تذکرہ نویسوں نے ذکر کیا ہے، شیخ نے روپے واپس کئے ہیں:-

سلطان محمد بایسنقر نے جب عراق کا عزم کیا۔ شیخ آذری کی زیارت کو آیا۔ شیخ نے عدل و انصاف کے متعلق چند نصیحتیں کیں۔ بایسنقر کو نہایت اعتقاد ہوا براہ عقیدت تھیلی بھر اشرفیاں نذر دیں۔ شیخ نے قبول نہ کیا اور یہ شعر پڑھا ؎

زر کہ ستانی و بر افشانیش	بہتر ازان نیست کہ نستانیش

القصہ شیخ آذری، ہندوستان سے وطن جاکر تیس ۳۰ برس تک خانہ نشین رہے۔ ۸۲ برس کی عمر پائی۔ اور سنہ ۸۶۶ ہجری میں انتقال کیا۔ خواجہ احمدی ستوفی نے یہ قطعہ تاریخ لکھا ؎

دریغا آذری شیخ زمانہ	کہ مصباح وجودش گشتہ بی ضو
چراغ دل بمصباح حیاتش	بانوار حقائق داشت پرتو
چو او مانند خسرو بود در شعر	ازان تاریخ موتش گشت خسرو ۸۶۶

شیخ آذری، اسفرائن ہیں، اپنی خانقاہ میں مدفون ہوئے۔ وفات کے سال، اپنی کل املاک کو صلحا و زہاد و فقرا و طلبا کے مصارف کے لئے شیخ نے اپنی خانقاہ میں وقف کر دیا تھا۔

شیخ کی تصنیفات :۔

بہمن نامہ تاریخ ہمایون شاہ بہمنی، تاتمۃ الکبریٰ، جواہر الاسرار، سعی الصفا، ظفرنامہ ہمایوں، عجائب الغرائب، عجائب الدنیا، عجائب الاعلے، کلیات قصائد و غزل،

شیخ کے شاگردوں میں طالب جاجرمی مشہور شاعر گزرا ہے۔ طالب نے اکثر شیخ سعدی علیہ الرحمۃ کی غزلوں پر غزلیں جواباً لکھی ہیں۔ مناظرۂ گوے و چوگان ایک مثنوی بھی اُسنے اپنی یادگار چھوڑی ہے۔ جسکو شیراز میں تصنیف کرکے عبداللہ بن ابراہیم سلطان کے نام سے معنون کیا ہے۔

افسوس کہ یہ رشید شاگرد، اُستاد کی زندگی ہی میں ۸۵۴ھ ہجری میں مرگیا۔

شیخ آذری کے معاصرین:۔

خواجہ فخرالدین اوحدی مستوفی، مولنا حسن سلیمی، امیر شاہی، مولنا علی شہاب ترشیزی وغیرہ تھے۔

ازانجلہ علی شہاب ترشیزی اور شیخ آذری میں اکثر مناظرہ و مشاعرہ ہوا کرتا تھا۔ چنانچہ ایک دن شیخ نے یہ رباعی لکھکر مولنا علی شہاب کو بھیجی ؎

سرو فتار ارباب ہنر خواجہ علی ست	ای آنکہ ترا لطف طبیعت ازلی ست
خواہی تو مرا پسند و خواہی مپسند	داند ہمہ کس کہ حمزہ اُستادِ علی ست

حمزہ، شیخ آذری کا نام تھا۔ مولنا نے جواب میں یہ رباعی لکھی ؎

اے حمزہ بدانکہ عرشِ حق جای علی ست	بر کتفِ رسول از شرف پای علی ست
اُستادِ علی ست حمزہ در جنگ، ولے	صد حمزہ بعلم و فضل لالای علی ست

ہرچند مولنا کی یہ رباعی نہایت خوب ہے، مگر چونکہ اُن کا نام علی تھا اور اپنی طرف کنایہ کیا ہے۔ اسلیئے سوء ادب سے خالی نہیں ہے۔ برخلاف اِس کے شیخ آذری کی رباعی میں جو ایہام ہے، اُس میں یہ رکاکت نہیں ہے۔

شیخ آذری کے چند اشعار یہ ہیں:— از قصیدہ

ای برون از عقلِ ما عشقِ ترا رائے دگر	گفتگوی ما ہمہ جائے و تو جائے دگر
صد ہزاران گنجِ الّا اللہ داری در وجود	از دہای لاست بر ہر گنجِ الّائے دگر
ہست در میدانِ میقاتِ کمالِ کبریات	صد ہزاران طور و بر ہر طور موسائے دگر
گر بقدرِ ہمتِ عشاقِ خود سازی مقام	بر ترا از جنّت باید ساخت ماوائے دگر
ہر کسے را از تو در جنّت تماشائے بود	ما نمی خواہیم جز رویت تماشائے دگر
با خریداران بہا کن باغِ جنّت را کہ ہست	مفلسانت را درین بازار سودائے دگر

نعمتِ خوانِ کرم بر ہر کہ خواہی عرضہ کُن
صوفیا نزاہست ازیں خوان ذوقِ حلوائے دگر

نیست عنقائی حزور ادر قدم رہ اے کہ ہست
در پسِ قافِ قدم ہر گوشہ عنقائے دگر

گر چنیں ستان ببازارِ قیاست بگزریم
بر سرِ ہر کُو بر انگیزیم غوغائے دگر

از غزلیات

نہ بُد ہنوز در خلوتِ ازل مفتوح
کہ دستِ عشق تو میزد در سراچۂ روح

خمارِ شامِ عدم در دماغ جانہا بود
کہ رنجتِ مہرِ تو در جامے شرابِ صبوح

لبِ حسد نمکِ روح ناچشیدہ ہنوز
کہ بود شورِ تو در سینۂ و دلِ مجروح

بہ آبِ میکدہ زان پیشتر کہ غسل کنیم
بدستِ عشقِ تو کردیم توبہائے نصوح

گہی بیادِ تو طوفان زاذری بر خاست
کہ بود غرقۂ بحرِ عدم سفینۂ نوح

ایضاً عاشقانہ

جانے کہ داشت کرد فدائی تو آذری
شرمندہ از تو گشت کہ جانے دگر نداشت

اشکباریِ فراق کا اظہار کس لطیف پیرائے میں کرتے ہیں:—

بہ چشمِ آذری خویش در نمی آئی
ترا کہ گفت تماشائے جوبہار سخن

کم رتبہ آدمی کی بھلائی برائی پر نظر نہیں کی جاتی، اس مضمون کو یوں باندھا:—

زہوسِ روزِ شمار، آذری چہ میترسی
تو کیستی کہ دران روز در شمار آئی

ذرا سی تکلیف کے خیال سے جو ڈرتا ہے اُسکا مقصد حاصل نہیں ہوتا اس مضمون کو یوں ادا کرتے ہیں:—

آذری! از گلِ این باغچہ بوئے نہ برند
ناز کانے کہ ز آزردنِ خار اندیشند

ہر چیز کا فیصلہ روزِ ازل ہی میں ہو چکا ہے، کوئی بات سرنوشتِ ازل کے خلاف نہیں ہو سکتی، اسکو فرماتے ہیں۔

کہ داند تا قلم چون رفت در رد و قبولِ ما؟	ہمہ از انتہا پسندد من از ابتدا پسیم

ہر بات خدا کے اختیار میں ہے، کوئی کسی کا کچھ بگاڑ نہیں سکتا۔

گر خصم بے شمار شود، آذری، مترس	آن کس کہ جان ستاند و جان سید ہد یکی ست

دوستوں سے محبت ایسی رکھنی چاہیے کہ مرنیکے بعد وہ اور زیادہ قدر کریں۔

خوش حیاتیست کسے کہ پس از جان دادن	دوستان بر سرِ خاکش بہ زیارت آیند

قطعہ فی الموعظہ

ز حکمت بیاموز ست نکتہ	کہ در ہر دو عالم شوی سرفراز
لباسِ طریقت چو در بر کنے	ز ذلت مرنج و بہ عزت مناز

ہجو

امینائی کاتب، شیخ، کا دیوان لکھتے تھے، اکثر مقام میں کتابت میں غلطی ہو گئی تھی، شیخ نے غلطیاں دیکھیں، نہایت رنجیدہ ہوئے، اور یہ قطعہ فرمایا۔

دیوانِ بندہ را کہ امینا سواد کرد	تنہا درونہ شعرِ مجدد نوشتہ است
از نظم و نثر ہر چہ بطبعش خوش آمدہ	دیوانِ بندہ پُر ز خوشامد نوشتہ است
ہر جا کہ لفظِ بد، مثلاً دید در سخن	دستِ تصرف ہمہ را بد، نوشتہ است
اکنون شریکِ مہترِ دیوان بندہ اوست	زیرا کہ بیشتر سخنِ خود نوشتہ است

خاکسار

محمد ریاض حسن خیال

رسول پور ضلع مظفر پور۔ ۱۹ ستمبر ۱۹۰۷ء

زندگی

از مولوی حامد حسن صاحب قادری متوطن بچھراؤں ضلع مرادآباد

[یہ خیالات مینے ایک انگریزی نظم میں دیکھے تھے انکو کچھ تصرف کرکے اردو نظم کا جامہ پہنا دیا ہے
حامد حسن قادری]

اے زندگی عجیب ترا رنگ ڈھنگ ہے
دنیا کی عقل تیرے سمجھنے میں دنگ ہے

اے زیست ہیچ ہے تجھ میں تماشا عجیب ہے
شادی بعید تجھ سے ہے اور غم قریب ہے

اے زندگی تماشے ہیں تجھ میں ہزار ہا
انداز اور کرشمے ہیں تجھ میں ہزار ہا

اے زندگی ہر ایک ترا کام ہے نیا
آغاز ہے جو طرفہ تو انجام ہے نیا

لیکن جو کوئی تیری حقیقت کو پا گیا
وہ دو جہاں کی نعمت و راحت کو پا گیا

سمجھا نہ جسنے تجھ کو وہ نادان ہی رہا
دنیا کے رنج و غم سے پریشان ہی رہا

جب تک نہ کوئی زیست کے رنج و الم سہے
دنیا کے گرم و سرد کا دکھ اور غم سہے

جب تک پڑے نہ سابقہ خوف و ہراس سے
جب تک نہ کچھ ہو واسطہ امید و یاس سے

جب تک نہ غم گزریں تیرے تماشے نگاہ سے
جب تک گزرے کوئی ترے غم کی راہ سے

جب تک نہ دیکھے تیرے نشیب و فراز کو
ممکن نہیں کہ جان سکے تیرے راز کو

ممکن نہیں کہ چین ملے غم سہے بغیر
شادی نہ ہوگی کلفتِ ماتم سہے بغیر

برداشت دکھ کرو تو ہی سکھ کی امید بھی
کوشش کرو تو دید کی ہو تم کو دید بھی

صدمے سہو تو نام بھی ہوگا جہان میں
محنت کرو تو پاس بھی ہوگا امتحان میں

کوشش کرو جو کھودنے میں دل سے جا تیسے
کچھ شک نہیں کہ لعل نکالوگے کان سے

غوطہ لگاؤ نہیں جو مشقت اوٹھاؤ گے
اسمیں نہیں ہے شک دُرِ یکتا بھی پاؤ گے

سچ تو یہ ہے کہ شادی و غم ساتھ اگر نہ ہوں
دِن زندگی کے لطف سے ہرگز بسر نہ ہوں

اِیذا نہو تو عیش کی راحت کی قدر کیا
راحت اگر نہو تو مصیبت کی قدر کیا

دنیا میں شادماں ہی اگر ہر گھرانہ ہو
اور غم کے نام تک سے کوئی آشنا نہ ہو

دنیا کے نیک و بد سے کسی کو خبر نہ ہو
شادی و غم کے فرق سے واقف بشر نہ ہو

گر مبتلائے رنج و الم اِک جہان ہو
مفقود انبساط کا نام و نشان ہو

لطفِ خوشی سے کوئی بشر بہرہ ور نہو
دِل پر کسی کے شادی و غم کا اثر نہ ہو

ممکن نہ ہو تمیز اسیر و فقیر میں
فرق آئے کارخانۂ ربِّ قدیر میں

اے زیست اِسلئے نہیں تو ایک حال پر
ہے تو کمال پر تو کہیں ہے زوال پر

سلطان اپنے حال میں ہے مست و شادماں
درویش اپنی کھال میں ہے مست و شادماں

اے زیست الغرض تری حالت عجیب ہے
غم ہے ترا عجیب مسرت عجیب ہے

حامد حسن قادری از بچھراؤں ضلع مرادآباد۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

تاریخ پنجاہ سالہ دہلی ۱۸۵۷ء سے ۱۹۰۷ء تک

اپنا عرضِ حال۔

میں دہلی میں پانچ پیڑھی سے رہتا ہوں، اِس میں شاہانِ تیموری کی اولاد کی تعلیم و تربیت کا شرف میرے آباؤ اجداد کو حاصل رہا ہے، یہ میری خوش نصیبی تھی کہ میں اپنے اس خاندان میں اور دنیا کے اِس بڑے نامور شہر میں پیدا ہوا اِس میں پلا۔ بڑا بوڑھا ہوا۔ اور آدمی کو جو بڑے شہر میں پیدا ہونے سے فائدے

حاصل ہوتے ہیں وہ تھوڑے بہت مجھے بھی حاصل ہوئے، اسکی آب و ہوا نے کبھی کسی مرض کے اُلجھیڑے میں پھنسایا نہیں، ساری عمر صحت کامل عطا کرکے زندہ دل و خوش باش تازہ و توانا رکھا، چھترویں سال کی عمر میں مُردہ دل نہیں بنایا، نہ کسی ہوش و حواس میں خلل آنے دیا۔ اسی کے کالج مرحوم کے بے مثل و نظیر اساتذہ کامل پروفیسر آرنلڈ اور مولوی انام بخش صہبائی کی شاگردی سے علوم ریاضیہ و طبعیہ و ادبیہ سے کچھ آشنا ہوا۔ اسی کی اُردو زبان نے میری یہ یاوری کی کہ میں نے ایک سو چھپن کتابیں اور رسالوں اور اخباروں میں صدہا مضامین یہ سب تقریباً ساٹھ ہزار صفحوں میں چھپوا کر شائع کئے۔ منجملہ اُن کے دلی کے سلاطین اسلام کی تاریخ ہے، جسکے بغیر ایشیا کی تاریخ جسم بے جان و پوست بے مغز ہے۔ چھ سات ہزار صفحے اسکے سیاہ کئے اور اُسکے غدر ۱۸۵۷ء کی تاریخ، جسکے بدون تاریخ بغاوت ہند تن بے سر و سر بے مغز ہے، تحریر کی، جسکے صدہا صفحے ہیں۔ اسکی بود و باش نے یہ ہمت بندھوائی کہ اس عمر ہفتاد و پنج سالہ میں کرزن نامہ کو لکھکر اپنی تاریخ برٹش انڈیا کی اُسکی ابتدا سے سنہ ۱۹۰۱ء تک تکمیل کی، جسکے پانچ ہزار کئی سو صفحے پہلے لکھ چکا تھا، جس میں، میں نے بڑے بڑے مؤرخوں کی مستند و معتبر تاریخوں سے مضامین اخذ کرکے اپنی زبان میں نقل کئے تھے۔ اب میں اپنے وطن عزیز کی تاریخ بہ چشم خود دید لکھتا ہوں، کہ غدر ۱۸۵۷ء سے لیکر ۱۹۰۷ء تک پچاس سال کے اندر دلی کے ہر طرح کے حالات میں غدر کے سبب سے کیا خاص انقلابات اور زمانے کے اقتضا سے کیا تمام تغیرات واقع ہوئے کہ جسکے سبب سے پرانا شہر نیا شہر ہوگیا۔

اگرچہ یہ تغیرات ایسے واقعات عظیمہ نہیں ہیں کہ وہ کوئی بڑی تاریخی وقعت رکھتے ہوں لیکن وہ دنیا کے ایک مشہور نامور شہر کے واقعات ہیں جو ہرگز فراموش نہیں ہونے چاہئیں، بڑوں کی چھوٹی باتوں کو بھی نہیں بھولنا چاہیے اُن کی چھوٹی باتوں میں بھی بڑی باتیں ہوتی ہیں۔ ہر تغیر کے ساتھ ایک تمہیدی مضمون لکھا ہے، جس سے چھوٹی بات

بھی بڑی بات ہوگئی ہے۔ یہ مضامین تغیرات کی اصل کو قوانین نیچر کے موافق بتاتے ہیں، یا عجب طرح کی آگاہی دیتے ہیں۔ مجھے اس تاریخ کے لکھنے میں بڑی آسانی تھی، کہ کورا کاغذ سامنے رکھا تھا، قلم ہاتھ میں اور دوات قلمدان میں تھی، واقعات دماغ میں تھے۔ بغیر کسی کتاب کے مطالعہ کی محنت اُٹھانے کے بلا تکلف لکھتا چلا گیا اور اپنے دل کو خوش کرتا گیا کہ میں اپنے وطن کا حق ادا کر رہا ہوں، جو مجھ پر واجب الادا تھا۔

اس تاریخ کو تین بابوں میں تقسیم کیا ہے، اوّل باب میں اسکے فزیکل یعنی مادّی تغیرات لکھے ہیں، جسمیں اسکی عمارات اور سڑکوں و نہروں وغیرہ کے حالات بیان کئے ہیں کہ غدر سے پہلے اِن کی صورت کیا تھی اور اب کیا ہے۔ باب دوم میں۔ پولیٹکل یعنی گورنمنٹ کے انتظامات مالی و دیوانی و فوجداری کے تغیرات کہ پہلے کیا تھے اور اب کیا ہیں۔ باب سوم میں مورل یعنی اخلاقی و تمدنی و معاشرت کے تغیرات کہ پہلے کیسی تعلیم و تہذیب و اخلاق و اضلاع و اطوار تھے اور اب کیسے ہیں۔

باب اوّل

(فزیکل یعنی مادّی تغیرات)

غدر کا پہلا تغیر کہ جسنے شہر کا نام شاہجہاں آباد اُڑا دیا۔

غدر کے تغیرات کی پہلی بسم اللہ یہ تھی کہ اُسنے شہر کا نام شاہجہاں آباد حرفِ غلط کی طرح حک کر دیا۔ جو شخص سکا قائل نہیں وہ عاقل نہیں کہ دنیا کا ایسا مشہور شہر ہے کہ جسکے ہم عمر و ہم عصر روئے زمین پر چند ہی شہر زندہ ہونگے کہ انقلاباتِ دہر نے اُن کو مُردہ نہ کیا ہوگا۔ اسی شہر میں یہ اعجاز و سحر ہے کہ وہ بوڑھا ہو کر پھر اپنے تئیں جوان بنا لیتا ہے۔ جب کبھی انقلابات اور حادثاتِ روزگار کی کالی گھنگھور گھٹا نے اسکے رُخِ روشن پر تاریکی کی نقاب ڈالی تو اُسکے آفتابِ اقبال نے نصف النہار پر چمک کر اپنی تیز شعاعوں

سے اُسے چیر پھاڑ کر پرے ہٹا دیا۔ جیسا مہر و ماہ پر کسوف و خسوف لگنے سے داغ نہیں لگتا ایسے ہی اِسپر آفات کے نازل ہونے سے کوئی دھبا نہیں پڑتا۔ جیسا آفتاب نئے نئے موسموں کی بہار دکھانے کے لئے اپنے بُرجوں میں مقامات بدلتا ہے اور اسکی رفعت و اعتلا میں ذرا فرق نہیں آتا ایسے ہی دہلی اپنے مکانات بدل بدل کر اپنی نئی نئی بہاریں دکھاتی ہے اور اپنی شان و شوکت کو ہاتھ سے نہیں جانے دیتی۔ جب آفات عظیمہ اسکو اپنی جگہ پر ستاتی ہیں تو وہ اپنے ہمسایہ میں تھوڑی دُور کھسک کر پھر آباد و شاد بیٹھ جاتی ہے۔

اُسکی اِس قدامت کو دیکھئے کہ وہ راجہ یدھشٹر کی راجدھانی تھی اپنا پیارا نام اِندر پرست رکھتی تھی جب وہ اندر کی استھان تھی تو اندر کا اکھاڑا اور سرگ کیوں نہ ہوگی پھر اُسنے ہندوؤں ہی کے راج میں اپنا نام اندر پرستھ سے بدلکر دِلّی رکھا۔ ہندوؤں کی پُرانی سنسکرت کی پشتکوں میں جو دِلّی کے اوصاف لکھے ہیں اُن میں سے کوئی ایک بھی ایسا باقی نہیں رہا جو اُسکی بزرگی اور تقدس کو یاد دِلاتا ہو۔ مُرورِ دُہور نے اُن سب کو مٹا دیا نہ ہندوؤں کی کوئی شاہانہ عمارت ایسی ہے کہ وہ اُنکی سلطنت کی صولت و سطوت کو دکھائے، نہ کوئی اُنکا مندر و تیرتھ ایسا ہے کہ اُن کے مذہب و ملت کی شان و عظمت بتلائے۔ صرف ایک راے پتھورا کے قلعے کے کھنڈر باقی ہیں جو اپنی استواری و گُنگی کو گُنگی زبان سے بتلاتے ہیں (اِس قلعہ کے نام پر مجھے اپنے اُستاد صہبائی مرحوم کا یہ کہنا یاد آگیا کہ خاقانی و انوری کا کلام متانت میں راے پتھورا کا قلعہ ہے اور نظیری و عرفی کا کلام نزاکت میں لال قلعہ ہے) دوسرا نگم بودھ کا گھاٹ ہے جو کبھی کسی زمانے میں وید پڑھنے کے لئے وید کے وِدھیارتیوں کا پاٹ شالا تھا، اب وہ مرگھٹ میں، مُردوں کے لیجانیکا راستہ بتلاتا ہے کبھی اِس میں ہوم کے شعلے اُٹھتے ہونگے جس سے ہندوؤں کے دل روشن ہوتے ہونگے۔ اب اُس میں مُردوں کی ہڈیوں کے

دھنوئیں اُٹھتے ہیں جو آسمان کو سیاہ رو بناتے ہیں۔ کبھی وہ تیرتھ تھا جاتری آتے ہونگے اب تو وہ تیرتھ مانا نہیں جاتا مگر اب تک یہ اُسکے تقدّس کا اثر ہندوؤں کے دلوں میں چلا جاتا ہی کہ وہ یہ جانتے ہیں کہ مُردہ یہاں تھوڑی سی لکڑیوں میں جلکر خاکستر ہوجاتا ہے اور وہ بیکنٹھ میں سیدھا چلا جاتا ہے۔ سوم نیلی چھتری ہے وہ کوئی پرستش گاہ نہیں ہے وہ جمنا کے کنارے پر ہے ۱۹۰۰ء میں جسکے خوشنما پتھروں کے لئے ڈائرکٹر آرک اولوجی کل کی یہ تجویز تھی کہ وہ اُکھڑکر میوزیم کلکتہ میں رکھے جائیں، لیکن اُسکے اندر مندر تھا۔ اِسلئے ہندوؤں نے پتھروں کو اُکھڑنے نہ دیا جو اُکھڑے تھے اُن کو واپس لیکر پھر جمو دیا یہ جمنا کے دیکھنے کیلئے نہیں ہے بلکہ پوجنے کے لئے۔ مگر وہ دہلی سے کچھ مخصوص نہیں ہے اسکا تو سارا طول اوّل سے آخر تک پُجتا ہے۔ یہ تعجب کی بات نہیں ہی کہ متھرا اور بنارس کی طرح دلّی میں ہندوؤں کا نہ کوئی مندر ہے نہ کوئی تیرتھ ایسا ہی کہ وہ اُنکا قبلہ و کعبہ بنتی اور دُور دُور ملکوں سے جاتریوں کو بُلاتی اِس کی وجہ ظاہر ہے کہ یہاں پر سری کرشن نے جنم نہیں لیا کہ وہ متھرا پوری کیطرح پُجتی وہ شیوجی کی پوری بھی نہ تھی کہ کاشی جی بنکر پرستش گاہ بنتی۔ اب تو وہ تجارت کا تیرتھ ہے کہ ہندو تاجر اُسکے نرائن کو دُور دُور سے آتے ہیں بجائے اسکے کہ اُسپر کوئی نذر بھیٹ چڑھائے خود نذر بھیٹ اُس سے لے جاتے ہیں۔

جب دلّی میں سے ہندوؤں کا راج گیا تو اُن کی جگہ مسلمان براجے اُن کے جے جے کارے مدّتوں تک پکارے گئے اُن کی وہ دار السلطنت بنکر سارے ہندوستان کی دل بنی۔ جیسے دل کا اثر سارے جسم میں استیلا رکھتا ہے ایسا ہی دِلّی کا اثر کُل ہند میں استعلا رکھتا تھا وہ دار السلطنت کے علاوہ اُنکی دار العلم بھی بنی جسکی تہذیب و تعلیم کی شعاعوں نے سارے ملک کو منوّر کیا۔ اِس میں نئے نئے بادشاہوں اور شہنشاہوں نے اپنے ساتھ نئے نئے دار السلطنت بنائے۔ اور اُن میں اپنے عظیم الشان قلعے اور رفیع المکان قصر و محل بنائے جنکے نئے نئے نام یہ مشہور ہوئے۔ کلوکھیڑی۔ فیروز آباد۔

بسیری - جہاں پناہ - تغلق آباد - مگر یہ سب اُجڑ اُجڑ اکر ویران ہوئے - ۴۵ میل کے رقبے میں جابجا اُن کی عمارات کے کھنڈر زبانِ حال سے یہ شعر پڑھ رہے ہیں ؎

پردہ داری میکند بر قصرِ قیصر عنکبوت		بوم نوبت میزند بر گنبدِ افراسیاب

اِن سب شہروں کی بربادی کی مکافات یہ ہوئی کہ اُنکی جگہ پہلے سب شہروں سے زیادہ باشان و شکوہ شاہجہاں آباد آباد ہوا جس کے بنا کی تاریخ اور اُسکے بانی کا نام اِس مصرعہ سے معلوم ہوتا ہے ع - شد شاہجہاں آباد از شاہجہاں آباد - اسکی تعریف ۱۰۶۰ھ ۱۶۵۰ء میں یہ شعر زبان زدِ خلائق ہوا -

کسے را زندگانی شاد باشد		کہ او در شاہجہاں آباد باشد

گو اِس شہر پر کئی دفعہ سخت حادثات واقع ہوئے مگر وہ اپنی جگہ سے نہ ہلا نہ ٹلا نہ اُجڑ کر پرانی دِلّی بنا - شاہ عالم شہنشاہِ دہلی کے زمانے میں اسیرِ فلاکت اور نکبت کے ایسے آثار نمودار ہوئے کہ سودا نے اسکے حسبِ حال شہر آشوب لکھا - جسکا ایک بند نیچے لکھا جاتا ہے -

جہاں آباد تو کب اِس ستم کے قابل تھا		مگر کبھو کسی عاشق کا یہ نگر دل تھا
کہ یوں مٹا دیا گویا کہ نقشِ باطل تھا		عجب طرح کا یہ بحرِ جہاں میں ساحل تھا
	کہ جسکی خاک سے لیتی تھی خلق موتی رول	

اِسی بادشاہ کے عہد میں خاندانِ تیمور کی بھی سلطنت سدھاری - اِسکی جگہ ۱۸۰۳ء میں انگریزی عملداری آئی - اگرچہ وہ زیب و زینت اور رونق جو شاہان پیشین کے زمانہ میں حاصل تھی اِسوقت جاتی رہی مگر اسکی بجائے انگریزی عملداری آنیسے زیادہ پیچھا اٹھا و مال و جان کی حفاظت اور منصفانہ طریقہ کی حکومت کا ملا - سچ پوچھو تو اِس عملداری سے شاہجہان آباد کے بھاگ جاگ گئے کہ لوٹ کھسوٹ اِسمیں سے گئی، عافیت و راحت آئی - گئی ہوئی رونق پھر اُسمیں آنی شروع ہوئی، معلوم نہیں کسکی نظر اُسکو کھا گئی کہ ستمبر ۱۸۵۷ء

میں غدر کا طوفان وہ برپا ہوا کہ سودا کا شہر آشوب اُسکے حسبِ حال ہوا۔ میں اُسکے ایک ایک بند کو پڑھتا تھا اور اپنے شہر کے حسبِ حال پاتا تھا۔ اِس غدر نے ایسے شہر کو ایسا برباد کیا کہ کبھی پہلے برباد نہیں کیا تھا۔ جب ستمبر ۱۸۵۷ء میں پھر انگریزی عملداری آئی، جسنے اُسکے سارے باشندوں کا سارا اسباب لُوٹ کر شہر بدر کیا، اُنکے پاس سوا ایک بینی اور دو گوش کے کچھ اور نہ تھا۔ سب عورتیں بچے پامالِ مرگ ہوئے، بہتسے مرد پھانسیوں پر چڑھے، بہتسے گولیوں سے مرے مگر قاعدہ ہے کہ ہر قہر کا خاتمہ مہر و رحم پر ہوتا ہے۔ سر جان لارنس، جنکے اہتمام و انتظام سے شاہجہان آباد فتح ہوا اُن ہی کے دل میں خدا نے ایسا رحم پیدا کیا کہ اُنھوں نے اپنے لطف و کرم سے اُسکے دوبارہ بسنے کا حکم دیدیا اور اپنی قوم کو سمجھایا کہ تم جو دہلی کی اینٹ سے اینٹ بجانی چاہتے ہو، یہ سمجھو کہ خدا نے جیسا ہم پر رحم کیا ہے کہ گئی ہوئی سلطنت کو دلا دیا ہے ایسا ہی رحم تم دِلی والوں پر کرو اُنھوں نے دِلی کو اُجاڑ کر پُرانی دِلی نہیں بنایا کہ اُسمیں بڑے کھنڈر ہی کھنڈر نظر آتے جنمیں اُلو بولتے، چمگادڑیں بیٹ کرتیں، ابابیلیں بولتیں، درندے اپنے بھٹ بناتے، اِسطرح شہر تو آباد ہو گیا مگر اُسکا نام شاہجہاں آباد مٹ گیا۔ پہلے اہلِ شہر اپنے تئیں ساکنِ شاہجہاں آباد کہتے تھے، یہی نام دستاویزوں میں لکھاتے تھے۔ اب اُنکی اولاد کو یاد بھی نہیں کہ ہمارے باپ دادا اپنے وطنِ مالوف کو شاہجہاں آباد کہتے تھے، میں خود اپنے تئیں غدر سے پہلے ساکنِ شاہجہاں آباد کہتا تھا۔ غدر کے بعد میں نے پھر یہ نہیں کہا کہتا کس سے کوئی اُسے سمجھتا بھی نہ تھا۔ دہلی کا اِطلاق مدت سے کسی شہر پر نہ ہوتا تھا ملک کے ایک حصے پر ہوتا تھا۔ شہر کے باہر سارے پُرانے دارالسلطنت پُرانی دِلی کہلاتے تھے انگریزی عملداری میں اِسکا اطلاق ضلع پر ہوتا تھا۔ عدالتوں کی چپراسوں اور پہروں پر دہلی کا نام کندہ ہوتا تھا۔ گزٹ میں حکام کا تقرر تغیر تبدل دہلی کے نام سے ہوتا تھا۔ غرض مسلمان دِلی کا نام مٹا کے کوئی مسلمانی نام اسکا ہمیشہ کیلئے قائم نہ کر سکے مگر اسکے نام میں بار ہوتے بڑھاکے دِلی کو دہلی بنایا یہ اُنکے تصرف کی یادگار ہے۔ دِلی کے آدمی اپنی نادانی و نخوت سے اپنے

سر پر چار و ناظر فے آفتیں لاتے ہیں اور اُنسے نکلنے کا رستہ نہیں رکھتے - نادر شاہ کے زمانیمیں اُسکے قتل ہونے کی جھوٹی خبر اُڑائی اور اُسکے قزلباش سپاہیوں کو جنکو اپنی محافظت کیلئے متعین کرایا تھا قتل کر دیا جسکے سبب سے اپنا قتل عام کرایا - غدر میں اپنی نادانی سے باغیونکے ساتھ شریک ہوکر اپنا شہر و دھڑی دھڑی لُٹوایا مگر اس دانی کیساتھ اُنکی عقل و ہنرمندی بھی ایسی ہی ہے کہ وہ اپنے اُجڑے دیار کو پھر ایسا آباد کر لیتے ہیں کہ یہ معلوم ہوتا ہے کہ وہ اُجڑا ہی نہیں تھا -

برٹش گورنمنٹ نے اِس شہر کو اپنا دار السلطنت و صدر مقام و مرکز نہیں بنایا کہ اسمیں وہ رونق و شان و شوکت پیدا ہوتی جو دار السلطنتو میں ہوا کرتی ہے مگر اسکو دار التجارۃ ایسا بنا دیا کہ وہ اب بھی ہندوستان کے نامور شہرونمیں شمار ہوتا ہے - بادشاہ کو کسی شہر کا دار السلطنت بنانا ایسا دشوار نہیں جیسا کہ دار التجارۃ بنانا - دار السلطنت تو صرف اُسکے حکم دینے سے اور اُسمیں اپنی سکونت اختیار کرنیسے اور عالیشان محل و قصر بنانیسے بن جاتا ہے مگر دار التجارۃ بنانیکے لئے اُسکو بڑے سامان تیار کرنے پڑتے ہیں - دہلی جب دار التجارۃ بنی ہے کہ اُسکو اوّل ریلونکا مرکز بنایا ہے - اُسمیں سات لینیں چلتی ہیں اور اُسکی بہت سڑکوں کو درست کیا ہے، دریا کے پُلوں کو بنایا ہے، اور بہت سے سامان جمع کئے - اب اِسمیں دولت تاجروں کے گھرونمیں اتنی جمع رہتی ہے جتنی کہ پہلے بادشاہی کے خزانوں اور امیروں کے گھرونمیں، ریل کے اسٹیشنونپر اِتنے روپیہ کا مال اسباب پڑا رہتا ہے کہ انمیں دو تخت طاؤس شاہجہانی بنتے ہیں - تجارت کی گرم بازاری نے آٹھ سات بنک، اور پندرہ بیس ملین جاری کرا دی ہیں - گو شاہجہان آباد دار السلطنت نہیں رہا اور اُسکا نام بھی مٹ گیا کہ کسیکی زبانپر نہیں آتا مگر اُسکی زبان قلیم سخن میں ایسی کرّ و فر سے فرمانروائی کر رہی ہے جیسے کبھی اسکے شہنشاہ ملک پر فرماندہی کرتے تھے - ہندوستانمیں ایک سو چھ زبانیں بولی جاتی ہیں مگر کوئی زبان اسکی زبانکی برابر نہیں بولی جاتی - ہندوستانکی ہمت میں کوئی شہر ایسا نہ ہوگا کہ اُس میں اس زبان کے سمجھنے والے اور بولنے والے نہ ہونگے اور دو ہی جسکا نام ہم ہی جانتے ہیں داغ - ہندوستانمیں دوم ہماری بہنکی گو شاہجہان آباد کے بادشاہونکی ٹکسالونکے سکّونکا کہیں پتا نہیں مگر اسکی زبانکے ٹکسالی سکّونکا رواج سارے ہندوستانمیں ہے وہی سب سے زیادہ کھرے اور بیش بہا سمجھے جاتے ہیں - ذکاء اللہ -

علیگڈھ کالج کی یاد

جن دنوں گلزار کالج میں کہ تھا اپنا گذر	۱	کیا کہیں کس لطف سے ہوتی تھی واں اپنی بسر
گرم و سرد دہر کی کچھ بھی خبر ہمکو نہ تھی	۲	رہتے تھے آرام و آسایش سے بیخوف و خطر
پلتے تھے گودوں میں ہر دم رہبران قوم کی	۳	کیا کہیں ہم ہائے کسکی لگ گئی ہمکو نظر
ناصح مشفق کی تقریریں ادب آموز تھیں	۴	راہ سیدھی سے بھٹک کر یانوں پڑتا تھا اگر
بلبل رنگیں نوا کیطرح ہم تھے نغمہ سنج	۵	بیٹھتے تھے دوستو نیں ملکے جب باہمدگر
شام کی دلکش نشستیں صبح کے وہ مشغلے	۶	کچھ تو بتلا ہمنشیں وہ کیا ہوئے شام و سحر
شوق علم اب بھی ہی لیکن وہ کتبخانہ کہاں	۷	رات دن جسکی کتابیں رہتی تھیں پیش نظر
شب کو وہ پرجوش بحثیں یونین کی اب کہاں	۸	چھٹ گئیں ہم سے کہ گویا خواب تھا وقت سحر
ساری دنیا کی کبھی خبروں پہ رہتا تھا عبور	۹	اب یہ عالم ہی کہ اپنی بھی نہیں ہمکو خبر
اب کہاں وہ جلسۂ احباب اور انگلش ڈنر	۱۰	ایک کالج کیا چھٹا گویا چھٹے سب بسر
چھٹ گیا وہ دلکشا گلزار ہم سے ناگہاں	۱۱	بنگئے آشفتہ دل اور ہوگئے شوریدہ سر
کیا کیا اے چرخ ہم اس جور کے قابل تھے	۱۲	جی بھی بھر کر دیکھنے پائے نہ تھے اُسکو مگر
لا پھینسا یا ایسے بیگانوں میں ظالم کیا کیا؟	۱۳	ہوگئی جنمیں سراسر زندگی اپنی بتر
ہم سمجھتے تھے یگانہ جنکو اپنے ذہن میں	۱۴	اُنمیں بھی پایا نہ کچھ قومی اخوت کا اثر
عالموں سے اُنکو نفرت لیڈروں سے سو ظن	۱۵	یہ وتیرہ ہوگیا ہے پڑھ کے سب علم و ہنر
گرچہ ہی دعوائے اسلامی دمبدم با انیمہ	۱۶	تختۂ مشق ستم اسلام ہے المختصر
پاس غیرت اور حمیت نام کو جنمیں نہ ہو	۱۷	الحذر از صحبت آن مہربانان الحذر
وائے بر ما گر نباشد در دل ما عشق قوم	۱۸	وای بر چشمے کہ تر باشد نہ از خون جگر
یا خدا آباد دار آن کالج ملجائے قوم	۱۹	باد دائم برقرار آن مہدی شیدائے قوم

فخر الدین احمد - سیوہاروی

the Native States could not stop them. The Birtish troops followed Chitoo defeating his men severally, he was near to being caught, when he was devoured by a tiger, while he was hiding himself in a den to escape the British troops.

There was peace for a time, but Karim Khan being intelligent and tactful, again collected these men round him and performed similar atrocities. He was born at Berasya a village near Bhopal; his father died when he was eight years old. He lived with his uncle till the time when he was employed by a Scindhia and afterwards by a Holkar. Being intelligent and daring he was asked by Amir Khan to join him. Subsequently he married a lady of that branch of Bhopal which settled at Ruthgarh. He was however taken prisoner by the English troops and confessed all that he had done before the Resident. He was pardoned and sent to a village near Gorakhpore, which was given to him by the English. His followers had meanwhile spread themselves and formed into small bands who are known as Thugs and Dacoits. There are certain out of the way and remote places, where even, now, these men are found. Of course they are not so cruel and daring as their forefathers were. Special arrangement is made for the extermination of these men by the Government which is known by the name of Thugs and Dacoits Department. Let us hope that in the near future there will be no such people at all.

———:o:———

C. C. M. Press, Cawnpore.

leaders kept their agents in the different districts. Whenever an expedition was intended, these agents spread the news. The people, having no homes, readily joined the few Pindari bands as their expedition progressed, so their number progressed,because thePindaries in the words of Melcom 'fed upon their own carcasses.' People, who have been looted joined them, because in this way only, they could save what they possessed. Before starting on an expedition, these men, superstitiously consulted the auguress or omens. If unfortunately, the omen was bad they abandoned the scheme, even if the enemies were before them and if, by chance, the omen were bad, they would never raise their hands—not for life ; disregard of an omen was considered as sacriligious. As their number increased capable leaders also came forward. They regularly divided the people in durrah or camps under the leadership of other less capable men. The tactics of warfare were unknown. Daring and valour were their only military assets. They attacked with fury because they had a double motive, firstly greed after plunder, secondly a a passion for distinction in battle which their leaders readily recognized. Urged no by these two motives, nothing on earth could daunt them. Another thing of interest is that they had no recognized leader except in their last days, when they had become unwieldy in number. They placed themselves under "*Lubberias*" "who were not selected for each expedition." The Lubberias marched in front and and may be compared to Harawal of the Rajputs. *i. e.* Vau. When an expedition was made, the Lubberia's moving out with his standard was a sign for march.

They had no tents, no baggage. A soldier had only a long lance, a shield and a sword. The sword was very seldom used, while a footman had only sword and shield or a bow and some arrows. Every Pindari supplied himself with lance, sword and shield and other fighting things and thus uniformity could not be maintained. In this, especially their intangibleness, lay their chief strength. They spread themselves, whenever they were defeated and had no idea of a retreat.

As is said above, the Native States supported these men, but when the British Government subjugated Malwa, they abandoned them. It was a difficult task to subdue these men because, like the Hydra, when an effort was made to crush one head, others arose in its place. Chitoo was their leader at this time. Being adventurous and daring in nature, he had often had raids in the territories surrounding his camps. And

help to their plundering expeditions: they entertained their leaders and in short showed them every possible courtesy. Sometimes they bestowed "*Jagirs*" on them. As said above the early Marahtas had one Poonapah Pindari as their auxillary. It was during the reign of Baji Rao I, that he introduced one Ghaziuddin Pindari, into Central India, by bestowing on him a *Jagir* in Malwa which afterwards came to be the rendezvous of the different Pindari "*Durrahs*" or Divisions.

Malwa at this period was absolutely in a chaotic condition. Baji Rao took advantage of the situation and thought fit to get rid of Ghaziuddin, who was daily becoming strong and a possible block to his ambition, by assigning him a Jagir in that province. Besides this, many other circumstances were favourable to their progress. Malwa is a rich and fertile tableland extending over a vast territory. It, like many other countries, has undergone a sway of several dynasties, which in the end have not been able to influence the people. The country was not a one united whole, but a medly of innumerable petty "*Jagirdars*," who were masters of the souls and property of their people. At the time, like Greece of old, every Jagirdar was termed a Raja, though his territory might not exceed one district of to-day and his army, a handful of badly equiped men. Unlike in interest and having no ties of union these petty states were unable to withstand the plundering expeditions of the Pindaries. The native states, being jealous of one another, sought the help of these men to overthrow their rivals. Thus they sold themselves for lucre to any state who offered them the highest amount and cared nothing about the after results. One of the Holkers had gone even so far as to present a golden flag, known as the '*Zeri*' to one of these, thus recognising their existence.

It is a long and tedious task to trace the career of this band further. After the lapse of a certain period of time, they were formed into regular troops by able leaders. The greatest of them were *Chitoo* and Karim Khan. The former had assumed the title of Nawab Mohomed Khuda-Dad-Khan, Mustaqim Jang. It would be difficult to compare these plunderers, since very little is known of them. But Karim Khan must be given precedence. Although he was not so brave and daring as Chitoo, he was certainly a good and prudent man, not rash. His idea was to carve out a career for his progeny.

The interesting feature in the Pindaries is the mode of their warfare. They were not regular fighters. But the

with the Marahta armies in the reign of Aurangzeb. Notwithstanding all efforts to trace the origin of these men, it is perhaps best to call them obscure freebooters. Various conjectures are made as to the derivation of the term Pindari but the one most becoming is this that *Pind* in the aboriginal language of Malwa, means a 'highwayman' and those men who belonged to this band were known as Pindaries.

Pindaries may be compared to the band led by the condottieri of Italy in the middle ages. Like the Tartars they had neither the means nor the inclination to settle and repose. They came and went over a province, now rich and fertile, like a passing storm of thunder and hailstones, and left the country in a helpless state, quite destitute of everything afterwards. They neither spared children, women, nor aged men—not even unripe fields.

It is a mistake to take them as Marahtas. Marahtas, of course, began by plundering, but they had one aim in view, which they meant to achieve, *viz.*, the escape from the cruel hands of Aurangzeb, as they say, which I have sound reasons to doubt, and other Mahommedan rulers of the Deccan and the establishment of a monarch of their own. They were quite justified in doing so because kingdoms are not made in one day and without zeal energy and a certain feeling of "go up." They take a considerable time to become ripe. Though the Pindaries were like the early Marahtas in character and habit yet there were some essential points of difference. The Marahtas were one tribe; united and animated by the ties of universal brotherhood and prejudices of religion. They were not impelled by a mere sense of plunder and rapine and the ambition of their martial leader. This sense of religion and the common ties of brotherhood gave the Marahtas a union in action as well as in interest. Whereas the Pindaries had no one religion, no ties of brotherhood, not even a spark of national feeling. They did not possess those bands of union which unite men in adversity. They were composed of the men of all lands and all religions.

Such were the people who acquired the chief power in Central India especially in Malwa, though they did not take a deep root there, in the latter half of the 18th and the beginning of the 19th century. As is usually the case with such unprincipled hands that they gain power when backed by some other power, very like them in nature, so actually was it with the Pindaries. The Marahtas found in them a very good

he will not be successful in attaining his object. The appearance of an empty water-vessel implies the same thing. But if instead of one he meets with seven one-eyed men, it does not signify anything. A jackal crossing a man's path ahead of him from right to left forbodes some accident.

There is a superstition about shoes also. If accidentally one of the shoes of a man when he takes them off gets upon the other, he is supposed to be starting upon a journey very soon.

Also you can make certain predictions by means of some strange signs. If one feels a tendency to scratch the palm of one's hands, one is supposed to come into possession of some unexpected wealth. If a man's eyes wink involuntarily and continuously, he believes himself destined to certain loss.

Lastly there is more or less everywhere in India a kind of local superstition, I mean superstition connected with places. In every part there is one place or other of great notoriety. The neighbouring people do not mention its name especially in the morning believing that some unforseen thing would happen to them during the day. A person happens to mention the name, his companions try to take off the bad effect which it portends, by cursing it outright as if it were some living rational being capable of being daunted by their words.

This is a general outline of the whims of the ignorant mass of the people especially of those who are a little removed from cities or towns. But there has been growing a class of men who although they do not absolutely disbelieve anything yet doubt everything. But as long as there is wanting that class of defiant men who will actually by their adventure show their friends that the spirits and ghosts are mere airy nothings and that every exhibition of their superstitious beliefs is but a whimsical caprice, the people will remain as they have been for centuries.

MOHD. ALHASAN.

"The Rise and fall of the Pindaries."

The Pindaries are mentioned by Parishta and they date so far back as 1689, when Poonapah, a Pindari leader, was

A somewhat similar belief of transferring diseases is very common amongst the villagers. They make a small ditch where two paths cross each other, and bury in it leaves of certain plants, and a few pice wrapped in a red cloth, and lay some charm over it. The disease of the man in whose favour it has been prepared is transferred to one who happens to step over it first. This is a practice which does not seem to die out. Such diseases may possibly be cured, of course, but there is no knowing about the traveller in whom the disease has been supposed to be engendered. This above consideration may justify the continuation of this absurd belief.

Another curious fact about bearded men is that whenever any hair of their beard falls off, they are always very particular about cutting it into two.

If you ask them the reason why they do so, they will tell you that it is done to avoid any charm being wrought, for a whole hair is a very easy medium There are other things associated exactly with the same belief.

Indian sportsmen have many superstitions about shooting. It is supposed to be a very bad omen to mention the word knife during a shooting trip so that if the party returns unsuccessful (which the mention of the word implies) the whole blame lies on the man who mentioned the prohibited word. A perfect and presumably old shikari will never go a shooting on Thursday. He believes that if one does not observe this restriction one is to come to grief some day or other.

Many shikaris do not shoot pigeons because tradition has connected them with the conviction that if shot, some instantaneous harm might be done to the shooter. Very black deer are often supposed to be the transformed bodies of genii so that one avoids taking aim at them.

There are many superstitions about omens. The odd numbers 3,13 and 23 are thought to be bad numbers. People take care not to fix the dates of marriages on these dates. I do not understand why the number 13 is so particularly unfortunate as to be notorious everywhere. In England it is also supposed to be a bad number.

If a man when he is going out comes across a one-eyed man, he is sure to mutter and curse him, believing that

Besides this important spirit, they have got other nameless spirits which torment them in various ways. As a rule, the haunts of some of the spirits are supposed to be the river-ghats where the bodies of dead men are burnt. It would be accepted as crucial test of one's courage, if one were to go to any such ghats at midnight and come back safe.

The belief in wood-demons is also common. There are no solitary peepal or banyan trees but are connected with some traditional legends about these spirits.

Many a benighted lonely traveller would relate how he saw a giant form sudenly crossing his path and how he was handled if he had no steel weapon with him or how a tree cracked and the demon vanished into it, if he happened to possess any such instrument. The lower spirits are supposed to be daunted by steel instruments.

Any old large house that has been unoccupied for a time is sure to be haunted by genii. Those vacating their houses take special care to appoint some men to live in them and to see that they are provided every day with light. Genii are supposed to take the form of black dogs or white cats to visit houses especially on Thursday night.

It is also commonly believed that the phosphorescent light is the torch of the lower spirits which is lighted when they hold their uncouth revels.

There is one particular aspect of the credulity of the Indians which applies to some extent even to the moderately educated class. Every sudden death, more or less without any apparent cause, is accounted for as being brought about by witch craft; and if the deceased had any enemies, his family makes no scruple in believing that they were at the bottom of it. Some of the neighbours would very likely relate that he had seen, the other day, a *bán* coming down upon the house of the deceased. *Bán* is a Hindi word which means a rocket. It is supposed that one of the various ways of practising witch-craft is by means of a *bán*, which is prepared by putting in an earthen pot a lighted candle with a mimic man made of flour, with needles pierced in his sides. This whole arrangement flies into the air by the magical power and alights at the destination when shortly afterwards, the desired form is known to have been done.

over supernatural powers. After having been absorbed in this pursuit for a long time, he succeeded—so the tradition says—in securing the forced services of a powerful genius. He prepared a kind of lamp inscribed with charms which when lighted called in his attendant spirit before him.

Now, he could carry out all his desires with the aid of his supernatural servant and consequently he lived a very magnificient life, often extending his bounty to the poor. He returned to his home afterwards where he did not keep his old habits, but began to misuse his power in morally objectionable ways.

One day when he had infringed some terms of their mutual contract the genius killed him in order to get rid of his master, who had made himself such simply by force.

As the death of Sheikh Saddo was an unholy one, his ghost was liberated to do mischief to the people.

So far has been the tradition, so far it is not at all uncommon, in consideration of the numerous similar stories of the oriental mythology. But what especially concerns us here is the firm hold that this belief the ghost has in on the people from that time up till the present. It is a striking feature to note that his ghost instead of haunting the house, actually possesses the people. This constant trouble has led to a method of appeasing the ghost by celebrating annually Sheikh Saddo's day, in which the folk prepare a kind of cake, generally known as Sheikh Saddo's *gùlgùla*. Only those who are already visited by the spirit can safely eat this cake and if any other person ever tastes of it, he ensures the visit of the spirit to himself without fail, so that if he would henceforth live a peaceful life, he is bound to celebrate Sheikh Saddo's day.

So particular is this spirit about its own day being observed, that if any one of its favourites fails to be punctual about the observance-day, the spirit comes to him in full fury and does not leave him unless the family members promise to pay some penalty in the form of more devotion that year.

Every Tuesday and Wednesday, especially in the summer season, crowds of men and women flock at the tomb of Sheikh Saddo which is situated near Amroha, to make sacrifices of goals which are generally known as Sheikh Saddo's goals.

once round its axis. Its outer surface consists of incandescent gaseous mixture, in which violent disturbances often occur. The temperature of the sun is so high that we cannot possibly form an adequate idea of it. It is dissipating heat at a tremendous rate, but is not cooling down apparently. The Sun of today is just as hot as it was some 2 thousand years ago. Several causes tend to keep up the temperature of the sun. It is not possible to enter into the details here. One of the potent causes is the contraction of the Sun. It is contracting at the rate of, roughly speaking, about 2 miles a year.

But as the Sun cannot go on contracting indefinitely time will come when its temperature will begin to fall, till it completely cools down, and ceases to be a source of heat and light to us. That day may be very distant yet (it is calculated that the sun will take some 5 millions of years to cool down completely); but it is sure to overtake us sometime or other ; and long before that day is reached the present form of life would be impossible on this planet.

An account of the Indian Superstitions.

In giving an account of the Indian superstitions one is, of course, apt to look into the different religions of India which are so full of interesting material for such a subject. But this will be beyond the scope of my paper owing to the great diversity of religions, making the description too long. I shall confine myself only to such superstitions as are more or less common to every community and at the same time known to different parts of India.

To begin with, I shall take up Sheikh Saddo. This man was a resident of Amroha, a town in the Moradabad District. It is not exactly known when he lived but probably it was in the 15th century.

Nothing definite, about his early history, is known, until we hear of him as a student of one of the Schools at Jaunpur—then a great seat of learning where people from various parts of India came to receive their education. As a student we hear very little of him, for he was always given to testing the virtue of magic in giving him control

Of the other planets, Mars has two Satellites or Moons, attending it. Jupiter has four (another very small Satellite has recently been discovered) Saturn eight, Uranus, four visible ones, Neptune, one while no Satellites are yet discovered attached to Venus or Mercury.

Besides the above mentioned permanent members of the Solar System, there are some stray visitors to this system. These are the comets. Comets are very small objects; of irregular shape, (not globular like planets or Satellites) but sometimes, very beautiful to look at. They sometimes appear with almost startling unexpectedness, they rapidly swell in size to an extent that in superstitious ages, called forth the utmost terror; and again disappear often never again to return. Sometimes they become permanent members of the Solar System, in which case they revolve round the sun just like an ordinary planet. Many comets are characterised by possessing a long luminous tail, which consists of some very fine gaseous matter in as much as the stars can be seen through it. This tail of the comet increases in length as the object approaches the sun, being longest when the comet is nearest the sun, but always points away from the sun. It seems to be repelled by the sun, while the comet on the whole is attracted. Many comets are without tails and look like ordinery small stars. Many of these are caught by the sun and the planets, and swell the masses of these bodies, many escape altogether and never return.

We will conclude this article with a few passing remarks on the Lord of the Solar System, the Sun itself. This luminery is the life and soul of the whole System. It is the source of our heat and light; and therefore the cause of almost all the well-known natural phenomena. Astronomers have succeeded in the diffcult task of ascertaining the exact size of the luminery. The diameter of the sun is 865,000 miles. This bare statement fails to convey to the mind an adequate idea of the vastness of its dimensions. Suppose a railway line laid round the sun, and we start on the journey, on a mail train moving at 40 miles an hour; it will take about 8 years to accomplish our journey if we travel day and night without intermission. Or take one million globes as big as the earth; unite them in one. This new globe will not be quite so big as the Sun.

The distance of the sun from the earth is about 92, 700,000 miles. The Sun takes about 26 or 27 days to turn

ent planets take different periods of time to complete one revolution round the sun. Mercury the nearest, takes 88 days or about 3 months; Venus, 225 days or about 7½ months. The earth takes 365 days, *i.e.*, one year. Mars takes 687 days or about one month less than 2 years; Jupiter takes 12 years; Saturn 29 years; Uranus 84 years; and finally Neptune 165 years.

Let us now compare the sizes of the planets. Taken in order of their sizes they are as follows :—

Jupiter, Saturn, Neptune, Uranus, Earth, Venus, Mars, and Mercury.

Jupiter is by far the biggest of all the planets; so big that all the other planets together will not form a globe so big as itself. It is 1200 times as big as the earth by volume, though only 310 times as heavy. This shows, that this planet, as well as some other planets, such as Saturn &c., are not quite solid yet. Saturn, which comes next is about 800 times as large as the earth and over 80 times as heavy. Uranus and Neptune are also very big bodies being hundreds of times as large as the earth. Venus has about the density and size of the earth, only very slightly smaller. Mars is much smaller; while Mercury is only $\frac{1}{24}$ of the weight of the earth.

Many of the planets are attended by what are called Satellites (in ordinary language, moons) which are smaller bodies revolving round the planet. With one of these we are quite familiar. It is the Moon. It is attached to our earth and revolves round it. It takes, as we know, about 27 days to complete one revolution. This body being our nearest heavenly neighbour attracts naturally good deal of attention, and is a magnificient telescopic object. It always presents the same surface towards the earth; which means that the time taken to turn once on its axis is the same as taken to complete one revolution round the earth. We are thoroughly familiar with this side of the Moon. We know all the mountains, seas, oceans, valleys craters &c., &c., on its surface. There is not a corner left unexplored. So, it is said that we are better acquainted with the surface of the Moon than we are with the surface of the earth. Looking at the maps of Australia or Africa you will still find there, regions marked unexplored. There are no such regions on the surface of the Moon.

named above Le Verrier of France and Adams of England set themselves to solve the problem, and both independently were able to solve it. The calculations were long and tedious. Difficulties and uncertainties almost unsurmountable. But everything was overcome. It was announced to the world that if a telescope were fixed at a certain place in the heavens a planet would be seen and it would be possible to recognise it by its disc. And when the telescope was fixed at the place specified, the planet was actually there and possessed as predicted a visible disc. The object was watched for a few days, it changed its position among the stars. It was thus a planet without doubt. Thus was Neptune discovered, a discovery which is and must remain unique in the history of astronomy. I conclude its discovery in the words of an eminent astronomer :—

"We picture the great astronomer (Le Verrier) buried in profound meditation for many months ; his eyes are bent, not on the stars but on his calculations. No telescope is in his hands ; the human intellect is the instrument he alone uses, with patient labour, guided by consummate mathematical artifice, he manupulates his columns of figures. He attempts one solution after another. In each he learns something to avoid; by each he obtains some light to guide him in his future labours. At length he begins to see harmony in those results where before there was but discord. Gradually the cloud disperse, and he discerns with a certainty little short of actual vision the planet gathering in the far depths of space. He rises from his desk and invokes the aid of a practical astronomer and lo ! there is the planet in the indicated spot."

Besides these 8 well-known big planets there is a horde of exceedingly small planets revolving round the sun, between the paths of Mars and Jupiter. These are called the minor planets. The mass of some of these is so small that a bullet fired or a cricket ball skilfully hit will never return to the planet. It will be able to overcome the attraction of the planet and fly away in the space.

The paths pursued by the planets in their course round the sun ; *i. e.*, their orbits, are not circular. They are elliptical, the sun being not at the centre, but at one of the foci. These ellipses are almost circular. They do not all lie in one plane ; but they angle which they make with the ecliptic or the plane of the earths orbit, is very small. Differ-

were known to mankind from almost prehistoric ages. These are Mercury, Venus, Mars, Jupiter and Saturn. All these planets are magnificent heavenly objects which will attract the attention of any admirer of nature ;—though Mercury is rather difficult to see as it rises and sets immediately with the sun. It is said that Copernicus, the great expounder of the solar system, expressed his sincere regret that he never enjoyed the opportunity of beholding the planet Mercury. Venus, the magnificient morning and evening star, and Jupiter, are about the most brilliant stars of the heaven, and consequently quite conspicuous. Mars attracts attention by its peculiar red colour, which when the planet is nearest the earth is very brilliant. Saturn is also a conspicuous object and must have attracted attention by the fact that its position among the stars constantly changes. For a long time these five planets were supposed to be the only wanderers in the heavens that changed their position among the fixed stars, and influenced in a peculiar manner the destiny of man. The discoveries of Uranus and Neptune belong to a much later period, but they are of the greatest interest to us, especially that of Neptune. These two planets, although big masses, are so very remote from the earth, that they can be hardly seen with the unaided eye, and this accounts for their not being discovered before. Uranus was discovered by Herschel in the year 1781, and Neptune by Le Verrier and Adams in 1846. The trained eye of Herschel, with the aid of a beautiful telescope which he had himself constructed, and which was far more accurate and powerful than any possessed by any body else was able, in the course of his examination of the stars, to perceive a visible disc in a star ; and the idea was at once suggested to him that it might be a comet or a planet, as stars do not possess visible discs. Its course was followed. It changed its position among the stars. It was clearly then a planet. Thus was Uranus discovered. The discovery of Neptune is far more interesting. In fact it has no parallel in the history of astronomy. It was noticed that Uranus did not follow accurately, the path required by Kepler and Newton's laws and that irregularities in its motion could not wholly be accounted for by the disturbing influence of Jupiter and Saturn : So there must be some other object some where in the universe, that attracted it, and caused the perturbations. It must be a planet, for the stars by virtue of their enormons distance, cannot exert any appreciable influence on Uranus. But everything else about this planet if it existed was unknown ; its distance, its mass ; velocity in space etc. etc. The two mathematicians

and so did the whole starry universe. The movements of the planets being completed were explained in the following manner. Each planet was supposed to revolve in a circle, the centre of which described another circle round the earth.

Such was the system of astronomy which prevailed in Europe for over fourteen centuries; and was only discredited at an epoch nearly simultaneous with that of the discovery of the new world. The true arrangement of the Solar System was then expounded by Copernicus. The life long labours of this sage established, as the first principle, that the diurnal movement of the heavens was due to the rotation of the earth on its axis. "Copernicus pointed out the fundamental difference between real motions and apparent motions; he proved that the appearances presented in the daily rising and setting of the sun and the stars could be accounted for by the supposition that the *earth* rotates, just as satisfactorily as by the more cumbrous supposition of Ptolemy. He shewed moreover that the latter supposition must attribute an almost infinite velocity to the stars, so that the rotation of the entire universe round the earth was clearly a preposterous supposition. The second great principle which has conferred immortal glory on Copernicus assigned to the earth its true position in the universe. Copernicus transferred the centre about which all the planets revolve from the earth to the sun; and established the somewhat humiliating truth that our earth is merely a planet persuing a track between the paths of Venus and of Mass, and subordinated like all the other planets to the supreme sway of the sun.

The establishment of these grand truths revolutionized the whole astronomical world. Other very important and equally grand discoveries followed in quick succession. I have no space in this article even to approach the brilliant works of Galileo, Kepler, Newton, Laplace, and others which have completed our knowledge of the solar system ; or to describe the Nebular, or other hypotheses which attempt to explain the way in which the solar system originated. I will confine myself to the description of the system itself.

The solar system consists of the sun with a member of bodies revolving round it. These bodies are called planets or wanderers. There are some eight of these. Beginning from the one nearest the sun and taken in order, they are :—

Mercury, Venus, the Earth, Mars, Jupiter, Saturn, Uranus and Neptune. Of these 8 planets, five excluding the Earth

innumerable shining points, that are scattered all over the sky? Where are they located ? What supports them ? Are they all similar ? What is the Sun ? How hot, how big, how distant ? Is the sun that rose and set today identical with the one that had risen and set yesterday or the one that we know by experience will rise and set tomorrow? What is the moon, and how is it related to our earth ? And connected with these questions is another that naturally arises : What is our Earth and what are its relations with the rest of the universe ? In ancient astronomy what is most interesting to note is the extravagant estimate of the importance of the earth in the scheme of the heavens. And what was more natural ? The earth seemed so big—of almost infinite extension, so grand, so beautiful, so full of wonders. What were those small shining particles, or the two comparatively bigger orbs,—the sun and the moon when compared with the earth ? What was more natural than to assume that the earth was the best and by far the biggest in the creation, and that all the other heavenly bodies, the stars, the sun and the moon, did the homage that was their due and went round and round the earth. And if since then our ideas have changed and the true position of the earth in the universe has been recognised what a cruel shock it has been to the vanity of man who even now sometimes assumes himself to be the most intellectual and the most important being in the whole creation.

But we will not tarry on these points. The very old idea that the earth was flat and rested on the back of some huge animal and that earthquakes were caused by the occasional groans and restlessness of this monster under the enormous weight of the earth, underwent some modification. The most popular theory which was regarded as the final authority or question of astronomy for over fourteen centuries was Ptolemy's. "He perceived that the earth's figure was globular, and he demonstrated it by the same arguments that we employ at the present day. He fancied that this globe was poised in what he believed to be the centre of the universe. He admitted that the diurnal movement of the heavens could be accounted for by the revolution of the earth on its axis, but unfortunately he assigned reasons for the deliberate rejection of this view. The earth according to him was a fixed body; it possessed neither rotation round an axis nor translation through space, but remained constantly at rest at the centre of the universe." The sun and the moon moved in circular orbits round the earth as centre

mal record of the Intermediate, in which nearly 67 % of the Aligarh candidates failed, and none did really well.

In this number will be found the first essay of the Scientific Society—the new body of which mention has already been made. We believe that there is a great future before the society and we hope to publish its essays regularly, or at any rate whenever they are not on so technical a subject as to be beyond the interest of the average reader.

Speaking generally, all the societies did very well in the last hot weather. Meetings were well attended and plenty of interest was shewn by the members. Hence prospects are good for the future. The programme of the Historical Society is already arranged to the end of February 1908. There is the new Arabic Society, which should now be able to settle down to the fulfilment of its objects.

The Captains for the various games for the year 1907-08 have been appointed. They are as follow :—For Cricket, Abdul Halim, IV Year ; for Football, Abdus Samad IV Year ; for Hockey, Muhammad Akram Khan, IV Year, re-appointed.

The Athletic Sports Secretary is Syed Ali Raza Bilgrami. The Riding School Captaincy is vacant as yet.

Several complaints have reached the Editor regarding non-delivery of the magazine. This we deeply regret ; and subscribers are asked to report at once and directly to the Editor, in case the monthly issues do not reach them. The Manager and Assistant-Manager will be glad to have these defects pointed out to them.

The Historical Society's prize for the best essay on a subject connected with Indian History is again offered. Essays must be sent in to the Principal before the end of November next.

The prize is of the value of Rupees one hundred and forty-four.

The Solar System.

From very early times the starry Heavens attracted the attention of philosophers, and set them thinking. There was ample food for their meditation. What are those

The Aligarh Monthly

August, 1907.

College Notes.

We have received the following correction for the article on the last Cricket season. It refers to the averages and reads thus :—"Alay Hasan should be included in the average list with the record of 4-0-44-26 average 11 and Ali Hosain should appear among the "also batted" with scores of 13, 3, 0,* 6.*

As usual there is very little to use as material for College notes during the vacation months. No reports from Duty Deputations or Conference Agents have been received and the College itself is closed with the exception of the Law Class, which was to continue during part of August.

The annual report of the Principal is not yet out and the results of the B. A. Examination are not to be expected till the end of this month. Nerly sixty candidades from Aligarh appeared in this year's examination. On their work some few deserve a fairly good position in the list. It is to be hoped that for their own sakes and for that of the College all do well. We want a success to counterbalance the dis-

* "Signifies not out."

بڑے بڑے مدارس ہوتے تھے، اور مذہبی ہی گروہ کے ہاتھ میں اس علم کا علم تھا، فلسفہ اشراقیہ اُسی زمانے کی یادگار ہے۔

تفحص سے فلسفہ کا سرچشمہ مصر و ہندوستان ثابت ہوتا ہے، یونان میں انھیں ملکوں سے فلسفہ گیا، فلاسفۂ یونان جیسے، **تالیس، اناکثاغورس، فیثاغورث انلاطون**، بیشمار مال و دولت صرف کرکے مصر و ہندوستان کے معابد میں، جو اُسوقت مدارس کا کام دیتے تھے، آتے تھے، اور علمی فیض حاصل کرکے اپنے اپنے وطن کو واپس جاتے تھے[1]۔

یورپ میں ابتدائی فلسفہ ایک خانہ بدوش گروہ لیگیا، ان لوگوں کا اصلی وطن یونان تھا، یونان سے جلاوطن ہوکر مصر میں آباد ہوگئے تھے اور مصر سے اُنھوں نے یورپ کا رُخ کیا، مصر و یونان سے جو علوم یہ اپنے ساتھ لائے، اُنکی یورپ میں اشاعت کی۔

علوم طبعیہ کا سب سے پہلا معلم جس نے سب سے پہلے اوراقِ فطرت کا مطالعہ کیا، **تالیس ملطی** ہے جو سنہ ہجرت سے بارہ سو برس پہلے تھا۔ اُس نے کہربائیت یعنی رگڑنے سے جو قوتِ کشش پیدا ہوتی ہے، اُسکو دریافت کیا تھا۔ لوہا اور کسی چیز کو رگڑنے سے اتنی قوتِ کشش پیدا ہوجاتی ہے کہ وہ پر، کاغذ، جیسی ہلکی ہلکی چیزوں کو اُٹھالے، تالیس کی نصف صدی کے بعد فیثاغورث پیدا ہوا۔ جسکی نسبت مشہور ہے کہ وہ فلسفۂ طبعی کا سب سے پہلا مُدوّن ہے، اسنے علم طبعی میں ایک رسالہ لکھا جسکا نام "**المواقفات الطبیعیۃ**" رکھا، اِس رسالے میں اُسنے حسب ذیل مسائل لکھے تھے سمع، ابصار، قوتِ جذب، روشنی کے رنگ، رنگ کی نسبت اُسنے یہ ظاہر کیا تھا کہ مرئیات میں خود رنگ نہیں ہوتا، بلکہ روشنی کا وہ ایک اثر یا نتیجہ ہے۔

فیثاغورث کے بعد **امفید وکل** نے جو جزیرۂ صقلیہ کا رہنے والا تھا، اور

---

[1] الازہار البدیعہ۔ ص۲۔ و مباحثۃ المعارف۔ ص۹۷۔

فلسفہ طبعی وہ علم ہے جسمیں ان تین چیزوں سے بحث کی جائے۔

(۱) اجسام کے عام طبعی خواص۔

(۲) میکانکس،

(۳) اُن قوانین فطرت یا علل کا بیان جنکے موافق ایک جسم دوسرے جسم میں کوئی اثر پیدا کرتا ہے۔

قدیم علوم کی تاریخ چونکہ قدامت کی تاریکی میں گم ہے اسلئے یہ نہیں بتایا جاسکتا کہ اُن کا پہلا موجد کون ہے، لیکن ظنِ غالب یہ ہے کہ تمام علوم میں سب سے پہلے انسان نے **طبیعیات** ہی کی طرف توجہ کی ہوگی۔ جسکا مقصد گرد و پیش کی چیزوں کا مطالعہ کرنا ہے، کیونکہ عقل سلیم تسلیم نہیں کرتی کہ انسان کی چاروں طرف روزانہ سینکڑوں حوادث طبعی ہوتے رہے ہوں اور انسان اُن کے اسباب و علل کی طرف توجہ نکرے قرائن بتاتے ہیں کہ انسان کے گرد و پیش جو چیزیں ہونگی، انسان بار بار اُن سے ایک ہی قسم کا اثر اور نتیجہ دیکھکر یہ سمجھتا ہوگا کہ یہ نتیجہ اس چیز کا خاصہ ہے، اور یہ امر اس واقعہ کی علت ہے، مثلاً جب اُسنے بار بار دیکھا کہ آگ چیزوں کو جلا دیتی ہے، سنجمد کو سیال اور سیال کو گیس بنا دیتی ہے، تو کچھ دنوں کے تجربہ میں اُسکو یہ یقین ہوگا کہ جلانا اور مادہ میں رقت پیدا کرنا آگ کا خاصہ ہے، رفتہ رفتہ ایک مدت میں اس قسم کے کافی مسائل کی مقدار جمع ہوگئی، جسکو آج ہم **طبیعیات** کہتے ہیں۔

آغاز آفرینش کے جو بقیہ آثار وحشی قوموں میں موجود ہیں، اُن سے یہ نتیجہ اخذ ہوتا ہے کہ لوگ پہلے عموماً فطرتی حوادث کی علت، جن، دیو، پری، روحانیات کو ٹھہراتے تھے۔ اسی لئے قدیم قومیں اُنکی پرستش کرتی تھیں۔ ہر ایک قسم کی تاثیر کے لئے ایک ایک خدا مانتے تھے، مثلاً رَبُّ النَّار، رَبُّ الْعَقْل، رَبُّ الْبَحْر، رَبُّ الْحُسْن، اور یہی سبب ہے کہ فلسفہ اُس زمانہ میں مذہبی اسرار میں شمار کیا جاتا تھا۔ اور عموماً معابد فلسفہ کے

بڑے بڑے مدارس ہوتے تھے، اور مذہبی ہی گروہ کے ہاتھ میں اس علم کا علم تھا، فلسفۂ اشراقیہ اُسی زمانے کی یادگار ہے۔

تفحص سے فلسفہ کا سرچشمہ مصر و ہندوستان ثابت ہوتا ہے، یونان میں انھیں ملکوں سے فلسفہ گیا، فلاسفۂ یونان جیسے، **تالیس**، **اناکسا غورس**، **فیثا غورث**، **انلاطون**، بیشمار مال و دولت صرف کرکے مصر و ہندوستان کے معابد میں، جو اُسوقت مدارس کا کام دیتے تھے، آتے تھے، اور علمی فیض حاصل کرکے اپنے اپنے وطن کو واپس جاتے تھے[1]۔

یورپ میں ابتدائی فلسفہ ایک خانہ بدوش گروہ لیگیا، ان لوگوں کا اصلی وطن یونان تھا، یونان سے جلاوطن ہوکر مصر میں آباد ہوگئے تھے اور مصر سے اُنھوں نے یورپ کا رُخ کیا، مصر و یونان سے جو علوم یہ اپنے ساتھ لائے، اُنکی یورپ میں اشاعت کی۔

علوم طبعیہ کا سب سے پہلا معلم جس نے سب سے پہلے اوراق فطرت کا مطالعہ کیا، **تالیس ملطی** ہے جو سنہ ہجرت سے بارہ سو برس پہلے تھا۔ اُس نے کہربائیت یعنی رگڑنے سے جو قوت کشش پیدا ہوتی ہے، اُسکو دریافت کیا تھا۔ لوہا اور کسی چیز کو رگڑنے سے اتنی قوت کشش پیدا ہوجاتی ہے کہ وہ پر، کاغذ، جیسی ہلکی ہلکی چیزوں کو اُٹھالے، **تالیس** کی نصف صدی کے بعد **فیثا غورث** پیدا ہوا۔ جسکی نسبت مشہور ہے کہ وہ فلسفۂ طبعی کا سب سے پہلا مدوّن ہے، اسنے علم طبعی میں ایک رسالہ لکھا جسکا نام "**المواقفات الطبیعیۃ**" رکھا، اس رسالے میں اُسنے حسب ذیل مسائل لکھے تھے سمع، ابصار، قوت جذب، روشنی کے رنگ، رنگ کی نسبت اُسنے یہ ظاہر کیا تھا کہ مرئیات میں خود رنگ نہیں ہوتا، بلکہ روشنی کا وہ ایک اثر یا نتیجہ ہے۔

فیثا غورث کے بعد **امفید وکل** نے جو جزیرۂ حقلیہ کا رہنے والا تھا، اور

[1] الانوار البدیعہ۔ ص ۲۔ و مباحثۃ المعارف۔ ص ۹۔

اکسینو فانس نے جو مدرسۂ ایلیا کا بانی تھا، اور اُن کے بعد دیموکریٹ اور لوسیپ وغیرہ نے طبعیات کو ایک ممتاز حد تک ترقی دی، جواہر فردہ کی تحقیق کی۔ اِن لوگوں میں سے دیموکریٹ نے خصوصیت کیساتھ طبیعیات میں بہت کچھ اضافہ کیا، سقوطِ اجسام کا قاعدہ دریافت کیا، ہوا، ضوء، نار، پر بھی اسنے گفتگو کی[1]۔

سنہ ہجرت سے قریباً بارہ سو برس پہلے افلاطون پیدا ہوا۔ افلاطون سقراط کا شاگرد تھا، افلاطون نے اور علوم کے ضمن میں طبیعیات کی بھی تجدید کی، افلاطون سے پہلے محققین فطرت کا جو لانگاہِ تحقیق روشنی کا مسئلہ تھا اور گمانِ غالب یہ ہے کہ مرایا محرقہ (آتشی شیشہ) افلاطون سے پہلے دریافت ہو چکے تھے۔ افلاطون سے علوم ذہنی کو غیر محدود فائدہ پہونچا، فلسفہ الٰہیات اسی کے عہد میں نشو و نما پاکر بڑھا۔ افلاطون نے دو مشہور شاگرد چھوڑے جنھوں نے طبیعیات کی کچھ نہ کچھ امداد کی، پہلا شاگرد لوکورس کا رہنے والا تھا، کہربائیت کے متعلق اُس کی جو رائے تھی اُس میں قدیم خیالات کا شائبہ پایا جاتا ہے، کہربائیت کے متعلق اُسکی تحقیق تھی کہ کہربائیت ایک لطیف مادہ ہے، یا کوئی روحانی چیز ہے جو کہربا سے نکلکر اجسام کو اپنی طرف کھینچتی ہے۔

افلاطون کا دوسرا شاگرد ارسطاطالیس تھا، ارسطاطالیس سنہ ہجرت سے ۹۸۷ برس پہلے مقدونیہ کے حدود میں پیدا ہوا تھا۔ اُسنے کامل تیس برس تک افلاطون کی خدمت کی، افلاطون کے انتقال کے بعد اُسنے شہر مدلی میں سکونت اختیار کی، ارسطو کی بھی گو تمام تر توجہ ذہنی علوم کیطرف تھی، لیکن وہ فلسفہ طبعی سے بھی بے خبر نہ تھا، اُسنے ثقل ہوا کی تعیین کی، آواز کی علت دریافت کی، ہوا کے تموجات کو اسکا سبب ٹھہرایا، عناصر کا آب و باد و خاک و آتش میں انحصار کیا۔

اِسی زمانے میں ارسطو کا معاصر ایک اور فلسفی ارفیتاس نام تھا، میکنیکس کی

[1] الازہار البدیعہ ص ۳۔

بنیاد اسی نے ڈالی، جرِ ثقیل کے لئے دولاب اسی نے پہلے بنایا، اور کسی چیز کے دبانے یا اُٹھانیکے لئے پیچ یا شکنجہ ایجاد کیا۔

یہ سب تحقیقات اسکندریہ قدیم کے عہد میں ہوئیں جسکے دربار سے ارسطاطالیس کو تعلق تھا۔ اسکندر کی وفات کے بعد، بطلیموس جو اسکندر کی فوج کا ایک سپہ سالار تھا اُسنے مصر دبالیا، خاندانِ بطالسہ جسنے ایک مدّت تک مصر پر حکومت کی، اسی بطلیموس کیطرف منسوب ہے۔ بطلیموس نے نوسو برس قبل از ہجرت ایک مدرسہ قائم کیا چونکہ خود بھی بطلیموس فلسفہ کا ماہر تھا، اسلئے اس مدرسے کا پروازِ شہرت انتہائی حد تک پہونچ گیا، بطلیموس نے چاند کی حرکت دریافت کی، اسکے بعد مصر میں طبعیات کی امداد پر اور بہت سے ایجادات ہوئے۔

سنہ ہجرت کے سات سو پچاس برس پہلے طبعیات و ہندسہ کا مشہور عالم ارشمیدس پیدا ہوا، جزیرۂ حقلیہ اُسکا وطن تھا، ارشمیدس اقلیم فطرت کا سب سے زیادہ باجبروت بادشاہ گزرا ہے۔ ارشمیدس کے زمانے میں دشمنوں نے جزیرۂ حقلیہ کا محاصرہ کرلیا، ارشمیدس بھی جزیرہ میں موجود تھا۔ یہ اپنے وطن کو طبعیات و ہندسہ کے زور پر چھ مہینے تک دشمنوں کے حملے سے بچاتا رہا۔ عزلت نشین ہوکر نئے نئے آلاتِ جنگ کی ایجاد اور ہندسی اشکال سے راستہ نکالنے میں مشغول تھا۔ اس خدمت کے انجام دینے میں وہ اسقدر مصروف تھا کہ جزیرۂ حقلیہ فتح بھی ہوگیا، دشمن شہر میں داخل ہوگئے، فوج کا ایک سپاہی پیک اجل بنکر اُس کمرے میں بھی گھس آیا، جہاں ارشمیدس اقلیدس کی رُو سے دشمنوں سے بچنے کے لئے راستہ نکال رہا تھا سپاہی نے کچھ پوچھا، ہمہ تن مصروف حکیم کو اُسوقت تک کچھ خبر نہوئی جبتک تلوار نے اُسکے دو ٹکڑے نہ کردیے[1]

[1] الازہار البدیعہ۔ ص ۳۔

ارشمیدس کے بعد اکتیسیبیوس نے پانی اُٹھانیکا ایک آلہ بنایا، اور ایک قسم کی کمان بنائی جو ہوا کے زور سے تیر پھینکتی تھی، اُسی زمانے میں جرِ ثقیل کا بھی ایک آلہ ایجاد ہوا، جس سے پتھر وغیرہ بہت آسانی سے اُٹھ جاتے تھے۔ اور یہ مسئلہ بھی دریافت ہوا کہ حرارت ہوا کو پھیلا دیتی ہے۔

رومانیوں نے طبعیات پر کوئی احسان نہیں کیا، کیونکہ جنگی کارناموں کے سوا اُن کی آنکھوں میں کسی چیز کی عزت نہ تھی[1]۔ سلطنت اور سلطنت کے لئے وضع قانون اُن کی زندگی کا مقصد تھا۔

چین نے علم طبعی میں ایک حد تک ترقی کی، یہ معلوم کرکے اس ترقی کی قیمت اور بڑھ جاتی ہے کہ چین نے اُسوقت ترقی کی جب یورپ وحشی تھا۔ چینی جو اکثر زبانوں میں اسی نام سے مشہور ہے، چین سے نکلی ہے۔ قبلہ نما، صنعتِ طبع، شیشہ گری، کاغذ سازی، تصویر کشی، بارود، ہاتی دانت، کے کام چین کے ایجادات ہیں

طبعیات اور مسلمان

مسلمانوں کے اصلی تصنیفات اور اصلی فلسفہ کے مرکز دو مقامات تھے، بغداد[1] اور اندلس[2]، بغداد کی تمام نادر کتابیں نذرِ دجلہ ہوئیں۔ اندلس کا سرمایہ کچھ تو یورپ نے لوٹ لیا۔ اور اکثر حصہ دشمنوں نے برباد کرڈالا، آج متاخرین کی تصنیفات میں سینکڑوں صفحے کے اُلٹنے پر اسلامی تحقیقات کے ذرے کہیں کہیں چمکتے نظر آجاتے ہیں جنکو ہم یہ کہکر پیش کرتے ہیں ؎

قیاس کن زگلستانِ من بہارِ مرا

مسلمانوں نے طبعیات میں بہت سے مسائل اور آلات کا اضافہ کیا، طبقات الارض

[1] الاظہار البدیع۔ صہ۔

کے مبادی دریافت کیے، معدنیات کی جستجو کی، چنانچہ المعجب فی اخبار المغرب میں جہاں اندلس کے دریا اور نہروں کا حال لکھا ہے وہاں کی معدنیات کا بھی حال بیان کیا ہے کہ اندلس میں کہاں کہاں سونا چاندی، گندھک، کافور وغیرہ ہوتا ہے۔ ابن المؤید بلنے پتھروں کی تحقیق و تفتیش میں عمر بسر کی (ابن خلکان ج ۲ ص ۲۲۱)

ابن کیسان نے بتایا کہ اعراض، خوشبو وغیرہ جواہر سے مرکب ہیں ابن ہیثم کی تحقیق تھی کہ نور کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے ہیں متکلمین نے ثابت کیا کہ جسم اجزائے فردہ سے مرکب ہے۔ ابن حیان نے تحلیل اجسام کی ترکیب نکالی، تقطیر اور تخمیر کے آلے بنائے۔ بعض اجسام کے اجزائے ترکیبی نکالے۔ خازن مزنی المتوفی سنہ ۴۳۰ھ نے ہوا میں انکسار نور کی مقدار متعین کی۔ ابو ریحان نے ثابت کیا کہ فلزات کا وزن پانی اور ہوا میں بدل جائیگا اور نیز ہوا اور پانی میں تفاوت وزن کی بھی تعیین کی۔ ان اوزان کے دریافت کرنیکے لئے ایک آلہ بنایا، ابو علی جبائی اور ابو ہشام نے پانی میں تیرنے اور ڈوبنے کے قواعد مقرر کیے۔ ابن بیطار، غافقی، ابن الرومیہ ابن جلجل نے نباتات کی تحقیق کی، انکا معاینہ کیا، انکے خواص کتابوں میں مدوّن کیے بوزجانی، بیرونی، طوسی، نے علم ہیئت پر اضافہ کیا۔ فارابی نے موسیقی کا عجیب و غریب آلہ ایجاد کیا، ابو البرکات بغدادی نے زمین کے چشموں کی علت دریافت کی، اور ثابت کیا کہ کون و فساد میں ہوا پانی، نہیں ہوتا حکماء اسلام نے یونانیوں کے دور از کار مسائل کا انکار کیا۔ ان کی تنقید کی میکنیکس کو ترقی دی، کل سے پانی اٹھانیکا طریقہ ایجاد کیا، جر ثقیل کے مسائل پر اضافہ کیا، آلات بنائے، فن آلات پر کتابیں لکھیں، جن میں سے حسب ذیل کتابوں کے آثار تاریخوں میں ملتے ہیں۔

الکواکب السیارۃ، تصنیف علامہ تقی الدین[1]

[1] کشف الظنون - ص ۱۵۸ ج ۱۔

کتاب الآلات الحرب - تصنیف موسیٰ بن شاکر[۵۱]

کتاب الآلات الظلیۃ - تصنیف ابراہیم بن سنان[۵۲]

حیل بنی موسیٰ[۵۳] - یہ کتاب اب موجود ہو یا نہو مگر ساتویں صدی تک موجود تھی، ابن خلکان کی نظر سے یہ کتاب گزری ہے ابن خلکان نے اس کتاب کی تعریف بھی کی ہے

(ابن خلکان ج ۲ - ص ۷۹)

کتاب الآلات[۵۴] تصنیف بدیع الزمان[۵۵]

کتاب الآلات الرصد تصنیف خازن مرزی[۵۶]

کتاب الآلات الرصد تصنیف ابو الحسن علی بن راجل، ابو الحسن تیسری صدی میں تھا - اسکی یہ کتاب فرنچ میں ترجمہ ہوکر ۱۸۳۵ء میں پیرس سے دو جلدوں میں شائع ہوئی - یہ تعداد ان کتابوں کے علاوہ ہے جو غیر زبانوں سے عربی میں ترجمہ ہوئیں

گھڑی مسلمانوں نے بنائی اور نہ صرف بنائی بلکہ گھڑی سازی کو ایک علم بنا دیا جسکا نام علم ابتکامات رکھا، الن جنکیسن نے اپنی مشہور کتاب نیچرل فلاسفی میں گھڑی کی تاریخ لکھتے ہوئے لکھا ہے۔

قد تفنن العرب کثیرًا فی ھذہ الساعۃ واتقنوھا اتقانًا عظیمًا، ... ولم تستعمل الساعۃ فی اوربا قبل الحادی عشر، والظاھر انھا نقلت الیھا عن العرب[۵۷]	عربوں نے گھڑی سازی میں بہت سی جدتیں پیدا کیں، اور بہت ہی عمدہ گھڑیاں ملیا کیں، .... یورپ میں گھڑیاں گیارھویں صدی سے پہلے نہیں استعمال ہوئیں اور ظاہر ہے کہ گھڑی عرب سے یورپ میں آئی -

سب سے پہلی گھڑی ہارون رشید کے عہد میں بنی، ہارون رشید نے شارلمین

---

[۵۱] کشف الظنون ص ۱۰۶ ج ۱ - [۵۲] کشف الظنون ص ۱۰۷ ج ۱ - [۵۳] کشف الظنون ص ۱۰۸ ج ۱
[۵۴] کشف الظنون ص ۱۵۸ - ج ۱ [۵۵] اکتفاء القنوع ص ۲۴۹ [۵۶] اکتفاء القنوع ص ۲۴۹ [۵۷] دروس الادب لبتعف

کو جو تحفے بھیجے تھے، اُن میں ہاتھی، بندر، کپڑوں کے علاوہ ایک عجیب و غریب گھڑی بھی تھی جسمیں بارہ دروازے تھے، ایک گھنٹہ پورا ہونے پر ایک آواز پیدا ہوتی تھی، جسکے ساتھ ہی دروازہ کھلتا تھا اور اُسکے سامنے ایک سوار کھڑا نظر آتا تھا، یہ اپنی قسم کی سب سے پہلی گھڑی تھی، جو یورپ کو مسلمانوں سے ملی تھی۔ آج ہم جسطرح یورپ کے عجائبات صنعت دیکھکر محو حیرت بن جاتے ہیں، اُسیطرح یورپ اس انسانی طاقت سے بالاتر صنعت کو دیکھکر متحیر رہگیا، شارلمین کے درباری اُسکو جادو کا کرشمہ سمجھے، گھڑی کی ازخود حرکت دیکھکر اُن کو یقین تھا کہ اسمیں کوئی جن بیٹھا ہوا اُسکو ہلا رہا ہے۔[۵۱]

اندلس میں حضرت عثمان کا لکھوایا ہوا قرآن مجید تھا۔ عبدالمومن نے اُسکے واسطے بڑے اہتمام کئے تھے، ہر ورق کے حاشیے میں بیش قیمت جواہرات کے پھول بنوائے تھے۔ سونے چاندی سے اُسکو مرصع کیا تھا۔ قرآن مجید کا ہر ورق حسن صنعت کا منظر تھا۔ تم خیال کر سکتے ہو کہ جب اس اہتمام سے یہ قرآن مجید مزین کیا گیا تھا، تو یہ کب ہو سکتا تھا کہ انسان کی انگلیاں اُسکو چھو چھو کر میلا کریں۔ صناعین اندلس نے اُسکے لئے ایک رحل بنائی تھی، جو ایک صندوق کے اندر تھی صرف کنجی کے ایک اشارے سے صندوق کے پٹ کھلجاتے تھے اور رحل خود بخود بلند ہو کر کھل جاتی تھی۔ جسکے ساتھ قرآن مجید بھی کھلجاتا تھا۔ اور کنجی کے دوسرے اشارے سے رحل سمٹکر مع صندوق کے بند ہو جاتی تھی۔[۵۲]

مامون بن ذوالنون اندلس کا ایک خلیفہ تھا اُسنے طبعیات اور ہندسہ کی مدد سے ایک عجیب عمارت بنوائی تھی، اس عمارت کے وسط میں ایک نہر تھی۔ نہر کے بیچ میں شیشے کا ایک قبہ تھا، شیشہ سونے چاندی کی اعلےٰ سے اعلےٰ صناعیوں کی تصویر تھا۔ گنبد کی چوٹی سے ایک فوارہ جاری تھا، فوارہ کا پانی اس قرینے سے چار و نطرف گرتا تھا

---

[۵۱] سیاحۃ المعارف۔ ص ۲۴۱۔ [۵۲] نفح الطیب ج ۱ ص ۲۸۷۔

کہ قبے کے رنگین شیشے پر پانی کا ایک نقرئی غلاف پڑجاتا تھا۔ اس گنبد میں تخت شاہی تھا جسپر بیٹھکر ہامون دربار کیا کرتا تھا۔ مگر چار و نطرف سے پانی کی ان بوچھاروں پر بھی قباے شاہی کے دامن کا ایک کونہ بھی تر نہیں ہوتا تھا۔[۱]

قبۃ الزہراء، اندلس کی ایک مشہور عمارت تھی، جسکی جلالت شان کا صرف اسسے اندازہ ہوسکتا ہے کہ اسمیں سونے چاندی کی اینٹیں تھیں۔ دس ہزار مزدور اور ڈیڑھ ہزار جانور اسمیں روزانہ کام کرتے تھے۔ پہلی محرم ۳۲۵ھ کو اسکا سنگ بنیاد رکھا گیا تھا، اس عمارت میں جواہر اور عجائبات صنعت تھے، انکو چھوڑکر اسمیں ایک عجیب و غریب پارہ کی نہر تھی، اس نہر میں خدا جانے کیا طلسم تھا؟ اور سامنے کی دیواروں پر کس قسم کا صیقل تھا کہ جب بادشاہ اپنا جوش غضب دکھانا چاہتا تھا تو شاہی ایما سے کنے کی آہستہ سے نہر کو ہلا دیتا تھا، ہلانا تھا کہ غضب ہوجاتا تھا، دربار کی چاروں طرف کی دیواروں پر اس شدت سے بجلی سی کوندنے چیز کوندھنے لگتی تھی کہ لوگوں کی آنکھیں خیرہ ہوجاتی تھیں اور سارے دربار پر ایک عالم رعب طاری ہوجاتا تھا۔ تخت شاہی کے بنانے میں بھی ایک عجیب حکمت صرف کیگئی تھی۔ آفتاب جیسے جیسے حرکت کرتا تھا، شاہی تخت بھی گھوم گھوم کر آفتاب کے مقابل ہوجاتا تھا۔[۲]

ابو القاسم عباس جو حکیم الاندلس کے نام سے مشہور ہے، اُسنے اپنی معلومات کے حیرت انگیز عجائبات دکھائے، اندلس میں کوئی شیشہ نہیں جانتا تھا۔ سب سے پہلے اندلس میں اسی نے پتھر سے شیشہ نکالا، اُسنے ایک نئی قسم کی گھڑی نکالی، جسکا نام اُسنے مثقال رکھا تھا۔ حکیم الاندلس نے ایک عجیب و غریب گنبد آسمان کی شکل کا بھی بنایا تھا، جسمیں دیکھنے والوں کو رعد، ابر، ستارے، بجلیاں، سب تخیل کی نگاہ سے نظر آتی تھیں۔ مومن بن سعید ایک اندلسی شاعر نے اس گنبد کا تذکرہ کرکے ابو القاسم عباس کی ہجو لکھی ہے، جسکا حاصل یہ ہے کہ سب کچھ تو بنا چکے، اب خدائی کا

[۱] نفح الطیب ص ۲۴۰ ج ۱۔ [۲] نفح الطیب ص ۲۴۷ ج ۱۔

دعوے کیوں نہیں کرتے،

اُڑنے کے مصنوعی پر جنکو لگاکر آدمی کچھ دُور تک اُڑ سکتا ہے یورپ میں ایک فرانسیسی لوہار نے بنائے تھے، جسکا نام پاسینہ تھا۔ پاسینہ کے بعد پلنشر نام ایک دوسرے فرانسیسی نے اس مفید ایجاد کو کچھ ترقی دی، برابر لوگ اسمیں کوشش کرتے رہے۔ آخر کار ۱۸۷۸ء میں یہ ایجاد تکمیل کو پہونچی۔

مگر در اصل اسکے پہلے موجد مسلمان ہیں، یہی ابوالقاسم عباس پہلا اُڑنیوالا ہی علامہ مقری نے اسکا اسطرح تذکرہ کیا ہے۔

واحتال في تطيير جثمانه وكسا نفسه الريش ومدّله جناحين فطار في الجوّ مسافةً بعيدةً ولكنه لم يحسن الاحتيال في وقوعه فتاذّى في مؤخره[1]	ابوالقاسم نے اپنے اُڑنے کی بھی ایک تدبیر نکالی تھی، اپنے بدن میں پر لگائے تھے اور دو بازو بنائے تھے، جن سے کچھ دُور تک ہوا میں اُڑا لیکن اچھی طرح اُتر نہ سکا، گر پڑا۔ اور گدی میں چوٹ آئی

مقیاس الماء جس سے دریا میں پانی کا گھٹاؤ بڑھاؤ معلوم ہوتا ہے عبدالعزیز بن مروان نے جزیرۃ الصناعۃ میں بنوایا تھا۔ جزیرۃ الصناعۃ کی آبادی بھی عجب قسم کی تھی، جزیرۃ الصناعۃ، فسطاط اور جزیرہ کے درمیان واقع تھا، لوگ کشتی پر نہیں آتے جاتے تھے، فسطاط سے جزیرے تک پُل تھا اور جزیرے سے جیزہ تک پُل تھا انھیں دونوں پُلوں سے لوگ آتے جاتے تھے[2]

روئی سے کاغذ بنانا مسلمانوں نے یورپ کو سکھایا۔ شکر بنانے کی ترکیب یورپ نے مسلمانوں سے سیکھی، واٹر ٹیپ سے پہلے مسلمانوں نے اندلس میں بنایا اور بڑے بڑے کارخانے قائم کئے تھے[3] جنگی جہازات طیار کئے۔

---

[1] نفح الطیب ص ۲۳۱ - ج ۲ - [2] تاریخ مسعودی ج ۱ ص ۴۳۴ -

[3] سیاحۃ المعارف ص ۳۲۰ -

دریاؤں اور نہروں سے واٹر پمپ کے ذریعہ دُور و دراز مقامات میں پانی لیجانے کی راہ پہلے مسلمانوں نے نکالی، حاکم بامر اللہ خلیفۂ مصر کے ایما سے ابن ہیثم بصری المتوفی ۴۲۹ھ نے دریائے نیل سے کھیتوں میں پانی لانے کی تدبیر نکالی، مگر راستہ کی دشوار گزاری کو دیکھکر ابن ہیثم کی ہمت نہ پڑی[1] بہرحال اس سے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ مسلمان اپنے عہد میں اس قسم کے کام انجام دیتے تھے۔

عام خیال ہے کہ طبعیات کی باقاعدہ تعلیم گو مسلمانوں میں ہوتی ہو مگر آلات کی مدد سے مسائل طبعیہ کا ثبوت یورپ کی ایجاد ہے مگر ہمکو اسکے تسلیم کرنے میں بھی تامل ہے، یہ ضرور ہے کہ اس کثرت سے ہر مسئلہ کا ثبوت آلات سے نہ تھا، لیکن اس سے بھی انکار نہیں ہوسکتا کہ مسلمانوں میں طبعیات کے لیے اس قسم کے آلات کا رواج تھا، اور اس قسم کے آلات اُنھوں نے خود بنائے جن میں سے حسب ذیل ہم کو ملتے ہیں، اور کتابوں میں اُنکا تذکرہ ہے۔

طبعیات کا ایک یہ مسئلہ ہے کہ عالم میں کوئی جگہ خالی نہیں ہے دنیا کا ہر نقطہ ظرف کسی نہ کسی چیز سے بھرا ہوا ہے، ہم جس چیز کو خالی کہتے ہیں، اُسکا مطلب یہ ہے کہ اُسمیں کوئی سائل یا جامد چیز نہیں ہے ورنہ کونسی جگہ ہوا یا ایتھر سے خالی ہے، یہ بالکل محال ہے کہ دنیا میں کوئی ذرا سی جگہ بھی خالی ہو، جہاں کوئی جگہ خالی ہوئی چاہتی ہے فوراً ہوا اُسکے بھرنیکے لئے دوڑتی ہے، اس مسئلے کو اصطلاح طبعیات میں عدم خلا کہتے ہیں، عدم خلا کے ثبوت پر بہت عقلی دلائل قائم ہیں مگر بعض اہل فہم نے مشاہدہ اور تجربہ سے بھی اسکو ثابت کیا ہے اور اُسکے لئے خاص خاص آلات بنائے ہیں۔

قدح الجور، یہ ایک ظرف ہے جو کسی خاص ترکیب سے بنایا گیا ہے، اسمیں نمبر وار

[1] طبقات الاطبا۔ ج ۲۔ ص ۹۰۔

درجے بنے ہوئے ہیں، جہانتک پانی بھرنا ہوتا ہے، اگر سب سے نیچے درجے تک یا کل طرف پانی سے بھرا ہوگا تو پانی پیالے میں ٹھہرا رہیگا - اور اگر ایک درجہ بھی پانی ان دونوں سے کم یا زیادہ ہوگا تو سارا پانی گر جائیگا اور ایک قطرہ بھی پانی میں باقی نہ رہیگا

قدح العدل، یہ بھی ایک خاص قسم کا بنایا ہوا پیالہ ہے، جس میں درجے بنے ہوئے ہیں اگر سب سے کم درجے تک پانی رہیگا تو باقی رہیگا اور جہاں اس سے ذرا بھی پانی بڑھا فوراً کل پانی گر پڑیگا[1]-

زراقات - یہ ایک تانبے کی لمبی مخروطی نلی ہے، جسکا ایک دہانہ چوڑا ہے اور دوسرا بالکل تنگ، نلی پر نشان کے نمبر دیے رہتے ہیں، اسکے اندر ایک تیلی ہوتی ہے جو ایک طرف سے تو تیلی ہوتی ہے اور دوسری طرف سے اتنی موٹی ہوتی ہے کہ چوڑے دہانے کے اندر آسانی سے آ، جا، سکے - اس نلی کو پانی سے بھر دو اور تیلی سے چوڑے دہانے کو بند کر دو، اور تنگ دہانہ زمین کی طرف نیچے لٹکا دو، ایک قطرہ بھی نہ گریگا - اب اس تیلی سے زور کر کے پانی گراؤ تو گر جائیگا - پہلے کیوں نہ گرا؟ اسلئے کہ اگر گر جاتا تو نلی میں خلا ہو جاتا اور ہوا کسی طرف سے اس میں جا نہیں سکتی تھی، کیونکہ ایک دہانہ تو تیلی سے بند ہے اور دوسرا سوراخ پانی سے رکا ہے[2]-

سراقات، یہ بھی ایک نلی ہے، جسمیں پانی بھرا ہوتا ہے، اسمیں دو سوراخ ہوتے ہیں، ایک وسیع اور ایک نہایت تنگ، اگر بڑا سوراخ بند کر دیں تو دوسرے تنگ دہانہ سے پانی ہرگز نہ گریگا - ہاں اگر اوپر کا بڑا سوراخ کھولدیا جائے تو ہوا کے آنے کی چونکہ جگہ ہو جائیگی، اسلئے پانی گر جائیگا[3]

سراقات کی ایک دوسری شکل یہ ہے کہ اس نلی میں تیلی کر اسکا تنگ دہانہ

---

[1] کشف الظنون ص ۱۰۸۰ - ج ۱ - [2] شرح مواقف ج ۲ - ص ۹۷ -

پانی میں ڈالدو پھر فوراً تیلی کچھ دور تک اوپر کھینچ لو پانی بھی فوراً اوپر چڑھ آئیگا، کیونکہ تیلی کھینچ لینے سے نلی کچھ خالی ہو جائیگی، اور اوپر کا سوراخ تیلی سے بند ہے نیچے کا دہانہ پانی میں ہے۔ اب ہوا تو کسی طرف سے اُس خلا کو بھر نہیں سکتی، اسلئے پانی اوپر چڑھ جاتا ہے اور اُس خلا کو بھر دیتا ہے۔

آلۂ التقطیر، تحلیل اجزا کے لئے قرع انبیق کے نام سے مشہور آلہ ہے۔

آلۂ وزن الفلزات - ابوریحان بیرونی کی تحقیق ہے کہ اگر کسی چیز کا وزن پانی کے بغیر سو تولہ ہو تو پانی میں اُسکا وزن کچھ کم ہو جائیگا، نیز اگر ترازو کے ایک پلّہ میں کوئی ایسی چیز ہو جسکا ثقل نوعی کم ہے اور دوسرے پلّے میں ایسی شئے ہو جسکا ثقل نوعی پہلے سے زیادہ ہو تو گو دونوں پلّوں کا وزن ہوا میں برابر ہو مگر جب پانی میں دونوں پلّوں کو رکھینگے تو ثقیل الوزن شئے کا پلّہ بھاری ہو جائیگا، اور اگر ایک پلّہ پانی میں ہو اور دوسرا ہوا میں تو ہوا کا پلّہ جھک جائیگا خواہ وہ ثقیل الوزن ہو یا خفیف الوزن۔

اِن سب صورتوں میں تفاوتِ اوزان کیا ہوگا؟ اسکے دریافت کرنے کے لئے بیرونی نے مذکورۂ بالا آلہ خوارزم میں بنایا تھا، اس آلہ کی جو تصویر لوگوں نے گونگون الفاظ سے کھینچی ہے وہ بالکل ناقص ہے، لیکن جو کچھ ہے وہ ہدیۂ ناظرین ہے اس آلہ کی شکل کی نسبت جو بیان کیا جا سکتا ہے وہ یہ ہے کہ اس میں ایک لمبی سی ٹیڑھی ٹونٹی تھی، ٹونٹی کے نیچے ایک ہلکی سی ترازو لگی تھی، جس سے اُس پانی کا وزن معلوم ہوتا تھا جو اُس ظرف سے گرتا تھا، فلزات خوب صاف کر کے اُس ظرف میں ڈال دیے جاتے تھے۔ آلۂ الوزن پانی سے بھرا رہتا تھا۔ ظاہر تھا کہ جب پانی سے بھرے ہوئے کسی برتن میں کوئی چیز ڈالی جائیگی تو کچھ نہ کچھ پانی ضرور گر جائیگا اور یہ بھی ظاہر ہے کہ پانی اُس چیز کی ضخامت اور جسامت کے موافق باہر گریگا، یہی پانی ٹونٹی سے نکلکر ترازو کے ایک پلّے میں جمع ہوتا تھا، اسی پانی کے وزن سے فلزات کا وزن دریافت ہوتا تھا

مثلاً صاف سونا جسکا وزن ہوا کی ترازو میں سو تولہ تھا، اگر پانی میں ڈالدیں تو ضرور پانی میں کچھ وزن کم ہو جائیگا جتنا کم ہوگا وہ یہ آلہ بتائیگا، سو تولہ سونا ڈالنے سے اُس آلہ سے کچھ پانی نکلکر ٹونٹی کے نیچے کی ترازو میں گر پڑتا تھا، ترازو سے معلوم ہو جاتا تھا کہ کتنا پانی گرا، اُس پانی کا جتنا وزن ہوتا تھا، اُتنا وزن سونے کے اصلی وزن سے گھٹا دیا جاتا تھا، باقی وہ وزن نکل آتا تھا جو پانی میں سونے کا باقی رہتا تھا اس آلہ سے اور بھی ثقل اور وزن کے بہت سے عجائبات ظاہر ہوتے تھے[1]

سید سلیمان

دہلی میں شاہجہاں آباد کی عمارات کے تغیرات

(نمبر ۲)

دہلی ایسی جگہ بسی ہے کہ جس میں جلب منفعت اور دفع مضرت کے وہ سارے سامان اور اسباب موجود ہیں جو بڑے شہروں میں ہونے چاہئیں۔ اس کی ایک جانب میں جمنا اسکے پانوں تلے لوٹ رہی ہے کہ جس سے سارے شہر کے آدمیوں کو پانی کا آرام اور نفع ملتا ہے دوسری طرف اسکے سر پر اروالی پربت کی ایک شاخ جھوم رہی ہے کہ اُسکو دشمنوں سے پناہ میں رکھتی ہے۔ اُسکے گرد اگرد چراگاہیں بہت سی ہیں، جنسے مویشی کو چارہ گھاس پیٹ بھر کے آسانی سے ملتا ہے۔ اسکے گرد زمین زرخیز ہے جسکے پیداوار سے سارا شہر سیر ہوتا ہے۔ اسکے چاروں طرف ہندوستان کے دُور دُور کے شہروں تک ایسے رستے بنے ہوئے ہیں کہ ہر قسم کا اسباب تجارت اسکے بازاروں میں بے تکلف آتا جاتا ہے۔ ایشیا میں اسکا ایسا مقام ہے کہ اسکا بادشاہ اولوالعزم

[1] شرح مقاصد۔ بحث ۱ ص ۳۷۴۔

کشور کشا چاہے تو مغرب میں اپنا بایاں ہاتھ پھیلا کر فارس و ترکستان کو اور مشرق میں دایاں ہاتھ پھیلا کر چین کو اور دونوں پانوں پھیلا کر ایشیا کے تمام ملکوں کو اپنے قدموں تلے لاسکتا ہے۔ اِن خوبیوں کو دیکھ کر ہندوؤں نے اپنے راج میں اُسکو را جدھانی بنایا اور اُن کے بعد مسلمانوں نے اپنی سلطنت میں اسکو دار السلطنت مقرر کیا۔

ہر قوم کے شاہی خاندان کی عظمت و شوکت اُسکے دار السلطنت کی عمارات رفیع الشان سے نمایاں ہوتی ہے، اِسلئے سلاطین اپنے دار السلطنت کو عمارات عالیشان و مکانات رفیع البنیان سے زیب و زینت دیتے ہیں۔ اُستوار قلعے و حصار اور عظیم الشان محل و قصر بناتے ہیں، اُن میں گل بوٹے پتھروں پر کندہ کرا کے گلزار کی بہار دکھاتے ہیں اور تعمیر عمارات کے ہر قسم کے صناع دُور دُور سے بُلاتے ہیں، اور عجیب صنعتوں کے کام بنواتے ہیں، اُنمیں باغات اور باغات میں نہر و حوض و تالاب بنا کے اُن کو سرسبز و شاداب کرتے ہیں۔ اگر دار السلطنت کی رونق اور زیب و زینت کا سامان ایک بادشاہ کے عہد میں پُورا نہیں ہوتا تو دوسرا بادشاہ اُسکا جانشین اُسکو پُورا کرتا ہے۔ اُمرا شاہی عمارات بنا کے اپنی امارت کی نمایش کرتے ہیں، مگر جب خاندانِ شاہی کا زوال آتا ہے تو پھر دار السلطنت پر وبال آتا ہے اُسکی بہار پر خزاں آجاتی ہے اور عمارات کی پت جھڑ ہو جاتی ہے۔ دوسرا خاندانِ شاہی جو پہلے تباہ شدہ خاندان کا قائم مقام ہوتا ہے وہ اپنی قدرت اور شوکت دکھانیکے لئے پہلے دار السلطنت کی اُدھیڑ بُن شروع کرتا ہے۔ اور اپنا ایک نیا دار السلطنت مقرر کرتا ہے اور پہلے دار السلطنت کی عمارات کو مسمار کر کے اُن کے مصالحہ کو اپنی عمارات میں لگاتا ہے۔ غرض ہمیشہ ایک دار السلطنت بگڑتا ہے اور دوسرا سنورتا ہے۔ اِسطرح دِلّی میں سات دار السلطنت بنے اور بگڑے ؎

	سہر کہ آمد عمارتِ نو ساخت		رفت و منزل بدیگری پرداخت

مسلمانوں کی سلطنت کا آخری دارالسلطنت شاہجہاں آباد تھا، شاہجہاں نے آباد کیا تھا پہلے مسلمان بادشاہوں کو اپنے ساڑھے چار سو برس کی بادشاہی میں ایسا دارالسلطنت بنانا میسر نہیں ہوا تھا، جیسے آفتاب غروب ہو کر اپنی روشنی کو چاند میں دکھاتا ہے۔ ایسے ہی شاہجہاں آباد کی بعض عمارات مسلمانوں کی سلطنت کے غروب ہوئے آفتاب کی روشنی تاباں کرتی ہیں، جیسے غروب ہوئے آفتاب کی غائب حرارت کو زمین نمایاں کرتی ہے ایسے ہی مسلمانوں کی سلطنت کے غروب شدہ آفتاب کی حرارت کو دلی کی عمارات کے کھنڈرات دیواروں کے سایہ تلے سردی کی صورت میں اپنی بہار دکھاتے ہیں۔ شاہجہاں آباد کا بانی شاہجہاں فنِ تعمیر میں وہ ملکہ رکھتا تھا کہ شاید ہی دنیا میں دو چار ہی بادشاہ ایسے گزرے ہوں جو اس فن میں اسکی ہمسری کر سکیں۔ اسنے جتنی عمارات بنائیں اُن میں وہ حسانت ہے کہ نہ جسکا بیان الفاظ میں ہو سکے، نہ وہ تصویر میں کھینچ سکے نہ فوٹو میں اُتر سکے، جس عمارتِ عالیشان کو اُسنے بنوانا شروع کیا تعجب ہے کہ وہ اسکی عمر میں ختم ہو گئی۔ ورنہ اکثر ایسا ہوتا ہے کہ ایک بادشاہ کے عہد میں جو بڑی عالیشان عمارت بننی شروع ہوتی ہے وہ پوری نہیں بنتی کہ اسکی عمر ختم ہو جاتی ہے۔ یہ خاص اسی بادشاہ کی خوش اقبالی تھی کہ اسکی زندگی میں اتنی عمارات عالیشان پوری تعمیر ہو گئیں۔ تاریخ میں آج مثال بھی ایسی بے نظیر ہے، جیسی اسکی عمارتیں بے مثل ہیں۔ ان عمارات کی حسانت میں عجیب سحر و طلسم ہے کہ جب انپر آثار کہنگی نمودار ہوئے انکا دور کرنیوالا اور از سرِ نو تازہ بنانیوالا پیدا ہو گیا۔ جب کسی نے انپر اپنا دستِ ستم اُٹھایا تو اُنکا نیچا کرنے والا اور ستم کی تلافات پیدا کرنیوالا پیدا ہو گیا۔

آگرہ تاج شاہجہاں کی عمارات کا سرتاج ہے جسپر لارڈ **ولیم بنٹنگ** کے عہد میں یہ تباہی آئی کہ اُسکا سنگِ مرمر اُکھڑ کر اس سبب سے بکنا شروع ہوا کہ وہ بہت روپے کو بکتا تھا، بعض عمارتیں مسمار ہو گئیں، انگریزوں کے عیش و طرب و رقص و سرود کے

جلسوں میں جو اُسکے اندر ہوتے تھے اُسکے تمام جواہر انگریز اکھیڑ لیگئے۔ مگر ان سب نقصانوں کی تلافات لارڈ کرزن نے کردی کہ تاج کو پھر آراستہ اور پیراستہ کردیا جیسا کہ وہ شاہجہاں کے عہد میں تھا۔

دنیا میں مسجد نبوی اور مسجد مکی (حرم) و مسجد بیت المقدس کا تقدس مشہور ہی کہ اُن کی برابر کسیکو وہ تقدس نہیں حاصل ہوسکتا اسلئے جامع مسجد اُنکی برابر تقدس میں نہیں ہی، مگر حسانت میں دنیا کی کل مساجد سے زیادہ ہے، جب آثار گہنگی اُسپر نمودار ہوئے تو کوئی نہ کوئی مرمت کرنیوالا اُسکا پیدا ہوگیا۔ اخیر میں نواب کلب علیخاں والی رامپور نے تو اسکی مرمت وہ کرائی کہ اگر شاہجہاں زندہ ہوتا تو اس سے زیادہ مرمت نہ کراتا۔ لارڈ کرزن نے اسکے حوض کے چاروں کونوں پر سنگ مرمر کے چار ستون نہایت خوبصورت نئے بنوادیے۔ جس سے صحن کی رونق چوچند ہوگئی۔ سنہ ۱۸۵۷ء میں فتح دہلی کے بعد بہت انگریز یہ چاہتے تھے کہ وہ مسمار ہو مگر لارڈ لارنس نے اُسکو منہدم ہونے سے بچادیا، غدر میں شہر پر مہینوں تک گولہ زنی رہی مگر اُسکا بال بیکا نہوا۔ لاہوری دروازے پر باغیوں کا توپ خانہ چلتا تھا، جسنے انگریزوں کو پرانی عیدگاہ پر اس مسجد کی سیدھ میں مورچہ نہ بنانے دیا جس سے سیدھے گولے اسپر آنکے پڑتے اور اسکا کام تمام کرتے

قلعۂ دہلی جو شاہجہاں کا بنایا ہوا ہے اسکے اندر بعض عمارات کو انگریزوں نے دہلی کے فتح ہونے کے بعد مسمار کردیا۔ دہلی کے ڈاکٹروں کی یہ رائے تھی کہ اسکے اندر ہماری چھاونی ہی، اسکی فصیل کے سبب تازی ہوا نہیں آتی اسلئے بیماری زیادہ رہتی ہے بہتر ہوگا کہ اسکی فصیل ڈھائی جائے مگر میرٹھ کے ڈاکٹروں نے کہا کہ دلی کے ڈاکٹروں کی رائے غلط ہے اسکی فصیل چھاونی میں ملیریا بخار کو آنے نہیں دیتی اسلئے وہ برقرار رکھنی چاہیے اسطرح فصیل مسماری سے بچ گئی اور پھر لارڈ کرزن نے قلعہ کی مرمت ایسی شروع کرائی ہے کہ اسمیں پھر سارا نقشہ

شاہجہاں کے وقت کا نظر آئیگا۔ خلاصہ یہ ہے کہ شاہجہاں کی عمارات میں یہ دو باتیں عجیب و غریب ہیں۔ اوّل ایسی متعدد عالیشان عمارات اُسکی زندگی میں بننی شروع ہوئیں اور ختم ہوگئیں۔ دوم ابتک اپنے اوپر تین سو برس کے عرصے میں زوال نہیں آنے دیا

ہم نے اوپر بیان کیا ہے کہ جب شاہی خاندان کا زوال آتا ہے تو اُسکے ساتھ ہی اُن کے دارالسلطنتوں پر بھی وبال آتا ہے گو اسکی مستثنےٰ مثالیں ہونگی جنکو زوال نہ آیا ہوگا مگر قاعدہ ہے کہ کُل کا حکم اکثر پر لگتا ہے۔ کوئی شخص اگر پادشاہی خاندانوں اور اُن کے دارالسلطنتوں کے اقبال اور جاہ و جلال اور زوال کی سیر کرنی چاہے تو وہ دہلی کے گرد ساٹھ میل کے رقبے میں آنکر دیکھلے کہ اسمیں کسطرح سات دارالسلطنت بنے اور بگڑے۔ اِس میں ابتک مسلمانوں کی بعض عمارات اور اکثر کھنڈرات ایسے موجود ہیں کہ جن سے ثابت ہوتا ہے کہ مسلمانوں کو فنِ تعمیر میں وہ کمال حاصل تھا کہ دنیا میں کوئی اُن کی ہمسری اور برابری نہیں کرسکتا تھا۔ فنِ تعمیر سب صنعتوں پر مقدم ہے وہ قوم کی شائستگی اور تہذیب کا پیمانہ اور اسکی سلطنت کے جاہ و جلال کا معیار ہے پس اِن عمارات سے معلوم ہوتا ہے کہ مسلمانوں کی تہذیب و شائستگی اور اُن کی سلطنت کی قدرت و عظمت و جلالت و صولت اپنی معراج پر پہنچ گئی تھی۔ اُن کے سلاطین نے اپنی نامش نمود و یادگار کیواسطے اپنے دارالسلطنتوں کے شہروں کو عالیشان بے مثل پائدار آباد کیا اور اُن کے گرد فصیلیں و حصار استوار بنائے۔ اور فصیلوں کے گرد خندقیں کھدوائیں، اُن کو پانی سے بھرا تاکہ دشمن کو اُن تک رسائی دشوار ہو۔ پھر اُنمیں ایوان و قصر و محل کو نقش و نگار اور بیل بوٹوں سے آراستہ کیا، اُمرا نے اپنی ثروت کے اظہار کیواسطے بوقلموں رنگارنگ مکانات تعمیر کرائے۔ غرض یوں دارالسلطنت کو جنت کا نمونہ بنایا۔ اب ہم اِن سات دارالسلطنتوں کا باعتبار زمانہ کے بالترتیب مختصر بیان کرتے ہیں گو ہمارا اصلی مقصود یہ ہے کہ صرف اخیر دارالسلطنت شاہجہان آباد کے تغیرات

کا بیان کریں جنکو مفصل بیان کرینگے۔

اوّل دارالسلطنت اندرپرست و پرانی دلّی

شاہجہاں آباد کے جنوبی میدانوں میں عمارات کی ویرانی عجب کیفیت دکھاتی ہے ان ہی میں ہندوؤں کی روایات کے موافق اندرپرست تھا، جسکو پانڈوؤں کی راجدھانی ہونیکا شرف راجہ یدھشٹر کے زمانے سے چلا آتا ہے جسکا ذکر مہابھارت میں بہت اچھی طرح کیا جاتا ہے۔ اس راجدھانی کے چھوڑنے کی عجب حکایت بیان کی جاتی ہے کہ ایک راجہ کے کھانے کی تھالی پر سے جو سرپوش اُٹھایا گیا تو اُس کے اندر سے مکھی نکلی، جس سے راجہ یہ اشارہ غیبی سمجھا کہ ہمارے اقبال پر زوال آیا کہ جو اس ناچیز مکھی کو ہم گستاخی پر جرأت ہوئی، پس وہ راج پاٹ تیاگ کر سیدھا ہمالیہ کے برفستان میں جاکر فنا ہوا۔ پہلے بھی اور اب بھی ہندوؤں کا یہ یقین ہے کہ اندرپرستھ کا وہاں مقام تھا، جہاں پرانا قلعہ اب موجود ہے اُسکے پاس ایک چھوٹا سا گانوں بھی ہے جسکا نام اندرپت ہے جو اندرپرستھ کے نام کا پتا بتاتا ہے۔ مگر پرانے قلعہ کی فصیل اُس زمانے کی نہیں ہے وہ ہمایوں کی بنائی ہوئی ہے۔ اُس شہر کا نام و نشان اب باقی نہیں ہے کہتے ہیں کہ وہ سنہ ۱۴۵۰ء قبل از مسیح آباد ہوا تھا۔

اندرپرستھ کے بدلے میں دلّی کا نام بھاٹوں کے کبتوں میں لیا جانے لگا۔ ایک کبت سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ ہندوؤں نے اس شہر کو ۹۲۰ برسوں تک چھوڑ دیا، اننگ پال نے سنہ ۵۳۲ء میں اسکو از سر نو آباد کیا۔ بیچ میں دلّی کا نام گمنام شہروں میں داخل ہو گیا۔ محمود غزنوی کے حملوں میں جو سنہ ۱۰۰۰ء میں ہوئے تھے اسکا نام نہیں لیا گیا کہ وہ کوئی بڑا شہر تھا۔ اننگ پال کے تواری کے راجاؤں نے سو برس تک بخیر و خوبی راج کیا جب محمود غزنوی نے قنوج کو تاخت و تاراج کیا تو وہاں کے چوہان راجپوت راجاؤں نے سنہ ۱۱۵۱ء میں دلی کو اپنا دارالسلطنت بنایا

جسکا آخری راجہ پرتھوی راج (رائے پتھورا) تھا، جسکے دادا نے پرانی دلی میں لال کوٹ تعمیر کرایا تھا۔ ۱۱۹۳ء میں پرتھوی راج مکدوڑی کے میدان میں سلطان شہاب الدین غوری سے لڑکر مارا گیا۔ تو پھر یہ پرانی دلی مسلمانوں کے ہاتھ میں آئی۔ اور اس کے اوّل بادشاہ قطب الدین ایبک نے اُسکو اپنا تختگاہ بنایا اور اُسنے عمارات کی تعمیر شروع کی جنمیں سے قطب منار اُسکی یادگار ابتک موجود ہے۔

دوسرا دارالسلطنت سیری

جب یہ اوّل خاندان ترکوں کا تباہ ہوا اور اُسکا قائم مقام دوسرا خاندان خلجی ہوا تو پرانی دلی کا قبہ آبادی کی افزایش کے لئے کافی نہ رہا اور اُسکی نواح شمال و مشرق میں آبادی پھیلنی شروع ہوئی اور مغلوں نے بھی اُسپر حملہ کیا تو سلطان علاء الدین خلجی ۱۳۰۳ء میں اپنی سپاہ کو سیری میں پناہ کے لئے لیگیا اور جب مغل یہاں سے چلے گئے تو اُسنے دوسرا دارالسلطنت سیری بنایا۔

تیسرا دارالسلطنت تغلق آباد

جب دوسرے خاندانِ خلجی کو بھی زوال آیا تو تیسرا خاندان تغلق اُسکا جانشین ہوا اُمرا خلجی نے سیری کو سلام کیا تو تغلق شاہ نے ایک نیا شہر تغلق آباد مشرق کیطرف پانچ میل احاطہ کا آباد کیا۔ جسکی ویرانی کی یہ حکایت بیان کیجاتی ہے کہ سلطان نظام الدین نے اُسکو بددعا دی کہ "وہ رہے اُوجڑ یا بسے گوجر" اس بددعا کا اثر تغلق آباد پر ابتک چلا جاتا ہے

چوتھا دارالسلطنت جہاں پناہ

پرانی دلی اور سیری میں آبادی زیادہ ہوتی جاتی تھی اور اُسکی محافظت اچھی طرح

نہیں ہو سکتی تھی اسلئے محمد تغلق نے جو دوسرا بادشاہ اس خاندان کا تھا ان دونوں شہروں کے گرد ایک فصیل کھنچوائی اور شہر کا نام جہاں پناہ رکھا اسکی بھی فصیل کا ایک حصہ ابتک موجود ہے

پانچواں دارالسلطنت فیروز آباد

جب محمد شاہ کا مستقل جانشین فیروز شاہ ہوا۔ تو اُسنے بھی ایک نیا شہر فیروز آباد ۱۳۵۴ء میں سیری کے شمال مشرق میں پانچ میل پر آباد کیا۔

چھٹا دارالسلطنت شیر شاہ اور اسلام شاہ کا

جب مغلوں کی سلطنت کا آغاز ہوا تو ہمایوں نے ۱۵۳۴ء میں پرانے قلعہ کی فصیل بنا کے اسکا نام دین پناہ رکھا۔ پھر شیر شاہ نے ہندوستان سے ہمایوں کو نکال دیا تو شیر شاہ اور اُسکے بیٹے اسلام شاہ نے ایک چھٹا شہر آباد کیا اور اُسکی فصیل بنائی۔ اُس میں فیروز آباد کا ایک حصہ بھی داخل تھا۔ اِس شہر کی چند فیٹ فصیل اب بھی موجود ہے

ساتواں آخری دارالسلطنت شاہجہان آباد

یہ آخری شہر دارالسلطنت شاہجہاں نے ۱۶۴۸ء میں شاہجہاں آباد آباد کیا جسنے فیروز آباد کی اور پہلی فصیلوں کے مسالوں کو اس اپنے شہر کی عمارات میں لگایا اور اسکی بیروی کر کے اِسیطرح اُمرا نے بھی اپنی بڑی عالیشان عمارات بنائیں۔ پس ہم نے تاریخ دار ساتوں دارالسلطنتوں کا بیان لکھ دیا۔

دارالسلطنتوں کے جلد جلد تبدیلیوں کے باب میں ہندوؤں کی اس ضرب المثل کا بیان کہ شہروں کو دریا اور بادل اور بادشاہ آباد کرتے ہیں، خالی از لطف نہیں۔ دریا اور بادل پانی سے تعلق رکھتے ہیں، جہاں دریا نہ ہو، یا بادلوں کی بارش سے

مدتی نالے تال تلیاں نہ بھرتی ہوں وہاں کسی شہر کا آباد ہونا ناممکن ہے۔ ان دارالسلطنتوں کے آس پاس جمنا بہتی تھی مگر وہ ایسی چنچل و چھلاوا ہے کہ اپنے بہنے کے مقامات کو بدلتی رہتی ہے، محدود حدود میں بہنا جانتی نہیں۔ اسکے کناروں کی مٹی ایسی نرم اور پولی ہے، کہ جب برسات میں وہ بارش سے یا ہمالیہ کی برف گلنے سے چڑھتی ہے تو اپنے کناروں کو کاٹتی ہوئی کہیں سے کہیں بہنے لگتی ہے۔ پس اسکی روانی کا تلون دارالسلطنتوں کے مقامات بدلنے میں کچھ اثر کرتا تھا، مگر اصل سبب اُن کے بدلنے کا وہی تھا جو اوپر ہم نے اوّل بیان کیا ہے۔

شاہجہاں آباد جو مسلمانوں کی سلطنت کا آخری دارالملک تھا اس کی سرگذشت مسلمانوں کے اور دارالسلطنتوں کی سی نہیں ہے کہ اُسکو کسی بادشاہ نے غارت کرکے ویرانہ بنا دیا ہو، بلکہ اس میں سنہ ۱۸۰۳ء میں انگریزی عملداری ہوگئی جسنے اس شہر کو تباہ نہیں کیا اور خاندانِ تیموری کی بادشاہی کا نام و نشان نہیں مٹایا بلکہ اسکا بادشاہ بے اختیار برائے نام برقرار رکھا ڈھنڈورہ میں یہی پٹتا رہا کہ خلق خدا کی، ملک بادشاہ کا حکم سرکار کمپنی کا، مگر سنہ ۱۸۵۷ء میں یہ صورت نہ رہی، عجب خدا کی قدرت کا جلوہ نظر آیا کہ مئی سنہ ۱۸۵۷ء ہی میں سرکار کی پلٹن نے بغاوت کی اور اس سپاہ کے ہزاروں سپاہی پیدل اور سوار لاکھوں روپیہ کا خزانہ اور بڑا سامانِ حرب و ضرب لیکر دلی میں آئے اور اُنھوں نے اس برائے نام بادشاہ کو جو سرکار کمپنی کا ایک لاکھ روپیہ کا پنشن خوار تھا پھر بادشاہ بنا دیا اور ڈھنڈورے میں سے حکم سرکار کمپنی کا اُڑا دیا۔

۱۱ مئی سنہ ۱۸۵۷ء سے ستمبر سنہ ۱۸۵۷ء تک چار مہینے کئی روز تک بہادر شاہ بادشاہ رہا۔ انگریزوں نے اس شہر کو بڑی بہادری سے فتح کیا، بادشاہ کو برہما میں جلاوطن کیا، جسکے سبب سے شاہجہاں آباد کے حالات میں تغیرات کا آغاز ہوا۔ سب سے اوّل شہر کی فصیل میں تغیرات ہوئے ہیں اسلئے ہم اسکا بیان اول لکھتے ہیں۔

شاہجہاں آباد کی فصیل کے تغیرات

آثار الصنادید میں لکھا ہے کہ شاہجہاں نے اس شہر کی فصیل چونے اور پتھر کی چار لاکھ روپیہ خرچ کرکے بنوائی تھی، اسکا طول چھبیس ہزار چوراسی گز تھا، عرض چار گز، بلندی نو گز تھی۔ اسکے ستائیس ۲۷ برج دس دس گز قطر کے تھے اسکے نیچے پشتہ باہر کیطرف دو ڈھائی گز کا تھا اور اُسکے آگے گہری خندق تھی۔ مگر یہ خندق دریا کی جانب میں نہ تھی اور فصیل بھی دریا گنج کے گرد دریا کی طرف نہ تھی، مگر جب سنہ ۱۸۰۳ء میں انگریزی عملداری آئی اور دریا گنج میں اُسکے لشکر نے چھاونی بنائی اور سنہ ۱۸۰۴ء میں مرہٹوں کا بھی حملہ ہوا، تو سرکار کو حصار استوار کی ضرورت ہوئی، شاہجہانی فصیل جو اُسوقت ٹوٹی پھوٹی پڑی تھی اُسکی مرمت بتفصیل ذیل کرائی۔ دریا کی سمت میں دریا گنج کے گرد فصیل قلعہ کی کھائی تک بنوائی۔ پہلے فصیل میں بُرج جا بجا تھے اور اُن میں بندوق لگانیکی۔ جگہیں بنی ہوئی تھیں، مگر توپوں کے چڑھانے کا سامان کچھ نہ تھا، انگریزوں کے بسیٹ پون یعنی گرگج دُھس و گھونگس بنوائے اور اُن کے نام بتفصیل ذیل اِس زمانہ کے بڑے بڑے نامور انگریزوں کے نام پر رکھے۔

موئر۔ برن۔ گارسٹن، اکٹرلونی، ولبرلی، خندق اور پشتہ کی مرمت کی اور تمام مکانات جو فصیل کے آس پاس تھے، اُن کو مسمار کیا تاکہ فصیل کے آگے کھلا میدان توپوں اور بندوقوں کے مارنے کے لئے ہو۔ مارٹیلو برج بنوائے جو فصیل سے جُدا تھے مگر اُن کے اور فصیل کے درمیان پُل ایسے تھے کہ جب اُن کو چاہو باندھ لو یا ہٹا لو۔ غرض اُن کے بنانیسے یہ تھی کہ اگر شہر کے اندر کوئی ہنگامۂ فساد برپا ہو تو اُنپر سے توپیں مفسدوں پر چلائی جائیں۔ خلاصہ یہ ہے۔ کہ انگریزوں نے اِس فصیل کو بُرج و بارہ و گرگج و دُھس و گھونگسوں سے ایسا استوار بنا دیا کہ اسپر سینکڑوں توپیں چڑھ سکتی تھیں، جنکو تھوڑا سا لشکر بھی چلا کے حملہ آوروں کے لشکر جرار کو بھی کوسوں تک شہر کے پاس پھٹکنے نہیں دیتا۔ اُنھوں نے تو اپنے بچاؤ کے

لیے حملہ آوروں سے یہ فصیل بنائی تھی، مگر اسکی کیا خبر تھی کہ غدر ہوگا تو ہم کو خود اس فصیل کو توڑنا پڑیگا۔ وہ ہمکو چار مہینے کئی دن تک جھلائیگی اور ہم پر گولے بندوق چلائیگی اور شہر کے پاس نہ آنے دیگی، جب تک ہمارے سینکڑوں سردوں کو نہ اُڑا ئیگی، ہم کو قدم اندر نہیں رکھنے دیگی۔

شاہجہاں آباد کے گرد یہ فصیل ساڑھے پانچ میل طول میں ہے، جنوب شرق میں ڈھائی میل، جس میں دریا کی طرف قلعہ کی پون میل کرسی فصیل کی برابر اونچی سنگ سُرخ کی بنی ہوئی داخل ہے، اس فصیل سے باہر دو ڈھائی میل پر پہاڑی ہے، جسپر انگریزوں نے اپنے مورچے باغیوں سے لڑنے کے لیے بنا کے شہر پر کئی مہینے تک گولے برسائے اور شمال میں آدھ میل فصیل پر کشمیری دروازے سے موری دروازے تک گولے ایسے مارے کہ فصیل کھڑ گنجی ہوگئی، جابجا اسمیں کھنڈاسنے پڑگئے، موری دروازے کا کرنج گولوں سے مسمار ہوکر ڈھیر ہوگیا۔ کشمیری دروازے کی فصیل کو گولوں سے توڑکر اور اُسکے کواڑوں کو باروت کے پیپوں سے اُڑا کر انگریزی سپاہ داخل ہوئی اور پھر سارے شہر کو کئی دن میں فتح کرلیا۔

اس شہر کی یہ فصیل ایسی حسین اور حصین ہے کہ ہندوستان میں کسی اور شہر کی نہ تھی، لیکن اب اسکی بہار کے دن گئے خزان کے دن آئے جابجا اسکے اجر پنجر ڈھیلے ہوتے جاتے ہیں۔ پچاس برس سے مرمت نہیں ہوئی۔ سرکار کا ارادہ تو اسکے مسمار کرنے کا تھا مگر وہ استوار ایسی تھی کہ لاکھوں روپیوں میں وہ منہدم ہوتی اسلئے اُسکو ڈھایا نہیں۔ وہ اگر اسیطرح بے مرمت پڑی رہیگی اور اُس کی دیوار میں جابجا درخت رہینگے تو بھی وہ اپنی جگہ سے نہیں ہلیگی اور اس شکستہ حالی میں بھی اپنی بے مثالی کو دکھا ئیگی۔

فصیل کے گرد پشتہ اور خندق

باہر کیطرف فصیل کے نیچے پانچ سات فیٹ عرض کی پٹڑی تھی، اور اُس کے آگے گہری خندق تھی، پٹڑی تو بدستور ہے مگر خندق کے وسط میں کشمیری دروازے سے لیکر دلّی دروازے تک بیچوبیچ میں چونے اور پتھر کی نالی اوپر سے کھلی ہوئی بنادی ہے جسمیں شہر کی موریوں کا پانی بہتا ہے اور دلّی دروازے کے قریب جاکر جمنا میں ملتا ہے، اب خندق میں برسات کا پانی پہلی طرح سے نہیں بھرتا، اسی نالی میں ہوکر دریا میں جاملتا ہے۔

شاہجہاں آباد کی فصیل کے دروازوں کے نام و تغیرات

مسلمان بادشاہوں کو کشمیر و کابل دروازوں کے نام سے زیادہ تعلق رہتا تھا اسلئے اُنھوں نے شہروں کے رُخ پر شہر کے دروازے بنا کے اُن کے نام کشمیری، کابلی، لاہوری، اجمیری رکھے۔ ایک دروازے سے باہر پرانی دلّی کو راستہ جاتا تھا اسلئے اُسکا نام دہلی دروازہ رکھا۔ اِن دروازوں سے اِن شہروں کو سڑکیں جاتی تھیں، رات دن مسافروں اور اسباب تجارت کی آمد و رفت رہتی تھی۔ سرکار کمپنی کا دارالسلطنت شہر کلکتہ تھا، اُسکو زیادہ تعلق کلکتہ سے رہتا تھا۔ اِسلئے اُسنے دریا کیطرف مشرق و جنوب میں قلعہ کی بغل میں ایک دُھرا دروازہ ایک آنے کا دوسرا جانے کا بنایا، اُسکا نام کلکتہ دروازہ رکھا، جو نہایت موزوں نام تھا۔ اب ہم دریا کی مشرقی سمت سے شروع کرکے بہ ترتیب ہر دروازے کا ذکر کرتے ہیں۔

(۱) کلکتہ دروازہ

سب سے اوّل اس سمت میں کلکتہ دروازہ ہے، جسکی عمر سب دروازوں سے

کم ہوئی، حالتِ طفلی میں موت آگئی، جب کلکتہ اور دہلی میں ٹرنک روڈ (شاہراہ) کنکر کی بن کے تیار ہوئی تو وہ شاہجہاں آباد کے چاندنی چوک کی سڑک سے اس طرح ملائی گئی کہ اُسکی سیدھ میں جمنا پر سلیم گڈھ کے متصل کشتیوں کا پل باندھا گیا اور اُسکی سیدھ میں دریا میں اونچا پختہ پشتہ بنایا گیا اور اُسپر کنکر کی سڑک بنائی گئی اور اس سڑک کا تین در کا پل سلیم گڑھ کے پل کے محاذی نہایت خوبصورت بنایا گیا اُسکے پاس سامنے فصیل توڑکے دو سہ دروازہ ایک آنے کا دوسرا جانے کا بنایا گیا اور اسکی پیشانی پر یہ کتبہ سنگ مرمر کا لگایا گیا۔ (کلکتہ دروازہ ۱۸۵۲ء)

شہر کے سب دروازوں سے زیادہ اس دروازے پر آمد و رفت رہتی تھی۔ شہر سے پورب کی کل ڈاکیں اس دروازے میں ہوکر جاتی تھیں۔ پورب سے کرانچیاں اور چھکڑے اسباب تجارت سے لدے ہوئے شہر میں آتے تھے۔ شہر کی خوبیوں کی چیزیں جمنا پار سے آتی تھیں۔ صبح کیوقت لدے ہوئے گاڑی چھکڑوں، بیل بھینسوں گدھے ٹٹوؤں کا تانتا نہیں ٹوٹتا تھا۔ اتوار کو ایک میلہ کلکتہ دروازے کے آگے سڑک پر ہوتا تھا جسے دیکھکر سارا شہر خوش ہوتا تھا اسکا ذکر میلوں کے باب میں کرینگے۔ اس دروازے کو جیسا ایک سڑک ٹرنک روڈ نے بنوایا تھا ایسا ہی اُسکو دوسری ریل کی سڑک نے ڈھوایا۔ جب شہر میں ریل کی سڑک آئی تو جمنا پر اسکا آہنیں پل بنا جسنے کشتیوں کے پل کو اُڑایا، پھر ریل کی یہ سڑک سلیم گڑھ کے وسط میں گئی، جسکے سبب سے اس دروازے کو ڈھانا پڑا۔ اس کے بجائے ریل کی سڑک کے نیچے دو تنگ در بنائے گئے جسکے اوپر کتبہ کلکتہ دروازہ ۱۸۵۲ء لگایا گیا کیا وہ دو پرفضا دروازے تھے یا اب اسکی جگہ یہ دو تنگنا در ہیں۔

(۴) نگم بودھ دروازہ

کلکتہ دروازے کے آگے تھوڑی دور پر نگم بودھ دروازہ ہے جو کہ

کمپنی نے فصیل کی مرمت کے ساتھ بنوایا تھا وہ شاہجہانی دروازہ نہیں ہے۔ مدرسے
پہلے اس دروازے میں سے سارے ہندو عورت مرد جمنا میں اشنان کرنے
آتے تھے اور اُن کے مُردے اسمیں سے مرگھٹ میں جلانیکے لئے جاتے تھے
کاتک کے مہینے میں سورج نکلنے سے پہلے نہانیوالوں کا یہاں جمگھٹ لگا رہتا تھا
اُسکے آگے فصیل سے باہر جمنا بہتی تھی، اور اُسکے پیچھے فصیل کے اندر جمنا کی نہر
جاری تھی، اور اُسکی ایک چادر چھوٹتی تھی۔ اُسکے آس پاس مندر بھی بہت سے
تھے اور اُنکو بندر گھیرے رہتے تھے، اِن بندروں کو مندروں میں خوب بھوجن
کھانیکو ملتے تھے، نہر اُن کے تیرنے کے لئے اور اُسکے اوپر درخت رہنے کیلئے
موجود تھے۔ بندروں کا تماشا جو یہاں دیکھنے میں آتا تھا ایسا کہیں اور شہر میں نظر نہیں آتا تھا
کہ کبھی بندر درختوں میں لٹکتے ہیں کبھی ایک درخت سے دوسرے، درخت پر چھلانگیں مارتے
ہیں، پھُنگیوں پر چڑھتے ہیں، بندریاں بچوں کو پیٹ سے لگائے پڑی پھرتی ہیں۔ یہاں
یہ بندروں کا تماشا اب تک بھی موجود ہے، لیکن نہر ایک گندہ نالہ ہو گئی ہے اُس کی
پہلی چادر کا پتا نہیں، جمنا نے بھی اپنا رُخ نگم بودھ سے پھیر لیا ہے، کیا اسکے
نیچے بہتی تھی اب دو میل کے فاصلے پر چلی گئی، جہاں اسکا پانی بہتا تھا وہاں اب بیلا ہے
جہاں صاف پانی اپنی لہریں دکھاتا تھا اب وہاں گھاس پھُوس اور جنگلی درخت اپنی
سبزی دکھاتے ہیں۔ یہاں نگم بودھ کے گھاٹ بہت سے خوبصورت پختہ بنے
ہوئے تھے جو اب ویران ہوتے جاتے ہیں، بعض بالکل سنگین تھے وہ اب کھنڈر
ہو گئے ہیں، کسی کی چھتیں اور دیواریں گری پڑی ہیں، کسی کے ستون و مرغولے
افتادہ ہو کر الگ پڑے ہیں، غرض اُن کے دیکھنے سے بڑی عبرت ہوتی ہے
کہ یہاں کیا انقلاب ہوا ہے کہ نہ دریا بہتا ہے نہ وہ گھاٹ گھمی چھیل بھل رہتی ہے
کہ برہمن ستون پر صندل گھس رہے ہیں، سندور و سفیدہ پیس رہے ہیں۔

عورتیں مرد نہا نہا کے اُن کے پاس آتے ہیں، اُن کو پیسے یا اناج دیتے ہیں، وہ اُن کے ماتھوں کو صندلی وسُرخ تلک طرح طرح کے لگاتے ہیں، مندروں میں سنکھ اور گھنٹے بج رہے ہیں، پوجا پاٹ ہو رہے ہیں، یا اب وہاں کتے لوٹ رہے ہیں، دس پانچ کنگال جدا می پڑے ہیں، جنکی صورتوں سے گمن آتی ہے، کچھ مفلسوں کے گھر آباد ہیں، اِن گھاٹوں میں ایک مسجد بھی تھی۔ سنکھ اور اذان کی آوازیں ہم ساز تھیں، وہ اب بھی آباد ہے۔ اِس دروازے کے پاس ہندوؤں نے چندہ کر کے فصیل توڑ کر ایک کھڑکی خوبصورت بنائی ہے اور اُسکے آگے ایک آہنی پُل بنا کر سڑک مرگھٹ تک بنائی ہے، اس کھڑکی میں سے پُل پر سے ہندوؤں کے مُردے ارتھیوں میں مرگھٹ پر جلنے جاتے ہیں۔ ہندوؤں نے بہت کوشش کی کہ جمنا اِن گھاٹوں کے نیچے بہے، اسکے لئے ایک نالہ بنایا مگر برسات نے اُسکو توڑ تاڑ برابر کیا۔ جمنا کے حال میں ہم لکھینگے کہ پہلے اسکا کیا حال تھا اور اب کیا ہے۔

(۳) کیلے گھاٹ کا دروازہ

یہ دروازہ بھی شاہجہانی نہیں ہے، سرکار کمپنی نے اُسکو فصیل کی مرمت کے ساتھ بنوایا ہے، غدر سے پہلے اِس دروازے پر آدمیوں کی چنداں آمدورفت نہیں رہتی تھی۔ مگر وہ میگزین کے پاس تھا اسپر تلنگوں کی ایک کمپنی کا جنگی پہرہ رہتا تھا، اِسکے تلنگے اِس دروازے کے باہر فصیل کے ایک دُھس کے نیچے اپنا چوکا برتن کیا کرتے تھے، دال روٹی پکاتے تھے۔ کالج بھی قریب تھا اسکے بعض شریر لڑکے فصیل پر چڑھ کے اُن کے چوکے میں کوئی چیز پھینک دیتے تھے، جسکے سبب سے انکا پکا پکایا کھانا حرام ہو جاتا تھا، اِسکی شکایت اُن کے

افسروں نے کالج کے پرنسپل سے کی جسکے سبب سے یہ حکم ہوا کہ جو لڑکا اس فصیل پر چڑھیگا اُسپر جرمانہ کیا جائیگا۔ اب نہ وہ میگزین ہے نہ کالج کہے نہ تلنگوں کا پہرہ چوکی ہے، نہ اُنکا چولھا تو اسے، دروازہ ہمیشہ کھلا پڑا رہتا ہے، اُسکو کوئی بند بھی نہیں کرتا

(۴) لال دروازہ

یہ دروازہ بھی شاہجہانی دروازے کیطرح کا پٹا ہوا تھا وہ سنگ سُرخ کا بنا ہوا دروازہ تھا۔ اُسکے پٹاؤ کے نیچے فرش ڈھلواں تھا، اس میں غدر سے پہلے آدمیوں کی آمد و رفت چنداں نہ تھی مگر ڈھوڈنگر اسکی راہ سے جمنا تیر کر پار چرنے بہت جاتے تھے، اب وہ بند ہو گیا۔ شہر کے یہ چار دروازے دریا کی سمت جنوبی میں تھے جنمیں کوئی شاہجہانی دروازہ نہ تھا۔

(۵) کشمیری دروازہ

یہ شاہجہانی کشمیری دروازہ مثل اور دروازوں کے اکہرا تھا مگر میجر رابرٹس بنگال انجنیر نے اسکو دُہرا دروازہ ایک آنیکا دوسرا جانیکا بنا دیا اور اُسکے آگے ایک چوک گھیر کر اُسکی دیوار چونے اور اینٹ کی بنوائی، اس چوک میں بہت سے مکانات بنوائے جنمیں تلنگے اور اُنکا افسر لفٹنٹ رہتا تھا۔ غدر سے پہلے ان تلنگوں کی ایک کمپنی کا پہرہ رہتا تھا۔ اسکا سبب یہ تھا کہ اس دروازے کے باہر سول لین اور سپاہ کی چھاؤنی تھی اور خزانہ اُسکی بغل میں تھا، اس دروازے کے ساتھ ایسی خصوصیتیں تھیں کہ کسی اور دروازے کے ساتھ نہ تھیں کہ نہ کسی ہندو کی ارتھی نہ کسی مسلمان کا جنازہ، نہ بیلوں کی گاڑی چھکڑا اسباب سے لدا ہوا جانے پاتا تھا نہ کوئی براست ہندو مسلمانوں کی جا سکتی تھی، اس دروازے کی ایام غدر کی

سرگزشت میری تاریخ ایام غدر میں پڑھو۔ بعد فتح دہلی اس احاطے میں پولیس شش
تھا مگر اب ایک طرف اسکے دو خوبصورت کوٹھیاں بنگئی ہیں۔ دوسری جانب کے
مکان ویران پڑے ہیں۔ اُسکے چوک اور کچہری کے احاطے کے درمیان لوہے
کا جنگلہ لگ گیا ہے، دروازے کے باہر پُل پر ایک جنگلہ لگا ہوا ہے، جو آنے جانے
کے رستوں میں حدِ فاصل ہے۔ دونوں دروازوں کے بیچ میں باہر کیطرف ایک
پتھر آرڈ پیر بگدار نے نصب کرایا ہے، جسپر اُن مردانِ دلاور کے نام زندہ جاوید
ہو رہے ہیں، جنھوں نے اپنی جانیں ایام غدر میں اسکے کواڑوں کے باروت سے
اُڑانے میں قربان کیں۔

(۶) موری دروازہ

یہ دروازہ شاہجہانی نہیں ہے، یہاں ایک مرہٹے سردار کی حویلی شاہ عالم
کے زمانے میں تھی، اُسنے اپنی حویلی کے لئے یہ دروازہ اسلئے بنایا تھا کہ اگر کوئی
کڑا وقت آئے تو وہ اس دروازے کی راہ سے شہر سے باہر بھاگ جائے،
شہر کے اندر دشمن اُسکو نرغہ نہ کرلیں۔ اس دروازے کی سرگزشت میری تاریخ ایام
غدر میں پڑھو، غدر سے پہلے اسکے پاس شہر کے اندر بڑے بڑے اُمرا کے
مکانات اور حویلیاں تھیں۔ غدر کے بعد یہ دروازہ بالکل مسمار ہوکر ایک چوڑا راستہ
شہر سے باہر جانیکا ہوگیا، حویلیوں کی صورتیں تو کچھ انگریزی سپاہ کے لوگوں نے
بگاڑیں اور کچھ اور طرح سے بگڑیں، اُن کی ہندوستانی صورت انگریزی صورت
میں تحویل ہوگئی۔ کیا پہلے وہ مسلمان اُمرا کی بڑی حویلیاں تھیں یا اب انگریزی وضع
کی کوٹھیاں ہیں، ایک ہندوستانی حویلی نے مورتھ یرنگ ہوٹل میں اپنی جون بدلی
ہے، غرض اس دروازے کے آس پاس شہر کے حصّے کی ایسی صورت بدلی ہے
کہ وہ پہچانا نہیں جاتا کہ غدر سے پہلے اسکی کیا شکل تھی، بازار نیا بنا ہے اس میں انگریزی

اسباب کی زیادہ دکانیں ہیں، کشمیری اور موری دروازے کے درمیان فصیل کے اندر پہلے اتنی انگریزی وضع کی کوٹھیاں نہ تھیں جتنی اب ہیں۔

(۷) کابلی دروازہ

موری دروازے سے آگے کابلی دروازہ ہے جو غدر سے پہلے اپنی شاہجہانی صورت رکھتا تھا، لیکن غدر کے بعد وہ ڈھا دیا گیا، فصیل توڑ کر بہت چوڑا راستہ شہر سے باہر جانے کا بنا دیا گیا ہے۔ ریل کا کوئین برج اس دروازے کے پاس بنایا گیا ہے، پہلے اس دروازے کے پاس سے فصیل کے ایک جنگلے کی راہ سے شہر میں نہر آتی تھی، سو اب بھی آتی ہے۔ اسکے پاس بھی ریل کے سبب سے بہت سی حویلیوں کی صورت بدل گئی ہے۔ پہلے مکانات کی اب کوٹھیاں بنگئی ہیں اسباب تجارت کی آمد و رفت کی آسانی کے لئے ایک چھوٹا دروازہ فصیل کو توڑ کر بنایا ہے اور اس سے ایک سڑک ریل کے ڈفرن برج سے ملائی ہے، اس دروازہ کے پاس نواب وزیر کی حویلی تھی جسکے چوبیس چوک مشہور تھے۔ وہ ٹکڑے ٹکڑے ہو کر کچھ اور ہی صورت کی ہو گئی ہے، اب کوئی اسکا نام بھی نہیں لیتا، اس کے ٹکڑوں کے نام کچھ اور لئے جاتے ہیں۔

(۸) لاہوری دروازہ

کابلی دروازے سے آگے لاہوری دروازہ شاہجہانی تھا، اس دروازے پر آمد و رفت اس کثرت سے رہتی تھی کہ اسکی وسعت اسکے لئے کافی نہ تھی، اس کی تنگی تکلیف دیتی تھی، اسلئے غدر سے تین چار برس پہلے اسکو ڈھا کر بہت چوڑا ادھر اور ادھر ایک آنیکا دوسرا جانیکا بنایا۔ پھر غدر کے بعد یہ نیا دروازہ بھی اور اسکے آس پاس

کی فصیل کا کچھ حصّہ ڈھایا گیا اور اِس شہر کے باہر ایک نیا بازار بننا شروع ہوگیا، جسکا نام صدر بازار رکھا گیا، اِس دروازے اور اُسکی کچھ فصیل ڈھانے سے کھاری باولی اور صدر بازار میں کوئی حدِّ فاصل باقی نہیں رہی۔ باہر کی آبادیاں، تیلی واڑہ، ہندو راؤ کا باڑہ، کشن گنج و پہاڑ گنج شہر کی آبادی سے ایسے ملگئے کہ وہ اُسکے بڑے محلّے معلوم ہونے لگے، جسکے سبب سے شہر کی وسعت اور آبادی سوائی ڈیوڑھی ہوگئی۔ شہر کے اُسطرف آبادی بڑھتی جاتی ہے اور اُسمیں رونق اور زیب و زینت شہر کی آبادی سے ذرا بھی کم نہیں، اسکے بازار چاندنی چوک کے بازاروں سے کم نہیں۔ مکانات کا کرایہ اور اُن کی قیمت شہر کے آباد محلّوں سے کم نہیں۔ غرض اس آبادی نے اور اُس کے بازاروں نے شہر کی رونق کو دوچند کردیا ہے۔ اب اس دروازے کے باہر متھرا اور دہلی کی ریل کا اسٹیشن بنا ہے اور مسٹر الگزینڈر بریم دے کا ایک بڑا کارخانہ بنا ہے۔

(۹) اجمیری دروازہ

لاہوری دروازے کے آگے شاہجہانی دروازہ اجمیری دروازہ ہے مگر اِن دونوں دروازوں کے درمیان لکن فراش خانہ کی کھڑکی ہے۔ اِس کھڑکی کے اُوپر دہلی متھرا کی ریل کا ایک چوبی پُل بھی بنا ہے، جسکے سبب سے مسلمانوں کو شہر کے باہر حلکر کھاکر اپنے جنازوں کو قبرستان میں لے جانا پڑتا ہے۔ اجمیری دروازے کی کھائی ڈھاکر ایک سڑک بنائی گئی ہے جو قطب کو جاتی ہے، اِس دروازے کے پاس ریل کا ایک کارخانہ ہے، جسمیں تعمیر عمارات کا مسالہ پتھروں اور کاٹھ کا جو ریل میں آتا ہے، اُترکے سارے شہر میں جاتا ہے، جسکے سبب سے ٹھیلوں کا تار نہیں ٹوٹتا۔ لاہوری دروازے سے اجمیری دروازے تک فصیل کے باہر متھرا دہلی کی ریل کے سبب سے بالکل شکل بدل گئی۔ ریل کا اسٹیشن اور بہت سے اور مکانات ریل کے متعلق بن گئے ہیں۔ شہر کے باہر اُسطرف چونے کے بھٹّوں اور پنڈاوں

کی قطاریں بنگئی ہیں اور چونہ پسنے کی بہت چکیاں چلتی ہیں۔

(۱۰) ترکمان دروازہ

اجمیری دروازے سے آگے شاہجہانی دروازہ ترکمان دروازہ ہے جو اپنی حالت پر بدستور قائم ہے مگر اُسکے کواڑ مثل دیوار کھڑے رہتے ہیں، کبھی انکو جنبش نہیں ہوتی۔

(۱۱) دِلّی دروازہ

ترکمان دروازے کے آگے دِلّی دروازہ ہے، جسکی وجہ تسمیہ یہ ہی کہ پرانی دِلّی اُسکے سامنے ہے اور اُسکے محاذی پرانی دِلّی کا کابلی دروازہ بھی نہایت خوبصورت کھڑا ہے، اِس دروازے سے لگی ہوئی دریا گنج کی چھاونی ہے جسکی سپاہ قواعد کیلئے جب اِس دروازے سے گزرتی تھی تو موشیوں کی آمد و رفت اسکی صف بندی میں خلل ڈالتی تھی اسلئے اِس دروازے سے تھوڑی دُور پر فصیل کو توڑکر اور کھائی کو پاٹ کر اُسکے اوپر دیوار کھینچکر پُل کیصورت بنادی ہے اور دروازے کے اوپر ایک کالا بورڈ لگا دیا ہے جس میں لکھا ہے کہ "دِلّی دروازے کے اندر سے کوئی موشی آنے جانے نہ پائے" انکی آمد و رفت نئے چھوٹے دروازے سے رکھی جائے اِس دروازے کے ایک کواڑ کی چول ٹوٹ گئی تھی، حکّام نے اُسکی مرمت نہیں کرائی بلکہ اُسکے دونوں کواڑ اُتار کر میوزیم میں اُٹھوا دیے، پس اب یہ دروازہ بن کواڑوں کا رہ گیا۔ اجمیری دروازے سے دِلّی دروازے تک فصیل کے باہر یہ تغیّر ہوا ہے کہ پہلے میدان تھا اب اُسمیں گھوسیوں نے اپنے رہنے کے کچے مکان چھپّر کے بنالیے ہیں اور اُنکی گائیں بھینسیں وہیں رہتی ہیں، اسلئے شہر اُن کی غلاظت سے پاک نہیں رہتا۔

اِس دروازے سے آگے تھوڑی دُور پر دریا کے کنارے تک شاہجہانی فصیل اور خندق دونوں ختم ہوگئی ہیں۔ یہاں دریا کیطرف سرکار کمپنی نے اپنی چھاونی

دریا گنج کی محافظت کیلئے فصیل قلعہ کی کھائی تک چونے اور پتھر کی بنائی تھی۔ مگر اسکی صورت جابجا فصیل کی نہیں رہی بلکہ اُسکی جگہ لوگوں نے اینٹ چونہ کی دیواریں بنا کر اُنپر کوٹھیوں کے دروازے بنائے ہیں کہ دریا کی سیر خوب دکھائی دے۔

(۱۲) زینت المساجد کا دروازہ (۱۳) راجگھاٹ کا دروازہ

اِس جدید فصیل میں دریا کیطرف دو دروازے زینت المساجد اور راجگھاٹ کے ہیں۔ زینت المساجد کے دروازے کے سامنے پہلے جمنا کی کشتیوں کا پُل تھا، جسپر سے جمنا پار سے بڑی آمدورفت شہر میں رہتی تھی۔ جسکے سبب سے ہر وقت اِس دروازے پر میلا لگا رہتا تھا۔ مگر یہ پل غدر سے چند سال پیشتر سلیم گڈھ کے نیچے بدل گیا تھا تو پھر یہاں سنسان ہو گیا، فصیل کے اندر راجگھاٹ کے پاس پتھر گھٹی کا محلہ تھا وہ مسمار ہو گیا، اِس میں بہت سے مندر تھے، اب صرف یہ دروازہ رہگیا ہے جو بہت نشیب میں ہے جب برسات میں دریا چڑھتا ہے تو اِس دروازے میں پانی بھر جاتا ہے اِسمیں نیچے اُترنیکا زینہ بنا ہوا ہے، اِسکے باہر دو چار گھاٹ بھی ہیں۔ تھوڑے سے ہندو اِس دروازے سے جمنا نہانے جاتے ہیں فصیل کے باہر گھاس پھوس کی سرسبزی رہتی ہے۔

(۱۴) خضری دروازہ۔

یہ دروازہ قلعہ کے اندر اُس چوک کی کرسی کے نیچے ہے جو بڑی بیٹھک اور دیوان خاص کے درمیان ہے، اِس دروازے کے آگے غدر سے پہلے پتنگ بازی وکبوتربازی ہوتی تھی۔ ہاتھیوں کی آپس میں اور بیلوں کی باہم اور مینڈھوں کی آپس میں لڑائیاں ہوتی تھیں، اب یہاں اِن سیر تماشوں میں کوئی نہیں ہوتا۔ دھوبیوں کے پتھروں پر کپڑوں کی سِلوں پر شناشن ہوتی ہے۔ کبھی وہ زمانہ بھی تھا کہ جہاں بادشاہ کے درشن رعایا کیا کرتی تھی یا اب دھوبیوں کے کپڑے سُوکھتے ہیں۔

(۱۵) سلیم گڈھ کا دروازہ

سلیم گڈھ میں یہ دروازہ نیل کی چھتری کے سامنے تھا اور بجنسہ بند رہتا تھا اب تیغہ ہو گیا ہے۔

خلاصہ

شاہجہاں نے دریا کی جانب میں خضری دروازہ کے سوا کوئی دروازہ نہیں بنایا اسکے سوا سات دروازے تین مشرق میں اور چار جنوب میں دریا کی جانب میں پیچھے بنائے گئے ہیں۔ ان دروازوں میں کچھ تکلف نہیں ہے۔ فصیل کو توڑ کر کواڑ لگا دیے ہیں، شاہجہانی دروازے بڑے خوبصورت بنے ہوئے ہیں۔ ایک دروازہ اندر ہے دوسرا باہر، دونوں دروازوں پر چھت لداؤ کی پٹی ہوئی ہے اور اُسپر کنگورے دار نرکسیاں بنی ہوئی ہیں، دروازوں کے چاروں کونوں پر پختہ دیواریں کھڑی ہیں اور اُنپر خوبصورت کنگورے بنے ہوئے ہیں۔

ذکاء اللہ۔

اشتہار

(شمس العلماء مولنا شبلی نعمانی کی سب سے اخیر تصنیف)

"موازنۂ انیس و دبیر"

اس کتاب میں نہایت تفصیل سے میر انیس کے محاسن شاعری لکھے ہیں، اور اس ضمن میں فن معانی و بلاغت کے اکثر دقیق نکتے ظاہر کئے ہیں بڑی تقطیع، ضخامت تقریباً ۳۰۰ صفحے، قیمت عا ۸/ — دفتر ندوہ، لکھنؤ سے ملسکتی ہے۔

faces between the rod and air, or between the rod and water is fixed. To arrange the equilibrium, only the surface be tween the liquid and the air is moveable, and this is the reason that sometimes the surface of water seems to be depressed near the rod, and sometimes, according to its nature it seems to be raised about the general level of the liquid.

Now take the case of water, air, and a glass tube of narrow bore. Water in the tube will be raised above the level of water.

If we take two tubes of different bores, water will rise to the greater height in the tube of narrower bore, than in the other and the height to which it will rise is given by

$$h = \frac{2\ T \cos a}{r\ g}$$

∴ for the same liquid the height risen is inversely proportional as the radius of the tube.

Liquid will rise up for all values of a less than 90^0, in the case of the angle of 90^0 it will neither rise nor be depressed and in the case of the angle of more than 90^0, the value of h will be negative, and hence it will be depressed.

Soil in the fields, and large lumps of clay are supplied with water with the help of this attraction. Blotting paper helps in blotting only by this means.

Take some water and dissolve some salt in it. Place one end of a wick in the solution and keep the other vertical. Water, together with the salt in solution, will rise up. In this way all the salts contained in manure which is supplied to poor soil dissolve in water, when water is present, and consequently, plants get nourishment from the materials held in manure, and dissolved in water.

No doubt there are some other things, such as osmotic pressure, etc. which help the trees and plants to get water and materials far necessary for their growth. But capillary attraction which also plays a greatest part in this respect.

In a stormy sea, sailors throw oil or sand soaked with oil, on to the surface of the water to reduce the surface tension in the one part of the sea, near the ship, and consequently to lessen the effect of the waves or the breakers on the ship.

KHUDA BAKHSH.

contractile force of the filus, consequently if we introduce are open glass tube, into the bubble the latter will grow smaller till it disappears.

The effect of Surface Tension on Liquids.

When a drop of a liquid is free from allbut its own molecular force, we find that it assumes a perfectly spherical form. To prove this we take two liquids which, when in contact, do not mix with one another. To eliminate the effect of gravity, they should be of equal densities. Carbon dsulphide tinged with Iodine, and a solution of Zinc Sulphate will serve the purpose. By means of pupette, introduce Carbon disulphide solution in the zinc sulphate solution and lowly and carefully allow it to flow from the pipette. The spherical forms of Carbon disulphide will be seen through the solution. The surface of the Carbon disulphide drops will be attracted towards the interior of the drops, and it would seem as if it were surrounded by an elastic membrane. The surface of the drop will, behave just like a membrane, and will oblige the sphere to keep its spherical form.

Now of all the figures of the same exterior surface, it is the sphere, which has the smallest volume. Now as the drops of a liquid are obliged to keep this spherical forms the surface tension therefore tends to make the drop as small as possible. Rain drops and dew drops have their spherical form by virtue of this surface tension.

The property of surface tension has been utilised from time immemorial. Shot towers were formed to make lead shots. Lead was melted on the top of the towers and then it was poured into a sieve from which it dropped down in the form of small balls, being condensed before it touched the surface of a vessel, of water below.

3. *Capillary attraction* :—

If we place three liquids which do not combine with one another, in contact, they will assume a position of equilibrium depending on the values of the surface tension for the three liquids.


Now suppose that the three things in contact, are a solid, such as a glass rod, a liquid, and third a gas, say air. In this case the direction of the surface tension along the sur-

surface tension of water is greater than that of alcohol. Again to prove the fact that surface tension varies with the amount of a substance dissolved in the liquid, place a piece of camphor on the surface of water; it will swim hither and thither just like a living thing. The cause is this that camphor dissolves in water from all sides, but not in equal quantities, and when it dissolves in greater quantity on one side than on the other, the surface tension becomes less in one direction than in the other, and consequently the camphor is attracted towards the other side. We can also see this fact by changing the surface tension in the case of a shallow layer of water, by bringing a glass rod already dipped in ether, over the surface of water.

Soap Films:—If a metal ring is dipped in a soap solution, and a small loop of cotton or silk, already moistened with the solution be placed on the film, this loop can be made to take up any form, and it retains that form because surface tensions inside and outside the loop balance each other and the loop remains as it is; but on breaking or piercing the film within the loop, as the thread will be attracted equally from all sides, it is natural that the loop must take the circular form. Now it is a mathematical problem that of all the figures having equal perimeter, it is the circle which has the greatest area; and as the loop is obliged to take the form of a circle, it is plain, that the remainder of the film tends to occupy as small an area as is possible.

This surface tension can be measured practically in the case of soap films, but the calculation and experiments must be very delicate to give correct and accurate results.

Take a rectangular wire as shown in the figure; dip this frame in a soap solution, and a film will be formed; now wire ED will take a fixed position, then knowing the length of this wire and the weight W we can calculate surface tension of the film, but as the film has two sides the surface tension, then, will be equal to $\frac{W g}{L} \times \frac{1}{2}$ where G = gravity L = length of the wire W = wt. attached to it + wt. of wire. For the purpose above mentioned, it is convenient to use a frame as shown in the figure.



Now we know that in case of a soap bubble the pressure of the air inside the bubble fails completely to balance the atmospheric pressure outside and the

of liquid will stick to the rod, owing to the molecular forces between the solid molecules and the liquid molecules. If we add more water to the small quantity already stuck to the rod, a drop will be formed at the lower end of the rod which will remain there till it is too large or too heavy to be pulled back by the molecular attraction when it will fall to the ground, owing to another attraction—gravity which acts upon it. Similarly it can be proved and shown that there is a great attraction between the molecules of liquids,

(2). Surface Tension is caused by these molecular attractions.

Take the case of a liquid, say water, and of a molecule A, which lies in the interior of the liquid.

If we describe a sphere round the molecule A, with A as centre and the range of molecular forces as radius: then all the molecules outside this sphere have no molecular attraction upon the molecule A. So the molecule A will be equally attracted from all sides, by the molecular attractions of those molecules which are within the sphere. Take the case of another molecule (B) nearer the surface of the water, suppose that the sphere round it partly lies above the surface of water, then the molecular forces which influence it will not balance one another, and consequently the molecule will be attracted towards the interior of the liquid. Another molecule which is on the surface, will be attracted towards the interior of the liquid with still more attractive force. In short these surface molecules will be attracted towards the interior with moer force, than any others nearer the interior of the liquid. It is clear that all the molecules on the surface of a liquid, are drawn towards the interior part. Hence the phenomena of surface tension. Surface tension varies with the nature of a iiquid as well as with its temperature. Even a slight change in the nature of a liquid has a considerable effect upon the surface tension. Surface tension hinders evaporation, and at the critical temperature it vanishes.

To illustrate that surface tension varies with the liquid, take a shallow layer of water, and bring a drop of alcohol by means of a glass rod, and slowly and carefully place the drop on the surface of the water; water will be attracted from the place where the drop touches the surface, and will show that the

(1). Constitution of matter;—matter is regarded by the chemist and the physicist as composed of aggregations of minute particles; every substance whether solid, liquid, or gaseous consists of a vast number of extremely small particles called molecules. These molecules exert forces upon one another, which according to their nature are of two kinds, physical or chemical. Physical forces are those which do not tend to break these aggregations or, in other words, the integrity of the molecules, while chemical forces are those which, when brought into play, change the nature of the molecules.

The attractive forces play an important part in the economy of nature, and always have a great effect keeping the molecules in position. But these molecular forces are sensible only when the distances between the molecules are exceeding small that is, when the distance is too small to be measured by any known means. They exert their influence in solids, as well as liquids.

An example of this molecular attraction is seen in the manufacture of lead pencils when lead pencils are formed out of graphite, some powder or sawdust is left behind, this is collected and exposed to a great pressure so that the molecular attractions come into play and this powder is converted into a solid mass and then sawn to form some inferior sort of pencils. Examples might be multiplied to prove the fact that there is a great molecular attraction between the molecules of solids. If two pieces of lead which have quite bright and even planes of contact, be pressed together with a slight screwing motion, they adhere as if the formed one mass. The process of gilding, silvering, nickelsing are the practical uses of these molecular forces. In the cement used in buildings, these molecular forces are very great.

This molecular attraction is not exerted by the solids alone, but it may be seen in the case of a solid and a liquid, in which case it was formerly given the name of adhesion. Formerly there were two distinct terms applied to the molecular forces exerted by the liquids and solids. Forces between the liquids and solid molecules were called by the name of adhesion, while those betweea the molecules of the same liquid were called cohesion, but now both of them come into the one and the same head, 'molecular attraction.'

If we dip a glass rod in water and take it out, a portion

always a pier stretching out into the sea and used by the visitors as a promenade and there are also one or more concert halls or theatres. Golf is also nowadays so much played that no big seaside resort would be complete unless there were golf links quite close. I think I have now mentioned all the usual " attractions " of an ordinary seaside holiday resort.

It may be thought that if our holiday resorts are so much alike there cannot be much change for a visitor in merely going year after year from an inland house artificially organised for business to a seaside town artificially organised for holiday-making, and in fact one of our newspapers remarked the other day that the most difficult thing to do at a pleasure resort is to persuade oneself that one is obtaining pleasure. But this is rather a cynical view for it is a man's our fault (given ordinary good health if he cannot on his holiday obtain the best and purest of afl physical pleasures life and movement in the open air in the country away from towns and buildings whether inland or seaside. My little holiday resort in Wales, for instance. is an ideal spot for this. Half an hour's walk will take one out of sight of the houses, an hour's walk out of sight of the town, and then one can walk (and I often have done) all day without meeting anybody—over beautiful hills with more beautiful views of other hills beyond—down wooded vallays with clear streams straight from the mountains, so cool and clean that a bath in their pools is as much to be preferred for pure pleasure to a bathe in the sea as (let us say) an apple is to be preferred to a raw potato. One of our best prose writers of recent years thought so too. "To wash (he says) in one of God's rivers in the open air seems to me a sort of cheerful solemnity or semi-pagon act of worship. To dabble among dishes in a bedroom may perhaps make clean the body; but the imagination takes no share in such a cleansing" *R. L. Stevenson* ; (Travels with a Donkey) such a life is indeed both change and rest and exercise all combined in one.

G. P. GOODALL.

Essays of the Scientific Society—No. 2.
Surface Tension

The title of my paper is Surface Tension in general, but as the subject is a wide one and beyond the scope of a paper like this, I will confine my remarks to the discussion of a few simple experiments, illustrating the subject.

But as to the visitors : the place will be full (during the summer months) of English families lodging in furnished rooms in the terrace houses and staying only for short periods, each family quite possibly knowing no other family in the town. The object of their visit is to obtain a change from their ordinary surroundings and daily life and to take rest and healthy exercise, of which latter they partake according to their tastes in very various proportions. The children spend the greater part of the day on the beach, paddling with bare feet and legs in the sea, or digging with toy spades in the sand, or riding on donkeys (a great treat for a little town child) or listening to a troop of inferior musicians and singers with blacked faces who are a standing institution in most holiday places. The children's mothers will perhaps begin the day (after breakfast) by "shopping" in buying the food for the family and probably the rest of their day will be spent in watching the children, at the same time reading a novel from the circulating library or doing a little needlework. The men will first of all buy a newspaper—for however much the average Englishman may talk about enjoying a change he cannot exist without his daily paper—then they may lounge about doing nothing,—or play cricket on the sands, or help to look after the children, or take a boat and row for an hour or two, or go off for walks in the country or excursions to places of interest such as old castles or abbeys, waterfalls or woods, or perhaps simply to the next seaside resort along the coast to see what it looks like. All the visitors—children, mothers and fathers seem to buy a large number of picture post cards to send to their friends and the Post Office must nowadays carry a largely increased number of post cards since the introduction of this craze. (I remember once seeing a man at the summit of Snowdon who spent the whole of his time between his arrival at the summit and starting to descend in eating a large meal and addressing picture post cards to let his friends know he had reached the top. To him those who anxiously kept watch to have a good view from the top of the mountain would probably appear foolish sentimentalism.

There is generally a fair amount of sea-bathing at holiday resorts but the bathing-vans are stuffy and uncomfortable and it is preferable to go a little way outside the town before breakfast where one may undress on the sands with plenty of fresh air and elbow room and the sun and wind to assist the towel. This would not be allowed within the limits of the houses. At large seaside resorts there is nearly

numbers have increased, our buildings, funds and staff have not increased even in equal proportion. Ten or fifteen years ago Aligarh was *pice generis* in its ideals and methods of training. To this the College owes the position it actually won. But times have changed. Other Colleges have taken the good parts of Aligarh system, and, profiting by our experience, have been able perhaps to avoid some of the faults inevitable in a pioneer institution. Thus nowadays we have many competitors, some better equipped than ourselves in certain directions. This competition is not a fact to be deplored; on the contrary we ought to be glad of such an opportunity for fresh effort. We must overhaul our machinery revise our methods. Aligarh with nearly 1000 members cannot be run on exactly the same lines as in the days when our venerable founder could take his boys for a drive in two or three carriages.

Letters from England Number IX.

DEAR MR. EDITOR, *August 1907.*

Last month I spent a short holiday at a small Welsh seaside holiday resort. I do not think that seaside holiday resorts are such a well recognised part of life in India as here, and perhaps therefore a few notes about my holiday may interest your readers.

First, as to the place. Imagine a beach by the seashore, chiefly of shingle but with a certain amount of sand, with scores of small wooden huts on wheels called bathing-vans which are used by bathers for the purpose of undressing and dressing; above the beach a broad road or pathway from a quarter to half a mile in length (called the parade or promenade) with grass, covered and uncovered, and here and there a few automatic penny in the slot machines; behind the beach a terrace of brick or stone houses three-storeys high, all of the same or very similar design and every one used as a lodging-house for visitors; behind this terrace the railway line and behind that more terraces of similar houses and the house with its shops and the houses of the permanent inhabitants of the place. Such is a typical English seaside holiday resorts; I say *English* because, although the particular one I have in mind is in Wales, yet most English ones are of the same kind and the Welsh seaside resorts exist for (and by means of) English visitors.

The Duty deputations up to the middle of September had not very encouraging reports to make of their progress. The following extract from the Pioneer will show however that the prospects of the Rangoon deputation are very fair and we hope that it at any rate will be successful.

RANGOON, 19TH SEPTEMBER.

A large meeting of the Mahomedans of Rangoon was held last evening under the presidentship of Sir Charles Fox, Chief Judge, to welcome four members of the Duty Deputation from Aligarh, viz:—Mr. T. A. K. Shervani, (Secretary), Mr. A. Siddiki, Mr. M. Obeidullah, and Mr. A. Siddiki. The chairman opened the proceedings by introducing the members who were accorded a hearty welcome. Mr. A. R. Siddiki gave the past history of Aligarh College, and related what the late Sir Syed Ahmed had done to promote higher education, in which he was more than successful. The aims in establishing the College were briefly sketched, and it was hoped it would expand into a Mahomedan University, and bring about a speedy regeneration. The deputation, had come to Burma with a definite scheme, namely ;—to collect funds for forwarding the boarding house income, of which a certain amount would be specially devoted to establishing a scholarship for a student from Burma. Owing to the absence of such accommodation, the College had to refuse admission to some 200 students recently. Other speakers expressed themselves in sympathy with the aims and object, which prompted the Duty deputation to visit Burma. The chairman closed the proceedings with an impressive address cordially supporting the endeavours of the deputation. The young men forming the deputation and the history of the College had strongly impressed upon him the belief that something could be done, if the community chose to do it, to raise their sons to a higher level of life, and to open to them the true benefit of a good sound education on proper lines.

The mention of work done for the College by the Duty Society gives rise to the thought which may be put in question form "Are we as a College keeping abreast of the times?" Much might be written in answer to this, but the following few lines must here suffice.

There never was greater need for earnest singlehearted effort on the part of the friends of Aligarh than now. Our

The Aligarh Monthly

October, 1907.

College Notes.

A magazine edited from a remote Kashmir village, whither any news of the outside world penetrates very slowly, cannot be expected to show an imposing series of items as College Notes. A master of descriptive writing could fill pages with his impressions of the beauty of this country ; of its varied panorama of vale and mountain, forest and stream, skies and flowers ; snow clad peaks and fertile fields ; but such writers are rare in any land and it would seem a useless profanity to attempt—adequately to describe Kashmir.

The Nawab Mohsin ul Mulk, who is still in Bombay, has been circularising prominent Mussulmans throughout India with a view to expressing on behalf of the community the thanks of the Mussulmans to the Government for recognising so fully their claim to greater influence in the various Councils. The Nawab has also been congratulated in an open letter on the success of last year's deputation to H. E. the Viceroy, in which he took so prominent a part